امیرِ اہلسنت اور آپ کی علمی و دینی خدمات کے بارے میں ١١٦٣ علماء اہلسنت کے

پیشکش: مجلس المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

امیرِ اہلسنت اور آپ کی علمی و دینی خدمات

کے بارے میں

۱۱۶۳ علماء اہلسنت کے تاثرات

دُرُود شریف لکھنے کی فضیلت

سیِّدُنا سفیان بن عُیَیْنَہ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں: ''میرا ایک اسلامی بھائی تھا، جسے مرنے کے بعد میں نے خواب میں دیکھ کر اس سے پوچھا: مَافَعَلَ اللّٰہُ بِکَ ؟ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ جواب دیا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا۔'' میں نے پوچھا: کس عمل کے سبب؟ کہنے لگا: ''میں حدیث لکھتا تھا جب بھی شاہِ خیرالانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکرِ خیر آتا، ثواب کی نیت سے ''صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم'' لکھتا، اِسی عمل کی بَرَکت سے میری مغفرت ہوگئی۔'' (اَلْقولُ البَدِیع ص ۴۶۳ مؤسّسة الریّان بیروت)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صَلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحَمَّد

بندہ دو ہی میں مشغول رہے

اللہ تعالیٰ قران مجید فرقان حمید میں فرماتا ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ (پ ۲۷ الذاریت: ۵۶)

ترجمۂ کنز الایمان: اور میں نے جن اور آدمی اتنے ہی اسی لئے بنائے کہ میری بندگی کریں۔

میٹھے اور پیارے اسلامی بھائیو! امام محمد غزالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: یہ آیتِ کریمہ شرافتِ عبادت کے ثبوت کے لیے کافی ہے، اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ بندے پر اپنے ربّ کی بندگی لازم ہے، تو اسے علم و عبادت کو ہی سب سے زیادہ عظمت والی چیز تصور کرنا چاہیے کیونکہ پیدائشِ کائنات سے مقصود انہی دو چیزوں میں کمال حاصل کرنا ہے، اس لیے بندے کو چاہیے کہ انہی دو کے ساتھ مشغول رہے...... انہی دو کے حصول کے لیے مشقتیں برداشت کرے...... اور انہی دو میں غور و فکر کرتا رہے۔

اے عزیز! تو یقین کر کہ ان دو کے سوا جو کچھ دنیا میں ہے سب باطل ہے کہ اس میں کوئی بھلائی نہیں اور ان کے علاوہ جو کچھ ہے لغویات ہے جس سے کچھ حاصل نہیں، جب تیرے ذہن میں علم و عبادت کی اہمیت آ گئی تو اب یہ بات سمجھ کہ علم عبادت سے افضل و اشرف ہے۔ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا:

''اِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَی العابِدِ کَفَضْلِی عَلٰی اَدْنیٰ رَجُلٍ مِّن اُمَّتِی '' **عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی میری اپنی ادنیٰ اُمتی پر۔** (ترمذی ، کتاب العلم ، باب فضل الفقه علی العبادة ، رقم ٢٦٩٤ ،ج٤ ،ص ٣١٣)

ایک جگہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم **نے فرمایا:**

''نَظْرَۃٌ فِیْ وَجْہِ الْعَالِمِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ مِنْ عِبَادَۃِ سِتِّیْنَ سَنَۃٍ صِیَامًا وَّقِیَامًا'' **عالم کی طرف ایک بار نظر کرنا میرے نزدیک ساٹھ برس روزے رکھنے اور ساٹھ برس رات کو نوافل پڑھنے سے بہتر ہے۔**

(المقاصد الحسنه رقم ١٢٥١ ص ٤٥٤)

ایک اور جگہ آپ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) **نے فرمایا:**

''اَلَا اَدُلُّکُمْ عَلٰی اَشْرَافِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ قَالُوْا بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ ھُمْ عُلَمَآءُ اُمَّتِی'' **کیا میں تمہیں سب سے زیادہ بلند مرتبہ والے جنتی نہ بتاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ!** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) **بتائیے! تو آپ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) **نے فرمایا کہ وہ میری اُمت کے علماء ہیں۔** **(تاریخ جرجان رقم ٢١٥ ص ١٧٢ عالم الکتب بیروت)**

مندرجہ بالا احادیث سے ثابت ہوا کہ عبادت سے علم افضل ہے لیکن علم کے ساتھ ساتھ عبادت بھی ضروری

ہے بغیر عبادت علم کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ علم درخت کی مانند ہے اور عبادت پھل کی طرح اور درخت کی قدر پھل سے ہوتی ہے، اگرچہ درخت اصل ہے، لہذا بندے کے لیے علم وعبادت دونوں کا ہونا ضروری ہے اسی لیے حضرت حسن بصری علیہ رحمۃ اللہ القوی نے فرمایا ''علم کو اس طرح حاصل کرو کہ عبادت کو نقصان نہ دے، اور عبادت اس طرح کرو کہ علم کو نقصان نہ ہو۔'' (منہاج العابدین ص ١١)

حضرتِ سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سیّدُ المبلغین ،رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے فرمایا: کہ "اللّٰہ تعالیٰ قیامت کے دن بندوں کو اٹھائے گا تو علماء کو ان سے علیحدہ فرمادے گا۔ پھر فرمائے گا ' اے علماء کے گروہ! میں نے تمہیں عذاب دینے کے لئے اپنا علم عطا نہیں فرمایا، جاؤ ! میں نے تمہیں معاف فرمادیا۔ "

(طبرانی اوسط ، باب العین ، رقم٤٢٦٤ ، ج٣ ، ص ١٨٤)

امیرِ اہلسنت کی علمائے اہلسنت سے عقیدت

علماء حق سے محبت وعقیدت رکھنے کی ترغیبات وفضائل سے قران وحدیث مالا مال ہیں جیسا کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمایا:

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ؕ (پ٢٣، الزمر:٩)

ترجمۂ کنز الایمان: تم فرماؤ کیا برابر ہیں جاننے والے اورانجان۔

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ ؕ (پ ٢٢ ،فاطر:٢٨)

ترجمۂ کنزالایمان: اللہ سے اس کے بندوں میں وہی ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ

ترجمۂ کنزالایمان: اللّٰہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا درجے بلند فرمائے گا۔

(پ ٢٨ المجادلہ: ١١)

حضرت سیِّدُنا ابن عباس رضی اللّٰہ تعالٰی عنہما اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں": علمائے کرام، عام مؤمنین سے سات سو درجے بلند ہوں گے اور ہر دو درجوں کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہوگی۔"

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾

ترجمۂ کنزالایمان: اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لئے بیان فرماتے ہیں اور انہیں نہیں سمجھتے مگر علم والے۔

(پ ٢٠، العنکبوت ٤٣)

علماء کے فضائل پر احادیث مبارکہ:

حضور نبیِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: علماء، انبیاء (علیہم السلام) کے وارث ہیں۔ (سنن ابی داؤد، کتاب العلم، باب فی فضل العلم، الحدیث ٣٦٤١، ص ١٤٩٣)

نبیِ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اَکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلّم کا فرمانِ عالیشان ہے: لوگوں میں سے افضل وہ مؤمن عالم ہے کہ جب اس کی ضرورت پڑے تو نفع دے اور جب اس سے بے نیازی برتی جائے تو وہ بھی بے نیاز ہو جائے۔" (شعب الایمان للبیہقی، باب فی طلب العلم، فصل فضل العلم وشرفہ، الحدیث ١٧٢٠، ج٢، ص٢٦٩ ملخصا)

نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلّم کا فرمانِ ذیشان ہے: لوگوں میں درجہ نبوت کے زیادہ قریب علماء اور مجاہدین ہیں۔ علماء، انبیائے کرام علیہم السلام کی لائی ہوئی تعلیمات کی طرف لوگوں کی رہنمائی کرتے ہیں جبکہ مجاہدین انبیائے کرام علیہم السلام کی لائی ہوئی شریعت (کی حفاظت) کے لئے اپنی تلواروں سے جہاد کرتے ہیں۔

(سير أعلام النبلاء ،الطبقة الخامسة و العشرون ،الرقم٤٣٣٧،الحسيني محمد بن محمد بن زيد ،ج١٤، ص٥٢،مختصرًا)

میٹھے اور پیارے اسلامی بھائیو! علم اور علماء کے تو کیا ہی کہنے! بہر حال علم اور علماء کی قدر وہ لوگ ہی کرتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ عقل سلیم عطا فرماتا ہے۔ الحمدللہ عَزَّوَجَلَّ فی زمانہ پندرہویں صدی کی عظیم علمی و روحانی شخصیت شیخ طریقت امیر اہلسنّت بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اس کے مصداق ہیں۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ علمائے اہلسنّت دامت فیوضھم سے بے پناہ عقیدت ومحبت رکھتے ہیں، آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نہ صرف خود انکی تعظیم کرتے ہیں بلکہ اگر کوئی آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے سامنے **علمائے اَہلسنّت** دامت فیوضھم کے بارے میں کوئی نازیبا کلمہ کہہ دے تو اس پر **سخت ناراض** ہوتے ہیں۔

ایک موقع پر کسی نے ٹیلیفون پر بعض علمائے اہلسنّت کے بارے میں سخت نازیبا کلمات بیان کیے۔ اس پر آپ نے سخت ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے اُسے **توبہ** کرنے کی تاکید کی اور امامِ اَہلسنّت اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے فرمانِ عبرت نشان سے آگاہ کیا جس میں آپ رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نے **عالم** کی تَوہین کی صورَتیں اوران کے بارے میں حکمِ شرعی بیان کیا ہے۔ (فرمایا:) فتاوٰی رَضَویہ میں ہے: ''اگر عالِمِ دین کو اِس لئے بُرا کہتا ہے کہ وہ ''عالم'' ہے **جب تو صَرِیح کافِر ہے** اور اگر بوجہِ عِلْم اُس کی تعظیم فرض جانتا ہے مگر اپنی کسی دُنیوی خُصُومت (یعنی دُشمنی) کے باعِث بُرا کہتا ہے، گالی دیتا ہے اور تحقیر کرتا ہے **تو سخت فاسِق وفاجِر ہے** اور اگر بے سبب (یعنی بلا وجہ) رنج (بُغْض) رکھتا ہے تو مَرِیْضُ الْقَلْب وَ خَبِیْثُ الْبَاطِن (یعنی دل کا مریض اور ناپاک باطِن والا) ہے اور اُس (یعنی خواہ مخواہ بُغض رکھنے والے) کے کُفر کا اندیشہ ہے، ''خُلاصہ'' میں ہے: ''مَنْ اَبْغَضَ عَالِماً مِّنْ غَیْرِ سَبَبٍ ظَاھِرٍ خِیفَ عَلَیْہِ الْکُفْر''، یعنی جو بِلا کسی ظاہری وجہ کے عالِمِ دین سے بُغض رکھے **اُس پر کُفر کا خوف ہے۔**'' (فتاوی رضویہ ج۲۱ص۱۲۹)

اِمام فخرالدّین رازی علیہ رحمۃ اللہ الہادی تفسیر کبیر میں یہ روایت نقل فرماتے ہیں: ''جس نے عالِمِ دِین کی توہین کی، تحقیق اس نے علمِ دِین کی توہین کی اور جس نے علمِ دِین کی توہین کی، تحقیق اس نے نبی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ

وسلّم کی توہین کی۔'' (تفسیرِ کبیر مُختصراًج ١ ص٤٠٨ داراحیاء التراث العربی بیروت) اسی تفسیر کبیر میں جلد ا صفحہ ۴۱۱ پر ہے:

''جس نے عالم کو حقیر سمجھا، اُس نے اپنے دِین کو ہلاک کیا۔''

دعوتِ اسلامی سے تمام وابَستگان بلکہ ہر مسلمان کے لئے ضَروری ہے کہ وہ عُلَمائے اہلسنّت سے ہرگز نہ ٹکرائیں، اِن کے **اَدب واحترام** میں کوتاہی نہ کریں، عُلَمائے اہلسنّت کی تَحقیر سے قَطْعاً گریز کریں، بِلا اجازتِ شرعی ان کے کردار اور عمل پر تنقید کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ، حرام اور جہنَّم میں لے جانے والا کام نہ کریں۔

ایک بار **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی بارگاہ میں عرض کی گئی کہ حضور! اگر کوئی عالم صاحِب غصہ میں آکر جھاڑ دیں **تو کیا ان کی بداَخلاقی کی گرفت نہ کی جائے؟**

ارشاد فرمایا: ''ایسے موقع پر اپنے اوپر غور کریں کہ ہوسکتا ہے کہ آپ ہی کی کوتاہی کی وجہ سے انہیں غصہ آگیا ہوگا یا یوں سوچیں کہ اس وقت یہ اندرونی طور پر پریشان ہونگے لہٰذا بتقاضائے بَشرِیَّت غصہ میں آگئے ہوں گے کوئی حَرَج نہیں یہ عالمِ دین ہیں اور علمی معاملات میں ان کے مجھ پر احسانات ہیں۔ **اس طرح ذہن بنا کر درگزر سے کام لیں**۔ یوں بھی درگزر کرنے کا بہت ثواب ہے جیسا کہ حدیث پاک میں آتا ہے۔ ''جو ایک مسلمان سے درگزر کریگا اللہ عَزَّوَجَلَّ **اس** (درگزر کرنے والے) **سے بروزِ قیامت درگزر فرمائے گا**۔

اعلیٰ حضرت عَلَیْہِ رَحْمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت فتاویٰ رَضَویہ ج ۲۳ صفحہ ۱۳/۱۱۴ پر نقل کرتے ہیں: '' **اکابر صِدِّیقین** نے فرمایا: ''اِنَّ لَنَاشَیْطَاناً لِیَقْرُبَنَا فَاِذَا رَأَیْتُمُوْہُ فَاعْتَزِلُوْا۔'' یعنی ہم بھی بشر ہیں بشر کا سا غصہ ہمیں بھی آتا ہے جب اسے دیکھو تو **ہمیں چھیڑو نہیں بلکہ الگ ہٹ جاؤ**۔ بہر حال عالم دین سے اس کی کسی خطا کی وجہ سے بدظن ہو کر اسکی صحبت سے دوری اور اسکی مخالفت اپنے دین کیلئے زہر قاتل ہے۔ چنانچہ مزید اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فتاوی رَضَویہ ج ۲۳ ص ۷۱۱ پر فرماتے ہیں: **''عالم کی خطا گیری** (یعنی بھول نکالنا) **اور اس پر اعتراض حرام ہے اور اسکے سبب رہنمائے دین سے کنارہ کش ہونا اور اِستِفادۂ مسائل چھوڑ دینا اسکے حق میں زہر ہے''** ۔

اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: **یاد رہے** تعظیم صِرْف **عُلَمائے اہلسنّت** ہی کی کی جائے

گی ۔رہے بدمذہب عُلَماء(یعنی عُلمائے سُوء) توان کے سائے سے بھی بھاگے کہ ان کی تعظیم حرام،اُن کی تقریر سُننا،ان کی کُتُب کامُطالعہ کرنا اوران کی صُحبت اختیار کرنا حرام اور ایمان کیلئے زہرِ ہلاہل (ہلاک کردینے والا) ہے۔

(ملفوظاتِ عطاریہ حصہ ششم ص8)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

اسلام میں عُلَمائے حق کی اھمیّت

میٹھے اور پیارے اسلامی بھائیو! امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ اسلام میں **علمائے حق** کی بہُت زیادہ اہمِیَّت ہے اور وہ علمِ دین کے باعِث عوام سے **افضل** ہوتے ہیں۔غیرِ عالم کے مقابلے میں عالم کوعبادت کا ثواب بھی زیادہ ملتا ہے، چنانچہ حضرت **محمد بن علی** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے، ''**عالم کی دو رَکْعت غیرِ عالم کی ستّر رَکعت سے افضل ہے**۔'' (کنزالعُمّال ج ۱۰ ص ۶۷ حدیث ۲۸۷۸۳)

لہٰذا دعوتِ اسلامی کے تمام وابستگان بلکہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ علمائے اہلسنّت سے ہرگز نہ ٹکرائیں، ان کے **ادب واحترام** میں کوتاہی نہ کریں، علمائے اہلسنّت کی تحقیر سے قطعاً گریز کریں، بلا اجازتِ شرعی ان کے کردار اور عمل پر تنقید کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ، حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام نہ کریں، حضرتِ سیِّدُنا **ابوالحفص الکبیر** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر فرماتے ہیں، جس نے کسی عالم کی غیبت کی تو قِیامت کے روز اُس کے چہرے پر لکھا ہوگا، **یہ اللہ کی رحمت سے مایوس ہے**''۔(مُکاشَفَۃُ الْقُلُوب ص ۷۱)

حضرتِ سیِّدُنا ابوذرغِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے، ''عالم زمین پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حجت ودلیل ہے تو **جس نے عالم میں عیب نکالا وہ ہلاک ہوگیا**۔ (کنزُ العُمّال ج ۱۰ ص ۵۹ حدیث ۲۸۶۶۹)

اُن نادان لوگوں کو ڈر جانا چاہیے جو بات بات پر علمائے کرام کے بارے میں توہین آمیز کلمات بک دیا کرتے ہیں، مثلاً بھئی ذرا بچ کر رہنا! ''علّامہ صاحب'' ہیں، علماء لالچی ہوتے ہیں، ہم سے جلتے ہیں، ہماری وجہ سے اب ان کا کوئی بھاؤ نہیں پوچھتا، چھوڑو چھوڑو یہ تو مولوی ہے۔ (معاذَ اللہ عالم کو بعض لوگ حقارت سے کہہ دیتے ہیں) یہ مُلّا لوگ، علماء نے (مَعاذَاللہ) سُنّیت کا کوئی کام نہیں کیا (بعض اوقات ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے کہہ دیا جاتا ہے) فلاں کا اندازِ بیان تو مولویوں والا ہے، وغیرہ وغیرہ،

شریعت وعلمائے دین کی تحقیر کے بعض کفریہ کلمات وانداز کی مثالیں پیش کی جاتی ہیں، اگر مَعاذَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ کسی نے ماضی میں اپنے قول یا فعل سے عالم کی بسببِ عالمِ دین توہین کر ڈالی ہو تو وہ توبہ **وتجدیدِ ایمان** کر لے اور اگر شادی شدہ ہو تو **تجدیدِ نکاح** اور کسی کا مرید ہو تو **تجدیدِ بیعت** بھی کرے۔

شریعت کی توہین کرنا کفر ہے مثلاً کہا، میں شرع وَرع نہیں جانتا یا جس کو کسی محتاط عالمِ دین کا فتویٰ پیش کیا گیا اُس نے کہا: میں نے فتویٰ زمین پر پٹک دیا۔ (ماخوذ از بہارِ شریعت حصہ۹ ص۱۷۲)

''**مولوی کیا جانے!**'' اِس (جملے) سے ضرور علماء کی تحقیر نکلتی ہے اور علمائے دین کی تحقیر کفر ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۶ ص۲۴ مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی)

جو کہے مولوی سب بدمعاش ہیں یعنی سب علماء کو بُرا کہے **اُس پر حکمِ کفر ہے** ۔ (فتاویٰ امجدیہ ج۴ ص۴۵۴)

یہ کہنا بھی **کفر** ہے کہ مولویوں نے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ **یہ** کہنا کہ ''دین اللّٰہ تعالیٰ نے تو اتنا آسان اُتارا تھا، مولویوں نے مشکل کر دیا'' **کُفر** ہے کیونکہ اَلْاِسْتِخْفافُ بِالْاَشْرَافِ وَالْعُلَمَاءِ کُفْر۔'' (یعنی سادات و علماء کی تخفیف وتحقیر کفر ہے) (مجمعُ الْاَنہر ج ۲ ص ۵۰۹)

جو کہے: علما جو علم سکھاتے ہیں محض قصّے کہانیاں ہیں یا خواہشات ہیں یا محض دھوکہ ہیں یا کہا: میں حیلوں کے علم کا مُنکر ہوں یعنی شریعت کو حیلہ کہا یہ تمام **اقوال کفر** ہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۲ ص ۲۷۰) **جو** کہے: عِلْم کا کیا کروں گا جیب میں روپے ہونے چاہئیں، ایسا کہنے والے پر **حکمِ کفر** ہے۔ کسی نے عالم سے کہا: ''جا اور علم کو کسی برتن میں سنبھال

کرر کھ۔'' یہ **کُفر** ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۲ ص ۲۷۱)

ایک مرتبہ جب آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ سے عرض کی گئی تو کیا کیسے ہی بُرے عقیدے والا عالم ہو اُس کی بھی تعظیم کرنا ہوگی؟ فرمایا: ''**جی نہیں**۔ یہ آداب صرف علمائے حقّہ کے ہیں۔ رہے علمائے سُوء (یعنی بدعقیدہ علماء) **تو ان کی توہین کرنا کارِثواب ہے**۔ شیطان عالم بلکہ بہت بڑا ''علاّمہ'' تھا، مُعلِّم المَلَکوت (یعنی فرشتوں کی ایک جماعت کا استاد) تھا مگر اب علمائے سُوء کا سردار ہے دیکھئے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم پڑھنا ثواب ہے حالانکہ اِس میں اُس علاّمہ یعنی شیطان کی کُھلی توہین ہے۔''

ایک مکتوب میں لکھتے ہیں: ''**علماء** کو ہماری نہیں، ہمیں علماء دامت فیوضھم کی ضرورت ہے، یہ دونوں **مدَنی پھول** ہر **دعوتِ اسلامی** والے کی نس نس میں رچ بس جائیں۔'' ایک مرتبہ فرمایا: ''**علماء** کے قدموں سے ہٹے تو بھٹک جاؤ گے۔''

بُرا چرچا کرنا باعث عذاب ھے

اَمیرِ اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ اپنے رسالے ''**ناچاقیوں کا علاج**'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ خاص کر مبلّغ اور خصوصاً بالخصوص **سُنّی عالم** کی کسی خامی یا خطا کو بلا مصلحت شرعی کسی پر ظاہر کرنا، لوگوں میں اِس کا بُرا چرچا کرنا نیکی کی دعوت اور اِسلام کی تبلیغ کے معاملے میں بہت بُرا اور دنیا و آخرت کیلئے سخت **نقصان دہ** ہے۔

میرے آقا اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: اہلسنّت سے بتقدیرِ الٰہی جو ایسی لغزشِ فاحش واقع ہو اُس کا اِخفا (چھپانا) واجب ہے کہ مَعاذَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ لوگ اُن سے بداِعتقاد (یعنی بدظن) ہوں گے تو **جو نفع اُن کی تقریر اور تحریر سے اِسلام وسُنَّت کو پہنچتا تھا** اس میں خَلَل واقع ہوگا، اسکی اِشاعت، **اِشاعتِ فاحشہ** (یعنی بُرا چرچا کرنا) ہے اور اشاعتِ فاحشہ (یعنی بُرا چرچا کرنا) بنصِّ قراٰنِ عظیم **حرام**۔ قال اللّٰہ تعالٰی:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَاحِشَةُ فِی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۙ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ (پ١٨ النور:١٩)

ترجمۂ کنزالایمان: وہ لوگ جو چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں بُرا چرچا پھیلے ان کیلئے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت میں۔

خُصوصاً جبکہ وہ بندگانِ خداحق کی طرف بے کسی عذر وتأمُّل کے رجوع فرما چکے۔ **رسول اللہ** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ فرماتے ہیں: "مَنْ عَیَّرَ اَخَاہُ بِذَنْبٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَعْمَلَهٗ" جس نے اپنے بھائی کو کسی گناہ کی وجہ سے عار دلایا وہ مرنے سے قبل اِسی گناہ میں مبتلا ہوگا۔ (جامع الترمذی جلد ٤، ص ٢٢٦ حدیث ٢٥١٣ دار الفکر بیروت)

(فتاویٰ رضویہ جلد۲۹ص۵۹۴)

بعض لوگ بہت ہی جھگڑالو طبیعت کے مالک ہوتے ہیں، خواہ مخواہ تنقیدیں کرتے، بال کی کھال اتارتے، بات بات پر فسادات برپا کرتے اور مسلمانوں کیلئے ایذاء کا باعث بنتے رہتے ہیں، ایسے لوگوں کو ڈر جانا چاہئے کہ پارہ ۳۰ سورۃ البُرُوج کی ۱۰ ویں آیتِ مبارکہ میں رَبُّ الْعِباد عَزَّوَجَلَّ کا ارشادِ عبرت بنیاد ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ؕ﴿۱۰﴾ (پ٣٠ البُرُوج:١٠)

ترجمہ کنزالایمان: بے شک جنہوں نے ایذا دی مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو، پھر توبہ نہ کی اُن کیلئے جہنم کا عذاب ہے اور ان کیلئے آگ کا عذاب۔

فتنہ برپا کرنے والے پر لعنت

حدیث پاک میں ہے: ''فتنہ سویا ہوا ہوتا ہے، اُس شخص پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی لعنت جو اِس فتنے کو بیدار کرے''۔

(الجامع الصغیر للسیوطی، الحدیث ٥٩٧٥، ج ٣٧٠، دارالکتب العلمیه بیر و ت)

تعظیم و ادب بجالانے کی ترغیب

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اُوپر ذکر کی گئی امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی تحریر ہر مسلمان کو جھنجوڑ جھنجوڑ کر علمائے اہلسنّت دامت فیوضُھم کی تعظیم اور ادب ہی بجالانے کی ترغیب دے رہی ہے کیونکہ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ جیسی عظیم شخصیت کا علمائے کرام کی تعظیم پر اتنا زور دینا مسلمانوں اور خاص طور پر مریدین مبلغین اسلامی بھائیوں کیلئے بڑی اہمیت کا حامل ہے اس لئے کہ اس میں ایمان کی حفاظت کا راز بھی تو مضمر ہے۔ خود امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی ذات مقدسہ کو دیکھئے کہ علمائے اہلسنّت دامت فیوضھم کی کس قدر تعظیم کیا کرتے ہیں! کہ فرماتے ہیں: ؎

مجھ کو اے عطار! سُنّی عالموں سے پیار ہے

ان شآء اللہ دو جہاں میں اپنا بیڑا پار ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے اس شعر میں علماء کی عقیدت کا واضح اظہار ہے۔ آپ کے تعظیمِ علماء کرنے کے متعلق چند واقعات ملاحظہ فرمائیے:

علماء کرام سے برہنہ پا ملاقات

قبلہ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کا حصول علم دین اور تعظیم علماء کے مقدس جذبے کے تحت کم و بیش 22 سال مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا مفتی وقار الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ کے پاس آنے جانے کا سلسلہ رہا اسی دوران مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے آپ کو اپنی خلافت بھی عطا فرمائی اور آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ مفتی اعظم رحمۃ اللہ تعالی علیہ کے واحد خلیفہ مشہور ہیں ان باتوں کی تصدیق مفتی اعظم پاکستان نے خود بھی وقار الفتاوی جلد ۲ صفحہ ۲۰۲ پر فرمائی ہے۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ **مفتی**

اعظم پاکستان رحمۃ اللہ تعالی علیہ اورقاری مصلح الدین قادری رحمۃ اللہ تعالی علیہ اور دیگر علمائے کرام کی بارگاہ میں جب بھی حاضری دیتے تو اکثر آپ اس کوشش میں رہتے کہ علماء کی تعظیم کی نیت سے برہنہ پا ہی ملاقات کی ترکیب ہو۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! ملکِ شام سے تشریف لائے ہوئے **جامع المغربیۃ دمشق** کے مدیر اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم بُزرگ پیرِ طریقت حضرت سیدنا **شیخ رجب دیب** حَفِظَہُ اللّٰہُ تعالٰی جب امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی رہائش گاہ پر ملاقات کیلئے تشریف لائے تو اطلاع ملنے پر امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ دوسری منزل سے ننگے پاؤں نیچے تشریف لائے اور دروازے پر جاکر ان کا استقبال کیا اور بڑے ہی **مؤدبانہ** انداز میں اپنے ساتھ اُوپر لے گئے۔

دیکھنے والے حیرت زدہ تھے کہ پندرہویں صدی کی عظیم علمی وروحانی شخصیت امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ جن کے کروڑوں مریدین و متعلقین آپ کی راہ میں عقیدت ومحبت میں بچھ جاتے ہیں انہوں نے شام سے آئے ہوئے علماء وشیوخ کو اونچی نشست گاہ پر بیٹھانے کی ترکیب بنائی اور خود عاجزی فرماتے ہوئے ان کے قدموں کی جانب زمین پر تشریف فرما ہوئے۔

بیٹھنے کا انداز انتہائی مؤدبانہ......دوزانوں بیٹھنا......نگاہیں جھکانا......دورِ اسلاف کی یاد تازہ کررہا تھا۔

اب ملک شام کے شیخ رجب دیب مدظلہ نے اپنے جذبات وعقیدت کا اظہار عربی زبان میں فرمانا شروع کیا جس کا ترجمہ مبلغ دعوت اسلامی مدظلہ العالی کررہے تھے (ان کے تأثرات وجذبات کا اظہار آئندہ صفحات پر آرہاہے) تو امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کیفیت قابل دید تھی آپ اپنے متعلق تعریفی کلمات سن کر انتہائی عجیب کیفیت میں آگئے جس کا اظہار آپ کے چہرے سے واضح ہورہا تھا جیسے ہی انہوں نے تأثرات **مکمل** کئے تو امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے گفتگو کا رخ بدل کر عاجزی فرماتے ہوئے ان تمام تعریفوں کا رد فرمانا شروع کردیا......اس انداز عاجزی اور دورِ اسلاف کے انداز کو دیکھ کر کئی آنکھیں غمناک ہوگئیں۔ جس وقت آخر میں **دعائے خیر** کا وقت آیا تو آپ کو دعا کیلئے کہا گیا مگر آپ نے تعظیم علماء کے پیش نظر شام کے شیوخ سے ہی دعا کرنے کو فرمایا۔

اِنہی علمائے کرام کے ساتھ نہیں بلکہ عموماً ملاقات کے لئے تشریف لانے والے تمام علمائے کرام سے اسی طرح ملاقات فرماتے ہیں......عموماً دورانِ ملاقات اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کرتے...... **مسکراتے**...... **مرحبا**......اور **خوش آمدید** کہتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں......اگر کوئی عالم صاحب کسی غلط فہمی کی بنا پر مخالفت کرتے رہے پھر بعد میں وہ غلط فہمی دور ہو گئی اور امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ سے معافی مانگتے تو فوراً معاف فرما دیتے اور فرماتے میں نے تو پیشگی معاف کیا ہوا ہے......اسی طرح دوران ملاقات کوئی دم کرنے کو کہتا تو ترکیب بنا دیتے ہیں......ہر کسی کی بات کو توجہ سے سنتے ہیں......سخاوت کا عالم یہ ہے کہ جاتے وقت تحفہ ضرور دیتے ہیں......اور علما کی کاوشوں پر ان کی حوصلہ افزائی فرماتے ہیں......اگر کوئی مصافحہ کرتا ہے تو جب تک وہ ہاتھ نہ چھوڑے نہیں چھڑاتے......اسی طرح اگر کوئی عالم صاحب عمامہ بندھوانے کی خواہش کرتے ہیں اٹھ کر فوراً عمامہ باندھ دیتے ہیں جیسا کہ شام کے علماء ومشائخ نے فرمائش کی تو سب کو عمامے باندھ دیئے......اور علما کے آنے پر عموماً اپنی نشت سے کھڑے ہونے کا اہتمام فرماتے ہیں۔

الودع کرنے کا انداز

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! جب ملک شام کے علمائے کرام آستانے سے رخصت ہونے لگے تو انتہائی **محبت کا اظہار** کرتے ہوئے معانقہ وپیشانی کا بوسا اور مصافحہ و**دست بوسی** کرکے علمائے کرام کے لئے **تحائف** کی ترکیب بنائی اور بغیر چپل کے دروازے تک چھوڑنے تشریف لائے۔اسی طرح جب امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے ان کو مدنی مرکز سے ملک شام کے لئے روانہ کیا تو **علم** اور **علما** کی تعظیم کے پیش نظر عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ باب المدینہ کراچی کی شاندار عمارت سے مِنی روڈ تک چپل پہنے بغیر چھوڑنے کے لئے تشریف لے گئے انتہائی گرم جوشی کے ساتھ اور دونوں **ہاتھ ہلاتے ہوئے** گاڑی میں رخصت کیا۔

مزید یہ کہ جب یمن کے شیوخ بالخصوص سید **یوسف بن سعید ہاشمی** اوران کے رفقاء تشریف لائے تو امیر

اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے ان کے لئے **دستر خوان** بچھانے اور اس پر **مٹی کے برتن** رکھنے اور پھر کھانا بھی خود کھلانے اور کھانے سے پہلے کی دعا بھی خود ہی پڑھانے کی ترکیب بنائی۔ جب یمن کے علمائے کرام تشریف لے جانے لگے تو ان کو بھی اپنے دولت خانے سے خود بنفس نفیس باہر گیٹ تک ہی نہیں بلکہ اُن حضرات کی گاڑی کچھ فاصلے پر کھڑی تھی پھر بھی آپ سڑک پر ننگے پاؤں کافی دور گاڑی تک چھوڑنے تشریف لائے اور انتہائی مسرت کے ساتھ ان کو رخصت کیا۔

اسی طرح مولانا قاضی محمد مظفر اقبال رضوی خطیب اونچی مسجد مرکز الاولیاء لاہور جب دعوت اسلامی کے دوسرے بین الاقوامی اجتماع باب المدینہ کراچی میں شریک ہوئے تو امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ ان کو ٹرین پر چھوڑنے کیلئے اسٹیشن تک گئے بلکہ جب گاڑی چلی تو ساتھ ساتھ چلنے لگے اور گاڑی تھوڑی سی تیز ہوئی تو بھی تیز تیز چلتے ہوئے ہاتھ ہلا ہلا کر الوداع کر رہے تھے۔

تیری ہر ادا پہ پیارے مجھے کیوں نہ پیار آئے
تو انہی کی راہ پہ لائے جنہیں سب پہ پیار آئے

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت و علمائے اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

علمائے کرام کے پاس خود چل کر جانے کا جذبہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کو جب شارح بخاری، فقیہ اعظم ہند حضرت علامہ مولانا **مفتی شریف الحق امجدی** علیہ رحمۃ اللہ القوی کے باب المدینہ (کراچی) تشریف لانے کا پتا چلا تو آپ نے فوراً ان سے ملاقات کرنے کی ترکیب بنائی اور جس مقام پر وہ ٹھہرے تھے وہاں پہنچ کر ان کی قدم بوسی کی اور جب تک

موجود رہے دوزانوں ہاتھ باندھ کر مودبانہ انداز اختیار کئے رکھا اور جب شارح بخاری علیہ رحمۃ الباری امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کے آستانے پر دن کے وقت تشریف لائے تو وہ منظر بھی قابل دید تھا۔ آپ نے اور موجود اسلامی بھائیوں نے ان کی قدم بوسی کی سعادت حاصل کی۔ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه خود (نفل) روزے سے تھے مگر شارح بخاری اور ان کے ساتھ آنے والے علمائے اہلسنّت کو اپنے ہاتھوں سے کھانے کے تھال پہنچائے اور آخر تک آپ یوں ہی میزبانی کے فرائض انجام دیتے رہے جب رخصت کا وقت آیا تو تعظیم علماء میں برہنہ پا گھر سے باہر انہیں گاڑی تک چھوڑنے خود پہنچے۔ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی علماء سے عقیدت کا انداز ملاحظہ کرنے کے قابل ہے جیسے گویا کہ آپ زبان حال سے فرمارہے ہیں: اس سے پہلے کہ مفتی صاحب تشریف لائیں میں خود چل کر ان کی دست بوسی کروں گا۔ آپ فوراً ملاقات کیلئے روانہ ہوئے کیونکہ آپ علمائے کرام کے پاس خود چل کر حاضر ہونے کو سعادت سمجھتے ہیں۔

اسی طرح **مفتی اعظم پاکستان شیخ الحدیث مفتی عبدالقیوم ہزاروی** رحمۃ اللّٰہ تعالی علیہ جامع نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور ایک دن دورہ حدیث کی کلاس کے طلبہ کو پڑھا رہے تھے کہ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه خود چل کر وہاں ملاقات کیلئے پہنچے۔ تمام طلبہ نے آپ کا استقبال کیا اور مفتی صاحب نے اپنی مسند پر آپ کو بیٹھایا آپ نے اس قدر خوبصورت اور مؤدبانہ انداز میں ملاقات اور گفتگو کی کہ تمام طلبہ اور خود مفتی صاحب انتہائی متأثر ہوئے اور جو کچھ فرمایا وہ بیان سے باہر ہے۔

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت و علماء اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صَلَّى اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

علمائے کرام سے ملاقات کی خواہش

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! جب شہرِ ٹھٹھہ باب الاسلام سندھ میں عاشقان رسول کے ہمراہ مدنی قافلے

میں دعوت اسلامی کے مدنی رکنِ شوریٰ تشریف لے گئے اور وہاں پر حضرت مولانا ابوالسراج طفیل احمد ٹھٹھوی دامت فیوضھم سے ملاقات کی اوران کو اجتماع کی دعوت پیش کی انہوں نے دعوت قبول کرتے ہوئے اجتماع میں شرکت کی یقین دہانی کے ساتھ ساتھ پھر مدنی قافلے میں بھی سفر اور امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ سے ملاقات کی تمنا کا اظہار کیا آپ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے طالب بھی ہوگئے باوجود اس کے کہ آپ حضرت عبداللہ شاہ اصحابی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے مزار کی مسجد کے خطیب، ایک سنی جامعہ کے مفتی اور شیخ الحدیث بھی ہیں۔ جب وہ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ سے ملاقات کیلئے تشریف لائے تو امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ان کی تعظیم میں ان کی دست بوسی بھی کی اور فرمایا کہ میں تو خود آپ سے ملنے کا خواہش مند تھا آپ مجھے حکم کرتے میں خود آپ کے دولت خانے پر تشریف لے آتا۔

اسی طرح شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی منظور احمد دامت فیوضھم ایک دن دارالعلوم انجمن قمرالاسلام سلیمانیہ کلفٹن باب المدینہ کراچی میں تشریف لائے اور امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کو معلوم ہوا تو فوراً عالم کی زیارت کی نیت سے رات ہی کو ان کی ملاقات کیلئے جا پہنچے، دست بوسی کی اور فرمایا کہ مجھے آپ سے ملاقات کا بہت اشتیاق تھا پھر انتہائی عقیدت کا اظہار فرمایا۔

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت و علمائے اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

علمائے کرام کے مراتب کا لحاظ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ پر جس سال قاتلانہ حملہ ہوا ان دنوں آپ بارہ ماہ کے قافلے کی ترکیب میں مرکز الاولیاء لاہور میں تشریف فرماتھے اور عام ملاقات فرمایا کرتے تھے۔ ایک بار حضرت مولانا خادم حسین رضوی دامت فیوضھم مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور آپ سے ملاقات کی غرض سے

تشریف لائے تو دیکھا کہ لوگ ایک لمبی لائن میں قطار در قطار کھڑے ہوئے ہیں، سوچا کہ مجھے ملنا تو مشکل ہو جائے گا مگر پھر آپ بھی لمبی قطار میں کھڑے ہو گئے۔ اچانک امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی نظر ان پر پڑی کہ عالم دین قطار میں کھڑے ہیں لہٰذا آپ نے فوراً کھڑے ہو کر پاس بلایا اور معذرت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ساتھ بٹھا لیا پھر انتہائی عقیدت سے فرمانے لگے کہ آپ مجھے حکم فرما دیتے میں خود آپ کے پاس حاضر ہو جاتا۔

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت و علماء اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب !　　　　صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

علمائے کرام سے دعائیں کروانے کا ذہن

جس وقت حضرت غزالیٔ زماں علامہ سیّد **احمد سعید کاظمی** شاہ صاحب رحمة اللّٰه تعالى عليه حیات تھے امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه جب بھی مدینۃ الاولیا ملتان شریف تشریف لے جاتے تو آپ کی بارگاہ میں ضرور حاضری دیتے اور ان کی خوب دعائیں لیتے۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! ہمارے لیے اس میں بھی ترغیب ہے کہ علمائے کرام کی دعائیں لینے کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے۔

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت و علمائے اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب !　　　　صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

علماء کرام کی عیادت کرنا

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اسی طرح جب کبھی پتہ چلتا کہ علمائے اہلسنّت میں سے کوئی عالم دین بیمار ہیں تو آپ فوراً عیادت کی ترکیب بنایا کرتے جیسا کہ ایک مرتبہ حضرت علامہ مولانا مفتی **منظور احمد فیضی** رحمۃ اللہ تعالی علیہ کتیانہ ہسپتال باب المدینہ (کراچی) میں زیر علاج ہوئے تو معلوم ہونے پر آپ فوراً ہسپتال پہنچے اور دست بوسی کے بعد ان کی عیادت کی اور دعا خیر فرمائی۔

جناب حضرت علامہ مفتی عبدالعزیز صاحب جس وقت ضیاء الدین ہسپتال باب المدینہ (کراچی) علالت کی حالت میں پہنچے اور امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کو اطلاع ملی تو فوراً عیادتِ علماء کی نیت سے تشریف لے گئے دست بوسی کے بعد انتہائی محبت کا اظہار کرتے ہوئے عیادت فرمائی۔

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت و علمائے اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

بانیِ دعوتِ اسلامی کا تنظیم المدارس سے تعاون

پیارے اسلامی بھائیو! بانیِ دعوتِ اسلامی امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس عطار** قادری صاحب دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ دیگر بہت سی خوبیوں کے جامع ہونے کے ساتھ ساتھ ایک علم اور علماء دوست شخصیت بھی ہیں۔علماء و علمی اداروں سے ان کی الفت اور لگاؤ بے مثال ہے۔ یہ خود بھی ایک جید عالم بلکہ عالم گر ہیں۔ انہوں نے دعوت اسلامی جیسی تحریک بنا کر کے جہاں عوام اہلسنّت میں جذبۂ حصول علم کی روح پھونک دی وہاں سینکڑوں مدارس وجامعات کے قیام سے ہزاروں علماء تیار کرنے کا نہایت کامیاب وقابل صد ہزار تحسین اقدام بھی فرمایا ہے۔ ان کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ان کی تحریک کے ذمہ داران اہلسنّت کے دیگر علمی اداروں سے بھی مضبوط روابط رکھے ہوئے ہیں جو اہلسنّت کی اجتماعی ساکھ کو بہتر سے بہتر بنانے میں بے حد مدد و معاون ہے۔ اس کی ایک جھلک مندرجہ ذیل واقعہ میں ملاحظہ فرمائیں:

۱۴۲۵ھ/2004ء کے آخری دن تھے جب جامعہ حامدیہ رضویہ گلشنِ رضا سپارکو روڈ نزد کراچی یونیورسٹی باب المدینہ کراچی میں قائم تنظیم المدارس کے صوبائی دفتر میں تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان کے اہم عہدیداران جلوہ فرما ہوئے ان اعیان تنظیم المدارس میں امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کا تذکرہ ان سے ملاقات کی تشویق کا باعث بنا۔ جب امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کو اطلاع دی گئی تو وہ کمال عاجزی وانکساری کا پیکر بن کر خود ان علماء گرامی کے پاس تشریف لے آئے۔ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی علمی کاوشوں اور دعوت اسلامی کی علمی خدمات کا ذکر ہوا جسے خوب سراہا گیا۔

دعوت اسلامی کی عظیم تحریک کے ایک ذیلی شعبے ''**المدینة العلمیة**'' جو اکابرین علماء اور بالخصوص امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کی کتب پر تحقیقی کام کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ اسکی بے مثال کارکردگی سے آگاہی ہوئی۔ اس دور میں امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے المدینۃ العلمیہ سے تسہیل وتخریج کے ساتھ تازہ شائع ہونے والا امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے ایک مایہ ناز رسالہ ''رادّ القحط والوباء بدعوة الجيران ومواساة الفقراء'' بنام ''**راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں خرچ کرنے کے فضائل**'' بطور ہدیہ علمائے کرام کو پیش فرمایا، اس میں مندرج فضائل خیرات کا بھی ذکر ہوا اس پر علماء کرام تنظیم المدارس کے مرکزی دفتر کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ سے تعاون کے طالب ہوئے آپ نے دعوت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ذریعے تعاون کی ترکیب کا فرمایا اور کچھ ہی دنوں میں دعوت اسلامی کی طرف سے تنظیم المدارس کو 20 لاکھ کا چیک پیش کردیا گیا۔

مزید صدر الشریعہ کے نواسے مولانا ریحان امجد علی امجدی مُدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی جو کہ جامعہ دار العلوم امجدیہ عالمگیر روڑ کے مہتمم ہیں ان کی درخواست پر ذوالقعدہ ۱۴۳۲ھ / 2011ء میں 50 لاکھ روپے علماء کو راوی پارک راوی روڑ مرکز الاولیاء لاہور میں تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے مرکزی دفتر کے انتظام وانصرام کے لئے دیئے۔

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت وعلمائے اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

41عُلَمائے مرحومین کے اسمائے گرامی جن کی امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے زیارت فرمائی

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ علمائے کرام مد ظلھم العالی کا کس قدر والہانہ ادب اور ملاقات کا اشتیاق رکھتے ہیں آپ نے ماقبل تحریر سے اس کا اندازہ لگالیا ہوگا۔ سبحٰن اللّٰہ پندرہویں صدی کی عظیم علمی وروحانی شخصیت شیخ طریقت امیر اہلسنّت بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے **یوں تو عرب وعجم کے ہزاروں علمائے کرام کی زیارت کی سعادت حاصِل کی ہے سب کی فہرست پیش کرنا دشوار ہے ان میں سے صرف 41عُلَمائے مرحومین کے اسمائے گرامی پیش کئے جاتے ہیں:**

﴿۱﴾ خلیفۂ اعلیٰ حضرت شیخ العرب والعجم سیدی قطبِ مدینہ حضرت مولانا ضیاءالدین احمد قادری مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲﴾ شہزادۂ قطبِ مدینہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدنی قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (مدینہ منورہ)

﴿۳﴾ خلیفۂ اعلیٰ حضرت، بُرہانِ ملّت حضرت مولانا بُرہان الحق جبل پوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۴﴾ **مُفَسِّرِ شہیر حکیمُ الْاُمَّت** حضرتِ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۵﴾ غزالیِ زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۶﴾ خطیبِ پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۷﴾ جگر گوشۂ صدر الشریعہ حضرت علامہ عبد المصطفٰے ازہری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۸﴾ مجاہد ملت حضرت مولانا عبد الحامد بدایونی قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۹﴾ مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۰﴾ مناظرِ اہلسنّت حضرت مولانا عنایت اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (سانگلہ ہل)

﴿۱۱﴾ شارِحِ بخاری حضرت علّامہ مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۲﴾ پیرِ طریقت حضرت مولانا قاری محمد مصلح الدین صدّیقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۳﴾ خلیفۂ حجۃ الاسلام حضرت علامہ مولانا مفتی تقدّس علی خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۴﴾ قطبِ لاہور مولانا حافظ مفتی عزیز احمد قادری بدایونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۵﴾ بانی دار العلوم نعیمیہ حضرت علامہ مفتی سید شجاعت علی قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۶﴾ فضیلۃ الشیخ حضرت علامہ محمد علوی بن عباس الحسنی المالکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (مکہ مکرمہ)

﴿۱۷﴾ رئیس التحریر حضرت علامہ ارشد القادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۸﴾ بانی دار العلوم امجدیہ حضرت مولانا مفتی ظفر علی نعمانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۱۹﴾ بانی دار العلوم نعیمیہ مجددیہ حضرت مولانا مفتی عبداللہ نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۰﴾ احسنُ العلماء حضرت سید آلِ حسن برکاتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۱﴾ سرکارِ کلاں حضرت مولانا سیّد مختار اشرفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۲﴾ خلیل ملّت مفتی محمد خلیل خان برکاتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۳﴾ حضرت قبلہ پیر محمد قاسم مَشوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۴﴾ حضرت مولانا عطامحمد بندیالوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۵﴾ حضرت مولانا معین الدین شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۶﴾ ادیبِ شہیر حضرت علامہ شمس بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۷﴾ حضرت مولانا ابراھیم خوشتر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۸﴾ حضرت مولانا ضیاءاللہ قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۲۹﴾ حضرت مولانا مفتی محمد حسین نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۳۰﴾ شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا منظور احمد فیضی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۳۱﴾ شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی عبد اللہ قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (قصور)

﴿۳۲﴾ حضرت مولانا عبد الرشید سمندری والے رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۳۳﴾ حضرت علامہ مفتی جہانگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (پیلی بھیت ھند)

﴿۳۴﴾ خلیفۂ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا سیّد زاہد علی فیصل آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۳۵﴾ خلیفۂ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا سعید احمد نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (بکرا منڈی حیدر آباد)

﴿۳۶﴾ شرفِ ملّت حضرتِ علامہ عبد الحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۳۷﴾ مفسرِ قرآن الحاج حضرت مفتی جلال الدین قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (مٹھیاں)

﴿۳۸﴾ حضرت قبلہ حافظ قاری رمضان المعروف ملنگ بابا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۳۹﴾ سلطان الواعظین حضرت مولانا ابوالنور بشیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۴۰﴾ مفتی ملت حضرت علامہ فیض احمد اُویسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿۴۱﴾ شیخ القرآن حضرت علاّمہ مولانا محمد عبد الغفور ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

جب **امیر اہلسنت** علماء سے اس قدر شغف رکھتے ہیں تو اب علمائے کرام مدظلہ العالی کی آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ سے عقیدت ومحبت اور امیر اہلسنّت اور خدمات امیر اہلسنّت کے متعلق علماء کے تأ ثرات بھی ملاحظہ فرمالیجئے!

امیر اہلسنّت اورآپ کی خدمات پر 1163 جید علمائے کرام کے تأ ثرات

{1} حضرت علامہ مولانا مفتی شریف الحق امجدی علیہ رحمۃ اللہ القوی

(سابق رئیس مرکزی دارالافتاء جامعہ اشرفیہ مبارکپور، ہند)

دعوتِ اسلامی خالص سنی جماعت صحیح العقیدہ لوگوں کی جماعت ہے، اس جماعت کے **بانی** جناب **مولانا محمد**

الیاس صاحب مدظلہ العالی سے میں بارہا مل چکا ہوں، وہ انتہائی خوش عقیدہ سنی، مسلک اعلیٰ حضرت کے سختی سے پابند انسان ہیں اور وہ اپنے مخصوص طریقے سے اجتماعات کے ذریعہ **مسلکِ اعلیٰ حضرت** ہی کی ترویج واشاعت کرتے ہیں، اس لیے تمام سنی مسلمانوں کو چاہیے کہ اس جماعت میں شریک ہوں، اس سے تعاون کریں اس کے پروگرام پر عمل کریں جولوگ اس جماعت پر نکتہ چینی کرتے ہیں اور اس جماعت سے لوگوں کو الگ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں وہ خطا پر ہیں کچھ لوگ غلط فہمی کا شکار ہیں، اور کچھ لوگ ذاتی منفعت ومفاد کی وجہ سے اس کی مخالفت کرتے ہیں، ان لوگوں کی باتوں پر دھیان نہیں چاہیے۔

مولانا محمد الیاس صاحب اس زمانے میں فی سبیل اللّٰہ بغیر مشاہرے اور نذرانے کی طرف طمع کے خالص اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے اور اس کے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ کی رضا جوئی کے لئے اتنا عظیم الشان کام عالمگیر پیمانے پر کررہے ہیں۔ جس کے نتیجہ میں بدعقیدہ، صحیح العقیدہ سنّی ہوگئے اور لاکھوں شریعت سے بیزار افراد شریعت کے پابند ہوگئے۔ بڑے بڑے لکھ پتی، کروڑ پتی گریجویٹ نے داڑھیاں رکھیں، عمامہ باندھنے، پانچوں وقت باجماعت نماز ادا کرنے اور دینی باتوں میں دلچسپی لینے لگے۔ کیا یہ کارنامہ اس لائق نہیں کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں قبول ہو۔ حضور اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ نے فرمایا: "**من تمسك بسنّتی عند فساد امّتی فله اجر مائة شهيد**" (مشکوٰۃ ص۳۸ حدیث ۱۷۶ المکتب الاسلامی بیروت) **یعنی میری امّت کے بگڑنے کے وقت جو میری سنّت کا پابند ہوگا اس کو سَو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔** جب امت کے بگڑنے کے وقت سنّت کی پابندی کرنے والے کیلئے سو شہیدوں کا ثواب ہے تو جو بندۂ خدا سنّت کا پابند ہوتے ہوئے کروڑوں انسانوں کو ایک نہیں اکثر سنّتوں کا پابند بنادے اس کا اجر کتنا ہوگا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{2} حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ رحمۃ اللہ القوی

(مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ نظامیہ مرکز الاولیاء لاہور)

دین کا درد رکھنے والی شخصیات میں سے ایک مولانا الیاس قادری بھی ہیں، فقیر نے خود ان سے ملاقات کی ہے انہیں بے حد متواضع، باعمل، عوام کا درد رکھنے والا، علمائے کرام کی تعظیم کرنے والا اور مذہبِ اسلام کی تعمیر وترقی کے سلسلے میں بے حد مخلص پایا۔ مسلکِ اعلیٰ حضرت (قدس سرہ) کی ترویج اور عوام الناس کی اصلاح کے سلسلے میں آپ کی محنت کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ آپکی تحریک سے وابستہ نوجوانوں کا سنّتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ میں ڈھلا ہوا سانچہ خود پکار پکار کر مولانا (الیاس قادِری) کے اخلاص و استقامت ومحنت جِد وجہدِ مسلسل کی خبر دے رہا ہے۔ بلا مبالغہ آپ اَہلسنّت وجماعت کیلئے ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{3} ادیب شہیر حضرت علامہ مولانا ارشد القادری علیہ رحمۃ اللہ القوی

یہ حقیقت ہے ایک مولانا محمد الیاس قادِری (دامت بر کاتھم العالیہ) نے پوری دنیا میں اِنقلاب برپا کر دیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{4} حضرت علامہ مولانا مفتی فیض احمد اویسی علیہ رحمۃ اللہ القوی

(بہاول پور)

فقیر، مولانا ابو بلال محمد الیاس قادری رضوی مدظلہ کے متعلق کیا لکھے؟ الحمدللہ! آپ کئی صفات کے حامل ہیں، سب سے بڑھ کر یہ کہ عشقِ رسول پاک صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم ان کے دل میں رچا ہوا ہے اور اعلیٰ حضرت سیدی شاہ احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی سچی عقیدت ومحبت سے سرشار ہیں۔ تبلیغ کا کام جو انہوں نے تھوڑے عرصے میں سرانجام دیا ہے یہ ان پر اللہ کا عظیم احسان ہے۔

ایک اور موقع پر کچھ اس طرح سے دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کے بارے میں فرمایا: الحمدللّٰہ تمام ملکوں میں پھیلی ہوئی اور بالخصوص اپنے ملک میں اکثر جگہ پر محیط ہے اور نوجوانوں، بچوں، بوڑھوں اور تمام پر اچھا اثر ہے اللّٰہ کی مہربانی ان پر ہوئی تو ایسی برکات اللّٰہ نے ان پر پیدا فرمائیں کہ یہ بھی ہمہ گیر ہو گئے ہیں اور جو سابقہ علمائے کرام دین کے خدام معروف ومشہور تھے ان کی صف میں یہ بھی شامل ہو چکے ہیں الحمدللہ، باقی جو ان کے کارکن مخلص ہیں دین کا کام کر رہے ہیں۔ فقیر کی دعا ہے کہ اللّٰہ اس مردِ مؤمن کی عمر دراز فرمائے اور جو عزائم رکھتے ہیں اس میں کامیاب وکامران ہوں۔ آمین

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{5} حضرت علامہ مولانا مفتی محمد اشفاق رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ جامع العلوم خانیوال، حال مقیم برطانیہ)

قرآن وسنت کی عالمگیر تحریک کے بانی امیر دعوتِ اسلامی، حامی سنت، ماحی بدعت، نمونۂ اسلاف، فیض غوث ورضا، عالم باعمل، عاشقِ رسول مقبول حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس قادری رضوی** مدظلہ العالی کا وجود، تمام اہل اسلام بالخصوص اہلِ سنت و جماعت کے لیے انعام الٰہی ہے اور قطبِ مدینہ، شیخ العرب والعجم کے ذریعے سے مجسم فیضانِ مدینہ ہیں، تعلیم وامارت کے حوالے سے اللّٰہ تعالیٰ نے انہیں، ان گنت صلاحیتوں کا حامل بنایا ہے، زہد وتقویٰ،

مجاہدہ و ریاضت میں یادگارِ اسلاف ہیں، اتباعِ سنت کی پابندی، عشقِ صادق کی علامت ہے، ذکر واذکار کی کیفیت جنون کی حد تک ہے۔

اہل سنت وجماعت کو حبِ رسول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم سے سرشار کر کے صلوۃ وسنت، حقوق اللّٰہ اور حقوق العباد کی پاسداری کا خوگر بنانے کے لیے انتہائی خوبصورتی کے ساتھ، محبت والفت کے ماحول میں ایک مذہبی پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی خداداد صلاحیت مثالی ہے۔

ہر کَسے رَا بَہر کارے ساختند

اکابرِ ین اہل سنت کا اس کام کے لیے آپ کی ذات کو منتخب کرنا، منشاء ایزدی کا فیصلہ تھا، اسی لیے اللّٰہ تعالٰی کے فضل وکرم اور رسولِ پاک صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی رحمت سے آپ کی شب وروز کی محنت شاقہ نے بہت جلد رنگ دکھایا کہ سالہا سال میں ہونے والا کام قلیل مدت میں مکمل ہوا، تمام بزرگانِ دین سے محبت، بالخصوص غوثِ پاک رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ سے اور امام اہل سنت امام احمد رضا قدس سرہ العزیز سے والہانہ عقیدت نے آپ کو معاصرین میں یگانہ اور فرزانہ بنادیا۔

آپ نے ذمہ داری کا کمال احساس فرماتے ہوئے کثرتِ مطالعہ، بحث وتمحیص اور اکابر علمائے کرام سے تحقیق و تدقیق کے ذریعہ سے مسائل شرعیہ پر عبور حاصل کرلیا ہے۔ امام اہلِ سنت اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کی کتب کا مطالعہ، اعلی حضرت عظیم البرکت کے علمی فیضان کا ذریعہ ہے، ان کے مسلک پر تصلب، شریعت مطہرہ کی پابندی، روحانی عروج کا سبب ہے۔

اس مسائلِ دینیہ کے حل پر آپ کی دسترس اور ملکہ وصلاحیت کو علمِ لدنی کہا جاسکتا ہے۔ حج وعمرہ کے مسائل پر آپ کی تحریر کردہ کتاب ''رفیق الحرمین' اور رفیق المعتمرین'' فقہ میں آپ کی تحقیق وتدقیق کی غماز ہیں، اصلاح وتربیت کے لیے قولِ حسن اور مثالی صلاحیت پر ''فیضانِ سنت'' شاہد عادل ہے، علمِ دین سے غایت درجہ کا شغف، باعمل علمائے کرام کے احترام اور مدارس دینیہ سے لگاؤ کا موجب ہے۔

علمائے کرام کی دست بوسی ہی نہیں، قدم بوسی کو فخر سمجھتے ہیں، مریدین اور احباب کو علمِ دین کے حصول کی

ترغیب دیتے ہیں، متعدد مریدین، جید علماء بن چکے ہیں، جگہ جگہ ''فیضانِ مدینہ'' کے نام سے مدارس قائم کروائے ہیں، جن میں نونہالانِ قوم کی تربیت، فرمانِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے مطابق حبِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم اورحبِ اہل بیت کرام کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ سرکارِ دوعالم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے والہانہ محبت، قابلِ تقلید ہے۔ مدینہ شریف میں زمین پر بچھے ہوئے فولادی ڈھکنوں پر المدینہ لکھا ہوتا ہے، میں نے خود انہیں جھک کر چومتے ہوئے دیکھا ہے، سرزمین مدینہ شریف کا دوزانو بیٹھ کر عقیدت واحترام سے بوسہ لیتے ہوئے دیکھا ہے۔

تحریر اور گفتگو میں مکہ ومدینہ کا تکرار، نقشِ نعلین سے عقیدت ومحبت جشنِ ولادت پر تمام تر مسرتوں کا اظہار، آپ کے عشقِ صادق کے دلائل ہیں، روز بروز ترقی قبولیت کی علامت ہے، سنتوں پر عمل کرنا اور کرانا آپ کی پہچان بن چکا ہے، حتی کہ سنت کے مطابق اندازِ گفتگو، سرکارِ دوعالم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے فیضِ کرم سے انقلابی تاثیر کا حامل ہے جس کا مشاہدہ دن رات مسلمانوں میں بالخصوص نوجوان نسل میں شریعتِ مطہرہ کی پابندی سے ظاہر ہورہا ہے گانوں کی بجائے زبانوں پر صلوۃ وسلام اور نعت کے ترانے ہیں، چہرہ پر سنتِ مبارکہ اور سر پر عمامہ کا تاج ہے، خواتین میں شرم وحیاء اور پردہ کا رجحان ہے، نعت اور نظم میں جو کچھ فرماتے ہیں، آپ کے عملِ صادق کا عکس ہے۔

اللہ تعالٰی نظرِ بد اور شرِ حاسد سے محفوظ فرمائے اور صحت وتندرستی کے ساتھ اہل سنت وجماعت کی بھلائی کے لیے عمرِ خضر عطا فرمائے۔ آمین

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{6} حضرت فضیلۃ الشیخ رجب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ملک شام)

(ترجمہ) ابھی مجھ سے ایک سوال کیا گیا ہے کہ آپ نے مدینۃ الاولیاء ملتان شریف کے اجتماع میں

شرکت فرمائی تو آپ نے اس کو کیسا پایا؟

میں یہ کہتا ہوں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل سے میں نے آج تک اتنے ممالک دیکھے ہیں ان میں کسی بھی ملک میں علم دین، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر کی اتنی بڑی مجلس، اتنی بڑی محفل، اتنا بڑا اجتماع نہیں دیکھا سوائے میدانِ عرفات کے۔ اس قدر عظیم اجتماع کا انعقاد اس بات کی دلیل ہے کہ امیر اہلسنّت اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مقرب ترین بندوں میں سے ہیں۔ مزید فرمایا: اگر کوئی بہت بڑا بادشاہ کسی ملک کا یا کوئی بہت بڑا آدمی بھی یہ کوشش کرے کہ اتنے لوگوں کو جمع کرے اتنے لوگوں کو جمع کرنا تو بہت بڑی بات ہے اس کا ایک جزو بھی جمع نہیں کر سکتا۔ لیکن دلوں کے بادشاہ (یعنی امیر اہلسنت) جو دلوں پر حکمرانی کرتے ہیں انہوں نے اتنا بڑا اجتماع کیا اور اتنے لوگوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دین کی باتیں سکھانے کے لیے ایک جگہ پر جمع کر لیا۔ مزید فرمار ہے ہیں کہ میں جب امیر اہلسنّت کا نام لیتا ہوں تو میں کوئی میٹھی چیز کھانے سے زیادہ لذت محسوس کرتا ہوں۔ کھانے اور اچھی چیزوں کی لذت تو صرف زبان تک محسوس ہوتی ہے لیکن اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب بندوں کی محبت دلوں میں محسوس ہوتی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{7} حضرت مولانا ڈاکٹر کوکب نورانی اوکاڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(باب المدینہ کراچی)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت مولانا محمد الیاس عطار صاحب کو یہ سعادت بخشی کہ انہوں نے پوری طرح قربانی دی۔ اپنی ساری جوانی لگا دی۔ کام کیا اور اتنا اچھا ماحول بنایا۔ کچھ تنظیمی کمزوریاں بھی ہو سکتی ہیں لیکن ماشاء اللہ تربیت اور عقائد کے حوالے سے بڑا اچھا کام ہوا ہے اور اب بہت زیادہ خوشی ہے کہ علمی کام بھی ہو رہا ہے الحمد للہ خاص طور پر جو فتاویٰ رضویہ شریف کو ایک سی ڈی میں سرچنگ کے حوالے سے جمع کیا ہے، میں ان

کاموں کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔میڈیا کا دور ہے ہمیں ہر سطح پر جا کر سچ کی آواز کو بلند کرنا ہے اور گھر گھر پہنچانا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{8} حضرت علامہ مولانا ابوداؤد صادق مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز محدث اعظم پاکستان،خطیب زینت المساجد دارالسلام،گوجرانوالہ)

مبلغ اسلام وسنت خیرالانام (علیہ الصلوۃ والسلام) **مولانا محمد الیاس قادری** امیرِ دعوتِ اسلامی مدظلہ العالی کی عمروصحت میں مولیٰ تعالیٰ بوسیلۂ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء برکت عطافرمائے اور انہیں ہمیشہ حفظ وامن میں رکھے۔

ماشاء اللہ عَزّوَجَلّ انہوں نے مجموعی طور پر تبلیغِ اسلام وخدمت میں مثالی کردار ادا کیا ہے اور نوجوانوں کے دلوں میں عشقِ مصطفیٰ صلّی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلّم کی شمع روشن فرما کر انہیں عاشقِ مدینہ اور فدائے تاجدارِ مدینہ بنادیا ہے۔خدا تعالیٰ ،نظرِ بد اور شرِ اعداء واشرار سے محفوظ رکھے اور یہ کاروانِ مدینہ ہمیشہ رواں دواں رہے۔ آمین

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{9} حضرت علامہ مولانا مفتی گل احمد عتیقی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(استاذ جامعہ نظامیہ مرکز الاولیاء لاہور)

مخدومِ اہل سنت،محسنِ ملت،پیرِ طریقت،حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب امیر دعوتِ اسلامی، نادرِ روزگار شخصیت اور یادگارِ سلف ہیں،آپ کے خلوص وللّٰہیت،شبانہ روز تبلیغی مساعی اور تبلیغی حکمتِ عملی سے مختصر سے

مختصر وقت میں ہزاروں گمراہ، راہِ راست پر آ گئے اور ہزاروں غافل دل، حبِ سید الانبیاء کا مرکز بن گئے اور ہزاروں غیر متبعین سنت، سنتِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا پیکرِ مجسم بن گئے، سینکڑوں رہزن، رہنما و ہادی بن گئے اور ہزاروں ان پڑھ تعلیم دین کے زیور سے آراستہ ہوکر مبلغ اسلام بن گئے اور ہزاروں دنیادار، باعثِ تخلیقِ کائنات علیہ التحیۃ والثناء کے دامن سے وابستہ ہو گئے اور ہزاروں فاسق وفاجر، فسق فجور سے تائب ہوکر متقی و پرہیز گار بن گئے۔

واضح ہے کہ اتنے مختصر عرصہ میں اتنے کارہائے نمایاں انجام دے کر لاکھوں مسلمانوں کے دلوں میں اتباعِ سنت اور حبِ رسول (صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم) کی شمع روشن کرنا کوئی معمولی بات نہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی تبلیغ، سلف کے جذبہ ولگن کی عکاس اور آپ کی ذات سلف کی روحانی فیض کی مظہر ہے۔ اللہ تعالٰی ہر عالمِ دین، شیخِ دین متین اور خانقاہی سجادوں نشینوں اور عوام وخواص کو یہی جذبہ اور یہی لگن عطا فرمائے اور ہر مسلمان کو دنیا و آخرت میں کامیابیوں سے ہم کنار کرے اور موصوف کو عمرِ نوح (علیہ السلام) سے نواز کران کا سایہ تا دیر قائم رکھے، تاکہ مسلمان آپ کے فیوض وبرکات سے مستفیض ہوکر اپنی دنیا وآخرت سنوار سکیں۔

آمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وصحبہ اجمعین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{10} حضرت علامہ مولانا مفتی محمد ابراہیم قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ غوثیہ رضویہ، سکھر)

۱۹۸۰ء کی بات ہے جب راقم دارالعلوم امجدیہ کراچی میں دورۂ حدیث کا طالب علم تھا، اپنے ایک دوست کے ساتھ یہ سن کر کہ ''ککری گراؤنڈ'' میں یومِ رضا کے سلسلے میں جلسہ ہو رہا ہے۔ ککری گراؤنڈ پہنچا، اس وقت ایک نوجوان تقریر کر رہا تھا۔ میں نے ایک صاحب سے پوچھا ''یہ مولانا صاحب کون ہیں؟'' انہوں نے کہا کہ ''یہ مولانا محمد

الیاس صاحب ہیں، ان کا تعلق میمن برادری سے ہے، یہ شہید مسجد کے امام ہیں اور یوم رضا کا پروگرام انہیں کی کوششوں سے ہوتا ہے۔''

اس وقت کسی کو کیا معلوم تھا کہ یہ نوجوان جسے آج صرف مولانا صاحب کہا جارہا ہے، کل دنیا اسے امیر اہلسنّت کہے گی...... آج جس شخص کی شہرت اور جان پہچان ایک مختصر سے علاقہ تک محدود ہے، کل وہ شخص سنت کے وقار کی علامت بن کر ساری دنیا پر چھا جائے گا...... آج جس کے زیرِ اثر چند ساتھی ہیں کل ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں اس کے جانثار خدام ہوں گے...... آج جس کو سننے کے لیے دو تین سو آدمی جمع ہوئے ہیں، کل اس کی تقریر سے دنیا فیض یاب ہوگی۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ ۔ اللہ تعالیٰ حضرت امیر اہلسنّت کا بھلا کرے جنہوں نے دعوتِ اسلامی کے نام سے ایسی دینی اصلاحی جماعت قائم فرمائی جس نے بدمذہبیت کے سیلاب کے آگے بند باندھا۔ جس سے ہزاروں لاکھوں افراد وابستہ ہوکر اپنی زندگی اتباعِ شریعت میں گزار کر اور دلوں کو حبِ سرکار صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم سے سرشار کر کے اپنے سینے کو مدینہ بنائے ہوئے ہیں۔

ہم شب و روز وعظ کے ذریعہ لوگوں کو اسلامی زندگی اپنانے کی تلقین کرتے ہیں، ہمارے وعظ سے لوگوں کی معلومات میں اضافہ ضرور ہوتا ہے اور لوگ حسنِ خطابت سے محظوظ ہی ہوتے ہیں، مگر بہت کم لوگوں کی زندگی میں انقلاب آتا ہے۔ اس کے برعکس حضرت کا اندازِ بیان سادہ مگر ایسا دل نشین اور پُر اثر کہ بات سامعین کے دل میں اترتی چلی جاتی ہے، یہ بیان ہی کا اثر ہے کہ اس دورِ فتن میں کہ جس میں سر پر ٹوپی رکھنا بھی کسی آزمائش سے کم نہیں، نوجوانوں کے چہروں پر داڑھی اور سروں پر عمامے سجادیئے ہیں اور دین سے دور لوگوں کو دین کا شیدائی اور تاریک دلوں کو عشقِ مصطفیٰ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے نور سے منور اور قساوت قلب کا شکار ہو جانے والے لوگوں کو سوز و گداز کی لذتوں سے آشنا کر دیا۔

میں حضرت امیر اہلسنّت سے کئی بار مل چکا ہوں، بحمدہ تعالیٰ میں نے انہیں عاجز و منکسر اور **علماء کا مؤدب پایا۔** اعلیٰ حضرت سیدی امام **احمد رضا بریلوی** رضی اللّٰہ عنہ سے والہانہ عقیدت رکھتے ہیں، ان کی تحقیق پر بہت زیادہ اعتماد فرماتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ معاصر علماء کی تحقیق کو علومِ رضویہ کی کسوٹی پر پرکھ کر اس کے صواب و ناصواب ہونے کا

فیصلہ فرماتے ہیں۔

مسائلِ دینیہ میں نظرِ عمیق رکھتے ہیں اوراس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز کی تصانیف جوعلوم ومعارف کاخزینہ اورفقہ کی وادی میں قدم رکھنے والوں کے لیےخضرِ راہ کا کام دیتی ہیں، کا گہری نظر سے مطالعہ کیا ہے۔دینی علوم کی ترویج واشاعت میں بہت زیادہ کوشاں رہتے ہیں،جس کا بین ثبوت فیضانِ مدینہ سبزی منڈی، مدرسۃ المدینہ گلستانِ جوہراوردعوت اسلامی کی زیرِنگرانی چلنے والے چھوٹے بڑے سینکڑوں مدارس ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعاہے کہ وہ حضرت امیراہل سنت کی مساعی دینیہ کوقبول فرماکرانہیں دارین کی بہترین جزاعطا فرمائے اوران کےفیض کوعام فرمائے۔آمین یارب العالمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{11} حضرت علامہ مولانا عبدالستارسعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رئیس المدرسین وناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ مرکزالاولیاء لاہور)

حضرت مولانا الیاس قادری صاحب بہت بڑے عاشقِ رسول اور متبع سنتِ رسول ہیں۔آپ خصوصاً بدمذہبوں کو پسپا کرنے میں دن رات محنت کررہے ہیں۔یہ ایسی شخصیت ہیں کہ ان کےعلاوہ ایسا کوئی اورآدمی ایسا کام نہیں کررہا۔آپ بڑے خلوص والےاور بڑے شفیق ہیں اوران کی وجہ سےلوگ جوق درجوق سنتوں کواپنارہے ہیں اور دنیا بھرمیں ان کافیضان جاری وساری ہے۔مولاناعلمائے کرام سے خصوصی محبت کااظہارفرماتے ہیں اورادب واحترام کادامن ہاتھ سےنہیں چھوٹنے دیتے اورمریدین کوبھی ادب واحترام کی نصیحت فرماتے رہتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمراورفیض میں برکتیں عطافرمائے،آمین۔ ۲۵ جولائی ۲۰۰۰ء

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{12} حضرت علامہ مولانا مفتی محمد خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ مرکز الاولیاء لاہور)

حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری ہمارے دور کی ایک باعمل اور باکردار شخصیت ہیں، انہوں نے اشاعتِ اسلام اور اشاعتِ دین میں نہایت محنت اور جدوجہد سے کام لیا ہے، اس کا عملی ثبوت ''دعوتِ اسلامی'' کی صورت میں موجود ہے۔ انہوں نے ذمہ داری کا ثبوت دیتے ہوئے ایک ایسے خلاء کو پُر کرنے کی کوشش کی ہے جس کی ضرورت کئی سالوں سے محسوس کی جارہی تھی، انہوں نے معاشرے اور نوجوان نسل کو دعوتِ اسلامی کی صورت میں ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا، جو بدعملی اور بدعقیدگی سے محفوظ ہے۔

امیرِ دعوتِ اسلامی نے جہاں تبلیغِ دین میں نہ صرف تقریر کو ذریعہ بنایا بلکہ تحریر کے ذریعے بھی دینی خدمات سر انجام دیں۔ خصوصاً ''فیضانِ سنت'' جیسی کتاب انہوں نے مرتب کی، جو آج گوشے گوشے میں پہنچ چکی ہے اور لوگ اس سے تعلیمات حاصل کررہے ہیں۔ نعتیہ شاعری میں آپ نعت تحریر فرمانے اور کہنے میں ایک اپنا مقام رکھتے ہیں، مجھے ان کا استغاثہ کہ جو انہوں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا کہ لوگ نیکی کی طرف آئیں، بدعملی سے کنارہ کشی کریں، عشقِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے سرشار ہوجائیں، بہت پسند ہے۔

مولانا کے امتیازات میں سادگی کو نہایت ہی عظمت حاصل ہے، میری ان سے باب المدینہ (کراچی) مرکز میں ملاقات ہوئی تھی میں نے ان کو ہر قسم کے تکلف سے بالاتر محسوس کیا، اہلِ محبت کے لیے ان کے سینے میں تڑپ اور درد محسوس کیا، بحمد اللّٰہ تعالٰی ان کے ہاتھوں سے اللّٰہ تعالٰی نے حضور صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی سنن کے ساتھ ہزاروں، لاکھوں نوجوانوں کو لگن اور محبت عطا فرمائی ہے اور ان کے دلوں میں اپنی اور اپنے رسول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے محبت کا رشتہ استوار فرمایا ہے۔

حضرت مولانا کی دینی خدمت میں، دینی مدارس کا قیام بہت بڑی خدمت ہے، الحمدللہ! میں ان کے لیے اوران کی جماعت کے لوگوں کے لیے نہ صرف دعا گو رہتا ہوں بلکہ دیگر اہل علم و دانش حضرات سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ وہ ان کے ساتھ تعاون کریں۔ اللّٰہ تعالیٰ! حضرتِ الیاس قادری مدظلہ کے علم وعمل، خدمتِ دین میں برکات عطا فرمائے اورانہیں قبول فرمائے، آمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علی مُحمَّد

{13} حضرت علامہ مولانا محمد یار مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب آستانہ عالیہ حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر، پاک پتن شریف)

اللہ تعالیٰ نے حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری عطار مدظلہ کی صورت میں اہل سنت کو بہت بڑا سرمایہ عطا فرمایا ہے، جن کے شب وروز تبلیغی اجتماعات سے ہزاروں لوگ فسق وفجور سے نکل کر راہِ ہدایت پر آچکے ہیں۔

فقیر کو ملتان شریف کے اجتماع میں حاضری کا موقع ملا، ایک ہوٹل پر ایک بچے کو دیکھا۔ کھانے سے پہلے یہ دعا پڑھ رہا تھا ''بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم'' اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا یہ حضرت کی تبلیغ کا اثر ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ علامہ صاحب کو احیائے اہل سنت کے لیے طویل عمر عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علی مُحمَّد

{14} حضرت علامہ مولانا محمد صدیق ہزاروی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور)

اس فقیر پر تقصیر کے نزدیک حضرتِ امیرِ دعوتِ اسلامی کی عظمت وشان اس سے بڑھ کر کیا ہوسکتی ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ نے ان کے ذریعے دینِ اسلام کا اتنا عظیم انقلاب برپا کرکے عالمِ اسلام کے قلب وروح کو منور فرمایا اور عالمِ ظاہر کو سنّتِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی بہار عطا فرمائی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ذاتِ رحیم وکریم حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری زید مجدہ کے لگائے ہوئے پودے کو جو شجرِ پُر ثمر بن چکا ہے مخالفین کے تعصب و عِناد کے آرے سے محفوظ رکھے اور یہ شمع سے شمع جلتی رہے اور تا قیامت اہل سنت وجماعت کا یہ اجتماعی تبلیغی نظام قائم ودائم اور ثمر آور رہے۔ آمین بجاہ النبی الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{15} جگر گوشہ شارح بخاری حضرت علامہ مولانا محمد محبّ الحق امجدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ہند)

حضرت مولانا محمد الیاس قادری صاحب سے احقر پہلی مرتبہ اس وقت متاثر ومتعارف ہوا جب ایک بار مدینۃ الاولیاء (ملتان) میں عالمی اجتماع ہورہا تھا، اسی وقت شب میں ریڈیو پاکستان لگایا تو اجتماع کی کارروائی نشر ہورہی تھی۔ میں اس رقت انگیز دعا کو سننے لگا یہاں تک کہ احقر کے سیاہ دل پر رقت طاری ہوگئی۔ جب دعا ختم ہوئی تو ریڈیو پاکستان نے بتایا کہ امیر ملت حضرت مولانا الیاس قادری صاحب مدظلہ العالی دعا فرمارہے تھے۔ میں سوچنے لگا کہ یہ خواب دیکھ رہا ہوں یا حقیقت۔ جب سے جاننے کی خواہش ہوئی کہ حضرت مولانا موصوف کون ہیں؟ کیا ہیں؟ اور ان کی دعوت کا مقصد کیا ہے؟

والد گرامی شارح بخاری علامہ مفتی شریف الحق امجدی صاحب قدس سرہ العزیز کولمبو سفر سے واپس آئے تو کسی

عقیدت مند نے انہیں فیضانِ سنت تحفہ میں پیش کی تھی۔ جب غریب خانہ پر تشریف لائے تو فیضانِ سنت بھی ان کے پاس تھی۔ میں نے پہلی فرصت میں اس کا مطالعہ شروع کر دیا۔ جوں جوں مطالعہ کرتا گیا دل میں یہ بات اترتی گئی کہ یہ یقیناً مقبولِ بارگاہ کتاب ہے اور یقیناً اسے سچے عاشقِ رسول نے لکھا ہے۔ احقر نے فیصلہ کیا کہ اس کتاب کو تنہا نہیں پڑھنا چاہیے بلکہ مسجدِ برکات میں رکھ دیں اور امام صاحب سے گزارش کریں کہ آپ بعدِ نمازِ عصر اس کو پڑھیں (درس دیں) تاکہ سب لوگ فائدہ اٹھائیں اور پھر والد گرامی جس کی تعریف کریں......جس کے متعلق فرمائیں کہ پچاس سال میں علماء نے جو کام نہیں کیا مولانا الیاس نے وہ چند سالوں میں کر دیا......جن کی تعریف وتوصیف وہ نجی اور عام محفلوں میں کریں......وہ ہمارے لیے ہر طرح سے سند ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور ان کی دعوت کو عام فرمائے، آمین۔ ملاقات کا اشتیاق بہت ہے......دیکھیئے! کب بخت آوری ہوتی ہے۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{16} حضرت علامہ مولانا مفتی عبدالمنان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مترجم کنزالایمان، مفتی بنگلہ دیش)

الحمدللہ دعوتِ اسلامی کے سب کام مجھے بہت اچھے لگے اور اس پُرفتن اور عمل سے اعراض کے دور میں سنت کے پھیلانے کی جو تحریک قائم کی ہے اس سے سنی دنیا میں ایک نئی امید پیدا ہوئی ہے، دعوت کے ساتھ ساتھ لائبریری میں کتابوں کا جو ذخیرہ دیکھا اس سے ان شاء اللہ سنیت کا انقلاب برپا ہوگا اس سے میں بہت متاثر ہوں اور اللہ سے دعا ہے کہ اللہ جل شانہ دعوتِ اسلامی کو اور بھی ترقی دے، آمین۔ امیر دعوتِ اسلامی حضرت علامہ الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ سے میری پہلی ملاقات دبئی میں ہوئی تھی تو آپ کو دیکھ مجھے یقین ہوا کہ الحمدللہ یہ اللہ کے ولی ہیں۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{17} حضرت علامہ مولانا مفتی محمد رضا المصطفٰی ظریف القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ڈائریکٹر پاک سنی اکیڈمی گوجرانوالہ)

برصغیر پاک وہند میں سیدنا امام ربانی مجدد الف ثانی اور اعلیٰ حضرت امام شاہ احمد رضا بریلوی رضی اللّٰہ عنہما کے تجدیدی کارناموں نے شجر اسلام کے لیے جس بہترین آبیاری کا کام کیا، اس کے اثرات عرصہ دراز تک قائم رہے، پھر وہ وقت آیا کہ فرنگی تہذیبوں کے بادل منڈلانے لگے اور بدعقیدگی کی تاریکیاں چھانے لگیں۔ فرزندانِ توحید کا رشتہ ان کے خالقِ حقیقی اور ہادیٔ برحق علیہ السلام سے توڑنے کی مذموم جسارتیں ہونے لگیں۔

ایسے حالات میں ملتِ اسلامیہ کو ایسے مردِ مجاہد کی ضرورت تھی جو جرأتِ امام ربانی سے بھی سرشار ہوتا اور جذبۂ اعلیٰ حضرت سے بھی معمور نیز اسلاف کی مجسم عملی تصویر بھی ہو۔ خدائے لایزال جل وعلا کا لاکھ شکر کہ وہ مجاہد حضرت مولانا محمد الیاس قادری زید مجدہ کی شکل میں میدانِ عمل میں آیا۔ احیائے سنت اور تحفظ عقائد اہل اسلام کی تحریک لے کر بڑی تھوڑی مدت میں بدرِ منیر کی طرح آسمانِ رشد وہدایت پر تاباں نظر آنے لگا اور انکی تحریک کی برکت سے ملت کے نوجوان جو راہِ راست سے بھٹک رہے تھے اور اپنے عظیم محسن کو بھولے جا رہے تھے، صراطِ مستقیم پر آنے لگے، داڑھی، عمامہ جیسی سنتِ مبارکہ سے نفرت کرنے والے انہیں کی زینت وبہار میں دل شاد نظر آنے لگے۔ لِلّٰہِ الْحَمْدُ حَمْداً کَثِیْراً۔ دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ اپنے محبوب کے وسیلہ جلیلہ سے حضرتِ موصوف کے علم وعمل اور مزید جذبۂ خدمتِ دین میں برکت فرمائے اور احیائے سنت کی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کو دن دگنی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے۔ آمین بحرمۃ طٰہٰ ویٰس

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{18} حضرت علامہ مولانا عظمت علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(اشرف المدارس اوکاڑہ)

امیر اہل سنت عاشقِ رسول عالمِ باعمل، پیکرِ سنت، نائبِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالی عنہ، نائب غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ، عاشقِ مدینہ، مبلغ عصر، عالم نبیل، فاضلِ جلیل حضرت علامہ امیر دعوتِ اسلامی ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیۃ کی شخصیت کو اللہ تعالیٰ نے وہ عروج عطا فرمایا کہ اس پرفتن دور میں بغیر کسی ڈر وخوف کے حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے مشن کی اشاعت کا فریضہ بہت ہی اچھے انداز اور بڑے ہی پیارے طریقے سے انجام دے رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبان میں وہ تاثیر عطا فرمائی کہ جو کوئی آپ کے تحریری بیانات، نعتیں اور تصانیف پڑھتا ہے وہ اپنے ماضی کی طرف ضرور دیکھتا ہے۔ آپ کے بیان سے لاکھوں لوگ راہِ راست پر آ کر دینِ مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے اہم فریضہ تبلیغ کا کام بہت ہی خلوص سے اور حضور اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی محبت لوگوں کے قلوب میں ڈال کر انہیں عاشقِ مدینہ اور عاشقِ رسول بنا رہے ہیں۔

آپ موجودہ دور میں وہ کام کر رہے ہیں مثلاً فیضانِ سنت جیسی ضخیم تصنیف کو مدنی فیض براہ راست بھی پہنچ رہا ہے، اور بارگاہِ مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم اور بارگاہِ غوث اعظم رضی اللہ عنہ اور بارگاہِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کا فیض پہنچ رہا ہے اور یہ کتاب فیضانِ سنت بارگاہِ حضور اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم میں مقبول ہے۔ اگر میں بندۂ ناچیز عرض کروں تو امیر اہلسنّت کی شخصیت سے متاثر ہو کر اور بزرگوں کی دعاؤں سے میں اس وقت اس مقام پر پہنچا ہوں، امیر اہلسنّت کا فیض آج بھی اس بندہ کو پہنچ رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو عمرِ خضری عطا فرمائے اور آپ کے فیض سے ہر سنی بریلوی قادری، نقشبندی، سہروردی، چشتی، صابری کو مستفیض فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ بندۂ ناچیز کو تو آپ کے جینے کا مقصد یہی نظر آتا ہے۔

کیسے جا مدینے کی باتیں | یہی ہیں میرے جینے کی باتیں
زمانے کی باتوں سے کیا مطلب | یہ باتیں ہیں میرے جینے کی باتیں

اللہ تعالیٰ امیر اہل سنت کے فیض کو امتِ مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کو لوٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔فجزاہ اللہ خیرا......یعنی اللہ تعالیٰ ان کو اچھی جزا عطا فرمائے۔آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! | صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{19} حضرت مولانا حافظ محمد رمضان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مجاز محدث علی پوری پیر سید جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ،ضیاء کوٹ)

حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری سے کبھی ملاقات تو نہ ہوئی مگر مجھ کو ان سے ملنے کا اشتیاق بے حد ہے، میں نے ان کی سیالکوٹ میں تقریر سنی تھی، اندازِ بیان بے حد پیارا ہے،حضرت علامہ کا تقویٰ، پرہیزگاری قابلِ تقلید ہے، آپ نے مسلکِ اہل سنت کی تبلیغ وترویج کے لیے جو کام کیا ہے وہ بے مثالی ہے۔ ہر طرف دعوتِ اسلامی کا پیغام پہنچانے میں آپ نے انتہائی محنت ومشقت سے کام لیا ہے، آپ کی خلوص بھری محنت اور کوشش ہی کا نتیجہ ہے کہ آج ہر طرف ملک اور ملک سے باہر دعوتِ اسلامی ہی دعوتِ اسلامی ہے،اوراس کے کارکن اس قدر پیارے ہیں کہ ان میں سے جب بھی کسی کو دیکھتا ہوں تو دل پرنور ہو جاتا ہے۔

حضرت مولانا محمد الیاس قادری صاحب جیسی شخصیات حقیقتاً عوام اہلِ سنت کے لیے اللّٰہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں، جو اللّٰہ تعالیٰ نے اس امت پر نازل فرمائی۔اللّٰہ تعالیٰ نے حضرتِ مولانا کو نہ صرف تبلیغ دین کرنے کی توفیق عطا فرمائی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ تبلیغِ دین عام کرنے کے بہترین طریقے بھی سکھائے،اللّٰہ تعالیٰ نے آپ کو بے شمار خصوصی نوازشوں سے نوازا ہے، جس میں خصوصاً عشقِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم ،خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ ،امت محمدیہ

کی آخرت کے بارے میں درد اور احساس ۔آپ کی شخصیت ایسی ہمہ گیر شخصیت ہے کہ جس کا بیان کرنا بڑا مشکل ہے، آپ نے تبلیغ دین میں جو محنت فرمائی اور مسلکِ حق اہل سنت کو جو فائدہ پہنچایا، وہ خصوصاً مخالفین اہل سنت کے لیے ایک بہت بڑا المیہ ہے، مخالفین حضرت مولانا کی دینی خدمات سے اس قدر پریشان ہیں کہ وہ ہر وقت کوشش میں ہیں کہ کسی طرح حضرت کے فیض کو منقطع کردیں، اسی سلسلے میں وہ حضرت پر کئی حملے بھی کرچکے ہیں، مگر شاید وہ لوگ اس بات سے بے خبر ہیں کہ

فانوس بن کر جس کی حفاظت ہوا کرے

وہ شمع کیا بجھے جس کو روشن خدا کرے

یہ حضرت مولانا کے اخلاص کا نتیجہ ہے کہ آج ہر سنی کی زبان پر آپ کی تعریف ہوتی ہے۔ راقم الحروف نے گوجرانوالہ کے قیام میں اپنے نواسے ''محمد داؤد صاحب'' سے ان کے بارے میں بہت پیاری پیاری باتیں سنیں، جب کہ میرے داماد ابو داؤد صادق صاحب بھی اپنے رسالے ''رضائے مصطفیٰ صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم میں ان کے بارے میں، ان کی تعریف میں کچھ نہ کچھ تحریر کرتے رہتے ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ''اللّٰہ تعالیٰ ان کی تمام دینی، مسلکی، مذہبی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم

میں نے مسجد چوہدریاں رنگ پورہ روڈ کی ایک ہی مسجد میں سابقہ ٦٤ سال میں ٦٤ مصلے سنائے، میں اس کا ثواب حضرت کی خدمت میں بطورِ ہدیہ پیش کرتا ہوں۔ اللہ قبول فرمائے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{20} حضرت علامہ مولانا عارف سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝١٠٤ (پ ٤، ال عمران:١٠٤) (ترجمۂ کنز الایمان: اور تم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہئے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بُری سے منع کریں اور یہی لوگ مُراد کو پہنچے)

رہبرِ قوم حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری زید مجدہ ایک تنظیم، ایک سچے اور مخلص مسلمان جو اپنے سینے میں معاشرے کی بے راہ روی، عریانی اور فحاشی کے خاتمے کی تڑپ، جہنم کے دردناک عذاب سے لوگوں کو بچانے کا سچا جذبہ رکھنے والے بندۂ مومن ہیں جو عنفوانِ شباب سے ہی صلوۃ وسنت کی تحریک لے کر کراچی سے تن تنہا بے سروسامانی کے عالم میں نکلے اور دیکھتے ہی دیکھتے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں (افراد) کو جہنم کے کناروں سے پکڑ پکڑ کر جنت کے راستے پر گامزن کر دیا۔

ایسے معاشرے میں کہ جہاں نوجوانوں کے خون کی گرمی بڑھتی ہو، خواہشاتِ نفسانی کے طوفان میں بڑے بڑے علماء ومفکرین اور دانشورانِ قوم اپنی تحریکوں کو ڈوبتا ہوا دیکھ رہے ہوں یا ان کی تحریکیں محض ریٹائرڈ ملازمین یا عمر کی آخری اسٹیج پر پہنچے ہوئے افراد کے گرد گھوم رہی ہوں، نوجوان ہپی کٹ لباس اور اسٹائل میں گم ہو چکے ہوں اور دیکھنے والے دیکھ لیں کہ نوجوان نسل کے لیے خواہشات کے مندروں کو مسمار کرنا انتہائی مشکل ہے وہی نوجوان چند دن اس مردِ مجاہد کی صحبت میں بیٹھیں تو ان کی زندگی یکسر بدل جائے، سر پر عمامہ سجالیں، لباس، اٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا، کھانا پینا، سید المرسلین صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی اداؤں میں گم کر دیں۔

جب ابتدائے اسلام کی روایات اور خیر القرون کی پاکیزگی جیسے اوصاف ضعیف اور کمزور کر دیئے گئے ہوں، ڈِش، کیبل، ٹی وی میڈیا پر کروڑوں بلکہ اربوں روپے سے اسلام دشمن قوتیں اسلام کو مٹانے پر سرگرمِ عمل ہوں دنیائے اسلام کی حقیقی روح کا نظارہ تروتازہ مہکتے ہوئے پھولوں کی طرح دیکھے، سونگھے اور محسوس کرے تو پھر حق وہی ہے جس کی گواہی دل بھی دے اور زبان بھی کہے: ''ہاں ہاں کیوں نہ کہوں اس صدی کا محی السنۃ والدین''۔ اگر دلیل چاہئے، آج کے علماء ہی کو دیکھ لیجئے اگرچہ خود عمل میں جدوجہد میں کامل بھی ہوں مگر انکی صحبتیں ایسی مثالیں پیش کرنے سے عاری

ہیں۔کم از کم میری نگاہیں سوائے دعوتِ اسلامی کے ماحول کے ایسے مناظر کے نظارہ کو ترستی ہیں۔

اللّٰہ کرے اس مردِ قلندر کی عشقِ مصطفیٰ صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم سے سرشار جدوجہد نہ صرف عالمِ اسلام بلکہ پوری دنیا میں چھا جائے، لوگ اپنے ملک میں نظامِ مصطفیٰ صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے نفاذ کی جدوجہد کرتے ہیں مگر خود ان کے گھر اس دولت سے محروم ہوتے ہیں۔اے دعوتِ اسلامی! تیری تحریک پر قربان کہ تو نے کئی گھروں میں نظامِ مصطفیٰ صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کو نافذ کر دکھایا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{21} حضرت علامہ مولانا صاجزادہ عبدالمالک مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز پیر سید اکبر علی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، مہتمم جامعہ اکبریہ میانوالی)

حضرت مولانا محمد الیاس قادری عطاؔر مدظلہ العالی سے میری شناسائی 1986ء سے ہے جب وہ کھارادر کی جامعہ مسجد کے فٹ پاتھ پر مذہبی کتابوں اور تبرکات کا اسٹال لگایا کرتے تھے۔باوجود کٹھن کام اور محنت کے انہوں نے تبلیغ دین کے فریضہ میں کبھی کوتاہی نہ فرمائی۔کھارادر کی مسجد سے اٹھنے والی علم وعرفان کی لہروں نے پورے ملک بلکہ پوری دنیا کو منور فرمایا۔

پنجاب میں جب دعوتِ اسلامی نے اپنے مشن کا آغاز کیا تو اس دعوت کی تحریک کو دس سال گزر چکے تھے، میانوالی میں دعوتِ اسلامی کا پہلا وفد حضرت مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ کی قیادت وامارت میں جامعہ اکبریہ میں قیام پذیر ہوا اور اس طرح دعوتِ دین کا پیغام میانوالی کے ہر گھر پہنچا۔

میرے نزدیک قادری صاحب کی بڑی خوبی اپنے مشن کے ساتھ اخلاص ولگن ہے۔دن رات کی محنت شاقہ نے ان کو کندن بنا دیا۔ایسے خوش نصیب لوگ بہت کم ہوتے ہیں جو اپنے ہاتھ سے پودا لگائیں اور پھل بھی خود ہی

کھائیں، پھل آنے والی نسلیں ہی کھاتی ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ نے قادری صاحب کو ان کا مشن ان کی آنکھوں کے سامنے پروان چڑھتے دکھایا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ انہیں عمرِ خضر عطا فرمائے اور ان کا سایہ اہل سنت پر قائم ودائم رکھے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{22} حضرت علامہ مولانا خادم حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور وخطیب جامع مسجد شاہ ابوالمعالی)

زمانہ قدر کر ان کج کلاہانِ محبت کی
کہ پیدا اس نمونے کے جواں ہر دم نہیں ہوں گے

جن دنوں امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا پیر محمد الیاس قادری زید مجدہ الکریم لاہور تشریف رکھتے تھے اور جمعرات کو نمازِ عشاء کے بعد جامع مسجد سوڈیوال ملتان روڈ پر مختلف وفود اور عامۃ الناس سے ملاقات فرماتے، میں نے اپنی کتاب ''تیسیر ابواب الصرف'' پیش کرنے کے بہانے ان سے ملاقات کا پروگرام بنایا اور بعض دوستوں سے اس کا اظہار کیا۔ ساتھیوں نے بتایا کہ ''وہاں ہر آدمی قطار میں کھڑے ہو کر ملاقات کرتا ہے اگر آپ بھی ایسا کر سکتے ہیں تو ضرور تشریف لے جائیں۔''

پروگرام کے مطابق جمعرات کو نمازِ عشاء کے بعد جامع مسجد سوڈیوال پہنچ گیا۔ کچھ ہی دیر میں امیرِ دعوتِ اسلامی مدظلہ العالی کی آمد ہوئی، قطار میں میرے لیے ایک ساتھی پہلے ہی موجود تھے۔ جب میں قطار میں کھڑے ہونے کے لیے چلا تو میرے ایک عزیز دوست تشریف لائے کہ ''حضرت صاحب آپ کو بغیر لائن کے ملاقات کے لیے بلا رہے ہیں۔'' کتاب کے شروع میں ایک شعر لکھ کر انکی نذر کیا تھا جسے پڑھ کر کافی دیر تک محظوظ ہوتے رہے۔

باں گروہ کہ از ساغرِ وفا مستند

سلامے ما بِرَسانید ہر کجا ہستند

امیرِ دعوتِ اسلامی (اللّٰہ تعالیٰ حوادثاتِ زمانہ سے ان کو محفوظ و مامون رکھے) نے جس شفقت و محبت اور عاجزی و انکساری کا اظہار فرمایا، قلم ان لمحات و کیفیات کو لفظی جامہ پہنانے سے معذور ہے۔ ہاں! یہ بات ضرور ہے جو سن رکھا تھا میں نے ان کو اس سے بہت بلند و بالا پایا۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ

یہ امیرِ دعوتِ اسلامی دامت برکاتھم العالیہ کی کوششوں، جہدِ مسلسل، ان تھک محنت اور جانفشانی کا ثمرہ ہے کہ آج ''دعوتِ اسلامی'' فروغِ عشق و محبت رسول اللّٰہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم اور اتباعِ شریعت کی عالمگیر تحریک بن چکی ہے۔ دعوتِ اسلامی اہلِ سنت و جماعت کے عقائد و نظریات اور حقوقِ اہلِ سنت کی علم بردار بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ تبلیغ اور چِلوں کے بہانے سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان پر منہ اور ہاتھ صاف کرتے اور کئی کئی دن مساجدِ اہلِ سنت کو سرائے بنائے رکھتے اور وہ مساجد کے پُر امن ماحول کو مکدر کرتے تھے آج وہ بھیڑ نما بھیڑیئے سہمے ہوئے ہیں اور کوئی بھی قدم اٹھانے سے قبل کئی بار سوچتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{23} حضرت مولانا محمد ناصر سلیم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی انجمن فیضانِ مصطفیٰ بنی افغان میانوالی)

آج دنیا میں اگر کسی نے سرکارِ مدینہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے سچے عاشق اور سنتوں پر عمل کرنے والے کو دیکھنا ہے تو وہ امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کو دیکھ لے، آج کل کے اس گئے گزرے دور میں جہاں ہر آدمی کی خواہش ہے کہ میں دنیا کی دولت اکٹھی کرلوں اور میں دنیا میں بڑا کہلاؤں، نہ نماز کی فکر، نہ آخرت کا غم، نہ قبر کا خیال بلکہ اکثر مسلمان عشق و مستی میں ڈوبے ہوئے پستی در پستی کی طرف جا رہے تھے وہاں حضرت امیرِ اہلِ سنت نے اپنے نرالے انداز میں مسلمانوں کو عشقِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا درس شروع کیا۔

سنتِ رسول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کو زندہ کرنے کی فکر دی، سرکارِ مدینہ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی محبت میں مرجانے کی سوچ دی۔ اگر ان تعلیمات کا عملی نمونہ کسی نے دیکھنا ہو تو کسی جگہ بھی دعوتِ اسلامی کے اجتماع میں جا کر دیکھ لے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے دعا ہے کہ سرکارِ مدینہ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے صدقہ میں امیر اہل سنت کی عمر شریف دراز فرمائے اور دعوتِ اسلامی کو ہر ساعت، ہر قدم پر کامیابیاں، کامرانیاں عطا فرمائے اور ہم سب کو سرکارِ مدینہ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سنتوں پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{24} حضرت علامہ مولانا سید نظام علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد حنفیہ غوثیہ رضویہ (رجسٹرڈ) گریسی لائن چکلالہ راولپنڈی)

''امیر دعوتِ اسلامی'' مولانا شفیع اوکاڑوی کی دعا ہیں، انہوں نے کئی بار خواہش کا اظہار فرمایا کہ اے کاش! ہمارے مسلک میں بھی تبلیغ قرآن وسنت کے لیے کوئی تحریک ہو۔ ہماری بڑی خوش نصیبی ہے کہ ہمیں امیر اہل سنت کا سایہ میسر آ گیا ہے۔ امیر اہل سنت کی ہستی سنتوں کا عملی نمونہ ہے جن کا دن روزے کی حالت میں، رات قیام وتبلیغ دین کے لیے وقف ہے۔ ان کا ہر ہر لمحہ حضور نبیٔ اکرم صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے دین کو پھیلانے اور سنتوں کو عام کرنے میں گزر رہا ہے۔

امیر اہل سنت نے خلافِ شرع شعائر پر با آواز بلند لکھ اور بول کر ثابت کر دیا ہے کہ غیر شرعی کام جیسے گانے باجے میں کفریہ کلمات، بے پردگی، زنا کاری، دہشت گردی، جھوٹ، غیبت، فلمیں، ڈرامے، ٹی وی کی تباہ کاریاں وغیرہ وغیرہ پر بیان فرما کر دین کی بنیاد کو مضبوط کر دیا ہے۔

امیرِ دعوتِ اسلامی جیسی ہستی کی رفاقت صدیوں میں میسر آتی ہے۔ آپ دامت برکاتھم العالیہ سنتوں کا عملی نمونہ ہیں اور آپ دامت برکاتھم العالیہ کا نعم البدل فی زمانہ بہت مشکل بلکہ نایاب ہے۔ امیر دعوتِ اسلامی نے حضور صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا جذبۂ عشق اسلامی بھائیوں کے دلوں میں کوٹ کوٹ کر بھر دیا ہے اور آپ سچے عاشقِ رسول ہیں، امیرِ دعوتِ اسلامی نے حضور صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سنتیں گھر گھر، قریہ قریہ، شہر شہر بلکہ پوری دنیا میں پھیلانے کے لیے بے شمار قربانیاں دیں ہیں۔ انہوں نے ازخود عملی طور پر سنتیں عام کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور ازخود گاڑیوں میں، چوراہوں میں، مساجد میں نیکی کی دعوت دینا شروع کی، چنانچہ احیائے سنت مبارکہ کا یہ حال تھا کہ بہت جلد تحریک مدنی آقا صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی نگاہِ کرم سے کامیاب وکامران اور بابرکت اور باعزت ہوگئی ہے، ثواب کا اندازہ اسی ارشاد سے معلوم ہوسکتا ہے کہ ''جس نے میری ایک سنت کو زندہ کیا اس کو ١٠٠ شہیدوں کا ثواب اور درجہ ملے گا۔'' سبحان اللّٰہ! سبحان اللّٰہ!! امیر دعوتِ اسلامی کے فیض کی بدولت آج کے نوجوان جو بری صحبت کی وجہ سے طرح طرح کی برائیوں میں مبتلا تھے ان تمام نوجوانوں کے آپ دامت برکاتھم العالیہ کے فیضِ وکرم کی وجہ سے حالات بدل گئے ہیں، آج ہر ایک اسلامی بھائی ازخود اپنے جسم پر پاؤں تک لباس میں، گفتار میں، کھانے پینے میں، چلنے پھرنے میں سنتوں کا عملی نمونہ ہے اور دوسرے مسلمانوں کو اس کی ترغیب دیتا ہے۔ سنتِ مبارکہ کا فیضان عام اور فیضانِ مدینہ کا یہ حال ہے کہ جب دعوتِ اسلامی کا ہفتہ وار اجتماع منعقد ہوتا ہے حقائق اس بات پر شاہد ہیں کہ کسی جماعت یا پارٹی خواہ سیاسی ہو یا دینی ایسا عظیم اجتماع منعقد نہ کر سکے، یہ فیضانِ سرکارِ ابدقرار، مدنی تاجدار، احمد مختار صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا صدقہ اور برکت ہے۔ الحمدللہ

اس کے علاوہ امیر دعوتِ اسلامی نے اپنے مشائخِ عظام کی برکتوں سے بے شمار موضوعات پر رسائل، کتابیں لکھ چکے اور بیان کر چکے ہیں خصوصاً فیضانِ سنت جیسی مایۂ ناز تصنیف تحریر فرما کر معاشرتی برائیوں کو ختم اور سنتوں کو عام کیا ہے۔ آپ دامت برکاتھم العایہ بلند پایہ نعت گو شاعر ہیں اور آپ دامت برکاتھم العالیہ بڑے جامع انداز میں بیان فرماتے ہیں جس کا اثر ہر ایک کے دل میں گھر کر جاتا ہے۔ بلاشبہ یہ آپ دامت برکاتھم عالیہ کا ہی یہ مخصوص اندازِ بیان کا

نتیجہ ہے۔سبحٰن اللہ ! سبحٰن اللہ!! میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب کچھ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت اور پیر ضیاء الدین مدنی کے مشن کو جاری وساری رکھنا ہے۔آخر میں میری دعا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ، امیر دعوتِ اسلامی کو سلامت رکھے اور ان دامت برکاتھم العالیہ کا یہ مشن تا قیامت جاری وساری رہے اور مطمع نظر صرف اور صرف احیائے سنت رکھے۔آمین ثم آمین

این دعا از مَن و جمله جهاں باشَد

اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کا سایہ تادیر قائم ودائم رکھے تا کہ یہ مشن جاری وساری رہے۔آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{25} حضرت علامہ مولانا مقبول احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

امیر دعوتِ اسلامی، محسنِ دین وملت حضرت مولانا محمد الیاس قادری صاحب مدظلہ العالی کی فیض رساں شخصیت یقیناً ان نادر روزگار ہستیوں میں سے ایک ہے جو صدیوں بعد پیدا ہوتی ہیں، اور جن کے وجودِ مسعود سے اسلام کے خزاں رسیدہ چمن میں بہار آ جاتی ہے، جن کے علم وعمل کے نور سے شاہراہ حیات پر ہدایت وسعادت کی قندیلیں روشن ہو جاتی ہیں اور جن کی زندگی کا ہر لمحہ مخلوقِ خدا کی خیر وفلاح میں بسر ہوتا ہے۔

امیر اہل سنت کے مبارک ہاتھوں سے لگایا ہوا ''دعوتِ اسلامی'' کا یہ پودا، اب الحمدللہ ایک تناور درخت بن چکا ہے، اس شجرۂ طیبہ کی کائنات میں پھیلی ہوئی شاخیں اب ثمر بار ہو چکی ہیں، مادیت، لادینیت اور عصیان وسرکشی میں ڈوبے ہوئے لوگ اس شجر سایہ دار کے خنک سائے میں پناہ لے رہے ہیں، ان کی زندگیوں میں غیر معمولی انقلاب آ رہا ہے، ان کا ظاہر و باطن سنتوں کے نور سے مستنیر ہو رہا ہے۔ذکر خدا اور ذکرِ حبیب خدا سے دلوں کی کھتیاں آباد ہو رہی ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ''دعوتِ اسلامی'' سے وابستہ ہر شخص آقائے نامدار، فخرِ موجودات، شاہِ خوبان عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے عشق میں اپنا سب کچھ نثار کرنے پر آمادہ نظر آتا ہے اور ایسا کیوں نہ ہو؟ کہ اس میخانۂ عشق کا ساقی بڑا دل نواز اور مردِ صالح ہے۔اللّٰہ تعالیٰ اس مردِ صالح، درویشِ مصطفیٰ کریم اور عارفِ ربانی کے علم وعمل

میں مزید برکتیں نازل فرمائے۔''دعوتِ اسلامی'' کا چشمۂ فیض ہمیشہ جاری وساری رہے اور تشنگانِ معرفت کی تشنگی کا مداوا کرتا رہے۔آمین بجاہ حبیب الکریم علیہ افضل الصلوۃ واکمل التسلیم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{26} حضرت علامہ مولانا مفتی شوکت سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مناظر اسلام واستاذ دارالعلوم غوثیہ جامع العلوم خانیوال)

حضرت مولانا محمد الیاس قادری عطار مدظلہ العالی یقیناً ہماری نظر میں اللہ پاک کی نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت ہیں۔اس دور میں جب کہ عوام مسلمین کے اذہان میں اسلام کے متعلق بالخصوص اعتقادیات کے حوالہ سے پختگی اور رسوخ مٹتا جارہا تھا الحمدللہ کہ اللہ پاک نے کرم عظیم فرمایا اور مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ العالی کی صورت میں ایک عظیم مصلح پاکستان میں عالم اسلام کو عطا فرمایا۔

حضرت مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ اعتقاد کے اعتبار سے پکے سچے سنی ہیں،فقہ میں امام اعظم سیدنا ابوحنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) کے پیروکار......امام احمد رضا خان فاضل ومحدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیقات انیقہ پر مکمل کاربند،اور یہی چیزیں یعنی عقائدِ اہل سنت وجماعت،فقہ حنفی اور مسلک بریلوی پر مکمل کاربند ہونا،بفضل اللّٰہ تعالٰی،ان کے ایک کامل مؤمن اور مصلح مخلص ہونے کا بین ثبوت بھی ہے اور دنیا وآخرت میں کامیابی کی ضمانت بھی۔

مختصر سے وقت میں احیائے سنت واہل سنت کے حوالہ سے دعوتِ اسلامی کی صورت میں حضرت صاحب ممدوح نے جو دین کی خدمت کی ہے یقیناً یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جو قیامت تک جہاں حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ کو حیاتِ جاوید دے گیا ہے وہاں پر ہماری آئندہ وموجودہ نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بھی ہے۔

گندم نما جوفروش لوگ جب ہماری نوجوان نسل کو تباہ وبرباد کررہے تھے تو حضرت مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ

العالی نے حسین اور کامیاب طریقے سے نوجوان نسل کی رہنمائی فرمائی اور انہیں ایک مبنی بر حقیقت پلیٹ فارم عطا کیا اس کی جزا اللہ پاک ہی اپنے شایانِ شان طریقے سے انہیں عطا فرمائے گا۔

حضرت مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ العالی کے پرخلوص جذبۂ تبلیغ کی یہ بہت بڑی دلیل ہے کہ ان کی محبت اختیار کرنے والا یا انکی ''دعوتِ اسلامی'' سے تعلق رکھنے والا نوجوان ہمیں عقائد میں راسخ اور عمل میں کامل نظر آتا ہے۔ ابتدا میں ایسا لگا تھا کہ شاید ''دعوتِ اسلامی'' محض نماز روزہ کی تبلیغ تک محدود ہو کر رہ جائے گی لیکن الحمدللہ حضرت مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ نے اسلام کی پہلی تعلیم یعنی حصول علم کے حکم کو پوری اہمیت دی اور آج ہم دیکھتے ہیں کہ پاکستان کے تمام اہم شہروں میں باقاعدہ تبلیغ ساتھ ساتھ درس وتدریس اور بالخصوص علوم عالیہ کے مدارس ''مدرسۃ المدینہ'' کے نام سے کام کر رہے ہیں۔ جب اسلام کا علم ہو جاتا ہے تو چونکہ اسلام زندگی کے تمام شعبوں میں رہنمائی کرتا ہے لہٰذا علم اسلامی کے عام ہوتے ہوئے ہو ہی نہیں سکتا کہ پھر پڑھنے والا محدود ہو کر رہ جائے۔

الحمدللہ! دعوتِ اسلامی اس دور میں اپنا فرض باحسن وجوہ نباہ رہی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ حضرت مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ العالی کو عمرِ خضر عطا فرمائے تاکہ ملتِ اسلامیہ زیادہ سے زیادہ ان سے مستفیض ہو سکے۔ آمین

تمام علمائے اہل سنت وعوام اہل سنت وجماعت دن رات الحمدللہ تعالیٰ حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب کے لیے دعا گو ہیں۔ حضرت مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ کو میں نے دیکھا کہ علمائے کرام کا بہت ادب واحترام فرماتے ہیں بلکہ غَیبت (غیر موجودگی) میں بھی اس کا پورا پورا لحاظ رکھتے ہیں۔ کافی سال پہلے جب گجرات میں اجتماع ہوا تھا تو فقیر خانیوال کے قافلے کے ساتھ حاضر ہوا تھا۔ الحمدللہ ملاقات کی سعادت حاصل ہوئی جیسے ہی بندہ نے حضور مفتی اعظم استاذ العلماء حضرت علامہ استاذ مکرم قبلہ علامہ مفتی محمد اشفاق رضوی صاحب دامت برکاتھم العالیہ کا سلام عرض کیا، فوراً کھڑے ہو گئے، بندہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا، بندہ کی داڑھی پر بار بار ہاتھ مبارک پھیرتے جاتے اور ایسے محبت اور عاجزی سے فرمایا کہ جس کی مثال نہیں ملتی کہ ''حضرت صاحب کو میرا بھی نیاز مندانہ سلام پہنچا دیجئے گا اور میرے لیے دعا کا بھی عرض کیجئے گا۔ اللہ تعالیٰ تادیر حضرت صاحب قبلہ کے انفاس سے امتِ

مسلمہ کو سرفراز فرماتا رہے۔ (آمین)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{27} حضرت مولانا شفیق احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ جیلانیہ، شکارپور)

حضرت مولانا قبلہ محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ صاحب امیر دعوتِ اسلامی کا وجودِ مسعود اہلسنّت وجماعت کے لیے بہت بڑا سرمایہ ہے۔ حضرت مولانا صاحب ''دعوتِ اسلامی'' کے پلیٹ فارم سے جو خدمتِ دین سرانجام دے رہے ہیں موجودہ دور میں اس کی مثال ملنا بہت مشکل ہے، خصوصاً نوجوانوں میں سنتِ رسول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی پابندی اور دیگر دینی احکامات کی پابندی لازوال کارنامہ ہے۔ ''مدرسۃ المدینۃ'' کے نام سے منسوب مدرسے جو قائم کیے گئے ہیں اس کی جماعت اہل سنت کو اس دور کے لحاظ سے اشد ضرورت تھی۔ یہ بھی ایک اہم کام ہے۔

مولانا قادری صاحب نے خود بھی اپنے آقا صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سنتوں پر عمل کرتے ہوئے دیگر مسلمانوں کے اندر بھی سنتوں بھرا عظیم جذبہ بیدار کیا ہے۔ یقیناً سب نیکیوں کا اجروثواب مولانا حضرت صاحب کے نامۂ اعمال میں ضرور لکھا جائے گا، مولانا کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ سچے عاشقِ رسول ہیں جس کا اظہار ان کے عمل اور بیانات سے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کی طرح ہوتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{28} حضرت علامہ مولانا ضیاء الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ رضویہ ضیاء العلوم، خطیب جامع مسجد اللہ والی، راولپنڈی)

علم تاریخ نے اپنے دامن میں اچھی اور بری ہر دو صفات کی حامل شخصیات کو سمیٹ کر پناہ دی ہے اور اسی طرح انہیں زمانے کی دست برد اور شکستگی سے محفوظ کر دیا ہے تاکہ آئندہ تاریخ میں ماضی کے عکس و نقش کا مشاہدہ، حال و استقبال کو جاندار اور شاندار بنانے میں معاوِن ہو لیکن بعض شخصیات کا پیکرِ احساس اتنا جاندار و شاندار ہوتا ہے کہ جنہیں تاریخ محفوظ رکھنے کا اہتمام کرے یا نہ کرے وہ شخصیات اپنی تاریخ خود مرتب کر لیتی ہیں اسلیئے کہ وہ عہد ساز اور تاریخ ساز ہستیاں ہوتی ہیں۔ یہ شخصیات اپنی پہچان کے لیے مؤرخ کی محتاج نہیں ہوتیں بلکہ ان نادرِ زمانہ ہستیوں کے خوبصورت تذکرے کو تاریخ اپنے صفحات کی زینت بنانے کے لیے خود محتاج ہے اور مؤرخ ان کے تذکرے لکھ کر خود کو متعارف کرانے کا محتاج ہوتا ہے۔

انہی عہد ساز اور یگانہ روزگار ہستیوں میں سے مبلغِ اسلام، یادگارِ اسلاف، ترجمانِ اہل سنت، عاشقِ رسول، حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب بھی ہیں جو عالمی غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے امیر بھی ہیں۔ آپ ایک عظیم انسان، ایک عظیم مبلغ، ایک عظیم عالم دین بھی ہیں۔ آپ نے دین متین کے لیے اس تھوڑے سے عرصے میں اتنا کام سرانجام دیا کہ مجھ جیسے انسان کی کوتاہ عقل اندازہ بھی نہیں لگا سکتی۔ اللہ تعالیٰ نے مولانا صاحب کو اخلاقِ حسنہ جیسی عظیم نعمت سے مالا مال کیا ہے۔ آپ چھوٹے بڑے سبھی سے نہایت خندہ پیشانی اور پر تپاک طریقے پر ملتے ہیں۔ ایسے معاملات میں جہاں اکثر لوگ غصے سے بے قابو ہو جاتے ہیں وہاں آپ مسکراتے رہتے ہیں۔ ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ سرِ راہ چلتے ہوئے آپ پر اگر کسی نے کوئی نازیبا جملے کسے تو بجائے اس کے کہ آپ سیخ پا ہوتے آپ کی زبان پر ان بدزبانوں کے لیے بھی دعائے مغفرت و ہدایت کے کلمات جاری ہو جاتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{29} حضرت علامہ مولانا محمد امین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد اوقاف صدر بازار رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ)

اللّٰہ جل جلالہ کا احسانِ عظیم ہے کہ عوام اہل سنت کو امیرِ اہل سنت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی جیسی علمی عملی شخصیت عطا فرمائی، آپ نے احیائے اہل سنت کے لیے وہ خدمات سرانجام دیں، جس کی دورِ حاضر میں مثال نہیں ملتی، آپ نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سلسلہ میں ایک عظیم تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کی بنیاد رکھی۔ اس تحریک کی بدولت لاکھوں لوگوں کی زندگیاں سنتِ رسول اور عشقِ مصطفیٰ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے سانچے میں ڈھل گئیں اور آپ نے تبلیغی میدان کے ساتھ ساتھ تعلیمی میدان میں بھی انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ مدرسۃ المدینہ کے نام سے بے شمار مدارسِ عربیہ ملک اور بیرونِ ممالک دین کی ترویج اور اشاعت کے لیے شب و روز مصروفِ عمل ہیں۔ ویسے تو ہر محاذ پر اہلِ سنت و جماعت کی تنظیمیں سرگرمِ عمل تھیں لیکن تبلیغی میدان میں مصروف تبلیغی طرز پر کوئی جماعت نہ تھی جس کو عوام اہل سنت شدت سے محسوس کرتے تھے، جس کو امیر اہل سنت نے ''دعوتِ اسلامی'' کی تاسیس کے ذریعے پورا کر دیا ہے جس نے مختصر عرصہ میں احیائے سنت کے حوالے سے انقلاب برپا کر دیا ہے۔ امیر اہل سنت کے ساتھ علمائے اہل سنت اور عوامِ اہل سنت دل و جان کے ساتھ محبت کرتے ہیں جس کی واضح دلیل یہ ہے کہ مدینۃ الاولیاء ملتان شریف میں دعوتِ اسلامی کے سالانہ مرکزی اجتماع کے موقع پر لاکھوں دیوانوں کا مجمع ہوتا ہے۔

فقیر دعا گو ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہل سنت کو عمرِ خضری عطا فرمائے اور آپ کے فیضان کو تا قیامت جاری و ساری فرمائے۔ آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{30} حضرت علامہ مولانا گوہر علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم و ناظمِ اعلیٰ مدرسہ غوثیہ تجوید القرآن خطیب موضع محمد شاہ تحصیل میلسی ضلع وہاڑی)

امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ اہل سنت کے عظیم محسن ہیں۔ نوجوانوں کو فروغِ عشقِ رسول کے لیے راغب کرنا، ان کے سینوں میں محبتِ رسول پیدا کرنا آپ کی ان تھک محنت کا نتیجہ ہے۔ شب وروز حضور سید عالم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی مٹی ہوئی سنتوں کو زندہ کرنا آپ کا مشن ہے۔ محسنِ اہل سنت، آقائے دو عالم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے صحیح جانشین ہیں۔

نوجوان نسل کو سینما، ٹی وی، وی سی آر کی لعنت سے بچا کر صراط مستقیم دکھایا ہے جس کے نتیجے میں سینکڑوں، ہزاروں بلکہ لاکھوں کی تعداد میں گم گشتانِ منزل راہِ ہدایت پا چکے ہیں بلکہ صراطِ مستقیم دکھانے والے بن گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اجتماع دعوتِ اسلامی میں نوجوانوں کی اکثریت ہوتی ہے اور آقا علیہ السلام کی محبت میں نعتِ سرورِ کونین صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم پڑھ رہے ہوتے ہیں۔ دعا ہے مولا رب العزت آپ کا سایہ اور آپ کا فیض ہمیشہ ہمیشہ جاری وساری رکھے، آمین ثم آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{31} حضرت علامہ مولانا احمد یار صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(اشرف المدارس اوکاڑہ)

شیخِ وقت، صاحبِ تقویٰ، صاحبِ عشق ومحبت حضرت مولانا محمد الیاس القادری جو بانی دعوتِ اسلامی ہیں، آپ شب وروز مسلکِ حقہ اہلِ سنت وجماعت کی اشاعت کے لیے کوشاں رہتے ہیں اور لوگوں میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃُ والسلام کی سنت کی اشاعت میں آپ اور آپ کے مریدین، متوسلین اور معتقدین بھی اسی سعی میں مصروف رہتے ہیں اور سرکارِ دو عالم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے عشق ومحبت کو عام کرنے کے لیے سعیِ کامل فرماتے ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ! آپ کو اس کارِ خیر کی تبلیغ واشاعت کا کام کرنے میں پورا پورا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{32} حضرت مولانا مفتی عبد الحمید چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس دار العلوم غوثیہ جامع العلوم خانیوال)

پوری دنیا پر یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ اس پرفتن دور اور فرقہ پرستی کے زمانہ میں اپنی بصیرت افروز مؤمنانہ فراست سے جس شخصیت نے اہلِ سنت کو کامل سہارا دیا وہ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ ہیں جو صلٰوۃ و سنت کی عالمگیر تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کے بانی اور امیر بھی ہیں۔ حضرتِ موصوف نہ صرف وراثتِ رسول کے امین باتمکین ہیں بلکہ ان کے تزکیہ نفوس و تربیتِ رِجال کا زمانہ معترِف و شاہد ہے۔ جس فیضانِ نظر سے انہوں نے ننھے سروں پر کیف آور زلفیں اور نورانی دستاریں اور اس کے ساتھ مزید نوجوان چہروں پر سنت کے مطابق داڑھیاں سجوائیں اور قول و فعل میں سنتوں کے دیئے روشن کیے وہ انہیں کا اس دور میں خاصہ ہے۔

اِیں سعادت بزورِ بازو نیست   تا نہ بَخشد خدائے بَخشِندہ

انہوں نے لاکھوں طالبانِ حق کے دلوں میں ...... تقویٰ و طہارت کا نور ...... اخلاص و وفا کی روشنی ...... حبِ رسول کی حلاوت ...... سجدوں اور تلاوتِ قرآن کی شیرینی ...... نعتوں کے ترانے ...... درود و سلام کی وجد آفریں ایسی خوشبوئیں مہکائیں کہ ہر شخص امیرِ کارواں کے ایک ایک پاکیزہ سانس اور معطر لمحات کو اجابت آمیز دعائیں دے رہا ہے ...... کون امیرِ کارواں؟ ...... جن کی خلوت و جلوت قابلِ تقلید و قابلِ رشک ...... جو اسلافِ صالحین کے علم و عمل کے پیکرِ نور ...... جن کا تفقہ فی الدین میں اعلیٰ مقام ...... دین کی روح اور مذہب کی تقدیس کا ہر وقت احترام ...... آدابِ شریعت میں ید طولیٰ اور کامل دسترس ...... عرفان خدا عَزَّوَجَلَّ اور عشقِ مصطفیٰ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی وہ جیتی جاگتی نورانی تصویر ...... جو کہ نہ صرف خضرِ راہِ عشق ہیں بلکہ سالارِ کاروان اہلِ سنّت و سنّیت بھی ہیں۔

جن کے بیان کی چاشنی ...... تقریر کا اعجاز ...... عزم کی پختگی ...... کردار کی بلندی ...... فکر کی جولانی ...... حلم و

تواضع کی رَعنائی......اخلاق کی دل کشی......علم وفضل کی شوکت وجلالت......فقر ومعرفت کی نورانیت......خطابت کا جلال......رشد وہدایت کا جمال......تصنیف کی پختہ کاری......حق وصداقت کی حمایت......اعلاء کلمۃ اللہ کی جرأت قابلِ ستائش ہے،غرضیکہ حضرت موصوف بزرگانِ دین کے فیض اور خوبیوں کا مجموعہ ہیں، بقول شاعر

لَیْسَ عَلَی اللّٰہِ بِمُسْتَنْکَر اَنْ یَّجْمَعَ الْعَالَمَ فِیْ وَاحِد

یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت سے یہ بعید نہیں کہ تمام جہانوں کو ایک شخصیت میں جمع کردے۔

حضرتِ موصوف کی مختلف مذہبی، اخلاقی، روحانی، عملی فکری، فقہی، حمدیہ ونعتیہ موضوعات پر تصانیف کثیرہ و کیسٹ، اہل سنت کے لیے علم وادب کا سرمایۂ اعزاز بھی ہیں اور ہدایت کا مینارۂ نور بھی۔اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے طفیلِ امیر اہل سنت اور دعوتِ اسلامی کو مزید شرفِ قبولیت سے نوازے۔آمین ثم آمین

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{33} حضرت علامہ مولانا شیر محمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غلہ منڈی پاک پتن شریف)

اَحَبُّ الْمَجْد وَالْجَاہ،فیض درجت فیض رساں،عمیم الجود والاحسان،حامی سنت،عاشقِ مدینہ،کشتہ درِعشق رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم حضرت علامہ الحاج مولانا **محمد الیاس صاحب** قادری رضوی ضیائی لا زالت شموس رفعتھم امت مصطفیٰ میں یکتا مقام رکھتے ہیں،سلف صالحین کی طرح آپ نے دین متین کے لیے بہت سی خدمات پیش کی ہیں اور کر رہے ہیں۔آپ کی شاہکار تصنیف عظیم وضخیم کتاب مستطاب ''فیضانِ سنت'' اور دیگر رسائل اور مسلکِ حقہ اہل سنت وجماعت کی شب وروز تبلیغ اور احیائے سنتِ رسولِ اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی اَن تھک کوشش یہ سب کچھ مولانا موصوف کا عمل بن چکا ہے،حضرتِ موصوف ہمارے لیے گراں قدر سرمایہ ہیں۔اللّٰــــہ تعالیٰ جناب محترم،رہبرِ

شریعت وطریقت، عمدۃ الواصلین، عاشقِ رسول ابوالمعالی مولانا محمد الیاس صاحب قادری رضوی امیر دعوتِ اسلامی کی سعیٔ بلیغہ کو قبول فرمائے اوران کے ساتھ پورا تعاون کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بندۂ ناچیز کو دعوتِ اسلامی سے زیادہ میل جول نہیں تھا، اتفاقاً ہماری جامع مسجد غلہ منڈی پاک پتن شریف میں دعوتِ اسلامی کے دوست رمضان شریف کے آخری عشرہ میں برائے اعتکاف تشریف لائے۔ اسی رات خواب میں مجھے حضرت موصوف مولانا محمد الیاس صاحب قادری کی زیارت ہوئی اور آپ نے مجھے اپنی کتاب فیضانِ سنت عطا فرمائی۔ یہ معاملہ خواب کا تھا، اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دعوتِ اسلامی کے دوستوں نے مجھے مِن وعَن کتاب ''فیضانِ سنت'' عطا فرمائی تو مجھے یقین ہو گیا کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں اور یقیناً کامیاب ہوں گے۔ اس دن سے مجھے ''دعوتِ اسلامی سے پیار ہو گیا۔'' اللہ تعالیٰ اپنے کرم وفضل سے دعوتِ اسلامی سے پورا پورا تعاون کرنے کی توفیق بخشے، آمین ثم آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{34} حضرت مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث وناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ مرکز الاولیاء لاہور)

اللہ کے فضل وکرم سے پاکستان اور بیرون ملک دعوتِ اسلامی کی سرگرمیاں نبی پاک کی سنتوں کو عام کرنے اور تحقیقی مسائل پر مبنی چھوٹی اور بڑی کتابیں شائع کرنے میں مصروفِ عمل ہے جسے دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ تمام علماء ومشائخ اہلسنّت کو اس تحریک کی سرپرستی کرنی چاہیے۔ امیر دعوتِ اسلامی حضرت قبلہ پیر طریقت علامہ مولانا پیر محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کے زیر سرپرستی اس تحریک کے وسائل میں ہر کسی کو اپنی استطاعت کے مطابق حصہ ڈالنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کے وسائل میں اور جو عملی، تحقیقی، فکری، تصنیفی منصوبے پیش نظر ہیں ان کو کامیاب

وکامران فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{35} حضرت علامہ مولانا محمد منشا تابش قصوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(استاذ الاساتذہ جامعہ نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور، خطیب جامع مسجد ظفریہ مریدکے)

امیر دعوتِ اسلامی حضرت الحاج محمد الیاس قادری ضیائی دامت برکاتھم العالیہ اس دور کی وہ بابرکت شخصیت ہیں جن کے عملی کردار نے ہزاروں لاکھوں نوجوان مسلمانوں کو متاثر کیا اور مسلکِ حق اہل سنت و جماعت کی عظمت ورفعت کا مینار ثابت ہوئے، نوجوان نسل کو سنتِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء پر گامزن کرنا کوئی معمولی کارنامہ نہیں۔ یہ امیر صاحب مدظلہ کی مساعی جمیلہ کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ اس جماعت سے منسلک ہر بچہ، بوڑھا، نوجوان، مرد، عورت دین حنیف کی تڑپ لئے اپنی چندروزہ حیاتِ مستعار کو اس نہج پر گزارنے کی سعی کررہے ہیں کہ حیاتِ اُخروی جو دائمی اور غیر فانی ہے اس کے لیے عمدہ سے عمدہ سامان تیار کرسکیں۔

ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والوں کی وافر تعداد مل جائے گی جو حضرت ضیائی صاحب مُدَّظِلُّہٗ کی تحریک پر جان ودل نچھاور کرنے کو تیار ہے، اس سے بڑھ کر اور کیا بات ہوسکتی ہے کہ لوگ اللّٰہ تعالیٰ کی محبت اور اس کے پیارے رسول کریم صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے عشق کی دولت سے سرشار نظر آتے ہیں۔ آپ کا ہر فعل شریعتِ محمدیہ علیہ التحیۃ و الثناء کی تبلیغ پر منتج ہوتا ہے، آپ کی تصانیف عمل کی راہ دکھاتی ہیں، آپ کے نعتیہ اشعار نبی کریم صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے پیار ومحبت کی خوشبو پھیلا رہے ہیں، عشقِ مدینہ آپ کا محور ہے۔ دعا ہے آپ لوگوں نے جو علماء ومشائخ اہل سنت کی حیاتِ مبارکہ پر کام کرنے کا عزم کیا، اللّٰہ تعالیٰ بجاہ حبیبہ الاعلی صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم اس میں کامیابی و کامرانی کی دولت سے نوازے، آمین ثم آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{36} حضرت مولانا ابوحکیم محمد صدیق صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

ربِّ کائنات جل شانُہٗ ارشاد فرماتا ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (پ ٤ ال عمران: ١١٠)

ترجمۂ کنز الایمان: تم بہتر ہو اُن سب اُمتوں میں جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں بھلائی کا حکم دیتے ہو اور بُرائی سے منع کرتے ہو۔

اس مقصدِ وحید کے لیے کراچی کی مردم خیز زمین میں سے ایک مرد قلندر، پیکرِ صدق وصفا، مجسمۂ خلوص ووفا نے دعوتِ اسلامی کی داغ بیل ڈالی، جن کو اہلِ سنت ''مولانا محمد الیاس قادری'' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

اللّٰہ تعالٰی مولانا قادری صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائے اوران کا سایہ تادیر ہم پر سایہ فگن رہے۔آمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم ،ابوحکیم محمد صدیق خاکی۔خانیوال

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{37} حضرت مولانا سید عبدالسلام صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حیدری صابری، جی ٹی روڈ گوجر خان)

دنیا ترقی کررہی ہے، زمانے کے اطوار بدل رہے ہیں، فاصلے سمٹ رہے ہیں، پوری دنیا ایک ''

گلوبل ولیج'' بن چکی ہے۔ انسان کو آسائشیں مل رہی ہیں لیکن ان آسائشوں کی وجہ سے انسان قدر نا شناس اور ناشکرا بھی ہو گیا ہے۔ تمام تر سہولیات سبب کے باعث ہیں اور سبب کو پیدا کرنے والا ربّ ہے۔ اس دورِ پر آشوب میں انسان کی نظر ربّ جل جلالہ کی بجائے سبب کی طرف ہو گئی ہے۔

اس افراتفری اور نفسی نفسی کے دور میں امتِ مسلمہ کی فکر میں ایک نمایاں تبدیلی پیدا ہونے کے آثار اس وقت سے نظر آنے لگے ہیں، جب سے ایک ''مردِ درویش'' علامہ محمد الیاس قادری صاحب عطار مدظلہ العالی نے سرزمینِ پاکستان میں احیائے سُنن نبویہ صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا بیڑا اٹھایا ہے۔

''دعوتِ اسلامی'' نامی تنظیم بنا کر آپ نے ملک اور بیرونِ ملک میں اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو ایمان محکم، عشقِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم، تحفظ عصمت، تبلیغ واشاعتِ دین اور اشاعتِ سُننِ نبویہ صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا علم بردار بنا دیا۔ دعا ہے کہ رب کریم اپنے حبیب کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے جنابِ عطار کے مشن کو تکمیل عطا فرمائے اور ان کی دعوت پر امتِ مسلمہ کی ایک کثیر تعداد کو عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ حبیبہ الکریم علیہ التحیة والتسلیم والسلام

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{38} حضرت مولانا صاحبزادہ سعید احمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

سرزمینِ پاکستان پر اللہ رب العزت کا فضل عظیم ہے کہ اس پر نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی سنتوں کو زندہ کرنے والا مجاہد موجود ہے۔ اس سے میری مراد فخر اہلِ سنت، سراپا عجز و نیاز ہستی علامہ محمد الیاس قادری صاحب عطار ہیں۔ جنابِ عطار وہ عظیم قافلہ سالار ہیں، جنہوں نے نوجوانوں کی زندگیوں کا رخ سینما ہالوں، فحش گیتوں، شراب اور

جوئے سے ہٹا کر عشقِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے نشے میں مخمور رہنے کی طرف موڑ دیا۔ بہت سے تھری پیس سوٹ پہننے والے، کلین شیو، جدت پسند نو جوانوں کو خوفِ خدا اور حبِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا درس دے کر ان کی زندگیوں میں ایسا انقلاب برپا کیا کہ وہ مسجدوں کو آباد کرتے ہوئے نظر آتے ہیں، ان کے سروں پر عمامے ہیں، ان کے نورانی چہروں کے گرد داڑھیوں کا مبارک حلقہ ہے۔ وہ نہ صرف خود سنتِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم پر عمل کرتے ہیں بلکہ دوسرے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو بھی اسلامی اطوار اپنانے کی تلقین کرتے ہیں۔

اس طرح جن بیبیوں، ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں تک یہ دعوت پہنچی وہ بھی سر پر دوپٹہ اوڑھنے لگیں، باپردہ ہوگئیں اور دین کی تبلیغ واشاعت کا فریضہ سرانجام دینے لگیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالٰی اس عظیم ہستی کے علم وعمل میں لافانی برکتیں عطا فرمائے۔ آمین بجاہ حبیبہ الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم والسلام

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{39} حضرت مولانا پروفیسر حافظ عون محمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

آدمی کی اصل پہچان اس کا کام ہوتا ہے، باقی تمام پہچانیں عارضی ہوتی ہیں، نبیین، صدیقین، شہداء اور صالحین اپنے علم وعمل کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں، دنیا ان کا نام عزت واحترام سے لیتی ہے۔ فرعون، نمرود، ہامان، شداد اور قارون اپنی شیطانیت کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں، دنیا ان کا نام گالی کے طور پر استعمال کرتی ہے۔ گویا آدمی کی شناخت اس کے عمل اور کردار کی وجہ سے ہے۔ اس دور میں ایسے افراد دنیا میں موجود ہیں جنہوں نے ملت کی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دیا اور مشرق ومغرب ان کے نام سے گونج اٹھے، مؤرخین نے ان کا نام زریں حروف سے لکھا اور پڑھنے والوں نے ان کے نام کو بے اختیار چوم لیا۔

ایسے ہی مقدس ناموں میں امیر اہل سنت ، امیر دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس عطار قادری** دامت برکاتھم العالیہ کا نام نامی اسم گرامی بھی آتا ہے۔ بندہ نے اگرچہ آپ کی زیارت فقط ایک مرتبہ ہی کی ہے اور ملاقات کا موقع بھی نہیں ملا مگر ان کے علم وعمل کا بہت گہرائی سے مطالعہ کیا ہے اور اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ آپ کی ہستی وقت کی آواز ہے......ملت کی پکار ہے......آنکھوں کا نور ہے......دل کا سرور ہے......ٹوٹے دلوں کا سہارا ہے......اور مردہ دلوں کے لیے آبِ حیات ہے۔آپ کے نزدیک محبت ونفرت کے پیمانے دنیا سے نہیں دین سے تعلق رکھتے ہیں، عزت وعظمت کا معیار دولت وثروت نہیں، شریعت وطریقت ہے، عروج وزوال کا سبب مادیت نہیں، روحانیت ہے، یعنی آپ آیۂ کریمہ ''صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾'' (پ ۱ البقرہ: ۱۳۸) (ترجمۂ کنز الایمان: ہم نے اللہ کی رَینی (رنگائی) لی اور اللہ سے بہتر کس کی رَینی (رنگائی) اور ہم اسی کو پوجتے ہیں۔) کی عملی تفسیر ہیں، پروفیسر ڈاکٹر مسعود صاحب اپنی کتاب شاعرِ صحبت میں اس آیت کے حوالے سے یوں رقم طراز ہیں۔

''اللہ کا رنگ......اور اللہ کے رنگ سے کس کا رنگ بہتر ہے!......یہ قرآن کا چیلنج ہے......اللہ کا رنگ جب چڑھتا ہے تو سارے رنگ پھیکے پڑ جاتے ہیں......حسن پر ایک نیا شباب آتا ہے......ایک نیا نکھار آتا ہے......لایزال ولازوال......جس کو دیکھو کھنچا چلا آتا ہے......کوئی نفرت نہیں کرتا......سبھی محبت کرتے ہیں......سبھی دل نچھاور کرتے ہیں......لیکن دنیا کے رنگ ہوا کی طرح اڑ جاتے ہیں......ان کو قرار نہیں کہ دنیا کو قرار نہیں......وہ حی قیوم ہے......ابدی ازلی ہے، انتہی۔

حضرت امیر اہل سنت کی ذات والا صفات بے شمار حسین وجمیل خوبیوں کا مرقع ہے......پھول کی پنکھڑیوں کی طرح......ایک اٹھاؤ تو دوسری......دوسری اٹھاؤ تو تیسری......

کائناتِ حسن جب پھیلی تو لامحدود تھی

اور جب سمٹی تو تیرا نام ہو کر رہ گئی

اللہ تعالیٰ امیر اہلسنّت کا سایہ ہم پر قائم ودائم رکھے، آپ کی ذات، بیاباں کی شبِ تاریک میں قندیل رحمانی

کی حیثیت رکھتی ہے، اور آپ کے زیرِ سایہ ہم سب کو دین کی ترقی و ترویج کے لیے تن من دھن وارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم حافظ عون محمد سعیدی

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{40} حضرت علامہ مولانا حلیم احمد اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(استاذ جامعہ دارالعلوم امجدیہ باب المدینہ کراچی)

سنجیدگی سے دیکھا جائے تو مسلمانوں کی اصلاحِ احوال کے لیے بہت سی صورتیں اختیار کی گئیں اور اب بھی اپنے مزاج کے اعتبار سے کدوکاوش کی جارہی ہے اور محمد الیاس قادری صاحب نے ایک نیا طریقہ اور نیا پروگرام شروع کیا اور اپنے مقصد میں بڑی عظیم کامیابی حاصل کی۔

جس ماحول میں نوجوان لڑکے اپنے آپ کو فیشن زدہ دکھانے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں یہ دعوت اسلامی کا جوان، زمانہ وحال کے خیالات سے بے نیاز ہو کر بڑے جذبے کیساتھ اپنی صورت، اپنی شکل، اپنا لباس سچے مسلمان جیسا بنانے کی کوشش میں لگا ہوا ہے۔ یہ دیکھ کر میرے دل میں خیال آیا کہ اس تحریک کا سربراہ یقیناً کوئی ایسا شخص ہے جو اپنے ارادے اور نیت میں مخلص ہے۔ تصنع (یعنی بناوٹ) سے پاک ہے اور اسکا خلوص عند اللہ بھی مقبول ہے۔ اس کی حسنِ نیت کا یہ ثمر ہے کہ یہ تحریک بڑی تیزی کے ساتھ ہر حلقہ اور طبقہ اور ملک کے ہر حصہ میں پھیلتی جارہی ہے۔ خاص کر نوجوان طبقہ اس کی طرف بھاگا چلا آرہا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{41} حضرت مولانا مفتی محمد اعظم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دار العلوم مظہر الاسلام بریلی شریف)

جب کوئی شخص یا جماعت کسی اچھے کام کے لیے پوری کوشش کرتی ہے پروردگارِ عالم عَزَّوَجَلَّ کا وعدہ ہے کہ وہ اس کو کامیابی کی منزل اور مطلوب تک ضرور پہنچاتا ہے، قال اللّٰہ تعالٰی:

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۶۹﴾

ترجمۂ کنز الایمان: اور جنہوں نے ہماری راہ میں کوشش کی ضرور ہم انہیں اپنے راستے دکھا دیں گے اور بے شک اللّٰہ نیکوں کے ساتھ ہے۔ (پ ۲۱، العنکبوت ۶۹)

امیر دعوت اسلامی مولانا محمد الیاس صاحب اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کے خلیفۂ خاص حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب مدنی رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کے مرید اور ان کے شہزادے حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے خلیفہ ہیں۔ اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کے شیدائی وفدائی، مسلک اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کے متصلب، مبلغِ اہلسنّت ہیں۔ دعوت اسلامی کے تبلیغی اجتماعات میں اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کا ترجمۂ قرآن کنز الایمان اور ان کے سلام یا کلام کا ذکر لازماً ہوتا رہتا ہے اور امیرِ دعوت اسلامی کی مصنفات یا مؤلفات تو اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کے فتاویٰ رضویہ وغیرھا سے ماخوذ بھی ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{42} حضرت مولانا پیر سید مراتب علی شاہ چشتی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مفتی اعظم ہند، شیخ الحدیث جامعہ رضویہ قمر المدارس گوجرانوالہ)

دعوتِ اسلامی نے ایک عرصہ میں اہلسنّت و جماعت میں جو کام بھی کیا ہے، درس یا مدرسے بنانا، درس نظامی

ہو یا تبلیغ کرنا اَلْحَمْدُلِلّٰہ کامیابی ہی کامیابی رہی ۔اہلسنّت و جماعت کی طرف سے دعوت اسلامی نے جو کام کیا ہے اہلسنّت و جماعت کے مشائخ عظام اور علمائے کرام کو خوشی ہے اور ساری دنیا میں ان کا کام مقبول و منظور ہے، نبی پاک کی بارگاہ میں بھی، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے ۔میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جماعت کو اور ترقی عطا فرمائے کہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک پر کام کر رہے ہیں ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{43 }حضرت مولانا محمد جلال الدین قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سربراہ جامعہ احمدیہ سنیہ چٹاگانگ، بنگلہ دیش)

دعوتِ اسلامی کے بارے میں میرے پیرومرشد شاہ صوفی آل رسول علامہ سید محمد طیب شاہ حضور قبلہ رحمۃ اللہ علیہ نے ناچیز کے پاس ایک **محبت نامہ** ارسال فرمایا تھا، اس میں ہمارے جامعات اور ہمارے انجمن رحمانیہ مسجد اور ہمارے سلسلہ کے ساتھ یہ بات وضاحت کے ساتھ تحریر کی کہ دعوتِ اسلامی کی مدد کی جائے، تو میرے پیرومرشد حضرت علامہ سید محمد طیب شاہ حضور رحمۃ اللّٰہ علیہ کے فرمان مبارک کے مطابق میں نے اپنی استطاعت کے مطابق دعوتِ اسلامی کی تائید کی اور میدان میں ان کے راستہ ہموار کرنے کے لیے جہاں جوان کو سہولت دینا ضرورت تھی اور جوں جوں ان کے لیے تعاون اور جوں جوں ان کے موافقت میں خدمت کی ضرورت تھی تو میں نے انکے لیے خدمات انجام دیں ۔الحاج مولانا الیاس قادری مدظلہ العالی کی بارگاہ میں حاضری دینے کے لیے روانہ ہوا جب کراچی ایئرپورٹ پر میں اترا تو الیاس قادری اپنے شاگردوں کی بہت بڑی جماعت لیے ناچیز کے استقبال میں آپہنچے، مجھے بہت عزت افزائی دی اور خود اپنے دربار میں لے آئے، میرا بہت استقبال کیا اور مجھے بہت محبت دی، میں ان کا مشکور ہوں اور وہ ایک صحیح العقیدہ اہلسنت و جماعت کے مخلص عاشق اور اہلسنّت و جماعت کے بہت بڑے رکن وخادم ہیں، میری دعا ہے

دعوت اسلامی ترقی کرے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے قائم کردہ علمی و تحقیقی شعبہ جات میں سے خاص ''المدینۃ العلمیہ'' کے بارے میں چند علمائے کرام کے تاثرات کے اقتباسات

الحمد للّٰہ علٰی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ دین کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسنِ خوبی سرانجام دینے کے لئے متعدّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس ''**المدینۃ العلمیۃ**'' بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے جید و قابل عُلمائے کرام کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اور اشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔اس مجلس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱)شعبہ کُتُبِ اعلٰی حضرت (۲)شعبہ تراجِم کتب (۳)شعبہ درسی کُتُب

(۴)شعبہ اصلاحی کُتُب (۵)شعبہ تفتیشِ کُتُب (۶)شعبہ تخریج

''**المدینۃ العلمیۃ**'' کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلٰی حضرت اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البَرَکت، عظیمُ المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجدِّدِ دین ومِلّت، حامیٔ سنّت، ماحیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیْر و بَرَکت، حضرتِ علاّمہ مولٰینا الحاج الحافظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی گِراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوَسْع سَہْل اُسلُوب میں پیش کرنا ہے۔تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس علمی، تحقیقی

اوراشاعتی مدنی کام میں ہرممکن تعاون فرمائیں اورمجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالعہ فرمائیں اوردوسروں کوبھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

''**المدینة العلمیة**''میں تشریف لانے والے کثیر علماء کرام میں سے چند شخصیات کے تاثرات کے اقتباسات ملاحظہ فرمایئے:

{44 }حضرت مولانا ابوالخیر سید حُسین الدین مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خلیفہ سید قطب مدینہ، سربراہ اعلیٰ تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان، مہتمم جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی)

اسلام کی طرف دعوت دینا، ہر عاقل بالغ مسلمان پر بقدرِعلم واستطاعت فرض ولازم ہے۔پاکیزہ خانقاہوں، علمی مذاکرات اور مذہبی تقریبات واعراسِ مبارکہ میں جہاں جہاں پر شریعت کے مطابق تبلیغی واشاعتی پروگرام ہوتے ہیں ان میں بہت نمایاں اور منظّم طریقے پر دعوتِ اسلامی اپنا دعوتی پیغام پیش کررہی ہے۔میرے لیے یہ بھی بہت خوشی کی بات ہے کہ دعوتِ اسلامی کے پیغام سے عام لوگ جو ہر روز مساجد، مدارس یا خانقاہوں میں آتے جاتے ہیں ان کو متاثر کرنے کی بہ نسبت وہ نوجوان جو کالجوں، یونیورسٹیوں یا بازاروں میں اپنا وقت گزارتے ہیں ان پر زیادہ توجہ کی گئی ہےاورالحمدللہ اس کے بہت بہتر ثمرات ہمارے سامنے آشکار ہوئے ہیں۔دعوتِ اسلامی کے امیر،ان کے مشیر اور رفقاءکار نے جامعات اوردارالعلوم کی طرف توجہ دی تو ان مدارس کے طلبہ وطالبات کی تعداد بھی روز بروز بڑھ رہی ہے اورامتحانی نتائج کے لحاظ سے بھی ان کی پوزیشن اچھی جارہی ہے۔

بڑی خوشی کی بات ہے کہ دعوتِ اسلامی کے شعبہ المدینة العلمیه نے مختلف اورنایاب کتابوں کی اشاعت بالخصوص درس نظامی کی شروحات اور ان کے حواشی کی طباعت بہت عمدہ اور احسن طریقے سے کرنا شروع کردی ہے۔مجھے یہ سن کربھی بہت خوشی ہوئی ہے کہ پاکستان کے علاوہ انڈیا، بنگلہ دیش، نیپال اور دوسرے کئی ممالک میں بھی جامعات کا قیام ہوچکاہے،میں اس پر بہت مبارکباد دیتاہوں۔اللہ مزید فروغ عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{45} حضرت مولانا عبدالحق چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ادارہ آغوش محمد، چشتیہ منزل، رحمت کالونی، مصطفٰی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

حامدا مصلیا و مسلما ، مرکز فیضان مدینہ میں حاضری کا شرف حاصل کیا ،صوری ومعنوی حسن کی بہار پائی ، علم وفضل اور عمل وتعمیل کے دھارے بہتے دیکھے ، تحقیق وتدقیق اور نشر واشاعت شعبہ جات کی کرنیں پھوٹتی نظر آئیں الحمد للہ۔

اللہ تعالٰی اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کے نعل کے تصدق بانئ ادارہ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری دامت فیوضوھم کو اپنی تمام فکری ونظریاتی اعلٰی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ عمر خضری نوازے ، ان کی خدمات کو درجات قبولیت سے نوازتے ہوئے اپنے ادارہ کو پوری کائنات میں بکھری برائیوں کے دفاع ہی میں نہیں ان پر حملہ آور ہونے والی فحاشی وعریانی اور بے دینی کی یلغار کو روکنے کیلئے نہ صرف آسانیاں پیدا فرمائے بلکہ خصوصی نگہبانی فرمائے۔

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{47} حضرت مولانا محمد مرید احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پنڈی سید پور، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم)

۸ رجب ۱۴۲۹ھ کو مفتی شاہد عطاری مدظلہ العالی کی دعوت پر فیضان مدینہ پہنچا ، مرکز کا مختصر دورہ

کیا، ماشاءاللہ المدینۃ العلمیہ میں جملہ شعبہ جات پر عمدہ ترین کام ہو رہا ہے جسے دیکھ کر زبان پر برجستہ سبحٰن اللہ اور صلی علی کے کلمات جاری ہوگئے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ المدینۃ العلمیہ کی برکات تا قیامت جاری وساری رکھے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{46} حضرت مولانا نورالحق ازہر نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

حضرت مولانا **نورالحق ازہر نقشبندی** دامت برکاتہم العالیہ فیضان مدینہ تشریف لائے تو جاتے ہوئے کچھ اس طرح اپنے تاثرات لکھتے ہیں:

مرکز فیضان مدینہ حاضر ہوکر اور پھر اس میں تبلیغی و اصلاحی کام کو دیکھ کر مسرت ہوئی مگر خوشی پر خوشی اس بات پر کہ ماشاء اللہ علمی وتحقیقی کام المدینۃ العلمیہ میں جس جانفشانی سے ہو رہا ہے خصوصاً درسی کتب پر کام دیکھ کر تو دل باغ باغ ہوگیا۔ عرصہ سے جو کمی محسوس ہو رہی تھی وہ اب پوری ہوتی نظر آرہی ہے۔ مختصر یہ کہ ہر شعبہ اپنی مثال آپ ہے۔ دعا گو ہوں کہ امیر اہلسنّت کی کاوشوں کو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ اللھم زد فزد اہلسنّت اس احسان کو صدیوں یاد رکھیں گے اور مستفید ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اس گلشنِ علم وعرفان کو آباد رکھے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{48} حضرت مولانا محمد داؤد صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(افغانستان کے دار الحکومت کابل کی معروف دینی شخصیت)

مجھے فیضان مدینہ کراچی میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی جہاں پر اساتذہ وعلمائے کرام خاص طور پر محترم جناب محمد الیاس قادری دامت فیوضوھم کی ملاقات کا شرف بھی حاصل ہوا جو ہمیشہ یادرہ جانے کے لائق ہے۔دل کی گہرائی سے یہاں دیکھ کر بس یہ دعا نکل رہی ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ ان کی اپنے پاس سے مدد،شریعت وطریقت پر استقامت ،بہترین نیکیوں والی لمبی عمر اور ایمان پر خاتمہ عطا فرمائے۔امین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{49} حضرت مولانا ریاض احمد بھیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد یوسف۔امان دوبئی)

اللّٰہ تعالی کا ہزار بار شکر ہے کہ اس نے فیضان مدینہ کراچی میں امیر اہلسنت محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ سے ملاقات کا شرف بخشا۔آپ کی زیارت سے دلی سکون نصیب ہوا المدینۃ العلمیہ کی لائبریری میں علماء کی وافر تعداد خدمتِ دیں کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے،کتب کے تراجم ہو رہے ہیں،اعلیٰ حضرت کی تصنیفات پر مکمل طور پر کام ہو رہا ہے اور انٹرنیٹ پر بھی پیش کیا جارہا ہے جو اہلسنّت کی عظیم خدمت ہے۔آنے والی نسلیں ان خدمات سے فائدہ حاصل کرتی رہیں گی۔خدا کرے فیضان مدینہ کا فیضان قیامت تک جاری رہے۔امین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{50} حضرت مولانا محمد حیدر علوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سربراہ رحمۃ اللعالمین فاؤنڈیشن راولپنڈی)

مرکزِ اسلام مرکزِ دعوت اسلامی حاضری کا شرف ملا۔ مختلف شعبہ جات اور انکی خوبصورت ترتیب وتزئین سے دل باغ باغ ہوا بالخصوص المدینۃ العلمیہ ۔ یقیناً اہلسنّت اہل حق کو علمی شعبہ میں ماہرین اور انکی سرپرستی کی انتہائی شدید ضرورت تھی تا کہ امت کی ضروریات دینیہ کے حوالے علمی پیاس بجھ سکے فقیر دعوت اسلامی کے ہر ہر فرد کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہے اس دعا کے ساتھ کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس چمن کو تا قیامت آباد رکھے۔ امین

مزید خدمات امیر اہلسنت اور خاص مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء وشَخصِیّات کے تأثُّرات کے اِقتباسات

مَدَنی چینل وقت کی ضرورت

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! مَحَلّے میں اگر مجوسی (آگ پوجنے والا) ہوٹل کھول لے تو ہر فرد کو یہ سمجھانا بَہُت دُشوار ہوگا کہ اِس کافر سے گوشت یا گوشت والی کوئی سی بھی غذا لیکر مت کھاؤ کہ گناہ وحرام ہے۔ **اَنسب** طریقہ یہ ہے کہ اس مَحَلّے میں مسلمان ہوٹل کھول لے اگر ایسا کرلیا تو اب سمجھانا آسان ہوجائے گا کہ وہاں کے بجائے یہاں سے کھاؤ۔ اِسی طرح T.V. کا مُعامَلہ ہے، آج شاید ہی کوئی گھر T.V. سے خالی ہو اور ہر باشُعُور مسلمان یہ جانتا ہے کہ ہمارے معاشرے کی تباہی میں T.V. کا بَہُت اَہم کردار ہے! مُبَلِّغینِ دعوتِ اِسلامی نے T.V. کی تباہ کاریوں کے خلاف اچھی خاصی مُہم چلائی لیکن کماحَقُّہٗ کامیابی نہ پائی۔ چونکہ ہزار میں سے تقریباً نوسوننانوے (999) افراد T.V. کے رسیا ہوچکے ہیں اور غالب اکثریت دنیا وآخرت کی بھلائی و بُرائی کی پرواہ کیئے بغیر T.V. دیکھنے میں مشغول ہے۔ T.V. بینی میں دیوانگی کی حدتک دِلچسپی کی وجہ سے شیطان ان کے کردار کے ساتھ ساتھ اِسلامی اقدار پر بھی یلغار

کر رہا ہے۔ اِسلام ہی کا لُبادہ اوڑھ کر بعض لوگ اسلام کو ماڈَرن انداز میں پیش کرنے کی مذموم سعی کر رہے ہیں، **اِسلام** کی حقیقی روح مسلمانوں کے دِلوں سے نکالی جا رہی ہے۔ اب اگر ہم مساجد وغیرہ میں .T.V کی تباہ کاریاں بیان کرتے بھی ہیں تو اوّل تو بمشکل 5 فیصد مسلمان نَماز پڑھتے ہوں گے پھر ان میں بھی اِکّا دُکّا ہی مذہبی بیان سننے میں دِلچسپی لیتا ہے، **نیز** اسلامی بہنوں کو کون بیان سنائے؟ اگر لٹریچر چھاپتے ہیں تو دِینی مُطالَعہ کرنے والوں کی تعداد مایوس کُن حد تک کم ہے! ان نامُساعِد حالات میں اس بات کا شِدّت سے اِحساس ہوا کہ مسلمانوں کی اِصلاح کا دائرہ کار اگر صِرف مساجِد اور اِجتماعات وغیرہ تک محدود رکھا تو اُمّت کی غالِب اکثریّت تک ہمارا دَرْد بھرا پیغام پَہُنچ ہی نہیں پائے گا اور طاغوتی طاقتیں یکطرفہ طور پر اپنے مختلف چینلز کے ذریعے مسلمانوں کو گمراہ کرتی رہیں گی۔ اَغلب گمان یِہی ہے کہ مسلمانوں کے گھروں سے .T.V نکلوانا ممکن نہیں بس ایک ہی صورت نظر آئی اور وہ یہ کہ جس طرح دریا میں طُغیانی آتی ہے تو اُس کا رُخ کھیتوں وغیرہ کی طرف موڑ دیا جاتا ہے تا کہ کھیت بھی سیراب ہوں اور آبادیوں کو بھی ہلاکت سے بچایا جاسکے۔ عین اِسی طرح .T.V ہی کے ذَرِیعے مسلمانوں کے گھروں میں داخِل ہوا جائے اور ان کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے اور انہیں گناہوں اور گمراہیوں کے سیلاب سے خبردار کیا جائے۔ چُنانچِہ جب معلوم ہوا کہ اپنا .T.V چینل کھول کر فلموں ڈراموں، گانوں، باجوں، موسیقی کی دُھنوں اور عورتوں کی نمائشوں سے بچتے ہوئے **100** فیصد اِسلامی مَواد فراہم کرنا ممکن ہے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی **مرکزی مجلسِ شوریٰ** نے خوب جِدّ وجُہد کر کے رَمضانُ المبارَک ۱۴۲۹ھ (2008ء) سے **مَدَنی چینل** کے ذَرِیعے گھر گھر سُنّتوں کا پیغام عام کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مدنی نتائج آنے لگے۔ یقیناً اس کی یہ بَرَکت تو بچّہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب تک **مَدَنی چینل** گھر یا دفتر وغیرہ کے .T.V میں آن رہے گا کم از کم اُس وقت تو مسلمان دوسرے گناہوں بھرے چینلز سے بچے رہیں گے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری توقُّع سے زیادہ **مَدَنی چینل** کو کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔ آج کل اِبتدائی آزمائشی سلسلوں (پروگراموں) کی ترکیب ہے اور دُنیا کے مختلف مقامات سے روزانہ

ہزاروں مبارکبادیوں اور حوصلہ اَفزائیوں کے پیغامات موصُول ہو رہے ہیں ۔ دعوتِ اسلامی کے وسیع دائرہ کار کو حُسنِ خوبی چلانے کیلئے مختلف ملکوں اور شہروں میں مُتَعَدَّد مجالس بنائی گئی ہیں ۔ مِنْجُملہ **مَجلسِ رابِطہ بِالْعُلَماءِ والْمَشَائِخ** بھی ہے جو کہ اکثر عُلَمائے کرام پر مُشْتَمِل ہے۔ اس کے مقاصد میں علماء و مشائخ اہلسنّت سے روابِط مضبوط کرنا ہے۔ اس مجلس کے ذریعے ملک بھر سے مفتیانِ عِظام و علَمائے کرام کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأثرات موصُول ہوئے، جن کے **اِقتباسات** حسبِ ذیل ہیں:

{51} حضرت مولانا پیر مفتی محمد جمیل رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مجاز حضور سبحانی میاں سجادہ نشین خانقاہ رضویہ بریلی شریف، صدر و مہتمم جامعہ بریلی شریف، ضلع شیخوپورہ، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی دعوتِ اسلامی کا وُجُود اہلسنّت و جماعت کے لئے فضلِ خداوندی ہے۔ امیرِ دعوتِ اسلامی پیکرِ صدق و رِضا مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت فیوضھم **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَ نَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر** (نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے) کے داعیِ اشرف ہیں۔ ان کی بَرَکت سے **دعوتِ اسلامی** کو عدیم المثال شُہرت و عزّت حاصل ہے، لاکھوں شمعِ رِسالت کے پروانے ان کا فیضِ جاوید ہیں۔ **مَدَنی چینل** فحاشی و عریانی کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے لئے مضبوط آہنی دِیوار ہے۔ اہلِ اِسلام کو فلموں وڈراموں کے بجائے **مَدَنی چینل** کو آن رکھنا چاہیے، **مَدَنی چینل** کے اِجرا سے گمراہ لوگوں کو ہدایت ملے گی، شراب نوش راہِ مستقیم پر گامزن ہوں گے، **مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مرکزِ ہدایت ثابت ہوگا۔ جہاں مسلمان گانے بجانے کے گمراہ کن پروگرام دیکھتے ہیں انہیں **مَدَنی چینل** سے رہنمائی لینی چاہیے، مسلمان خواتین بے پردگی و نافرمانیوں سے **مَدَنی چینل** کے ذریعے محفوظ رہ سکتی ہیں۔ ہر قسم کی رہنمائی **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہو رہی ہے، اہلِ اسلام کو باقی تمام چینل بند کروا دینے چاہئیں اور فقط **مَدَنی چینل** کو دیکھیں تاکہ ہر قسم کی بُرائی و گناہ سے اِجتناب ہو۔ **دعوتِ اسلامی** کی تہذیب فَقَط جنت کے راستے کی طرف رہنمائی ہے، ہر سُنّی عالم، خطیب، اِمام، حافظ، قاری و نعت

خواں اور تمام سُنّی رہنما بھرپور طریقے سے **دعوتِ اسلامی** کا ساتھ دیں، دعوتِ اسلامی کی بھرپور حمایت کریں اور **مَدَنی چینل** کی ترغیب دِلائیں۔**فیضِ اعلیٰ حضرت** کی بَرَکات **دعوتِ اسلامی** ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{52}حضرت مولانا پیر محمد خالد حسن مجددی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانیہ عالیہ مجددیہ قادریہ ''کھوکرکی''، مہتمم ''جامعہ فاطمۃ الزہراء'' گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

اچھا ہوا کارپردازانِ **دعوتِ اسلامی** نے اپناٹی وی مذہبی چینل جاری کر دیا۔اس سے شیاطین اور شیطانی قوتیں گھبرائیں گی اور حق کا بول بالا ہوگا۔محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سینوں میں اُجاگر ہوگی،عقائد کی تصحیح اور فاسِد خیالات کی بیخ کنی ہوگی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{53}خطیب اہلسنّت مولانا عبدالوحید ربّانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم اعلیٰ دارالعلوم ربانیہ،مَدِینَۃ الاَولِیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا درس دے رہا ہے،عالم اِسلام میں عشقِ نبی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی لہر پیدا کر رہا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{54}حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز محمود الازہری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ رکن الاسلام، حیدرآباد، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

سیرتِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی طرف دعوت دینے والی عالمی تحریک دعوتِ اسلامی کی طرف سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوگیا ہے۔اُمید ہے اس **مَدَنی چینل** سے علمی وتحقیقی انداز میں اِسلام کی تبلیغ واِشاعت کا کام ہوگا ،اللّٰہ ربُّ العزّت ہمارے اس خواب وتمنا کو عملی جامہ پہنائے اوردین حبیب علیٰ صاحبھا الصلوٰۃ والسلام کوعُروج وارتقا نصیب فرمائے ،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{55 }حضرت مولانا حافظ اللہ بخش چشتی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد دربارقادریہ، ڈیرہ غازی خان، پنجاب پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** تو سونے پر سہاگے کا کام کررہا ہے۔مولانا روم علیہ رحمۃ اللہ القیوم کا اِرشاد ہے:

آں ھلاکِ امت پیش کہ بود
زانکہ بر جندل گمان بر دند عود

ترجمہ: وہ جوگزشتہ اُمت کی ہلاکت تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے پتھر کوخوشبودارلکڑی سمجھ رکھا تھا۔

گویا کہ **مَدَنی چینل** نےحق وباطِل میں خطِ اِمتیاز کھینچ لیا،دُودھ کا دُودھ اور پانی کا پانی کردیا ہے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے نتائج بہتر سے بہتر اور بہتر سے بہترین ظاہر ہوتے جائیں گے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{56 }حضرت مولانا محمد یوسف ضیائی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی سیرت کمیٹی، مظفرآباد، کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ موجودہ دور میں **مَدَنی چینل** بے حیائی و بے دِینی کا توڑ ہے، اور اصلاحی بیانات ہر مسلمان مرد وعورت کے لئے مشعلِ نُور ہیں۔ اور **مَدَنی چینل** کا اِفتتاح یقیناً عوام اہلسنّت سمیت عالَم اِسلام کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنے گا۔ مَیں **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کے ذِمّہ داروں کے لئے دُعا کرتا ہوں کہ جس طریقہ سے ایک دِینی کام کا آغاز کیا ہے اسے مسلسل جاری رکھیں تا کہ رحمتِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت، اہلِ بیت کی محبت اور صحابۂ کرام علیہم الرضوان کی محبت لوگوں کے دِلوں میں پیدا کی جائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{57} حضرت مولانا محمد اقبال چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ، اوکاڑہ، پنجاب پاکستان)

دعوتِ اسلامی جس نے اہلسنّت کے کام کو کم وبیش ہر شُعبہ میں اَحسَن پیرایہ میں کرنے کی مساعیٔ جمیلہ کا عزم بِالجزم کر رکھا ہے۔ جس کا مُنہ بولتا ثبوت **دعوتِ اسلامی** کا 66 سے زائد ممالک اور 36 سے زائد مختلف شعبہ جات میں پھیلا ہوا مستحکم نیٹ ورک ہے۔ اور اب **مَدَنی چینل** کے نام سے ''شرعی تقاضوں کے تحت'' چلنے والے ٹی وی چینل کا آغاز کر کے تو **دعوتِ اسلامی** نے بہ بانگِ دُہُل یہ اِعلان کر دیا ہے کہ **دعوتِ اسلامی** آقائے نامدار صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دینِ متین کے خلاف برسرِ پیکار، اَغیارِ ناہنجار کے عزائم و کردار سے مکمل خبردار ہے اور فیشن و ترقی کے نام پر چمنِ سُنَنِ شاہِ زمن صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں موسمِ خزاں لانے کے لئے اِستعمال ہونے والے میڈیا کے صحیح اور دُرُست شرعی اِستعمال سے گلستان و گلزارِ سُنَّتِ شہِ ابرار صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں بہار لانے کیلئے اِنتہائی مَتانت سے سرگرمِ عمل ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{58 }حضرت مولانا مفتی ابوالظفر احمد یار مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس دار العلوم اشرف المدارس، اوکاڑہ، پنجاب پاکستان)

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا

کارواں کے دِل سے احساسِ زِیاں جاتا رہا

اِن حالات میں امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کا **دعوتِ اسلامی** کے دیگر شعبہ جات کو اَحسَن انداز سے ترقی کی شاہراہ پر گامزن رکھنے کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کے کام سے ٹی وی نشریات کا آغاز کرنا لائقِ صد تحسین و آفرین عمل ہے جس پر اِنہیں جتنا بھی ہدیۂ تبریک پیش کیا جائے وہ کم ہے کیونکہ انہوں نے دوراندیشی سے کام لیتے ہوئے اُمتِ نَبوی علٰی صاحبھا الصلوٰۃ والسلام پر کمال مہربانی کی ہے اور بلند ہمت اور بلند بخت ہیں وہ احباب جنھوں نے **مَدَنی چینل** کے قیام کو عمل میں لانے کیلئے دامے دَرمے قدمے سُخنے حصہ لیا۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{59 }حضرت صاحبزادہ خواجہ اظہار الحق مسعود شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(قائم مقام سجادہ نشین دربار عالیہ چشتیہ نظامیہ ملنگیہ، علی پور شریف، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ تعالیٰ بہترین جزا دے امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّاؔر قادری** رضوی ضیائی دامت فیوضھم کو کہ جنھوں نے **دعوتِ اسلامی** کو چلایا، پروان چڑھایا اور صرف 27 سال کی مختصر مُدّت میں دعوتِ اسلامی کو تحریک ہی نہیں، تنظیم (نظم وضبط) سے مزیّن و آراستہ کیا اور نَتیجۃً آج اس شجرۂ سایہ و پھلدار کی جڑیں

66 سے زائد ملکوں میں پھیل چکیں، جب کہ 36 سے زائد مختلف شاخوں (شعبہ جات) سے مختلف میوے اپنے رنگوں اور ذائقوں سے اُمتِ مُصطَفوی علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام کو مُستَفِید و مُستَفِیض کر رہی ہیں اور اب **مَدَنی چینل** کے نام سے خالِص مذہبی و دِینی نشریات کے حامل و علمبردار ٹی وی چینل کا آغاز کرنا مولانا موصوف (امیرِ اہلسنّت) اور دعوتِ اسلامی کا واقعی منظّم **کارنامہ** ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{60} صاحبزادہ پیر سید منیر احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین سلسلہ قادریہ نقشبندیہ، کوٹ غلام محمد خان، قصور، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل ہمارے لئے باعثِ برکت و باعثِ رحمت ہے۔ **مَدَنی چینل** آنے کی وجہ سے نبیِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے غلاموں اور عاشقوں کے دِل و دِماغ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کی وجہ سے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ اور اس کے رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی میٹھی میٹھی باتیں عوام الناس تک پہنچیں گی اور معاشرے کی اِصلاح ہوگی۔ لہٰذا حکومتِ پاکستان نے جہاں دیگر چینل کو اِجازت وسہولیات دی ہوئی ہیں وہاں سب سے زیادہ مراعات **مَدَنی چینل** کو دینی چاہئیں، کیونکہ یہ چینل شر انگیزی سے پاک اور ملک دوست ہے۔ مَاشَاءَ اللہ **دعوتِ اسلامی** آج تک کبھی بھی گھیراؤ، جلاؤ، پتھراؤ اور اِنتہا پسندی میں شریک نہیں دیکھی گئی۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{61} حضرت مولانا روحیل احمد عباسی قادری شاذلی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد دربار سہیلی سرکار، مظفر آباد، کشمیر)

الیکٹرانک میڈیا پر مَدَنی چینل کا آغاز بالیقین، غلامانِ رسُول اور عاشقانِ رسُول مسلمانوں کے لئے ایک بہُت بڑی خوش خبری ہے، اور وقت کی ایک اہم ضرورت اور تقاضا بھی ہے کہ جہاں عوام کو ٹی وی اور دیگر ذرائع سے فُحش قسم کے پروگرامز دکھا کر اللہ تعالیٰ سے دُوری کا درس دیا جارہا ہے وہاں ایسے پروگرام یقیناً اِصلاحِ احوال کے لئے ضروری اور بہتر اہمیت کے حامل ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{62} حضرت مولانا مفتی حافظ نذیر احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ضلع مفتی مظفر آباد، ریاست جموں وکشمیر)

دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے نام سے جس چینل کا آغاز کیا ہے مظفر آباد میں کیبل آپریٹرز یہ چینل دِکھا رہے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کی بہُت ہی اعلیٰ کاوِش ہے، اس سے دعوتِ اسلامی کا پیغام گھر گھر پہُنچانے میں آسانی ہوگی۔ پیر طریقت رہبر شریعت، امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ اس پرخراجِ تحسین کے مُستحق ہیں۔ آپ کے محبت بھرے خطابات لوگوں کے دِلوں پر یقیناً اَثر انداز ہوں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{63} حضرت مولانا قاضی عبدالوحید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دربار عالیہ جھاگ شریف، دواریاں، ضلع نیلم، مظفر آباد، آزاد کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے نام سے سیٹلائٹ اور کیبل پر آغاز کر کے اِنقلابی قدم اُٹھایا ہے جس پر دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ اور بالخصوص امیر اہلسنّت حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتھم العالیہ مبارک باد کے مُستحق ہیں۔ مجھے اُمید ہے کہ **مَدَنی چینل**

بدتہذیبی اور بدعقیدگی کے طوفان کو روکنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ عالمِ اِسلام کی اس بابَرَکت مدنی تحریک کے کام میں مضبوطی آئے گی۔ عشقِ رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم، حُبِّ صحابہ واہلِ بیت علیہم الرضوان اور حُبِّ اولیاء وعلماء کی شمع سے دینِ اسلام کے کام میں زبردست ترقی آئے گی۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{64} حضرت مولانا قاری فیض بخش رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رضویہ مصباح القرآن، فیصل آباد وہاڑی چوک، ملتان، پنجاب پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** اہلسنّت کا مان ہے۔ دورِ حاضر کی ضرورت تھی کہ شیطان کو مات دینے کے لیے اہلِ درد میں سے کوئی میڈیا میں ایسا قدم اُٹھائے جس میں دُور تک کہیں گناہ کا شُبہ بھی نہ ہو۔ مَجلِس رابِطَہ بِالعُلَمَاء وَالْمَشَائِخ کے اسلامی بھائیوں نے جب **مَدَنی چینل** کے بارے میں آگاہ کیا، بہُت خوشی ہوئی۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{65} حضرت مولانا زین العابدین قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ رحمانیہ متصل تاج مسجد، مین روڈ مورو، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہمیں بہُت خوشی محسوس ہوئی ہے کہ آج کے پُرفِتن دور میں جہاں جہالت عُروج پہ پہُنچ چکی ہے۔ وہاں ہدایت کا سرچشمہ **مَدَنی چینل** جس کے ذریعے اِسلام کی خدمت کو عام کیا جا رہا ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{66 }حضرت مولانا مفتی محمد الطاف سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس مصباح العلوم میلسی روڈ، ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت وجماعت کی معروف تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے جو نشریات شروع کی ہیں بہُت ہی اَحسَن کام کیا ہے۔ دورِ حاضر میں جب کہ ہر طرف فحاشی وعُریانی عروج پر ہے اور مسلمانوں کو راہِ راست سے ہٹانے کیلئے بڑے بڑے ہتھکنڈے اِستعمال کئے جارہے ہیں، تو اس دور میں **مَدَنی چینل** ایک نعمت سے کم نہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{67 }حضرت مولانا مفتی محمد یعقوب سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ عائشہ صدیقہ بادشاہی مسجد، جلہ جیم میلسی، ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت وجماعت کی عظیم دِینی وتبلیغی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے جو **مَدَنی چینل** کا اجرا کیا ہے بہُت عظیم کارنامہ ہے۔ لوگوں کو اس کے متعلق بہُت معلومات ہوں گی کہ **دعوتِ اسلامی** اُمتِ مُسلِمہ کو دین کا مقصد بتانے اور سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کو پھیلانے کیلئے گلی گلی، کوچہ کوچہ، شہر شہر اور ملک بہ ملک کیسے محنت کررہی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{68 }حضرت مولانا مفتی محمد الٰہی بخش مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ عربیہ حنفیہ غوث الاسلام، پُرانی عیدگاہ جھنگ صدر، پنجاب، پاکستان)

ایک بندۂ ناچیز ہی نہیں، بلکہ ہر وہ سُنّی جس کے دِل میں مسلک کے دَرْد کی چنگاری موجزن ہے، چاہتا تھا کہ اپنے مسلک کو اُجاگر کرنے کا وسیلۂ جلیلہ ہو، وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ آج **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس سعیٔ جمیلہ کو قبول فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{69} حضرت مولانا مفتی محمد حمید الدین رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فریدیہ، ہاؤسنگ کالونی، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

تبلیغِ دِین واحیاءِ سُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تنظیم **دعوتِ اسلامی** روز افزوں ترقی وکمال کی طرف گامزن ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے زیرِ اہتمام **مَدَنی چینل** کا قیام ایک اِنتہائی خوش آئند قدم ہے۔ عصری اور جدید تقاضوں کے مطابق تجدید و احیائے دِین اور فروغِ عشقِ رسُولِ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خاطر **دعوتِ اسلامی** کی یہ حسین کاوش قابلِ صد تحسین ومبارکباد کی مُستحق ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{70} شیخِ طریقت پیر سید محمد خالد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھا، بے حد خوشی ہوئی، اللہ رَبُّ العزّت سرکارِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{71} حضرت مولانا مفتی محمد کاشف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ نبویہ، ساجد اعوان کالونی، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا ایک اہم اِنقلابی قدم ہے۔ اہلسنّت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ پہلا چینل ہے جس کی جتنی بھی تحسین کی جائے کم ہے۔ ہم **دعوتِ اسلامی** کو اس زبردست کاوش پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{72} حضرت مولانا محمد فیاض احمد اُویسی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ اُویسیہ رضویہ، جامع سیرانی مسجد، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

تحریری، تبلیغی اور تدریسی میدان میں **دعوتِ اسلامی** قابلِ رشک کارہائے نُمایاں کر رہی ہے اور موجودہ دور میں میڈیا کے کردار سے کون واقف نہیں، سچی بات ہے کہ آج کی جنگ میڈیا کے ذریعے جیتی جاسکتی ہے۔ **مَدَنی چینل** کے آنے سے یقیناً اچھی تبدیلی آئے گی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{73} حضرت مولانا مفتی احمد بخش مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وناظم اعلیٰ جامعہ قادریہ اہلسنّت، دنیاپور، ضلع لودھراں، پنجاب، پاکستان)

آج اس وقت اُمتِ مُسلِمہ بے راہ روی کا شکار ہے اور بے حیائی کا طوفان میڈیا کے ذریعے شدّت سے

پھیل رہا ہے۔اس کے قلع قمع کے لئے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر سُنَّتوں بھری تحریک **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بَہُت مؤثر ثابت ہوگا۔اس تحریک دعوتِ اسلامی کے بانی، امیر اہلسنت حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطّار** قادری دامت برکاتھم العالیہ کے اِصلاحی بیانات سے اُمت کی بَہُت اِصلاح ہوگی اور آنے والے وقت میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بَہُت کامیابی ہوگی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{74} حضرت مولانا پروفیسر عون محمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم حسنیہ، نزد سبزی منڈی، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** جتنے شعبوں میں بھی کام کررہی ہے وہاں خوب سے خوب تر کام ہورہا ہے۔**مَدَنی چینل** کے آغاز کا فیصلہ بھی یقیناً اِنتہائی غور وفکر کے بعد کیا گیا اور اس کے نتائج وثمرات بھی فوری طور پر آنے شروع ہوگئے ہیں۔اس سے جو **فوائد** سامنے آرہے ہیں وہ حسبِ ذیل ہیں:

(1)...... **باطِل** کے کشمکش کے اس دور میں اہلسنّت کا پیغام گھر گھر پہنچ رہا ہے۔

(2)...... **بین الاقوامی** سطح پر مؤثر اور دِل نشین انداز میں ہمارا پیغام وہاں تک پہنچ رہا ہے جہاں اس ذریعے کے بغیر رسائی بے حد مشکل ہے۔

(3)...... **پاکستان** میں ایک چینل بھی ایسا نہ تھا جس میں غیر محرم عورتوں کو اُچھلتے کودتے نہ دکھایا جاتا ہو۔ یہ واحد چینل ہے جو اس خامی سے مُبرَّ ا ہے۔اس لحاظ سے **یہ ایک آئیڈیل اِسلامک چینل ہے۔**

(4)...... **یہ** پہلا چینل ہے جو خالِصتاً اہلسنّت کے پیغام کو لیکر اُٹھا ہے اس میں باطِل کی ہلکی سی آمیزش بھی نہیں ہے۔

(5)...... **اس چینل** سے اہلسنّت کو ایک تربیت یافتہ ٹیم بھی مل جائے گی جو تیز رفتاری سے اس میدان میں اپنا لوہا

منوائے گی۔

بہر حال ہم اس چینل کے شروع کرنے پر **دعوتِ اسلامی** کے تمام مرکزی ذِمّہ داران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{75} حضرت مولانا محمد قمرالدین شاہ بخاری سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(قطب پور سادات، دنیاپور، لودھراں، پنجاب، پاکستان)

موجودہ حالات میں **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کا آغاز بگڑے ہوئے معاشرے کی اِصلاح اور بے حیائی، فحاشی، عُریانی اور ظلماتی فضا میں اِصلاح کیلئے روشن آفتاب کی مانند ہے۔ اس چینل سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت ہی عمدہ نتائج برآمد ہوں گے اور آنے والے وقت میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دیگر تمام چینلز پر بھاری ثابت ہوگا۔ لوگ میڈیا کی طرف بھاگتے ہیں، موجودہ حالات میں اس کی اشدّ ضرورت تھی جو کہ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** نے پوری کر دی۔ ہم دُعاگو ہیں کہ اللہ تعالٰی بھرپور کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{76} حضرت مولانا ابرار احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعیمیہ وخطیب جامع مسجد غوثیہ، ہجرت کالونی، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل کا آغاز دیگر شعبہ جاتِ **دعوتِ اسلامی** کی طرح یہ بھی اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مسلمانوں میں مذہبی وعقیدی اِنقلاب لائے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{77 }حضرت مولانا ملک شوکت علی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، بلاک 12، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

میڈیا کے اِس دور میں خالِصتاً اِسلامی چینل کی کمی محسوس کرنے والے اہلِ محبت اور اہلِ دَرْد کی اس خواہش اور ضرورت کو **مَدَنی چینل** نے بطریقِ اَحسَن پورا کر دیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{78 }حضرت مولانا مفتی محمد شفیق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم و مدرس مدرسہ علوم المرتضٰی میانی شریف، تحصیل بھلوال، ضلع گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل اِسلامی دعوت کو عام کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، خاص کر مغربی ممالک کو اِسلام سے متعارف کرنے کا واحد حل ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{79 }خطیب اہلسنّت حضرت مولانا محمد اسلم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد شہداء، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت کے پیغام کے فروغ کیلئے میڈیا کا اِستعمال بہُت ضروری ہے۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز کسی خوشخبری سے کم نہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{80} حضرت مولانا محمد عبداللہ سعید ہاشمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم و منتظم اعلیٰ جامعہ معینیہ قادریہ، بلاک 10، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

کچھ عرصہ سے دیگر ٹی وی چینلز کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کا اِجرا ہوا۔ کئی مرتبہ دیکھنے کا اِتّفاق ہوا، دِل کو از حد تسکین اور رُوح کو فرحت ملی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{81} حضرت مولانا ابو حماد محمد حنیف امجدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد کنز الایمان، باب المدینہ کراچی)

دستور ہے کہ لاٹھی کا مقابلہ لاٹھی سے اور بندوق کا مقابلہ بندوق سے ہوتا ہے۔ مَیں دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شورٰی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** نے گناہوں بھرے پروگرام دِکھانے والے ٹی وی چینلز کا مقابلہ **مَدَنی چینل** سے شروع کیا ہے۔

اُن علمائے کرام کے اسمائے گرامی جنہوں نے ان آخری تأ ثرات پر تائیدی دستخط فرمائے:

{82} حضرت مولانا حافظ غلام حیدر خادمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ دار العلوم نعمانیہ رضویہ، شہاب پورہ ضیاء کوٹ (سیالکوٹ) پنجاب، پاکستان)

{83} حضرت مولانا محمد سعادت علی قادری اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث و ناظم اعلیٰ دار العلوم، جامعہ حنفیہ، قصور، پنجاب، پاکستان)

{84} اُستاذ العلماء حضرت مولانا محمد یعقوب قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ غوثیہ رضویہ، شیخوپورہ، پنجاب، پاکستان)

{85 }حضرت مولانا حافظ قاری محمد سلیم قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم قادریہ رضویہ، پُرانا شہر شیخو پورہ، پنجاب، پاکستان)

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{86 }حضرت صاحبزادہ غلام معین الدین نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت قبلہ عالم خواجہ نور محمد مہاروی، چشتیاں شریف، ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

مَاشَاءَ اللّٰہ عَزّوَجَلّ ،**دعوتِ اسلامی** جو اہلسنّت و جماعت کی مکمل غیر سیاسی تحریک ہے، نے پچھلے تقریباً 27 سالوں میں دُنیا بھر کے 200 سے زائد ممالک اور 95 سے زائد مختلف شعبہ جات میں اِنتہائی جاں سوزی سے پُرخُلُوص کام کے ذریعے علماء ومشائخ اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی اور مسلمانانِ عالم کے دِلوں میں خوب خوب خوشیاں داخل کی ہیں۔اوراب **مَدَنی چینل** کا آغاز تو دعوتِ اسلامی کا ایسا اقدام ہے جو''ضرورتِ وقت'' ہے۔اللہ تعالٰی جناب امیر اہلسنّت حضرت **مولانا محمد الیاس عطّار** قادِری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کو دینِ اسلام کی ترویج واِشاعت کے لئے مزید مساعیٔ جمیلہ کرنے کی توفیق دے اور جن احباب نے اِس چینل کیلئے کوشش کی مولیٰ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور بالخصوص حکومتی ادارے جنہوں نے اِس چینل کی عارضی منظوری دی ہے اِنہیں اس نیکی کی اچھی جزا دے اور انہیں اس چینل کو مستقل طور پر جاری کرنے کی توفیق دے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{87 }حضرت مولانا محمد منور نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ تعلیمات ادارہ مصباح القرآن، ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

دورِ حاضر میں جب کہ میڈیا ذِہن سازی اور کردار کی اچھی یا بُری اَنگیخت (ترغیب) میں سب سے کارگر ہتھیار

ثابت ہو چکا ہے۔ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا ذِہن وفکر کے دریچے کھول کر رہا ہے۔ ضروری ہے کہ نسلِ نو کو اس کے اَثراتِ بداور افکارِ فاسِد سے پاک رکھنے کی مُخلِصانہ تگ ودَو کی جائے۔ بے شمار اَخلاق باختہ اور ایمان سوز چینلز کی موجودگی میں پاکیزگی وطہارتِ فکر، اِصلاحِ عقائدو اَعمال کے مقصد جلیلہ کے حُصُول کیلئے **مَدَنی چینل** کا اِجرا اِنتہائی قابل قدر اورلق ودق صحرا میں نوخیز گلاب کی مانند ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{88 } حضرت مولانا نیاز احمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد جیلانی، چشتیاں ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

اَحقرُ العِباد نے جب **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی خبرسنی تو اِنتہائی دِلی مَسرَّت ہوئی۔ دیگر چینلز کے ذریعے زمانۂ جاہلیت سے بڑھ کر اَخلاق کی دھجیاں اُڑائی جارہی ہیں اور نسلِ نو کو میڈیا کے ذریعے اَخلاقِ بداور اَفکارِ فاسِدہ میں جکڑا جارہا ہے۔ اِنتہائی ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جس پر اُمتِ مُسلِمہ کی اَخلاقی، اِصلاحی، اورفکری تربیت کی جائے اور صحیح معنوں میں آقائے کونین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام پہنچایا جاسکے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن** **دعوتِ اسلامی** کے امیر، امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا پیر طریقت **محمد الیاس عطارقادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور آپ کے تربیت یافتہ نوجوانوں نے اس عظیم ضرورت کو پورا کر دیا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{89 } حضرت مولانا مفتی انتخاب احمد نورانی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین ادارہ صراط القرآن، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت کی عظیم تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا یہ مشن (**مَدَنی چینل**)

اچھا ہے اور وقت کی ضرورت ہے۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{90} حضرت مولانا ابوالرضا محمد عبدالعزیز نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مرکزی دارالعلوم غوثیہ، حویلی لکھا، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَللّٰہ تعالٰی اور حُضُورِ پُرنُور صلَّی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلَّم نے فخرِ اہلسنّت، امیرِ اہلسنّت، پیرِ طریقت حضرت علامہ محمد الیاس صاحب قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو ایسا حکیم الامت بنایا ہے کہ آپ نے اوّل سے احباب کی نبضوں پر جو ہاتھ مبارک رکھا ہے اور رکھ رہے ہیں وہ قابلِ رشک ہے۔ **مَدَنی چینل** کے کیا کہنے!

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{91} حضرت مولانا مفتی محمد عارف سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوارِ مصطفٰے جامع مسجد آدم شاہ، نزد ریلوے گراونڈ، انوارِ مصطفٰے روڈ، سکھر، باب الاسلام سندھ پاکستان)

مَدَنی چینل آج کے میڈیا کے طوفانی سیلاب میں بارانِ رحمت کا ایک خوشگوار اضافہ ثابت ہوگا، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ آج کے دور کی ضرورت کا اِحساس کر کے **دعوتِ اسلامی** کی مرکزی مجلس شوریٰ کا فیصلہ بہُت ہی خوش آئند ہے، بَلِّغُوْا عَنِّی وَلَوْ اٰیَةً (کَنزُالعُمّال ج۱۰ ص ۹۷ حدیث ۲۹۱۶۱ دار الکتب العلمیة بیروت) یعنی میری طرف سے پُہنچا دو اگر چہ ایک ہی آیت ہو۔'' کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگا۔ کروڑوں خواتین اور گھریلو بچے **فیضانِ سُنّت** سے مُستَفِیض ہوسکیں گے، جو کہ دُرُوس، مساجد اور مدارِس کے ذریعے اِتنا وسیع پیمانہ پر ممکن نہیں تھا۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{92 }حضرت مولانا عبدالواحد مجیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد باب الحرمین، سیکٹر 14/L، اورنگی ٹاؤن، باب المدینہ کراچی)

مَیں نے آپ کا **مَدَنی چینل** دیکھا،مَیں ایک دفعہ اپنی بڑی بہن کے گھر گیا تو میری بہن کا پورا گھر **مَدَنی چینل** دیکھ رہا تھا۔اوراس وقت **مَدَنی چینل** پر شیخِ طریقت وشیخ شریعت (حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دَامَ ظِلُّہٗ)وُضُو کا طریقہ بتارہے تھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ میری بہن کے پورے گھر والوں نے پورا وضو کا طریقہ سیکھا۔ مجھے بڑی حیرت ہوئی کہ میرا یہ گھرانہ بڑے شوق سے **مَدَنی چینل** دیکھ رہا ہے۔ حیرت کی وجہ یہ ہے کہ وہ گھرانہ پورا فیشن ایبل ہے۔ جنہوں نے کبھی نماز ہی نہیں پڑھی سوائے عیدین کے اور جُمُعَہ کے۔ اب اس گھر والوں کے ذِہن میں بھی **مَدَنی چینل** آچکا تھا۔ **مَدَنی چینل** دیکھنے کی بَرَکت سے پورا گھرانہ **مدنی ماحول** سے وابستہ ہوگیا۔ **مَدَنی چینل** کی کیا بات ہے! یہ بگڑے ہوئے لوگوں کی اِصلاح کا سبب بن رہا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{93 }حضرت مولانا قاری محمد احمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ابوحنیفہ تکیہ حاجی شاہ غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل مسلکِ حق اہلسنّت کا اشاعتی چینل ہے، جس کی آمد سے ہم بہُت خوش ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{94 }حضرت مولانا قاضی غلام مرتضٰی صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بابری، تاج پورہ اسکیم، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مجھے **مَدَنی چینل** پر دینِ متین کی تبلیغ کا انداز بہُت اچھا لگا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{95 }حضرت مولانا مفتی محمد انعام الرحمٰن نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، مسلم آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ نہ صرف **مَدَنی چینل** بلکہ **بانیٔ دعوتِ اسلامی** ہمارے لئے سائبان کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{96 }حضرت مولانا قاری شہباز احمد نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فاروقیہ، لیز پورہ، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

ہم دعوتِ اسلامی کے مشکور ہیں جنہوں نے مسلکِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کے فروغ کے لئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{97 }حضرت مولانا قاری محمد حیات قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد جمالِ مصطفٰے، تاج پورہ سکیم، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل دیکھ کر بہُت اچھا لگا، خاص طور پر **''کمسن مُبلّغ''** پروگرام قابلِ ستائش ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{98} حضرت مولانا شیر علی نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد قادریہ، حسین پورہ، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

ہمیں **مَدَنی چینل** سے بہُت سی توقعات وابستہ ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{99} حضرت مولانا پیر محمد صدیق نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نقشبندیہ مجددیہ، نظام آباد، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کا آغاز وقت کی اَہم ضرورت ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{100} حضرت مولانا قاری دوست محمد اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حنفیہ رضویہ، تاج پورہ روڈ، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل پر **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ کو دیکھ کر حیرانگی ہوئی، لیکن پتا چلنے پر خوشی بھی ہوئی کہ یہ **دعوتِ اسلامی** کا اپنا چینل ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{101} حضرت مولانا قاری طارق محمود نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نقشبندیہ، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل بُہت اچھا چینل ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{102 }حضرت مولانا حافظ عامر رضا رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورِ الٰہی، تکیہ مندرہ والا، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کے آنے سے سب سے بڑی خوشی یہ ہوئی کہ یہ سُنِّیَت کے فروغ کا بڑا ذریعہ ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{103 }حضرت مولانا حافظ ناصر محمود علوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد عثمانیہ، عثمان نگر، غازی آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل صحیح معنوں میں اِسلام کی تبلیغ کر رہا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{104 }حضرت مولانا الطاف الرحمٰن چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم رحمانیہ، چشتیہ، صدر گوگیرہ (ٹھٹھہ مسریہ) ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

غیر سیاسی مذہبی تبلیغی مشن لے کر چلنے والی **دعوتِ اسلامی** کا یہ عمل اِنتہائی خوش آئند ہے کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے کروڑوں لوگوں کو اِسلام کی تعلیمات سے اِستفادہ حاصل ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{105 }حضرت مولانا پیر سید احمد کمال شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(زیب سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ، ہارون آباد، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت پر جو خالقِ اکبر جَلَّ جَلَالُہ نے کرم فرمایا، اُن کرم نوازیوں اور اِنعامات میں سے ایک کرم **دعوتِ اسلامی** کا قیام ہے اور دعوتِ اسلامی جو ایک عالمگیر کام کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے، اس کی مقبولیت اور لوگوں کا اس کی طرف متوجّہ ہونا اس بات کی غمازی کررہا ہے کہ سرکارِ اَبدقرار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم اپنی خُصُوصی نگاہِ کرم سے نواز رہے ہیں۔ **امیرِ اہلسنّت پاسبانِ مسلک رضا** رضی اللہ تعالٰی عنہ کی ذات ہمارے لیے ایک خُصُوصی نعمت اور خُصُوصی نوازش ہے۔ (اور یہ) اللّٰہ پاک اور سرکارِ دوعالم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی طرف سے ایک عطیہ سے کم نہیں ہے۔ اللّٰہ پاک بطفیلِ نبی دوعالم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم آپ دامت برکاتھم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے۔ اس کے ساتھ **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک بہُت بڑی کاوِش ہے، خاص کر ایک ایسا چینل جو کہ خالِصتاً دِینی ہو۔ اس کا جاری رہنا اہلِ حق پر ایک بہُت بڑا اِحسانِ عظیم ہے۔ مَیں ان احباب کو اَربابِ اقتدار کو اور دیگر احبابِ گرامی جن کی کوشش **مَدَنی چینل** کے اِجراء کے سلسلہ میں شامل ہے، کو خراجِ عقیدت اور ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{106 }حضرت مولانا پیر مفتی محمد مظہر فرید شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب مہتمم جامعہ فریدیہ، ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

مدنی چینل کا اِجراء عالمگیر تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا حسین اِقدام ہے، فَلِلّٰہِ الْحَمْد۔ مسلمانوں کی غیر سیاسی عالمی تبلیغی و اِصلاحی جماعت **''دعوتِ اسلامی''** نے اِصلاحِ اُمت کیلئے اپنے اسباب میں ٹی وی کو بھی شامل کر کے اپنے اسلحہ کو جدید اور مؤثر بنانے کا فیصلہ کر لیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{107} حضرت مولانا ناصر جاوید سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعۃ الحراء والاسلامیہ، میرپور، آزاد کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی دِین اِسلام کے لئے بے شمار خدمات کا اِعتراف تو ہر ذِی شُعور سُنّی مسلمان کر رہا ہے۔ اور یقیناً لائقِ تعریف ہیں لیکن **مدنی چینل** کے ذریعے کروڑوں، اربوں اِنسانوں کی اِصلاح کا بیڑا اُٹھانا اپنی نوعیت کا منفرد اور جدید قابلِ تعریف عمل ہے۔ جس کے ذریعے سے بیک وقت کھربوں اِنسانوں کے عقیدہ و عمل کی اِصلاح کی جاسکتی ہے۔ اور انہیں اِسلام کی حقیقی تعلیمات سے روشناس کرایا جاسکتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{108} حضرت پیر غلام رسُول ثانی تو گیروی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ تو گیرے شریف، ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

ذاتِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ نے ہر دور میں اپنے منتخب و محبوب بندوں سے اپنے دینِ متین کی ترویج و اشاعت کا عظیم الشّان کام لیا۔ دورِ حاضر (جو کہ بلاشبہ پُر فتن دور ہے) میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے حبیب لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ

والہٖ وسلّم کی محبوب اُمت کو بے راہ روی سے بچانے ، اِسے راہِ سُنَّت دِکھانے اوراس پر چلانے کا عظیم منصب وفریضہ، ہمارے زمانے کی مشہور ومعروف اور ہر دلعزیز دِینی و مذہبی ، غیر سیاسی شخصیت ، کشتۂ عشقِ رِسالت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام محافظِ دین وملت ، مُبلّغ قرآن وسُنَّت ، محسنِ اہلسنّت ، فیاض ملت ، امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی **حضرت مولانا محمد الیاس عطّار ضیائی رضوی قادری** مُدَّظِلُّہُ العالی کو محض اپنے فضل وکرم سے عطا فرمایا۔ بلاشبہ ''ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ'' آپ مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی تحریر وتقریر سے بِحَمۡدِہٖ تَعَالٰی لاتعداد نوجوان، بچے اور بچیاں گمراہی سے تائب ہوکر پابندِ سُنَّت بن گئے ہیں۔ اِنۡ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب **مَدَنی چینل** کی آمد سے بھی یہ سلسلۂ رُشدو ہدایت مزید بڑھے گا اور میڈیا کے ذریعے پھیلنے والی گمراہی کی روک تھام میں مُمِدّ ومعاون ثابت ہوگا۔ مَیں **مَدَنی چینل** کے آغاز پر قبلہ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور آپ کے ساتھیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیۡب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{109 }خطیب اہلسنّت حضرت مولانا محمد اسلم خان نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد، میر پور، آزاد کشمیر)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز میڈیا کے اس دور میں اللّٰہ تبارک وتعالٰی کا اہلِ اسلام کے لیے ایک عظیم تُحفہ سے کم نہیں ہے۔ اللّٰہ رَبُّ العزّت امیر اہلسنّت **حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری** حَفِظَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو خدمتِ دین کیلئے عمر دراز عطا فرمائے۔ بہُت قلیل وقت میں **مَدَنی چینل** کو جو پذیرائی ملی یقیناً یہ تائیدِ ایزدی اور نبی اکرم نُورِ مُجَسَّم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سُنّتوں کے احیاء کا فیضان ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیۡب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{110 }حضرت مولانا شیخ الحدیث مفتی سید صفدر علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم دارالعلوم 141 شاہ جمال کالونی، اچھرہ، لاہور)

مَدَنی چینل دیکھا، اس دور میں فحش وعریانی اور مخرِّب اَخلاق لٹریچر کی فراوانی نے پاکیزگیٔ اَخلاق اور رُوحانی اقدار کو سخت مجروح کر رکھا ہے۔ اس دور میں **مَدَنی چینل** پر اِسلامی اور دِینی اُمور کو پیش کیا جارہا ہے۔ جس سے عوام اہلسنّت و جماعت اِسلامی پروگراموں سے اِستفادہ کرسکیں گے۔ **مَدَنی چینل** پر عقائد وعبادات، اَخلاق، معاملات اور معاشرت سے متعلق مسائل کو بڑی تحقیق کے بعد پیش کیا جارہا ہے۔ میری دُعا ہے ہم سب اِسلامی تعلیمات کو عملی طور پر اپنائیں اور اِیمان کی نعمت سے مالا مال ہوں۔ اور اُمید ہے کہ اس پروگرام سے دِینی مدارِس کے طلباء اور علماء، کالج اور اسکولوں کے طلباء عام مسلمان اور مستورات اِسلامی احکامات و مسائل سے مُستَفِید ہوں گے۔ اور اس سلسلہ کو جاری کرنے پر پیرِ طریقت **مولانا محمد الیاس قادری ضیائی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{111} حضرت مولانا پروفیسر عثمان غنی گوندل مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی نے اہلسنّت میں موجود بہُت سارے خَلاؤں کو پُر کیا، اِن میں سے ایک بڑا خَلا جس کو پورا کرنے کی ضرورت تھی اسے **مَدَنی چینل** کی صورت میں پورا کرنے کی سعادت بھی **دعوتِ اسلامی** کے حق میں آئی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{112 }حضرت مولانا قاری غلام فرید فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم حنفیہ ناظمیہ فریدیہ، مرکزی جامع مسجد گلشن مدینہ، شاہ خاور ٹاؤن، ڈیفنس روڈ، مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے ذریعے دُنیا میں اِسلامی اِنقلاب برپا ہوگا۔ حضرت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی بابَرَکت شخصیت ہمارے لئے عظیم سرمایہ ہے۔ **مَدَنی چینل** پر آپ کی زیارت سے ہمارا اِیمان تازہ ہوجاتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{113 }حضرت مولانا محمد وزیر القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم اعلیٰ جامعہ غوثیہ سلطانیہ، شاہی چوک، ڈھاڈر، سبی، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر بَہُت خوشی ہوئی۔ **مَدَنی چینل** مسلمانوں کے لئے بَہُت بڑی نعمت ہے۔ **مَدَنی چینل** کو جتنا وسیع کیا جائے، مسلکِ اہلسنّت کا اتنا ہی فائدہ ہے۔ **مَدَنی چینل** اہلسنّت کے لئے ایک تُحفہ ہے۔ ہم **دعوتِ اسلامی** کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ایک اِسلامی **چینل** کھول کر اہلسنّت و جماعت پر بڑا اِحسان کیا ہے۔ اُمید ہے کہ اس **مَدَنی چینل** کے آنے سے لوگ سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی غلامی میں آئیں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا پیغام گھر گھر پہنچے گا اور لوگوں کو اس سے بڑا فائدہ پہنچے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

کرسچین کا قبولِ اسلام

مرکز الاولیاء (لاہور) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے علاقے میں ایک ورکشاپ تھی، اُس میں ایک .T.V بھی رکھا ہوا تھا جس پر کاریگر مختلف چینلز دیکھا کرتے تھے۔ رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ / 2008ء میں جب دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** شروع ہوا تو انہیں کچھ ایسا بھایا کہ دیگر تمام چینلز کے بجائے اب وہ **مَدَنی چینل** دیکھنے لگے۔

ان کاریگروں میں ایک **کرسچین نوجوان** بھی شامل تھا وہ بھی **مَدَنی چینل** کے پُرسوز سلسلوں (پروگرامز) میں دِلچسپی لینے لگا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ صرف تین دن کے بعد وہ کہنے لگا کہ مَیں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی سادگی سے بَہُت **مُتأثِّر** ہوا ہوں اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا۔

کفر کے ایوان میں مولیٰ ڈالدے یہ زلزلہ
یاالٰہی! تا ابد جاری رہے یہ سلسلہ

مَدَنی ماحول سے وابستہ ہو جایئے!

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے، تِل کو گلاب کے پھول میں رکھ دو تو اُس کی صُحبت میں رہ کر گلابی ہو جاتا ہے۔ اِسی طرح تبلیغِ قراٰن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی ماحول سے وابَستہ ہو کر عاشِقانِ رسول کی صُحبت میں رہنے والا بے **وَقعت پتھر** بھی اللہ عَزَّوَجَل اور اس کے رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی مہربانی سے **انمول ہیرا** بن جاتا، خوب جگمگاتا اور ایسی شان سے پیکِ اَجَل کو **لَبَّیْک** کہتا ہے کہ دیکھنے سننے والا اس پر رَشک کرتا اور جینے کے بجائے ایسی موت کی آرزو کرنے لگتا ہے۔ آپ بھی تبلیغِ قراٰن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہو جایئے۔ اپنے شہر میں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار

سُنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت اور راہِ **خدا** عَزَّوَجَلَّ میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسُول کے **مَدَنی قافلوں** میں سفر کیجئے اور شیخِ طریقت **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ **مَدَنی انعامات** پر **عمل** کیجئے، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو دونوں جہاں کی ڈھیروں بھلائیاں نصیب ہونگی۔

مقبول جہاں بھر میں ہو دعوتِ اسلامی

صدقہ تجھے اے ربِّ غفّار مدینے کا

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی سنّتوں بھرا **اجتماع** ۱،۲،۳ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۲۹ھ/ 31 اکتوبر یکم 2 نومبر 2008ء مدینۃ الاولیاء **ملتان شریف** میں بخیر وعافیت منعقد ہوا۔ پاکستان اور دیگر ممالک سے علمائے کرام ومشائخِ عظام اور عوام کے بے شمار مَدَنی قافلے اِس میں شریک ہوئے۔

سینکڑوں ایکڑ پر مشتمل صحرائے مدینہ **لاکھوں مسلمانوں** سے آباد ہوگیا، ہر طرف سنتوں کی بہار تھی۔ اجتماع کے آخری دن بانیِ دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے بیان فرمایا اور اس کے بعد ذکر اللّٰہ عَزَّوَجَل، تصوّرِ مدینہ اور دعا کا سلسلہ ہوا۔ نمازِ ظہر کے بعد 12 ماہ، 30 دن، 12 دن اور تین تین دن کے بے شمار مَدَنی قافلے سنتوں کی تربیت کے لیے روانہ ہوئے۔

ملکِ شام سے تشریف لائے ہوئے **جامع المغربية دمشق** کے مدیر اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم بُزرگ پیرِ طریقت حضرت سیدنا **شیخ رجب دیب** حَفِظَہ اللّٰہُ تعالٰی نے اس اجتماع کو میدانِ عرفات کے بعد **مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع** قرار دیا۔

اس سنتوں بھرے اجتماع میں تشریف لائے ہوئے متعدد علمائے کرام اور مشائخ عظام نے دعوتِ اسلامی

کے عظیم الشان کارنامے **مَدَنی چینل** کے بارے میں اپنے اپنے تأثرات قلمبند فرمائے۔اجتماع میں تشریف لانے والوں اور دیگر علماء ومشائخ کرام کے تأثرات کے اقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

{114} استاذ العلماء جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا محمد ارشاد احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ شارحِ بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ القوی، جامعہ غوثیہ احسن المدارس اڈہ چھب تحصیل میاں چنوں ضلع خانیوال پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی عالمگیر تحریکِ احیائے سنت دن بدن ترقی کے مراحل طے کررہی ہے،اس پاکیزہ تحریک کے انوارِ رُشد وہدایت وثَمراتِ تبرکات عوام وخواصِ اہلسنّت کے لیے مسعود ومسرور کن ہیں،اللہ تعالیٰ اس تحریک کے روحِ رواں فیض رساں محی السنۃ والدین امیر اہلسنّت بالیقین حضرت مولانا صوفی **محمد الیاس** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی عمر دراز فرمائے اور اِن کے فیضان کو عام فرمائے۔اس سلسلہ میں آپ اور آپ کے رُفقاء کی مساعیٔ جمیلہ بارگاہِ ربُّ العٰلمین میں قبول ہوں۔مزید **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر سعادتِ دارین نصیب کرے۔آمین بجاہ النبی الکریم الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{115} حضرت مولانا مفتی محمد اشفاق احمد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز آستانہ محدث اعظم پاکستان حضرت مولٰینا **سردار احمد** علیہ رحمۃ الاحد،خطیب الحراء مسجد سلو، برطانیہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ پوری دنیا میں **دعوتِ اسلامی** کا کام زور وشور کے ساتھ جاری وساری ہے،ربُّ العزّت مزید ترقیاں عطا فرمائے۔خصوصاً اہل برطانیہ کے دلوں میں مَدَنی تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی عزت و عظمت کے چراغ روشن کررہے ہیں،ربُّ العزّت قبول فرمائے اور مزید مسلمانوں کی رہنمائی کی توفیق و ہمت عطا فرمائے۔معلوم ہوا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا دعوتِ اسلامی نے اِجراء فرمادیا ہے جو کہ آج کے دور میں دین و دنیا میں کامیابی کا ایک بہت ہی اَحسن اِقدام ہے۔آج کل میڈیا اور ٹی وی چینل کے ذریعے اپنے

طریق سے تبلیغِ اسلام ہوسکتی ہے چونکہ آج کے دور میں عوام النّاس مساجد اور مجالس میں بہت کم آتے ہیں لیکن اپنے گھروں میں بیٹھ کر ٹی وی چینل پر معلومات کرتے رہتے ہیں، اس لیے **UK** (انگلینڈ) کے عوام کے لیے اس ٹی وی پروگرام کا ہونا اَشد ضروری ہے لہٰذا دیگر ممالک کے ساتھ ساتھ یوکے و یورپ کے مسلمانوں کی رہنمائی کے لیے بھی جلد از جلد **مَدَنی چینل** کے ذریعے ٹی وی پر نشریات کو جاری فرمایا جائے تاکہ مسلمانانِ یورپ اپنے عقائد کی حفاظت کرسکیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ترقیاں عطا فرمائے۔ ہم اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی ہر وقت تعاون کے لیے تیار ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{116} حضرت مولانا پیر ابوالرضا اللہ بخش نیّر مجددی چشتی قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز **حضور سبحانی میاں** سجادہ نشین خانقاہ رضویہ بریلی شریف وسجادہ نشین آستانہ عالیہ ہوت والا شریف جمن شاہ ضلع لیہ پاکستان)

میں تہِ دل سے دعوتِ اسلامی کے تمام کارکنوں کو بالعموم اور امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو بالخصوص مبارک باد پیش کرتا ہوں، خدا تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کی مساعیٔ جمیلہ کو بوسیلۂ رسول علیہ الصلوۃ والسلام قبول فرمائے۔ **مَدَنی چینل** مبارک، نیک اور مستحسن کام ہے جس کے ذریعے تبلیغِ دین کا کام باحسنِ وُجوہ ہو رہا ہے۔ فقیر کو **دعوتِ اسلامی** سے قلبی محبت ہے۔ خدا اس محبت کو قائم رکھے۔ آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{117} حضرت مولانا حافظ نیاز احمد صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد گھمکول شریف، گولڈن بلاک روڈ سمال ہیتھ برمنگھم، انگلینڈ)

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے دینِ اسلام کو تمام انسانیت کے لیے مکمل دستورِ حیات بنا کر بھیجا ہے اور اس کی حفاظت، تبلیغ اور نشر و اشاعت کے لیے ہر دور میں بندگانِ خدا کو پیدا فرمایا، جنہوں نے دینِ اسلام کے عَلَم کو بلند کیا۔

اِنہیں بندگانِ خدا اور غُلامانِ مصطفٰے میں امیرِ اہلسنّت ابو بلال حضرت علاّمہ محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا شمار بھی ہوتا ہے۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی شخصیت اور ان کی سرگرمیوں کو دیکھ کر یوں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا، معلوم ایسے ہوتا ہے کہ آپ کے سر میں دماغ عالمانہ ہے...... سینے میں دل صوفیانہ ہے......اندازِ بیان خطیبانہ ہے...... ہاتھ میں قلم ادیبانہ ہے......اور محنت بہت ہی مخلصانہ ہے۔ اِسی وجہ سے اللہ کریم جل جلالہ نے رسول کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے صدقے شاندار کامیابی عطا فرمائی ہے اور اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ عطا فرماتا رہے گا۔ آپ کے بارے میں بقولِ شاعر کچھ تبدیلی کے ساتھ یوں بھی کہا جا سکتا ہے۔ ؎

زمانے بھر میں چاہت کا عجب انداز دیکھا ہے
تری آنکھوں میں مَیں نے دو جہاں کا پیار دیکھا ہے
خدا رکھے تیری دعوتِ اسلامی سے سب کو وابستہ
ترے پیکر میں روشن نور کا مینار دیکھا ہے

امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے **دعوتِ اسلامی** کے ذریعے نوجوان نسل کے دلوں کو خوفِ خدا جلّ جلالہٗ اور عشقِ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم سے روشن اور منور کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ اِن نوجوانوں کے جسم پر شریعت کے جامے اور سروں پر سنّت کے عمامے نظر آتے ہیں۔

اسی طرح اب **مَدنی چینل** کی ابتدا بھی قابلِ صد مبارک باد کارنامہ ہے، جس کی وجہ سے پوری دنیا میں اِنْ شَآءَ اللہُ العَزِیز محبتِ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی خوشبو پھیلے گی۔ اس پُرفتن دور میں جبکہ بے شمار ٹی وی چینلز کفر و شرک، بدمذہبی، بدعقیدگی، عریانی اور فحاشی کا زہر دن رات اُگل رہے ہیں، میڈیا کی اس دوڑ میں ایسے اسلامی چینل کی اَشد ضرورت تھی جو مقدس دینِ اسلام کے خدائی اور مصطفائی رنگ کو پیش کر کے بھٹکی ہوئی انسانیت کو زندگی کے اصل مقصد کی دعوت دے اور ہر انسان اس دعوت کو قبول کرتے ہوئے غلامیِ رسول میں زندگی گزار کر جب

دنیا سے جائے تو زبانِ حال سے یہ کہتا ہوا جائے:

لوگو! اس غلامیِ رسول کے صدقے سے زندگی کی بازی ہار کے نہیں، جیت کے جا رہا ہوں اور تمہیں بھی دعوت دیتا ہوں کہ آؤ دیکھو!

رسولِ خدا کی غلامی میں کیا ہے؟ ذرا تم غلامی میں آ کر تو دیکھو

غلامی یہ ہے بادشاہی سے بہتر اِدھر آؤ قسمت جگا کر تو دیکھو

اس مَدَنی چینل کی ابتدا پر اپنی طرف سے اور **خلیفہ اعظم گھمکول شریف خلیفہ الحاج صوفی محمد عبداللہ خان نقشبندی**، مرکزی جامع مسجد گھمکول شریف کی انتظامیہ اور نمازیوں کی طرف سے **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے تمام معاونین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ **اللہ** کریم جل جلالہ، رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے صدقے اس **مَدَنی چینل** کو دن گیارھویں رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔ اٰمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{118} حضرت مولانا مفتی گل رحمٰن قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ شارحِ بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ اللہ القوی، چارلس روڈ برمنگھم، بانی وچیئرمین جماعتِ اہلسنّت برطانیہ)

دعوتِ اسلامی اعتقاداً وعملاً اہلسنّت و جماعت کی عالمگیر نمائندہ مذہبی مَدَنی تحریک ہے۔ اس کے بانی و محرّک عظیم رہنما حضرتِ علّامہ مولانا **محمد الیاس عطار** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ ہیں۔ **فقیر محمد گل رحمٰن** قادری رضوی تقریباً بارہ (12) سال سے خواہشمند رہا ہے کہ دورِ حاضر میں عالمگیر مَدَنی کام کے لیے ضروری ہے کہ اہلِ حق کا چینل جاری کیا جائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ کہ دعوتِ اسلامی کے بانی ومحرّک حضرتِ عطار قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے وقت کی ضرورت کو پیشِ نظر رکھ کر **مَدَنی چینل** کا اِجرا فرمایا۔ ہماری خواہش ہے کہ برطانیہ ویورپ

کے لیے بھی جلدی سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء فرمائیں۔ شرعی طور پر خالص مذہبی پروگراموں کے لیے **مَدَنی چینل** کا اِجرا ہر لحاظ سے جائز ہے بلکہ مستحسن ذریعۂ اِبلاغ ہے۔ برطانیہ کے علمائے کرام بالعموم اور جماعت اہلسنّت کے علماء بالخصوص تائید کرتے ہیں اور حمایت وتعاون بھی کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{119} حضرت مولانا محمد قمر الدین اشرفی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز سرکارکلاں حضرت **سید مختار احمد** اشرفی کچھوچھوی علیہ رحمۃ اللّٰہ القوی ومدرس مرکزی دارالعلوم عادیہ منگل، پٹنہ، بہار، ہند)

میں مبارکباد پیش کرتا ہوں **مَدَنی چینل** کے مخلص کارکنان کو۔ جب مجھے آگاہی ہوئی تو دل باغ باغ ہوگیا اور اس چینل کی کامیابی کے لیے میرے قلب کی اَتھاہ گہرائیوں سے دعائیں نکلنے لگیں کہ حضرت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ایک بہت مفید کام کا آغاز فرمایا ہے، عوام کو اس سے خوب استفادہ کرنا چاہیے، اس میں اسلام کے بہت سارے بنیادی معاملات ومسائل مثلاً وضو نماز روزہ ودیگر عبادات کو خوب اُجاگر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ عریانی وفحاشی کے دور میں اس چینل کا قیام اللّٰہ تعالٰی کا خصوصی عطیہ ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{120} حضرت مولانا محمد بوستان القادری الضیائی المدنی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(تلمیذ شارحِ بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ اللّٰہ القوی، چیئرمین مساجد کمیٹی مڈلینڈز برمنگھم، برطانیہ)

مَدَنی چینل کی نشریات اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فلاحِ انسانیت کے لیے مفید اور کارآمد ثابت ہوں گی۔ یہ جان کر ازحد مسرت ہوئی کہ اللّٰہ تعالٰی کے فضل وکرم اور صدقہ حبیبِ کونین صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم اور نگاہِ

غوثُ الثقلین رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خیر و برکت اور حضرت قبلۂ عالم روحِ رواں دعوتِ اسلامی انٹرنیشنل کی نیک دعاؤں سے **مَدَنی چینل** کی نشریات کا آغاز ہو چکا ہے۔ سائنس، ٹیکنالوجی اور میڈیا کی اہمیت وافادیت کا اس برق رفتار ترقی کے دور میں انکار نہیں کیا جا سکتا جبکہ انسان ستاروں پر کمندیں اور کائنات کے ذرّہ ذرّہ کو تسخیر کرنے کے درپے ہے، ایسے حالات میں **مَدَنی چینل** کی ضرورت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ امید ہے **مَدَنی چینل** اور اس کی انتظامیہ اپنی پوری صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ایک تعمیری کردار اور ظلمت کے اس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن بن کر اپنے اردگرد کے ماحول کو روشن ومنور کرے گا۔ ہمارے علماء ومشائخ برطانیہ ویورپ کا تعاون اور ان کی دعائیں ہر حال میں شامل حال رہیں گی۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{121 }حضرت سیدنا الشیخ محمود خالد الشهادة الشافعی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب مدیر جامع المغربیۃ دمشق، الشام) (اصل تحریر عربی میں ہے اس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے)

اس **مَدَنی چینل** سے ہمارے دل میں بہت زیادہ خوشی ہوئی ہے کہ یہ وہ چینل ہے جو صحیح واعتدال پسند اسلام اور عظمتِ اسلام کی تبلیغ میں ہمہ تن مصروفِ عمل ہے۔ صحیح معنوں میں یہ چینل عالمِ اسلام اور اسلام کی حقیقت اور اس کے جوہر پر دلالت کرتا ہے اور جب اسلام کو اس کی حقیقت، اسلام کے نظامِ عدل ورحمت اور اسلام کی حقیقی روح کے ساتھ پیش کیا جائے تو اس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا سوائے اس شخص کے جو اپنے اندھے اور بہرے ہونے کی وجہ سے حقیقتِ اسلام سے ناواقف ہے۔ اسلام ایسا دین ہے جس میں اللّٰہ تعالٰی نے انسان کے لئے دنیا اور آخرت کی سعادت رکھی ہے۔ چنانچہ جب اسلام کو اس کی حقیقی صورت کے بغیر پیش کیا جائے تو ایسا نظام بن جائے گا جس میں کوئی نظم وضبط نہ ہو اور یہی چیز اس حقیقت کا انکار کرتی ہے جس کے اظہار کا **اللّٰہ** سبحانہٗ تعالٰی ارادہ کرتا ہے۔ ہم اس

مَدَنی چینل کی ترقی، کامیابی اور بہتری کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرتے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ کے حضور ملتمس ہیں کہ وہ اس چینل کو توفیق عطا فرمائے کہ یہ اسلام کی آواز کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچائے اور ہم امید کرتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** دنیا کی ہر زبان میں اسلام کے پیغام کو پہنچائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{122} الداعیۃ الکبیر حضرت سیّدنا الشیخ رجب دیب مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدیر جامع المغربیۃ دمشق، الشام)

اِنہوں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں الشیخ محمود خالد الشھادۃ الشافعی مُدَّظِلُّهُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{123} حضرت مولانا مفتی محمد اشتیاق القادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز علاّمہ **تحسین رضا خان** علیہ رحمۃ اللّٰہ المنّان، فاضل دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف، مدیر جامعۃ الامام احمد رضا، دہلی، ہند)

اُمّتِ محمدیّہ علی صاحبہا افضل الصلاۃ واکمل التسلیم کے اَن گنت امتیازات میں یہ امتیاز بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ اس کا ہر فرد اپنی طاقت وقدرت، بساط وحیثیت، اسباب ووسائل اور تاثیر وتسخیر کے مطابق اسلام کی دعوت وتبلیغ کا مکلّف وپابند ہے۔ دعوتِ اسلامی قرآن وسنت کی غیر سیاسی عالمی تحریک ہے جس نے اسلام کا آفاقی پیغام عصری تقاضوں کو مدنظر رکھ کر اطراف واکنافِ عالم میں پہنچانے کے لئے خود کو وقف کر رکھا ہے۔ عصرِ حاضر میں الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت سے انکار وصرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا۔ میڈیا کے اس ذریعے سے آج بے شمار باطل تحریکیں اپنے باطل

اَفکار و نظریات کی تبلیغ و ترسیل میں مصروف ہیں اور بے شمار سادہ لوح مسلمانوں کے دین و ایمان کو لوٹ چکی ہیں۔ اِن حالات میں دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے وہ عظیم کارنامہ انجام دیا ہے جس پر تمام عوام و خواص اہلِ ایمان کو بصد انشراحِ صدر مبارکباد پیش کرنی چاہئے اور ہر ممکن تعاون کے ذریعے اس آلۂ دعوت و ترسیل کو تقویت پہنچانی چاہئے تا کہ آوازِ حق اپنی پاکیزہ، نورانی، اسلامی، روحانی، ہمہ گیر اور واضح شکل و صورت میں ہر فردِ بشر تک پہنچتی رہے۔ **مَدَنی چینل** کی افادیت پر تشکیک و تخریب کے دبیز پردے نہ پڑیں اس کے لئے کوشاں رہنا ہمارا اعلیٰ فریضہ ہے۔ میں پورے وثوق کے ساتھ عرض کر سکتا ہوں کہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آئندہ چند سالوں میں **مَدَنی چینل** وہ عظیم و صالح انقلاب برپا کر پائے گا جو یقیناً عالمِ اسلام کے لئے تاریخ ساز ہوگا، اس چینل کی بقاء اور فروغ وارتقاء کے لئے تعاون، خیر پر تعاون ہے جس کا حکم ربّ کریم جل جلالہ نے ہمیں یوں دیا ہے: {**وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى**ؕ (پارہ٦ المائدۃ:۲) ترجمۂ کنزالایمان: اور نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔} ربّ کریم عزوجل ہم کو اِحقاقِ حق اور اِبطالِ باطل کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ میری نیک خواہشات اور قلبی دعائیں **مَدَنی چینل** کے ساتھ ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{124} حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر سید شاہد علی نورانی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نبیرہ خلیفۂ اعلیٰ حضرت **سید ایوب علی رضوی** علیہ رحمۃ اللّٰہ القوی حال مقیم باغبانپورہ مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل عالمِ اسلام کے مسلمانوں اور بالخصوص اہلِ پاکستان کیلئے رہنمائی کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ یہ چینل موجودہ دور کی علمی اور عملی ضروریات کو اَحسن طریقے سے پورا کر رہا ہے۔ امیرِ اہلسنّت مجاہدِ ملت امیرِ دعوتِ اسلامی علامہ محمد الیاس قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی وقت کے عین مطابق اہلِ اسلام اور اہلِ ایمان کی رہنمائی فرما رہے

ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{125 } حضرت علاّمہ مولانا مفتی شمس الھدیٰ مصباحی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابق مدرس الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور، ہند، حال مفتی دارُالافتاء کنزالایمان، ویسٹ یارک شائرUK)

آج کے پرآشوب اور پُرفتن دور میں جب کہ میڈیا کا ہر چہار جانب غلغلہ ہے۔کفار ومرتدین اور تمام فِرَقِ باطلہ پوری سرگرمی کے ساتھ اپنے باطل وعاطل عقائد ونظریات کو پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ پوری دنیا میں پھیلانے میں مصروفِ عمل ہیں۔جس کے سبب ہماری جوان نسل خاص طور پر گمراہی اور بے راہ روی کا شکار ہوتی جارہی ہے۔اس تناظر میں عقائد صحیحہ کی ترویج واِشاعت کی خاطر اور قومِ مسلم کو فاسد و کاسد خیالات سے محفوظ رکھنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز معاشرے کے مرض کا برمحل علاج ہے۔میں نے اس کے بارے میں سُنا اور دیکھا بھی کہ بہت سے لوگوں کی غلط فہمیوں کا ازالہ ہورہا ہے اور کتنے لوگ حلقہ بگوش اسلام ہورہے ہیں،لوگ غلط روی سے راہِ راست اپنارہے ہیں،بد دینوں کے بیانات سننے سے باز آرہے ہیں۔بارگاہِ ایزدی میں دست بدعا ہوں کہ اے ربّ عزوجل ہمیں،ہماری تنظیموں کو،ہمارے احباب کو حق پھیلانے اور باطل کے سدِّ باب کی سعی بلیغ کی توفیق سے نواز دے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{126 } حضرت سیدنا الشیخ محمد فواز النمر الحنفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(الجامع الاموی ومعہد الفتح الاسلامی دمشق شام)(عربی تحریر کا اردو ترجمہ پیشِ خدمت ہے)

اللہ تعالٰی کی توفیق سے مجھے **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع ملا جسے میں نے عالمِ اسلام کے لئے خیر

وبرکت کا باعث پایااور یہ اس لئے کہ اس میں نہ صرف اہلسنّت وجماعت کے عقیدے کی صحیح تعلیم دی جاتی ہے بلکہ **اللہ** تعالیٰ کے حضور رقت آمیز دعائیں بھی کی جاتی ہیں اور حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت کے نذرانے بھی پیش کئے جاتے ہیں جس سے ہر مسلمان مرد عورت محظوظ ہورہے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس اسلامی **مَدَنی چینل** کے لئے توفیق اور تائید کی امید کرتا ہوں کہ تمام عالمِ اسلام اس چینل کی برکتوں سے مالامال ہواور **اللّٰہ** عزوجل کی بارگاہ میں ان لوگوں کے لئے بہترین جزا کا طلبگار ہوں جو اس **مَدَنی چینل** کی خدمت پر مامور ہیں اور رب تعالیٰ عزت مآب امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس القادری العطار مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو ترقی عطا فرمائے اور ان کی روحِ قدس کے ذریعے مدد فرمائے۔ آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{127} حضرت پیر محمد تبسم بشیر اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی ناظم اعلیٰ تحریک اویسیہ پاکستان وسجادہ نشین مرکزی اویسیاں نارووال پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز اہلسنّت وجماعت کے لیے نعمت سے کم نہیں۔ **مَدَنی چینل** جہاں فحاشی وعریانی کے تدارُک میں سنگِ میل ثابت ہوگا وہاں معاشرے کو حقیقی اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لیے بھی زبردست کردار ادا کرے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{128} شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس الجامعۃ الفاطمیہ D بلاک، بہاولنگر روڈ عارف والا، ضلع ساہیوال، پاکستان)

بِحَمْدِاللّٰہِ تَعَالٰی مَدَنی چینل کے جاری کرنے میں ایک عربی شعر اس کا مصداق ہے۔

عَلٰی قَدْرِ الْکَدِّ تُکْتَسَبُ الْمَعَالِی

مَنْ طَلَبَ الْعُلٰی سَھِرَ اللَّیَالِی

(بلندی وشرف کا حصول ہمت وکوشش کے مطابق ہی ہوتا ہے مگر جسے بلندی حاصل کرنی ہو اسے راتوں کو جاگنا پڑتا ہے)

بِحَمْدِاللّٰہ پیرِطریقت حضرت پیر محمد الیاس قادری صاحب کی شب بیداری کا صلہ ہے جو خداوند کریم نے انکے اس مشن کو پوری دنیا میں جاری کر دیا ہے جو اَبَدُ الآباد تک جاری رہے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{129} حضرت مولانا عبدالرحمٰن مجاہد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد کمرشل روڈ نیو پورٹ، چیئرمین مساجد کمیٹی ویلفیر UK)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تعالٰی دعوتِ اسلامی UK میں دین متین کا بہت اچھا کام کر رہی ہے، بہت خوشی ہوتی ہے جب مَدَنی بھائی مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کے لیے کوشاں ہیں، اس بات کی اور خوشی ہوئی جب معلوم ہوا کہ **مَدَنی چینل** شروع ہو گیا ہے، دنیا میں مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کے لیے بہت اچھا اِقدام ہے۔ ہم مسلمانانِ برطانیہ یہ چاہتے ہیں کہ لوگوں کے عقائد ونظریات کی حفاظت اور دینِ متین کی تبلیغ واشاعت کے لیے یو کے میں آن ایئر چینل (On-air Channel) کا آغاز کیا جائے جہاں غیروں کے چینل دن رات کام کر رہے ہیں اس میں سنّی عوام کے عقائد کی حفاظت کے لیے اشد ضرورت ہے کہ جلد از جلد **مَدَنی چینل** کا یو کے میں آغاز کیا جائے تا کہ دین ومسلک کا پیغام گھر گھر پہنچایا جا سکے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{130 }واعظِ اسلام حضرت پیر حافظ محمد نالے مٹھو مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(روحانی مرکز فیضان قرآن وسنت غالب نگر فاروق نگر، لاڑکانہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مدنی چینل** شروع کرنا ایک بہت بڑی سعادت کا کام ہے، اس کوشش پر میں مبارکباد دیتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ قیامت تک جاری وساری رہے اور اس کا فائدہ پوری مسلم دنیا کو پہنچے۔

ہماری دعائیں ہیں کہ یہ کام روز بروز بڑھتا رہے، اس پیغام سے ہر گھر کے فرد کو سنت کی ادائیگی کی خیر ملے گی اور اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی ہر فرد اور جلد اِن پر عمل کریں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{131 }حضرت مولانا صاحبزادہ قاری محمد فیاض الحسن صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ نورالاسلام للبنات کوٹ اسحاق گوجرانوالہ پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** محبتِ رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا درس دے رہا ہے، عالمِ اسلام میں عشقِ مصطفٰے صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی شمع روشن ہوئی ہے اور **مدنی چینل** عریانی، فحاشی اور بے حیائی کے خلاف بہت بڑا جہاد ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{132 }حضرت مولانا قاری غلام رسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت پاکستان حلقہ ٹانڈہ ضلع گجرات پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے مخلص اراکین نے جس خلوص، جانفشانی اور تندہی کے ساتھ اندرونِ ملک و بیرون ملک اہلسنّت کے عقائد کی ترویج واشاعت کی ہے اس کا اعتراف اپنوں کے علاوہ بیگانوں نے بھی کیا اور **مَدَنی چینل** کا اِجراء تو سونے پر سہاگہ ہے، اس سے ہر خاص وعام کو گھر بیٹھے دین سے بہرہ ور ہونے کا موقع مل رہا ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{133} حضرت مولانا پیر نور محمد چشتی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ چشتیہ بڑیلہ شریف تحصیل وضلع گجرات، پاکستان)

آج پہلی دفعہ دعوتِ اسلامی کے اجتماع میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی، مجھے سب سے زیادہ جس چیز نے متاثر کیا وہ گونگے، بہرے اور نابینا اسلامی بھائیوں کو مل کر سرکار مدینہ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت کے چراغ جلتے نظر آئے۔

اللّٰہ تعالیٰ امیر اہلسنّت عمّ فیوضہ کی ان کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو اہلسنّت کی ترویج کا اعلیٰ نمونہ بنائے جس سے ایک دنیا فائدہ اٹھائے۔ ایک انتہائی اَحسن اِقدام ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{134} حضرت مولانا منیر احمد خان قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(بانی وناظم اعلیٰ جامعہ جلالیہ شفیقیہ منظور الکونین بھینی روڈ اسلام آباد لاہور کینٹ، خطیب جامع مسجد گنبد والی اکالی محلہ باغبانپورہ مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

قبلہ امیر اہلسنّت اور مرکزی مجلس شوریٰ دعوتِ اسلامی کا یہ ایک عظیم صدقہ جاریہ ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{135} صاحبزادہ پیر عثمان فرید چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ابن سجادہ نشین دربارِ عالیہ بابا فرید علیہ رحمۃ اللہ المجید پاکپتن شریف پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی جس کے بانی و امیر محسن اہلسنّت حضرت پیر مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ ہیں نے بہت قلیل عرصے میں چار دانگ عالم اسلام کا پیغام عام کیا ہے، اپنے تبلیغی وُفود (مَدَنی قافلوں) و بے پناہ مفید و اہم تحریری لٹریچر کی اشاعت کے ساتھ ساتھ اب **مَدَنی چینل** کے ذریعے بھی دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں حضور پرنور شافع یوم النشور صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی پیاری اور میٹھی سنتیں پہنچائے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{136} حضرت مولانا مفتی رحمت علی نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ نقشبندیہ توحیدیہ اڈہ ڈومالہ نارووال، پاکستان)

مَدَنی چینل کے آغاز سے تمام عالمِ اسلامی میں فائدے کی بہاریں نظر آئیں گی۔ اس چینل سے الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے استفادہ کرنے کا بہترین فیصلہ کیا گیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{137 }حضرت مولانا محمد یعقوب اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ تاجدار یمن نارروال، پاکستان)

مَدَنی چینل دفاعِ اسلام وتحفظِ عقائد واعمالِ اہلسنّت کا زبردست ذریعہ ہے، اس چینل کے آغاز سے دعوتِ اسلامی اپنی تمام تر سرگرمیاں دنیا کے سامنے بلا روک ٹوک نشر کرسکتی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{138 }حضرت مولانا محمد شاداب رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلستان مدینہ، گلستان کالونی نمبر۲، سردار آباد فیصل آباد، پاکستان)

مَدَنی چینل ایک انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور اس وقت مغربی یلغار کے مقابلہ میں جس طرح اسلامی تعلیمات کو فروغ دے رہا ہے یہ انتہائی خوش آئند ہے۔ ہم امیر اہلسنّت زیدمجدہٗ کو اور **مَدَنی چینل** کی تمام انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ان کی استقامت کی دعا کرتے ہیں۔ خدا کرے اس چینل کی رِیت پڑ جائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{139 }حضرت پیر شیخ راشد ایوب قریشی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ سفینہ نوری، گلستان اوکاڑوی ڈولی کھاتہ نزد گلزار حبیب مسجد باب المدینہ کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن، اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے امیر اہلسنّت دام ظلہ کے ذریعے **مَدَنی چینل** عطا فرمایا۔ امیر اہلسنّت، مرکزی مجلس شوریٰ اور عام اسلامی بھائیوں کو مبارکباد۔ عموماً لوگ مَدَنی ماحول یا بزرگ کی صحبت کی وجہ سے نیک ہوجاتے ہیں لیکن اپنے گھر والوں کو نیکی کی دعوت نہیں دے پاتے مگر **مَدَنی چینل** کے ذریعے وہ پیغام اور نیکی کی دعوت گھروں میں پہنچ رہی ہے۔ اب دل میں سکون ہے کہ ہم اس دنیا سے بھی چلے گئے

تو **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھر والوں کی اصلاح ہوگی۔اس کے ذریعے دنیا میں اس کا پیغام پہنچے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{140}حضرت مولانا حافظ محمد انور نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ مسجد بلال نونار/ ناررووال، پاکستان)

مَدَنی چینل سے تبلیغ دعوتِ دین کی آواز گھر گھر پہنچے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{141}حضرت مولانا محمد عارف راہی القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین نعت اکیڈمی امام وخطیب 128 روز فیلڈ روڈ برمنگھم، U.K)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی عالمگیر تحریک کی برکتوں سے **اسلامی چینل** معرض وجود میں آیا ہے۔امیر اہلسنّت پیر طریقت علّامہ محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کی دعاؤں اور محنتوں کا نتیجہ ہے کہ ایسا صاف ستھرا **اسلامی چینل** ہمیں دیکھنے کو ملا۔اللہ تعالیٰ بطفیلِ حبیب کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اسے تا قیامت قائم ودائم رکھے۔اٰمین ثُمّ اٰمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{142}حضرت مولانا مفتی محمد عبد الشکور رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدی رضوی وناظم اعلیٰ جامعہ عبداللہ ابنِ مسعود یسین آباد فیصل آباد، پاکستان)

مَدَنی چینل اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس پُرفتن دور میں جہاں بُرائی، بے حیائی کے مقابلہ میں بہُت

بڑی آڑ بنے گا وہاں احیائے دین اور اہلسنّت کی تعمیر وترقی کے لئے مدو معاون ثابت ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{143 }حضرت مولانا قاضی فیاض احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مَدَنی کلوٹ شریف، ضلع وتحصیل ایبٹ آباد، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

ہماری طرف سے عالمی مذہبی تنظیم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** شروع کرنے پر ڈھیروں مبارک باد قبول ہو۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ حضرت علاّمہ مولانا پیر طریقت محمد الیاس عطار قادری صاحب کی عالمگیر تنظیم آج کے اس پُرفتن دور میں اُمتِ مسلمہ کے لیے نشاۃِ ثانیہ کا کام کررہی ہے اور اُمتِ مسلمہ کو صحیح معنوں میں محبتِ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اور محبت سنت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم احسن انداز میں پیش کررہی ہے۔ اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ بذریعہ **مَدَنی چینل** دونوں چیزیں لوگوں کے گھروں تک پہنچیں گی اور مسلمانوں کے گھروں سے بے حیائی اور عریانی ختم ہوگی۔ اس کے علاوہ صحیح العقیدہ علمائے کرام کے بیانات سے لوگوں کے عقائد کی بھی تصحیح ہوگی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{144 }حضرت مولانا محمد نعیم المصطفٰے چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، نائب ناظم جماعت اہلسنت پنجاب ساہیوال پاکستان)

عالمِ اسلام میں مَدَنی چینل جس کا اہتمام دعوتِ اسلامی نے کیا ہے، دین اسلام کی عظیم خدمت

اور مسلمانوں کے لیے آقائے دوعالم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت کی ترویج کا بہترین ذریعہ قائم کرکے اسلام کی بہت بڑی خدمت سرانجام دی اور سُنَّتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی ترویج واشاعت کے لیے عملی طور پر بالخصوص امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتھم العالیہ کی پُروقار شخصیت کے پُروقار سنتوں بھرے بیانات نے عالمِ اسلام کے لیے عالمِ دنیا میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اہلسنّت وجماعت کی بہت ہی زیادہ صحیح ترجمانی فرما رہے ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{145} حضرت مولانا مفتی محمد آصف تبسم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ تعلیمات مدرسہ انوارِ مدینہ نارروال، پاکستان)

مَدَنی چینل فیضانِ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کا امین وذریعہ بنے گا۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{146} حضرت مولانا محمد رفیق سلمان ہزاروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب مدینہ مسجد کارڈف، U.K)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت کی شمع مسلمانوں کے دلوں میں روشن کر رہی ہے۔ اللہ تعالٰی کی بارگاہ میں شکرادا کرتے ہیں کہ دعوتِ اسلامی دینِ مبین کا کام زور وشور سے کر رہی ہے۔ اس بات کی اور مزید خوشی حاصل ہوئی کہ **مَدَنی چینل** کا بھی آغاز ہو چکا ہے، اللہ تعالٰی اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔ اہلیانِ برطانیہ کی دِلی خواہش ہے کہ **مَدَنی چینل** کو برطانیہ میں

سیٹلائیٹ پر شروع کیا جائے تاکہ مزید مسلک وعقائد کی صحیح صحیح ، گھر گھر میں عوام کی اصلاح کی جائے ،اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کی کاوش کو قبول ومنظور فرمائے ،آمین ۔اور ہم یقین دلاتے ہیں کہ ہر معاملے میں دعوتِ اسلامی سے تعاون کریں گے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{147 }حضرت مولانا کلیم اللہ سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نگران وناظم جامعہ انوار العلوم کچہری روڈ مدینۃ الاولیاء ملتان ، پاکستان)

بندہ ناکارہ کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی کہ قران وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی نے اپنے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔دراصل **مَدَنی چینل** بھی ایک نیکی کی دعوت دینے کا ذریعہ بنے گا۔اس سے لوگ وقتاً فوقتاً صراطِ مستقیم اور سرکار دوعالم صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت اور عشق سیکھیں گے۔لوگ جہاں بیٹھ کر غلط میڈیا دیکھتے ہیں وہاں ایک راہِ ہدایت پر لے کر آنیوالے **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر ہدایت بھی لیں گے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{148 }حضرت مولانا اللہ رکھا جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی نارروال ، پاکستان)

مَدَنی چینل علمائے حق وعوامِ اہلسنّت کے لیے یکساں دینی فوائد کا باعث ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{149}حضرت مولانا مفتی محمد رمضان ضیاء البارِوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ خیر المعاد قلعہ قاسم باغ، مدیر ادارہ ضیاء السنۃ مدینۃ الاولیاء ملتان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی مسلکِ اہلِ سنت و جماعت کی ترویج و اشاعت اور عقائد اہلسنّت کے تحفظ اور نوجوانوں کی اصلاح کے لیے انقلابی بنیادوں پر صبح و شام کوشاں ہے، اس سلسلے میں **مَدَنی چینل** کا اِجراء اس پرفتن گمراہ کن کیبل اور بے ہودہ چینلوں سے مسلمانوں اور نوجوان نسل کو ترغیب و ترہیب کی دعوت اور غیر مسلموں کو دینِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی حقانیت کا پیغام دینے کے لیے سنگِ میل ثابت ہوگا۔ **مَدَنی چینل** تمام اہلِ محبت عشاقِ رسول کے گھروں میں جاری رہنا اور چلنا چاہیے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{150}حضرت مولانا حافظ عطاء اللہ سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ غوثیہ اسلامیہ، ٹھری میرواہ ضلع خیرپور میرس باب الاسلام سندھ، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا ایک اہم انقلابی قدم ہے، اہلسنّت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ **پہلا چینل** ہے جس کی جتنی بھی تحسین کی جائے کم ہے، ہم دعوتِ اسلامی کو اس زبردست کاوش پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{151}حضرت مولانا قاری خورشید احمد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب موتی جامع مسجد محلّہ اسلام آباد ساہیوال، پاکستان)

جب سے میں نے آپ کا **مَدَنی چینل** دیکھا ہے میری خوشی کی انتہا ہوگئی کیونکہ اس کے ذریعے لوگوں کے قلوب واذہان پاکیزہ ہوں گے اور محبت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی شمع فروزاں ہوگی۔ خدائے بزرگ وبرتر امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کو حیاتِ خضری عنایت فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{152} حضرت مولانا ابو الفرحان محمد امین خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ حضور پیر سید علی احمد دائم الحضوری قصوری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ، خطیب جامع مسجد والضحیٰ ساہیوال، پاکستان)

جب سے میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے دلی خواہش پوری ہوئی کیونکہ اس کے ذریعے عام لوگوں کو دین اسلام اور سنتوں کا پیغام پہنچے گا، بے شمار لوگ اس سے استفادہ کریں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{154} حضرت مولانا قاری غلام شبیر سولنگی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ عربیہ صدیقیہ، خطیب جامع مسجد صدیق بلاک S مدینۃ الاولیاء نیو ملتان، پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز یقیناً عوام الناس کے لیے علومِ دینیہ کے باب سے کم نہیں ہے۔ جس سے لوگوں کے دلوں میں آقا صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت وعشق کا پیغام عام کرنے میں بہت مدد ملے گی۔ یہ اہم کام کرنے کا شرف اس تنظیم (دعوت اسلامی) کو ہی حاصل ہوا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{155} حضرت مولانا قاری محمد علی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام مرکزی جامع مسجد لوزلز برمنگھم، U.K)

مَاشَاءَ اللّٰہ غیرسیاسی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی کی برکتیں دنیا کے کونے کونے میں موجود ہیں اور امیر اہلسنّت پیرِ طریقت مبلغ اسلام ابو بلال محمد الیاس عطار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی شب و روز محنت اور دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ تبلیغِ دین دنیا میں عام ہو رہی ہے۔ اس وقت تقویٰ و پرہیز گاری اور سنتوں پر عمل کو دنیا میں پھیلانے میں **مَدَنی چینل** کی اشد ضرورت تھی جو حضرت صاحب کی دعاؤں سے شروع ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس چینل کے ساتھ مالی و جانی تعاون کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{156} حضرت مولانا محمد میاں مالیگ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(35 سیمور روڈ اولڈ برے U.K)

نیک اعمال کی ترغیب دینے والی بہترین جماعت دعوتِ اسلامی کے ایک اور تبلیغی اِقدام **مَدَنی چینل** کے عالم وجود میں آ جانے کی خبر سن کر انتہائی مسرت ہوئی۔ مولیٰ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کے اس اِقدام کو بھی اس کے دوسرے مفید اقدامات کی طرح بے مثال کامیابیوں سے ہم کنار کرے۔ مسلمانوں کے قلوب اس چینل کی طرف پھیر دے۔ ؎

دعا از من و از جملہ جہاں آمین آباد

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{157 }حضرت مولانا عبدالمجید مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(اسلامک انفارمیشن سینٹر برسٹول 460 اسٹاپیلیٹن روڈ ایسٹ ویلی برسٹول بیس 6PA برطانیہ)

میں دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ کا جائزہ لے رہا تھا کہ میں نے **مَدَنی چینل** کے لئے لنک دیکھا۔ سُبحٰنَ اللّٰہ ! کیا ہی خوبصورت چینل ہے اور اللّٰہ تعالٰی کی کتنی عظیم رحمت ہے، کتنے اچھے بیانات، نعتیں اور دوسرے خوبصورت پروگرام تھے جو بہت ہی اچھے انداز میں پیش کئے گئے تھے۔ مَاشَاءَ اللّٰہ ! حضور پاک صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم پر درودِ پاک کی کثرت نے تو مجھے بہت ہی متاثر کیا۔ چینل کا استعمال بہت ہی اچھا اقدام ہے، مجھے اس چینل کے ذریعے امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کا ترجمۂ قرآن، نعت اور آپ کا مشہور سلام سننے کی سعادت حاصل ہوئی، جب میں نے اس چینل کو دیکھا تو میرا دل باغ باغ ہو گیا اور میں بہت خوش اور لطف اندوز ہوا۔ جب میں نے ان تمام پروگراموں کا مشاہدہ کیا تو میں نے محسوس کیا کہ گویا کہ اس نے ایک بار پھر مدینہ منورہ میں سبز گنبد کے ساتھ رشتہ وتعلق جوڑ دیا۔ **مَدَنی چینل** پر ہر جملہ اور ہر لفظ حضور صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت اور تقویٰ سے لبریز تھا۔

یہ چینل لاکھوں مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنے گا اور انہیں نبی کریم صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم سے محبت کرنے کے طریقے سے آشنا کرے گا، سنتوں کی اتباع کی تعلیم سے بہرہ ور کرے گا۔ یہ چینل اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ! سٹیلائٹ ٹی وی کے ذریعے جو غیر اسلامی چیزیں ہمارے گھروں میں داخل ہو چکی ہیں ان کو ختم کرنے میں ان سے مقابلہ کرے گا اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ تعالٰی تمام برے اثرات اور غیر اسلامی چینلز کی برائیاں ہمارے گھر سے دور ہو جائیں گی اور لوگ اس چینل سے محبت کرنے لگیں گے اس لئے کہ اس چینل کے آغاز کا مقصد حضور صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت کو پوری امت میں عام کرنا ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کی وہ خاص بات جس سے میں بہت زیادہ محظوظ ہوا ہوں کہ اس **مَدَنی چینل** کی اولین ترجیح آقا کریم صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم پر کثرت سے صلاۃ و

سلام بھیجنا ہے،اس کے علاوہ بیانات اور درس میں ناظرین کے لئے حکمت ودانائی کے بے پناہ پیغامات ہیں جو انہیں صراطِ مستقیم کی طرف گامزن کرتے ہیں۔

سُبحٰنَ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ! **مَدنی چینل** میں جب بھی کوئی پہلا شخص گفتگو کرتا ہے تو وہ صرف محبتِ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے بول ہی بولتا ہے اور جب دوسرا شخص آتا ہے تو وہ بھی اپنے بیان میں نغمہ ہائے محبت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی خوشبوئیں پھیلاتا ہے اور یوں ہی ہر ایک اپنے بیان میں محبت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی باتیں کرتا ہے اور جب ناظرین ایسے پروگرام دیکھتے ہیں تو ان میں کوئی کنفیوژن نہیں رہتا،شک وشبہات دور ہوجاتے ہیں اور یہ ہی محبت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے پیغام کو عام کرنے کا بے مثال طریقہ ہے جو اس **مَدنی چینل** کو دوسرے چینلز سے ممتاز کرتا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{158} حضرت مولانا حافظ محمد عقیل ایوب قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رضا اسلامک ایجوکیشنل کلچرل سینٹر رضا مسجد، مرکز اہلسنّت جامعہ رضاء العلوم الاسلامیہ عربک اسٹڈیز برطانیہ)

میں قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے تمام اسلامی بھائیوں اور بہنوں کو دینِ اسلام کی بہترین خدمت سرانجام دینے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں، جہاں بہت سی تنظیمیں لوگوں کو باعمل مسلمان بنانے کی کوششیں کرچکیں۔اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہاں امیر اہلسنّت،امیر دعوتِ اسلامی مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری (اللہ تعالٰی انکی حفاظت فرمائے) نے لاکھوں لوگوں کے دل ودماغ کو نہ صرف باعمل مسلمان بنایا، دین اسلام کی محبت میں پھیرا بلکہ رسولوں کے سردار، تاجِ رسالت کے انمول نگینے، **اللہ** عزوجل کے پیغام داں، حضرت محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت انکے دل ودماغ میں بٹھائی جنہوں نے کامیابی کے ساتھ اس بات کو دوسروں تک بھی پہنچایا۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی آمد کی برکت سے مسلمانوں اور غیر مسلموں کو بہترین دین اسلام کے سچے پیغامات سمجھنے میں مزید مدد ملے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{159} حضرت مولانا ثاقب عمران رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد گلزار مدینہ میلاد چوک ڈنگہ مٹھیاں کھاریاں ضلع گجرات پاکستان)

ہم بے حد شکر گزار ہیں دعوتِ اسلامی کے جس نے نوجوانوں کو نبی پاک صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی سنتوں کا پابند بنا دیا۔ اللّٰہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو دن دُگنی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے اور حضرت مولانا محمد الیاس مَتَّعَنَا اللّٰہُ بِطُولِ حیاتِہٖ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور میڈیا اس وقت کی اہم ضرورت ہے، دعوتِ اسلامی کا اسلامی تعلیمات کو **مَدَنی چینل** کے ذریعہ عام لوگوں تک پہنچانا بہت اچھا اقدام ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{160} حضرت مولانا محمد فقیر اللہ خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم محمدیہ غوثیہ گلزار طیبہ (سرگودھا) پاکستان)

عالمی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کی دیگر فتوحات میں ایک فتح **مَدَنی چینل** ہے۔ میڈیا کے اس دور میں اہلسنّت کی جانب سے مذکورہ چینل کا اِجرا مستحسن اقدام ہے۔ دِلی دعا ہے کہ خداوند قدوس **مَدَنی چینل** کے مَدَنی پیغام کو عام کرنے کی توفیقِ ارزانی فرمائے اور اسے آقائے مدینہ علیہ الصَّلوۃ والسَّلام کی محبت واطاعت کو پھیلانے کا وسیلہ بنائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{161 } حضرت پیر محمد طیب الرحمٰن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئر مین جامعہ قادریہ ٹرسٹ، مسجد اور ایجوکیشن کمیونٹی سینٹر،A26-26 الفرید اسٹریٹا سپارک بوروک برمنگھم B12-8JL برطانیہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کراچی کے دورے کے دوران میں نے بذاتِ خود مشاہدہ کیا ہے کہ دعوت اسلامی نے اسلام کی صحیح تعلیمات اور درست عقیدے کی ترویج واشاعت کے لئے ایک **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، یہ ایک ایسا عظیم کام ہے جس کے ثمرات بہت زیادہ ہیں اور یہ ایک ایسا چینل ہے جو قرآن وسنت کے اصولوں کی روشنی میں دورِ جدید کی نئی ٹیکنالوجی کو استعمال کرکے پوری اُمت تک اسلام کا پیغام پہنچا رہا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کے ذریعے نہ صرف اسلام کے سچے عقیدے کی ترویج ہوگی بلکہ اسلام کے متعلق غلط عقائد ونظریات کا بھی قلع قمع کیا جاسکے گا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو کامیابی سے ہمکنار کرے اور ان لوگوں کو بھی اپنی رحمت سے نوازے جو اس عظیم برکت والے کام کی ترقی میں مخلصانہ کوشش کررہے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{162 } حضرت مولانا ملک محمد جاوید اقبال کھارا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(وائس چیئر مین مدارس کونسل پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام **مَدَنی چینل** کا قیام ایک قابلِ تحسین اِقدام ہے۔ عہدِ حاضر میں دینی حلقوں کو بھی ذرائعِ ابلاغ سے فائدہ اٹھا کر مثبت مذہبی اور روحانی فکر کو عام کرنا چاہیے، امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے اس نیک کام کا آغاز کرکے اہلسنّت وجماعت کی دیرینہ خواہش کی تکمیل کی ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو نافع اور مقبول عوام بنائے۔یقیناً اس سے عشق رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی خوشبوئیں مزید ماحول کو معطر کریں گی۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{163 } پروفیسر حافظ محمد یعقوب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ ایم اے او کالج مرکز الاولیاء لاہور)

اس دور میں **مَدَنی چینل** کا قیام حلقۂ اہلسنّت و جماعت کے لیے مثبت پیش رفت ہے۔اس چینل پر وہ حضرات جلوہ گر ہوتے ہیں جو خود صاحبِ عمل، با کردار اور اخلاق حسنہ کا مجسمہ ہیں، ان کا کردار و گفتار دوسروں کی نسبت زیادہ مؤثر ہوتا ہے اور قلوب پر زیادہ اثر پذیر ہوتا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{164 } حضرت مولانا محمد اکبر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم جامعہ قادریہ، خطیب جامع مسجد المنہاج گوجرخان ضلع راولپنڈی، پاکستان)

آپ نے چینل کے بارے میں میری رائے پوچھی بہت شکریہ، آپ کا چینل بہت اچھا ہے، اس کی خصوصیت یہ ہے کہ تمام پروگرام شریعت کے مطابق ہوتے ہیں جن سے بہت سے دینی معلومات میسر ہوتی ہیں اور نوجوان سر پر عمامے، بدن پر سنت کا لباس اور چہرے پر داڑھی کے ساتھ جب نظر آتے ہیں تو دل بہت خوش ہوتا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{165 }حضرت مولانا علامہ حافظ حکیم اسحاق سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد برسٹل ٹوٹرڈاون، گرین اسٹریٹ برسٹل، انگلینڈ)

مَدَنی چینل کا سن کر بے حد خوشی ہوئی، کروڑوں عاشقانِ مدینہ شیخِ طریقت مدظلہ العالی کی زِیارت و اِرشاد سے متمتع ہوں گے۔اس پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الُحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{166 }حضرت مولانا محمد اشفاق احمد قادری نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد 254 ایف بلاک سبزہ زار سکیم مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس پرفتن دور میں **مَدَنی چینل** نے لوگوں میں دینی انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے دعوت اسلامی کا خالص دینی پیغام اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ گھر گھر، دنیا کے ہر ہر کونے میں پہنچ جائے گا۔ دعوت اسلامی نے بہت تھوڑے عرصے میں دنیا کے کونے کونے میں دین کا پیغام پہنچایا ہے، **مَدَنی چینل** پر جو لوگ آتے ہیں باعمل، باکردار نظر آتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الُحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{167 }حضرت پیر سید عتیق الرحمٰن شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ابنِ خلیفہ محدث اعظم ہند **سید محمد کچھوچھوی** علیہ رحمۃ اللّٰہ الغنی خطیب جامع مسجد رحمانیہ ابوظہبی روڈ رحیم یار خان، پاکستان)

دعوت اِسلامی کا رستہ کوئی نہیں روک سکتا کیونکہ دعوت اسلامی کے ساتھ اللّٰہ عزوجل ورسول وصلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ

وسلم کی مدد شامل حال ہے۔ دعوت اسلامی کا **مَدَنی چینل** کے ذریعے دین کا پیغام عام کرنا وقت کی ضرورت ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{168} حضرت مولانا محمد فاروق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ حبیب، مدرس جامعہ محمدیہ معینیہ سردار آباد فیصل آباد، پاکستان)

موجودہ دور میڈیا کا دور سمجھا جاتا ہے اور اس دور میں جہاں میڈیا کے ذریعے فحاشی وعریانی عام کی جارہی ہے وہاں بدعقیدگی کے ایسے جال بھی بنائے جارہے ہیں جس میں **عَـوَامُ کَـالْاَنْـعَام** بُری طرح پھنستی جارہی ہے، بدعقیدگی کے اس عِفْرِیت کا مقابلہ کرنے کیلئے میڈیا کا سہارا مُثبت انداز میں لے کر دینِ اسلام کی تبلیغ اور عقائدِ حقّہ کی ترویج کیلئے عظیم عالمی مذہبی تنظیم ''دعوتِ اسلامی'' نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے اُمّتِ مسلمہ کی دکھتی ہوئی نبض پر ہاتھ رکھا اور بدعقیدگی کے زہرِ قاتل کیلئے حُسنِ اعتقاد کا تِریاق عقائدِ اہلسنت و جماعت کی صورت میں عام کرنے کی سعی عظیم فرمائی جسکی جتنی تحسین کی جائے کم ہے۔ میں اپنے ''ادارہ جامعہ محمدیہ معینیہ فیصل آباد'' کی طرف سے اس قابلِ قدر اور مؤثر پروگرام کے شروع کرنے پر دعوتِ اسلامی اور حضرت صاحب کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{169} حضرت مولانا منظور احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد انوار محمد صادق ٹاؤن رحیم یار خان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی فیضانِ غزالئ دوراں حضرت سید سعید احمد کاظمی (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) ہے۔ **اللہ** عزوجل

دعوت اسلامی والوں کی مدد فرمائے، بہت اچھا کام کررہے ہیں۔میں روزانہ **مَدَنی چینل** دیکھتا ہوں، **مَدَنی چینل** پر امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب کا بیان ''**گھر امن کا گہوارہ کیسے بنے؟**'' بہت اچھا لگا ہے،اسے بار بار **مَدَنی چینل** پر چلانا چاہیئے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{170} حضرت مولانا حافظ قاری عبدالغفور مصطفائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام مسجد ہال گرین برمنگھم U.K)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ ثُمَّ اَلْحَمْدُلِلّٰہ پوری دنیا میں دعوتِ اسلامی کا کام زور وشور کے ساتھ جاری وساری ہے، ربُّ العزت مزید ترقیاں عطافرمائے۔دعوت اسلامی والے خصوصاً اہلِ برطانیہ کے دِلوں میں مَدَنی تاجدار صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی عزت وعظمت کے چراغ روشن ومنور کررہے ہیں،اللّٰہ تعالیٰ قبول ومنظور فرمائے،آمین۔اور مزید مسلمانوں کی رہنمائی کی توفیقِ رفیق وہمت عطافرمائے۔معلوم ہوا ہے کہ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا دعوتِ اسلامی نے اِجراء فرمادیا ہے جوکہ دین ودنیا میں کامیابی وکامرانی کا آج کے دور میں ایک بہت ہی اَحسن اِقدام ہے۔آجکل میڈیا کا دور ہے اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے اچھے طریق سے تبلیغ اسلام ہوسکتی ہے۔چونکہ آج کے دور میں عوام الناس مساجد اور مجالس میں بہُت کم آتے ہیں لیکن اپنے گھروں میں بیٹھ کر ٹی وی چینل پر معلومات کرتے رہتے ہیں۔اس لیے U.K کے عوام کے لیے ٹی وی کا ہونا ضروری ہے۔اس لیے یوکے اور یورپ کے حضرات کے لیے خصوصاً برطانیہ کے غیور سنی مسلمانوں کے لیے جلد از جلد **مَدَنی چینل** ٹی وی پر جاری فرمایا جائے تاکہ مسلمان یورپ میں اپنے عقائد کی صحیح طریقہ سے حفاظت کرسکیں،اللّٰہ تعالیٰ آپ کو ترقیاں عطافرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{171} حضرت مولانا محمد ضیاء اللّٰہ نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ شہابیہ شیر شاہ ولی احاطہ دولجند ،خطیب وامام دربارِحضرت شاہ جمال رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ اچھرہ مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل دینِ اسلام اوراہلسنّت کے عقائد کی ترویج کا بہترین ذریعہ اور اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر کی بہترین عملی صورت ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{172} حضرت مولانا حافظ شمس الزمان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم شمس العلوم جامعہ بلالیہ،خطیب بلال مسجد بخشی پارک دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی غلامانِ رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اور فدائیانِ رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم پر مشتمل افراد کا ایک ایسا حسین گلدستہ ہے جن کو دیکھ کر سبز گنبد کی ہریالی یاد آجاتی ہے اور امیرِ اہلسنّت ، قائدِ اہل سنت پیرِ طریقت رہبرِ شریعت ابو بلال حضرت مولانا الیاس عطار قادری عمّ فیوضہٗ کی ذات مخلوقِ خداعزوجل کیلئے ایک عظیم نعمت ہے، اللّٰہ تعالیٰ انکی زندگی دراز فرمائے جنہوں نے بہت ساری زندگیوں کو دین کی روح عطا کی ہے۔عوام میں کافی دیر سے اس بات کی ضرورت کو محسوس کیا جارہا تھا کہ حضرت صاحب کی آواز کے ساتھ ساتھ انکی زیارت بھی ہو تو لذت وکیف میں بے حد اضافہ ہوتا۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ کمی **مَدَنی چینل** نے پوری کردی ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{173} حضرت مولانا قاری صدیق الرحمٰن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام مسجد النور، ہارورڈ نیو پورٹ برطانیہ)

مَدَنی بھائی U.K میں مَاشَاءَ اللّٰہ بہت اچھا کام کررہے ہیں اور مسلمانانِ یو۔کے کو صحیح اسلام پر قائم رکھنے کے لئے کوشاں ہیں، سنا ہے کہ آپ نے **مَدَنی چینل** کا بھی آغاز فرمادیا ہے، برطانیہ میں اس کی بہت اشد ضرورت ہے۔ مسلمان اپنے عقائد کی حفاظت کے لیے کوشاں ہیں لہٰذا آپ سے مؤدبانہ عرض ہے کہ مسلمانانِ یوکے کی رہنمائی کے لیے سیٹیلائٹ چینل (**مَدَنی چینل**) جلد شروع کیا جائے تاکہ ہمارے عام مسلمان اس سے فائدہ حاصل کرسکیں اور اپنے عقائد کی حفاظت کرسکیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{174} حضرت مولانا محمد اکرم سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ومدرس خطیب جامع مسجد الفرید دارالعلوم وجامعہ فریدیہ جناح پارک رحیم یارخان، پاکستان)

رمضان المبارک میں **مَدَنی چینل** دیکھا بہت خوشی ہوئی، میڈیا کے ذریعہ مسلک حق کی پرچار کا ایک بہترین ذریعہ ہے مزید تاثرات میں لکھ رہا ہوں مَدَنی مرکز کی طرف سے مجھے خط ملا ہے جس میں تأثرات کے بارے میں کہا گیا ہے وہ مرکز کو بھیجوں گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کہ جس کا مدنی کام آج سے تقریباً 27 سال قبل ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۰۱ھ/ 1981ء میں باب المدینہ کراچی کے اندر شیخ طریقت، امیر اہلسنّت، بانی دعوت اسلامی **حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم

العالیہ نے چنداسلامی بھائیوں سے مل کرشروع کیا۔میٹھے میٹھے مصطفیٰ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی عنایتوں،صحابہ کرام رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کی برکتوں،اولیائے عِظام رحمھم اللّٰہ تعالٰی کی نسبتوں،عُلَماء ومشائخِ اہلسنّت دامت فیوضھم کی شفقتوں، امیرِاہلِ سنت مدظلہ العالی کی شبانہ روزکوششوں،آپ دامت برکاتھم العالیہ کے تربیت یافتہ اسلامی بھائیوں کی کاوشوں اور مَدَنی قافِلوں کی بہاروں کے نتیجے میں آج **دعوتِ اسلامی** اپنامَدَنی پیغام تادمِ تحریر دنیا کے کم وبیش **200** ممالک میں پہنچانے کے ساتھ ساتھ **95 سے زائد** شعبوں میں کام کررہی ہے۔الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بھی ہرطرف لا دِینیت، بدعقیدگی اورفحاشی وعُریانی بڑی سُرعت کے ساتھ پھیل رہی ہے۔دعوتِ اسلامی کی **مرکزی مجلسِ شوریٰ** اوردیگر مُبلّغین ضرورت محسوس کررہے تھے کہ وقت کے تقاضوں کے مطابق الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے مؤثر انداز میں دین کی ترویج و اِشاعت ہونی چاہیے۔چنانچہ

دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ نے خوب جدوجہد کرکے رَمضانُ المبارَک ۱۴۲۹ھ(2008) سے **مَدَنی چینل** کے ذَرِیعے گھر گھر سنّتوں کا پیغام عام کرنا شروع کردیااوردیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مَدَنی نتائج آنے لگے،بے نمازی نمازی بننے لگے،ہروقت گناہوں میں مگن رہنے والے تائب ہونے لگے،کئی کافر **مَدَنی چینل** کی نشریات دیکھ اسلام سے متأثرہوکردائرۂ اسلام میں داخل ہوگئے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری توقع سے زیادہ **مَدَنی چینل** کوکامیابی حاصل ہورہی ہے۔آج کل ابتدائی آزمائشی سلسلوں (پروگراموں) کی ترکیب ہےاوردُنیا کے مختلف مقامات سے روزانہ مبارکبادیوں اورحوصلہ افزائیوں کے بےشمار پیغامات موصول ہورہے ہیں۔دعوتِ اسلامی کے وسیع دائرہ کارکوحُسنِ خوبی چلانے کیلئے مختلف ملکوں اورشہروں میں مُتَعَدّد مجالس بنائی گئی ہیں۔منجملہ **مجلسِ رابطہ بِالعُلَماءِ و المَشائخ** بھی ہے جوکہ اکثرعُلَمائے کرام پر مُشتمل ہے۔اس کے مقاصد میں علماء ومشائخ اہلسنّت دامت فیوضھم سے روابط مضبوط کرنا بھی ہے۔اس مجلس اوردیگراسلامی بھائیوں کے ذریعے اندرونِ ملک وبیرون ملک سے مفتیانِ عِظام وعُلَمائے کرام کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں مَدَنی بہاریں اور

تأثرات موصول ہوئے، جن میں سے ایک مَدَنی بہار حسبِ ذیل ہے:

مدنی بہار

آستانہ عالیہ خواجہ آباد شریف ضلع میانوالی کے سجادہ نشین حضرت صاحبزادہ سیِّد غلام نصیر الدین کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے جو **مَدَنی بہار** تحریر فرمائی ہے، اُس کا خُلاصہ پیشِ خدمت ہے:

''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی ایک مَدَنی بہار جو خود میں نے دیکھی ہے، آپ کی نذر کرتا ہُوں: ایک شخص جس کا تعلق پاکستان کے صوبہ پنجاب کے بہُت بڑے زمیندار گھرانے سے ہے اور اُن کا اپنی رشتہ داری میں سے چند بدمذہب لوگوں کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا ہے۔ اس بُری صحبت کا اثر اس کے دو نوجوان بیٹوں پر بھی ہوگیا، اُن کے آباؤ واجداد خواجہ آباد شریف آستانہ سے وابَستہ ہیں۔ دو تین سال بعد میرا اِن کے پاس تبلیغی مشن پر جانا ہوتا ہے۔ پچھلی مرتبہ چونکہ مَیں کچھ دیر بعد گیا اور مَسلکِ اہلسنّت کی حقانیت پر روشنی ڈالی تو یہ لوگ سیخ پا ہو گئے اور میرے ساتھ اُلجھنے پر تیار ہوگئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ بُزُرگوں کی نظرِ عنایت سے مَیں نے اِنہیں کسی حد تک قائل کر لیا۔ پھر میں نے انہیں **دعوتِ اسلامی** میں شمولیت اور **مَدَنی چینل** کی ترغیب دی تو میرے کہنے پر **مَدَنی چینل** دیکھ کر نہ صرف وہ بسر وچشم دعوتِ اسلامی میں شامل ہوگئے بلکہ اس سال مدینۃ الاولیاء ملتان شریف میں ہونے والے تین روزہ سنتوں بھرے بین الاقوامی اجتماع کے موقع پر دروازہ دروازہ جا کر دعوت دی اور اپنے شہر سے ایک بہُت بڑا قافلہ لے کر اجتماع پاک میں شریک ہوئے اور میرے لئے دعوتِ اسلامی کی V.C.D بھی بھیج رہے ہیں، یہ میرے لئے بہُت بڑا اِعزاز ہے۔''

{175} حضرت صاحبزادہ سید غلام نصیر الدین کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ خواجہ آباد شریف، ضلعی امیر جماعتِ اہلسنّت پاکستان، ضلع میانوالی پاکستان)

اللہ جَلَّ مَجدُہٗ کے بے شمار احسانات میں سے ایک عظیم احسان دعوتِ اسلامی کا عطا کرنا بھی ہے کہ اس پُرفتن دور

میں **دعوتِ اسلامی** اہلسنّت و جماعت کے پلیٹ فارم پر بہُت مضبوط انداز میں دین کا کام کررہی ہے۔امیر دعوتِ اسلامی جناب حضرت علاّمہ مولٰینا **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کی کاوشوں سے **مَدَنی چینل** کا آغاز بھی اہلسنّت و جماعت کی بہُت بڑی کامیابی ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے جہاں بدعملی ،فحاشی اور عُریانی کا خاتمہ ہورہا ہے وہاں پر بدمذہبی اور لادینیت بھی ختم ہورہی ہے۔مَیں سمجھتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** کا ہمارے مسلک پر بہُت بڑا احسان ہے کہ جگہ جگہ مراکز کا قیام ،مساجد کی حفاظت ،مدارس کا قیام اور **مَدَنی چینل** کا آغاز بہُت بڑی کامیابی ہے۔دُعا گوہوں کہ **اللّٰہ** ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** کوترقی عطافرمائے، **مَدَنی چینل** کی مزید بہاریں دیکھنا نصیب کرے اور امیر دعوتِ اسلامی عم فیوضہ کا سایہ قائم رکھے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{176 }حضرت مولانا مفتی عبدالمنّان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع محمدی مسجد محلّہ عیدگاہ،مدرس جامعہ کریمیہ رضویہ دارالسلام (ٹوبہ)،پاکستان)

مَدَنی چینل سے بچّوں کی اسلامی ماحول کے مطابق تربیت ہوگی اور بچّے بُرے ماحول اوربُرے چینلز سے بچ سکیں گے۔ **مَدَنی چینل** عالمِ اسلام کے لیے ایک بڑی نعمت ہے،دعوتِ اسلامی نے یہ بہُت اچھا اور عظیم قدم اٹھایا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{177 }حضرت مولانا محمد عارف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم علیٰ جامعہ نقشبندیہ توحیدیہ اڈہ ڈومالہ،نارروال،پاکستان)

مَدَنی چینل دعوتِ اسلامی کی زبردست کاوش ہے۔اس کا آغاز اہلسنّت میں بیداری پیدا کرے گا۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{178 }حضرت مولانا مختار احمد سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ قادریہ، کنزالایمان پیروسن شہرتحصیل ٹھری میرواہ، ضلع خیر پور میرس، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

مَدَنی چینل کی بہاریں دنیا بھر میں دُھومیں مچارہی ہیں۔اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ اہلسنّت و جماعت کا سب سے بہترین اور دِلنواز **چینل** شروع ہوا ہے۔جس سے متعدد غیر مسلم مسلمان ہورہے ہیں۔دعا ہے کہ **اَللّٰہ** عزوجل تا قیامت اس **چینل** کو آباد فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{179 }حضرت مولانا ہیبت خان سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم غوثیہ حنفیہ محلّہ مدینہ آبادی، ضلع لیہ، پاکستان)

بعض سائنسی ایجادات ایسی بھی ہیں جو کہ از خود بُری نہیں ہیں، انسان اپنے عمل سے اس کو بُرا بناتا ہے۔اِنسانی ذہن ہی ہے اس کو تعمیری کام کیلئے استعمال کرے یا تخریبی کام کیلئے استعمال کرے مثلاً بندوق ہے اسکو اپنے دِفاع وحفاظت کیلئے استعمال کرنا دُرُست ہے اور بعض اوقات اس کا استعمال ضروری ہوجاتا ہے لیکن اسی بندوق کو کسی بے گناہ آدمی کی جان لینے کیلئے استعمال کرنا اِنتہائی بُرا ہے اور بڑا ظلم ہے یہی حال تمام آلات کا ہے۔ٹی وی، کیبل بھی از خود بُرے نہیں غلط پروگرام، حیاسوز فلمیں اور ڈرامے اس کو بُرا بناتے ہیں، اگر اسی ٹی وی اور کیبل پر (شریعت کے دائرے میں

رہتے ہوئے) اچھے تعمیری اور تربیتی پروگرام ہوں تو بہُت اچھا ہے اور انسانی ذہن کو دُرست سمت استعمال کرنے میں بڑے مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔ چُنانچہ انہی حالات کے پیشِ نظر دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کرکے ایک انقلابی قدم اٹھایا ہے، عملی طور پر نماز، وضو وغیرہ کا طریقہ بتانا اور دیگر مُبلِّغین کے علاوہ خود امیرِ اہلسنّت کا تبلیغ فرمانا بہُت ہی اچھا ہے اور دینِ اسلام کی ترقی و ترویج کا کام بڑی سُرعت اور آسانی کے ساتھ ہوسکے گا اور پوری دنیا میں اسلام کا پیغام پہنچانا آسان ہوجائے گا۔ عالمِ کفر میڈیا کے ذریعے اپنے کفریہ نظریات پوری دنیا میں پھیلا رہا ہے تو ضروری تھا کہ اسی تیزی کے ساتھ اسلام کا پرچار بھی پوری دنیا میں ہو اور خلقِ خدا کو خدا کے پیغام سے آگاہ کیا جائے تو یہ کام دعوتِ اسلامی نے شروع کیا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

{180} حضرت مولانا قاضی فیاض احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مَدَنی لکوٹ شریف، ضلع وتحصیل ایبٹ آباد، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

ہماری طرف سے عالمی مذہبی تنظیم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** شروع کرنے پر ڈھیروں مبارک باد قبول ہو۔ **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ مولٰینا پیرِ طریقت محمد الیاس عطّارؔ قادری صاحب کی عالمگیر تنظیم آج کے اس پُرفتن دور میں اُمتِ مسلمہ کے لیے نشاۃِ ثانیہ کا کام کررہی ہے اور اُمتِ مسلمہ کو صحیح معنوں میں محبتِ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اور محبت سُنَّت رسُول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اَحسن انداز میں پیش کررہی ہے۔ اب اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بذریعہ **مَدَنی چینل** کے دونوں چیزیں لوگوں کے گھروں تک پہنچیں گی اور مسلمانوں کے گھروں سے بے حیائی اور عریانی ختم ہوگی۔ **اَللّٰہ** ربُّ العِزّت امیرِ اہلسنّت کا سایہ تادیر ہم پر قائم رکھے اور ہمیں دعوتِ اسلامی کے ساتھ تعاون اور اس پر استقامت نصیب فرمائے۔ ہماری دعا ہے کہ **اَللّٰہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی اور

مَدَنی چینل کو دن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{181} خلیفۂ مجاز سیّدی قطب مدینہ مفتی عبدالنبی حمیدی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(فوڈبرگ نمبر 61 منٹ روڈ JHB ساؤتھ افریقہ)

دینِ اسلام آخری دین ہے اور اسکی حفاظت کا ذِمّہ **اَللّٰہ** عزوجل نے خود لیا ہے۔ اس دین کے اُصول کا باقی رہنا ہر وقت ضروری ہے۔ ہمارے آقا علیہ الصّلوۃ والسّلام کے اس دنیا سے ظاہری پردہ فرمانے کے بعد اس دین کی اشاعت کی ذِمّہ داری علمائے حق اور مسلمانوں کی وہ تنظیمیں جو اسلام کے اُصول وضوابط کو سختی سے تھامے ہوئے ہیں کو سونپی گئی ہے۔ اس دور میں اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں خدمتِ دین کے لیے کوشاں ہے اور بڑی کامیابی سے **35** سے زائد شعبوں میں کام کر رہی ہے۔ الیکٹرانک میڈیا کی اس دور میں اَہمیت کو کوئی صاحبِ بصیرت نظر انداز نہیں کرسکتا، ٹی وی کے ذریعے سے بدمذہبی، بداخلاقی، میوزک، ناچ گانے اور فلموں ڈراموں کو خوب پھیلایا گیا اور اس کے رَدّ اور اس سے دِفاع کے لیے ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہ تھا، کچھ ٹی وی چینل نے تو اسلام کے نام پر مسلمانوں میں اور زیادہ شکوک وشبہات پیدا کر دیئے لہٰذا اس دور میں **مَدَنی چینل** کا شروع ہونا صبح کے اشارے کی طرح ہے جو صبح کے آنے کی خبر دیتا ہے اور رات کے اندھیرے چلے جانے کا اِعلان کرتا ہے۔ ایک ایسے ٹی وی چینل کی مسلمانوں کو سخت ضرورت تھی جس میں صحیح عقائد اور ہر معاملہ دینِ اسلام کی تعلیمات کے عین مطابق پیش کیا جائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے مسلمانانِ عالم کی اس ضرورت کو بھی پورا کر دیا۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{182}حضرت مولانا عبدالسلام مشاہدی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ اشرفیہ اظہار العلوم بُرہانپور ایم پی، مدرس جامعۃ المدینہ احمد آباد، ہند)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** جو کہ مسلکِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالٰی عنہ کو گھر گھر پہنچا رہا ہے اور لوگوں کے عقائدِ حقہ کا تحفُّظ کر رہا ہے۔ یقیناً عصر حاضر میں **مَدَنی چینل** ایک اہم ضرورت ہے، اس کے فیوض وبرکات اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت جلد گھر گھر پہنچیں گے اور پہنچ رہے ہیں اور یہ **مَدَنی چینل** لوگوں کے عقائد وایمان کا ضامن ہوگا۔ **اَللّٰہ** ربُّ العزت اس **مَدَنی چینل** کو نظرِ بد سے بچائے اور اسے خوب کامیابی عطا فرمائے۔ نیز بانیٔ دعوتِ اسلامی امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب کی حفاظت فرمائے اور ان کے ذریعے خوب خوب مسلکِ اعلیٰ حضرت کی نشر واشاعت فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{183} خلیفۂ مفتی اعظم ہند مفتی غلام سرور قادری بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رضویہ ٹرسٹ وخانقاہ قادریہ نوریہ ماڈل ٹاؤن مرکز الاولیاء لاہور)

یہ سن کر خوشی ہوئی کہ مولانا محمد الیاس قادری زید مجدہ کی سرپرستی وقیادت میں **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک چینل شروع ہوا ہے۔ میں اس پر مولانا موصوف اور ان کے رفقاء اور دعوت اسلامی کے احباب کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔ بلا شبہ یہ میڈیا کا دور ہے اس میں اسلامی ودینی طرز کے چینل آنے چاہئیں۔ **اَللّٰہ** عزوجل اس سعیِ جمیل کو قبول فرمائے اور سب اہلسنّت کو ایک ہونے کی توفیق بخشے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَـلُّـوا عَـلَـى الْحَبِـيـب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{184 } پیرزادہ سید محمد طاہر شاہ قادری ہمدانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین لکھی وال شریف چنیوٹ، پاکستان)

مَدَنی چینل آج کے اس پُر فِتن دور میں رحمت کا ایک جھونکا ہے جسے دیکھنا بالخصوص حضرت صاحب کا مَدَنی مذاکرہ میں جواب دینا اِنتہائی مفید اور معلوماتی ہے۔ **اَللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کے ہر پروگرام کو کامیاب وکامران فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَـلُّـوا عَـلَـى الْحَبِـيـب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{185 } تلمیذ محدث اعظم پاکستان مفتی الحاج ابوالخیر محمد اکبر قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم دارالعلوم انوار اسلام رضویہ پیرمحل ضلع دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

بندۂ ناتوان کو عالمی تحریکِ اِحیائے سُنّت دعوتِ اسلامی کے معزّز وصالح کارکن احباب نے **مَدَنی چینل** کے اِجرا کی خبر کا مژدہ سنایا۔ اِس مسرت بخش خبر کو سن کر دِل بہار بہار ہوگیا۔ اِس کی مدد سے اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی دینِ متین کی بیش از بیش خدمت ممکن ہوگی **اَللّٰہ** جل شانہ بوسیلہ وصدقۂ سرکار صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم جملہ اہل سُنَّت و جماعت کو اِس سے مُستَفِید ہونے کی توفیق ارزان فرمائے، آمین۔ بہُت دیر تک یہ **مَدَنی چینل** مذہبی وملّی واعتقادی خدمات دیتا رہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَـلُّـوا عَـلَـى الْحَبِـيـب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{186 } خلیفہ مفتی اعظم ہند وقطب مدینہ مفتی محمد عبدالشکور رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ رضویہ محلّہ فیض آباد، تحصیل وضلع مَدَنی صحراء (مانسہرہ)، پاکستان)

مَدَنی چینل کے اِجراء پر مُسرَّت کا اظہار اور مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{187} حضرت مولانا حافظ سیّد عبدالغفور شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد رحمانیہ غوثیہ نشاط کالونی مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

رَمَضان شریف کے بابرکت مہینے میں **مَدَنی چینل** کا اجراء ہوا جس کی موجودہ دور میں اَشد ضرورت تھی، اِس پُرفِتن دور میں آقا صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی شان کا بیان کرنا اور تمام وسائل بروئے کار لا کر آقا صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت کا پیغام دینا فرض ہو چکا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے **دعوتِ اسلامی** حضور صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت کا پیغام قرآن وسُنّت کی روشنی میں کتابوں اور وعظوں کی صورت میں پیش کر رہی ہے اور **مَدَنی چینل** کے ساتھ میدانِ عمل میں اُتر کر دینِ اسلام کا پیغام تمام دُنیا میں پہنچا رہی ہے۔ میری دُعا ہے کہ **اَللّٰہ** تعالٰی دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی دے۔ بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولٰینا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کی تربیت کا نتیجہ ہے کہ نوجوان نسل کو اِسلام اور سُنّتِ رسُول کی طرف لانے کی کوشش جاری ہے۔ مَیں اپنی طرف سے **مَدَنی چینل** کھولنے پر دِل کی اَتھاہ گہرائیوں کے ساتھ مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{188} حضرت مولانا غلام یٰسین قادری شطاری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز علامہ عبدالحکیم شرف قادری و پیر محمد علی ضیاء القادری رحمۃ اللہ علیہما، مدرس مدرسہ اسلامیہ وخطیب جامع مسجد عمر کامونکی ضلع گوجرانوالہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **اَللّٰہ** تعالیٰ کا بہُت ہی شکر ہے کہ اِس نے ہماری دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** عطا فرمادیا **اَللّٰہ** عَزَّوَجَل اِس کو جاری رکھنے کے اَسباب ووَسائل بھی عطا فرمائے تاکہ دینِ اِسلام کی تعلیمات کا گھر گھر ڈَنکا بج سکے، اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے مسلمان گھر بیٹھے دِین کی تعلیمات سے آشنا ہوں گے اور اِنہیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ڈر، خشیت، ہیبت اور رحم وکرم اور اس کے اَحکامات وحقوق کی تعلیم مِل سکے گی اس طرح مسلمان اپنے عظیم مرتبہ کو جو اِیمان کی وجہ سے ملتا ہے اسے پہچان کر اِس کی حفاظت کرتے ہوئے دُنیا سے جانا پسند کریں گے، **مَدَنی چینل** کے ذریعے جرائم پیشہ لوگ بھی جرائم سے تائب ہوسکتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{189} حضرت مولانا محمد صادق سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ انوار سعیدیہ ضلع دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوت اسلامی دورِ حاضر میں خوب دین کا کام کررہی ہے، مسلک اعلیٰ حضرت کا خوب پرچار ہورہا ہے، اس کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی عملی طور پر تربیت کا بھی خوب اِہتمام ہے۔ حال ہی میں دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے حوالے سے ایک نیا قدم اُٹھایا ہے۔ اس اِقدام سے اَشد کمی پوری ہوگئی اور اِصلاح معاشرہ کی کامیاب سعی بھی۔ مَیں سمجھتا ہوں کہ سارے شُعبہ جات ایک طرف اور یہ **مَدَنی چینل** ایک طرف۔ مزید یہ کہ مسلمانوں کی کثیر تعداد بانیٔ دعوت اسلامی، امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری مدظلہ العالی کی زِیارت کی خواہاں تھی **مَدَنی چینل** نے اس حسرت کو بھی پورا کردیا۔ **اَللّٰہ** عزوجل **مَدَنی چینل** کو دن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{190} حضرت پیر منظور اللطیف قمر قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت و تنظیم المساجد و مدارس اہلسنّت کمالیہ، ضلع دار السلام (ٹوبہ)، پاکستان)

انہوں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں حضرت مولانا محمد صادق سیالوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{191} خلیفہ قطب مدینہ حضرت مولانا سید ابو النصر منظور احمد شاہ مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(بانی و مہتمم جامعہ فریدیہ للبنین والبنات، ساہیوال، پاکستان)

مَدَنی چینل کا اِجراء ٹی وی کے ماحول میں ایک اچھا قدم ہے، **اَللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کو بَرَکت سے نوازے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{192} حضرت پیر سیّد غلام دستگیر محی الدین انور جیلانی قادری صدیقی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(دربار عالیہ قادریہ فاضلیہ جیلانیہ کوٹ شریف محلّہ چڑھ جیلانی چوک کمالیہ دار السلام (ٹوبہ) پاکستان)

آپ کا **مَدَنی چینل** قابلِ تعریف ہے **اَللّٰہ** کریم حضور غوث پاک رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے صدقے اِس کو جاری وساری رکھے اور یہ چینل دشمنانِ حق میں زہرِ ہلاہل ثابت ہو۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{193} حضرت مولانا مفتی محمد نعیم اختر نقشبندی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز حضور حبیب میاں خانقاہ رضویہ بریلی شریف، مفتی و مہتمم دارالعلوم حبیبیہ رضویہ مرکزی جامع مسجد غلہ منڈی کاموکی ضلع گوجرانوالہ، پاکستان)

فی زمانہ تبلیغِ دِین کے لیے جو مروّجہ وَسائل ہیں اُن میں کُتب و رسائل اور ٹی وی چینلز ہیں اگر انہیں مقاصدِ حسنہ کے لیے اِستعمال کیا جائے اور شَرعی حدود میں رہتے ہوئے اِستعمال ہوں۔ اِسلامی تعلیمات کے فروغ اور معیار کے لیے دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کا آغاز خوش آئند قدم ہے۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ اِس کے ذریعہ حق کی آواز بلند ہوگی اور عوام اِس کے مُثبت اَثرات پائیں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حامی وناصر ہو۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{194} حضرت شیخ الحدیث مفتی ابوالاسد محمد اللّٰہ دتہ نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابقہ خطیب جامع مسجد دربار خواجہ عبدالعزیز مکی رضی اللہ عنہ پاکپتن شریف، پاکستان)

تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی جو کہ غیر سیاسی ہے اور صلوٰۃ وسُنَّت کی ایک عرصہ سے بے لوث خدمت کررہی ہے، پہلے ہی اس تحریک کی مساعی قابلِ صد تعریف ہیں اور اب **مَدَنی چینل** نیکی کی ترویج واشاعت کیلئے ایک شاندار اضافہ ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{195} استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم الجامعۃ الفردوس حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

قرآن مجید نے اُمتِ مسلمہ کو''خَیرَ اُمَّۃٍ''فرمایا اور اس کی صفت یوں بیان کی کہ { **تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ** (پ ٤ ال عمران ١١٠) ترجمۂ کنزالایمان : بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو } اِس پُرفتن دور میں نیکی کی دعوت دینا اور بُرائی سے روکنا، یقیناً بڑا مشکل کام ہے۔ اِس تبلیغ کو مزید بڑھانے کے لیے میڈیا کا سہارا کارآمد ہے۔ جہاں برائی کو پھیلانے والے T.V چینلز ہیں وہاں اِن کے مقابلے میں دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، اِنْ شَاءَ **اللّٰهُ** عَزَّوَجَلَّ اِس سے بڑھتی ہوئی بے دینی وجہالت کا خاتمہ ہوگا۔ **اَللّٰه** تعالیٰ ہم سب کو دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کی برکت سے بُرائی سے محفوظ رکھے اور نیکی پر اِخلاص کے ساتھ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{196} حضرت مولانا الحافظ علی رضا مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس جامعہ احیاء العلوم، ہوت والا، چیچہ وطنی روڈ، ضلع وہاڑی، پاکستان)

انھوں نے استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی صاحب مُدَّظِلُّـهُ العَالِی کے **مذکورہ** تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{197}حضرت مولانا الحافظ عطاء الرحمٰن مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس جامعہ احیاء العلوم، ہوت والا، چیچہ وطنی روڈ، ضلع وہاڑی، پاکستان)

انھوں نے بھی استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی صاحب مُدَّظِلُّهُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{198}حضرت مولانا میاں سراج دین مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس جامعہ احیاء العلوم، ہوت والا، چیچہ وطنی روڈ، ضلع وہاڑی، پاکستان)

انھوں نے بھی استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی صاحب مُدَّظِلُّهُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی محمَّد

{199}حضرت فخر السادات، پیر سیّد حیدر امام گیلانی قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ چن پیر ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کے فیض نے لاکھوں نوجوانوں کے دِلوں میں عشقِ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم، جذبہ اتباعِ سُنَّت اور علم وعمل پیدا فرما دیا ہے۔اب **مدنی چینل** کے ذریعے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لاتعداد مسلمانوں کی اصلاح ہو رہی ہے۔ساتھ ہی ساتھ فحاشی اور عریانی کے خلاف بند بندھنا شروع ہو گیا ہے۔اور بدعقیدگی کے سیلاب کی روک تھام شروع ہو چکی ہے،

اَللّٰہ تعالیٰ امیرِ اہلسنّت اور **مَدَنی چینل** کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقی نصیب فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{200} حضرت مولانا حکیم محمد احمد امجد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فیض الرسول پتوکی قصور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی بڑے اخلاص کے ساتھ دین کی خدمت کا فریضہ اَحسن طریقہ سے سرانجام دے رہی ہے۔ مقام مسرت ہے کہ مذکورہ تحریک نے **مَدَنی چینل** کا اِجراء کرکے بڑا شاندار کارنامہ انجام دیا ہے۔ جسے علمائے اہلسنّت اور عوام اہلسنّت نے بے حد پسند فرمایا ہے۔ مجھے یہ مژدۂ جانفزا سن کر اس قدر مسرت ہوئی کہ الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا۔ سنتے ہی **مَدَنی چینل** کا پروگرام دیکھنے کے لیے دل بے قرار ہوگیا اور اپنی آنکھوں سے جب **مَدَنی چینل** پر بین الاقوامی اجتماع دیکھا تو دل باغ باغ بلکہ باغ مدینہ ہوگیا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{201} استاذ العلماء حضرت مولانا سید محمد عصمت اللّٰہ شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ شارح بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ اللہ الغنی بانی و مہتمم جامعہ انوار القرآن حنفیہ غوثیہ اسکندر آباد ضلع میانوالی، پاکستان)

اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے دِینِ مَتین کی ترویج واشاعت کے لیے ہر صالح سعی، بارگاہِ ایزدی میں مقبول ومحمود ہے۔ بالخصوص **مَدَنی چینل** کی مَدَنی فکر، عمل ملتِ اسلامیہ کے لیے نویدِ عظیم ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اَمیرِ اہلسنّت مدظلہ کی قیادت وسیادت کوتادیر اہلسنّت کے سروں پر قائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{202 }حضرت مولانا صاحبزادہ محمد معصوم شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نبیرۂ شیخ المشائخ خواجہ محمد صدیق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ آستانہ عالیہ بھور شریف عیسیٰ خیل، میانوالی، پاکستان)

مَیں نے پچھلے دِنوں عیسیٰ خیل شہر کے اندر ایک عزیز کے گھر میں **مَدَنی چینل** دیکھا، دل کو بڑی مسرت ہوئی کہ آج کے اس پُرفتن دور میں **اَللّٰہ** تعالیٰ نے دعوتِ اسلامی کو یہ شرف بخشا ہے کہ انہوں نے ایک خالصتاً مذہبی چینل کی شروعات کی ہیں جس کے اَندر صبح وشام مذہبی رُوحانی گفتگو دیکھنے اور سُننے کو ملتی ہے، جس کے اندر سنّتوں کے طریقۂ کار سے آگاہی دی جاتی ہے۔ میری دُعا ہے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو دِن دُگنی رات چُوگنی ترقی عطا کرے کہ لوگ اِس سے زیادہ سے زیادہ مستفیض ہوسکیں، امین ثم امین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{203 }حضرت مولانا آصف ندیم عثمانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد رسولیہ پیپلز کالونی نمبر 2 سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہم پہلے بھی نعتوں کے سننے والے تھے لیکن جب سے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے، تب سے نعتوں کے اور بھی زیادہ دلدادہ ہوچکے ہیں۔ **مَدَنی چینل** پر آنے والے پروگرام یعنی نعتوں اور بیانات نے ہمارے علم میں اور بھی نہ صرف اضافہ کیا ہے بلکہ ہمیں **مَدَنی چینل** دیکھنے پر مجبور کردیا ہے کیونکہ پہلے تو ہم امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کے دیدار کی دعائیں مانگا کرتے تھے لیکن اب اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے **اَللّٰہ** عزوجل نے نہ صرف آپ کے بیانات سے نوازا بلکہ آپ کے دیدار سے بھی مالا مال کردیا۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{204} حضرت مولانا محمد امین قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی اہلسنّت جامع مسجد اوقاف، تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

مَدَنی چینل پر دکھائے جانے والے وضو وحج وغیرہ کے پریکٹیکل طریقے عوام اور خواص میں مقبول ہورہے ہیں۔اس کے علاوہ جو احباب دیدارِ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کے لیے تڑپتے تھے اوران کی زیارت کرنا چاہتے تھے جن کی شب وروز کی تبلیغی کوششوں سے لاکھوں لوگوں کی زندگیاں صلوٰۃ وسُنَّت کی راہ پر آ گئیں۔ **مدنی چینل** کے توسُّل سے آپ کی زیارت بھی ہورہی ہے۔فقیر علمائے اہلِ سنت کی خدمتِ اقدس میں اپیل کرتا ہے کہ عوام الناس میں **مَدَنی چینل** دیکھنے کی ترغیب فرما کر اس خیر وفلاح کے کام میں حصّہ ملائیں۔ بندۂ ناچیز **مَدَنی چینل** کی پوری ٹیم، اُس کے معاونین کے لیے دنیا وآخرت میں کامیابی کے لیے دعا گو ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{205} حضرتِ مفتی قاضی محمد وہاج فیض النصیر قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد دربار بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃاللہ علیہ پاکپتن شریف، پاکستان)

بحمدہٖ تعالٰی دعوتِ اسلامی جس انداز سے شب وروز امتِ مسلمہ پر اتباع سُنَّت کی تبلیغ کے ذریعے رنگِ محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم چڑھا رہی ہے۔اس میں دورِ حاضر کی نہایت اہم ضرورت اور مؤثر ترین ذریعہ یعنی الیکٹرانک میڈیا **مَدَنی چینل** کا اضافہ نہایت نیک شگون اور اصلاح احوال اور فکر آخرت کو بیدار کرنے کے لئے نہایت مستحسن اقدام ہے۔مَیں **اَللّٰہ** رب العزت کے فضل سے یقین کامل رکھتا ہوں یہ مَدَنی رنگ سب رنگوں پر یعنی **مَدَنی چینل** دیگر چینلز پر غالب آجائے گا۔اربابِ اقتدار کو چاہیے کہ نظریہ پاکستان کی بقا اور دینِ اسلام

کے استحکام کیلئے اس چینل کو مستقل کرنے کی جلد منظوری دیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{206} حضرت مولانا قاری حافظ شبیر احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فیضان سنت رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **اَللّٰہ** تعالیٰ کا بہُت بڑا احسان ہے کہ بندۂ ناچیز نے **مَدَنی چینل** کی مختلف تقریبات سنی اور دیکھی ہیں۔ پورے ملک اور خصوصاً رینالہ خورد میں جو **مَدَنی چینل** چلا ہے یہ خاص **اَللّٰہ** تعالیٰ کا لطف وکرم شاملِ حال نظر آتا ہے، اُمتِ مسلمہ مستفید ہورہی ہے، مَیں سمجھتا ہوں یہ سارا فیضان امیر اہلسنّت مدظلہ کا ہے۔ سننے اور دیکھنے میں آیا ہے کہ بہُت لوگ تھے جو فلموں اور ڈراموں والے چینلز دیکھنے کے عادی تھے اب وہ امیر اہلسنّت مدظلہ کی بَرَکت سے اِن تمام چینل کو چھوڑ کر تائب ہو چکے ہیں، اب **مَدَنی چینل** دیکھنے والے عاشق رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم بن چکے ہیں۔ میری دعا ہے **اَللّٰہ** تعالیٰ اپنے لطف وکرم سے امیر اہلسنّت کا سایہ ہم سب کے سروں پر قائم ودائم فرمائے۔ جن کی بدولت یہ **مَدَنی چینل** کی بہاریں ہمیں گھر بیٹھے نصیب ہورہی ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{207} حضرت مولانا مفتی محمد اکرم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ مفتی اعظم پاکستان عبدالقیوم ہزاروی علیہ رحمۃ اللہ القوی، ناظم جامعہ انوار مدینہ اولڈ حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کا مَدَنی چینل آج کے اس دور میں عالمِ اسلام کے لیے **اَللّٰہ** تعالیٰ کی طرف سے ایک خصوصی نعمت ہے۔ حقیقت اسلام کی روح دوبالا ہوگئی ہے، اجڑے ہوئے دل پھر سے یادِ خداعزوجل اور یادِ

مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم سے آباد ہونے لگے ہیں، ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کو اشتہاری طور پر نظر آنے سے محفوظ کر دیا گیا ہے۔ دعا ہے کہ **اَللّٰہ**تعالٰی بطفیلِ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اور بطفیلِ تمام محبوبانِ اقدس دعوتِ اسلامی اور اس کے مشن خصوصاً **مدنی چینل** کو دن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{208} حضرت مولانا غلام شبیر تبسّم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ جیلانیہ نادر آباد مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

شکر ربُّ العُلٰی جتنا بھی ادا کیا جائے کم ہے کیونکہ مسلمانانِ عالم کی رہبری و رہنمائی کے لیے ربُّ العزت عَزَّوَجَلّ نے ایسی جماعت پیدا کی کہ جس کی مَدَنی صداؤں نے شب و روز عشقِ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم سے لبریز اداؤں نے ہزاروں نہیں لاکھوں حرماں نصیبوں کی قسمت کو سنوار دیا، قلوب واَذہان میں محبتِ رسُول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی وہ چاشنی پیدا کی کہ ہر طرف و ہر زبان میں یارسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی صدائے دلربا بلند ہو رہی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ثُمَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ **مدنی چینل** کا بھی اس میں اہم کردار ہے کیونکہ جہاں یورپین ممالک نے اخلاق سوزی و ایمان سوزی کے لیے جس طرح کے چینل چلائے تھے اُن کے مقابلے میں مَدَنی بھائیوں نے **مدنی چینل** جیسے اسلامی چینل کو چلا کر ہر گھر میں **صدائے یارسول اللہ** کو عام کر دیا۔ خُدا کرے کہ یہ فیضانِ **دعوتِ اسلامی** ہمیشہ جاری رہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{209 }حضرت مولانا مفتی محمد ظفر اقبال چشتی قادری سلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی ومدرس وناظم تعلیمات جامعہ عربیہ نورالمدارس صدر عیدگاہ چشتیاں شریف ضلع بہاولپور، پاکستان)

دعوتِ اسلامی اور **مَدَنی چینل** بلاشُبہ گناہوں کی روک تھام میں مصروفِ عمل ہیں۔ دورِ حاضر کے متعدد ٹی وی چینلز نے اپنی دن رات کی مساعئ رذیلہ سے اسلام کی صحیح صورت کو خوب چھپانا چاہا لیکن شاید وہ اس سے بے خبر ہیں کہ اَلْحَقُّ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی (یعنی حق ہی غالب آتا ہے، اس پر غلبہ نہیں پایا جاسکتا) اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی نشریات سے یہ قوی اُمید ہے کہ باطل کے اندھیرے چھٹیں گے اور ہر طرف نورِ اسلام کی رعنائیاں عام ہوں گی۔ دعوتِ اسلامی و بانیٔ دعوتِ اسلامی دامت برکاتھم العالیہ اس پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{210 }حضرت مولانا استاذ القراء الحافظ القاری محمد جہانگیر ثاقب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم وبانی مدرسہ جامع حنفیہ انوار طیبہ تجوید القرآن رحمت اللہ ٹاؤن ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

مَدَنی چینل کی آزمائشی نشریات کا سلسلہ نافعہ جاری ہوتے ہی حمد باری تعالٰی ونعتِ پاک مصطفٰے علیہ التحیۃ والثناء اور قابلِ عمل پُرمغز مواعظ حسنہ سُن سُن کر مسلمان دولتِ علم وعمل اور کفار دولتِ ایمان سے بہرہ مند ہونے لگے ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ ہمارے وہ بچے اور بچیاں جو مستقبل کا سرمایۂ افتخار ہیں یہ **مَدَنی چینل** ان میں دینی واَدَبی، قومی وملکی غیرت وحمیت اور اسلامی شعور وآ گہی کا ذوق وشوق بڑھا بلکہ کوٹ کوٹ کر بھر رہا ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کی برکات (مَدَنی بہاروں) کے چند واقعات مکتبۃ المدینہ سے قسط اوّل کے نام سے شائع بھی ہوچکے ہیں جو **مَدَنی چینل** کی اَہمیت کو خوب اُجاگر کررہے ہیں۔ اَللّٰہ کریم جل وعلا ہمارے صاحبانِ

اقتدار کو یہ توفیقِ رفیق عطا فرمائے کہ وہ

{وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى (پارہ٦ المائدۃ ٢)

ترجمۂ کنز الایمان: اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو }

پر عمل پیرا ہوتے ہوئے **مَدَنی چینل** کی نشریات کو مستقل اجازت نامہ جاری کر دیں تا کہ ان کے لیے سرمایۂ آخرت ہو سکے اور **اَللّٰہ** جل شانہ امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی مدظلہ، آپ کی پوری شوریٰ کو **مَدَنی چینل** کے اجراء پر اجرِ عظیم سے نوازے ادارہ ''جامعہ حنفیہ انوارِ طیبہ تجوید القرآن'' کی دعائیں اور ہمدردیاں آپ کی ساتھ ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

{211 }حضرت علامہ مولانا محمد احتشام الحق قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِي

(فاضل جامعہ نعیمیہ، خطیب موتی مسجد بہار شاہ روڈ الفیصل ٹاؤن مرکز الاولیاء (لاہور) کینٹ، پاکستان)

اِس پُرفتن دُور میں ہر طرف لاَدِینیت، بدعقیدگی اور فحاشی وعُریانی بڑی سُرعت کے ساتھ پھیل رہی ہے۔ اِس لیے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ میڈیا پر مؤثر انداز میں دین کی ترویج واشاعت کی جائے۔ چُنانچہ دعوت وتبلیغ کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے اِس ضرورت کو پورا کیا ہے۔ اِس **چینل** کے ذریعہ عقائد واعمال کی اصلاح کی جا رہی ہے، اِس طرح کروڑوں لوگ اِستفادہ کر رہے ہیں۔ مَیں امیرِ اَہلسنّت اور ان کے تمام رفقاء کو اس مبارک کاوش پر خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

{212 }حضرت مولانا حافظ محمد عبدالشکور سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم جامعہ غوثیہ قمرالاسلام للبنین وللبنات گُل بَہار کالونی مرکزالاولیاء (لاہور) کینٹ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ موجودہ دور میں جس انداز سے غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی پوری دُنیا میں کام کررہی ہے، جس چیز کی کمی تھی اور جو کمی محسوس کی جارہی تھی اِسے پوری کررہی ہے۔ پہلے ہی بَہُت اچھے انداز سے تبلیغ کررہی تھی اور زندگی کے ہر شعبے میں اپنا پیغام عام کررہی تھی اور دُنیا مستفید ہورہی تھی۔ اب دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کھول کر میڈیا کے اندر جو اہلسنّت وجماعت کے پیغامات کو عوام النّاس تک پہنچانے میں کمی محسوس ہورہی تھی اسے پورا کردیا ہے اور عوام گھروں میں بیٹھ کر اسلامی تعلیمات سے مستفید ہورہے ہیں اور خصوصاً خواتین اور بچے جو بڑے بڑے اجتماعات میں نہیں جاسکتے تھے وہ بھی مستفید ہورہے ہیں، اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اس سے عوام النّاس کو بَہُت فائدہ ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{213 }حضرت مولانا صاحبزادہ پیر فیض الحبیب قادری اشرفی نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ سرکار کلاں سید مختار اشرف علیہ رحمۃ اللہ الاکبر، سجادہ نشین آستانہ عالیہ انتالی شریف، پاکپتن شریف، پاکستان)

مُحسنِ اَہلسنّت، امیرِ اہلسنّت، مجاہدِ ملت، شیخِ شریعت وشیخِ طریقت، محافظِ دین وملت، برکتِ مصطفٰی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتھم العالیہ کی دن رات اَنتھک کوششوں کی برکتوں سے **اَللّٰہ** تعالٰی نے اہلسنّت وجماعت کی عظیم تحریک دعوتِ اسلامی کو بارہ چاند لگادیئے۔ پوری دنیا میں یا رسولَ اللّٰہ کی صدائیں عام ہونے لگیں، جو کام لاکھوں مسلمان مل کر عام نہ کرسکے، وہ کام دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** نے قلیل وقت

میں پیش کردیا، بدعقیدگی کے سیلاب کو روکنے کا کردار ادا کیا، **مَدَنی چینل** کے ذریعے دنیا میں مَدَنی انقلاب برپا ہونے لگا۔ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کے دیدار اور ملفوظات کے ذریعے لاکھوں بے نمازی، نمازی بن چکے ہیں اور اسلامی بہنیں بے پردگی سے توبہ کرکے پردے کی پابند بن چکی ہیں، بے شمار نوجوان گانے باجوں سے توبہ کرکے ذکر و نعت سننے کے عادی بنتے جارہے، بے حیائی کے چینلوں سے بیزار ہوکر **مَدَنی چینل** کے گرویدہ ہوتے جارہے ہیں۔ **اَللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو تاقیامت قائم رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{214} حضرت صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مرکزی دارالعلوم حنفیہ غوثیہ چک نمبر 71/E.B بی ٹھیکواں شریف تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

اَللہ ربُّ العٰلمین کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ نبیِّ رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے تصدق سے عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی کو اس پُرفتن دور میں ایک عزم جہاد بنام **مَدَنی چینل** کے ذریعہ سے کلمۂ حق کو بلند اور عام کرنے کا موقع نصیب ہوا۔ جہاں ہر طرف بے حیائی اور عریانی، فحاشی دیگر چینلز کے ذریعے عام ہورہی تھی بروقت اقدام کرتے ہوئے دعوتِ اسلامی نے عالم اسلام کو اصلاحِ احوال کا موقع فراہم کردیا۔ اب تک جو اہلِ اسلام، اہلِ درد اور اہلِ عشق جو دیگر چینلز کی برائیوں سے مجبور تھے، دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کھول کر عشقِ مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی صدا کو ان کے گھر تک پہنچا دیا۔ یہ حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر عنایت ہے کہ یہ عظیم کام دعوتِ اسلامی کے حصہ میں آیا۔ دعوتِ اسلامی کا چینل دیکھ کر عشاق کے دل کی دنیا آباد ہوجاتی ہے، تمام پروگرامز شریعت کے عین مطابق ہوتے ہیں جس میں ایسے موضوعات ملتے ہیں کہ عام انسان دنیا میں کس طرح رہ کر شریعت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے خوفِ خدا اور عشقِ مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی دولت سے اپنے

دل وایمان کولبریز کر سکے۔اہل اسلام اور بالخصوص عوام اس عظیم پیغام کو بذریعہ **مَدَنی چینل** دل سے قبول فرمائیں اور جہاں تک اِن کی آواز پہنچتی ہے اس کو عام کرنے کے لیے کوشاں ہو جائیں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{215 } تلمیذ محدث اعظم پاکستان شیخ الحدیث والتفسیر سید منظور احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی دارالعلوم حنفیہ غوثیہ عارف والاضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے بارے میں کیا تاثرات دوں یہ خود ہی بَہُت مؤثر ہے، اس کے سارے ''سلسلے'' بَہُت اچھے ہیں اِنْ شَاءَ **اللّٰہُ** عَزَّوَجَلَّ ایک وقت ایسا آئے گا کہ سارے چینل بند کر کے لوگ **مَدَنی چینل** ہی دیکھیں گے اور ہمارے گھروں میں بھی مَدَنی ماحول بنے گا۔ جو لوگ **مَدَنی چینل** کے حق میں ہیں، وہ بڑے بخت ور ہیں۔ میرے دل کی دعا ہے کہ **اَللّٰہ** عزوجل مولانا الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کے اس عظیم مشن جو انہوں نے بُرائی کے مقابلے میں **مَدَنی چینل** کی صورت میں شروع کیا ہے ترقی سے نوازے اور یہ دن دگنی رات چوگنی ترقی پائے۔ میں جب بازار وغیرہ جاتا ہوں تو **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ لوگ دوسرے چینل بند کر کے **مَدَنی چینل** دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ بَہُت سارے بیمار اور ضعیف لوگوں کو **مَدَنی چینل** کی برکت سے ملتان اجتماع میں شرکت کی سعادت یوں حاصل ہوئی کہ انہوں نے گھر بیٹھ کر اجتماع میں شرکت کر لی۔ میں سوچ رہا ہوں کہ اس **مَدَنی چینل** کو ہر گھر میں کیسے رائج کروں تا کہ باقی چینل بند ہو جائیں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{216 }حضرت مولانا محمد غلام قادر نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ، خطیب جامع مسجد حنفیہ غوثیہ بھٹہ چوک بیدیاں روڈ لاہور کینٹ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے اجتماع میں شرکت کا موقع ملا۔ پہلے بھی کئی بار ملتان شریف میں اجتماع میں شرکت کے سلسلے میں حاضر ہو چکا ہوں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلِ سنّت کی بہار دیکھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے، اِس بار اجتماع میں خاص بات **مَدَنی چینل** کی آمد تھی جس کی وجہ سے اجتماع کے اندر ایک خَاص ماحول پیدا ہوا اور نہ صرف اجتماع میں شرکت کرنے والے بلکہ پوری دنیا کے لوگوں نے **مَدَنی چینل** پر اپنے آپ کو اجتماع میں حاضر سمجھا۔ خدا تعالیٰ مزید بَرَکات عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{217 }حضرت مولانا محمد اختر رضا القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئر مین ادارہ منظر اسلام (ٹرسٹ) بانی مجلسِ رضا عارف والاضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت و جماعت میں اِنتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھی جانے والی غیر متنازعہ شخصیت امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے وجودِ مسعود کی بدولت ہمیں میڈیا سے وہ فوائد حاصل ہونا شروع ہو چکے ہیں جن کا صرف تصور ہی کیا جاسکتا تھا۔

جب مذہبِ مہذب اہلسنّت و جماعت کے عقائد پر تنقید تحریری طور پر شروع ہوئی تھی تو امام عشق و محبت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس تحریک کا تحریری مقابلہ کرتے ہوئے اسے تاریکی کی وادی میں واپس دھکیل دیا تھا۔ اور جب مسلک امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ پر اعتراضات کرنے والے تحریک کی صورت اختیار کر گئے تو امیر اہلسنّت دامت

برکاتہم العالیہ نے مورچہ سنبھالا اوراپنے عمل سے اس تحریک کو دفن کیا......اور......

اب جبکہ میڈیا کے اس دور میں اہلسنّت وجماعت کو اس کی ضرورت محسوس ہورہی تھی تو اس کے لیے **اَللّٰہ** تعالیٰ نے امیر اہلسنّت کا انتخاب فرمایا اوران کے دم قدم کی برکت سے ہمارے کان **مَدَنی چینل** سے عشق و محبت سے سرشار جملے اور پیغامات سن رہے ہیں۔

اَللّٰہ تعالیٰ اپنے اس بندۂ خاص کا سایہ اہلسنّت وجماعت کے سروں پر تادیر قائم رکھے اوراس چینل کو ہر لمحہ ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{218 }حضرت مولانا مفتی عطاء محمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ انوار مدینہ منڈی حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

اِس دور میں دعوتِ اسلامی نے بگڑتے ہوئے اخلاق وکردار پر مؤمن کی بہتری کے لیے تحریراً ،تقریراً خوب کوششیں فرمائیں اوروقت کی نزاکت کو جانچتے اور بھانپتے ہوئے **مَدَنی چینل** کو بے حیائی وبے دینی کے سیلاب کے سامنے بند باندھنے کے لیے جاری کیا ہے۔ **اللّٰہ** کریم جل وعلا امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی ضیائی مدظلہ کو اس کی بہترین جزا دے۔

{219 }حضرت مولانا صاحبزادہ فیض الرسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب مہتمم مدرسہ انوار مدینہ منڈی حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

انھوں نے مفتی عطاء محمد قادری صاحب مدظلہ العالی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{220} حضرت مولانا مفتی محمد یار سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ عربیہ اصلاحیہ مفتاح العلوم چک نمبر 41 فتح پور تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ (دعوتِ اسلامی) کے صوبائی ذِمّہ دار سے **مَدَنی چینل** کے بارے میں گفتگو ہوئی ہے۔ یقیناً گمراہ کن، غیر اسلامی وغیر اخلاقی ٹی وی چینلز کی بھرمار کی روک تھام کے لیے ایسے خالص مذہبی و دینی اور بروقت اسلامی تعلیمات کو عام کرنے کا علمبردار **مَدَنی چینل** کسی بھی صورت میں مسلمانانِ عالم کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ **اَللّٰہ** کریم **مَدَنی چینل** کی ٹیم کو مکمل اخلاص و استقامت سے دینِ برحق کی اشاعت کی توفیق اور اس پر اچھا اجر عطا فرمائے اور امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کو اِس چینل کے آغاز پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ فَجَزَاہُ اللّٰہُ خَیْراً وَّ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ

سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے

سونے والو! جاگتے رہیو چوروں کی رکھوالی ہے

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{221} استاذ العلماء حافظ مفتی ابو معین محمد نظام الدین جامی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس ومفتی دار العلوم حنفیہ غوثیہ عارف والا ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

دینِ اسلام میں یوں تو بے شمار ہستیاں مخلوقِ خدا کی رُشد و ہدایت کے لیے تشریف لائیں مگر اَوراقِ تاریخ پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ جن کو **اَللّٰہ** سبحانہ وتعالٰی نے عالمگیر مقبولیت سے نوازا اور ان کے فیض کو سارے جہاں میں عام کیا، شرق وغرب میں ان کا چرچا ہوا، جن کی بارگاہ میں ظالموں کے سر جھک گئے، فاسقوں کو توفیقِ توبہ ملی، سرکش ومنکر

عاجز و مطیع ہوئے، کبیرہ گناہوں میں مبتلا نہ صرف واجب، سُنَّت، مستحب کے پابند ہوئے بلکہ مکروہ تک سے بچنے لگے ایسے عظیم المرتبت لوگ زمانہ ماضی قریب میں بہُت کم نظر آتے ہیں اور عصر حاضر میں تقریباً نایاب۔ لاکھ لاکھ شکر ہے **اَللّٰہ** عزوجل کا کہ جس نے اس دور میں اصلاحِ اُمت کا عظیم منصب اپنے ایک مقبول بندے اور اپنے محبوب صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے عاشقِ صادق شیخ طریقت امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کو عطا فرمایا۔ آپ ایک جامع شخصیت ہیں، دردِ دین سے بھرا ہوا دل رکھتے ہیں، آپ کی پُرخلوص کوششوں سے دنیا کے بیشتر ملکوں میں خوب دین کا کام ہو رہا ہے۔ ہر طرف سُنَّت کی بہاریں ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: میرا مقصد زندگی یہ ہے کہ **مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے** اور **اَللّٰہ** عزوجل کا وعدہ ہے، میرے بندے جو خواہش کریں میں پوری کرتا ہوں۔ **اَللّٰہ** تعالٰی نے آپ کی اس تمنا کو پورا کیا اور **مَدَنی چینل** کی ترکیب ہوئی۔ **مَدَنی چینل** اشاعتِ دین کا ایک مضبوط ترین ذریعہ ہے، **اَللّٰہ** تعالٰی اس **مَدَنی چینل** کو قبولِ عام فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{222} حضرت مولانا محمد غلام رسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ غوثیہ ضیاء القرآن کیرکوٹ مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی تبلیغی خدمات اور کاوشوں کو دیکھ کر دعوتِ اسلامی کے بانی، امیرِ اَہلسنّت حضرت علّامہ مولٰینا ابوبلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کے لیے دل کی اَتھاہ گہرائیوں سے دُعا نکلتی ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اِن کی عمر دراز فرمائے اور اِن کو زیادہ سے زیادہ محنت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اس دفعہ مجھے دعوتِ اسلامی کے سالانہ اجتماع ملتان شریف میں شرکت کا موقع ملا۔ وہاں کے انتظامات اور

لوگوں کی لاکھوں تعداد دیکھ کر حیران رہ گیا اور دعوتِ اسلامی کے عروج کے لیے مزید دل سے دُعائیں نکلیں۔

مَدَنی چینل دینِ اسلام کی تبلیغ کا جدید اور مؤثر ذریعہ ہے جس سے دُنیا مستفید ہو رہی ہے۔ یہ چینل دعوتِ اسلامی کی خدمات کو چار چاند لگا دے گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس طرح کے مزید اقدامات اُٹھانے کی توفیق عطا فرمائے جس سے دنیا میں اسلام کی تعلیم عام ہوتی رہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{223 }حضرت مولانا حافظ قاری غلام یٰسین فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد غلہ منڈی عارف والاضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کا مَدَنی چینل فیضانِ مدینہ میں دیکھنے کا اِتِّفاق ہوا اور مبلّغینِ دعوت اسلامی کی زبانی مختلف موضوعات پر مثلاً فیضان حدیث، فیضان اولیاء و دیگر پروگرامز کے متعلق سن کر دِلی مسرت ہوئی کہ

"دیر آید دُرست آید"

(دیر سے آئے درست آئے)

کے مصداق دعوت اسلامی کے ذمہ داران خصوصاً امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتهم العالیه کی کوششوں سے اہلسنّت کے عقائد و اعمال کی ترویج و اشاعت ہو رہی ہے خصوصاً گھروں میں ساٹھ فیصد آبادی عورتوں کی اور طبقۂ امراء جو مسجد و مدرسہ اور دینی پروگراموں سے دور رہتا تھا، ان تک **مَدَنی چینل** کا پیغام پہُنچ رہا ہے۔ تغیرِ زمانہ کے تحت بُرائی کے مقابلہ میں ایک اچھے چینل کا چلنا یقیناً دینی طبقہ اور دنیا داروں کے لیے بھی دین و دنیا کے فائدے کا باعث بنے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{224} حضرت مولانا محمد حافظ رشید ساجد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد دار السلام حنفیہ عارف آباد بلال ٹاؤن بیدیاں روڈ مرکز الاولیاء (لاہور) کینٹ، پاکستان)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے اُمت مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم پر خاص کرم کیا کہ اَیسے دور میں جب بعض لوگوں نے اِسلام کے نام پر مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کی کوششیں تیز کردی تھیں تو **دعوت اسلامی** نے قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک کے پلیٹ فارم پر نوجوانوں کو جمع کیا، محبتِ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا وہ درس دیا جو اعلٰی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نے دیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ صحرائے مدینہ سنّتوں بھرے تین روزہ بین الاقوامی اجتماع میں حاضری کی سَعادت نصیب ہوئی اور **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر دِل باغ باغ ہوگیا کہ پوری دنیا میں بانئِ دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولٰینا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کا بیان جاری ہے اور بالخصوص وہ نوجوان جو ہر وقت عریانی وفَحاشی کے چینل دیکھ کر اپنی زندگیوں کو تباہ کر چکے ہیں، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ چینل ان کی زندگیوں میں انقلاب پیدا کر کے انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا غلام بنادے گا۔ اَللّٰہ تعالٰی **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{225} استاذ العلماء حضرت مولانا غلام یٰسین پاکپتنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلٰی جماعت اہل سنت قبولہ شریف، مدرس مدرسہ حنفیہ نظامیہ عظمت الاسلام عارف والاضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

جب بھی باطل شیطان، فرعون اور فحاشی وعریانی کی صورت میں سر اٹھاتا ہے تو اس کی سرکوبی کے لیے مجدّد

الف ثانی قدّس سرّہ النورانی، پیر مہر علی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ جیسی ہستیاں بھی تائید الٰہی کی صورت میں معرض وجود میں تشریف لاتی ہیں۔ دعوت اسلامی جو کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت و جماعت ہی کی ایک اہم شاخ نے نہایت پر اثر انداز میں اَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ وَ نَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر کی اہم ذِمَّہ داری سنبھالی ہے، اس کا ایک اہم انداز اور سرگرم عمل بین العوام حصہ اور انداز اور مؤثر ذریعہ وہ **مَدَنی چینل** ہے جو دور حاضر کی ضرورت کے نہ صرف عین مطابق ہے بلکہ یہ تبلیغ و تدریس کا ایک عملی اور نظری عمل کا کامیاب ترین حصہ ہے۔ یقیناً اس ذریعہ سے بے شمار گمراہ لوگ حق راست پر آئے ہیں اور مزید آئیں گے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{226 }حضرت صاحبزادہ احمد مسعود چشتی فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ولی عہد سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ پاکپتن شریف، چیئرمین تحریک فیضان فریدیہ پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے چند احباب کی زبانی جب معلوم ہوا کہ رمضان المبارک 1429ھ سے ہماری چہیتی تحریک دعوتِ اسلامی کے اپنے **مَدَنی چینل** کا قیام عمل میں آچکا ہے تو یوں لگا جیسے اہلسنّت و جماعت کی دیرینہ خواہش پوری ہوگئی، دعوتِ اسلامی اور امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی سرپرستی میں تحریری، تبلیغی و تدریسی میدان میں پیش رفت پہلے ہی نمایاں اور قابلِ رشک ہے۔ اب اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے تجدید و احیائے دین اور فروغِ عشقِ رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا کام مزید بڑھے گا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{227 }حضرت مولانا قاری غلام حبیب قمر سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ مدینہ کیرکوٹ لاہور کینٹ، پاکستان)

آج کے پُرفِتن دور میں جہاں نفسانفسی کا عالم ہے، انسان انسان سے دُور ہے، لوگ مادیت پرستی میں اِس قدر غرق ہیں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کو بھول گئے ہیں اور جہاں نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے لیے نِت نئے طریقے اور نئے حَربے استعمال کیے جارہے ہیں اِس تاریک دور میں **دعوتِ اسلامی** جو کہ پہلے ہی مؤثر انداز سے دینِ اسلام کی تبلیغی خِدمات سَرانجام دے رہی تھی اِس نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے نوجوان نَسل کے لیے اِسلامی تعلیمات کی شمع جلا دی ہے جس سے نوجوان نسل میں اِسلام کی روشنی پھیل رہی ہے۔ جہاں نوجوان فلمیں اور ڈرامے دیکھتے تھے وہاں **مَدَنی چینل** کے ذریعے علمائے کرام کے بیانات اور مقدس مَحافل سے سرکارِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے عشق میں ڈُوبی ہوئی نعتیں سُننے کا موقع ملتا ہے۔ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کھول کر عالمِ کفر کی طرف سے ہونے والے حملوں کا بھر پور جواب دیا ہے۔ دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت کے علماء میں اتحاد اور اتفاق عطا فرما کر منظّم ہونے کی توفیق دے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو چاردانگ عالم میں سرخرو فرمائے اور اِس کے پیغام کی روشنی ہر سُو عام ہو جائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{228} حضرت مولانا محمد اسماعیل مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ اسلامیہ خطیب مسجد M سیکٹر، D.H.A مرکز الاولیاء (لاہور) پاکستان)

دورِجدید میں آلاتِ جدیدہ کو صحیح مصرف میں لانا یقیناً ایک قابلِ تحسین قدم ہے۔ **مَدَنی چینل** اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اس پُرفِتن دور میں اِصلاحِ عقائد واَعمال کے لیے جو پُرخلوص کاوشیں سَرانجام دے رہا ہے، ربِّ **مُحمَّد** صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم اسے بوسیلۂ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم اپنی بارگاہ میں شرفِ قبُولیت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{229 }حضرت مولانا حافظ غلام علی اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ،خطیب مسجد K سیکٹر D.H.A مرکز الاولیاء(لاہور))

ہنری فورڈ نے لکھا تھا کہ میڈیا کے ذریعے چند سالوں میں کسی بھی قوم کا مزاج یکسر تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ یہ تب کی بات ہے جب میڈیا اِس قدر طاقتور نہیں تھا۔ بدقسمتی سے شرکی قوتیں تو بہُت عرصے سے اس مؤثر ہتھیار کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کررہی تھیں،جس کے واضح اثرات ہمارے معاشرے پر دکھائی دے رہے ہیں۔ایسے میں شر کے مقابلے میں خیر کی شمع **مَدَنی چینل** کی آزمائشی نشریات کا آغاز کسی مژدۂ جانفزا سے کم نہیں ہے۔جس پر چینل اور دعوتِ اسلامی کی تمام قیادت لائق ہزار تحسین ہے۔یہ بات بے حد خوش آئند ہے کہ **مَدَنی چینل** ابھی تک میوزیکل وغیرہ سے پاک ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کرے کہ مستقبل میں مجبوریاں رُکاوٹ نہ بنیں۔آخر میں بارِدیگر اس کاوش پر تمام کارکنان وقیادت کو مبارکباد۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

مَدَنی چینل ''پیغامِ حق'' کو عام کرنے کا مؤثر ذریعہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! **حق و باطل** کا مقابلہ انسان کی آفرینش (پیدائش) سے جاری ہے،حضرت سیِّدُنا آدم صفی اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں ابلیس،حضرت ہابیل رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کے مقابلے میں قابیل،حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں نمرود،حضرت سیِّدُنا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں فرعون اور ہمارے پیارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

کے مقابلے میں ابولہب وابوجہل وغیرہ۔اس طرح ہر زمانہ میں باطِل مختلف اشخاص اور صورتوں میں حق سے نبرد آزما رہا ہےلیکن فتح ہمیشہ حق کو حاصل ہوئی اور باطِل کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا کیونکہ **اللہ** تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ (پ ۱۵ بنی اِسرائیل ۸۱) ﴾

امام اہلسنّت، اعلیٰ حضرت، مجدِّد دین وملّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن اپنے شہرۂ آفاق ترجمۂ قرآن کنزُ الایمان میں اس کا ترجَمہ یوں فرماتے ہیں: ''اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا۔''

ہمارا یہ دور میڈیا کا دور ہے، الیکٹرانک میڈیا افکار ونظریات پھیلانے کا بہترین ومؤثر ذریعہ ہے۔ بہُت سے لوگوں نے اپنے مخصوص نظریات ومُعتَقَدات پھیلانے کے لئے مختلف ناموں سے چینلز شروع کررکھے ہیں اور وہ اپنے گمراہ کن اور باطِل نظریات کو شب وروز پھیلا رہے ہیں اور اُمتِ مسلمہ کو گمراہ کرنے کے لئے شیطانی سازشیں کررہے ہیں۔جس کے سبب ہماری جوان نسل خاص طور پر گمراہی اور بے راہ رَوی کا شکار ہوتی جارہی ہے۔ان کی شَر انگیزیاں کسی سے ڈھکی چُھپی نہیں۔ضرورت تھی کہ **صدائے حق** کو بلند کیا جائے۔جتنی طاقت وجوش سے باطِل اپنے بازوؤں سے کائنات کی رُوح مکدر کررہا ہے۔ اِتنا ہی طاقت وقوت سے **حق کی آواز** کو بلند کرنے کی کوشش کی جائے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **''دعوتِ اسلامی''** کی **مرکزی مجلس شوریٰ** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے پوری قوم کے اِس قرض سے باحسن صورت عہدہ بَرآ ہونے کی کوشش کی ہے۔عقائدِ صحیحہ کی ترویج واشاعت کی خاطر اور قوم مسلم کو فاسد وکاسد خیالات سے محفوظ رکھنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز معاشرے کے مرض کا برمحل علاج ہے۔

مَدَنی چینل سے بہُت سے لوگوں کی غلط فہمیوں کا ازالہ ہورہا ہے اور کتنے لوگ حلقہ بگوش اِسلام ہورہے ہیں۔کتنے مسلمان غلط روی سے راہِ راست اپنا رہے ہیں۔اس کے ذریعے **اللہ** تعالیٰ کی وحدانیت کے **نُور** اور شمعِ رسالت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نورانی کرنوں سے قلوب واذہان کی دُنیا کو مُنوّر کیا جارہا ہے۔اس طرح باطِل کی پھیلائی ہوئی تاریکی **''فیضان مدینہ''** کے **نُور** سے روشن ہورہی ہے۔یہ اسلام کے عِطْر کی ایسی مَدَنی مہک ہے جو دُنیا

بھرکو مُعطّر کرنے کا سامان ہے۔اس سے حق کا بول بالا اور مسلمانوں کا منہ اُجالا ہو رہا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کَثِیر عُلَماء و شخصیّات نے **مَدَنی چینل** کے اِنقلابی اِقدام پر دعوتِ اسلامی کی **مَجلِس رابِطَہ بِالعُلَمَاء وَالمَشَائِخ** اور دیگر مُبلّغِین کے ذریعے اپنے تأثرات سے نوازا ہے جن کے مزید اقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

{230} حضرت مولانا قاری محمد خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ تعلیم القرآن، خطیب جامع مسجد زینب، فاروق کالونی والٹن، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کا قیام بہُت اچھا اقدام ہے۔ یہ ایک بہُت بڑا میدان جو تبلیغی اعتبار سے خالی چلا آ رہا تھا اس کو پُر کرنے کی عملی کوششیں کی گئیں ہیں۔ میرے خیال میں اگر ہم حالاتِ حاضرہ کے تقاضوں کے مطابق صحیح پیغام پہنچانے کی کوشش کریں تو کہیں بہترین نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{231} حضرت مولانا محمد جان چوہان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی نشرو اشاعت جماعت اہلسنّت، احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

مَدَنی چینل کی آمد سے مسلمانوں کو رہنمائی کا حصہ ملا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{232} حضرت مولانا قاری محمد اشفاق اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، النور ٹاؤن ورکشاب سٹاپ والٹن روڈ، مرکز الاولیاء (لاہور))

اَزَل سے شرارِ بولہبی، چَراغِ مصطفوی صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم سے نبرد آزما (نَ۔بَرْ۔د۔آزما) رہا ہے، خود صَفحۂ ہستی سے نیست و نابود ہو گیا مگر فیضِ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکا۔ آج اِس پُرفتن دور میں

اِسلام اور مسلمان جن ابتلاؤں اور آزمائشوں میں مبتلا ہیں اِس کا اندازہ حضور صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا ایک ادنیٰ سا غلام بھی لگا سکتا ہے۔ تاہم بطورِ مسلمان ہم سب کی ذمہ داری اور مذہبی فریضہ ہے کہ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ وَ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے، پر توجہ دیں اور عملی طور پر کاربند رہیں۔ اِس کارِ خیر اور مذہبی فریضے میں دعوتِ اسلامی نے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں۔ آج کے میڈیا کی شَر انگیزیاں کسی سے ڈھکی چُھپی نہیں۔ ضرورت تھی کہ صدائے حق کو بلند کیا جائے۔ جتنی طاقت و جوش سے باطل اپنے بازوؤں سے کائنات کی رُوح مکدّر کر رہا ہے، اتنی ہی طاقت وقوت سے ضرورت تھی کہ آوازِ حق کو بلند کیا جائے۔ ہماری دُعا ہے کہ **اَللّٰه** عَزَّوَجَل **مَدَنی چینل** اور اس کی تمام ٹیم (مجلس) کو زمانے کے طوفانوں سے محفوظ فرمائے، دنیوی واُخروی اعتبار سے کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على محمَّد

{233} حضرت مولانا محمد فضل منان قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(صوبائی دفتر تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان، مہتمم جامعہ قادریہ نوشہرہ روڈ، مردان، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

مَدَنی چینل کھولنے کی خبر سُن کر بہُت خوشی ہوئی۔ میرے نزدیک تو یہ ایک بَروقت فیصلہ ہوا اور یہ وقت کی اہم ضرورت ہے، وہ اِسکرین جس پر لوگ بے حیائی، فحاشی اور عُریانی کو عام کرتے تھے آج اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے توَسُّط سے قرآن وحدیث کو عام کیا جارہا ہے۔ لوگوں کو نیکیوں کی ترغیب اور گناہوں سے ترہیب دلائی جارہی ہے بالخصوص اہلسنّت و جماعت کے عوام کے لیے ایک سامانِ ہدایت ہے اور سب سے جو بڑی بات ہے وہ یہ کہ **دعوتِ اسلامی** کا جو فیضان محراب ومنبر یا ایک مسجد میں پھیل رہا تھا اب وہ فیضان پوری دُنیا میں بیک وقت پھیل رہا ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** کریم اِس **فیضانِ دعوتِ اسلامی** کو اور عام کرے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{234} حضرت مولانا ریاض احمد جمالوی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جنرل سیکرٹری سُنّی علماء کونسل، خطیب مرکزی جامع مسجد تاج، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

دُنیا میں نشیب وفراز آتے رہتے ہیں، کبھی اَندھیرا کبھی اُجالا، موجودہ حالات میں جب کہ ہر طرف لادِینیت کا اندھیرا ہے، اِسی اندھیرے اور ظُلمت کے غم نے ہر دردمند مسلمان کو مغموم کر رکھا ہے اور وہ خون کے آنسو بہانے پر مجبور ہے۔ان حالات میں ضرورت اس اَمر کی تھی کہ کوئی مذہبی تحریک یا مذہبی رہنما قوم کی رہنمائی کے لیے میدانِ عمل میں آتا اور عالمی سطح پر اُمتِ مُسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ ادا کرتا۔اگرچہ ہمارے عُلماء اور مَشائخ نے قوم کی اصلاح اور رہنمائی کے لیے اپنے آپ کو وقف کر رکھا ہے۔لیکن عالمی سطح پر لادینیت، فحاشی وعُریانی کا سدِ باب ناممکن نظر آتا ہے۔یہ بات عالَم اسلام کے تمام مسلمانوں کے لیے خوش آئند ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیرِ اہلسنّت عاشقِ مدینہ منوّرہ حضرت علامہ **محمد الیاس عطّار قادری** دامت فیوضہٗ نے **مَدَنی چینل** شروع کر دیا ہے، اس کے ذریعے نوجوان نسل کو اسلام و قرآن کے پیغام سے آگاہ کیا جائے گا اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی برکت سے مسلم قوم کے دِل حبِّ خدا عَزَّوَجَلَّ اور عشقِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے لبریز ہوں گے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فحاشی وعُریانی کا خاتمہ ہو سکے گا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{235} حضرت مولانا محمد رمضان نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ حنفیہ فریدیہ، بصیر پور شریف، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

حُضُور سیِّدی وسَنَدی، قبلہ محترم ومکرّم، فنافی الرَّسُول، بَرَکت العصر، غوثِ زمان، غزالیٔ دوراں، کُشتۂ عشق مصطفٰی جناب الحاج پیر ابو بلال مولانا علاّمہ **محمد الیاس عطاؔر** قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ سے گزارش یہ ہے کہ آپ نے اصلاحِ اُمّت کے لیے تحریراً تقریراً جو مشن بھی اپنایا، خوب اپنایا اور خوب نبھایا حتّٰی کہ **مَدَنی چینل** کا تحفۂ عظیمہ بھی اس اُمّت کو آپ کی برکتوں سے نصیب ہوا۔ آپ مُدَّظِلُّہ کی تمام دینی خدمات پر **اللّٰہ کَرِیم** جلّ جلالہٗ اپنی بارگاہ سے ضرور بالضرور آپ کو اَجرِ عظیم سے نوازے گا۔ آپ کے چینل کا نام بھی نرالا ہے، کام بھی نرالا۔ بلامُبالغہ یہ واحد خالص دِینی و مذہبی چینل ہے جو ''**نام نہاد**'' اِسلامی چینلز پر یقیناً سبقت لے گیا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا مستقبل روشن ہے اس کو بند کرنا بلاشُبہ ہماری قوم سے ناانصافی ہوگی، علمی معلومات سے محرومی ہوگی۔ اس کا چلنا ہی میرے لجپال آقا صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبوب اُمت کے حق میں محبوب ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{236} حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئر مین شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی، پاکستان)

دورِ حاضر میں الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت کسی تعارُف کی محتاج نہیں۔ آج عالمیت کا چرچا عام ہے۔ پوری دنیا سِمٹ کر ایک قریہ کی حیثیت حاصل کر چکی ہے۔ وہ حقائق جو کل تک ماوراء الطبیعہ کہلاتے تھے آج کافی حد تک قابلِ فہم ہو چکے ہیں۔ چند سالوں سے عقلِ انسانی کی تکمیل میں اِنتہائی تیزی آ چکی ہے۔

اِلٰی رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾ (پ ۳۰ النّٰزِعٰت ۴۴)

ترجَمۂ کنزالایمان: تمہارے ربّ ہی تک اس کی اِنتہا ہے۔

کا منظر نُمایاں ہو چکا ہے۔ مذاہبِ عالم اور دُنیا کی مختلف تہذیبوں کے درمیان مُکالمہ کا دور شروع ہو چکا ہے۔ اِسلام کی

حقّانیت مذاہبِ عالم کے لیے کشش کا باعِث ہے۔ سائنس بھی قرآنی حقائق کو تسلیم کرتی نظر آتی ہے۔ کائنات کی مسلسل توسیع { وَ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ (پ۲۷ الذریات ۴۷) ترجمۂ کنزالایمان : اور بے شک ہم وسعت دینے والے ہیں }اور تمام اَجرام فلکی کی حرکت { كُلٌّ يَّجْرِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى (پ۲۱ لقمان ۲۹) ترجمۂ کنزالایمان : ہر ایک ایک مقرر میعاد تک چلتا ہے } وغیرہ ایسے مسائل ہیں جنہیں آج سائنسدان تسلیم کر چکے ہیں اور DNA کی ہر تحقیق کے بعد ایک عظیم قوت تخلیق کی کارفرمائی کا اعتراف بھی کر چکے ہیں۔ آج تیز رفتار دنیا کے ساتھ چلنے کے لیے ضروری ہے کہ اُمّتِ مسلمہ اپنے دعوتی و تبلیغی پروگرام کو ازسرِ نو مذاہبِ عالم کے سامنے پیش کرے۔ مجھے **مَدَنی چینل** دیکھ کر ازحد خوشی و مُسرت ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** کے قائدین نے وقت کی ضرورت کو سمجھتے ہوئے میڈیا کے میدان میں قدم رکھا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس سَعی مشکور کو قبول فرمائے اور سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے ہمارے نیک اعمال کو قبول فرمائے۔ اس کارِ خیر پر تمام مَدَنی بھائیوں کو میری طرف سے مُبارکباد۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{237 }حضرت مولانا صاحبزادہ محمد مقصود سعید عباسی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانیہ عالیہ دھار شریف کھول عباسیاں باغ آزاد کشمیر/ جامع مسجد الرحمٰن ٹاؤن کالج روڈ پنجاب سوسائٹی شپ مرکز الاولیاء (لاہور))

آج کے اس پُرفِتَن و بدعقیدگی کے دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز یقیناً **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے حبیب رسُول محمد مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا اِنعام وعطیّہ ہے۔ جس پر دربارِ عالیہ دھار شریف باغ آزاد کشمیر کی طرف سے اس چینل کے آغاز کرنے والے احباب اور عظیم روحانی و علمی قیادت ہواؤں کا رُخ بدلنے والے مولانا محمد الیاس قادری مُدَّظِلُّہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے عمرِ خضری کی دُعا دیتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{238 }حضرت مولانا رضائے مصطفٰی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ رسولیہ شیرازیہ، مرکز الاولیاء لاہور)

فی زمانہ میڈیا کے ذریعہ سے نوجوان نسل کے اَخلاق کو تباہ کرنے کی اِنتہائی مذموم کوششیں جاری ہیں۔ ایسے میں مثبت کوشش کی اِنتہائی ضرورت تھی۔ مغربی طوفانِ بدتمیزی کا مُنہ موڑنا خاصا مشکل ہے۔ ایسے میں شیطانی یلغار کو روکنے کا فریضہ دِین سے محبت اور دَرد رکھنے والے حضرات پر عائد ہوتا ہے۔ توقع ہے کہ **مَدَنی چینل** سے دِین کی دعوت اور مسلکِ اہلسنّت و جماعت کی اِشاعت کا پیغام عوام تک پُہنچے گا۔ **دعوتِ اسلامی** کی خوش بختی ہے کہ عالم باعمل عالمی مُبلّغ اسلام بانیٔ **دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلسنّت حضرت علاّمہ مولیٰنا **محمد الیاس عطّار** قادری دامت برکاتہم العالیہ کی زیرِ قیادت سُنّتوں کے فیضان کا یہ قافلہ اپنی منزل کی طرف رَواں دَواں ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{239 }حضرت مولانا غلام شبیر سکندری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رشیدیہ درگاہ شریف حضرت پیر صاحب بارگاہِ پیر جوگوٹھ، ضلع خیر پور میرس، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ سن کر بَہُت خوشی ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک ٹی وی چینل کھولا۔ اس عریانی اور فحاشی کے دور میں ایک ایسے چینل کی بَہُت شدّت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو خالص اِسلامی معاشرہ متعارف کراسکے۔ قوی اُمید ہے کہ **مَدَنی چینل** اس ضرورت کو پورا کرے گا اور اہلِ اسلام کو ایک مُصلح چینل ملے گا۔ جس سے اپنے معاشرے کی اصلاح میں مدد ملے گی۔ اِنْ شَاءَ **اللّٰہُ** عَزَّوَجَلَّ

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{240} حضرت مولانا بدرالزمان قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ ہجویریہ، داتا دربار، مرکز الاولیاء لاہور)

موجودہ دور پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے۔ عَصْرِ حاضر میں مخلوق خُدا تک پیغام رَسانی کا نہایت مؤثر ذریعہ بھی یہی ہے۔ اِسلامی نظریات واَفکار پر اپنوں اور بیگانوں کی یلغار سے کون بے خبر ہے بالخصوص شانِ رسالت پر جورکیک حملے ہورہے ہیں اِس سے بھی ہر ذِی شعور مسلمان آگاہ ہے کہ کس طرح سادہ لوح اذہان کو گمراہی کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ دِفاع کی زیادہ ضرورت بھی اِسی محاذ پر ہوتی ہے۔ اَلْحَمْدُللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** موجودہ چینلز کی یلغار کی روک تھام کے لیے مؤثر اور گرانقدر اضافہ ہے۔ اگرچہ یہ کام بہُت پہلے ہوجانا چاہیے تھا تاہم ''دیر آید دُرست آید'' کے مِصداق ہے۔ **مَدَنی چینل** نے بہُت جلد عوام کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی ہے۔ یقیناً یہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جلد اپنے مطلوبہ اَہداف کو حاصل کرلے گا اور عوام النّاس کے سیرت وکردار میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ اس میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{241} حضرت مولانا سیِّد عاکِف قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد مکی نورانی، ٹاؤن شپ، ماڈل ٹاؤن، مرکز الاولیاء (لاہور))

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ ایک خوشی کی بات ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے زیرِ انتظام **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک چینل کا آغاز ہوچکا ہے۔ آج کے اس ایڈوانس دور میں الیکٹرانک میڈیا کا چرچا ہے اور یقیناً اس کے

ذریعے آپ اپنی بات ایک ہی وقت میں پوری دُنیا میں بآسانی پہنچاسکتے ہیں۔ایسے وقت میں **مَدَنی چینل** کا آنا بہُت ہی خوشگوار اضافہ ہے۔آج بذریعہ میڈیا(T.V) بہُت سی شیطانی باتیں ہمارے گھروں میں گھس رہی ہیں۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب اس رحمانی چینل بنام **مَدَنی چینل** سے گھروں کوسنوارنے اوردین کا پیغام پہُنچانے میں بہُت مدد ملے گی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{242} حضرت مولانا محمد دِلدار حسین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد ربّانی، مدرس دارالعلوم غوثیہ رضویہ سعیدیہ،قلعہ چوک باب الاسلام حیدرآباد، پاکستان)

مَیں نے جب پہلی مرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھا تو نہایت ہی خوشی ہوئی کہ اس چینل میں صرف اورصرف اِسلامی بھائی مردحضرات کا عمل دخل ہے،کسی عورت کواس میں آنے کی اجازت نہیں اورزیادہ خوشی اس بات پر بھی ہوئی کہ **مَدَنی چینل** کوگھرمیں سارے گھر والے ابّو،امّی،بہن، بھائی ایک ساتھ بیٹھ کر دیکھ سکتے ہیں۔کسی بھی قسم کی غیرشرعی بات نہیں ہے۔اِس طرح ہمارا معاشرہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہتر ہوگااور **مَدَنی چینل** توکسی قسم کے تعارف کامحتاج نہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{243} حضرت مولانا محمد اسد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ غوثیہ رضویہ سعدیہ، جامع مسجد مہاجرین پریٹ آباد،حیدرآباد باب الاسلام سندھ، پاکستان)

بندۂ ناچیز کوکبھی **مَدَنی چینل** جو **دعوتِ اسلامی** کے زیرِ اہتمام وزیرِ نگرانی شروع کیا گیاہے،

دیکھنے کا اِتّفاق نہیں ہوا لیکن بعض ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اس ٹی وی چینل پر صرف اورصرف اِسلامی ، مذہبی، تبلیغی اور اِصلاحی پروگرام بذریعہ مذہبی لوگوں اور خُصُوصاً مردوں کے ذریعے نشر کئے جاتے ہیں اوران میں غیراخلاقی اور غیراسلامی کوئی بات نہیں ہوتی تو یہ بَہُت اچھی بات ہے، اگراسی طرح سے سلسلہ قائم رہااور اِس میں عورتوں کا کوئی دخل نہ ہوا تو یہ ضرور اچھی بات ہے، مذہبی اوراصلاحی کاموں کے لیے جائز ذرائع جوبھی استعمال کئے جائیں صحیح اور قابلِ تعریف ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم تمام مسلمانوں کودینِ متین کی تبلیغ اورلوگوں کی ہرممکن اِصلاح کی توفیق عنایت فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{244} حضرت مولانا سردار احمد حسن سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابق رکن شعبہ تحقیق رضافاؤنڈیشن مرکزالاولیاء(لاہور)،حال مدرس جامعہ رضویہ ضیاءالقرآن،راولپنڈی، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے مجھے اس چینل کو دیکھنے کا موقع ملا ہے، مَیں سمجھتا ہوں کہ فحاشی وعریانی کے اس دور میں **مَدَنی چینل** ایک نئی اُمید بن کر سامنے آیا ہے۔ مسلم نوجوان اس چینل میں تلاوتِ قرآنِ مجید،نعتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ،اِصلاحی تقریریں اوروعظ سُن کر عملِ صالح کی طرف آرہے ہیں اور بَہُت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب پوری دُنیا میں اہلسنّت و جماعت کے عقائد حقّہ اور اِسلام کی صحیح ترین تصویر لوگوں کے سامنے آنا شُروع ہوجائے گی اورانہیں معلوم ہوجائے گا کہ اِسلام امن وسلامتی اورمحبت کا دِین ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{245} حضرت مولانا محمد اِسحاق چشتی گولڑوی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سر پرستِ اعلیٰ جماعتِ اہلسنّت بٹار پور، خطیب اعظم بہاولپور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

موجودہ دور میں اہلِ اسلام تک مؤثر انداز اور مؤثر ذریعے سے اسلام کا پیغام پہنچانے کی اَشد ضرورت تھی اور اس دور میں تحریک **دعوتِ اسلامی** نے اس ضرورت کو پورا کر دیا اور **مدنی چینل** کا آغاز کر کے اصلاح معاشرہ کا بیڑا اُٹھایا ہے۔ خدا کرے **مدنی چینل** کے ذریعے عوام النّاس کے سینے عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مدینے بن جائیں اور **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُگنی رات چُوگنی کامیابی نصیب ہو۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{246} حضرت مولانا مفتی محمد طاہر خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دار العلوم جامعہ انوار مدینہ، گاؤں پوٹھہ، تحصیل وضلع مَدَنی صحراء (مانسہرہ) خیبر پختونخواہ، پاکستان)

قرآن کریم میں اپنی اِستطاعت کے مطابق دِین اسلام کا دِفاع کرنے کا حکم دیا گیا ہے:

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ **ترجمۂ کنزالایمان**: اور ان کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے۔ (پ۱۰ الانفال ۶۰)

دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** اسی حکم کے تعمیل کی ایک صورت ہے یقیناً جب تک اینٹ کا جواب پتھر سے نہیں دیا جائے گا اُس وقت تک اسلام کا دِفاع اور اس کی ترویج واِشاعت ناممکن ہے۔

فخر ہے مجھے اِن جوانوں پر جو سِتاروں پہ ڈالتے ہیں کمند

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{247} حضرت مولانا محمد یونس مَدَنی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، جامعہ اسلامیہ، مدرس شعبہ درسِ نظامی، H-4 واپڈا ٹاؤن، مرکز الاولیاء (لاہور))

موجودہ دور میں جہاں دشمنانِ اسلام وخُصُوصاً دشمنانِ آقا علیہ الصَّلوۃ والسَّلام بارگاہِ رِسالت مآب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی عظمت وشان کو کم کرنے میں سرگرم عمل ہیں۔ روپے پیسے کی یلغار پر عظمتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کو غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے سینوں سے نکالنے کی سَر توڑ ناپاک جسارت کررہے ہیں۔ لہٰذا اس موجودہ دور میں پوری دُنیا میں مقامِ مُصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے تحَفُّظ کا فریضہ سَرانجام دینا ایمان کا تقاضا ہے اور مسلمان ہونے کی نشانی ہے۔

مَیں سمجھتا ہوں کہ موجودہ دور میں **مَدَنی چینل** جو کہ بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اہلسنّت پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، علم ومعرفت کے نیّرِ تابان، عالمِ باعمل حضرت علامہ **محمد الیاس عطّار** قادری دامت برکاتھم العالیہ کی زیرِ سیادت وزیرِ قیادت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی نعمتِ عظمٰی ہے کہ جس کے ذریعے آقا علیہ الصَّلوۃ والسَّلام کے عشق کے دریا بہائے جارہے ہیں اور باغِ عالَم جس کی پُر کیف خوشبو سے مُعطّر ہورہا ہے۔ **مَدَنی چینل** موجودہ دور میں نبی پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے دین کو عام کرنے کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ دعوتِ اسلامی کو عُمرِ خضر اور **مَدَنی چینل** کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ اٰمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{248} حضرت مولانا محمد شہزاد قادری ترابی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ایڈیٹر ماہنامہ ''تحفظ'' مکتبہ فیضان اشرف نزد شہید مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی)

صلوٰۃ وسُنَّت کی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** ہر شعبے میں دِین کی خدمت انجام دے رہی ہے۔ سالہا سال کی پلاننگ کے بعد امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت علاّمہ مولانا **محمد الیاس عطّار** قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی وِیڈیو سی ڈیز کا اجرا

کیا گیا جو کہ عوام اہلسنّت میں بہُت مقبول ہوئیں اور لاتعداد لوگوں نے اسے خرید کر پوری دُنیا میں پہنچایا۔ ویڈیو سی ڈیز کی کامیابی کے بعد **دعوتِ اسلامی** کی مجلس شوریٰ نے جدید دور کی ضروریات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے محققین کی تحقیق کے بعد **مَدَنی چینل** کا ماہ ستمبر 2008ء میں آغاز کیا، جس کے بعد **دعوتِ اسلامی** کا کام دُنیا میں کھل کر سامنے آ گیا۔ رَفتہ رَفتہ **مَدَنی چینل** ترقی کی منازل طے کررہا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ چینل بہتر سے بہتر ہوتا جائے گا اور کافی تبدیلیوں کے اِمکانات ہیں۔ **مَدَنی چینل** وہ واحد مذہبی چینل ہے جو نہ تو میوزک پیش کرتا ہے اور نہ ہی لڑکیوں کی تصاویر نشر کرتا ہے۔ صرف اور صرف اِصلاحی پیغامات کو عام کرنا اپنی اور پوری اُمت کے لوگوں کی اِصلاح کرنا اس چینل کا اوّلین مقصد ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{249} حضرت مولانا مفتی محمد زمان ایازی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد، مدرس جامعہ فاروقیہ رضویہ، علامہ اقبال ٹاؤن E-2 واپڈا ٹاؤن، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس پُر فِتَن دور میں جب ہر طرف بے حیائی وعریانی اور فحاشی کا جال میڈیا کے ذریعے پھیلایا جارہا ہے۔ اس میں غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی جانب سے **مَدَنی چینل** کی نشریات اُمتِ مسلمہ پر بہُت بڑا احسان ہے کہ اسلامی **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگوں کو دینِ اسلام کی طرف راغِب کیا جارہا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اسے قائم ودائم رکھے۔ اٰمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{250} حضرت مولانا مفتی ممتاز الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مسجد بلال بستی مہاراں، مظفر گڑھ، پاکستان)

اس بات میں کوئی شُبہ نہیں ہے کہ **دعوتِ اِسلامی** قرآن وسُنَّت کی ایک عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے جس کے حسین ترین مقاصد ہیں۔ جُملہ مقاصد میں سے ایک اہم مقصد **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر** ہے یعنی نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔ اسی مقصد کے مرہونِ مِنّت **دعوتِ اسلامی** کئی گمراہ لوگوں کو راہِ راست پر لائی ہے۔ بے شُمار بے نمازی، نماز کے عادی بن چکے ہیں اور لاکھوں چہروں پر ہمارے پیارے نبی حضرت **محمد مصطفٰے** صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پیاری سُنَّت نظر آ رہی ہے۔ ہم **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور اس کے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلہ سے دُعا گو ہیں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور امیرِ اہلسنّت مولانا **محمد اِلیاس عطّاؔر قادری** مدظلہ العالی کی عمر میں برکتیں عطا فرمائے اور ہم سب کو اُن کا مُطیع بن کر دِین اسلام کی سربلندی کے لئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{251} حضرت مولانا محمد حنیف قادری صاحب مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ فتحیہ ماڑی انڈس، ضلع میانوالی، پاکستان)

بانی دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّاؔر** قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کی مُبارک خدمتِ اقدس میں ہدایا تبریک۔

(۱) ٹیلی فون پر دِینی مسائل اور فتاویٰ کے جوابات دینے کا اِنتظام کرنے، (۲) مسائلِ جدیدہ کے شرعی حل کے لیے عُلمائے کرام کا شرعی تحقیقی بورڈ قائم کرنے، (۳) جدید نشری آلات اور میڈیا کے ذریعے **دعوتِ اسلامی** تبلیغِ دین، اِشاعتِ اِسلام اور مذہب حقّہ اہلسنّت اور خصوصاً مسلک مجدّد دِین ومِلّت مجدّد مأیتہ حاضرہ مولانا شاہ امام

احمد رضا خان رضی اللہ تعالٰی عنہ کے فروغ کے لیے **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر مبارکباد۔ جس طرح کیمیا مس خام کو کندن بنا دیتا ہے بعینہٖ اِسی طرح للّٰہیت اور خُلُوص اعمال کو کمال کے اعلیٰ درجہ پر پہُنچا دیتا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِشاعت اِسلام اور تبلیغِ دین کے لیے **مَدَنی چینل** اپنی بے پناہ افادیت اور بہُت ہی زیادہ مقبولیت کی وجہ سے بارگاہِ ربُّ العزّت جَلَّ وعَلا اور اِس کے مَدَنی محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پاک بارگاہ میں قبولیت کا شرف حاصل کر کے جاری کرنے والے اور اس کے اجراء میں تعاون کرنے والوں کے لیے دِینی اور دُنیوی بیش بہا فوائد کا سبب بنے گا اور خُصُوصاً اُخروی نجات کا ذریعہ بنے گا۔ **اللّٰہ تبارَک و تعَالیٰ** ان کے اس کارِخیرِ کثیر میں مَدَنی محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ و وسیلہ سے بَرَکات عطا فرمائے اور **دعوتِ اِسلامی** کو دِن گیارہویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{252} حضرت مولانا مرزا آصف محمود مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ڈیرہ نواب صاحب چھاؤنی، تحصیل احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

مِری مَشّاطگی کی کیا ضرورت ہے حُسنِ معنی کو
فطرت خود بخود کرتی ہے لالہ کی حِنا بندی

اَلْحَمْدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ دُنیائے اِسلام کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** کی تبلیغِ قرآن وسُنَّت کے سلسلے میں خدمات قابلِ تحسین ہیں اس تحریک نے ماضی میں ہر سطح پر قرآنی تعلیمات کی تبلیغ اور سُنَّتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کی ترویج میں اہم کردار ادا کیا ہے اپنے تبلیغی مِشن کو جاری رکھتے ہوئے کُتب و رِسائل کے ساتھ ساتھ **مَدَنی قافلوں** کی صُورت میں عملی طور پر بھی تمام اِنسانوں کے قلوب واَذہان کو دینِ اِسلام کی صحیح سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

آج کے الیکٹرونک میڈیا کے دور میں جہاں ہم دیکھتے ہیں کہ عُریانی وفحاشی کا ایک طوفانِ بدتمیزی برپا ہے جو ہماری نئی نسل کی اخلاقی تباہی کا باعث بن رہا ہے۔ایسے میں **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کا قیام ایک عُمدہ قدم ہے، تاکہ اِسلام کا پیغام دُنیا کے گوشے گوشے میں پہُنچایا جاسکے اور نئی نسل کو اس بے راہ روی سے بچایا جاسکے اور اس سلسلے میں **مَدَنی چینل** کا کردار قابلِ تحسین ہے۔مَیں مَدَنی ٹیلی ویژن کی ساری ٹیم، اس میں کام کرنے والے تمام علماء ومشائخ، تکنیکی ماہرین وبالخصوص اَمیرِ اہلسنّت حُضُور قبلہَ عالم جناب **محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ کا دِل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں جن کی شبانہ روز کوششوں کے طُفَیل یہ ممکن ہوا کہ آج مَیں اپنی فیملی کے ساتھ مِل بیٹھ کر ایک ایسے چینل کو دیکھ سکتا ہوں جو میری فیملی کی دِینی، دُنیَوی اور اَخلاقی تربیت میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے کیونکہ اس میں پیش کئے جانے والے پروگرام بہُت عُمدہ، معیاری اور معلوماتی ہیں جو تعلیم وتربیت اور تبلیغِ دین کے حوالے سے بہُت مؤثر ہیں جن سے یقیناً ایک مَدَنی سوچ پیدا ہونے میں مدد ملے گی اور ایک حقیقی اسلامی معاشرے کا وُجُود عمل میں آئے گا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{253} حضرت مولانا محمد عثمان خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مُدرس شعبہ درس نظامی سُنی حنفی دارالعلوم رجسٹرڈ، عباس پور، جموں وکشمیر)

اس دور میں میڈیا کا کردار سب کے سامنے ہے۔یہی ایک ذریعہ ہے جس کی بدولت فردِ واحد اپنے عقائد کا اِظہار ساری دُنیا کے سامنے رکھ سکتا ہے۔بدقسمتی سے ہم اس اہم ذریعے کو استعمال کرکے اپنے عقائد جن کے حق ہونے میں بال برابر بھی شک نہیں عوام بلکہ ساری دُنیا تک نہ پہنچاسکے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب **مَدَنی چینل** نے وہ تمام کمی پوری کردی ہے اور جو خُصُوصیت **مَدَنی چینل** کو حاصل ہے وہ کسی کے حصّے میں نہیں آئی۔مَیں دُعا

کرتا ہوں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے اس چینل کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور بانیٔ **دعوتِ اسلامی** امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** صاحب کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے جن کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے اپنے دِین کی خدمت کے لیے چُن لیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{254} حضرت مولانا نواز کوکب صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، جی۔۳ واپڈا ٹاؤن، مرکز الاولیاء (لاہور))

دعوتِ اسلامی نے اس گئے گزرے دور میں **مَدَنی چینل** شروع کر کے قوم کی رہنمائی فرمائی ہے۔ اس سال **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی پروگرام (اجتماع) لوگوں نے بڑی محبت سے دیکھا اور سُنا کافی گمراہوں کو سیدھا راستہ نصیب ہوا۔ میری ایک دردمندانہ اِلتماس ہے جس طرح یہ بڑا اہم کارنامہ **دعوتِ اسلامی** نے سرانجام دیا اس طرح معلوماتی پروگرام فقہی مسائل پر بھی اَحسن طریقے سے روشنی ڈالی جائے تو مزید نوجوان نسل کو ایک بہترین راستہ مل جائے گا اور لوگوں کے عقائد مزید دُرست ہو جائیں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{255} حضرت مولانا محمد اختر القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد الرزاق، مدرس رُکن الاسلام، رحمان ٹاؤن، باب الاسلام حیدر آباد، پاکستان)

جب مَیں نے پہلی مرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھا بڑا متاثر ہوا اور خوشی ہوئی۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت صاحب کے اِس مِشن کو قبول فرما کر مرتبۂ عروجیت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{256} جگر گوشہ خلیفہ مفتیِ اعظم ہند صاحبزادہ محمد عتیق الرحمٰن فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ نقشبندیہ فیض آباد شریف مَدَنی صحراء (مانسہرہ)، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لله عَزَّوَجَلَّ یہ سُن کر دیکھ کر خوشی کی اِنتہا نہ رہی کہ مسلکِ اہلسنّت کی اِشاعت وترویج کے لیے بانیٔ دعوتِ اسلامی، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب نے جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا، جس کے ذریعے پیغامِ اہلسنّت بآسانی عوام وخواصِ اہلسنّت تک پہنچ سکتا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{257} حضرت مولانا قاری سجاد احمد فیضی عظیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ فیضیہ رضویہ فیض الاسلام دربار فیضیہ چشتیہ، محلّہ قریش آباد، احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

مَدَنی چینل نے مسلمانوں کو قرآن وسُنَّت کی طرف مائل کر دیا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{ } حضرت صاحبزادہ مولانا بشیر احمد جمالوی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مقبول آباد، بھاڑ پور، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

آج پوری دُنیا میں فَحاشی وعُریانی کی تحریک زوروں پر ہے، مزید نوجوان نسل کو تباہ کرنے کے لیے نِت نئے انداز میں لادینی تحریکیں سرگرمِ عمل ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ نیکی اور بدی، خیر اور شر دنیا بننے سے لے کر قیامت تک

برسرِ پیکار رہیں گے اور روزِ اَزَل سے لے کر آج تک نیکی کی قوت اور بُرائی کی قوت باہم دست و گریبان ہے لیکن آخرکار فتح اور غلبہ حق کو ہی نصیب ہوتا ہے۔ اس دور میں اگر چہ لادین اَفراد ہر محاذ پر اسلام اور پیغمبرِ اسلام صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے خلاف ہَرزہ سرائی میں مشغول ہیں۔ ان کے مقابلے کے لئے عُلَماء و مَشائخ میدانِ عمل میں ہیں اور ان کی خدمات قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہیں اور خاص کر **دعوتِ اسلامی** کی تحریک نے جو اُمت کے دِلوں میں اِسلام کی شَمع فَرُوزاں کی ہے یہ اِنہی کا خاصہ ہے اور اب تو **مَدَنی چینل** کے ذَریعے مزید اُمت کو دِین کے قریب لانے میں مدد ملے گی اور فَحاشی وعُریانی کا کافی حَد تک سَدِّ باب ہوجائے گا۔ خداوند تعالیٰ اِس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{259} شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ غوثیہ معینیہ بیرون یکہ توت، پشاور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اِسلام وسیع الجہات مذہب ہے، زندگی کے ہر شعبہ میں اپنے عوام کی تعلیم اور تربیت کے حوالے سے تاریخ کے ہر دور میں اِس نے تبلیغ کی اہمیت بتائی ہے اور تبلیغِ اسلام کا یہ فریضہ درحقیقت صلحائے اُمت کی قیادت میں مسلم اسٹیٹ (ریاست) کی سرپرستی میں انجام پذیر ہونا چاہیے جیسا عہدِ نُبُوَّت میں اور اُس کے بعد خُلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے دور میں ہوتا رہا ہے۔ گردشِ ایّام کے نتیجہ میں خلافت راشدہ کے بعد سے لے کر اب تک (سوائے چند اَدوار کے) اِسلامی حکومت علیٰ منہاج النُّبوۃ کا وُجُود نہ ہونے کی وجہ سے اُمتِ مسلمہ اضطراری حالت میں ہے جس کے نتیجہ میں طوائف المذہبی کا دور دورہ ہے۔ معروضی حالات کی اس تاریکی میں اگر کچھ صُلحاءِ اُمت دعوت و تبلیغ کے لیے کمر بستہ نہ ہوجائیں تو پھر اِسلام کے بچے کُھچے شعائر بھی ختم ہوجانے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ جس سے اُمت کو

بچانے کے لیے ربّ کریم عَزَّوَجَلَّ نے تاریخ کے ہر دور میں کچھ صُلحائے اُمت کو اس منصب کے لیے منتخب فرمایا ہے۔ جِن کی تبلیغی کاوشوں کے نتیجے میں شَعَائِرُ اللہ، حُدُوْدُ اللہ اورشرعی اَحکام کا تعارُف و پہچان ممکن ہورہی ہے، میری فہم کے مطابق مولانا **محمد الیاس عطّار** اور اُن کے رُفقاء کار بھی اِس بامقصد جماعت کے زمرہ میں شُمار ہوتے ہیں کہ اُن کی تبلیغی کاوشوں کے نتیجہ میں کتنے کج کلاہوں کو صراطِ مستقیم کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ کتنے بے اعتدالوں کو توفیق اعتدال میسّر ہوتی ہے۔اور کتنے مغلوب النّفس غافلین کو خوابِ غفلت سے نکال کر شاہراہِ ہدایت پر لگایا جاتا ہے۔ مجھے یہ سُن کر ازحد مسرت ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا کر کے وقت کی اہم ترین ضرورت کو پُورا کیا ہے۔ اہلِ دانش جانتے ہیں کہ موجودہ دور میڈیا کی آواز کا دور ہے جس نے تبلیغِ اسلام کو آسان کر دیا، جس کے نتیجہ میں ایک مُبلّغ ایک ملک کے، ایک شہر کے ایک کمرہ میں بیٹھ کر تبلیغِ اِسلام کی آوازِ حق دُنیا بھر کے لوگوں تک پہُنچا سکتا ہے۔ ہر مُلک ، ہر شہر اور ہر طبقۂ فکر کے مسلمانوں کو مَدَنی مہک سے مُعطّر کرسکتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار** نے تبلیغِ اِسلام کے حوالہ سے مَدَنی عِطْر کی مہک سے پُوری دُنیا کو مُعطّر کرنے کا سامان کردیا ہے۔ مَیں اگر اس **مَدَنی چینل** کو مَدَنی مہک سے تعبیر کروں تو بے محل نہ ہوگا۔ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا مژدہ سُنا کر جُملہ عالم اسلام میں مُسرّتیں بانٹ دیں۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ، فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ خَیْرًا، ہم حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار** کو **مَدَنی چینل** کے اجرا پر مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ اُن کے تعمیری ذہن اور مثبت کردار کے پیشِ نظر اُن سے یہی توقع رکھتے ہیں کہ اس چینل سے نشر ہونے والی نشریات کو بھی عالمی تقاضوں کے مطابق بنائیں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{260} حضرت مولانا مشتاق احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم چشتیہ رضویہ، پہاڑ پور، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے جو **مَدَنی چینل** جاری کیا ہے اس سے ہر خاص و عام سُنّی کو فائدہ ملے گا کیونکہ یہ پروگرام اسلامی ہوں گے اور خاص کر اہلسنّت و جماعت کے مسلک کی ترویج ہوگی، اہلسنّت و جماعت کا پیغام پُوری دُنیا میں عام ہوگا اور عوام اہلسنّت کی اِصلاح ہوگی کیونکہ یہ ایک اِصلاحی پروگرام ہی نشر کرے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{261} حضرت مولانا غلام یٰسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(محلّہ کمہارانی گدائی، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** سے عالَمِ اِسلام بلکہ پوری دنیا کو فائدہ ہوگا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{262} حضرت مولانا پروفیسر راؤ ارتضٰی حسین اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر شعبہ علوم اِسلامیہ، گورنمنٹ کالج ٹاؤن، شپ مرکز الاولیاء (لاہور))

مَدَنی چینل کے آن ایئر ہونے سے ناظرین کو ایک مکمل اسلامی ماحول دیکھنے کو ملا ہے۔ اِس سے اسلامی تشخُّص نمایاں ہوگا۔ اُمید ہے یہ چینل اپنے اس سُنّتوں بھرے ماحول کو قائم رکھے گا۔ اس چینل سے خالصتاً مذہبی اسلامی ماحول میسر ہوا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو نظرِ بد سے محفوظ فرمائے اور دینِ حق کی خدمت کرنے کے لئے مزید بہتری لانے کی توفیق عطا فرمائے۔ مَیں **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ کو دِلی مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{263 }حضرت مولانا مفتی محمد ضیاءاللہ نُورانی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد دربارِحضرت باباشاہ جمال، مدرس جامعہ شہابیہ، اچھرہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** قدامت وَاجِبہ اور جدّت مُباحہ دونوں کاحَسین اِمتزاج ہے اِسی وجہ سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ الْعَزِیْز یہ دُنیامیں دین اسلام کی ترویج واِشاعت کا فریضہ باحسن انجام دے گا۔**مَدَنی چینل** کا اَندازِتبلیغ اِنتہائی پُراَثر ہے اِس کی وجہ سے گھروں میں اسلامی ماحول بڑی تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{264 }حضرت مولانا عمر فاروق احمد صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صوبائی ناظم تنظیم المدارس، چیف آرگنائز جماعت اہلسنّت، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھ کر بہُت خوشی ہوئی۔ اِتنی خوشی کہ الفاظ بیان کرنے سے اورقلم وقرطاس محفوظ کرنے سے عاجز ہیں۔یقیناًیہ چینل روح کوتقویت اورقلب کوسُکون دینے والاچینل ہے۔آج کے اِس حیاباختہ دورمیں مَدَنی آقا صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلِہٖ وسلَّم کےعِشق ومحبت کوفروغ دینے والا اورسینوں کومرکزِعشقِ رِسالت صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلِہٖ وسلَّم بنانے والا یہ چینل وقت کی بہُت اہم ضرورت تھی۔جس کونبّاضُ العصرامیرِاہلسنّت حضرت علامہ محمد اِلیاس قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے پورافرمایا، **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس کوجاری وساری رکھے۔اٰمین بجاہ النبی الکریم الامین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلِہٖ وسلَّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{265 }حضرت مولانا مشتاق احمد صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم چشتیہ رضویہ، پہاڑ پور، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے جو **مَدَنی چینل** جاری کیا ہے اس سے ہر خاص وعام سُنّی کو فائدہ ملے گا کیونکہ یہ پروگرام اسلامی ہوں گے اور خاص کر اہلسنّت وجماعت کی ترویج ہوگی اور اہلسنّت وجماعت کا پیغام پوری دُنیا میں عام ہوگا اور عوامِ اہلِ سُنَّت کی اِصلاح ہوگی کیونکہ یہ ایک اصلاحی پروگرام نشر کرے گا۔ بندہ کو اُمید ہے کہ خواص وعوامِ اہلسنّت وجماعت اس پروگرام کو دوسرے پروگراموں پر ترجیح دیں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{266} حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر اسلم ظفر صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اعظم غوثیہ جامع مسجد، سپلائی بازار، راولاکوٹ، پاکستان)

اپنے تاثُرات کو مندرجہ شعر سے شروع کرتا ہوں کہ

ہوا ہے گو تُند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ درویش جس کو حق نے دیئے ہیں اَندازِ خسروانہ

اَندازِ خسروانہ کے باوصف مدِّ مقابل کی آندھیاں اور تُند و تیز جھونکے رِفعتوں، شوکتوں، سطوتوں اور عظمتوں میں بحمد اللہ معتدبہ اضافہ کا باعث بن رہے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کم عُمری کے باوُجُود تدریجاً حکیمانہ اَنداز میں جس حسین ودِلنشین پیرائے میں اِنفرادی اور اِجتماعی زِندگیوں میں مَدَنی پھولوں کی مہک اور پیاری پیاری سُنّتوں کی دائمی، اَبدی اور سَرمدی فضیلتوں کے چراغ روشن کرتی چلی آرہی ہے یہ واقعی اسی کا حصّہ ہے۔ جہاں یہ ساری سعی، کوشش اور کاوِش اپنے بھر پور فوائد وثَمرات سے اُمتِ مسلمہ کو مُستَفِید کرنے میں مُمِد ومعاوِن ثابت ہو رہی ہے۔ وہاں **مَدَنی چینل** نے مہمیز (یہ وہ کھاردار پھرکی ہے جو سوار کے جوتوں کی ایڑی میں لگی ہوتی ہے اور وہ اس سے گھوڑے کو تیز دوڑا

رہے ہوتے ہیں۔یعنی بہترین معاونت اور دینی کاموں میں تیزی) کا کام کیا ہے۔دُعا ہے کہ علّامہ **محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتهم القدسیه کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے اور **دعوتِ اسلامی** کے ہر جوان بشمول اراکین مرکزی مجلس شوریٰ کو پیہم نوازشوں سے سرفراز فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{267 }حضرت مولانا محمد حبیب المالک لقمانوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ حنفیہ رضویہ فیض المالک مرکز اہلسنّت جامع مسجد نُور، محلّہ مفتی آباد، مَدَنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

دورِ حاضر میں بڑھتی ہوئی فحاشی وعُریانی کو ختم کرنے اور اسلام کی حقانیت کو پہچاننے کے لیے **مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ مشعل راہ ثابت ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{268 }حضرت مولانا قاری خدا بخش چشتی قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، گلزار مدینہ چندر نگر مانانوالہ، ضلع ننکانہ، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی مَیں نے دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** دیکھا، از حد خوشی ہوئی جو کہ بیان سے باہر ہے۔**دعوتِ اسلامی** کی مرکزی مجلس شوریٰ کی اِس کوشش کو مزید تقویت پہنچانے کی نیت سے عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک اِنقلابی قدم ہے جسے اُٹھانے کے لیے سوچنا اور پھر اس کو کر گزرنا یقیناً جہاد کی ایک قسم ہے۔اس کے ذریعے سے معاشرے سے بُرائیاں ختم ہونے اور لوگوں کے نیک بننے کی اِطلاعات جس طرح موصول ہورہی ہیں۔یہ کامیابی کا مُنہ بولتا ثبوت ہے۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اس کے ذریعے گھر گھر سُنّتوں کا پرچار ہو۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ**

اسلامی کی اس کاوش کوقبول فرمائے،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{269 }حضرت مولانا مفتی محمد حُسین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ومفتی سُنّی حنفی دارالعلوم عباس پور، پونچھ، جموں وکشمیر)

یہ جان کرخوشی ہوئی کہ عالمگیر تبلیغی تنظیم **دعوتِ اسلامی** نے امسال **مَدَنی چینل** ٹی وی پروگرام کا آغاز کیا ہے جومحض اشاعتِ اسلام اور تبلیغ دین کی غرض سے شروع کیا گیا ہے، **دعوتِ اسلامی** کی مجلسِ شوریٰ کوراقم الحروف مبارکباد پیش کرتا ہے۔ ہر زمانہ میں عصری تقاضوں کے مطابق مسلم علماء وفقہاء نے یہ کام کیے ہیں، یہ وقت کا اہم ترین کام ہے جس سے لوگوں تک کلمۂ حق پہنچانے میں آسانی ہوگی اور مسلمانوں میں زبردست اِنقلاب پیدا ہو گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اِس کارِخیر میں بے شمار بَرَکات پیدا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{270 }حضرت مولانا عبدالعزیز خان فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد حضرت علی، لاری اڈہ تحصیل احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

مَدَنی چینل کی آمد مسلمانوں میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور حُضُور نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی حقیقی محبت اُجاگر کرنے کا ذریعہ ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{271 }حضرت مولانا صاحبزادہ قاری محمد ارشاد علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامعۃ البنات، پرنسپل مرکزی جامعۃ البنات، لاری اڈا، قصور، پاکستان)

سب سے پہلے آپ کو **مدینۃ الاولیاء** ملتان شریف میں **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی سُنّتوں بھرا اجتماع بخیر وعافیت منعقد ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ یہ اجتماع **میدانِ عرفات** کے بعد مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حُضُور اکرم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ جلیلہ سے **دعوتِ اسلامی** کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

دوسری مبارکباد میں آپ کو اس طرح پیش کرتا ہوں کہ آپ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے عالَمِ اسلام پر ایک بَہُت بڑا احسان فرمایا ہے۔ جس کا اَجر **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اپنی طرف سے ضرور عطا فرمائے گا۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھر گھر میں جو عُریانی، فحاشی، ناچ گانا جیسے چینل چلتے تھے وہ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ضرور ضرور ضرور بند ہوں گے بلکہ مَیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے یہ بات کہتا ہوں کہ اس **مَدَنی چینل** کی برکت سے 50% بند ہو گئے ہیں۔ آخر میں میری دِلی دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے اَمیر اور آپ جیسے محبت والے لوگوں کا سایہ ہم سب اہلسنّت پر تادِیر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{272} حضرت مولانا محمد گلزار حسین بھٹہ مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سیکنڈری اسکول جتوئی، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل ایک معاشرتی اِصلاح کا چینل ہے۔ میرے اہلِ خانہ و بچے اس کی نشریات سے مُستَفِیض ہو رہے ہیں۔ اِس سے کافی ہماری بود و باش اور رہن سہن میں تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو مزید رنگ عطا فرمائے، دِن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا گو ہیں کہ **مَدَنی**

چینل کی نشریات تا قیامت دِکھائی جاتی رہیں اور مُلک کا کوئی کونہ اس سے محروم نہ رہے۔ مَیں اس کے عملے (مجلس) کو مبارک باد دیتا ہوں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ان کی توقعات میں مزید اضافہ کرے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{273} حضرت مولانا محمد شریف قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامع مسجد محمدیہ حنفیہ باباشاہ بسطامی روڈ، سمن آباد، مرکز الاولیاء (لاہور))

بعد حمد وصلوٰۃ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے ہمیں اپنے پیارے محبوب اِمام الانبیاء رحمۃٌ لِّلْعٰلَمِین حضرت محمد مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اُمت میں پیدا فرما کر اپنے دِین اسلام کا داعی بنایا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَاۤ اِلَى اللّٰهِ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾

(پ ۲۴ حٰمٓ سجدہ ۳۳)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو **اللہ** کی طرف بلائے اور نیکی کرے اور کہے مَیں مسلمان ہوں۔

ارشادِ نبوی بَلِّغُوا عَنِّی وَلَوْ اٰیَةً (کَنزُالعُمَّال ج ۱۰ ص ۹۷ حدیث ۲۹۱۶۱ دار الکتب العلمیة بیروت) یعنی میری طرف سے پُہنچا دو اگرچہ ایک ہی آیت ہو۔ **مذکورہ** بالا آیت مُبارَکہ اور حدیث مبارکہ سے **معلوم** ہوا کہ ہر مسلمان کو چاہیے کہ اپنی طاقت کے مطابق اِنفرادی یا اِجتماعی طور پر دینِ اسلام کی تبلیغ کرتا رہے۔ تبلیغ اسلام کے ہر دور میں اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔ جس طرح پہلے زمانہ میں گھوڑوں، تیروں، تلواروں کے ذریعے جنگ ہوتی تھی اور آج کل بندوق، ٹینک، ہوائی جہاز اور راکٹ کے ذریعے ہوتی ہے۔ اسی طرح پہلے دور میں اسلام کی تبلیغ تحریری اور زبانی طور پر ہوتی تھی اور آج جدید ٹیکنالوجی کے ذریعہ ہو رہی ہے۔ **T.V** کے مختلف چینلوں کے ذریعہ جس طرح مغربی میڈیا عُریانی، فَحاشی اور بے

حیائی پھیلا رہا ہے۔ دِین کا دَرد رکھنے والوں کو چاہیے کہ وہ ٹی وی کے ذریعہ قرآن وحدیث کی دعوت کو عام کریں۔ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ **دعوتِ اسلامی** نے جس طرح پوری دنیا میں اجتماعات اور دِینی مدارس کے ذریعے دعوت وتبلیغ کا سلسلہ جاری کررکھا ہے، اِسی طرح ٹی وی پر **مَدَنی چینل** بھی جاری کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** ایک خالص دِینی اور مَذہبی چینل ہے جس کے تمام پروگرام قرآن وحدیث کے مطابق ہوتے ہیں۔ **فیضانِ قرآن** اور **فیضانِ حدیث** کے نام سے جو پروگرام (سلسلے) چل رہے ہیں بہُت ہی مُفید ہیں۔ جس میں قرآن وحدیث کی روشنی میں عوام کی اصلاح کی جاتی ہے اور روزمرّہ کے مسائل کا حل بتایا جاتا ہے اور آج کل چونکہ ایّامِ حج ہیں اِس مناسبت سے اس چینل پر **رفیق الحرمین** کی روشنی میں حج کے مسائل اور اس کا طریقہ اور **زیارتِ حرمین شریفین** کا طریقہ بتایا جارہا ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ خود امیرِ اہلسنّت، قاطعِ بدعت، حامیِ سُنّت حضرت علامہ مولانا الحاج **محمد الیاس قادری** رضوی ضیائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی اس چینل پر تشریف لاکر عقائدِ اسلام، ارکانِ اسلام پر درس دیتے ہیں۔ بَہر حال یہ **مَدَنی چینل** پوری دُنیا کے مسلمانوں کے لیے ایک بہُت بڑی نعمت ہے اور تبلیغِ اسلام کا ایک موَثر ذریعہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{274} حضرت مولانا محمد اقبال چشتی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جماعت اہلِ سنت پاکستان پنجاب، D-435 سبزہ زار سکیم بکرا منڈی، مرکز الاولیاء (لاہور))

دعوتِ اسلامی اہلسنّت کی عظیم الشّان اصلاحی تحریک ہے۔ جس کے بانی حضرت **مولانا محمد الیاس قادری صاحب** دامت برکاتھم العالیہ ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے زیرِ سایہ دِینی کام کو اَحسن انداز میں آگے بڑھا رہی ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کے وہ تمام اراکین مُبارَکباد کے مستحق ہیں جنھوں نے صُبح وشام ایک کرکے پُرخلوص

اَنداز میں **دعوتِ اسلامی** کے کام کو عبادت سمجھ کر کیا ہے۔ موجودہ دور الیکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا کا دور ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، مجھے اُمید ہے اس چینل کی وجہ سے بدعقیدگی اور بدعملی کے سیلاب کو روکنے میں مدد ملے گی اور وہ چینل جو بے حَیائی و فَحاشی پھیلاتے ہیں ان کے مقابلے میں یہ چینل اپنے ناظرین کی نبیِ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شریعت کے انوار سے آنکھیں ٹھنڈی کرنے کا کام کرے گا۔ اس چینل کے آغاز پر مَیں خُلوصِ دِل سے **اَمیرِ دعوتِ اسلامی** اور اُن کے تمام رُفقاء کو مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{275 }حضرت مولانا محمد حسین اسدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مرکزی جماعت اہلسنّت، تحصیل کوٹ اڈو، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی اہلسنّت کی واحد تنظیم ہے جو عالمِ اسلام میں عموماً اور پاکستان میں خُصُوصاً اِحیائے سُنَّت کے لئے شب وروز کوشش کررہی ہے۔ **مَدَنی چینل** بھی اِحیائے سُنَّت کا بہُت بڑا ذریعہ ہے اور اہلسنّت کا پیغام رَساں بھی۔ میری دِلی دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلہ سے دعوتِ اسلامی کو بشُمول **مَدَنی چینل** دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{276 }حضرت مولانا محمد حسین سُلطانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ سُلطانیہ تجوید القرآن رجسٹرڈ، نزد مسلم ہوٹل، تحصیل جامپور، ضلع راجن پور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی عظیم الشّان عالمی تبلیغ کے بارے میں گفتگو ہوئی، اس سے پہلے سینکڑوں، دوستوں اور اسلامی بھائیوں سے ملاقات ہوچکی ہے۔ جب سے یہ تنظیم میدانِ عمل میں آئی محبت رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے چراغ جلے، سُنتوں کی ہوائیں چلیں، محبت رسُول اور عشق رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی بہار آئی، لاکھوں نوجوانوں کے چہروں پر سُنّتیں سج گئیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اِس تنظیم کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، قِبلہ امیر اہلسنّت امیر **دعوتِ اسلامی** علامہ مولانا **محمد الیاس قادری** جو کہ میرے پیر بھائی بھی ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں بھی قادری ہوں، اُن کی **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ خضری عمر کرے، اُن کا سایہ اہلسنّت پہ قائم رکھے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{277} حضرت مولانا قاری اللہ بخش چشتی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مکان نمبر 845 ٹاور اسٹریٹ بلاک 18 زید آباد، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی نے تمام اہلسنّت اور عُلمائے اہلسنّت کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ اور ایک مرتبہ پھر جذبات بھڑکا دیئے ہیں، اب اہلسنّت صرف دین کا خادم بننے کی کوشش کریں گے۔ **دعوتِ اسلامی** کے تمام شعبے قابلِ تعریف ہیں۔ خُصُوصاً **مَدَنی چینل** کھول کر تمام اسلامی بھائیوں کے دِل مُوہ لیے ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{278} حضرت مولانا محمد فضل کریم چشتی ظہوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(18 بلاک فرید آباد کالونی، محلّہ فیض آباد شریف ایریا دربار عالیہ پیر غلام محمد، فیصل آباد، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لله عَزَّوَجَلَّ ہمیں **مَدَنی چینل** کے بارے میں سُن کر بڑی خُوشی ہوئی، ہماری دُعا ہے کہ جِس شخصیت نے یہ کام شُروع کیا، **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس کو اَحسَن جزا عطا فرمائے اور ہمیں بھی ہر قسم کا تعاون کرنا چاہیے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے انقلاب آرہا ہے، غیر مسلم بھی مسلمان ہوں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ہر مسلمان کو اچھے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{279} حضرت مولانا مشتاق احمد نُوری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم جامعہ شہابیہ، چیئرمین تحریک فروغ اسلام، صدر تنظیم عالمی اہلسنّت، اچھرہ، پاکستان)

پیارے محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اپنی اُمّت کو آخری وصیّت فرمائی کہ مَیں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، کتاب اللّٰہ اور اپنی سُنَّت، انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھو گے تو گمراہ نہیں ہو گے۔ ہم نے اس مکمل ضابطۂ حیات، عالمگیری دستور العمل اور انسانیت نواز مکمل نظام حیات سے مُنہ پھیر لیا، عقائد و اعمال بگڑ گئے۔ **دُنیا** میں ہر طرف فِسق وفجور، ظلم وجور، عیاشی و بدکاری، بے پردگی وعُریانی، ہوس رانی و دغا بازی، رَقص وسَرود، عیش وتفریح، اِنصاف کُشی و بددیانتی اور رشوت کا بازار گرم ہے۔ اِیسا کیوں ہوا؟ دُنیا کیوں بگڑ گئی؟ سادہ سا جواب ہے، عصرِ حاضر اور گلوبل کی دنیا میں میڈیا پر الحاد اور بے دین لوگوں کا قبضہ ہے۔ ایسے میں **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** ایک عظیم کاوش ہے، ذاتِ لم یَزل اس کو مقبولیت دارین کی کرامتوں سے سرفراز فرما کر نافعِ خلائق بنائے۔ امین

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{280} حضرت پیر ابوالفضل محمد خان قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ غوثیہ معینیہ رضویہ ریاض الاسلام، محمد نگر، فیض آباد شریف اٹک کینٹ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی جانب سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا بہُت بڑا تبلیغی ذریعہ ہے۔ عالمگیر تبلیغی سِلسلہ اس چینل کے ذریعہ جاری ہوگیا، مسلکِ حقِ اہلسنّت وجماعت کی کماحقّہٗ ترجمانی ہو رہی ہے۔ دِیگر اخلاقیات کے لیے تباہ کُن بے شمار چینلوں کے مقابلہ میں یہ چینل بِحَمْدِاللّٰہ تَعَالٰی مکمل ''اِصلاح کُن'' ہے۔ اہلِ اِسلام سے پُر دَرد اپیل ہے کہ جتنا ممکن ہو **مَدَنی چینل** سے اِستِفادہ کی کوشش کریں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{281} حضرت مولانا عبدالمالک صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ اکبریہ انجمن اکبریہ، بلوخیل روڈ، میانوالی، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **T.V مَدَنی چینل** کا اِجرا صرف خوش آئندہی نہیں بلکہ وقت کی ضرورت بھی ہے۔ باطِل قوتیں اپنے غلط نظریات، مواصلات کے جدید ذرائع استعمال کرتے ہوئے گھر گھر پہنچا رہی ہیں ان کا مقابلہ اسی رنگ میں ہی کیا جاسکتا ہے۔ عُلَمائے سلف نے اسی اُصول کی بُنیاد پر علوم باطِلہ کو رد کرنے کے لئے سیکھنے کی اجازت دی ہے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس کاوش کو اسلام کی سر بلندی اور جنابِ سرورِ کائنات صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت کا ذریعہ بنائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{282} حضرت مولانا سید اشفاق احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ ودربارعالیہ چشتیہ رکن آباد کالونی، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جب سے **مَدَنی چینل** شروع ہوا ہے، سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا صدقہ لاکھوں مسلمانوں میں عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی تڑپ پیدا ہوگئی ہے۔ ہماری دُعا ہے **اللہ** پاک اسے مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

مَدَنی چینل کے ذریعے ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش

دینِ اِسلام میں یوں تو بے شمار ہستیاں مخلوقِ خدا کی رُشد و ہدایت کے لیے تشریف لائیں مگر اوراقِ تاریخ پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ جن کو **اللہ** سبحانہ وتعالیٰ نے عالمگیر مقبولیت سے نوازا اور ان کے فیض کو سارے جہاں میں عام کیا، شرق وغرب میں ان کا چرچا ہوا، جن کی بارگاہ میں ظالموں کے سر جھک گئے، فاسِقوں کو توبہ کی توفیق ملی، سرکش ومنکر عاجز ومُطیع ہوئے، کبیرہ گناہوں میں مبتلا نہ صرف واجب، سُنَّت، مستحب کے پابند ہوئے بلکہ مکروہ تک سے بچنے لگے، ایسے عظیم المرتبت لوگ زمانۂ ماضی قریب میں بَہُت کم نظر آتے ہیں، اور عصرِ حاضر میں تقریباً نایاب۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ شکر ہے جس نے اِس دور میں اِصلاحِ اُمّت کا عظیم مَنصب اپنے ایک مقبول بندے اور اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے عاشقِ صادق شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابوبلال مُحمّد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دامت برکاتہم العالیہ کو عطا فرمایا۔ آپ ایک جامع شخصیت ہیں دَرد دِین سے بھرا ہوا دِل رکھتے ہیں۔ آپ کی پُرخُلوص کوششوں سے دنیا کے بیشتر ملکوں میں خوب دین کا کام ہو رہا

ہے۔ ہر طرف سُنّت کی بہاریں ہیں۔ آپ دامت بر کاتھم العالیہ فرماتے ہیں: میرا مقصدِ زندگی یہ ہے کہ ''**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے**۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور حدیث پاک میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا وعدہ ہے: ''وَاِنْ سَأَلَنِی لَأُعْطِیَنَّہٗ'' میرے بندے جو خواہش کریں میں پوری کرتا ہوں۔ یعنی وہ بندہ مقبول الدعاء بن جاتا ہے کہ مجھ سے خیر مانگے یا شر سے پناہ، میں اس کی طرف سنتا ہوں۔ (مراۃ المناجیح 3/309)

اللہ تعالیٰ نے آپ کی اس تمنا کو پورا کیا اور **مَدَنی چینل** کی ترکیب ہوئی **مَدَنی چینل** اشاعت دین کا ایک مضبوط ترین ذریعہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کثیر علماء و شخصیات **مَدَنی چینل** کے اِنقلابی اقدام پر **دعوتِ اسلامی** کی مجلسِ رَابطہ بِالعُلَماء وَالمَشائخ اور دیگر مُبلّغین کے ذریعے اپنے تأثرات سے نوازتے رہتے ہیں مزید آنے والے اِقتباسات حسب ذیل ہیں:

{283} حضرت مولانا قاری محمد اکرم چشتی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ حنفیہ دار العلوم اشرف المدارس، جی ٹی روڈ، اوکاڑہ، پاکستان)

اے خاصۂ خاصانِ رُسل وقتِ دُعا ہے اُمّت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے

فَریاد ہے اے کشتیِ اُمّت کے نِگہباں بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے

تدبیر سنبھلنے کی ہمارے نہیں کوئی ہاں ایک دُعا تیری جو مقبولِ خُدا ہے

مسلمانوں کی زبوں حالی دیکھ کر نہ جانے کن کن اہل بصارت و بصیرت کی چشمانِ مُقدّسہ سے سیلِ اشک جاری ہوئے اور شانِ کریمی نے اُن کی قبولیت کی صورت یہ دکھائی کہ جنابِ من، مقبولِ زمن، عاشقِ سُنَن، ناگفتہ بہ حالات میں اُمید کی کرن یعنی قبلہ امیر اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دامت بر کاتھم العالیہ **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی توفیقِ رفیق سے نوازا اور ایسا نوازا کہ اوّل دِن سے ہی اس کی بَرَکات کا ظہور ہونے لگا ہے۔ چُنانچہ مسلمان اس کو دیکھ کر گناہوں سے تائب ہوئے ہیں، بلکہ بہُت سے کُفّار دولتِ

اِیمان سے سرفراز ہوچکے ہیں۔

یقین جانئے راقم کی بذاتِ خود یہ کیفیت ہے کہ **مَدَنی چینل** کو on کرتے ہی گنبد خضراء کا مونو گرام دیکھ کر حقیقی گنبد خضراء کی ہریالی یاد آجاتی ہے، قلب و بدن میں شگفتگی بکھر جاتی ہے اور ہم اپنے مکان اور مکینوں کو پہلے سے زیادہ مَسْرور و مامون محسوس کرتے ہیں۔ اس کی زیارت سے بصارت و بصیرت میں حقیقی معنوں میں اِضافہ ہوتا ہے۔ محافِظ حقیقی جلّ جلالہٗ اس **مَدَنی چینل** اور اس کے منتظمین کو اپنی بارگاہ سے اپنی شایانِ شان اَجر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{284} حضرت پیرزادہ محمد رفیق احمد طاہر سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اکبریہ سعیدیہ، سلطان العلوم بٹی ہوت مہر، تحصیل احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور، پاکستان)

تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے کُتُب سے روشناس کروانے اور انہیں ذریعۂ تبلیغ بنانے کا جو مَدَنی سِلسلہ شروع کیا ہے وہ قابلِ ستائش ہے۔ مزید براں **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** چلا کر میڈیا کے ذریعے دِلوں کو معرفتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور مَعرفتِ **عشق مصطفٰے** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے منور کرنے کا جو آغاز کیا ہے، اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

اللہ کرم اِیسا کرے تُجھ پہ جہاں میں
اے **دعوتِ اسلامی** تیری دُھوم مچی ہو

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{285} حضرت مولانا الحافظ القاری فیض الرسول قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ شیخ القرآن محمدیہ غوثیہ، شہباز پارک، دیپالپور روڈ بریلی چک نمبر 53/22 ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

ما شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نبّاضِ ملت پیکرِ علم وحکمت قبلہ امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** حِفظُہُ اللہ تعالٰی کو جتنی بھی داد دی جائے کم ہے کہ آپ نے میڈیا کے غلط استعمال سے بڑھتی ہوئی بے دِینی و بدعملی کی نحوستوں کے سیلابِ عظیم کے سامنے بندِ عظیم باندھنے کے لیے اور قوم میں اسلامی شُعُور بیدار کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا قِیام بااہتمام فرمایا۔ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ وَ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر یعنی نیکی کی دعوت اور بُرائی سے منع کرنے کا بہترین ذریعہ ہونے کے ناطے اس دینی و **مَدَنی چینل** کی واقعۃً ہمارے مُعاشرے کو اَشد ترین ضرورت تھی۔

اللّٰہ کریم عَزَّوَجَلَّ ہمیں اس کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے فیضانِ **مَدَنی چینل** کو تمام تر رعنائیوں سَمیت جاری وساری رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{286} حضرت مولانا عبدالرحمٰن قادری اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ تنظیم ائمہ مساجد اہلسنّت و جماعت، اوکاڑہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کی محبوب تحریک و تنظیم **دعوتِ اسلامی** کا جاری کردہ **مَدَنی چینل** عالم اسلام کے لیے بالخصوص عقائد واعمال اور دِینی مسائل کے لحاظ سے عملی دُنیا میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے مزید ترقیاں عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی تمام خدماتِ دینیہ بشمول اِجرائے **مَدَنی**

چینل کو درجۂ قبولیت وشرف مقبولیت عطا فرمائے اور اہلسنّت کی ناک **دعوتِ اسلامی** کو دِن گیارھویں رات بارھویں ترقیاں عطا فرمائے ، آمین ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{287 }حضرت صاحبزادہ مولانا عطاءالرحمٰن حامی چوراھی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد انوارِ مدینہ و مدرسہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات، ناظمِ اعلیٰ جماعت اہلسنّت ضلع اوکاڑہ ، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ہر دور میں اپنی مخلوق کو اپنے محبوب و مقبول بندوں کے بیانات وتحریرات اور اُن کی صُحبت بابرکت و دِیگر ذرائع سے ہدایت عطا فرمائی ۔ ہمارے پُرفِتن دور میں مسلمانانِ عالم جن دینی و دُنیاوی مسائل سے دو چار ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں ۔ اَغیار نے ہمیشہ سے اِسلام کو مِٹانے کے منصوبے بنائے اور بنا رہے ہیں ۔ چُنانچہ آپ دیکھ لیجئے کہ آج میڈیا کو اپنے مذموم عزائم کی اشاعت کے لیے پُرکشش انداز میں مسلمانوں کے سامنے پیش کرتے ہوئے نجانے کتنے مسلمانوں کے قلوب واذہان کو شِعارِ اسلامی سے بے بہرہ کر دیا گیا ہے ۔

اللہ کریم عَزَّوَجَلَّ بہترین اجر وثواب سے نوازے ، ہمارے دِلوں کے چین ، عاشقِ سرورِ کونین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ، مُصلحِ اُمّت امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی ضیائی** دامت فیوضھم کو جنہوں نے **مَدَنی چینل** کو اشاعتِ دین اور فُضُولیات ولغویات کی بھرمارِ مسلسل کی روک تھام کے لیے انتہائی احسن انداز میں جاری فرمایا ۔ دُعا ہے ربِّ لم یزل عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ بے نیاز میں کہ اس **مَدَنی چینل** کو بے مثل و بے مثال کامیابی اور کامرانی کی ایسی بہاریں دکھائے کہ کبھی خزاں کے منہ نہ دیکھے اور مسلمانوں کے لیے عمومی اور اہلسنّت کے لیے خُصُوصی طور پر فوز و فلاح کا سبب بنے ۔ آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

صبا وہ چلے کہ باغ پھلے وہ پھول کھلے کہ دن ہوں بھلے
لِوا کے تلے ثناء میں کھلے رضاؔ کی زباں تمہارے لئے

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{288} صاحبزادہ حضرت مولانا محمد شاہد عارف نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اُونچی، اعظم کلاتھ مارکیٹ، مرکز الاولیاء (لاہور)، پاکستان)

آج کل مختلف T.V چینلز کے ذریعے فحاشی اور عُریانی کی ترغیب دی جارہی ہے۔ جو نئی نسل کے بگاڑ کا سَبَب ہے۔ اور اسے دِین سے دُور لے جارہی ہے۔ ایک ایسے چینل کی ضرورت تھی جو نئی نسل کو ہدایت اور دین اِسلام کی طرف مائل کرسکے۔ یقیناً **مَدَنی چینل** اس کمی کو پورا کرنے کے لیے میدان میں اُترا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{289} حضرت مولانا سید نصیر اللہ شاہ کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ کنز العلوم، الرحمٰن ٹاؤن نزد ٹینکی والا چوک، گورنمنٹ کالونی، اوکاڑہ، پاکستان)

وہ شخصیّت جس نے آج کے گئے گزرے دور میں مسلمانوں بالخصوص نوجوانوں میں سچّے دین کی سچی لگن پیدا کرکے جامِ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم سے سرشار فرمادیا اور اس وقت کشتیٔ اُمّت کو تبلیغی، تحریری سہارا دیا۔ جس وقت ہر جانب سے بے دینی و بے عملی اور بد عملی کی بپھری موجوں نے اس کشتی کو اپنے گھیرے میں لے لیا تھا اور صاحبانِ بصر و بصیرت متفکر و مغموم تھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ جانے کس دِل کی تڑپتی ہوئی بے قرار صدا نے بارگاہِ ایزدی جَلَّ جلالہٗ میں شرف قبولیت پایا اور قرآن وسُنَّت کے داعی صِدق واِخلاص کی پیکر شخصیت اَمیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری**

رِضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ نے شرعی احتیاطوں کے پابند رہتے ہوئے اس اُمّت مرحومہ (وہ اُمت جس پر اللہ کی رحمت ہو) کو مَدَنی چینل کا تحفہ عطا فرمایا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس خالص دِینی و مذہبی سلسلے سے مسلمانانِ عالم کے ساتھ ساتھ غیر مسلم و غیر مذہب بھی مُستَفِید و مُستَفِیض و مُستنیر ہو رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔

اللّٰہ جل مجدہٗ الکریم کی بارگاہِ بے نیاز میں اِنتہائی عاجزی سے ہم دعوتِ اسلامی کے تمام شعبہ جات کے لیے بالعموم اور مَدَنی چینل کے لیے بالخصوص بہتریوں اور بہاروں کے لئے دُعا گو ہیں۔ مولا تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور آپ کے رُفقاء کی مساعیٔ جمیلہ کو مشکور فرما کر اپنی بارگاہ سے اجرِ عظیم مرحمت فرمائے۔ انہوں نے مَدَنی چینل کے موجد بن کر ''خَیرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاس (کَنزُالعُمَّال ج١٦ ص٥٣ حدیث٤٤١٤٧ دار الکتب العلمیة بیروت) یعنی لوگوں میں سے بہتر وہ ہے جو دوسروں کو نفع پہنچائے۔'' کی بشارت سے خود کو مشرف کر لیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{290} شہزادۂ خطیبِ پاکستان الحاج صوفی محمد لطیف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ و مہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ، کچہری بازار، اوکاڑہ، پاکستان)

اللّٰہ کریم عَزَّوَجَلَّ آپ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ) کو، مرکزی مجلس شوریٰ اور دعوتِ اسلامی کی دُنیا بھر کی تمام تنظیمی کابینات و تمام شعبہ جات کو بالعموم اور مَدَنی چینل کو بالخصوص ترقی دے اور نظامِ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عملی نفاذ کا اس مَدَنی چینل کو ذریعہ نافِعہ بنائے اور ان تمام اُمورِ دِینیہ کو ہر طرح کی نظرِ بد سے محفوظ و مامون رکھے، آمین۔ میرے مُرشِدِ گرامی جو حضرت میاں شیر محمد نقشبندی علیہ رحمۃ اللہ القوی کے برادرِ حقیقی حضرت پیر غلام اللہ نقشبندی علیہ رحمۃ اللہ الغنی المعروف ثانی صاحب ہیں، کا صدقہ اللّٰہ ربُّ العزّت جلّ جلالہٗ دعوتِ اسلامی اور مَدَنی چینل کو تمام اولیائے کرام رحمھم اللہ السّلام کے زیرِ سایہ

رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{291 }حضرت مولانا محمد رفیع نقشبندی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ضلعی امیر جماعت اہلسنّت پاکستان، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

دورِ حاضر میں بلاشبہ عُلَماء و مشائخ اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللہ تعالٰی **کاوُجُودِ مَسعُود کسی نعمت سے کم نہیں۔ مِنْھُم حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دامت برکاتھم العالیہ بھی ہیں جنہوں نے ناگفتہ بہ حالات میں دِن رات اپنے بیانات وتحریرات کے ذریعے مسلمانانِ عالَم میں باکردار بننے کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھر دیا اور اب میڈیا کے دور میں بھی اپنی بالغ نظری کا مظاہرہ فرمایا کہ اپنی نوجوان نسل کی باگ دوڑ غیروں کے ہاتھ میں دینے کی بجائے بروقت **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے قوم کو صراطِ مستقیم کی طرف موڑ دیا ہے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ **مَدَنی چینل** اس اُمت کو فیشن وگناہوں کے بھنور سے نکالنے کے لیے کشتیٔ نوح کا کام کرے گا۔

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نامِ رضاؔ تم پہ کروڑوں دُرُود

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{292 }حضرت مولانا محمد سعید شیخ نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بزمِ غلامانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم، کچہری بازار، اوکاڑہ، پاکستان)

کیوں کہوں بے کس ہوں میں، کیوں کہوں بے بس ہوں میں
تم ہو میں تم پہ فِدا تم پہ کروڑوں دُرُود

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** از ابتدا تا وقتِ تحریر **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی** دامت برکاتھم العالیہ کی مُخلِصانہ مساعیٔ عظیمہ دِینیہ سے، آپ کی اَنتھک وانمِٹ محبت رسُول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے زیرِ سایہ ترقی کی منازِل طے کرتی کرتی آج میڈیا کی دوڑ میں بھی غلامانِ مصطفٰی صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی صحیح سمت رہنمائی کرنے کے لیے یوں میدان میں آگئی ہے کہ **مَدَنی چینل** کے نام سے **دعوتِ اسلامی** نے ٹی وی نشریات کا آغاز فرمادیا ہے۔ لاَ رَیب دورِ حاضر میں اس کی اَشد ترین ضرورت تھی جو **مَدَنی چینل** کی صورت میں پوری ہوئی **اللّٰہُ کَرِیم** جَلَّ وَعَلٰی اس نادِر کوشش کو شرفِ قبولیت سے نوازے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{293} حضرت مولانا محمد اقبال اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ جامعہ غوثیہ رضویہ، چک 174 مراد ڈاہرانوالہ، تحصیل چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

حَکیمُ الاُمّت امیرِ دعوتِ اسلامی قِبلہ محمد الیاس قادری زیدمجدہٗ کے حکم پر جس **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا گیا وہ دُرُست سمت میں ایک مثبت قدم ہے کہ جہاں **T.V** فحاشی اور عُریانی پھیلا رہا ہے وہاں عام مسلمانوں کے لیے اگر کوئی بھلائی کی کِرن پھوٹے تو یہ بَہُت ہی اچھی اور عُمدہ بات ہے۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَاتِ (صَحِیح البُخارِی ج۱ ص۵ حدیث ۱ دارالکتب العلمیة بیروت)

یعنی اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔

کے تحت نہ صرف یہ چینل دیکھنا جائز ہوگا بلکہ اس سے مُستَفِیض ہونا کہ اس میں تلاوتِ قرآنِ کریم، نعتِ مصطفٰے صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم، خطابات جو دینِ اِسلام کی طرف دعوت دینے کا سبب ہیں ہم اُمید رکھتے ہیں کہ اِنتظامیہ اس مِشن کو اِسلامی اُصولوں کے مطابق ہی چلائے گی۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{294} حضرت مولانا مفتی انوار اللہ طیّبی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ حضرت کرماں والا شریف، اسلامک یونیورسٹی جی ٹی روڈ، اوکاڑہ، پاکستان)

اَللہ رَبُّ الْعٰلَمِیْن محض اپنے فضل وکرم سے ہر مسلمان مرد وعورت کا انجام بخیر فرمائے۔ بَہَر حال ذِکر الٰہی و شریعت کی پابندی ضروری ہے۔ **حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دامت برکاتھم العالیہ نے جو **مَدَنی چینل** کے نام سے ٹی وی چینل شروع کیا ہے، بَہُت خوب ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے اس طرح کے نیک کام کا اِنتظار تھا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{295} حضرت مولانا مفتی ابو النصیر محمد سعید چشتی سیالوی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ فاروقیہ، اڈہ گیمبر، ساہیوال روڈ، اوکاڑہ کینٹ، پاکستان)

مَاشَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا فروغ اہلسنّت وجماعت کے لیے تحریری وتقریری میدان میں خاطِر خواہ وقابلِ ذکر مساعیٔ جمیلہ کے ساتھ ساتھ اب میڈیا کے اہم ترین ذریعۂ ابلاغ "**T.V**" کو خالصتاً رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لیے شرعی حُدُود وقُیُود کے تحت **مَدَنی چینل** کے نام سے اَحکامِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ وسُنَّت نبوی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اشاعت کے لیے اِستعمال کرنا اِنتہائی پُرمُسرَّت اقدام ہے۔ جس پر **امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو ہم مُبارَک باد بھی پیش کرتے ہیں اور دُعا بھی کرتے ہیں کہ آپ حاسِدین کے حسد اور شریروں کے شَر سے محفوظ رہیں اور آپ کی دِلجوئی کے لیے یہ بھی کہتے ہیں: {وَاَنْتُمُ

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ یعنی تمہیں غالب آؤ گے اگر ایمان رکھتے ہو﴾

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{296} حضرت مولانا مفتی محمد یٰسین الکریم نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و مہتمم دار العلوم عشرہ مبشرہ، جامع ہمدانیہ، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مخدوم و محترم **امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی سوادِ اعظم اہلسنّت کی بہتری و مضبوطی کے لیے مختصر وقت میں کی گئی اَنْمِٹ مساعیٔ دینیہ اہلِ علم و بصیرت سے یقیناً ڈھکی چُھپی نہیں ہیں، اور اب **مَدَنی چینل** کا اِجرا کر کے یقیناً اہلسنّت کی موجودہ و آئندہ نسلوں پر احسانِ عظیم فرمایا ہے۔ اور بلا شُبہ ایسے اِقدام کی میڈیا کے دور میں اَشد ضرورت تھی اور بلا مُبالغہ یہ سعادت **دعوتِ اسلامی** کے حصّے میں آئی ہے۔ **اللہ کَرِیْم** عَزَّوَجَلَّ اس سلسلے میں بَرَکت بھی عطا فرمائے اور تمام منتظمین **مَدَنی چینل** کو مزید اِخلاص و اِستقامت کی نعمتِ عظمٰی سے نوازے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{297} پیرِ طریقت حضرت پیر خواجہ عبد السلام صاحب نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ صمدیہ سلامیہ بستی حضور صاحب رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** کے آغاز پر مبارک باد پیش کرتے ہیں میڈیا کے ذریعے پھیلنے والی بے دِینی و بے حیائی کی روک تھام کی غرضِ مُقدَّسہ اور شریعت و سُنّت کی حفاظت و اِشاعت کی نیتِ مُطہَّرہ سے شروع کیے جانے والے مُقدّس سِلسلے **مَدَنی چینل** کی ترقی و بہتری کے لیے ہم دُعا گو ہیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو اس کی بہترین جزا دے اور **مَدَنی چینل** کو اُمّتِ مُسلِمہ کی رہنمائی کے لیے شرفِ قبولیت و مَقبولیت سے نوازے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{298 }حضرت مولانا احمد علی فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ،نزد چشتیاں شریف،ضلع بہاولنگر،پاکستان)

امیرِ اہلسنّت پیکرِ زہد وتقویٰ علامہ محمد الیاس قادری صاحب دامت بر کاتہم العالیہ کی کاوشوں اور دِینی و مذہبی خدمات میں سے **مَدَنی چینل** کا آغاز بہُت بڑی افادِیت کا حامل ہے۔جس کو دیکھنے کا موقع نصیب ہوا اور دِل کے بند دریچے کھلنے لگے۔ **مَدَنی چینل** خواص وعوام کے لیے بہترین علمی وادبی وروحانی سرمایہ ہے۔ جو ناظرین کے قلوب واذھان کو بھی عشق واِیمان اور علم وعرفان کے انوار سے منور کرتا ہے۔

دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ قادری صاحب زیدمجدہٗ جو مشن وفکر لے کر میدانِ عمل میں اُترے ہیں کو پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلِہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلِہٖ وسلَّم

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{299 }حضرت مولانا محمد منور علی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دربارِ خواجہ نور محمد مہاروی،ضلع بہاولنگر،پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن **مَدَنی چینل** جو کہ امیرِ اہلسنّت شیخِ طریقت،بانی دعوتِ اِسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی صاحب کی اجازت سے اور آپ کی محنت سے اس کو

چلایا گیا، جس سے پوری دُنیا فیض یاب ہورہی ہے۔ جو لوگ اپنے گھروں میں دِن رات فِلموں اور ڈِراموں کو دیکھتے رہتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب دیکھنے میں آیا ہے کہ گھروں میں بچے بوڑھے سب ہی **مَدَنی چینل** لگائے **دعوتِ اسلامی** کے مُبلّغین کی زیارت بھی کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ بے شمار ایسے مسائل جو کہ ان (عوام) کو معلوم نہیں وہ بھی ان کی سمجھ میں آ جاتے ہیں۔ جیسا کہ پہلے اِنٹرنیٹ کے ذریعہ دُنیا بھر میں **دعوتِ اسلامی** کا پیغام عام کیا جارہا تھا اور دُنیا بھر سے پوچھے جانے والے ہزاروں مسائل کا حل اور کفّار کے اسلام پر اِعتراضات کے جوابات دینے کے ساتھ ساتھ ان کو اسلام کی دعوت پیش کرنے کی بھی سعادت حاصل کی جارہی تھی۔ اب **مَدَنی چینل** میں بھی یہ کام بدرجہ اولیٰ کیا جارہا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس جماعت کے امیر، امیر اہلسنّت کو دارزی عمر بالخیر عطا فرمائے اور ہم سب کو امیر اہلسنّت کے فُیُوض وبَرَکات سے مُستَفِیض فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{300} حضرت مولانا فیض الرسول القادری انصاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ قادریہ نُوریہ نصیر القرآن بھنڈی میاں صاحب، تحصیل خیر پور، ضلع بہاولپور، پاکستان)

آج کے پُرفِتن دور میں کہ جس میں ایک طرف بدعملی اور بے حیائی کا دور دورہ ہے۔ اور دوسری طرف اس بدعملی و بے حیائی کے کاموں کو عام کرنے کے لیے زیادہ تر الیکٹرانک میڈیا کا کردار ہے۔ ہم مبارک باد پیش کرتے ہیں قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور ان کے جملہ رُفقاء کو، کہ جن کی کوششوں سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا اور الیکٹرانِک میڈیا کو دُرست اور مثبت راہ دِکھلائی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دیکھ کر اکثر لوگ راہِ ہدایت پا چکے ہیں۔ ہم دُعا گو ہیں کہ **اللّٰہ** جَلَّ شَانُہٗ **مَدَنی چینل** کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ **مَدَنی چینل** جاری کرنے والوں کو

بہترین جزائے خیر دے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{301} حضرت مولانا ممتاز احمد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامعہ مسجد غوثیہ، چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** عالمگیر غیر سیاسی تحریک اہلسنّت وجماعت کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا چلنا اُمتِ مُسلِمہ کے لیے بَہُت مُفید ثابت ہوا ہے جو قرآن وحدیث کی حُدُود کی پاسداری کرتے ہوئے فریضۂ تبلیغ انجام دے رہا ہے۔ میں نے دو تین مقام پر دیکھا ہے کہ عوام وخواص اکٹھے بیٹھے ہوئے **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر درسِ قرآن اور درسِ حدیث سن کر اپنی اصلاح کر رہے ہیں۔ عورتیں گھروں میں بیٹھ کر فلمیں دیکھنے کی بجائے **مَدَنی چینل** پر مُبلِّغین کا وعظ سن کر اپنی اصلاح کر رہی ہیں۔ اور اپنے بچوں کو گانے یاد کروانے کی بجائے نعت شریف کی ترغیب دے رہی ہیں۔ **اللّٰہ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی** اس چینل کو سلامت رکھے گورنمنٹ آف پاکستان اس چینل کو ہمیشہ کے لیے اجازت دے تو **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ جرائم ملک سے خود بخود ختم ہو جائیں گے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{302} حضرت مولانا سید محمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیبِ اعظم جامع مسجد غوثیہ، فتح پور تھکیالہ نکیال، کشمیر)

نکیال فتح پور تھکیالہ آزاد کشمیر میں **دعوتِ اسلامی** کا کام 1997ء میں ہماری جامع غوثیہ مسجد میں **مدنی قافلوں** کی برکت سے شروع ہوا۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ تقریباً پورے فتح پور تھکیالہ میں پھیلتا ہی جا رہا ہے۔ مَیں کافی عرصہ سے **دعوتِ اسلامی** کے پروگراموں میں جاتا ہوں، بلکہ بین الاقوامی اِجتماع میں جا کر

دعوتِ اسلامی کے کام کو دیکھا تو دِل باغ باغ ہوا۔ تعداد مدینہ مدینہ، اِنتظام مدینہ مدینہ، مجالس کا قیام مدینہ مدینہ، مکاتِب کا کام مدینہ مدینہ، بلکہ وہاں کا کیا کہنا بس ہرطرف فیضان مدینہ، حال ہی میں **دعوتِ اسلامی** کے اِشاعتی ادارہ مکتبۃ المدینہ کی کتابیں ''**جدّ الممتار**'' اور ''**بہارِشریعت**'' دیکھی دِل بَہُت خوش ہوا۔ مَیں اکثر بیانات میں کہتا ہوں کہ یہ **حضرت علامہ مولانا الحاج محمد الیاس عطّارؔ قادری** مُدَّظِلُّہُ العالِی نے اوپن یونیورسٹیاں کھول دی ہیں۔ بوڑھا، نوجوان ہرایک علمِ دِین آسانی سے حاصل کرسکتا ہے۔ کبھی درسوں کی صورت میں، کبھی ہفتہ وار سُنَّتوں بھرے اجتماعات کی صُورت میں، کبھی علاقوں میں **دعوتِ اسلامی** کی صورت میں، کبھی **مدنی قافلوں** کی صورت میں، کبھی حلقوں کے اندر اِجتماعات CD یا VCD کی صُورت میں، تو کبھی بازار میں جگہ بہ جگہ درس دینے کی صورت میں، کبھی **المدینہ لائبریری** جگہ بہ جگہ (اورنکیال میں جامع غوثیہ مسجد کے سامنے تقریباً پونے تین سو نوجوان کُتُب لے کر جاتے اور پڑھتے ہیں) کی صورت میں اور میلاد النبی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے دِنوں میں تو ہرطرف ایک بہار کی صورت میں، یقین کریں واقعی یہ بَہُت بڑا کام ہے مسلکِ حق اہلسنّت کا، اِسی لیے میں کہتا ہوں:

اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے **دعوتِ اسلامی** تیری دُھوم مچی ہو

اور باقی رہی سہی کسر **مَدَنی چینل** نے پوری کردی جگہ بہ جگہ **T.V** پر آ کر ٹی وی کے خلاف جہاد سُبحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ، دھڑا دھڑ کفار کا اِسلام قبول کرنا، بندہ اب گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر اہل خانہ و بچوں کا اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کیلئے ذِہن آسانی کے ساتھ بنا سکتا ہے اور بِالخصوص **66** ممالک کے اندر دینِ اِسلام کا کام آسانی سے ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{303} حضرت مولانا محمد مظفر حُسین عاجز مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم غوثیہ مہریہ صوت القرآن، تحصیل نکیال، کشمیر)

دعوتِ اسلامی جو راہِ عمل میں گامزن محبوبِ فطرت ہے لفظوں کے تَسلسُل کو محض رنگینیٔ بیاں کا اُسلوب دے کر جذبوں میں تغیّر پیدا کر دینا میرے نزدیک کسی اہمیت کا حامل نہیں ۔اسی طرح بکھرے ہوئے گُلوں کی مُنتشِر پتیوں کو لامقصدیت میں جوڑ دینا ضیاعِ وقت کے مُترادِف ہے۔خالقِ کائنات کے حُضُور دُعا گو ہوں کہ میری تحریر کو وہ تاثیر دے جو قلب کو گرما دے جو روح کو تڑپا دے۔

جہاں میں اہل ایمان صورت خورشید جیتے ہیں
اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

اِنسان کی قدر عمل کے حُسن سے ہے، اگر اِس کا دامن اچھے اعمال سے بھرا ہوا ہے تو اِس دُنیا میں بھی اس کی قدر ہے اور آخرت میں بھی اس کی عزّت ۔وہ فرد یا قوم جس کی زِندگی عمل کے سوز سے خالی ہے وہ ایک بے معنی لفظ ہے۔ بے روح جسم ہے۔گفتار کی روح کردار ہے اسی لیے نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم نے اِسلام کی دعوت دینے سے قبل اپنا حُسنِ کردار اہلِ مکہ کے سامنے رکھ دیا، گفتار کا حُسن بے مقصد اور بے معنی ہے اگر اس کے ساتھ کردار کی خوبی شامل نہ ہو، کردار ہو تو لفظوں کی شان اور شِکوہ کی ضرورت باقی نہیں رہتی ۔**دعوتِ اسلامی** میری اس تحریر کی محتاج نہیں۔کیونکہ

جوشِ کردار سے کھل جاتے ہیں تقدیر کے راز

عمل سے قوموں کے اندر جذبہ، جوش اور ولولہ پیدا ہوتا ہے۔ رواں دواں پانی تازہ رہتا ہے۔ جب کہ ساکن پانی میں بدبُو پیدا ہو جاتی ہے۔سکون تو قبر کی آغوش میں مل سکتا ہے۔ زندگی تو جدوجہد سے عبارت ہے۔ یہاں اِنسان حرکت وعمل سے آراستہ رہے تو بہتر ہے جو قومیں ہاتھ پر ہاتھ دھرے مستقبل کی مُنتظِر رہتی ہیں۔ مایوسی اور حسرت اِن کا مقدر بن جاتی ہے حرکت عمل ہی کو کہتے ہیں اور عمل سیرت و کردار کی بلندی سے اُبھرتا اور نِکھرتا ہے، صرف

گفتار کے غازی قوموں کی تقدیر نہیں بدلا کرتے ۔

سیرت نہ ہو تو عارض و رخسار سب غلط
خوشبو اُڑی تو پھول فقط رنگ رہ گیا

ہم مسلمان اگر اپنے آپ کو رسُولُ اللّٰہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کا پیکر بنالیں تو کیا بات ہے کہ ہم بھی دُور سے پہچان لیے جائیں گے اور یاد دِلائیں گے کہ اے لوگو! ہمیں بتاؤ کربلا میں کون بغیر داڑھی کے تھا؟۔کربلا میں کون بے نمازی تھا؟ بہتّر 72 میں سے کس نے شریعت چھوڑی تھی۔ہم 72 کو نمونہ بنا کر گلی گلی جائیں گے۔نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کو عام کریں گے۔مُحترم قارئین کرام **دعوتِ اسلامی** ایک تحریک ہی نہیں، ایک جَماعت ہی نہیں بلکہ **دعوتِ اسلامی** ایک جذبہ ہے۔

ہر دور کے فِرعون کو اِحساس دِلا دو
جذبہ کبھی پابندِ سلاسِل نہیں ہوتا

دعوتِ اسلامی کا مِشن کیا ہے؟ یہ نوجوان کیا چاہتے ہیں؟ تو آؤ مَیں بتاتا ہوں، تحصیل نکیال کشمیر کے اندر جو مَیں نے دیکھا جو مَیں نے پَرکھا، وہ یہ ہے کہ **دعوتِ اسلامی** تمہیں **اَللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے اَحکام کی طرف بُلانے کا ایک ذریعہ ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہیں نبی پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کا پیکر بنانا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہارے چہرے پر داڑھی دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہارے دِماغ کو رسول اللّٰہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا سودائی دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہارے دِل کو محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا محور دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** چاہتی ہے کہ سَر سے مسجد آباد رہے اور یادِ مدینہ سے دِل آباد رہے، **دعوتِ اسلامی** تمہاری مسجدوں کو آباد دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** کا مِشن ہے کہ شادی ہو یا غمی، پیدائش ہو یا عقیقہ، اِن تمام کاموں میں غیر شرعی رسومات کو ترک کر کے **اَللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ذِکر کیا جائے اور ان کے اَحکامات کے مطابق ان اُمور کو سرانجام دیا جائے۔

قارئین کرام! دعوتِ اسلامی کیا ہے؟ **دعوتِ اسلامی** **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر** یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کا نام ہے، **دعوتِ اسلامی** اچھائی کی طرف بُلاتی ہے، بُرائی سے روکتی ہے۔ اب آپ خود فیصلہ کریں کہ **دعوتِ اسلامی** کا مِشن اسلامی ہے یا غیر اسلامی؟ اگر اِسلامی ہے تو اِن کے ساتھ تعاون کریں۔ یہ مَیں نہیں کہتا بلکہ ربّ عَزَّوَجَلَّ قرآن پاک میں حکم دیتا ہے: { **وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى** (پ٦ اَلْمَائِدَة ٢) **ترجمۂ کنزالایمان**: اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔ } میڈیا کے ذریعے تبلیغِ اِسلام کا کام وقت کی اہم ضرورت تھی۔ جسے **مَدَنی چینل** نے پورا کر دیا ہے۔ اِسی چینل پر آ کر کافی تعداد میں کافروں کے اِسلام قبول کرنے کی مصدقہ خبریں موصول ہوئی ہیں، **اللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو لازوال عروج عطا فرمائے اور تبلیغِ اسلام کا بہترین ذریعہ بنائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

{304} حضرت مولانا عبدالجلیل قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب فیضانِ مدینہ مسجد، فتح پور، کشمیر)

سَرورِ کائنات فخرِ موجودات کے عنایت کئے ہوئے دینِ اِسلام کو ہر دور میں ایسے مجاہدوں کی ضرورت رہی جو مجاہدانہ صفات کے ساتھ تبلیغِ دین واِحیاءِ سُنَّت کا کام کرتے رہے ہیں۔ دورِ حاضر میں جبکہ جہاں سائنسی علوم حاصل کئے جارہے ہیں وہاں احکاماتِ دینِ متین سے روگردانی اور غفلت نے قومِ مسلم کو اپنی مطلوبہ منزل سے دُور کر دیا۔ نوجوان نسل صرف دُنیا کی رنگینیوں میں محو ہو کر رہ گئی تھی کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا کرم ہوا کہ باب المدینہ کراچی پاکستان سے ایک ایسے مُجاہد اور اِسلام وطریقت کے داعی نے ایسے جہاد کا اِعلان کیا جو سب سے بڑا جہاد ہے۔ یعنی جہاد بالنفس، اس اِسلامی لشکر میں **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا کرم و فیضانِ مصطفٰے کریم صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے اتنا اضافہ ہوا کہ

آج پوری دُنیا میں ابلیس لعین اورنفس اَمّارہ کے خِلاف میدان گرم ہے۔**مدنی قافلوں** کی برکت سے بڑی بڑی کامیابیاں حاصل ہورہی ہیں۔ کروڑوں کی تعداد میں بے نمازی، نمازی بن رہے ہیں۔لا تعداد ڈیکلیرڈ (Declared) قاتِل،فحش نوا،راہِ حق کے مسافر بن کرقرینِ اَدَب والےاوروفادارو عبادت گزار بن رہے ہیں۔اِسی پر بس نہیں بلکہ حال ہی میں مردِ مجاہد کی کاوشوں کے نتیجہ میں بین الاقوامی مدنی مرکز بابُ المدینہ کراچی میں **مجلس المدینة العلمیة** اور**دارالافتاءاہلسنّت** کا قیام، مدنی مذاکروں کی بہاروں کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کا قیام پوری دُنیامیں اِسلامی اِنقلاب لانے میں مصروف ہیں۔**مَدَنی چینل** کی بہار سے بے شُمار کفار**امیرِ دعوتِ اسلامی** کے اِصلاحی بیانات اور شریفانہ و کریمانہ عادات کو دیکھ کر حلقۂ بگوش اِسلام ہورہے ہیں۔اَلْحَمْدُلِلّٰہ سُبْحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جو بہُت بڑی کامیابی ہے،اس عظیم ترین کامیابی کا سہرا آسمانِ طریقت کے درخشندہ نجم،محسن،امیرِاہلسنّت،امیرِدعوتِ اِسلامی **حضرت مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی ہیں۔جوفی زمانہ عاشقِ رسول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم وعاشقِ غوثِ پاک رضی اللہ تعالٰی عنہ وعاشقِ اعلٰی حضرت علیہ رحمۃ الرحمن ہیں۔لاتعدادا سلامی بھائیوں کوحلقۂ مریدیتِ غوث پاک رضی اللہ تعالٰی عنہ میں داخل فرما کرحقدارِ جنت بنانے میں مصروف ہیں۔

دُعاہے کہ**امیرِدعوتِ اسلامی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ تاقیامت ہمارے سَروں پرقائم ودائم رہےاورخُدا کریم عَزَّوَجَلَّ خوب خوب ان سے دِین کا کام لے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{305} حضرت مولانا محمد طاہر عباس مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ الکرم،گلستان جوہر،باب المدینہ کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا ابلاغِ قرآن وسُنَّت کے لیے **مَدَنی چینل** کامؤثر اقدام قابلِ صد تحسین وتبریک ہے۔مَاشَاءَ اللّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) **مَدَنی چینل** کی عالم اسلام میں پذیرائی ہوئی کہ دینِ محمدی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے پیغامِ ذیشان کو بیک وقت کئی ممالک میں دیکھنے، سُننے کا اِنتظام واِنصرام ہوا۔ **اللّٰہ رَبُّ العِزّت** کی بارگاہ میں التجاوفریاد ہے کہ مالکِ قُدُّوس عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** پر ہمیں اس عظیم مقصد میں کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{306} حضرت مولانا ابوجنید احمد بخش تو گیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(الجامعۃ المعینیہ التوگیرویہ للبنات، نئی آبادی نزد فیض آباد سوہان، اسلام آباد، پاکستان)

مَدَنی چینل عین جدید تقاضوں کے مطابق مُستحسن عمل ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہر گھر تک **اللّٰہ** جلَّ جلالہٗ ورسُول اللّٰہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغامِ حُسنِ خوبی پہنچ پائے گا۔سُنّتوں کی بہاریں آئیں گی، طاغوتی چینلز کا زور کم ہوگا۔

میری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** ربُّ العٰلمین بطفیلِ مصطفٰی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم **امیرِ دعوتِ اسلامی** کی اس مثبت کاوش کو قبول فرمائے، اٰمین بجاہ النبی الکریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{307} نبیرۂ صدرالشریعہ مولانا انعام المصطفٰی اعظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ دارالعلوم نوریہ رضویہ، کہکشاں اسکیم کلفٹن، کراچی)

تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی مدنی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے عالم اسلام کے مسلمانوں کے لیے **مَدَنی چینل** کی بنیاد رکھ کر فراہمی علم قرآن وسُنَّت کا بہترین ذریعہ پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تِشنگانِ قرآن وسُنَّت کو سیرابی کا بھرپور موقع عطا فرما دیا ہے اور یوں فیضانِ قرآن وسُنَّت کے مہکتے ہوئے گلدستوں سے عالم کا گوشہ گوشہ مُعطَّر اور شرق تا غرب اِسلام کا آفاقی پیغام عام ہوتا چلا جارہا ہے۔

میری ناقص معلومات کے مطابق اس وقت برّصغیر پاک و ہند میں اسلام کے نام سے کئی چینلوں کی بھرمار ہے۔لیکن کسی چینل میں بے پردگی کا دور دورہ ہے تو کہیں فاسد عقائد کا اژدھام مُنہ کھولے ہوئے لوگوں سے ایمان کو نگلنے کے لیے تیار بیٹھا ہے۔اِشتہارات کی آڑ میں انہیں فروغ دیا جارہا ہے۔

مَدَنی چینل اِنہی تمام خرابیوں کو دُور کرنے اور لوگوں کو قرآن وسُنَّت کے جام پلا کر انہیں دین سے قریب کرنے کے لیے معرضِ وُجُود میں آیا ہے۔اور درحقیقت **مَدَنی چینل** اسلام اور مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا مبارک **نُور** پھیلا کر مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی نہ صرف بھرپور اصلاحی کوششیں کررہا ہے، بلکہ ان کے ایمان کی حفاظت بھی کررہا ہے، کیونکہ آج جبکہ دشمنانِ دین وملّت یہود ونصاریٰ و ہنود اپنی کفریہ وشرکیہ و بے ہودہ ثقافت کے ذریعے نقب زنی کو چلے ہیں، اور اپنی بے ہودہ ثقافت کے ذریعے مسلمانوں کی دینی حمیت وغیرت کو امتحان میں ڈال چکے ہیں۔

ایسے عالم میں اِس اَمر کی شدید ضرورت تھی کہ میڈیا کے ذریعے احیائے سُنَّت کے فروغ کے لیے کام کیا جائے تاکہ یہود ونصاریٰ وہنود کی فکری مرعوبیت کا شکار اور گنبدِ خضریٰ کے فیضان سے محروم رہنے والوں کو رُشد وہدایت کا **نُور** نصیب ہوجائے۔میری دُعا ہے کہ **دعوتِ اسلامی** اپنے اکابرین کی یادوں کو مینارۂ نُور بنا کر کامیابی وکامرانی کے زینے ہمیشہ طے کرتی رہے اور اسی آئینہ میں اپنے حال کے خدوخال کو دیکھ کر اُمّت مُسلِمہ کے مستقبل کو مدنی اِنقلاب سے سنوارتی رہے۔

مدنی چینل اسلاف کی برکتوں کا نُور ہے
اس کی برکت سے گھروں سے فحاشی دور ہے
تھیں پہلے کبھی جن کی نگاہوں میں دنیا کی مستیاں
ان کی آنکھوں میں اِیمان کی چمک و دل مسرور ہے

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{308 }حضرت مولانا محمد حنیف چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ چشتیہ رضویہ ضیاءالقرآن ،راہوالی،ضلع گوجرانوالہ،ڈویژنل ناظم جماعتِ اہلسنّت پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ عالم اسلام کی عظیم غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی اسلامی خدمات کا کون مُعتَرِف نہیں۔ترقی کی طرف ایک اورقدم **مَدنی چینل** ایک عظیم کارنامہ ہے۔اوراُمید ہے کہ اس عظیم کارنامہ سے علماء وعوام اہلسنّت اِسلام کے متعلق معلومات وافر حاصل کرسکیں گےاور مذہب حق اہلسنّت و جماعت کی خوب پہچان ہوگی اوراہلسنّت کامیابیوں کی طرف **دعوتِ اسلامی** کی خدمات سے گامزن ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{309 }حضرت مولانا محمد قاسم سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جگر گوشہ بانی شمس العلوم جامعہ رضویہ،بلاک این،نارتھ ناظم آباد،کراچی)

دعوتِ اسلامی عالمگیر غیر سیاسی و مذہبی تحریک ہے جو کہ صرف پاکستان ہی میں نہیں بلکہ دُنیا بھر میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شمع روشن کئے ہوئے ہےاورروز بروز ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔**اللہ** ربّ العزّت اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کےصدقے اس کومزید عروج عطافرمائے،آمین۔

دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** جو کہ کفر کے ایوانوں میں ایک زلزلہ سے کم نہیں اور فحاشی بے حیائی اور دوسری مُعاشرتی بُرائیوں کے سدِّ باب کے لیے بہترین تبلیغی مِشن ہے۔ ہمارے بچوں اور نوجوان نسل کی بہترین تربیت کررہاہے۔اور جو وقت کارٹونوں یادوسرے فحاشی کے پروگراموں میں صَرف ہورہاتھاوہ اب دِینی معلومات کے لیےصَرف ہورہاہے۔ **اللّٰہ** ربُّ العِزّت سے دُعاہے کہ اپنے حبیبِ لَبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کےصدقے و طفیل میں **دعوتِ اسلامی** کومزید عُروج عطافرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{310} حضرت مولانا پیر سید شبیر حسین شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم رحمانیہ، خطیب جامع مسجد رحمانیہ، گوجرخان، پاکستان)

احمد رضا کے فیض کا در کھلا ہوا ہے

قادری فقیروں کا جھنڈا گڑا ہوا ہے

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے ہمارے مرکز پاکستان میں بے حیائی سے دُوری اور محبت رسُول کے لیے جو **مَدَنی چینل** امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی شیخ طریقت **علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطارؔ قادری رضوی** دامت برکاتھم العالیہ نے اِجراء کیاہے۔اس کے لیے تمام اہلسنّت و جماعت کے مشائخ کے حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔یوں سمجھئے مدنی سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشبو عالم بالا سے لے کر پوری دنیا میں پھیل گئی، فقیر کی دُعا ہے کہ آپ دامت برکاتھم العالیہ کی عمر میں **اللّٰہ** تعالٰی والیٔ بغداد کےصدقے برکت عطافرمائے، آمین۔آپ نے اپنی زندگی ملت اِسلامیہ کے لیے وقف کردی۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{311} حضرت مولانا پروفیسر محمد اکرم رضاؔ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شعبہ تعلیمات اسلامیہ، گورنمنٹ کالج، گوجرانوالہ، پاکستان)

دعوتِ اسلامی بِحَمْدِ اللّٰہ وَعَوْنِہ اپنی بلند پایہ کوششوں، گرانقدر کاوشوں، اَنتھک محنتوں، بے مثال سرفروشیوں اور باکمال ریاضتوں کی بدولت اُمتِ مُسلِمہ سے بالعموم اور دیگر اقوام عالم سے بالخصوص جس خوبصورت بامقصد اور لائق صد تحسین انداز میں اپنا وجود تسلیم کروا چکی ہے اور جس جامعیت اور ہمہ گیریت کے ساتھ تعمیر شخصیت اور اصلاح معاشرہ کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ **مَدَنی چینل** اس انداز اور جامعیت کا ایک اِنتہائی اہم تقاضا تھا جو حُسنِ خوبی پورا ہوا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو مزید رِفعتوں سے سرفراز فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{312} حضرت مولانا لیاقت علی صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ لیاقتیہ صدیقیہ، چراغ کالونی شادباغ، مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اسلامی نے دُنیا میں احیائے اسلام کے لیے جو خدمات سَرانجام دِیں اور دے رہی ہے اِس سے ہر سُنّی عالم کا سَر فخر سے بلند ہے یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر دیا ہے یہ وقت کی اہم ضرورت تھی، **دعوتِ اسلامی** نے اس کو بھی پورا کر دیا، **اللّٰہ** تعالیٰ **حضرت امیر اہلسنّت علامہ محمد الیاس قادری** کو صحتِ کاملہ عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{313} حضرت مولانا اللہ دین چشتی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(دارالعلوم مقصودیہ غوثیہ، کوٹ گلہ شریف، ضلع چکوال، پاکستان)

اس الیکٹرانک میڈیا کے دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز اُمید کی ایک کِرن اور شب تار (اندھیری رات) میں سحر کے نمودار ہونے کی ایک نوید ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کی یہ عظیم دِینی کاوش قبول ومنظور فرمائے اور اس تحریک کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔ **مَیں** اپنی طرف سے اور اپنے دارالعلوم مقصودیہ غوثیہ کی طرف سے آپ کا بہُت ممنون ہوں کہ اس سفرِ عشق ومحبت میں اپنا رفیق بنایا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{314} حضرت مولانا فیضِ رسُول شمسی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ کاظمیہ خورشید المدارس ظاہر پیر، تحصیل خانپور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا وجود اہلسنّت کے لیے فضل خداوندی عَزَّوَجَلَّ ہے۔ حضرت صاحب (امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتھم العالیہ) مَنبع جود وسخا، محبّ العلم والعلماء اور **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْیٌ عَنِ الْمُنْکَر** یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کے داعیٔ اشرف ہیں۔ آپ کی توجّہ وبرکت سے **دعوتِ اسلامی** کو بے مثال شہرت حاصل ہوئی اور **مرکزی مجلس شوریٰ** کی **مَدَنی چینل** کے اِجرا کی کاوش فحاشی وعُریانی کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے لیے دیوارِ اسکندر یہ ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے دیکھنے سے گمراہ لوگوں کو ہدایت ملے گی۔ تمام مسلمانوں کو فحاشی والے چینل دیکھنے کی بجائے **مَدَنی چینل** دیکھنا چاہیے تاکہ دِینِ اِسلام کی پہچان نصیب ہو۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اپنے حبیب پاک صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو مزید ترقیاں نصیب فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّ َوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{315} حضرت مولانا محمد سلیم چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بمقام ڈوبیرن تحصیل کلرسیداں، ضلع راولپنڈی، پاکستان)

بندۂ گناہگار کی دِلی دُعا ہے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلین پاک کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو دوپہر کا ایسا سورج بنائے جس پر نہ ظہر آئے نہ عَصر نہ ہی وہ سُورج غروب ہو۔ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی قافلے** محبوبِ خدا عَزَّوَجَلَّ کی سنتوں کو ادا کرتے، سیکھتے سکھاتے دنیا کے کونے کونے میں پہنچ جائیں۔ بندۂ ناچیز اس مرتبہ مدینۃ الاولیاء ملتان شریف سے غزالیٔ زماں احمد سعید **کاظمی شاہ** صاحب رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کی کیسٹ لایا، تقریر کا عنوان تھا "**تبلیغِ اسلام**" سننے کے بعد پتا چلا غزالیٔ زماں **دعوتِ اسلامی** کے اجتماع میں خطاب فرما رہے ہیں۔ اور **دعوتِ اسلامی** کے لیے اور امیرِ اہلسنّت کے لیے خوب خوب دُعائیں فرما رہے ہیں۔ پیرانہ اور فقیرانہ آواز سے دِل دَھک دَھک کر کے یہ کہہ رہا تھا غزالیٔ زماں رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کی دُعا قبول ہو چکی ہے۔ سینکڑوں عُلماء آج اِسے دِینِ اِسلام کی ضرورت سمجھتے ہیں۔ مَیں تو یہ کہوں گا سب سے پہلے اُس اسلامی بھائی سے سوال کرنا چاہیے جو تازہ تازہ اسلام قبول کر کے گویا دوزخ سے نکل کر جنت میں داخل ہو گیا۔ کیا **مَدَنی چینل** سے اِسلام کی اشاعت ہوگی یا نہیں؟ **مَدَنی چینل** ضروری ہے یا نہیں؟ جی تو چاہتا ہے **مَدَنی چینل** کی حمایت میں تأثرات لکھتا جاؤں عقلی ونقلی اعتراضات کے جوابات بھی لکھتا جاؤں۔ لیکن دیگر دینی مصروفیات آڑے آرہی ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ میری اس مختصر تحریر کو میرے لیے بروزِ قیامت ذریعۂ نجات بنائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّ َوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{316} حضرت مولانا حافظ فیض محمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد خضر اللہ آباد، تحصیل لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی خدمات دِین کے لیے بَہُت نمایاں ہیں۔لیکن **مَدَنی چینل** ان میں سے بَہُت فائدہ مند ثابت ہوگا۔آپ کو بندہ کی طرف سے بَہُت مبارک ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{317} حضرت مولانا فیض احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ غوثیہ طفیلیہ، گلفشاں سوسائٹی، ملیر ہالٹ، باب المدینہ کراچی)

اِس پُرفتن دور میں جب کہ چہار طرف سے عالَمِ کُفر نے مسلمانوں کو گمراہ کرنے، بداَخلاق کرنے، دورِ جاہلیت کی تہذیب میں مبتلا کرنے، اور افکارِ فاسدہ مسلمانوں میں پھیلانے کے لیے اپنے ٹی وی چینلز کے ذریعے بھرپور یَلغار کر رکھی ہے۔ٹی وی چینلز مسلمانوں کو بے راہ روی کا شکار کرنے میں پیش پیش اور عالمِ کفر کی رَوِش کو اپنائے ہوئے ہیں۔ضرورت تھی کہ ایسا ٹی وی چینل بھی ہو جو ٹھوس اسلامی تعلیمات کی نشر و اِشاعت کرے۔حُضُور نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سِیرتِ پاک کو اپنانے کی دعوت دے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** نے وہ ضرورت پوری کردی۔**مَدَنی چینل** کا اِجرا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا بَہُت بڑا فضل ہے، اور یہ خوش آئند ہے۔**اللہ** تبارک وتعالٰی عَزَّوَجَلَّ ملک پاکستان کے حُکمرانوں کو اس چینل کے مستقل طور پر جاری کرنے اور مزید وسیع پیمانے پر تبلیغ دین پھیلانے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{318 }حضرت مولانا رفیق اللہ نعمانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ نعمانیہ، تحصیل وضلع لودھراں، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ابلاغ وتبلیغ، درس وتدریس، تالیف وتصنیف میں دعوتِ اسلامی جونُمایاں خدمات سَر انجام دے رہی ہے اس سے عوام میں اسلامی سوچ بیدار ہورہی ہے، ذِہنوں میں ذِکروفکر پیدا ہورہا ہے، اِسلامی طرزِ عمل کو اپنایا جارہا ہے۔ غیر اسلامی معاشرہ اور فحاشی عُریانی بے حیائی اور بے راہ روی کی یلغار کے بالمقابل ہر طرح سے اِشاعتِ دین متعین کرنا وقت کا اہم تقاضا ہے کیونکہ میڈیا کے ذریعے جب گھر گھر بُرائی پہنچائی اور سِکھائی جارہی ہے تو اس کا دِفاع اہم ضروری ہے۔ لہٰذا **مَدَنی چینل** سے ہر فرد تک محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دعوت، شانِ رِسالت کی اشاعت، اِسلامی طرزِعمل کی برکت، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے فرائض کی اہمیت، سُنّت رسُول مقبول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نُورانیت اور ذِکراللہ وذکرِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم جو کہ روح کی غذا ہے، سے رُوحانیت پیدا ہوگی اور جس میں عبادت کے طریقے دِکھائے اور سِکھائے جاتے ہیں حقوق العباد بتائے جاتے ہیں۔ لہٰذا فقیر دُعا گو ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیبِ لبیب حضرت محمد صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے کامیاب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{319 }حضرت مولانا غلام یٰسین گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ حنفیہ خیرالمعاد بھینس کالونی روڈ، لانڈھی، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل کے اِجرا کی خبر سُن کر بہُت خوشی ہوئی **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر میں

امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ **محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتہم العالیہ اور **مرکزی مجلس شوریٰ** کو مُبارک باد پیش کرتا ہوں اور **دعوتِ اسلامی** کی بے شمار خدمات ہیں میڈیا کے بغیر بھی **دعوتِ اسلامی** کی بدولت لاکھوں اِنسانوں نے اپنی اِصلاح کی اور کررہے ہیں۔ لیکن آج کا دور میڈیا کا دور ہے اہلسنّت میڈیا کے حوالے سے دیگر باطل قوتوں کے مقابلے میں بہُت ہی کمزور ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے اِجرا سے اہلسنّت کے مسلک کو بہُت تقویت حاصل ہوگی۔ **مَدَنی چینل** پر اہلسنّت کے عقائد کو مُدلّل طریقے سے پیش کیا جائے تا کہ عوام اہلسنّت اس کے فیوض و برکات سے مالا مال ہوں۔ آخر میں دُعا کرتا ہوں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتہم العالیہ اور دیگر عُلمائے اہلسنّت اور مشائخ اہلسنّت کی عمروں کو دراز فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{320} حضرت مولانا محمد حسین حیدر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ الکلیۃ الغوثیہ للبنات، بدر کالونی پتوکی، ضلع قصور، پاکستان)

مَدِینَۃُ الاولِیاء ملتان شریف میں سالانہ اِجتماع کی کامیابی اور **مَدَنی چینل** کے آغاز کی مبارک قبول فرمائیں۔ **دعوتِ اسلامی** نے حضرت امیر جماعت، حضرۃ العلّام، پیر طریقت، رہبر شریعت، مُبلّغِ اسلام **حضرت علامہ محمد الیاس قادری صاحب** زید مجدہٗ کی قیادت میں نہایت ہی اعلیٰ اور عُمدہ بے مثال عمل شروع کیا ہے اور در حقیقت مسلک حقّہ اہلسنّت و جماعت کی خدمت کا عظیم بیڑا اُٹھایا ہے اور لوگوں کو **مَدَنی چینل** کے ذریعہ سے دِینی مسائل اور تاجدارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سچّی محبت اور سنّتوں کا درس شروع فرما کر ہدایت کا راستہ دِکھانے کا ایک عظیم سِلسلہ شروع فرمایا ہے اور ایک اہم ضرورت کو پورا فرمایا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں مصطفٰے کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے واسطہ سے دُعا ہے کہ ہمارے سَروں پر امیر جماعت (یعنی امیرِ اہلسنّت

مَدَنی چینل کا سایہ قائم ودائم رکھے اور معاونین وخادمین کی کوششوں کو قبول فرمائے (دامت برکاتہم العالیہ) اور مَدَنی چینل کی فیوض وبرکات جاری رکھے، آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{321} حضرت مولانا حضور بَخش فخری چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس وخطیب جامعہ محمدیہ فریدیہ انوارالاسلام، لودھراں، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے قیام پر بہُت خوشی ہوئی، اس سے اِسلام کی اشاعت بہتر ہوگی۔ وقت کے تقاضوں کے مطابق بہُت فائدہ ہوگا۔ وعظ ونصیحت کے لیے مؤثر ہوگا، بُرائی سے بچنے اور اعمالِ صالحہ کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ شریعت مُطہَّرہ کی مَعرِفت وعمل کرنے کا ذوق بڑھے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ عملِ صالح کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور امیر اہلِ سُنَّت کی زِندگی دراز فرمائے اور زیادہ سے زیادہ دینِ متین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{322} حضرت مولانا محمد شہباز ظفر مدنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس شعبہ درسِ نظامی جامعہ رضویہ مظہر العلوم، فورڈ عباس، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَلٰی اِحْسَانِہٖ وَمَنِّہٖ وَکَرَمِہٖ **مَدَنی چینل** اپنی بہارِیں لوٹا رہا ہے اور **دعوتِ اسلامی** کے پیغام کو گھر گھر پہنچا رہا ہے ہمارے مدنی مرکز کا اس حوالے سے یہ ایک بہتر اقدام ہے اور اس کی بے حد ضرورت بھی تھی کہ جب غیر اپنا مُلَمَّع سازی کیا ہوا پیغام لوگوں کے گھروں میں اس ٹی وی کے ذریعے گھسا رہے تھے تو اس بات کی ضرورت تھی کہ حق کا بھی سب تک اصلی روپ پہُنچے۔ بالجملہ **مَدَنی چینل** وقت کی ضرورت، قوم کی

پکاراور دِلوں کی دھڑکن ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کودوام واِستحکام عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{323} حضرت مولانا نیاز احمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد جیلانی، چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَحقر العِباد نے جب **مَدَنی چینل** کے اِجرا کی خبر سُنی تو انتہائی دِلی مُسرّت ہوئی۔ دیگر چینلز کے ذریعہ زمانۂ جاہلیت سے بڑھ کر اخلاق کی دھجیاں اُڑائی جارہی ہیں، اورنسلِ نو کو میڈیا کے ذریعے اخلاق بد اور افکار فاسدہ میں جکڑا جا رہا ہے۔

اِنتہائی ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جس پر اُمتِ مُسلِمہ کی اخلاقی، اِصلاحی اورفکری تربیت کی جائے اور صَحیح معنوں میں آقائے کونین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام پہنچایا جاسکے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ رَبِّ الْعٰلَمِیْن **دعوتِ اسلامی** کے امیر امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا پیرِ طریقت **محمد الیاس قادری** مُدَّظِلُّہٗ اور آپ کے تربیت یافتہ مُبلّغین نے اس عظیم ضرورت کو پورا کر دیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت اور **مَدَنی چینل** کے اجرا کے معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{324} حضرت مولانا حافظ شفیق احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فارغ التحصیل جامعہ علیمیہ، اسلامک سینٹر، باب المدینہ کراچی)

سب سے پہلے تمام تعریفیں **اللہ** جَلَّ مَجدہٗ کے لئے ہیں جس نے ہم کو ہدایت کی نعمت عطا فرمائی اور اپنے حبیب حضرت **محمد** صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیروکار بنایا۔ مجھے اپنے گھر والوں کے ساتھ آپ کا **مَدَنی**

چینل دیکھنے کا موقع ملا جسے مَیں نے اُمّت مُسلِمہ کے لئے بہُت زیادہ مُفید پایا۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{325 }حضرت مولانا کریم بخش چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد سٹی لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

بندہ عاجز آپ کے **مَدَنی چینل** سے بہُت فرحاں وشاداں ہے۔ بندہ عاجز کی کوشش رہتی ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے سالانہ اجتماع میں حتَّی المقدور شرکت کی جائے۔ بانیٔ **دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کو **اللّٰہ** تعالیٰ طویل عمر عطا فرمائے تاکہ دین کے چراغ جلتے رہیں۔ فقیر کی ہمدردیاں **دعوتِ اسلامی** سے رہی ہیں۔ اِس جدید دور میں اس کی اَشد ضرورت تھی جو کہ **دعوتِ اسلامی** کی مساعی جمیلہ سے پایۂ تکمیل کو پہُنچی۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{326 }حضرت مولانا مفتی فتح محمد باروزئی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رکن مجلس عاملہ تنظیم المدارس پاکستان، مہتمم جامعہ فیض العلوم نقشبندیہ، سبی بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل پر صرف اور صرف دینِ اسلام کے متعلق مسائل ہی بیان کئے جاتے ہیں اور اس **مَدَنی چینل** پر کسی قسم کے لہو ولعب وغیر شرعی باتیں نہیں ہوتیں، اس لئے دین اسلام کی اشاعت وحقانیت کے لئے تبلیغی صورت میں **دعوت اسلامی** کا یہ اِقدام بصورت **مَدَنی چینل** بہُت ہی مُفید ہوگا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ اس اچھے کام کو ناجائز کہنا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔ ھٰذَا مَا عِنْدِی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{327} حضرت صاحبزادہ منیر احمد جان نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(درگاہ نور پور، سبی بلوچستان، پاکستان)

چونکہ **دعوت اسلامی** نے کفار اور بے دینوں کے فحش پروگراموں کے مقابلے میں اہل اسلام کو شریعت مُطھَّرہ کے احکام، دین کے فضائل و مسائل سیکھانے کے لئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے جس میں عالم اسلام کے مسلمانوں کو، نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ جیسی اہم عبادات سے عوام الناس کو باخبر رکھنے اور اسلامی احکامات پر عمل کرانے کی ترغیب پیدا کرنے کیلئے **مَدَنی چینل** کا اہتمام کیا ہے یہ بہُت ہی اہم اور مُفید کام ہے۔ **مَدَنی چینل** میں قرآن پاک کی تلاوت، ترجَمہ تفسیر، اور نعت رسُول مقبول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے سِلسلے بہُت ہی عمدہ ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس اہم کام میں تمام اسلامی بھائیوں کو جو اس **مَدَنی چینل** کے اُمور کے لئے کوشاں ہیں جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{328} حضرت مولانا غلام مرتضٰی ساقی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامع مسجد شہیدیہ، قلعہ دیدارِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، گوجرانوالہ، پاکستان)

حق و باطل ہمیشہ بَرسرِ پیکار رہے ہیں۔ اگر باطِل شکلیں بدل کر آتا ہے تو حق ہر صورت میں اس کو دباتا اور اس کا قلع قمع کرتا ہے۔ **دعوتِ اسلامی** حق وصداقت کی علمبردار ہے۔ پرنٹ میڈیا میں وقیع خدمات کے ساتھ ساتھ الیکٹرانِک میڈیا کی طرف پیش قدمی بہُت مؤثر اور نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ **مَدَنی چینل** کے اس اقدام سے وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا گیا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ثابت قدمی مرحمت فرمائے اور فتوحات و برکات کے دروازے کھول دے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{329} حضرت مولانا قاری نسیم باری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد یارسولَ اللہ، چک نمبر 275 ج۔ب، پینسرہ، فیصل آباد، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جزائے خیر عطا فرمائے جناب امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت فیوضھم کی جنہوں نے دعوتِ اسلامی کو تحریک ہی نہیں بلکہ ایک تنظیم سے مزین وآراستہ فرمایا اوراس نیٹ ورک کو 27 سال کے مختصر عرصے میں 66 سے زائد ممالک تک پہنچایا، جس کے تقریباً 36 سے زائد شعبہ جات سے مختلف میوے اپنے رنگوں اور ذائقوں سے اُمتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو مُستَفِید کررہے ہیں اوراب **مَدَنی چینل** کے نام سے خالص مذہبی ودِینی نشریات کے حامل وعلمبردار ٹی وی چینل کا اجرا امیر اہلسنّت اور دعوتِ اسلامی کا ایک منظّم کارنامہ ہے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نئی نسل کو راہِ راست پر لانے کیلئے معاون ثابت ہوگا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{330} حضرت مولانا محمد رمضان صابری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ کنز العلوم عربیہ اسلامیہ، بستی لودھراں خیر پور سادات، تحصیل علی پور، ضلع مظفر گڑھ، پاکستان)

یہ تو اظہر من الشمس ہے کہ حق وباطل کی لڑائی ابتدا سے آرہی ہے مگر حق کا ہمیشہ بول بالا رہا ہے۔ یقیناً اہلسنّت وجماعت کے لیے دعوتِ اِسلامی کا وجود نعمت عُظمٰی ہے اوراس کا کردار باوقار ہے۔ نیز اشاعت دین اور اِصلاح عمل

کے لیے **مَدَنی چینل** بہترین ذریعہ ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{331 }حضرت مولانا محمد اشرف مانگوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مدینہ مسجد، مہتمم جامعہ الاثانیہ رضویہ، شکر گڑھ، نارووال، پاکستان)

مَدَنی چینل وقت کی ضرورت تھی جسے **دعوتِ اسلامی** نے پورا کیا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{332 }حضرت مولانا محمد شاہد اقبال رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دفتر جماعتِ اہلسنّت، پرانا اڈا، ڈیرہ دین شاہ، تحصیل کوٹ اڈو، ضلع مظفر گڑھ، پاکستان)

سب سے پہلے **دعوتِ اسلامی** کے بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اجتماع کی کامیابی پر مُبارک باد پیش کرتا ہوں، قبول فرمائیں۔ دوسرے نمبر پر **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کے آغاز پر مُبارکباد پیش کرتا ہوں، کیونکہ **مَدَنی چینل** عوامِ اہلسنّت کی عظیم فتح اور کامیابی اور کامرانی ہے۔ اور **دعوتِ اسلامی** کا ایک عظیم قدم ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے عوامِ اہلسنّت بلکہ امامِ اہلسنّت مولانا شاہ امام احمد رضا رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کے عاشِقوں اور دِیوانوں تک امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ کا پیغام پہنچایا جا رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** بھی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کا ایک ذریعہ ہے اور اس کی وجہ سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ لوگوں کی اِصلاح ہوگی اور **دعوتِ اسلامی** کی بہار گھر گھر پہنچے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{333 }حضرت مولانا محمد پیر سید سلطان علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و مہتمم دار العلوم حنفیہ حسینیہ ہمدانیہ، بھنگالی شریف، ضلع راولپنڈی، پاکستان)

مَدَنی چینل کے اِجرا پر آپ کو دِلی مبارکباد پیش کرتے ہیں کیونکہ اِس کے پرچار سے مَسلکِ اہلسنّت کا پرچار ہوگا۔ دُعا ہے کہ امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور مجلسِ شوریٰ کے اراکین اور **دعوتِ اسلامی** کے تمام ممبران کو اللہ تعالیٰ دین ودُنیا کی بھلائیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{334 }حضرت مولانا مفتی محمد ایوب ہزاروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی و مدرس جامعہ اسلامیہ رحمانیہ، ہری پور ہزارہ، صوبہ خیبر پختونخواہ، پاکستان)

یہ حقیقت ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے اَمیر، امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتھم العالیہ کے تجدیدی کارناموں سے پُوری دُنیا میں احیائے دِین اور احیائے سُنَن ہوا۔ ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں بچّوں، نوجوانوں، مردوں، عورتوں اور بوڑھوں کو مُتَّبِعِ سُنّت بنانا احیاءِ اسلام نہیں تو اور کیا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کے وُجُودِ مَسعُود میں مزید بَرَکت فرمائے۔ **مَدَنی چینل** کے اِجرا سے مجھے بَہُت مُسرّت ہوئی۔ اِس ذریعۂ ابلاغ سے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بَہُت لوگ مُستَفِید ہوں گے اور **دعوتِ اسلامی** کا پیغام زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچے گا۔ میری رائے میں اگر درسِ قرآن، درسِ حدیث اور نعت وغیرہ خالصتاً مذہبی پروگرام کو مزید وُسعت دی جائے اور اسلام کے بارے میں دِیگر معلوماتی یا مُفید پروگرام بھی شروع کئے جائیں تو **مَدَنی چینل** اور زیادہ دلچسپ اور دِلکش

ہوجائے گا۔ **میری** دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کو ترقی نصیب فرمائے اور مسلمانوں کی اِصلاح کا ذریعہ بنائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{335} حضرت مولانا محمد امجد علی سُلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ غوثیہ، کہروڑ پکّا، لودھراں، پاکستان)

یہ ایک مُسلَّمہ حقیقت ہے کہ باطل کا راستہ بند کرنے میں جو کردار **دعوتِ اسلامی** نے ادا کیا ہے وہ علماء سے بھی نہ ہوسکا۔ اور سونے پر سہاگہ یہ کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے ایک نیا اور اچھوتا باب تاریخ کے اَوراق پر رقم کردیا ہے۔ **اللہ** ربُّ العِزّۃ سے دُعا ہے **اللہ** تعالٰی اس عظیم ترین کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{336} حضرت مولانا محمد افضل صابری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ منظور المشائخ صابریہ، عقب سبزی منڈی، غوثیہ مارکیٹ، بہاولپور، پاکستان)

مَدَنی چینل کے قیام پر اِنتہائی خوشی ہوئی۔ یہ ایک بَہُت بڑا میدان جو تبلیغی اِعتبار سے خالی چلا آ رہا تھا اُس کو پُر کرنے کی عملی کوشش کی گئی ہے۔ اس کوشش پر **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ کو بَہُت بَہُت مُبارکباد ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{337 }حضرت مولانا محمد حسنین صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم کریمیہ رضویہ، صدر تنظیم علمائے اہلسنّت و جماعت، دارالسلام (ٹوبہ) پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز دعوتِ اسلامی کی بہُت بڑی کاوِش ہے۔دورِ جدید کے تقاضوں کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اِسلامی چینلز کی اَشد ضرورت ہے تا کہ اَصل دِینی عقائد کو سمجھا اور سمجھایا جائے۔**مَدَنی چینل** بارش کا وہ پہلا قطرہ ہے جو دِین سے دُوری رکھنے والے ذِہنوں کو سرسبز اور تر و تازہ کر رہا ہے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کرتا رہے گا۔اللّٰہ تعالیٰ اس چینل پر کوشش کرنے والوں کو اَجرِ عظیم عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{338 }صاحب فتح المنعم حضرت مولانا عبدالرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شرح صحیح مسلم، مدرس جامعہ غوثیہ، ہدایت القرآن، ممتاز آباد، مدینۃ الاولیاء (ملتان))

فحاشی و بُرائی اور بے رَاہ روی کے اس دَور میں اَشد ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جو خالصتاً اِسلامی اور مذہبی رِوایات کو ترویج دے اور خُصُوصاً نوجوان نسل کی کردار سازی کرے۔بِحَمْدِاللّٰہ تعالٰی دعوتِ اسلامی نے اس اَشد ضرورت کو بروقت محسوس کیا اور **مَدَنی چینل** کا اِجرا کیا۔دُعا ہے ربّ تعالیٰ اس کے فوائد و بَرَکات کو عام فرمائے اور دعوتِ اسلامی کو اپنے مقاصِدِ حَسَنہ میں کامیاب و کامران فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{339 }حضرت مولانا سید محسن علی شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد نورانیہ غوثیہ، صدر سُنّی اتحاد، چیچہ وطنی ضلع ساہیوال، پاکستان)

مَدَنی چینل دعوتِ اسلامی کا وہ کارنامہ ہے جس سے ایک عالَم فیض حاصل کرتا رہے گا۔اَربابِ

علم ودانش نے اس کو بے حد سَراہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو اس طرح دِن گیارھویں رات بارھویں ترقّیاں عطا فرمائے۔ اور قِبلہ امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم فرمائے۔ فقیر کی دیرینہ خواہش ہے کہ قبلہ امیرِ اہلسنّت کو **اَمیر شریعت** کے لقب سے مُلَقَّب کیا جائے جو حقیقت میں اس لقب کے مِصداق ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{340} حضرت مولانا سید صابر حسین شاہ بخاری القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ حضور سبحانی میاں وعلامہ شرف قادری، سربراہ ادارہ فروغِ افکارِ رضا، امام اہلسنّت لائبریری بُرہان شریف، ضلع اٹک، پاکستان)

موجودہ دَور نہایت پُرفِتَن دور ہے۔ روشن خیالی کی آڑ میں فحاشی وعُریانی کی خوفناک آندھی میں سادہ لوح مسلمانوں کی بینائی متأثر ہورہی ہے۔ اس پر مختلف ٹی وی چینل شاہد ہیں۔ باطِل اَفکار ونظریات کو بعض اسکالرز پُرفریب انداز میں عام کرنے میں مصروف ہیں۔ اہلِ سُنَّت کو ان حالات میں بیدار مغزی کا ثبوت دینا چاہیے اور ہر محاذ پر کام کرنا چاہیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ قبلہ **محمد الیاس عطاؔر قادری** دامت فیوضھم نے **دعوتِ اسلامی** کے زیرِ اِہتمام تبلیغ وسُنَّت کو عام کرنے کے سلسلہ میں اَہم اقدامات فرمائے ہیں اور کئی شعبہ جات قائم کئے ہیں۔ اب میڈیا دور میں خاموش تماشائی بننا کوئی عقل مندی نہیں۔ ضرورت تھی کہ اہلِ سُنَّت کا ایک اپنا ٹی وی چینل ہو جو خالِصتاً نظریاتی وفکری بنیادوں پر کام کرے اور اُمتِ مُسلِمہ کی رہنمائی کرے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت امیر اہلسنّت مدظلہ العالی نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا فرما کروقت کی اَہم ضرورت کو پورا فرما دیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کا قیام خوش آئند اور حوصلہ اَفزا ہے۔ بے شک یہ روشنی کی ایک کِرن ہے۔ **مَدَنی چینل** ایک نعمتِ غیر مُترَقَّبہ (ایسی نعمت جس کی اُمید نہ ہو) ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ تبلیغ کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا اور اسے

شہرت عام اور بقائے دوام حاصل ہوگا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب حضرت احمد مجتبیٰ **محمد** مصطفےٰ صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے طفیل اہلِ سُنَّت کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** کو سلامت با کرامت رکھے اور کامیابی وکامرانی عطا فرمائے ،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{341} حضرت مولانا مفتی محمد عمران حنفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی دار العلوم جامعہ نعیمیہ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

عالمگیر غیر سیاسی تبلیغی تحریک دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام **مَدَنی چینل** کا اِجرا واقعی اَحسن عمل ہے ۔اور اُمید واثق ہے کہ **مَدَنی چینل** بدعقیدگی اور فَحاشی عُریانی کے طوفان کو روکنے میں اَہم کردار ادا کرے گا اور اس سے عُمدہ نتائج برآمد ہوں گے۔ **میری دلی دُعا ہے کہ اللہ** عَزَّوَجَل اپنے **حبیب کریم** صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے تَوَسُّل سے **دعوتِ اسلامی** کو مزید عُروج عطا فرمائے اور مُتعلِّقین و مُحِبّین ومعاونین کو عزّتیں راحتیں عطا فرمائے ،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{342} حضرت مولانا غلام درویش القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سنئیر خطیب محکمۂ اوقاف، تحصیل لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

آج اس وقت اُمتِ مُسلِمہ بے راہ راوی کا شکار ہوچکی ہے اور بے حیائی کا طوفان میڈیا کے ذریعے تیزی سے پھیلا جا رہا ہے۔اس فتنہ کے خاتمہ کیلئے **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بَہُت ہی مؤثر ثابت ہوگا اور مُبلِّغین کے اصلاحی اور تحقیقی بیانات سے اُمتِ مُسلِمہ کی اِصلاح کا ساماں ہوگا اور اس **مَدَنی چینل** کے

ذریعے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بَہُت بڑی کامیابی حاصل ہوگی۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{343} حضرت مولانا حافظ محمد سردار احمد باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ بارویہ شمس المدارس، کالا کالونی، تحصیل وضلع ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

سب سے قبل آپ کو اور آپ کی تمام ٹیم کو اور خُصُوصاً امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کو ملتان شریف میں سالانہ سنتوں بھرے اجتماع کی کامیابی اور خیر و عافیت کے ساتھ مُنعَقِد ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اِس کے علاوہ **مَدَنی چینل** قائم کرنے کی مُبارکباد۔ اس وقت کُفر اور منافقت اور بداِعتقادی اور بداعمالی کا ہر طرف اندھیر ہے۔ اس کے مقابلے میں **مَدَنی چینل** کا قیام بہُت اچھا اقدام ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے **دعوتِ اسلامی** کو اس کا اعزاز بخشا۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے **دعوتِ اسلامی** کو مزید تَرقّیاں نصیب فرمائے اور دِینِ مَتین کی خدمت کی اور زیادہ توفیق نصیب فرمائے اور قبلہ امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کی عمر میں مزید بَرَکتیں عنایت فرمائے اور اُن کا سایہ ہم پر تادیر قائم فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{344} اُستاذ العُلَماء حضرت مولانا ملک محمد بوستان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، گلزار طیبہ، سرگودھا، پاکستان)

ایک روز **مَدَنی چینل** کو دیکھنے کا خُصُوصی وقت نکالا، دیکھ کر طبیعت خوش ہوئی کہ آپ کے ادارہ نے اس دور میں مؤثر ترین ذریعہ سے پیغامِ حق پہنچانے کا اِہتمام کیا ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اِنتہائی کٹھن کام ہے اوراس کے ضروریات کو پورا کرنا بھی جوئے شیر لانے کے مُترادِف ہے۔تاہم عزمِ مُصَمَّم اور اِخلاص جیسی نعمت نصیب ہو جائے تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ انسان کی تمام مشکلوں کو آسان کر دیتا ہے۔**دعوتِ اسلامی** کا کام کیونکہ پوری دُنیا میں متعارف ہو چکا ہے اس لیے اس چینل کو یہ اَمر بھی مدِّ نظر رکھنا ہوگا۔تاہم ابتدائی طور پر پاکستان میں موجود تمام افراد کے لیے بہتر سے بہتر رہنمائی کو مقصود و مطلوب بنانا اوّلین ترجیح ہونی چاہیے۔میں بارِ دِگر **مَدَنی چینل** کے شروع کرنے پر **دعوتِ اسلامی** اوراس چینل کی کامیابی کے لیے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور دُعا گو ہوں اوراس کی بارگاہ میں عرض کناں ہوں کہ وہ اپنے حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل کامرانی سے نوازے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{345} حضرت مولانا سید محمد طاہر شاہ اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب ریزیڈینسی جامع مسجد امدادیہ، سیکٹر 15/C، بنگلہ بازار، اورنگی ٹاؤن، باب المدینہ کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ عُلمائے حقّہ کے تاثُّرات پڑھ کر تسلّی ہوئی کہ ان حضرات کی دُعائیں بھی **مَدَنی چینل** کے ساتھ ہیں۔جوں جوں زمانہ سائنسی اِنقلابات کی طرف جارہا ہے اسی لحاظ سے بے حیائی عُریانی فحاشی بھی ہرگھر میں گھس کر اِیمان کی شمع کو بُجھانے کی مذموم حرکت بھی کر رہی ہے۔ایسے میں یقیناً **مَدَنی چینل** خزاں رَسیدہ چمن میں پہلی بہار کا مُشکبار پھول بن کر اِیمان کے باغ میں مہک لانے کا ذریعہ ہے۔میری والدہ ماجدہ **دعوتِ اسلامی** کے مدنی ماحول کی تعریف فرماتے ہوئے کہتی ہیں: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ زندہ رکھے **دعوتِ اسلامی** میں، موت عطاء فرمائے **دعوتِ اسلامی** میں، اور اُٹھائے **دعوتِ اسلامی** میں (آمین) اِسی دعاؤں کے ساتھ **مَدَنی چینل**

کو **اللہ** دن گیارہویں اور رات بارہویں عُروج وکمال عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{346} حضرت مولانا محمد عارف فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ رضویہ مظہر الاسلام، بیٹ میر ہزار، تحصیل جتوئی، ضلع مظفر گڑھ، پاکستان)

فقیر آپ کے بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اجتماع اور **مَدَنی چینل** کی جتنی تعریف کرے کم ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب اعظم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو قائم رکھے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{347} حضرت مولانا محمد ہاشم خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ، لیاقت پور شہر، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

حقیقت یہ ہے کہ جو مدنی آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا غلام ہے، وہ ہمارا امام ہے، اس سے محبت کرنا ہمارا کام ہے۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی قریب سے زیارت کی خواہش ہمیشہ رہتی ہے۔ **مَدَنی چینل** وقت کی اہم ضرورت تھی جس کا سہرا آپ کے مُقدّر میں لکھا تھا۔ مَیں آپ کو اور آپ کے تمام معاونین کو دِل کی گہرائیوں سے ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

اَلْحَمْد لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** جہاں دیگر شعبہ جات مثلاً تبلیغ وتحریر، تدریس میں قابلِ تحسین کام کر رہی ہے وہاں اس نے یہ چینل جاری کر کے اس خلا کو بھی پُر کر دیا ہے۔ آج گھروں میں یہ چینل دیکھا جارہا ہے دِلوں میں اُترنے والے دُعائیہ کلمات بچوں، بوڑھوں اور عورتوں پر اِحسانِ عظیم سے کم نہیں۔ جہاں ان کو دل خراش پروگرام

دیکھنے کے سِوا کچھ نہیں ملتا تھا آج اِن گھروں میں مدنی ماحول میسر آ گیا ہے۔اور حج کے سلسلے کا پروگرام بہُت اچھا ہے جو کہ نشرِ مکرّر کے طور پر دکھایا جارہا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{348} حضرت مولانا غلام رسُول عمرانی قاسمی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ عربیہ، قاسم العلوم بارگاہ حضرت مشوری شریف، فاروق نگر لاڑکانہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

یہ اسلامی **مَدَنی چینل** سُن کر اور مولانا محمد عمران صاحب کی دُعائیں سُن کر بہُت خوشی ہوئی ہے۔ رات بھی حج کی مناسک اور عرفات میں ٹھہرنا اور ارکانِ (حج) کا بیان بھی اچھی طرح سُنا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ یہ **مَدَنی چینل** اور بھی دُنیا کو صِبْغَةَ اللّٰه کا رنگ لگائے گا اور نشرو اشاعت کا سلسلہ جاری وساری رہے گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کی خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{349} حضرت مولانا غلام دستگیر مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(معین المفتی، جامعہ حنفیہ دارالعلوم اشرف المدارس، اوکاڑہ، پاکستان)

امّا بعد ! اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ثُمَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی **مَدَنی چینل** پر اپنے مخصوص اِصلاحی بیانات سے بسیار اسلامی بھائیوں اور بہنوں کی بہتری کیلئے کوشاں ہے۔ **اللّٰہ** تبارک وتعالٰی اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اسے مزید دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{350} حضرت مولانا محمد نثار وارثی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دار العلوم قادریہ چشتیہ نظامیہ وارثیہ، پل بیاس، اوکاڑہ، پاکستان)

اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو حسین بنایا اور قُدرت کا شاہکار حضرت انسان کو بنایا۔ اِسلام اپنے ماننے والوں کو راہِ حق پر چلنے کی تلقین کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے اِسلام ہمارا ظاہر و باطن پاک رکھنا چاہتا ہے۔ اور یہ نوعِ انسانی پر اس کا زبردست احسان ہے، پاکی وطہارت دراصل حُسن و جمال کا دوسرا نام ہے۔ اس پُر فِتَن دور میں جہاں اسلام، اِسلامی تعلیمات، اور اہلِ اسلام کے خلاف بَہُت زیادہ پروپیگنڈا ہو رہا ہے۔ دین کی تبلیغ بڑے اَحسَن اور عقلی ونقلی دلائل کے ساتھ زیادہ ضروری ہے مجھے اس بات کی بَہُت زیادہ خوشی ہوئی ہے **مَدنی چینل** کا آغاز پاکستان میں تبلیغ قرآن وسُنَّت کی واحد عالمی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے کیا ہے۔ اور پوری کوشش کی گئی ہے اس میں اسلام کی عین روح کے مُطابق نشریات لوگوں تک پہنچائی جائیں۔ اصل بات یہ ہے کہ حُضُور عالی مرتبت، پیر طریقت، رہبر شریعت، **حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری** مدظلہ العالی کی زندگی بڑی بامقصد اور باعمل ہے اور سوز و گداز میں ڈوبی یہ شخصیت عالمِ اسلام کیلئے بَہُت بڑا سرمایہ ہے۔ انہوں نے اس دور کے حالات کو سمجھتے ہوئے بروقت قدم اُٹھایا۔ اور ہر قسم کی لَغویات وفُضُولیات اور عام آلائشوں سے مبرّا ہو کر خالص اسلامی چینل کا آغاز کیا ہے۔ بندہ حقیر پُر تقصیر کی دعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ آپ کے مِشن کو اور ترقی عطا فرمائے اور آپ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{351} حضرت مولانا پیر خواجہ خیر محمد بھوروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ خلیفہ مفتی اعظم ہند غلام رسُول رضوی علیہ رحمۃ الغنی، سجادہ نشین شیخ المشائخ خواجہ محمد صدیق، آستانہ عالیہ بھور شریف، عیسیٰ خیل، میانوالی، پاکستان)

آج کے اس پُر فتن دور میں **اللہ** تعالیٰ نے **دعوتِ اسلامی** کو شرف بخشا ہے کہ انہوں نے ایک خالصتاً مذہبی چینل کی شروعات کی ہیں۔ میری دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{352} حضرت مولانا قاری محمد اجمل طیبی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

اہلسنّت و جماعت کے عقائد کی ترویج و اِشاعت کے لیے ایک چینل کی اہم ضرورت تھی جو کہ بُرے عقائد اور بد مذہبیّت سے پاک ہو، اور جس کے ذریعے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کے چراغ سینوں میں روشن کئے جائیں۔ اور عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے دِلوں کو مُعطّر و مُعنبر کیا جائے۔ باطل اپنے ناپاک اِرادے لے کر میڈیا پر چھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے اُمید ہے کہ **مدنی چینل** ان کے بُرے اور ناپاک اِرادوں کو خاک میں مِلا دے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{353} حضرت مولانا پروفیسر محمد ظفر الحق بندیالوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ مظہریہ امدادیہ، بندیال شریف، خوشاب، پاکستان)

بِحَمْدِاللہِ تعالٰی **مدنی چینل** تبلیغِ دین، اشاعتِ مسلکِ محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا اہم ترین فریضہ کروڑوں لوگوں تک گھر بیٹھے مُفت پہنچا رہا ہے۔ بڑے خوبصورت، دلنشین رُوح و قلب کو تسکین دِینے والے بے شمار پروگرام جن سے مرد، عورتیں، بچے سب فیض یاب ہو رہے ہیں۔ یہ اس جدید دور کی اہم ترین

ضرورت تھی۔عرصہ سے ایک تشنگی نوجوان نسل کومحسوس ہورہی تھی۔جولوگ بے حد مَصْروف تھے اور اِجتماعات میں جانے کاوقت ان کے پاس نہیں تھا وہ اپنی دُکان پر یارات کوگھر میں بیٹھ کراس کوسَماعت کررہے ہیں اوراپنی آنکھوں کو دیکھ کر بصیرت وبصارت کی بالیدگی (نشوونُما) کا سامان کررہے ہیں۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ محبوب کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کےان عُشّاق کوتا قیامت سلامت رکھے، آمین۔

امیر اہلسنّت حضرت علامہ محمد الیاس قادری مدظلہ العالی کی اِنتھک کوششوں سے **دعوتِ اسلامی** اس میدان میں کسی سے پیچھے نہیں۔عُلَمائے کرام، مشائخِ عظام کواس کے ساتھ مزید تعاون کا ہاتھ بڑھانا چاہیے تاکہ پوری دُنیا پر نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں اورآپ کے عشق کے پیغام کو پہنچایا جائے۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہم سب کے حامی وناصر ہوں، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{354} حضرت مولانا احمد ذہین مگسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد اکبری، مدرسہ عربیہ اکبریہ، تعلقہ میہڑ، ضلع دادو، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

یقیناً دعوتِ اسلامی نے بڑا کام کیا ہے۔بالخصوص مَسلکِ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربّ عزّت بھولے بھالے سُنی اسلامی بھائیوں تک دین کی تعلیم پہنچانے میں کوشاں ہے۔اور **مَدَنی چینل** کوشروع کرکے توآپ نے اُمّت پر احسان کیا ہے کیونکہ جولوگ مذہب سے دِلچسپی تو رکھتے تھے مگر ان کوعقائد تک پتا نہیں تھے اب تو وہ لوگ ہر وقت **مَدَنی چینل** کوہی دیکھتے ہیں۔اور **مَدَنی چینل** میں ہمیں جومعلومات ہوتی ہیں وہ شاید گھنٹوں مُطالَعہ کرنے کے بعد حاصل ہوں۔ہم **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور بدستِ دُعا ہیں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوبِ کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور جُملہ اصحابِ کرام ومشائخ عظام رضوان اللّٰہ تعالٰی علیہم اجمعین کے صدقے میں **دعوتِ اسلامی**

کو ہمیشہ ترقی عطا فرمائے ،ہمیں **مَدَنی چینل** سے اِستفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں ایمان پہ موت عطا فرمائے ،آمین ۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{355 }حضرت مولانا قاضی انوارالحق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم ضیاء القرآن ، بازار گے ، تحصیل اُوگی ، ضلع مدنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

سُنا ہے کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کھولا ہے جو بے حیائی سے پاک چینل ہے اور اس کی وجہ سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مدنی کام ہر گھر تک آسانی سے پہنچ جائے گا ۔ اور یہ دینِ مَتین کی اشاعت کا آسان ذریعہ بھی بنے گا اور لوگوں کو اس سے اِستِفادہ کرنے میں بھی آسانی ہو گی ۔ اس چینل کے کھولنے پر مَیں **دعوتِ اسلامی** کے ذمہ داران کو مُبارک باد پیش کرتا ہوں ، اور دُعا کرتا ہوں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے ذریعے مدنی کام کو گھر گھر تک پہنچائے ،آمین ۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{356 }حضرت مولانا محمود شاہ رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم غوثیہ رضویہ ، اُوگی ضلع مدنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

مجھے آج ایک اسلامی بھائی نے **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کے اِجرا کا مژدہ سُنایا ۔ جسے سُن کر دل باغ باغ ہوا ، اور دل سے یہ دُعا نکلی کہ **اللّٰہ** کریم جل مجدہٗ اپنے نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے اِس **مَدَنی چینل** کو مسلکِ اہلسنّت کی ترویج واستقامت کا عظیم سے عظیم تر ذریعہ بنائے اور گمراہوں

کیلئے رُشد وہدایت کا ذریعہ بنائے ، آمین بجاہ سید المرسلین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{357} حضرت مولانا ضیاءاللہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم عربیہ پھام گلی ، اُوگی ضلع مدنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

دینِ مُبین کا پھیلانا ہر شخص کی دِینی ذمہ داری ہے۔اس دورِ جدید میں بہُت مَصْروفیات کی وجہ سے ٹی وی بہُت اہمیت اختیار کر گیا ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ جان کر بہُت مُسرت حاصل ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** کے زیر اِہتمام **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے۔اِس چینل کا زیادہ فائدہ ان لوگوں کو حاصل ہے اور ہوگا جو گھروں سے باہر نہیں جاسکتے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اس چینل کو ترقی اور دَوَام وکام دونوں کی توفیق دے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{358} حضرت مولانا عبدالعزیز چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم اعلیٰ مدرسہ جامعہ غوثیہ ضیاء القرآن ، مغلزئی قلات ، بلوچستان ، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا کروڑہا کروڑ احسان کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں **دعوتِ اسلامی** جیسی تحریک عطا فرمائی اور **دعوتِ اسلامی** کی مجلس شوریٰ کا **مدنی چینل** کے ذریعے میڈیا پر آنے کا فیصلہ سو فیصد بہتر ہے، کیونکہ وقت کا تقاضا یہی ہے کہ ہم میڈیا کے ذریعے دعوتِ اسلام کو گھر گھر عام کریں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{359} حضرت مولانا غلام قادر حلیمی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم مدرسہ قادریہ، گیاوان، تحصیل وضلع قلات، بلوچستان، پاکستان)

اللّٰہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے دعوتِ اسلامی تری دُھوم مچی ہو

یہ سُن کر بڑی خوشی ہوئی کہ دعوتِ اسلامی **مَدَنی چینل** کے ذریعے میڈیا پر دعوتِ اِسلام کو عام کرنے کے لیے آ گئی ہے۔ اس سے نہ صرف عوام بلکہ خواص کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ میں **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا گوہوں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو ترقی در ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{360} حضرت مولانا عبدالغفار حلیمی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ دارالعلوم غوثیہ حلیمیہ، قلات، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مجلسِ شوریٰ** دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** شروع کرنا ایک بہُت اہم کمی کو پُورا کرنے میں کامیابی ہے۔ اور یہ وقت کی ضرورت ہے کہ عُلماء میڈیا پر آئیں اور عوام وخواص کو دینِ اِسلام کے احکامات سے آگاہ کریں، جو کہ **دعوتِ اسلامی** نے اس کام کو اپنے سر لے کر عالَمِ اسلام پر بڑا احسان کیا۔ اِس میڈیا کے دور میں ہر جگہ پہنچنا اور دعوتِ اسلام کو عام کرنا بہُت مُشکِل تھا جو کہ اِس چینل کے ذریعہ پوری دُنیا میں آسان ہوگیا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو ترقی اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{361} حضرت مولانا احمد علی نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ایڈیٹر ہفت روزہ اخبار مجدد الف ثانی، و ماہنامہ نور الاسلام، ہجویری محلّہ، مرکز الاولیاء لاہور)

دورِ جدید میں ہر طرف سائنس و ٹیکنالوجی کا دور دورہ ہے اور مقابلہ کی دوڑ لگی ہوئی ہے۔ طاغوتی طاقتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اِس اَمر کی ضرورت ہے کہ زیادہ سے زیادہ دِینی چینل کھولے جائیں۔ مَسلکِ حق اہلِ سُنَّت و جماعت کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز بھی اِسی سلسلہ کی ایک مُبارک کڑی ہے اور الیکٹرانک میڈیا میں ایک اَہم قدم ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ منتظمین کو مزید ہمت و توانائیاں عطا فرمائے تاکہ وہ اس کارِ خیر کا دائرہ مزید وسیع کر سکیں۔

{362} حضرت مولانا قاضی نور اللّٰہ نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ایڈیٹر پندرہ روزہ آواز نقشبند پھلروان تحصیل صفدر آباد، ضلع شیخوپورہ، پاکستان)

انہوں نے مولانا احمد علی نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی صاحب کے تأ ثرات پر تائیدی دستخط فرمائے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{363} حضرت مولانا مفتی محمد اظہر محمود اظہری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رکن مجلس عاملہ تنظیم المدارس پاکستان، دار الافتاء جامعہ عربیہ حنفیہ مفتاح العلوم بن گئی حضرو ضلع اٹک، پاکستان)

مَدَنی چینل کے اِجرا کی خوشخبری سن کر دل باغ باغ ہوگیا۔ کوئی بھی اِسلامی شرعی عمل شروع کرنے سے قبل اِس عمل کی شرعی حیثیت کو جاننا نہایت ضروری اَمر ہوتا ہے تاکہ شکوک وشبہات کا دَفعیہ ممکن ہو سکے، اور دلیل کے مُتمنّی شخص کو اِطمینان حاصل ہو سکے۔ میری ناقص فہم کے مُطابق **مَدَنی چینل** کے اِجرا کا اِستخراج درجِ ذیل آیت کے مُقتَضِیات سے ہی ہے۔ چُنانچہ ارشاد باری تعالٰی ہے:

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَیْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِیْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ یَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یُوَفَّ اِلَیْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝ (پ ۱۰ الانفال ۶۰)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اُن کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے اور جتنے گھوڑے باندھ سکو کہ اُن سے اُن کے دِلوں میں دھاک بٹھاؤ۔ جو **اللّٰه** کے دشمن اور تمہارے دشمن ہیں اور ان کے سوا کچھ اوروں کے دِلوں میں جنھیں تم نہیں جانتے، **اللّٰه** انھیں جانتا ہے اور **اللّٰه** کی راہ میں جو کچھ خرچ کرو گے تمہیں پورا دیا جائے گا اور کسی طرح گھاٹے میں نہیں رہو گے۔

اعدو۔ اعداد سے ہے جس کا معنی ہے: **اِتِّخَاذُ الشَّیْءِ لِوَقْتِ الْحَاجَةِ**۔ یعنی ضرورت کے وقت کسی شے کا چُن لینا یا اختیار کر لینا۔ ''**مِنْ قُوَّةٍ**'' نکرہ غیر معین ہے یعنی ہر قسم کی قوت جو کہ ہر قسم کے جنگی آلات و اسباب کو شامل ہے۔ ''**وَمِنْ رِّبَاطِ الْخَیْلِ**'' ازاں اقسام گھوڑے کو جہاد کے لیے تیار رکھنا۔'' ''**تُرْهِبُوْنَ بِهٖ**'' بہ میں ضمیر کا مرجع **مَا اسْتَطَعْتُمْ** یا **اعـدا** ہے یعنی ڈراؤ تم ان کو جتنی طاقت رکھتے ہو یا نئے نئے طریقوں سے ''**عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ**'' ظاہری دشمن۔ **وَاٰخَرِیْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ** چھپے دشمن ''**لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ**'' جن کو تم نہیں جانتے۔ مندرجہ بالا لغوی لحاظ سے ترجمہ یوں ہوگا: ''اے ایمان والو! ہر قسم کے جنگی آلات و اسباب ضرورت کے وقت تیار کر کے **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ و رسول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو ڈراؤ (مقابلہ کرو)

میڈیا بھی اس دور کا جنگی ہتھیار ہے (دشمن کچھ ظاہر ہیں اور کچھ لباس اسلام میں پوشیدہ) پوشیدہ دشمنوں کو تم نہیں جانتے ہو **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ جانتا ہے۔ اور جو کچھ بھی فی سبیل اللّٰہ خرچ کرو گے پورا پورا اَجر دیا جائے گا اور تمہارے ثواب میں کوئی کمی نہ کی جائے گی۔ آج کے دور میں دو قسم کی جنگ بپا ہے۔ سرد اور گرم، گرم جنگ میں اسلام دشمن اور اس کے حواری پیش پیش ہیں۔ اور سرد جنگ میڈیا کے ذریعے اسلام، پاکستان اور مسلمانوں کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کرنا ہے۔ اِس جنگ میں تمام طاغوتی قوتیں برسرِ پیکار ہیں۔ ملحدین وزنادقہ، منافقین و مذبذبین، بدمذہب و بے دین

اِجتماعی طور پر اِسلام کی حقیقی رُوح پر یلغار کئے ہوئے ہیں۔ایسے حالات میں **مَدَنی چینل** ایک ہتھیار ثابت ہوگا۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جس سے بے دینوں بد مذہبوں، ملحدوں زندیقوں، منافقوں کے کرتوتوں کی قلعی کھلے گی اوراسلام کے سچّے عاشقوں کا کردار سامنے آئے گا اور مدنی تاجدار بانیٔ اسلام صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی والہانہ محبت کا پہلو روشن ہوگا۔

اِس آیت کے علاوہ بھی آیات ہیں جن سے **مَدَنی چینل** کے اجرا کا اَصل لیا جاسکتا ہے۔اس طرح احادیث مبارکہ سے بھی اِستِنباط اِستخراج کیا جاسکتا ہے جن صاحب نے اس نیک کام کو شروع کیا اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ضرور ثواب کا مستحق ہوگا۔

نبیِّ کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: **مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً حَسَنَۃً فَعُمِلَ بِھَا بَعْدَہٗ کُتِبَ لَہٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِھَا وَلَا یَنْقُصُ مِنْ اُجُوْرِھِمْ شَیْءٌ** (صَحِیح مُسلِم ص۱۴۳۷ حدیث ۱۰۱۷ دارابن حزم بیروت) **ترجمہ:** جس شخص نے مسلمانوں میں کوئی نیک طریقہ جاری کیا اوراس کے بعداس نیک طریقہ پرعمل کیا گیا تو اس طریقہ پرعمل کرنے والوں کا اَجر بھی اس (یعنی جاری کرنے والے) کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے اور عمل کرنے والوں کے اَجر میں کمی نہ ہوگی۔(ھٰذَا مَا عِنْدِی وَاللّٰہُ تعالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَاب)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{364} حضرت مولانا قاری نور محمد مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ عربیہ سلمانیہ فیض القرآن، گدائی غربی، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

مَاشَاءَ اللّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر بہُت خوشی حاصل ہوئی،اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دُنیا میں چھا جائے گا۔

اللہ عزّوَجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{365 }جگر گوشہ خلیفہ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا عطاء الرسول اُویسی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مکتبہ اویسیہ رضویہ، مدرس مرکزی دار العلوم جامعہ اویسیہ رضویہ، سیرانی روڈ، بہاولپور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن موجودہ دور میں **مَدَنی چینل** بے حیائی و بے دینی کا توڑ ہے۔ اِصلاحی بیانات مُسلِمین اور مُسلِمات یعنی مرد و زَن کے لیے مَشعلِ نُور ہیں۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز یقیناً عالَمِ اِسلام کے لیے ہدایت کا ذریعہ ہوگا۔ **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کے کارکنان کے لیے دُعا گو ہوں جس طریقہ سے اس دینی کام کا آغاز کیا ہے۔ اسے تسلسل سے جاری رکھیں تا کہ سیِّد عالَم نورِ مُجَسَّم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت، اہل بیت کی محبت، صحابہ کرام رضوان اللّٰہ علیھم اجمعین کی محبت مُسلمانانِ اسلام کے دِلوں میں پیدا کی جائے۔

اللہ عزّوَجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{366 }صاحبزادہ مفتی محمد جمیل احمد حزیںؔ ہدایتی پسروری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ نعیمیہ رضویہ الحبیب، ریلوے روڈ، پسرور، ضلع سیالکوٹ، پاکستان)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل و کرم اور پیارے مصطفٰے کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نِگاہِ رحمت کے طُفیل **دعوتِ اسلامی** شمعِ بزمِ ہدایت ثابت ہوئی ہے۔ اکابرینِ اہلِ سُنَّت کا عظیم تر احسان ہے کہ انہوں نے امیرِ اہلسنّت **حضرت قبلہ ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری** مدظلہ العالی کو خوشبوئے مدینہ پھیلانے کی ذمہ داری سونپی۔ جسے حضرت قبلہ نے خوب نبھایا۔ اِن کی ذرّہ نوازیوں کا سلسلہ پہلے بھی کچھ کم نہ تھا لیکن **مَدَنی چینل** کے قیام نے آپ کی کوششوں کو مزید چار چاند لگا دیئے۔ اور کفر و الحاد و بے حیائی کی بڑھتی ہوئی یلغار کے آگے مدنی بند باندھ دیا

گیا۔مولائے کریم عَزَّوَجَلَّ خلق کثیر کواِس چینل کے ذریعے دین کی روشنی اور سُنّتوں کی محبت نصیب فرمائے اور پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ہر ہرادا اپنانے کی توفیق بخشے۔

مَدَنی چینل کے متعلق مشائخِ عظام وعُلمائے کرام کے تأثرات بابرکات دیکھتے ہوئے چنداَشعار کی آمد ہوئی ملاحظہ فرمائیں:

عشقِ محبوب سکھاتا ہے یہ **مَدَنی چینل** — کام سُنّت کے بتاتا ہے یہ **مَدَنی چینل**
نشر ہوتے ہیں بیاں **دعوتِ اسلامی** کے — نارِ دوزخ سے بچاتا ہے یہ **مَدَنی چینل**
پاک رکھا ہے خرافات و کمرشل سے اِسے — بےحیائی سے بچاتا ہے یہ **مَدَنی چینل**
مدنی رنگ میں رنگ دیتا ہے دِیوانوں کو — راستہ حق کا دِکھاتا ہے یہ **مَدَنی چینل**
اس کے بارے میں حزیں لکھتا ہے آخر میں یہی — سب بُرے کام چھڑاتا ہے یہ **مَدَنی چینل**

مولائے کریم نظرِ بد سے بچائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! — صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{367} حضرت مولانا قاری خالد محمود مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ماڈل ٹاؤن اگوکی،تحصیل وضلع ضیاءکوٹ (سیالکوٹ) صوبہ پنجاب)

مَدَنی چینل کے اِجرا سے ایک بڑا خلا پُر ہوگیا ہے موجودہ دور میں الیکٹرانک میڈیا سے صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا جبکہ بہُت سارے دوسرے چینل لغو اور بیہودگی کی اِشاعت میں مصروف تھے ایسے میں ایک ایسے چینل کی ضرورت تھی جو کہ مسلمانوں میں خالص دِینی اشاعت کا کام کرے۔ **مَدَنی چینل** کے آنے سے یہ ضرورت پوری ہوگئی ہے اور اس کے بہُت اچھے اَثرات معاشرے پر مُرتَّب ہو رہے ہیں۔ خدا تعالٰی اس چینل کے اِجرا کرنے والے حضرات کو مزید خُلُوص سے دین کی اشاعت کرنے کی توفیق عنایت فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{368} حضرت مولانا محمد اسلم نعیمی قریشی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ خلیفہ مفتی اعظم ہند وصدر الشریعہ علامہ عبد المصطفیٰ الازہری علیہ رحمۃ الغنی، مہتمم جامعہ گلزار خلیل، خطیب جامع مسجد منہاج دربارِ خلیل، ملیر، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل کا اِجرا مُستَحسن اور نیک شگون عمل ہے۔ نِعْمَ الْبِدْعَۃُ ھٰذِہٖ سے استفادہ کرتے ہوئے حالات کے تناظر میں تبلیغ و اِشاعتِ دین میں میڈیا کا کردار بہُت اہم ہے۔ لہٰذا **دعوتِ اسلامی** اِشاعت وترویج دین کیلئے ہمہ تن مصروفِ عمل ہے۔ عوام النّاس کو پُر آشوب دَور میں تبلیغ و اشاعت دِین کا فریضہ اَنجام دے رہی ہے اور شب وروز اُمتِ مُسلِمہ کی اِصلاح وتربیتِ دین میں مصروف ہے۔ لہٰذا بدعتِ حسنہ کا اَجرِ عظیم اور جزائے جزیل اور خیر کثیر کا باعث بنے گا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ معاونین کی سعی جمیل کو مُستَجاب فرمائے اور **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کی دِینی کاوشوں کو منظور فرمائے اور دن دُونی رات چوگنی ترقیاں نصیب فرمائے اور اُمت کی اِصلاحِ خیر کا ذریعہ بنائے اور عوام الناس کو اِکتسابِ فیض کرنے کی توفیقِ رفیق مرحمت فرمائے، اٰمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{369} حضرت مولانا قاری عبد الغنی سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ صبغۃ القرآن، اسلام کوٹ، تحصیل مِٹھی، ضلع تھر پارکر، مِٹھی، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

ہم **دعوتِ اسلامی** کو **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر دل کی گہرائیوں سے مُبارک باد پیش کرتے ہیں۔

مَدَنی چینل وقت کی اہم ضرورت ہے۔

الیکٹرانک میڈیا کے بڑے چینل یا ادارے مغربی معاشرے کی بھرپور تائید اور فحاشی وعُریانی مُسلِم معاشرے میں پھیلا رہے ہیں۔یعنی ثقافت (تہذیب) کے نام پر کثافت (گندگی) پھیلا رہے ہیں۔ایسے پُرفتن دور میں **مَدَنی چینل** کا اِجرا باعثِ صدافتخار ہے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** ہمارے معاشرے میں مذہبی سوچ و فکر میں اضافہ کرے گا۔خُصُوصاً خواتین وحضرات کے لیے زیادہ مُفید رہے گا اس سال سالانہ اجتماع کو اکثر لوگوں نے دیکھا اور پسند کیا۔ہمارے دیہات میں بھی بہُت اِجتماع کا چرچا ہوا۔ظاہر ہے شہروں میں اس کا زیادہ ہی اَثر ہوا ہوگا۔**ہماری** یہ دعا ہے **دعوتِ اسلامی** ہر شعبہ میں مؤثر کردار ادا کرے تمام باطِل قوتوں کا منہ توڑ جواب دے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{370} حضرت مولانا محمد نور زمان رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ رضویہ ضیاء العلوم وخطیب جامع مسجد اللہ دتہ،اسلام آباد،پاکستان)

مَدَنی چینل کا سلسلہ اگرچہ دیر سے شروع ہوا ہے لیکن دیر آید دُرست آید کے مصداق اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ توقّع سے بڑھ کر نتائج برآمد ہوں گے۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت مدظلہ کے فیض کو تا قیامت جاری فرمائے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{371} حضرت مولانا محمد اسماعیل حنیف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد محمدی،1/C گلشن آباد،اورنگی ٹاؤن،باب المدینہ کراچی)

میرے لیے یہ عرصہ زندگی کا ایک یادگار اور پُرمُسرَّت موقع ہے جب اس رمضان المبارک سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا۔یقین جانئے یہ ایک ایسی خوشی تھی جو نا قابلِ بیان ہے کہ **دعوتِ اسلامی** نے اپنے چینل کے

ذریعے جوعشق ومحبت اورعقیدت کالوگوں کے دِلوں میں ایک نیا سلسلہ شروع کیا یقیناً وہ لاکھوں سے اب کروڑوں تک پھیلے گا۔وہ جو **فیضانِ مدینہ** چندمخصوص مقامات تک محدودتھااب اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ گھر گھر قریہ قریہ اس کی کرنیں لوگوں کے سیاہ قُلُوب تک پہُنچ کران کے تزکیہ کا سبب بنیں گے۔

مزید یہ کہ اس مرتبہ پہلی دفعہ اس بندہ کو مَدِیْنَۃُ الاَوْلِیَاء ملتان شریف کے اِجتماع میں بذریعہ **''دیدارِمرشد ٹرین''** شرکت کا موقع نصیب ہوا۔ اور وہاں پر گزارے گئے تین دن میری زندگی کا عظیم سرمایہ ہیں اوروہاں پر **U.K** کے ایک عالمِ دین سے ملاقات ہوئی۔جس اخلاقِ کریمہ اور محبت سے ان لوگوں نے ہمیں خوش آمدید کہا اور عزّت دی یہ ایک ایسا بہترین نمونہ **دعوتِ اسلامی** کی تربیت کا نظر آیا کہ اِتنے بڑے اجتماع میں ہزاروں علماء اور شخصیّات کومحبت وعزّت کی بانہوں میں لیا۔دل سے دُعا نکلی:

اَے پروردگار! دُنیا میں تیرے یہ نیک بندے آج تیری اور تیرے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت واطاعت کا عملی نمونہ بن کرلوگوں کواس طرف راغِب کررہے ہیں۔ان کواُمت کی ہدایت کا وسیلہ بنا،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{372} حضرت مولانا قاری طارق مقصودانصاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فارغ التحصیل جامعہ رضویہ مظہراسلام،سردارآباد،حال بیرون دہلی گیٹ،مدینۃ الاولیاءملتان شریف،پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ثُمَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہماری اس پیاری غیرسیاسی سُنّتوں سے بھرپورعالمی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے آغاز کردہ **مَدَنی چینل** کی شروعات پر دلی مبارکباد پیش کرتاہوں۔

اوردعا گوہوں کہ خالِقِ کائنات پروردگارِعالم عَزَّوَجَلَّ ہماری اس تحریک کواوراس **مَدَنی چینل** کورفعتیں عطا فرمائےآمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{373} حضرت مولانا محمد نذر حسین سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دار العلوم جامعہ صدیقیہ، ملحقہ مرکزی جامع مسجد غلہ منڈی، مین بازار، مصطفٰی آباد (رائیونڈ) مرکز الاولیاء (لاہور))

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی علمبردار، سوادِ اعظم کی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیر اہلسنّت عُمدۃ الواصلین، زُبدۃ العارفین، حامی سُنَّت، ماحیِ بدعت، عاشقِ مدینہ، صوفی باصفاء، فنافی الرسُول، **حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری ضیائی امیر دعوتِ اسلامی** دامت بر کاتھم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا کر کے مسلمانوں کے دِلوں میں مدنی اِنقلاب برپا کر دیا ہے۔ یہ چینل اسلام کا آئیڈیل چینل ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعہ فحاشی وعُریانی اور بے رَاہ روی کا قلع قمع ہو جائے گا۔ اور ہر مسلمان کو **مَدَنی چینل** سے اپنی دہلیز پر سُنتوں کی بہاریں لوٹنے کا موقع ملے گا اور دینِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی ترویج بھی خوب ہوگی۔ بَہر حال میں اِس **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر فخر اہلسنّت امیر اہلسنّت علامہ قادری صاحب اور **دعوتِ اسلامی** کے تمام ذمہ داران کو مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{374} صاحبزادہ سید محمد صفدر شاہ گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جنرل سیکریٹری حضرت سلطان باہو فاؤنڈیشن، شاہدرہ ٹاؤن، مرکز الاولیاء (لاہور) پاکستان)

عزّت مآب حضرت صاحبزادہ پیر سلطان ریاض الحسن قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی چیئرمین حضرت سُلطان باہو فاؤنڈیشن کے حکم پر چند کلمات اِرسالِ خدمت ہیں جو کہ صرف **مَدَنی چینل** کے حوالے سے ہیں۔ عرض

خدمت ہے کہ ہمارا ذاتی تأثر نئے کھلنے والے تمام چینلز اور گورنمنٹ کی طرف سے پہلے سے موجود T.V چینلز کے بارے میں بالکل مختلف ہے اور ہم اِس الیکٹرانک میڈیا کو دِین کے خلاف زہرِ قاتل سمجھتے تھے، تاہم اب یہ مجبوری بنتی جاری ہے شاید اس مجبوری اور ضرورت کے پیشِ نظر آپ کو بھی **مَدَنی چینل** شروع کرنا پڑا ہے۔ اس چینل کو شروع کرنا وقت کی اِنتہائی ضرورت تھی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ خصوصی کرم فرمائے اور ہم سب کو دینِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سمجھنے، سیکھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور اولیائے کرام سے سچی عقیدت کا شرف بخشے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{375} حضرت مولانا روح الامین خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ کنزالایمان، شہباز گڑھی، ضلع مردان، صوبہ خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اس **مَدَنی چینل** کے بارے میں ایک دو الفاظ میں عرض کررہا ہوں۔ اِس دور میں کسی تحریک کا مقابلہ تحریک کے ذریعے کرنا چاہیے، میری سوچ کے مطابق جو عمل شریعت میں جائز ہے، وہ خواہ کوئی بھی عمل ہو یقیناً کیا جائے اور یہ ایک اچھا رَدِّ عمل ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{376} حضرت مولانا حافظ شاہ روم باچہ خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جامعہ حنفیہ قادری، گڑھی کپورہ، ضلع مردان، پاکستان)

اہلسنّت و جماعت کے لیے ایک بہت بڑا اِعزاز ہے اور **دعوتِ اسلامی** کا اَہم قدم ہے اور بہُت بڑی جراَت ہے اور اس پُرفِتَن دور میں زبردست متبادِل ردِّ عمل ہے اور غیور سُنّیوں کو چاہیے کہ اس **مَدَنی چینل** کے

ذریعے اپنی پیاس بجھائیں اوراس کی کامیابی کے لیےعوام کو **مدنی چینل** کےقریب لائیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{377 }حضرت مولانا علی اصغر خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامعہ مسجد فقیہ کلہ والی،شہباز گڑھی،ضلع مردان،پاکستان)

مَدَنی چینل جیسا عمل بہُت کم وقت میں بہُت اچھا عمل ہے۔اس طرح اور بھی **دعوتِ اسلامی** سے کئی اُمیدیں وابستہ ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{378 }حضرت مولانا محمد نور خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد پاوکلہ،ہری چند،ضلع چارسدہ،صوبہ خیبر پختونخواہ،پاکستان)

اس دَور میں غیروں کے چینل عام ہوچکے ہیں اور اِس کے ذریعہ لوگوں یعنی عوام النّاس کے عقائد غلط کررہے ہیں۔اس دور میں **مَدَنی چینل** کی اَشد ضرورت تھی اوراس ضرورت کو اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے اَحسَن طریقے سے پُورا کیا۔**اللہ** عَزَّوَجَلَّ جزائے خیرعطافرمائے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{379 }حضرت مولانا پیر گوہر علی خان نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(گاؤں نرشک، شہباز گڑھی، ضلع مردان، صوبہ خیبر پختونخواہ، پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت اچھا عمل ہے اور ہمارے علاقہ میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوت اسلامی کی صوبائی مشاورت کے نگران بھی تشریف لائے ہوئے ہیں۔ میں نے انھیں عرض کیا کہ آپ ذمہ داران کوئی ایسا ذریعہ نکالیں کہ کم وقت میں **دعوتِ اسلامی** کا کام بڑھ جائے۔ اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ سب اہلسنّت کے لیے بہُت بڑی خوشخبری ہے کہ **مَدَنی چینل** میدان میں آ گیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{380} شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سعید قمر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ رضویہ، جھنگ بازار، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے مُخلص کارکنان کی زبانی **مَدَنی چینل** کے بارے میں جب مجھے آگاہی ہوئی تو بہُت مُسرَّت ہوئی اور میرے دِل سے دُعائیں نکلنے لگیں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے کامیاب فرمائے اور ہر مسلمان کو سُنَّت پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ **دعوتِ اسلامی** نے وقت کی اَہم ترین ضرورت کو پُورا کیا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اسے اور پروان چڑھائے، اسے نظرِ بد سے بچائے اور کامیابیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{381} حضرت مولانا محمد اقبال قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد اقصیٰ، علی احمد خان آباد، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت ہی اچھا چینل ہے۔ بڑا آسان اور اچھے انداز میں سکھایا جاتا ہے۔ یہ واحد چینل ہے جس پر بے شُمار دِینی مسائل اور ضروریاتِ زندگی کے اہم مسائل بتائے جاتے ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ان سبز عمامے

والوں کا بھلا کرے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{382 }حضرت مولانا عبدالرحمٰن مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس، مدرسۃ المدینۃ العلوم، جامع مسجد گلزار مدینہ، ملک پور، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کی برکت سے مَسلکِ اہلسنّت کوتقویت ملی ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُونی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{383 }حضرت مولانا محمد حنیف قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد غوثیہ رضویہ، محلّہ یونس آباد، متعلم جامعہ قادریہ رضویہ، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** عظیم الشان عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے۔ جس نے دُنیا میں ایک اِنقلاب برپا کردیا ہے۔ اس تحریک نے جس فیلڈ میں قدم رکھا، انقلاب برپا کردیا۔ اور سب سے بڑی خوشی کی بات یہ کہ اِس عظیم الشّان تحریک نے ایک مُنفرد انداز میں قرآن وسُنَّت کی روشنی کو گھر گھر پہنچادیا اور وہ ہے **مَدَنی چینل** کا قیام۔ اس **مَدَنی چینل** نے ہر گھر میں مدنی ماحول قائم کردیا۔ وہ عورتیں جو بے پردہ ہو کر بازاروں کی زینت بنا کرتی تھیں، آج اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی برکت سے وہ باحیاء اور باکردار بن رہی ہیں۔ یہ سب فیضان ہے ایک ولی کامل کا، میری مُرادشیخِ طریقت **بانئ دعوتِ اسلامی** حضرت **مولانا محمد الیاس عطّارقادری** مُدَّظِلُّهُ العَالِی ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اولیائے کرام رحمھم اللہ السلام کے صدقے اس عظیم الشّان تحریک کو دُشمنوں کی میلی نظر سے محفوظ فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{384} حضرت مولانا محمد اکرم نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد تاجدارِ مدینہ، مہتمم جامعہ انوارِ لاثانی محل رسول نگر، ناظم اعلیٰ بزمِ لاثانی، سردار آباد، (فیصل آباد) پاکستان)

اَحقرُ العِباد نے جب **مَدَنی چینل** کے اجرا کی خبر سُنی تو اِنتہائی دِلی مُسرَّت ہوئی۔ دِیگر چینلز کے ذریعے زمانۂ جاہلیت سے بڑھ کر اخلاق کی دھجیاں اُڑائی جا رہی ہیں۔ اور نسلِ نو کو میڈیا کے ذریعے اِخلاقِ بد اور افکارِ فاسدہ میں جکڑا جا رہا ہے۔ اِنتہائی ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جس پر اُمتِ مُسلِمہ کی اخلاقی، اِصلاحی، فکری تربیت کی جائے اور صحیح معنوں میں آقائے کونین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام پہنچایا جا سکے۔ **اَلْحَمْد لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **امیرِ دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلِ سُنَّت پیرِ طریقت حضرت **علامہ محمد الیاس عطّار قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور آپ کے تربیت یافتہ نوجوانوں نے اِس عظیم ضرورت کو پُورا کر دیا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلہ سے **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** سے ہر اسلامی بھائی کو وابستہ ہونے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{385} حضرت مولانا قاری عطا محمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نیاز سُنّی رضوی، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

جب میں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں سُنا تھا تو میرا نظریہ اس کے بارے میں عام دینی چینلز کی طرح تھا۔ لیکن جب سے میں نے اسے بذاتِ خود دیکھا ہے تو مجھے بَہُت خُوشی ہوئی کہ اس میں دینی تھیوری کے ساتھ

پریکٹیکل کر کے بھی دکھایا جاتا ہے یعنی وضو کا طریقہ، نماز کا طریقہ اور نماز جنازہ کا طریقہ وغیرہ۔ ہمارے مسلمان بھائیوں میں دِینی علم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے رہن سہن میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ بیانات کا سلسلہ ہر وقت جاری رہتا ہے۔ امیر اہلسنّت مدظلہ کی باتیں سُن کر بہُت مزہ آتا ہے وہ اور ان کے مریدین بہُت کچھ سیکھنے کو دیتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو ترقی عطا فرمائے اور ہمیں اس **مَدَنی چینل** سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{386} حضرت مولانا ہارون رشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بہارِ مدینہ، آفیسر کالونی نمبر 2، مدینہ ٹاؤن، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے اپنا چینل بنام **مَدَنی چینل** شروع کر کے مسلمانوں پر احسانِ عظیم کیا ہے۔ جس میں اسلامی بھائیوں خُصوصاً اِسلامی بہنوں کے لیے سیکھنا بہُت آسان ہوگیا ہے۔ اِس میں بنیادی مسائل اور سُنّتیں بڑے ہی پیارے انداز سے بتائی اور سکھائی جاتی ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو اور ترقیاں دے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{387} ڈاکٹر محمد طیب شہزاد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(یوسف آباد، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے دینِ اسلام کی خدمت کے لئے جہاں پہلے کئی سُنّتوں بھرے اجتماعات کے ذریعے اسلامی بھائی سُنّت سیکھ رہے ہیں اور اِسلام کے بُنیادی احکامات سے روشناس ہو رہے ہیں۔

دعوت اسلامی کے **مَدَنی چینل** کی وجہ سے کئی گھروں میں مائیں اور بہنیں سُنَّت کی طرف دلچسپی لینی شروع کررہی ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ آخرت کی تیاری کرنے کا بھی مدنی ذِہن بنا رہی ہیں۔مدنی چینل کے ذریعے ان شاء اللہ عزوجل گھریلو ناچاقیاں، چوری ڈکیتی کے واقعات میں کمی آئے گی۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو تاقیامت قائم و دائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{388} حضرت مولانا قاری محمد زبیر طاہر نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد تاجدارِ مدینہ، محلّہ رحمٰن شریف، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس مادی دور میں دینِ متین کی خدمت کیلئے بہُت سی تنظیمیں اور جماعتیں میدان میں موجود ہیں۔سب اپنی اپنی بِساط کے مُطابق تبلیغِ دین کا کام سَر انجام دے رہی ہیں۔ پاکستان اور دوسرے ممالک میں غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کسی سے کم نہیں۔ جب کہ میڈیا پر نظر دوڑائیں تو بہُت سے چینل نظر آئیں گے جو کہ مختلف طریقوں سے نوجوانوں کو فحاشی، عُریانی، بے حیائی پر آمادہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ یہ شروع سے ہی فیصلہ کُن بات ہے کہ باطِل کو مٹانے کے لیے حق موجود ہے۔ باطل کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کے لیے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے جو گراں قدر عالمی سطح پر اپنی خدمات سرانجام دی ہیں۔ وہ قابلِ داد ہیں۔امیر اہلسنّت ابو بلال **مولانا محمد الیاس قادری** صاحب نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا فرما کر دین ودُنیا کی بھلائیاں حاصل کی ہیں۔

مَیں اُمید کرتا ہوں اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** سے معاشی، معاشرتی، مذہبی، خُصُوصاً گھریلو ماحول بہتر ہوگا، فلموں، ڈراموں، گانوں سے نجات ملے گی اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے نوجوان نسل کو مذہبی ماحول مُیسَّر ہوگا۔اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** ہر وقت تبلیغِ دین کے لیے اپنی نشریات

تلاوت ،نعت خوانی ، بیانات اور مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں اِس سے مُستَفِیض فرمائے اور اسے نظرِ بد سے بچائے ، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{389}حضرت مولانا محمد ایوب سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ الحبیب، محلّہ رسول نگر، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل ایک بَہُت اچھا چینل ہے۔ اِس پُرفتن دور میں لوگ طرح طرح کی بُرائیاں پھیلا رہے ہیں۔ آج کل فحاشی وعُریانی وغیرہ عام ہوگئی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس فتنہ کے دور میں **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کھول کر اپنی ذمہ داری پوری کردی۔ یہ چینل لوگوں کو دِین سیکھنے سکھانے اور بُرائی سے بچنے اور ہر قسم کی دینی معلومات فراہم کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور خاص کر فیملی کے لیے بَہُت اچھا چینل ہے۔ ہر دور میں جب بُرائی عام ہوجاتی ہے تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نیکی عام کرنے کے لیے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔ کیونکہ آج کل اکثر کیبل پر دیکھے جانے والے چینل بُرائی پھیلا رہے ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے امیرِ اہلسنّت نے بَہُت ہی اچھا کام کیا ہے۔ جس کی تعریف جتنی کی جائے کم ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں مزید نیک کاموں کو کرنے کی توفیق عطا فرمائے ، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{390}حضرت مولانا پیر مفتی غلام یٰسین طیبی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ مولانا غلام علی اوکاڑوی علیہ رحمۃ الغنی، مفتی دارالعلوم حنفیہ اشرف المدارس ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

اللہ کریم جلَّ وعلا کی مخلوق کو گمراہ کرنے کے لیے راندۂ درگاہ ابلیسِ لعین ابتداء سے تا امروز مصروف عمل ہے۔

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغ مصطفوی سے شرار بولہبی

اور تاریخ گواہ ہے کہ اس نے ہر دور میں گمراہی و بے دینی کے نئے انداز و اطوار متعارف کروائے۔ کچھ ایسے ہی معاملات دورِ حاضر میں بھی اُمتِ مُسلِمہ کو درپیش ہیں۔ اس پُر فِتَن دور میں عوام اپنے عُلَماء و مشائخ سے دُوری کی وجہ سے ضروری دینی معلومات سے محروم ہے جبکہ عوام فلموں ڈراموں، گانوں باجوں، سینما گھروں، ڈش انٹینا اور کیبل کے ذریعے پھیلنے والے بُرے اَثرات میں گرفتار ہونے لگی۔ مسجدوں سے تَعلُّق روزانہ کی بجائے سالانہ ہو گیا۔ اُدھر اغنیاء نے اِس دینی لاتعلقی کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے دُکان دُکان، مکان مکان دفتر دفتر نہیں نہیں، بلکہ اب تو نوبت یہاں تک آ پہُنچی کہ موبائل کے اندر بھی سامانِ بے حیائی و فحاشی کر دیا گیا ہے اور ذہنی و فکری آزادی عام ہوتے ہوتے یہ وقت بھی آ گیا ہے کہ لوگوں نے مال و دولت کے بل بوتے پر مختلف ٹی وی چینلز کا اِہتمام کر کے، فحاشی و عُریانی تو عام تھی ہی، اب عقائد میں بھی بگاڑ پیدا کرنے کا سلسلہ بھی عام کر دیا ہے۔ بلاشُبہ اِن ناگفتہ بہ حالات کو دن بہ دن بدتر سے بدتر ہوتے دیکھ کر ہر ذِی شُعُور کا دِل جل رہا تھا اور ہر کوئی یہ چاہتا تھا کہ یہ نامساعدِ حالات کسی نہ کسی طرح بہتری کے ایّام میں ڈھل جائیں تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے محض اپنے فضل و کرم سے اپنے بندوں پر کمالِ شفقت فرمائی یعنی دورِ حاضر کی معروف و مقبول یادگارِ اسلاف شخصیّت، صاحبِ خوف و خشیت، عاشقِ ماہِ نبوت و رسالت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربّ العزّت، جناب امیرِ اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی ضیائی** مدظلہ العالی نے عطائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ، نگاہِ مصطفوی علٰی صاحبہا الصلوۃ والسلام اور فیضانِ اولیائے کرام علیہم الرضوان سے **''دعوتِ اسلامی''** کو دن رات اَنتھک و اَنمِٹ مساعیٔ جمیلہ سے پروان

چڑھایا۔سادگی اور خُلُوص سے کیا جانے والا یہ مدنی کام **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کی تائید سے اِتنامالا مال ہوا کہ چند ہی سالوں میں **36** سے زائد شعبہ جات میں مُنقسِم ومضبوط ہوتا چلا گیا اور یہ سن کر تو مجھے اِنتہائی مُسرّت ہوئی کہ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی نے میڈیا کے اس دور کے اہم ترین ذریعہ ابلاغ کو بھی شرعی احتیاطوں اوراجازتوں کے ساتھ اشاعتِ دین کے لیے اِستعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔

اللّٰہ تعالیٰ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کا سایۂ عاطفت اہلِ حق کے لیے صحت وعافیت کے ساتھ مزید دراز فرمائے،اورآپ کی جملہ مساعی دِینیہ کومشکور فرمائے،اور**دعوتِ اسلامی** کے تمام شعبہ جات کی طرح ''**مَدَنی چینل**'' کو بھی ترقی عطا فرمائے اوراس اقدام نوکو**مخلوقِ خداعَزَّوَجَلَّ واُمّت مصطفیٰ**صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے لیے انتہائی نفع بخش فرمائے۔مَیں **مرکزی مجلسِ شوریٰ** کے نگران واراکین کو یہ نصیحت کروں گا کہ بلا خوف لومۃ لائمہ ''**مَدَنی چینل**'' کی بہتری کے لیے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بھر پور انداز میں بروئے کار لایئے اور چراغ عشقِ مصطفوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی روشنی سے ہر ہر سینے کو منور فرما دیجئے۔**اللّٰہ** کریم جلّ جلالہ آپ کو اس کی اچھی جزا دے گا۔**اِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ** ﴿۱۲۰﴾ (پ۱۱التوبۃ ۱۲۰) **ترجمۂ کنزالایمان**: بے شک اللّٰہ نیکوں کا نیگ (انعام) ضائع نہیں کرتا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{391} حضرت مولانا محمد شاہد رفیق مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(رفاہی سنی تنظیم مسلم چیرٹی گلزار طیبہ (سرگودھا) پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی روز بروز بڑھتی ہوئی مقبولیت اور **مَدَنی چینل** کے شروع کرنے پر خراجِ تحسین قبول کیجئے۔میڈیا کے اس مقابلے میں **مَدَنی چینل** کا اِجراوقت کی ضرورت تھی۔لوگ اب جوق در جوق **مَدَنی چینل** دیکھتے ہیں۔حضرت مولانا عمران قادری صاحب کے بیانات بہُت اچھے ہوتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{392} حضرت مولانا خلیل احمد رحمانی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد غلام اللہ و مہتمم مدرسہ مجددیہ، فیض ہاشم، ضلع ٹھٹھہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

مَدَنی چینل مدینے شریف کی نسبت سے بہُت اچھا چینل ہے۔مَیں نے جب یہ بات سُنی بے اِنتہا خوش ہوا کہ یہ **بانیِ دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلسنّت حفظہ اللہ تعالٰی کی کاوش کا نتیجہ ہے۔کافی مرتبہ میں نے بیانات سُنے اور اسٹیکرز پر (دعوتِ اسلامی کا مدنی مقصد) یہ لکھا ہوا دیکھا'' **مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس نیت کا پھل ہر شخص کے سامنے ہے۔ہم گزارش کرتے ہیں تمام سُنی عُلَماء، قاری، حافظ اور نعت خواں **دعوتِ اسلامی** کا بھرپور ساتھ دیں اور جُمعہ اور عیدین کے خُطبات کرنے والوں سے بھی گزارش کرتے ہیں کہ وہ اپنے بیانات میں لوگوں کو بتائیں کہ صرف **مَدَنی چینل** ہی دیکھیں۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے ہر بُرائی ختم ہوگی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{393} حضرت مولانا محمد احمد گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ وخطیب جامع مسجد غوثیہ، بلاک نمبر١٤، جوہر آباد، خوشاب، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھ کر میرا دِل باغ باغ ہوگیا۔ **مَدَنی چینل** عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا درس دے رہا ہے۔اِس سے پوری دُنیا میں مَسلکِ حق اہلسنّت کا پَرچار ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{394} حضرت مولانا محمد عمران ندیم سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ ضیاء الاسلام جامعہ شمسیہ رضویہ، تحصیل کوٹ مٹھن، ضلع سرگودھا، پاکستان)

مسلکِ حقّ اہلِ سُنّت و جماعت کی تبلیغ و تشہیر کے لیے **مَدَنی چینل** کا اِجرا اِنتہائی اہم قدم ہے۔ **اللہ** ربُّ العزّۃ اس کو برکتیں، رحمتیں اور آسانیاں تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{395} حضرت مولانا عبد الکریم نقشبندی شامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(محلّہ سُلطان پُورہ، گلی نمبر ۳، شیخوپورہ شہر، پاکستان)

مَدَنی چینل بڑی اچھی کاوش ہے۔ دینِ اسلام کی نشر و اشاعت کی ترویج کا ذریعہ ہے۔ امیر اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری رضوی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی ہر کاوش پُر حکمت ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے آپ کو ایسی حِکمت سے نوازا ہے جو آپ کا ہی حصہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{396} حضرت مولانا عطاء اللہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ فیض حبیب، تاگزئی، ضلع و تحصیل خاران، بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل کے قیام پر اِنتہائی مُسرَّت ہوئی۔ یہ ایک بہُت بڑا میدان جو علمی اعتبار سے خالی چلا آ رہا تھا، اس کو پُر کرنے کی عملی کوشش کی گئی ہے۔

کُفر کے ایوان میں مولیٰ ڈال دے یہ زلزلہ
یا الٰہی! از بہرِ مصطفٰے تا اَبد جاری رہے یہ سلسلہ

اللہ عَزّ وَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{397} حضرت مولانا حافظ عبد الصمد غوثوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ غوثیہ فیض العلوم، جامع مسجد غوثیہ محلّہ جلالپور، تحصیل کوٹ چھٹہ ضلع ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

اس پُر فِتن دور میں جب کہ اِلحاد اور لادینیت، بدعقیدگی، بدعملی اپنے زوروں پر ہے **مَدَنی چینل** کا اِجرا بہُت ہی بہتر اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ پوری دُنیا میں مسلکِ اہلسنّت کا چرچا ہوگا۔اور **دعوت اسلامی** کی دعوتِ سُنَّت گھر گھر پہنچے گی۔اور دعوتِ اسلامی کی کاوش قابلِ صد تحسین اور مبارکباد کی مُستحق ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ بطفیل نبی المرسلین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ ابوبلال محمد اِلیاس عطّارؔ قادری** دامت فیوضھم کی عُمر دراز فرمائے اور دعوتِ اسلامی کو اِستحکام وترقی عطا فرمائے اور اس کا فیضان جاری وساری رہے، آمین ثم امین۔

اللہ عَزّ وَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{398} حضرت مولانا غلام دستگیر افغانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ ضیاء العلوم ٹرسٹ، آگرہ تاج کالونی، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل مَیں خود دیکھتا ہوں۔دیگر بے شمار فوائد اور ثواب کے علاوہ جب تک ناظرین اسے دیکھتے رہیں گے، دوسری چینلوں کے فواحش کو دیکھنے سے تو رُکے رہیں گے۔کسی گناہ سے کسی کو روکنا ہی تو بڑا کارنامہ

ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اپنے مشن میں کامیاب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{399} حضرت مولانا حکیم الحاج غلام مصطفٰے نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فیضِ روحانی دواخانہ، مدینہ مارکیٹ کلر کہار ضلع چکوال، پاکستان)

حضرت علامہ محمد الیاس قادری العطّار صاحب جنہوں نے **دعوتِ اسلامی** کی بنیاد رکھی تھی۔ اہلِ عشق کے لیے دعوتِ اسلامی **مَدَنی چینل** ہی کی طرح تھی، تشنگانِ عشق جوق در جوق اِس میں وارد ہوئے۔ آج دُنیائے اِسلام میں عاشقانِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ایک عظیم اِسلامی اِیمانی قوت کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بندۂ ناچیز ملتان شریف میں ہونے والے اِجتماع میں حاضر تھا۔ شہر ملتان جا کر دیکھا کہ **مَدَنی چینل** کے متعلق شہر والوں کا جوش قابلِ دید تھا۔ ہر گھر، ہر ہوٹل، ہر دُکان پر **مَدَنی چینل** سے صدائے عشقِ رسُول گونج رہی تھی۔

مَدَنی چینل سے عورتوں کی مشکلات کم ہوئیں۔ گھر میں بیٹھ کر عورتیں، بوڑھے لوگ اور بچے بے حد محظوظ ہو رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** ہمارے دِل کی آواز تھی۔ جو سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے پوری ہوئی۔ اب لاکھوں گھروں میں یہ چینل عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی کرنیں بکھیر رہا ہے۔ اس کے متعلق لکھنے کو تو بہُت کچھ لکھا جا سکتا ہے۔ آخری بات ڈاکٹر اقبال کے شعر پر ختم کرتا ہوں:

قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کردے
دَھر میں عشقِ محمد سے اُجالا کردے

ہمیں یقین ہے کہ **مَدَنی چینل** سے عشقِ محمد صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی روشنی اِنْ شَاءَ اللہ

عَزَّوَجَلَّ ہر مسلمان کے دِل کوتازگی عطا کرے گی۔قبلہ حضرت علامہ محمد الیاس قادری العطاؔر سمیت صاحبِ اہل عشق کو میرا سلام ہو۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{400 }حضرت مولانا قاضی محمد احسان اللّٰہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رکن مجلس عاملہ تنظیم المداراس اہلسنّت پاکستان، دارالعلوم عربیہ پھام گلی اوگی ضلع مدنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

مَدَنی چینل کے قیام پر دِلی مُسرَّت اور اِطمینان حاصل ہوا۔میڈیا کے دور میں اس طرح کے چینل کی اَشد ضرورت ہے۔اگر اہلِ سُنَّت نے وقت کے تقاضوں کا خیال نہ کیا تو باطل کا مقابلہ مشکل ہوگا۔مَیں **دعوتِ اسلامی** کی مجلسِ شوریٰ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں جس نے اس اَہم ضرورت کا احساس کیا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کو ہر میدان میں کامیابی نصیب فرمائے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صد قے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{401 }حضرت مولانا حافظ غلام حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد ضیاء النبی، دارالعلوم ضیاء القرآن بلال آباد، تحصیل تلہ گنگ، ضلع چکوال، پاکستان)

دعوتِ اسلامی والے عُشّاقِ رسُول کا پروگرام بَہُت ہی اچھا ہے۔اس پروگرام کی بَہُت ہی اَشد ضرورت ہے۔کافی حد تک مُفید ثابت ہورہا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہِ اقدس میں حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل مُلتَجِی ہوں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس تحریک کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے،آمین۔

اب امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ نے **مَدَنی**

چینل کا آغاز فرمایا ہے۔ یہ بہُت ہی قابلِ تحسین ہے اور وقت کا اہم تقاضا تھا۔ ہماری نوجوان نسل اور خواتین جو ٹیلی ویژن کے بہُت ہی دِلدادہ ہیں۔ وہ جب اِس کو دیکھتے ہیں تو بہُت حضرات آپس میں گفتگو کرتے وقت اس چینل کا خُصُوصی ذِکر کرتے ہیں۔ اور ان کے اذہان عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے متأثر ہو رہے ہیں۔ گویا **مَدَنی چینل** ہمارے معاشرے میں تریاق ثابت ہو رہا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس کو قبول فرما کر مزید برکتوں سے نوازے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{402} حضرت پیر محمد طفیل انور نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(معصومی مکان نمبر 1861 ڈاکٹر چوک، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

آپ کے اِجرا کردہ **مَدَنی چینل** کا کیا کہنا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دین کی خدمت کا بہترین اور انمول طریقہ ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس میں مزید ترقی دے۔ چینل پر بہُت اچھے پروگرام ہوتے ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اس کا اجرِ عظیم دے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{403} حضرت مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ و برادرِ اصغر خلیفہ مفتی اعظم ہند و محدث اعظم پاکستان مفتی جلال الدین قادری علیہ رحمۃ اللّٰہ الغنی مدرس و مفتی دارالعلوم سُلطانیہ کالا دے جہلم، پاکستان)

ٹی وی کی تباہ کاریاں محتاجِ بیان نہیں۔ **مَدَنی چینل** کا اِجرا اس کے بُرے اثرات کو کم کرنے کی ایک مبارک کوشش ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوبِ پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل **دعوتِ اسلامی** کی

دِینی اوراصلاحی کوششوں کوقبول فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{404 }حضرت مولانا محمد ریاض قصوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظِم تعلیمات جامعہ اسلامیہ مرکز الاولیاء (لاہور)، پاکستان)

اِس میں کوئی شک نہیں ہے کہ دُنیائے اِسلام کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کھول کر فحاشی وعُریانی وبدعقیدگی کے سامنے بند باندھنے کی کوشش کی ہے اور ایک بَہُت بڑا خلا جو دعوت وتبلیغ کے حوالے سے نظر آرہا تھا اس کو صحیح معنوں میں پُر کرنے کی سعی کی ہے۔ یقیناً یہ بَہُت بڑا جہاد ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ جلیلہ سے اس کاوِش کو قبول فرمائے اور اس میں خیر وبرکت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{405 }حضرت مولانا محمد رفیق انجم سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظِمِ اعلیٰ جامعہ عثمانیہ رضویہ خطیب جامع مسجد عثمانِ غنی بلاک Z نیو سیٹلائٹ ٹاؤن گلزار طیبہ (سرگودھا)، پاکستان)

صورتِ احوال آنکہ! عصری تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اہلسنّت کی عظیم جماعت **دعوتِ اسلامی** نے سیٹلائٹ اور کیبل پر **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے غلامانِ رسُول پر احسانِ عظیم کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** آج کے میڈیا کے سیلابی یلغار میں بارانِ رحمت کا خوشگوار اضافہ ہے۔ جو یقیناً اسم بامُسمّٰی ہے۔ **اللّٰہ** کریم

عَزَّوَجَلَّ اسے صدقۂ نعلینِ مُصطفوِی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{406} حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعۃ الحسن رٹہ، ڈڈیال ضلع میر پور، کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس گئے گزرے اور پُر فِتَن دور میں **دعوتِ اسلامی** کا کام قرآن وسُنَّت کی دعوت وتبلیغ کے سلسلہ میں مثالی ہے لیکن **مَدَنی چینل** کھول کر آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کا جو اِہتمام کیا گیا ہے یہ **مَاشَاءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اِنتہائی شاندار اور اہم قدم ہے جس سے لوگوں کی اِصلاح اور ان کے دِلوں میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت پیدا ہوگی اور لوگ اِس پُر فِتَن دور میں ٹی وی کی تباہ کاریوں سے بچ کر اس سے فوائد حاصل کرسکیں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سعی کو اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے وسیلہ سے قبول فرمائے اور اس چینل کو عوام وخواص کے لیے مُفید بنائے، آمین۔

{407} حضرت مولانا عبدالرزاق جامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعۃ الحسن رٹہ، ڈڈیال ضلع میر پور کشمیر)

انہوں نے حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

{408} حضرت مولانا محمد عظیم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعۃ الحسن رٹہ، ڈڈیال ضلع میر پور کشمیر)

انہوں نے بھی حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں

تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

{409 }حضرت مولانا سید اعجاز حسین شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(لیکچرار کمپیوٹر الحسن ماڈل کالج اینڈ کمپیوٹر سائنس رٹہ، ڈڈیال ضلع میرپور کشمیر)

انہوں نے بھی حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{410 }حضرت مولانا حافظ محمد صابر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ کمالیہ انوار العلوم غوثیہ، عیدگاہ روڈ، قبولہ شریف، ضلع پاکپتن، پاکستان)

آج ہی بازار میں ایک دُکان پر **مَدَنی چینل** سُنا دیکھا اور **دعوتِ اسلامی** کی اس کاوش پر انتہائی خوشی ہوئی۔ دُعا ہے کہ مالکِ کریم **دعوتِ اسلامی** سے وابستہ ہر ہر فرد کو نظرِ بد سے بچائے اور ان کے سینے کو **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیبِ پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبتوں سے مَعْمُور فرمادے۔ حضرت صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی پر اور زیادہ رحمتوں کی بارشیں ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{411 }حضرت مولانا پیرزادہ اقبال احمد فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر ماہنامہ ''جہانِ رضا'' وسرپرست مرکزی مجلسِ رضا و مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ مرکز الاولیاء (لاہور)، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے سُنّتوں بھرے اِجتماع منعقدہ ملتان میں ملکِ شام سے آنے والے عُلمائے کرام کی اِجتماع

میں شرکت بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ آپ حضرات کی مہربانی سے اِن حضرات کی مکتبہ نبویہ لاہور میں تشریف آوری باعثِ افتخار اور تشکّر رہی۔ یہ آپ کی خُصوصی توجہ سے ہوئی تھی، یہ بات **دعوتِ اسلامی** کی عالمی سطح پر اہلِ علم و فضل کے ہاں پذیرائی کی علامت ہے۔ **مَدَنی چینل** دعوتِ اسلامی کا ایک نیا اندازِ تبلیغ ہے۔ جسے رات کے وقت بعض مواقع پر دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے۔ میرا خیال ہے اب عالمی سطح پر لوگ دیکھ سکیں گے اور مسائل سے واقِف ہوں گے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{412} حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم خان مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(رُکنِ اسلامی نظریاتی کونسل کشمیر و بانیِ تحریک اصلاحِ اُمّہ بارل، ضلع سدھنوتی، کشمیر)

دورِ حاضر میں اِلیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بے حیائی و فحاشی کا ایک سیلاب رواں تھا۔ جس سے ہر گھر میں گمراہی پھیل رہی تھی۔ ایسے حالات میں امیرِ اہلسنّت **مولانا محمد الیاس قادری** صاحب نے عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** سے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے اس طوفانِ بلاخیز کا رُخ اِصلاحِ اُمّہ کی طرف موڑ کر قابلِ رشک اِقدام فرمایا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بانیِ تحریک کے خُلُوص اور عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی تاثیر سے ایک جہاں مُستَفِیض ہوگا۔ ؎ ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{413} حضرت مولانا خدا بخش مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم جامعہ محمدیہ فریدیہ انوارالاسلام نزد لاری اڈا شہر لودھراں، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہُت خوشی ہوئی ہے کہ **مَدَنی چینل** محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا

درس دے رہا ہے۔ عالمِ اسلام پر امن کا جھنڈا لہرا رہا ہے اور یہ **دعوتِ اسلامی** کے لیے مُفید ہوگا بہُت بہتر کاوش ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے ذریعے دینِ متین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{414 }حضرت مولانا آس محمد سعیدی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(دارالعلوم حسنیہ قادریہ سعیدیہ، نزد سبزی منڈی، بیرون ملتان گیٹ، بہاولپور، پاکستان)

بلاشُبہ دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** اہلِ سُنَّت و جماعت کے لیے بالخصوص ایک عظیم تُحفہ ہے۔ جس کے ذریعہ اسلام کے پیغام کو دُنیا کے ہر خِطّے تک باآسانی پہنچایا جاسکتا ہے۔ **اللّٰہ** ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** اوراس کے تحت چلنے والے تمام شعبوں کو ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{415 }حضرت مولانا مفتی غلام سرور چشتی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ، اِسلام پورہ روڈ، تحصیل کلورکوٹ، ضلع بھکر، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر اِنتہائی مُسرّت ہوئی ہے۔ آج کے اس پُرفتن، بدعقیدگی اور بے عملی کی یلغار کے دور میں دینِ متین اور مَسلکِ حقہ اہلسنّت کی صحیح اشاعت وترویج میں بڑی مدد ملے گی۔ **دعوتِ اسلامی** کی یہ سعی جمیلہ قابلِ تحسین ہے، اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{416 }حضرت پیر خواجہ حافظ محمد جمال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ سلیمان تونسوی تونسہ شریف، ضلع ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

مجھے مَدَنی چینل دیکھ کر دِل کو تسکین ملتی ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو دین کی خدمت کرنے کی مزید توفیق عطا فرمائے اور آپ کے اِدارہ کو مزید ترقی و درجات نصیب کرے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{417 }حضرت مولانا محمد مشتاق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، بازار والی تحصیل چواسیدن شاہ، چکوال، پاکستان)

مَدَنی چینل کے ذریعے **دعوتِ اسلامی** نے جس طرح نوجوان نسل کو اپنے پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اقوال و افعال سے روشناس کرانے کا مبارک کام شروع کیا ہے، وہ لائقِ صد تحسین ہے۔ **اللہ** تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کو قبول فرمائے اور مزید ترقی عطا فرمائے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** اور امیر اہلسنّت مولانا **محمد الیاس عطّارؔ قادری** مدظلہ کی مساعئ جمیلہ کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت عم فیوضھم کو عمر دراز عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{418 }حضرت مولانا حافظ عمر فاروق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر روزنامہ پریس نیوز، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل کامیابی و فلاح کے راستوں میں لوگوں کی زندگی میں عظیم انقلاب برپا کر رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی بے حیائی، فحاشی، لچر ڈانس گھٹیا اَخلاق سوز پروگراموں میں ٹی وی چینلز نے کردار ادا کیا۔ نوجوانوں کے اندر

اخلاق وتہذیب کا جنازہ نکال دیا۔ والدین اور دردِدل رکھنے والے مسلمان اِنتہائی پریشان، ملک وقوم کے مستقبل کے معمار ایسی گھٹیا ڈگر پہ چل نکلے کہ آنے والے وقت میں وطنِ عزیز کا مستقبل ڈراؤنا خواب محسوس ہورہا تھا۔ ایسے میں **اللہ** ربُّ العزّت نے قوم پر احسان فرماتے ہوئے **مولانا الیاس قادری** مدظلہ کے وسیلہ سے **مَدَنی چینل** جیسی نعمت عطا فرمائی۔ اِصلاحی، خشوع وخضوع والے بیانات، دُعائیہ عبادتیں، اِصلاحی عملی زندگی کا چارٹر، کامیابی وفلاح کے راستوں میں لوگوں کی زندگی میں عظیم اِنقلاب برپا کررہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کومزید ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{419} حضرت مولانا پیر حبیب اللہ قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم قادریہ رضویہ، اسبنڑ بازار، تحصیل ادینزئی، ضلع دیرلوئر، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ سُن کر بڑی خوشی ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** والوں نے نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کو عام کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** لگایا۔ یہ وقت کا اہم تقاضا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حالات بدلتے جارہے ہیں ایک زمانہ ایسا تھا کہ تلوار تیر وغیرہ سے کام لیا جاتا تھا، اس جدید دور میں اب اگر انسان وہی پُرانے ہتھیار اِستعمال کرنا چاہے تو کچھ فائدہ نہیں بلکہ اب ایٹمی دور ہے۔ بالکل اسی طرح کا معاملہ ہے آج کل ہر گھر میں ٹی وی وغیرہ لگا ہے اس پر فحاشی کی جو تعلیم دی جارہی ہے اس کا توڑ یہی **مَدَنی چینل** ہے۔ **اللہ** جلَّ شانہٗ اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے **دعوتِ اسلامی** والوں کو ہر جائز فیلڈ میں دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{420 }حضرت مولانا حافظ سُلطان محمود علوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال، کلر کہار، ضلع چکوال، پاکستان)

یہ سُن کر انتہائی مُسرَّت و اطمینان ملا کہ **دعوتِ اسلامی** نے موجودہ دور کی ضرورت کا احساس کرتے ہوئے **مَدَنی چینل** شروع کیا ہے۔ موجودہ دور ابلاغ ومیڈیا کا دور ہے۔ ٹی وی کے ذریعے ہر گھر تک پیغام پہنچانا وقت کی ضروت ہے۔ میرے خیال میں یہ کام پہلے ہوجانا چاہیے تھا۔ بَہر حال ''دیر آید دُرست آید'' **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت امیر اہلسنّت مدظلہ کا سایہ تادیر قائم رکھے اور آپ کا فیض عام فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{421 }حضرت مولانا مفتی محمد شفیع باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکز اہلسنّت وجماعت، جامع مدنی، عیدگاہ کلورکوٹ، بھکر، پاکستان)

اِس پُرفِتَن دور میں **مَدَنی چینل** عوام النّاس کے لئے بَہُت ہی مُفید ہے اور اسلامی بھائیوں کا مدنی حُلیہ میں بیانات کرنا عالَمِ اِسلام کے لیے احیائے سُنَّت ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت کی زندگی میں برکت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{422 }حضرت مولانا محمد طاہر الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ جامعہ انوارالاسلام، محلّہ بشیر آباد، وارڈ نمبر 14/C، کوٹ ادو، مظفر گڑھ، پاکستان)

مَدَنی چینل خواص اہلسنّت کے لیے بالخصوص اور عوام کے لیے بالعموم بَہُت بڑی خوشخبری ہے۔ امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس قادری جس طرح دینِ اسلام اور مَسلک اہلسنّت کے لیے جو کام کررہے ہیں قابلِ صد

افتخار ہے اور ہمیں **دعوتِ اسلامی** نے نظریاتی طور پر مضبوط کر دیا ہے۔ اب لوگ **مَدَنی چینل** کو بڑی دِلچسپی کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ یہ ضلالت کے خلاف جہاد ہے اور آج میڈیا کا دور ہے۔ **دعوتِ اسلامی** نے وقت کے تقاضوں کو پورا کیا۔ اِس طرح دین کا پیغام پوری دُنیا تک پہنچانے میں مدد ملے گی، آخر میں صرف اِتنا کہوں گا کہ اے **دعوتِ اسلامی والو! آپ سلامت رہیں، تا قیامت رہیں۔**

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{423} حضرت پیر صاحبزادہ بشیر احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ ٹبہ شریف P/O ترگ شریف، تحصیل عیسٰی خیل، ضلع میانوالی، پاکستان)

مَدَنی چینل وقت کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اچھی کوشش ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{424} حضرت مولانا محمد منظور احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ برکاتیہ، مظفر آباد، کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے اِجرا سے میڈیا میں اِسلامی اقدار کو فروغ ملے گا اور مسلکِ حقّہ اہلسنّت وجماعت کے نظریات ومعاملات کو عوام النّاس تک پہنچانے کا ذریعہ ہوگا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس طرح کے اور کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{425 }حضرت پیر حاجی سید حبیب سلطان شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ غوثیہ یوسفیہ، جیل روڈ ہدہ، کوئٹہ، بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل وقت کی از حد ضرورت ہے اِس پُر فِتَن دور میں باطل کا جواب ضروری تھا۔ دعوتِ اسلامی مَسلک اہلسنّت کے لیے دن دُونی رات چوگنی کوشش کررہی ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ان کو اور رنگ لگائے اور زیادہ روشن کرے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{426 }حضرت مولانا محمد اسرائیل نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ دارالعلوم دعوۃ الاسلامیہ ضلع قصور نزد مصطفٰے آباد (رائیونڈ) مرکز الاولیاء (لاہور))

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی علمبردار غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے سربراہ امیر اہلسنّت ابو بلال **محمد الیاس قادری** زیدعلمہٗ وطول عمرہٗ اراکین مرکزی مجلس شوریٰ **دعوتِ اسلامی** کو تہہِ دل سے مُبارک باد پیش کرتا ہوں۔ **مَدَنی چینل** کے اِجرا سے دِل باغ باغ ہوگیا یہ بَہُت اچھا اِقدام ہے اور اُمتِ مصطفویہ کی اِصلاح بھی خوب ہے۔

مَیں دُعا گو ہوں کہ **اللّٰہ** کریم امیر اہلسنّت کو عمر خضری عطا فرمائے اور اِسی طرح دین کا کام کرتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{427 }حضرت پیر مخدوم سید نادر علی شاہ ترمذی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت پیر بابا ترمذی علیہ رحمۃ الغنی، ضلع بونیر، صوبہ خیبر پختونخواہ پاکستان)

دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** کے آغاز پر دِلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ پوری دُنیا میں قرآن وسُنّت کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** کا سُنّتوں بھرا پیغام گھر گھر تک پہنچ جائے۔ ہر گھر سے ذِکر مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی آواز بلند ہوجائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{428} حضرت مولانا اعجاز احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم راشدیہ نعیمیہ، ادیرو لعل ولیج، تعلقہ وضلع ٹیاری، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ **مَدَنی چینل** کے بارے میں شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت اور آپ کے رُفقاء کی اچھی سوچ ہے کہ آپ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔ امیرِ اہلسنّت کے خصوصی کرم سے جس کا ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ اسلامی بہنیں جو باہر جاکر علمِ دین حاصل کرنے سے قاصر تھیں اب وہ اپنے گھر میں علمِ دین آسانی سے سیکھ سکتی ہیں۔ تمام لوگوں کے لیے بھی بہُت بڑا فائدہ مند ثابت ہوا ہے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہوگا۔ یہ آپ کی اور پوری مجلس کی جانی مالی قربانیاں ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کی ان قربانیوں کو اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل قبولیت کا شرف بخشے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{429} حضرت مولانا مفتی ایاز احمد حقانی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعۃ الاسلامیہ الفریدیہ، کانگرہ شب قدر فورٹ، پشاور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا سُنّتوں بھرا اجتماع بخیر وعافیت انجام پذیر ہوا۔ مَیں اپنی طرف سے اور تمام رُفقاء ومعاونین کی طرف سے دِلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس دین کی عالمی کوشش کو قبول فرمائے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضرۃ العلامہ امام اہلسنّت مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتہم العالیہ کو **صحت وعافیت نصیب فرمائے**۔ اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت کا سایہ تا دیر قائم رکھے، آمین۔ حضرت امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت میں مبارکباد پیش فرمادیں، **مَدَنی چینل** کا شروع کرنا ایک اچھا اور مُستَحسن فیصلہ ہے اور وقت کی ضرورت ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{430} حضرت مولانا طاہر سلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر ماہنامہ ارمغانِ حمد، مہتمم حضرت علی مدرسۃ القرآن، اردو بازار باب المدینہ کراچی)

اِس بے راہ روی کے دور میں فحاشی پھیلانے والے چینلوں کی بھرمار ہے۔ بُرائی تیزی سے پھیلائی جارہی ہے۔ ان حالات میں **مَدَنی چینل** کا قیام باعثِ مُسرَّت ہے۔ راقم **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ اور **دعوتِ اسلامی** کی مزید کامیابی وترقی کے لیے دُعاگو ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{431} حضرت مولانا حکیم اکمل حیات مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل غوثیہ کالج، مٹھ ٹوانہ، ضلع خوشاب، پاکستان)

کبھی کبھی دوستوں کے ساتھ کیبل پر **مَدَنی چینل** دیکھنے کا اِتّفاق ہو جاتا ہے۔ اِنتہائی رُوح پرور پروگرام ہوتے ہیں اور **مَدَنی چینل** کا اِجرا مسلک اہلسنّت کی حقانیت کا بین ثبوت ہے اور ایمان روشن ہو جاتا ہے۔ اس چینل کی تشنگی عرصہ دراز سے محسوس کی جارہی تھی جو کہ دعوتِ اسلامی نے پوری کردی ہے۔

میری دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** کی عمر علم اور عمل میں برکت عطا فرمائے، آمین۔ جنہوں نے ایک تو باطل کا توڑ **دعوتِ اسلامی** کے رُوپ میں ہم نا ہنجاروں کو عطا فرمایا اور میرے کریم آقا صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی مُقدّس سُنّتوں کو ہم گناہ گاروں کے **قلُوب میں پیوست** کردیا، اور دنیا میں حج کے بعد دوسرا بڑا رُوحانی ایمان افروز اجتماع کا رُوپ دھار گیا۔ آخر میں بارگاہِ الٰہی میں دستِ بدعا ہوں کہ میرے مولا کریم! مسلکِ اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کو پوری دنیا میں عام کردے اور ہمارے قلُوب اور اَذہان میں راسخ کردے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{432} حضرت خواجہ الحاج مخدوم محمد جاوید ارشد جمالی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ چشتی نظامی، مدینۃ الاولیاء ملتان شریف، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** بڑے میٹھے انداز میں اسلام تیزی سے پھیلا رہی ہے۔ بہُت بڑے جذبے عقیدت ومحبت کے ساتھ پاکستان ہی نہیں بلکہ پُوری دُنیا میں **دعوتِ اسلامی** کام کررہی ہے۔ میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی بطفیل حُضور نبی کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم امیر اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری** مُدَّظِلُّهُ العَالِی کو صحت وتندرستی اور **دعوتِ اسلامی** پر آپ کا سایہ تادیر قائم فرمائے، آمین۔ میں اپنی طرف سے **مدنی چینل** کو چلانے کے لیے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالٰی **دعوتِ اسلامی** کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{433 }حضرت صاحبزادہ پیر فیض مصطفٰی جمالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(زیبِ سجادہ دربار عالیہ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ چشتی نظامی، مدینۃ الاولیاء (ملتان شریف)، پاکستان)

انہوں نے حضرت خواجہ الحاج مخدوم محمد جاوید ارشد جمالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأ ثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{434 }حضرت علامہ مولانا سید غلام مصطفٰے خالد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ مدینۃ العلوم بستی رڈان، فیضان ملوک شاہ بہاولپور، پاکستان)

خداوند کریم اپنے محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے مُحسنِ اہلسنّت، محی المِلۃ والدین، امیر اہلسنّت، حکیم الامت، عالمِ باعمل، یادگارِ اسلاف، نبّاضِ وقت، غزالیٔ عصر **حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتھم القدسیہ کو اپنی حِفظ وامان میں رکھتے ہوئے درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے، اور ان کا سایہ عاطفت ہمارے سروں پر تادیر قائم ودائم رکھے اور ان کا فیض مزید عام فرمائے۔

اُمت کی اس زَبوں حالی میں **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے امیر اہلسنّت سے بڑا کام لیا ہے۔آپ نے اس دور میں میڈیا کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے بروقت **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے کیونکہ کُفر والحاد نے میڈیا وار کے ذریعے اُمتِ مُسلِمہ کو گمراہ کرنے کا جو منصوبہ بنایا ہے اِسے خاک میں مِلانے کے لیے **مَدَنی چینل** کی اَہمیت نا قابلِ بیان ہے۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز حضرت امیر اہلسنّت کی جدید تقاضوں سے آگاہی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔اور

اِس چینل کے آغاز نے انہیں نبّاض وقت ثابت کیا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو ہدایتِ اُمت کا بہترین ذریعہ بنائے اور امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی قیادت میں **دعوتِ اسلامی** کو اوجِ ثریّا کی بلندیاں عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{435} حضرت مولانا سید احمد سعید شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حنفیہ، المعروف پنج پیر بادامی باغ، مرکز الاولیاء (لاہور))

اکثر اوقات ناچیز کے ذِہن میں یہ خیال اُبھرتا تھا کہ اس جدید دور کے تقاضوں کے مطابق جہاں اہلسنّت وجماعت کے پاس دیگر ذرائع تبلیغ دستیاب ہیں۔ وہاں ایک ٹی وی چینل بھی ہونا چاہیے کیونکہ یہ اِس دَور کی اِنتہائی اہم ضرورت ہے۔ اور چینل ایسا ہونا چاہیے جس پر عقیدۂ حق اہلسنّت وجماعت کی ترویج و اشاعت ہو اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور حُضُور سرورِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت سکھائی جائے۔ ایک طویل عرصہ سوچتا رہا کہ یہ کام کون سی تنظیم سَر انجام دے سکتی ہے؟ کیونکہ کہیں سے اُمید کی کرن پھوٹتی نظر نہ آتی تھی۔ لیکن ایک دِن اچانک میرے دوست اسلامی بھائی سے معلوم ہوا کہ تبلیغِ دین کی عالمگیر جماعت **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** شروع کردیا ہے تو میری خوشی کی اِنتہا نہ رہی۔ یہ حقیقتاً انتہائی اہم کارنامہ ہے جو کہ **دعوتِ اسلامی** کے حصہ میں آیا ہے کیونکہ اس کے ذریعہ عقائد حقّہ کا پرچار ہوگا اور ساتھ ساتھ باطل عقائد جو کہ ٹی وی چینلز پر پھیلائے جارہے ہیں ان کی بیخ کنی ہوگی۔ اس لیے لوگوں کے عقائد نہ صرف محفوظ ہوجائیں گے بلکہ اِن کی اصلاح بھی ہوگئی۔ میں آپ سے بلکہ آپ کی پوری ٹیم سے گزارش کروں گا کہ ٹرانسمیشن کا setup ایسا بنایا جائے کہ عقائد اہلسنّت جو کہ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قدس سرہ العزیز کی تعلیمات کی روشنی میں ہیں اِن کے زیادہ سے زیادہ پروگرام پیش کیے جائیں۔

یہاں میں ایک عظیم خوشخبری کو رقم کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** ایک ایسا عظیم کام ہے

جسے تقریباً ہر طبقہ نے پسند کیا ہے۔تا دمِ تحریر بندۂ ناچیز کی جتنے لوگوں سے اس چینل کے سلسلہ میں گفتگو ہوئی ہر کسی نے یہی جواب دیا کہ اِنتہائی اچھا چینل ہے اور بڑی پیاری پیاری باتیں بتاتے ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ مزید ترقی دے۔ **آخر** میں بندہ اس عظیم کارنامہ پر **دعوتِ اسلامی** کے امیر و رہبر حضرت امیر اہلسنّت کو بالخصوص اور آپ کے جُملہ رُفقاء کو بالعموم دادِ تحسین پیش کرتا ہے کہ انہوں نے وقت کی نزاکت سمجھتے ہوئے ایک عظیم اصلاحی فریضہ سرانجام دیا۔ اور اُمت ِمُسلِمہ بالعموم اور نوجوان طبقہ کو بالخصوص غلط عقائد پر چلنے سے محفوظ رہنے کی سبیل پیدا کی۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ جزائے خیر عطا فرمائے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمارا حامی و ناصر ہو۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{436} حضرت مولانا محمد صدیق احمد محمدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ مدینہ، کوٹلہ موسیٰ خان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی جن شعبوں میں کام کررہی ہے وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ **دعوتِ اسلامی** کے تمام کارکنان کو مَیں خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور بالخصوص **مَدَنی چینل** کے اجراپر مُبارکباد دیتا ہوں۔ کیونکہ اس کے ذریعے سے لوگوں تک حُبِّ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور دعوتِ حق نہی عن المنکر کا پیغام ہر ایک تک پہنچے گا، اور مسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کی خوب ترجمانی ہوگی، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حق و باطل میں خوب امتیاز ہوگا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ہمارے امیرِ اہلسنّت کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور اِن کا سایہ تادیر ہم پر قائم فرمائے، اور غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی ہی ترقی سے نوازے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{437} حضرت مولانا ابوظفر محمد عبدالرشید قادری مُصطفوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ خلیفہ مفتی اعظم ہند مفتی محمد حسین قادری سکھروی، مہتمم مدرسہ حنفیہ قادریہ رجسٹرڈ چھوٹا گلہ، راولاکوٹ کشمیر)

ہمیں بڑی خوشی اس بات سے ہے کہ مذہب حقہ اہلسنّت و جماعت کی ایک ایسی تنظیم موجود ہے جو **دعوتِ اسلامی** کے نام سے موسوم ہے اور اِشاعت اسلام کے میدان میں کام کررہی ہے۔ جو کسی وقت ہمارے لیے ایک خواب تھا۔ اس **دعوتِ اسلامی** کو عُروج وترقی دِن دُونی رات چوگنی روشن اور پائندہ فرمائے جسے دورِ جدید کے تقاضوں کو محسوس کرتے ہوئے آگے بڑھایا ہے پہلے اِشاعت کُتُب پمفلٹ اور ایک قدم آگے بڑھ کر **مَدَنی چینل** کی صورت میں ہمارے سامنے ہے اور اس **مَدَنی چینل** سے بُہت دورتک مؤثر پیغام اسلام پہنچ رہا ہے اور لوگوں کے تزکیۂ نفس اور پاکیزہ اِسلامی زندگی جو سُنّتوں کے اَنوار سے نکھری ہو حاصل کررہے ہیں۔ ہمارے لیے ملتان کا اجتماع کتب کی نشر واِشاعت، **مَدَنی چینل**، انٹرنیٹ تک رسائی بڑی اہم کامیابی ہے۔ مجھے ذاتی طور پر اِتنی خوشی ہے کہ اس کا اِظہار میں الفاظ میں نہیں کرسکتا ہوں۔

میری دعا ہے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب لبیب محمد مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ میں کامیاب وکامران فرمائے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ تمام متعلقین **دعوتِ اسلامی** کو اِستقامت، خُلُوص وَلوَلۂ تبلیغ کی قوتِ لازوال عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{438} حضرت مولانا محمد شبیر ہزاروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر پولیس، اسلام آباد، پاکستان)

مَدَنی چینل **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ اورحُبِّ رسُول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے معمور دِینیمسائل کی اِشاعت اور عقائد اہلسنّت کی حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے، **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ بحرمتِ نبیِ مختار صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم اہلسنّت کے فیضان کو جاری وساری رکھے۔اور جتنے مُخلِص اس عظیم تحریک میں سعی کررہے ہیں بلکہ جمیع اہلسنّت کی دِینی تحریکوں کو **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{439} حضرت مولانا مفتی محمد سلیمان رضوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم انوارِرضا، منگٹال ٹاؤن، راولپنڈی، پاکستان)

مَدَنی چینل بلاشُبہ {وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ (پ۱۰ الانفال ٦٠) **ترجمۂ کنزالایمان** : اوران کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بَن پڑے } کا تقاضا اِنتہائی ضروری تھا جوضرورت آپ نے پوری کی۔ اہلسنّت کے لیے **دعوتِ اسلامی** کی خدمات قابلِ ستائش وتشکّر ہیں۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{440} حضرت مولانا حافظ محمد حق نواز جدون مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ نظامیہ رضویہ گاؤں چک ماجیہ گلی، تحصیل وضلع ایبٹ آباد خیبر پختونخواہ پاکستان)

مَدَنی چینل اس پُر فِتَن دور میں صبح کوستارہ ثابت ہوگا۔اس وقت جہاں پروگرامز اور فلموں میں بے حیائی اور فحاشی دِکھا کر دُنیا کو گمراہ کیا جارہا ہے اور ہر کوئی اس میں ایک دوسرے سے آگے نکل جانا چاہتا ہے۔ وہاں ایسے پروگرامز اور چینل نہایت ضروری ہیں۔ جہاں پر اِیمان اَفروز پروگرام اِیمان کو جلا بخشنے والے مقامات مثلاً مدینہ

طیّبہ، مکہ مکرّ مہ زَادَھُمَا اللہ شَرفًاوَّ تَعظِیماً سرکارِدوعالم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا مزارِاقدس، حُضُور غوثِ اعظم، حُضُور سیِّدی اعلیٰ حضرت اور دیگر مشائخ اولیاء کرام کے مزارات جو ہر مؤمن کے دِل میں ایمان کی جِلا بخشتے ہیں۔ مگر ہر کوئی اِن تک رسائی نہیں رکھتا کہ دیکھ کر ہی اپنی پیاس بجھالے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اپنے حِفظ وامان میں رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{441} حضرت مولانا سید مومن شاہ جیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم، لیوز تھانہ روڈ وارڈ نمبر ۲، خاران، پاکستان)

خاران بلوچستان میں ایران کے باڈر پر ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ابھی کچھ مہینے سے ہمیں **مَدَنی چینل** بھی ٹی وی پر نظر آنا شروع ہوگیا ہے۔ ملتان اجتماع براہِ راست ہم نے یہاں دیکھا اور مختلف پروگرام، ہم خود اور ہمارے بچے دوست احباب کو بھی **مَدَنی چینل** کی ترغیب دے رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** چلنے کی وجہ سے کافی لوگوں کی اِصلاح ہوئی ہے۔ ہمیں بڑی خوشی ہے کہ اِس دور میں میڈیا کا بڑا رول ہوتا ہے، **مَدَنی چینل** کو کافی لوگ دیکھ رہے ہیں اور اس سے اِستفادہ کررہے ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{442} حضرت مولانا محمد نور احمد ریاض مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین خلیفۂ اوّل علامہ کاظمی مولانا عبدالقادر سعیدی رحمۃ اللہ علیہما، نشیمن کالونی، مدینۃ الاولیاء (ملتان شریف))

مَدَنی چینل ایک عظیم روحانی درسگاہ کی صورت میں اہلسنّت وجماعت پر احسان کریم ہوا جو روحانی

تربیت گاہ کے علاوہ مسائل دینیہ کا ایک انسائیکلوپیڈیا کی صورت میں منصۂ شہود پر آیا۔ دِینی لحاظ سے جو بھی نعمت **مَدَنی چینل** سے ملتی ہے وہ اہلسنّت و جماعت کے لیے سیاہ رات کی تاریکیوں میں ایک بدرِ کامل ہے۔ اَمیر اہلِ سُنَّت مدظلہ کے حضور کیا ہدیہ تبریک پیش کیا جائے۔ یہ اہلسنّت کی قلبی دِینی روحانی کیفیّات کو اپنے مکاشفۂ جلیلہ سے کشفِ حقیقی کی صورت میں گم شدہ قافلہ کو تاریک راستوں سے نکال کر شمشیر ہدایت کی روشنائیوں میں لاکر ہدایت کا مینارہ نور ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اہلِ سُنَّت و جماعت کو اس **مَدَنی چینل** سے کماحقہ فیضیاب فرمائے، آمین۔

این دعااز من وجملہ جہاں آمین باد

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{443} حضرت مولانا عبدالغفور قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ مفتی محمد امین دام ظلہ خطیب جامع مسجد صدر، محلّہ اسلام نگر، بہاولنگر، پاکستان)

اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں شیخِ شریعت وطریقت حُضُور قبلہ امیر اہلسنّت عم فیوضہم کے ذریعے سے **دعوتِ اسلامی** کا وجود عطا فرمایا اور اس سے بڑھ کر خوشی کی بات یہ ہے کہ میڈیا پر ہمارا کوئی خالصتاً مذہبی چینل نہیں چل رہا تھا یہ بھی قبلہ امیر اہلسنّت کے فیضان اور مُبلّغین کی اَنتھک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج ہمارا ایک خالصتاً اور مذہبی چینل موجود ہے۔ استاذی قبلہ حضرت علامہ مفتی محمد امین صاحب (بہاولنگر) نے حکم فرمایا کہ مَیں **مَدَنی چینل** کے بارے میں اپنے تأثرات لکھوں۔ آخر میں یہی دعا ہے **اللہ** ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{444} حضرت مولانا محمود احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم مالیات سُنّی حنفی علماء کونسل، خطیب جامع مسجد بابا خا کی شاہ، راجہ جنگ، قصور، پاکستان)

دعوتِ اسلامی نے عظیم الشّان سِلسلہ تبلیغ کے لیے **مَدَنی چینل** کی صورت میں بَہُت عظیم کارنامہ سَرانجام دیا اس پر ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اُمید رکھتے ہیں کہ **دعوتِ اسلامی** اس عظیم **مَدَنی چینل** کو ہمیشہ کے لیے جاری رکھے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{445} حضرت مولانا قاضی منظور احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد اہلِ سنت وجماعت سید حامد علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کمپنی باغ گلزار طیبہ (سرگودھا) پاکستان)

اِس حقیقت سے انکار نہیں کہ اِس پُرفِتَن دور میں اِسلام کی تبلیغ، اشاعتِ دین، مسلمانوں کے دِلوں میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو اُجاگر کرنا، مَسلکِ حق کو عالَمِ اِسلام میں روشناس کرانے جیسے اَہم کاموں کا فریضہ جس طرح **دعوتِ اسلامی** نے ادا کیا ہے موجودہ دور میں اس کی مِثال نہیں ملتی۔ لیکن مذکورہ سارے کام میڈیا کے ذریعے منظرِ عام پر نہیں آرہے تھے جس کی وجہ بعض باطِل عناصِر اسلام کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کو گمراہ کررہے تھے۔ ضرورت اس اَمر کی تھی کہ جو لوگ اِسلام کی حقیقت اور عقائد سے ناواقفیت کی بنا پر اپنی آخرت خراب کررہے ہیں اِن کو راہ راست پر لانے کے لیے کون سا ذریعہ اختیار کیا جائے۔ چُنانچہ **عاشقانِ رسُول** کی اس ضرورت کو کیبل پر چلنے والے **مَدَنی چینل** نے پورا کردیا۔

پچھلے دنوں **مَدَنی چینل** پر جعلی پیروں کے بارے میں ایک معلوماتی پروگرام نشر ہوا جس کو مَیں نے بَہُت پسند کیا۔ میری رائے ہے کہ عقائد کے موضوع پر بیانات، خطابات اور عوام کو عقائد کے سلسلے میں پیش آنے والے

مسائل کوزیادہ سے زیادہ جاری کیا جائے تا کہ عوام الناس کوفائدہ ہو۔آخر میں میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ جلّ جلالہٗ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے تَصدُّق سے **دعوتِ اسلامی** کی اس کاوش **مَدَنی چینل** کوقبول فرمائے اور تمام مسلمانوں کے لیے نافع بنائے۔آمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{446 }حضرت مولانا قاری محمد امیر عالم مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ ادارہ تعلیماتِ مجددیہ 400،شادمان،جیل روڈ لاہور)

مَدَنی چینل کے قیام پر اِنتہائی خوشی ہوئی،''دیر آید دُرست آید''،مکمل اِسلامی چینل چلانے کے مشورے بَہُت سے مشائخ عظام کوپیش کئے مگر یہ حصہ **دعوتِ اسلامی** کا تھا۔**اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے اِس **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطافرمائے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{447 }حضرت مولانا پروفیسر میر ناظر اقبال شہباز مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پروفیسر گورنمنٹ ڈگری کالج چکار،مظفر آباد کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی اجتماع بڑے ہی دِلنشین انداز میں بخیر و عافیت مُنعقِد ہوا۔اس پر دلی مبارک باد پیشِ خدمت ہے۔علاوہ ازیں **دعوتِ اسلامی** نے وقت کی نبض کو جانچتے ہوئے اُس کی رفتار کوسمجھتے ہوئے جس طرح اپنے لٹیریچر سے دُنیا کوسُنَّتِ مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا پابند بنایا اور **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے ایک عظیم اقدام دُنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔**مَدَنی چینل** کے بارے

میں راقم اِتنا ہی کہے گا کہ اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دینِ محمد صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور محبت مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی لہریں پوری دُنیا میں قلُوب واَذہان سے ٹکرائیں گی۔ قصہ مختصر یہ کہ راقم **دعوتِ اسلامی** کے ہر اِقدام کے متعلق یہی الفاظ کہے گا:

اللّٰہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں

اے **دعوتِ اسلامی** تری دھوم مچی ہو

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کا حامی وناصر ہو اور ہمیں عشق مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی عظیم دولت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{448} حضرت مولانا عبدالحق نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدیہ، بوستان کالونی، گلی نمبر 7، مرکز الاولیاء لاہور)

آج اس نازک دور میں اُمتِ محمدیہ میں بے راہ روی بے اَدَبی، بے حیائی عُریانی کا طوفان آ گیا ہے۔ اس کوختم کرنے کے لیے ہماری تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر سُنّتوں بھری تحریک **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بَہُت جلد کامیابی سے اُبھر رہا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ تحریک **دعوتِ اسلامی** کے بانی **امیرِ اہلسنّت حضرت پیر طریقت مولانا محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتہم العالیہ کے اِصلاحی بیانات سے سب اُمتِ محمدیہ کو آنے والے وقت میں عظیم تر کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{449} حضرت پیر سید افتخار حسن گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ قادریہ، شمس محل، اوچ شریف، بہاولپور، پاکستان)

موجودہ دور میں الیکٹرانک میڈیا کی بڑی اہمیت ہے اکثر چینلز فحاشی عُریانی پھیلانے کے ساتھ ساتھ اِسلام دشمنی میں بھی پیش پیش ہیں۔اسی اثناء میں **مدنی چینل** کا آغاز بلاشُبہ وقت کی بڑی ضرورت تھی۔آپ سب لوگ مبارکباد کے مُستحق ہیں۔دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اپنے نیک مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{450} حضرت مولانا قاری محمد فیصل ندیم کیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ رضویہ انوارالحدیث، گوجرانوالہ روڈ، حافظ آباد سٹی، پاکستان)

دعوتِ اسلامی درحقیقت دورِ حاضر میں اہلسنّت کی عزّت کا نام ہے،کون ہے جو اپنی عزت میں بلندیاں نہیں چاہتا۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا پلیٹ فارم تحریر اور تقریر کے ذریعے جس قدر رسُول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی غلامی کا حق ادا کر رہا تھا اس کے ساتھ ساتھ میڈیا کے ذریعے ہماری تبلیغی کوششیں زیروز بڑھتی جو نہی **دعوتِ اسلامی** نے **مدنی چینل** کا آغاز کیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میڈیا میں اہلسنّت راج کرنے لگے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کرتے رہیں گے۔لوگوں تک باطل سے مبّرا دین کا پیغام پہُنچ رہا ہے۔**اللہ** عَزَّوَجَلَّ نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو مزید بلندیاں اور عظمتیں عطا فرمائے،آمین،اور اس سارے کام کا کریڈٹ **امیر دعوتِ اسلامی** کو جاتا ہے حِفظَہُ اللّٰہُ تعالٰی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{451} حضرت مولانا محمد صادق مدظلہ العالی

(مہتمم الکلیۃ الغوثیہ للبنات بھوتھ، سیالکوٹ، پاکستان)

ہمارے معاشرے میں سازش کے تحت بے حیائی پھیلائی جارہی ہے اور یہود و نصاریٰ مسلمانوں کی نئی نسل کو اِسلام اور نظریۂ اِسلام سے بَرگشتہ کرنے کی پوری کوشش کررہے ہیں پوری دُنیا کا میڈیا شیطانی اُمور کو پھیلانے اور عام کرنے میں لگا ہوا ہے۔ اِن حالات میں **مَدَنی چینل** اللہ عَزَّوَجَلَّ اور رسُول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت اور اِطاعت کا پرچار کرکے ایک بہُت بڑا تبلیغی فریضہ انجام دے رہا ہے ہم اس چینل کے شروع کرنے پر آپ کو تہِ دِل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{452} حضرت مولانا حکیم سید غلام اصغر شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

دعوتِ اسلامی کے اس عظیم کارنامے **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر میں مُبارکباد پیش کرتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی ہی ترقی ہو، آمین۔ مَیں بہُت ہی خوش ہوں کیونکہ اس کے ذریعے سے حق و باطل میں فرق واضح ہوگا۔ مَسلکِ حق کی ترجمانی ہوگی اور اِسلامی پروگرام ہوا کریں گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{453} حضرت مولانا عبدالوہاب سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم قادریہ سکندریہ، پکا چانگ، ضلع خیرپورمیرس، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے ہر میدان میں کام کیا اور خوب کیا ہے ایک اہم میدان جو کہ خالی تھا

اور اِس پُر فِتَن دور میں شیطانی طاقتیں اپنا حَر بہ چلا رہی ہیں، ایسے وقت میں **دعوت اسلامی** نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے بہُت اَہم کام کیا ہے۔

دُعا ہے کہ **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین بجاہ سید المرسلین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{454} حضرت مولانا محمد اشرف علی سعیدی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت، خطیب جامع مسجد یارسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم، کاہنہ نو ضلع مرکز الاولیاء لاہور)

اہلسنّت میں اِلیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر کام نہ ہونے کے برابر تھا، **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے آپ نے باطِل قوتوں کے مقابلے میں **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے اِس کمی کو بڑی حد تک پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر مؤثر اور دِلنشین اَنداز میں قرآن وسُنَّت کا صحیح پیغام عوام تک پہُنچے گا۔ **مَدَنی چینل** کے شروع کرنے پر **دعوتِ اسلامی** کے تمام ذِمہ داران کو مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{455} حضرت پیر خواجہ اعجاز الحسن مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت مُنشی غلام حسن شہید، محلّہ آغا پورہ، بیرون گیٹ، مدینۃ الاولیاء ملتان شریف، پاکستان)

اہلسنّت کے پیغام وفروغ کے لیے میڈیا کا اِستعمال بہُت ضروری ہے۔ اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مسلمانوں

میں مذہبی وعقیدہ کی اِنقلاب لائے گا۔ میڈیا کے دور میں خالصتاً اسلامی چینل کی کمی محسوس کرنے والے اہلِ محبت اور اہل درد کی اس خواہش اور ضرورت کو **مَدَنی چینل** نے بطریقِ اَحسَن پورا کر دیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{456} حضرت مولانا عطاءالمصطفٰی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم چشتیہ رضویہ، چشتیہ روڈ، پہاڑ پور، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

مَدَنی چینل کے لیے ہمارے بھی یہی جذبات ہیں، جو دوسرے علماء کرام کے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کے قیام پر سب کو خوشی ہونی چاہیے کیونکہ یہ وقت کی اَہم ضرورت تھی۔ ہمیں اُمید ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے دوسرے شعبہ جات کی طرح **مَدَنی چینل** بھی دینِ اسلام کی تبلیغ اور مسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کی ترویج کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت امیرِ اہلسنّت اور جملہ علماء اہلسنّت کی حفاظت فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{457} حضرت مولانا پیر سید محمد فاروق القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین خانقاہ قادریہ، گڑھی اختیار خان، رحیم یار خان، پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز **دعوتِ اسلامی** کا بَہُت ہی بَر وقت، منفرد اور خُصُوصی کارنامہ ہے اس برق رفتار ماحول میں دینِ اِسلام اور رُوحانیت بالخصوص ''بمصطفٰی برساں خویش را'' (اپنے آپ کو سرکار کی غلامی میں پیش کر دینے) کی دعوت اور پیغام کو الیکٹرانک میڈیا پر پیش کرنا بَہُت بڑی دینی خدمت ہے۔ سبز گنبد علی صاحبہا السلام کی نسبت سے ملک کے نوجوانوں میں سبز پگڑی کی علامت سے جو دِینی انقلاب پیدا ہوا ہے اور جس طرح معیاری ثقہ اور

سلف کے انداز کا سلیس لٹریچر سامنے آ رہا ہے، اس کا سارا سہرا بانیٔ **دعوتِ اسلامی**، امیر اہلسنّت، منظورِ نگاہِ رِسالت حضرت علامہ ابو بلال **محمد الیاس عطار قادری رضوی** دامت برکاتھم اوران کی ساری ٹیم کے سر ہے۔

خدا کرے عشقِ نبوی علٰی صاحبہا الصلوۃ والسلام کا یہ قافلہ ہمیشہ رَواں دَواں رہے اور یہ میکدہ ہمیشہ آباد وشاد رہے۔ میں ہر وقت دعا طلب ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{458} حضرت مولانا ابو البرہان محمد امان اللہ فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی دارالعلوم حنفیہ ضیاء القرآن، راجہ جنگ، قصور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی**، قرآن وسُنَّت کی تبلیغ ہو، مساجد ومدارس دینیہ کی تعمیر ہو۔ اسلامی علوم وفنون کی تدریس ہو، درسی کُتُب پر حواشی اور کتبِ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربّ العزّت کی تخریج ہو، راہِ ہدایت سے بھٹکے ہوئے نوجوانوں کے کردار وافعال کی تعمیر ہو۔ مساجد ومدارس میں بالغان کی تعلیم ہو۔ غلامانِ مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قُلُوب واَذہان میں شمعِ عشقِ مصطفوی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم فروزاں کرنے کی ترغیب ہو، ہر میدان میں اپنی پوری آب وتاب سے ہمہ تن گامزن نظر آ رہی ہے۔ اِتنے قلیل عرصہ میں اِتنا کثیر اور عظیم کام حضرت امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کی زندہ جاوید کرامت ہے۔ پرنٹ میڈیا پر تو **دعوتِ اسلامی** اپنی پوری آب وتاب سے جگمگا رہی تھی لیکن الیکٹرانک میڈیا کا میدان ابھی خالی تھا۔ چُنانچہ **دعوتِ اسلامی** کے پلیٹ فارم سے جاری ہونے والے **مَدَنی چینل** نے الیکٹرانک میڈیا کے میدان میں اپنے پاکیزہ کارہائے نمایاں سرانجام دینے شروع کردیئے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کے آغاز پر میں **دعوتِ اسلامی** کی تمام مجالس کو صَمیمِ قلب سے مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔ **مَدَنی چینل** فحاشی وعُریانی کی اندھیر نگری میں راہ

ہدایت کا روشن چراغ ہے۔تبلیغ قرآن وسُنَّت کا عظیم ترجمان ہے،موجودہ نفسانی دور میں وقت کی اَہم ضرورت ہے۔ گھر گھر میں قرآن وسُنَّت کا **نُــــور** پہنچانے کا ذریعہ ہے۔بگڑی ہوئی نوجوان نسل کے قُلُوب واَذہان میں شمعِ عشقِ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم فروزاں کرنے کا سامان ہے، **مَدَنی چینل** سے قرآن وسُنَّت کے نُور سے مَعمور ہونا حضرت قبلہ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کا فیضان ہے،جن کے اشارہ اَبرو پر **دعوتِ اسلامی** کا بچہ بچہ قربان ہے، **دعوتِ اسلامی** پر مکینِ گنبدِ خضراء صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فیضان ہر آن ہے،اِسی فیضان سے اہلسنّت وجماعت کی شان ہے، **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضور نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلینِ اَقدس کے صدقے حضرت قبلہ امیر اہلسنّت، **بانیٔ دعوتِ اسلامی**، سالار قافلہ عشق ومحبت، پیر طریقت، راہبر شریعت، **علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس قادری رضوی** دامت برکاتھم العالیہ کو صحت وعافیت کے ساتھ ساتھ عمر خضر عطا فرمائے اور آپ کے فیض لاثانی سے ہر مسلمان کو مُستَفِید و مُستَفِیض فرمائے۔اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیہِ وَاٰلہٖ وَاَصحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَناتِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ اَجْمَعِین بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{459} حضرت مولانا قاری محمد قاسم چشتی گولڑوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد چھنی شہر براستہ روات، ضلع وتحصیل راولپنڈی، پاکستان)

بڑی خوشی ومُسرَّت کی بات ہے کہ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہو چکا ہے اس سے پوری دُنیا میں دِین اسلام کی اِشاعت ہوگی۔اس اِشاعت سے اہلسنّت وجماعت کا پرچم بلند ہوگا، بدعقیدگی کا خاتمہ ہوگا۔چونکہ **دعوتِ اسلامی** بہترین انداز میں تبلیغی سرگرمیاں انجام دے رہی ہے۔اِس دور میں آج ہم جس چیز کا شکار ہیں وہ بے حیائی کا عُروج ہے۔ **مَدَنی چینل** سے بے حیائی پر کافی حد تک کنٹرول ہو جائے گا۔جس سے ایک مدنی ماحول پیدا ہو جائے گا۔

مَدَنی چینل پر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے عشق ومحبت کی باتیں ہوں گی۔

جس سے ہر مرد وزن کی توجہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی طرف ہو جائے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{460} حضرت مولانا ابو طاہر علی اصغر شاہ سہروردی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ عربیہ حنفیہ رضویہ فیض العلوم، حویلی لانگ، جلال پور پیر والا ضلع ملتان، پاکستان)

ہماری اہلسنّت کی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** جو کہ ہر شعبہ میں کامیابی حاصل کر رہی ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ ہماری اس تحریک **دعوتِ اسلامی** کو ہر میدان میں ترقی عطا فرمائے۔ آپ (امیرِ اہلسنّت مد ظلہ) نے اور آپ کے تمام رُفقاء نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے یہ بہُت ہی اچھا قدم ہے کیونکہ آج کل نوجوان نسل دوسرے چینل دیکھ کر بہُت خراب ہو رہی تھی لیکن **مَدَنی چینل** نے اِن کو راہِ راست پر لانے کے لیے بہُت ہی بہتر اقدام کیا ہے۔ یہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کارِ خیر میں مزید تقویت عطا فرمائے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کو خضری حیاتی عطا فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔ ملتان شریف کا اجتماع اور تمام دنیا میں خُصُوصاً پاکستان میں سُنّتوں کی بہار آپ ہی کے طفیل سے ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کے تمام علمائے کرام اور تمام عوام اہلسنّت کی خیر فرمائے، آمین۔ اور ہمارے اہلسنّت کے تمام مدارِس کو ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{461} حضرت مولانا مفتی مشتاق احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی وشیخ الحدیث جامع غوثیہ مہریہ گولڑہ شریف، اسلام آباد، پاکستان)

یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ آپ نے ٹی وی پر **مَدَنی چینل** کا پروگرام شروع کیا ہے۔ یہ پروگرام اِن

شَــاءَ الـلّٰــه عَــزَّوَجَلَّ اہل سُنّت و جماعت کا بہترین ترجمان ثابت ہوگا۔اوراہلِ اسلام کے دِلوں میں حضورسرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت کواُجاگر کرنے کا وسیلہ ثابت ہوگا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰـهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{462} حضرت مولانا حافظ محمد اکبر جتوئی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مرکزی سیکرٹری جنرل انجمن فدایان مصطفٰی پاکستان، پی اے ٹو ایڈیچیف روزنامہ جنگ لاہور ۱۳ سرآغاخان روڈ مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہترین جزادے امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا ابوبلال **محمد الیاس** عطّار قادری رضوی ضیائی دام فیوضھم کو جنہوں نے **دعوتِ اسلامی** کو چلایا پروان چڑھایا اور صرف 27 سال کی مختصر مُدَّت میں **دعوتِ اسلامی** کو تحریک ہی نہیں تنظیم (نظم وضبط) سے مزین وآراستہ کیا اور نتیجتاً آج اس شجرہ سایہ و پھلدار کی جڑیں 66 سے زائد ملکوں میں پھیل چکی ہیں۔ جب کہ 36 سے زائد شاخوں (شعبہ جات) سے مختلف میوے اپنے رنگوں اور ذائقوں سے اُمتِ مُصطفوی (علٰی صاحبِھا الصّلوٰۃ والسّلام) کو مُستفید و مُستفیض کررہے ہیں اور اب **مَدَنی چینل** کے نام سے خالص مذہبی و دینی نشریات کے حامل و علمبردار ٹی وی چینل کا آغاز کرنا مولانا موصوف (امیر اہلسنّت مد ظلہ) اور **دعوتِ اسلامی** کا واقعی منظّم کارنامہ ہے۔ آج اس وقت اُمتِ محمدیہ (علٰی صاحبھا الصّلوٰۃ والسّلام) بے راہ روی پر لگ چکی ہے اور بے حیائی کا طوفان میڈیا کے ذریعے شِدَّت سے پھیل رہا ہے۔ اِس کے قلع قمع کیلئے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہماری تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر سُنّتوں بھری تحریک **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بَہُت مؤثر ثابت ہوگا۔ اور اِس تحریک **دعوتِ اسلامی** کے امیر امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری** (دامت برکاتھم العالیہ) کے اِصلاحی بیانات سے بَہُت اُمت کی اصلاح ہوگی اور آنے والے وقت میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بَہُت کامیابی ہوگی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{463} حضرت مولانا لطیف الرحمٰن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، جامعہ غوثیہ معینیہ، پشاور، پاکستان)

اس میں کوئی شک نہیں کہ دینِ متین کی اِشاعت وتبلیغ بَہُت بڑی سعادت ہے، بانیٔ اسلام رحمتِ عالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مُبارک دور سے آج تک اہلِ حق اس عظیم فریضے کا شرف درس وتدریس سے لے کر تحریر وتقریر کی صورت میں حاصل کر رہے ہیں۔ موجودہ سائنس وٹیکنالوجی کی دُنیا میں چونکہ ٹی وی اس فریضہ کی ادائیگی کا بہترین ذریعہ ووسیلہ ہے جس کے ذریعے ایک مُبلِّغ بند کمرے میں بیٹھ کر ایک آن میں پُوری دنیا میں اسلام کی صحیح ترجمانی کر سکتا ہے۔ درس وتدریس اور تحریر وتقریر کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کی اشاعت پر یقیناً **دعوتِ اسلامی** صدہا مُبارک باد کی مُستحق ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{464} حضرت مولانا صاحبزادہ حافظ محمد اظہر منیر سندیلہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(الغوث اسلامک ایجوکیشن سنٹر، نیو بلال کالونی سبزہ زار، B بلاک مرکز الاولیاء (لاہور))

ہر دور میں طاغوتی قوتیں اِنسان کو گمراہ کرنے کی کوششیں کرتی رہتی ہیں۔ کبھی اِن میں تہذیب کی خرابی پیدا کی اور کبھی ان میں اعمال کی خرابی پیدا کی۔ اور کبھی انبیائے کرام علیہم السلام کی گستاخیاں تو کبھی اولیائے کرام رحمھم اللّٰہ السلام کی گستاخیاں پیدا کیں، ایسے حالات میں **اللّٰہ** کریم جلَّ جلالہٗ نے اپنے بندوں میں کسی ایک بندے میں یہ قوت وطاعت پیدا فرمادی کہ جس نے آکر انسانیت کی رہنمائی فرمائی اور اِنسانیت کو گمراہی اور بے راہ روی سے بچالیا۔ تو آج کے اس پُر فِتَن دور میں کہ جس میں شیطانی قوتیں مکمل طور پر اپنے پَر پھیلائے ہوئے۔ اِنسانیت کو گمراہ کر رہی ہیں

کبھی عقائد کی خرابی اور اعمال کی خرابی اور کیبل ٹی وی کے ذریعے فحاشی وعُریانی اور لادِینیت کو فروغ دے رہی ہیں۔ تو **اللہ کریم** عَزَّوَجَلَّ نے **امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری** طول اللّٰہ حیاتہ کے وُجُودِ مَسْعُود میں یہ طاقت رکھی ہے کہ وہ اِنسانیت کو ان شیطانی افعال سے بچائیں اور آپ اس وقت کے مردِ آہن ہیں کہ جن کے زیرِ سایہ دعوتِ اسلامی حق کا پرچم تھام کر گلی گلی کوچے کوچے صدائے یارسُول **اللہ** صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم لگا رہی ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کی تنظیم نے نہ صرف جماعت کی بقا کے لیے کام کیا، بلکہ اِسلام کی آبیاری کے لیے دن رات کام کر رہی ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو سلامت رکھے، جنھوں نے بچّے سے لے کر بوڑھے فرد تک کی تربیت اِس اَنداز میں کی کہ ہر فرد اس وقت دِیوانہ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم نظر آتا ہے اور دِیگر **مَدَنی چینل** کا اِجرا کر کے ایک بہُت بڑا کارنامہ انجام دیا جو کہ خالصتاً اہلسنّت وجماعت کی ترجمانی کرتا ہے۔ مسلمانوں کی تہذیب اَخلاق واقدار کو اُجاگر کر رہا ہے اور اس **مَدَنی چینل** جو کہ اِسلام کا صحیح ترجمان بن کر اُبھر رہا ہے، کے ذریعے نسلِ اِنسانی کی بہترین تربیت ہو رہی ہے۔ **اللہ** کریم جلّ جلالہٗ اس چینل اور اس کی تمام تر اِنتظامیہ کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{465} حضرت حکیم حاجی خوشی محمد چاوڑہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(گنداخہ، ضلع جعفرآباد، بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل نے ایسا کام کیا ہے کہ لوگ بے اختیار سُبحٰنَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کہتے ہیں۔ جو لوگ **حضرت قِبلہ پیر صاحب** کی زیارت کو ترستے تھے آج گھر بیٹھے اُن کی زیارت کر رہے ہیں، جن کے چہرے میں رونق ہے، متأثر کرنے والی ہستی ہے۔ خاص کر عورتوں کو زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ اب آپ کے **مَدَنی چینل** نے کئی لوگوں کو بدعقیدگی سے بچالیا ہے۔ اس چینل کو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نے خود روحانی طور پر چلایا ہے

اور **مَدَنی چینل** پر سُبْحٰنَ اللّٰہ آپ کا ترجمہ ہی بیان ہو رہا ہے۔ مَیں مساجد میں یہ اعلان کراتا ہوں **مَدَنی چینل** سنو، **مَدَنی چینل** سنو۔ میں نے 45 گوٹھوں میں کیبل اور پوسٹر لگوائے ہیں تاکہ یہ چینل سُنا اور دیکھا جاسکے۔ جو میرے پاس مریض آتے ہیں ان کو کتابیں دیتا ہوں، ساتھ ہی **مَدَنی چینل** دیکھنے کی تاکید بھی کرتا ہوں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

مَدَنی چینل اشاعتِ دین کا ایک مؤثر ذریعہ ہے

آج کے پُرفِتن دور میں ایک طرف بے عملی اور بے حیائی کا دور دورہ ہے اور دوسری طرف اس بے عملی اور بے حیائی کے کاموں کو فروغ دینے کیلئے زیادہ تر الیکٹرانک میڈیا کا سہارا لیا جارہا ہے، کیونکہ آج جبکہ دُشمنانِ دین وملت یہود ونصاریٰ اپنی کفریہ وشرکیہ اور بیہودہ ثقافت کے ذریعے مسلمانوں کی دِینی حمیت وغیرت کو امتحان میں ڈال چکے ہیں۔ آپ دیکھ لیجئے کہ آج میڈیا کو اپنے مذموم عزائم کی اِشاعت کیلئے پُرکشش اَنداز میں مسلمانوں کے سامنے پیش کرتے ہوئے نجانے کتنے مسلمانوں کے قُلُوب واذہان کو شعارِ اسلامی سے بے بہرہ کر دیا گیا ہے۔ ایسے حالات میں اس اَمر کی اَشد ضرورت تھی کہ میڈیا کے ذریعے اِحیائے سُنَّت کے فروغ کے لئے کام کیا جائے تاکہ یہود ونصاریٰ کی فِکری مرعوبیت کا شِکار اور گنبد خضراء کے فیضان سے محروم رہنے والوں کو رُشد وہدایت کا **نور** نصیب ہوجائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ! **تبلیغِ** قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی مَدَنی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے عالمِ اِسلام کے مسلمانوں کے لئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے فراہمیٔ علمِ قرآن وسُنَّت کا بہترین ذریعہ پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تشنگانِ قرآن وسُنَّت کو سیرابی کا بھرپور موقع عطا فرمادیا ہے۔ اور یوں فیضانِ قرآن وسُنَّت کے مہکتے ہوئے مَدَنی گلدستوں سے عالَم کا گوشہ گوشہ مُعطَّر اور شرق تا غرب اِسلام کا آفاقی پیغام عام ہوتا چلا جارہا ہے۔ اس وقت دُنیا

میں اِسلام کے نام سے کئی چینلز کی بھر مار ہے لیکن کسی چینل میں بے پردگی کا دور دورہ ہے تو کہیں فاسِد عقائد کا اژدھا منہ کھولے مسلمانوں سے ایمان نگلنے کے لئے تیار بیٹھا ہے ۔ اِشتہارات کی آڑ میں انہیں فروغ دیا جا رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** تمام خرابیوں کو دُور کرنے اورلوگوں کوقرآن وسُنَّت کے جام پلا کرانہیں دین سے قریب کرنے کے لئے مَعْرضِ وُجُود میں آیا ہےاوردر حقیقت **مَدَنی چینل** اِسلام اور مصطفٰے کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا مبارک **نور** پھیلا کر مسلمانوں کے عقائد واَعمال کی نہ صرف بھر پور اِصلاحی کوشش کر رہا ہے بلکہ ان کے اِیمان وعمل کی حفاظت بھی کررہا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کثیر عُلَماء وشخصیّات نے **مَدَنی چینل** کے اِنقِلابی اقدام پر **دعوتِ اسلامی** کی **مجلسِ رَابِطَة بِالْعُلَماء وَالْمَشائِخ** اور دیگر مُبلِّغین کے ذریعے اپنے تاثُّرات سے نوازا ہے جن کے مزید نئے آنے والے اِقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

{466} حضرت مولانا محمد سراج احمد قادری سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس وناظم اعلیٰ مدرسہ عزیز العلوم، اوچشریف، ضلع بہاولپور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز مدنی نشریات سے ہوا، اسلامی ذِہن رکھنے والوں میں خوشی ومَسرَّت کی لہر دوڑ گئی۔ حُضُور پُرنور بانیٔ **دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلِ اسلام حضرت علامہ الحاج مولانا **محمد الیاس قادری** دامت بر کاتہم القدسیہ نے جس طرح مختصر عرصے میں ایک تبلیغی طوفانی یلغار کے سامنے اسلامی نوجوان بھائیوں نے بند باندھا اور غلامانِ سرورِ کشورِ رسالت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو دُنیا میں پھیلا دیا۔ **اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ** اس طرح **مَدَنی چینل** بھی تمام ابلیسی قوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گا، اور عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام گھر گھر پہنچائے گا۔ ایک دن ایسا ضرور آئے گا کہ ہر بہن، بھائی، بچہ اور بوڑھا، رسُولِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سنتوں کے زیور سے آراستہ پیراستہ ہوجائے گا۔ اور شریعت پر چلنے والوں کا چرچا ہوگا۔ امیرِ عالمِ اسلام بانیٔ **دعوتِ اسلامی** پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت (مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری) حِفَظَہُ اللّٰہ تعالٰی نے عاشقانِ مصطفٰے کو

ایک ایسا پلیٹ فارم دیا ہے جو دینِ متین کی ترویج واِشاعت کے تمام شعبوں پر مشتمل ہے۔ ان میں سے ایک **مَدَنی چینل** کو دُنیا میں اس کی شدید ضرورت تھی کیونکہ جہاں باطِل اپنے پَر پُرزے نِکالتا ہے تو اس کی سرکوبی کے لئے وہاں حق بھی نمودار ہو جاتا ہے۔ ؎

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز

چراغِ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

یہ تو ہونا ہی تھا، اب ہم پر ذِمّہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس کے تحَفُّظ، اِستحکام، حمایت ونصرت اور اسلام کی خدمت میں اضافہ واعانت کے لیے آگے بڑھیں اور اپنے فرضِ منصبی سے سَبکدوش ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{467} حضرت مولانا سید محمد اقبال شاہ گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی وسرپرست دارالعلوم ضیاء القرآن، روڈہ، ضلع خوشاب، پاکستان)

خدائے لم یزل ولا یزال جلَّ جلالہٗ اور اس کے پیارے حبیب بے مِثل وبے مثال صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے فضل وکرم سے اس پُرفِتَن ترین دور میں **مَدَنی چینل** اُمتِ مُسلِمہ کے لیے مشعلِ راہ کا کام دے گا اور عقائدِ اہلسنّت وجماعت کی ترویج میں مدد ومعاون ثابت ہوگا۔ **اللہ کَرِیم** عَزَّوَجَلَّ بتوسّل مصطفٰی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم مُفید تر بنائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{468} حضرت مولانا حافظ غلام قادر اختر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بیت السلام، مبارک پور، تحصیل احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے بارے میں میری رائے ہے کہ اِسے برقرار رہنا چاہیے۔ اس چینل سے اُمت کو بہُت اُمیدیں وابستہ ہیں۔ یقیناً آئندہ مزید مفید ثابت ہوگا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{469} حضرت مولانا حفیظ اللّٰہ حبیبی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامع مسجد کلی ھرو، خاران بلوچستان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے نام سے جس چینل کا آغاز کیا ہے شہر خاران (بلوچستان) میں کیبل آپریٹرز یہ دکھا رہے ہیں۔ یہ **دعوتِ اسلامی** کی بہُت ہی اعلیٰ کاوش ہے۔ اس سے **دعوتِ اسلامی** کا پیغام گھر گھر پہُنچانے میں آسانی ہوگی۔ امیرِ اہلسنّت، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس عطّارؔ قادری** دامت برکاتھم القدسیہ اس پر خراجِ تحسین کے مُستحق ہیں آپ کے محبت بھرے خطابات لوگوں کے دِلوں پر یقیناً اثر انداز ہوں گے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{470} حضرت مولانا قاری شکور احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ، ڈھاب خوشحال، چکوال، پاکستان)

مَدَنی چینل کے حوالے سے میں تو یہی کہتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** نے اہلسنّت کے سر کو فخر سے بلند کر دیا ہے۔ اس پُر فِتَن دور میں **مَدَنی چینل** تمام اہلِ اسلام کے لئے ایک انمول نعمت ہے۔ ربِّ کائنات **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ ربِّ ذوالجلال عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی بہاروں کو سدا شادو آباد رکھے اور بانئ **دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلسنّت **مولانا الیاس عطّارؔ قادری** دامت برکاتھم العالیہ کو عمر دراز

عطا فرمائے ،اور آپ کا سایہ اہلسنّت و جماعت پر قائم ودائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{471 }حضرت مولانا مصباح الدین سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دارالعلوم کنزالایمان،نصیرہ،کھاریاں، گجرات، پاکستان)

مَیں دعوتِ اسلامی کا بالعموم امیر اہلسنّت مولانا **محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتھم العالیہ کا بالخصوص اِنتہائی ممنون ہوں۔ کہ اِس فتنہ پرور دور میں **دعوتِ اسلامی** کے زیرِ انتظام **مَدنی چینل** کا آغاز ہوا۔اور **مَدنی چینل** صرف اور صرف حُضُور صلَّی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنَّت اور آپ کے دین کی اِشاعت کر رہا ہے۔اور اِس وَقت گمراہ اور بدمذہب لوگوں نے اپنے چینل کھولے ہوئے ہیں۔ جو کہ لوگوں کے عقائد میں فساد ڈال رہے ہیں اور ویسے بھی لوگ مساجد اور مدارس کی طرف کم توجہ دیتے ہیں اِس وجہ سے ایسے حالات میں لوگوں کی رہنمائی اور تربیت کرنا اِس طرح ممکن تھی کہ لوگوں کی **مَدنی چینل** کے ذریعے اِصلاح ہوگی،اور لوگ دِین کی طرف رَاغِب ہوں گے۔ **مَدنی چینل** کو دیکھ کر مجھے بڑی خوشی محسوس ہوئی کہ امیرِ اہلسنّت کی نگرانی میں یہ چینل کھلا ہے جس سے باطِل عقائد والے لوگوں کی قوتیں منہدم ہوں گی اور اہلِ حق راہ راست پر لگ جائیں گے۔

میری دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت حفظہ اللہ تعالیٰ کا سایہ عوام اہلِ سُنَّت پر تادیر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{472 }حضرت مولانا محمد عمر فاروق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نوری، تھابل شریف، تحصیل بھلوال، گلزارطیبہ (سرگودھا) پاکستان)

اکیسویں صدی میں ذرائع ابلاغ کے اَہم ترین ذریعہ الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت وافادیت سے انکارنہیں ہے مگر دورِحاضر میں ہمارے میڈیا پر فحاشی وعریانی کا طوفانِ بلاخیز اور مرد وعورت کا بے جا اِختلاط اہلِ قلب ونظر کے لیے سوہانِ رُوح ہے۔ ہر صاحبِ دل بزبانِ اقبال یوں فریاد کناں ہیں: ؎

ان شورشوں سے گھبرا گیا ہوں یاربّ

دل ڈھونڈتا ہے مرا ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فِدا ہو

تو اِن رُوح فرسا حالات میں ایک خالصتہً اسلامی اور ترجمان مسلکِ رضا **مَدَنی چینل** کا قیام یقیناً اربابِ فکرودانش اور اَصحابِ دَرْدِ دل کے لئے سامانِ راحت اور نویدِ بہار ہے۔ **اللّٰہ کَرِیم** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** اور **دعوتِ اسلامی** کے نیٹ ورک کو روز افزوں ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{473} حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد صاحبداد خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم بزم یارسُول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، پُرانا مچھلی ہٹ شاہی بازار، حیدرآباد، پاکستان)

جوکام ہمیں بیس سال پہلے کرنا تھا وہ ہم نے ابھی کیا۔ بہرحال ''دیرآید دُرست آید۔'' **مَدَنی چینل** کی بَرَکت کی وجہ سے ملک پاکستان کے مکین کے علاوہ دُنیا کے مکینوں کے دِل اِسلام کی طرف راغِب ہوں گے۔ **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر مجھے خاص طور پر بڑی خوشی محسوس ہوئی کیونکہ یہ وقت کی ضرورت ہے اور اس کے ذریعے مسلمان ہر وقت سُنَّت کی بہاروں سے اپنے دِل کو مُعطَّر کرتے رہیں گے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس مشن کو جاری وساری فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{474} حضرت مولانا سید کبیر حسین شاہ ہمدانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد اہلسنّت، خان پور محلّہ میلا دنگر، ہزارہ، سرحد، پاکستان)

اَخلاقی انحطاط کے اِس دور میں جب دِینی اقدار مٹ رہی ہیں اور میڈیا بے حیائی کو فروغ دینے میں مصروفِ عمل ہے۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز اندھیری رات میں گویا چودھویں کے چاند کا چمکنا ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ چاند بدلیوں کی اَوٹ سے نکل آیا ہے۔ امیرِ دعوتِ اسلامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی یہ تگ وتاز عُریانی وفحاشی کے سیلاب بلاخیز کے آگے بند باندھنے کی طرف عملی قدم ہے۔ اللّٰہ کَرِیْم عَزَّوَجَلَّ ان پر راہِ عمل سہل فرمائے۔ **مَدَنی چینل** ظلمات میں روشنی کا چراغ دکھائی دے رہا ہے۔ خدا طلبی کے وَلوَلے اور حُبِّ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے سرشار جذبے **مَدَنی چینل** کا خاصہ ہے۔ اب سُنّت کی بہاریں گھر گھر پہنچانی کچھ اس قدر دشوار دکھائی نہیں دے رہیں۔ وہ وقت دور نہیں جب **مَدَنی چینل** کردار سازی کو تحریک کی شکل دینے میں کامیاب ہوگا۔

امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا میٹھا لہجہ اور دعوتی اَنداز قُلُوب میں اِنقلاب برپا کردیتا ہے ہماری شب وروز کی دعائیں **مَدَنی چینل** کی کامیابی کے لیے فریاد کناں ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{475} حضرت مولانا اصغر علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام ومدرس جامع مسجد انوار مدینہ، مدرسہ فیض الامین، گلی نمبر 6، سردار کالونی، ملک پور، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل اِس دور کی بہُت ہی اَہم ضرورت ہے جہاں کیبل پر بے حیائی، فحاشی، بے پردگی کے چینل چل رہے ہیں اور ہمارے اکثر نوجوان طبقہ کے لوگ اس کو بڑے شوق سے دیکھتے ہیں، اگر اس موقع پر اُن کو اِن چینلز کی بجائے **مَدَنی چینل** دیکھنے کو ملے تو اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ان کی زندگی میں ضرور ضرور مَدَنی انقلاب

آ ئے گا۔ اگر آج بھی ہم نے اپنے آپ کو نہ سنبھالا اور بُرائی کو نیکی میں بدلنے کی کوشش نہ کی تو یہ کام اگر ہم مسلمانوں نے نہیں کیا تو کیا کوئی اور آ کر یہ کام کرے گا؟ نہیں، بلکہ ہم مسلمانوں نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے سے بھی بُرائی کا خاتمہ کرنا ہے۔ **میری دُعا ہے کہ اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{476 } حضرت مولانا قاری فیض الرسُول قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد غوثیہ رضویہ، قائداعظم پارک، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل کا اِجرابہُت بہتر ہے۔ اہلسنّت کے مسلک کی تبلیغ آسان ہوگی اور سُنِّیت کا چرچا ہوگا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ مسلک اہلسنّت کی عظیم تحریک **دعوتِ اسلامی** کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{477 } حضرت مولانا عابد حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ امینیہ رضویہ، شیخ کالونی، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** جس نے ملک بھر میں دین کا ڈنکا بجادیا، کئی بے نمازیوں کو نمازی اور فیشن پرستوں کو پابندِ سُنَّت بنادیا۔ جہاں **دعوتِ اسلامی** کی کئی مجالس دین اسلام کی خدمت میں مشغول ہیں، وہیں یہ تحریک منفرد انداز اور نئے ذریعے سے قرآن وسُنَّت کا کام گھر گھر تک پہنچا رہی ہے، اور وہ ذریعہ ہے **مَدَنی چینل**۔ مجھے بہُت خوشی ہوئی کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ سُنِّیت کی اس عظیم

تحریک نے میڈیا میں اپنا قدم آگے بڑھایا، اور دیکھتے ہی دیکھتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ کئی گھرانے سُنّتوں کا گہوارہ بن گئے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس عظیم تحریک کوتادمِ زیست شاد آباد رکھے اور اس کو اسی طرح قرآن وسُنَّت کا کام کرتے رہنے کی سعادت عظمیٰ عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{478} حضرت مولانا محمد مبارک اظہر ضیاء مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامعہ مسجد فرزندِ علی، ملک پور 203، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

آج کے اس پُرفتن دور میں جب کہ ہر طرف سے فحاشی اور عُریانی کا سیلاب تباہی پھیلا رہا ہے **مَدَنی چینل** کا آغاز نجات کی وہ کِرن ہے جو اہلِ ایمان کے لئے کسی بھی طرح آبِ حیات سے کم نہیں ہے، بلکہ ایک عظیم نعمت ہے۔ ایک زمانہ تھا جب تیروں اور تلواروں سے جنگ کی جاتی تھی لیکن آج کا دور ایسا نہیں ہے۔ آج اپنے نظریات اور ثقافت کو فریق مخالِف تک پہنچانے کا بہترین ذریعہ میڈیا ہے۔ دوسری جنگِ عظیم کے دوران ہٹلر کے پروپیگنڈہ ماسٹر گوئبلز نے کہا تھا: ''ہمیں اتحادیوں کی فوج سے اِتنا نقصان نہیں پہنچا جتنا نقصان ہمیں اُن کے ادارے کی نشریاتی لہروں سے پہنچ رہا ہے۔'' اِس نازک ترین دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز ایک نعمتِ عظمٰی ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ وقت دُور نہیں جب اسی **مَدَنی چینل** کے ذریعے اور امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے فیض کے ذریعے ہم پوری دُنیا کو مدنی رنگ میں رنگ لیں گے۔

اِرادے جن کے پُختہ ہوں نظر جن کی خُدا پر ہو
تلاطُم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{479 }حضرت مولانا محمد سلطان رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام ومدرس جامع مسجد انوار مدینہ مدرسہ فیض الامین، گلی نمبر 6، سردار کالونی، ملک پور، سردا آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل عالمِ اسلام کے لئے بہُت بڑی نعمت اور فتح یابی ہے۔ فتح یابی اس لحاظ سے ہے کہ اس پُر فِتَن دور میں ایک ایسا بہُت ہی اچھا کام جو کہ اہلسنّت کے لیے باعثِ بَرَکت اور حُضُور صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کو گھر گھر پہُنچانے کا اہم ذریعہ ہے۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تبارک وتعالٰی **دعوتِ اسلامی** اور اس کے نیک کام کو تا قیامت قائم رکھے۔ ہم دُعا کرتے ہیں اُن کے لئے جن کی بدولت یہ سب کچھ ملا، میری مُراد حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** ضیائی رضوی دامت برکاتہم العالیہ ہیں، **اللّٰہ** تعالٰی اِن کی کاوشوں کو حُضُور صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ ووسیلہ سے قبول و منظور فرمائے اور حضرت کے عِلم وحِلم میں بَرَکتیں اور وسعتیں اور صحت وتندُرستی وعمر دراز بالخیر عطا فرمائے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{480 }حضرت مولانا پیر آصف بشیر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین چشتیہ دربار شریف، اسلامیہ پارک چنّاں، گلی نمبر 8، سردا آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَطلعِ خیر کا اِظہار ہے **مَدَنی چینل** حاصلِ جادۂ اَنوار ہے **مَدَنی چینل**

قاتِعِ عشرتِ پیکار ہے **مَدَنی چینل** قاطعِ حُجّتِ کفّار ہے **مَدَنی چینل**

بالِ جبریل ہوا پاش کا ہم پلّہ ہے بڑھ کے شہکار سے شہکار ہے **مَدَنی چینل**

ابرہہ مدِّ مقابل ہو پھر بھی ڈر کیا کہ ابابیل کا کردار ہے **مَدَنی چینل**

اِس کی نَس نَس پہ کھلیں اُسوۂ حسنہ کے گلاب تابعِ سُنَنِ سرکار ہے **مَدَنی چینل**

دشتِ بے نُور میں بھٹکوں کا مثالِ جگنو طرفہ ہمدرد ہے، غمخوار ہے **مَدَنی چینل**

دین کی تبلیغ میں سُورج کی شعاعوں جیسا ایک مانا ہوا کردار ہے **مَدَنی چینل**

عشقِ سرکار کے فیضان سے اس عہد میں بھی مئےِ توحید سے سرشار ہے **مَدَنی چینل**

ہم بھی آمادۂ تقلید ہیں اس کی کیونکہ رہبرِ لشکرِ جرّار ہے **مَدَنی چینل**

ہیں جہاں سُنَّت و قرآن کے باغی اس جا برملا برسرِ پیکار ہے **مَدَنی چینل**

خدمتِ دیں کے لئے حال سے کیا جاں سے بھی کل بھی تھا آج بھی تیار ہے **مَدَنی چینل**

باغِ طیبہ سے کشیدہ ہوا خشک نایاب ثمرِ کامحنتِ عطّاؔر ہے **مَدَنی چینل**

جتنے آصفؔ ہیں مرے دور کے چینل اِن میں

مَیں سمجھتا ہوں کہ سالار ہے **مَدَنی چینل**

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{481} حضرت مولانا سید محمد زبیر الہاشمی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ اللّٰہُ ھو والا ڈیرہ، عقب عزیز فاطمہ، گلستان کالونی، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ایک عزیز کے ہاں **مَدَنی چینل** پر تبلیغی پروگرام دیکھنے کی سعادت عطا ہوئی اس قدر پُر تاثیر بیان تھا زبان سادہ اور سہل تھی۔ خُدا عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کیا کہ تبلیغ اِسلام کے لیے **اللہ کَرِیم** عَزَّوَجَلَّ نے بہترین بندوبست فرما دیا ہے۔ ہمارے ایک بھائی اِس بابَرَکت چینل کو دیکھ کر تجدیدِ تعلُّقات کے لیے تشریف لائے

کہ مَیں نے اس چینل پر حدیثِ نبوی سُنی ہے کہ رشتہ داروں سے تعلُّقات مُنقَطَع کریں تو رِزق کم ہو جاتا ہے۔لہٰذا وہ اپنی اِصلاح پر کمر بستہ ہوئے ہیں۔**اللّٰہ** کریم عَزَّوَجَلَّ ہمیں سُن کر عمل کی سعادت نصیب فرمائے اور **دعوتِ اسلامی** کو مزید بہار در بہار عطا ہو ساری دُنیا میں **دعوتِ اسلامی** کی دُھوم ہو۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ بہترین اَسباب سے اس تحریک کو مزید ترقی نصیب فرمائے۔امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رہے۔**اللّٰہ** کریم عَزَّوَجَلَّ از طفیلِ مصطفیٰ صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم ہمیں ان کی محبت کا صدقہ نصیب فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{482} حضرت مولانا قاری فیض المصطفیٰ عتیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم اعلیٰ جامعہ انوارِ رضا وخطیب جامع مسجد عزیزیہ،گلزار طیبہ (سرگودھا) پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے موجودہ اور آنے والی نسلوں کو گمراہی سے بچانے کے لیے بڑا پیارا طریقہ اِختیار فرمایا ہے۔**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ صدقہ حسنینِ کریمین کے مُقدّس نانا صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے **مَدَنی چینل** کو دن رات ترقی عطا فرمائے اور تا قیامت لوگوں کو گمراہی سے بچانے کا ذریعہ بنائے اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مردِ قلندر قطبِ عالم قبلہ **محمد الیاس قادری** دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تادیر ہم پر قائم فرمائے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{483} حضرت مولانا ابوالخیر محمد شفیق الرحمٰن جامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد فریدیہ،ڈھکی،پاکپتن شریف،پاکستان)

محافظِ عقائدِ اہلسنّت جناب محترم المقام مولانا ابو بلال مولانا **محمد الیاس قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی شب و روز کی کاوش اور انتھک محنتوں نے مسلکِ حقّہ مسلکِ اہلسنّت و جماعت میں تازہ روح پھونک دی اور آپ نے مسلک کی روح کو زندگی جاوداں بخش دی، اِس لئے اہلسنّت و جماعت آپ دامت برکاتھم العالیہ پر اور **دعوتِ اسلامی** پر جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اِن محنتوں پر اَجرِ عظیم عطا فرمائے۔ **مَدَنی چینل** کی بہاریں روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں اور یہ **دعوتِ اسلامی** کا ایک عظیم کارنامہ ہے، جس کا فائدہ نہ صرف ہم بلکہ ہماری آنے والی نسلیں بھی اُٹھائیں گی۔

مَدَنی چینل وہ بے مثال چینل ہے کہ جس نے گھروں، دُکانوں پر جہاں ہر وقت فحاشی وعُریانی کے پروگرام اور کھیلوں، ڈراموں کے چینل چلتے تھے اُن سب کا بیڑا غرق کر دیا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت کو عمرِ خضری اور **مَدَنی چینل** کو دن رات ترقیاں عطا فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{484} حضرت مولانا عبدالحق توگیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد فخریہ آستانہ عالیہ، خواجہ فخر الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پاکپتن شریف، پاکستان)

ناچیز کی طرف سے امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ **ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری** صاحب وجُملہ احبابِ **دعوتِ اسلامی** کو سلام۔ ہم بے حد مَمنون ومشکور ہیں **دعوتِ اسلامی** کے جس کی جانب سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا، اس سے پہلے بھی حضرت قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت فیوضھم کی بے حد خِدمات اور اِحسانِ عظیم ہے اہلسنّت وجماعت اور عوامِ اہلسنّت پر کہ جنہوں نے اپنا قیمتی وَقت **مَدَنی ماحول** کے لئے مختص کر رکھا ہے۔ آپ دامت برکاتھم العالیہ **دعوتِ اسلامی** کے **مدنی ماحول** کے ذریعے عوام کے سینوں کو مدینہ بنا رہے ہیں۔ اب **مَدَنی چینل**

کے چلائے جانے سے اہلسنّت وجماعت کی خواتین بھی اس سے مُستَفِید ہوسکیں گی ،جس کے لئے ہم سب ممنون ہیں ۔

ہم دُعا گو ہیں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی عمر دراز فرمائے اور اِن کی تمام تر دِینی خِدمات کو شرفِ قبولیت عطا کرے۔ **دعوتِ اسلامی** کے **مدنی ماحول** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے ، آمین ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{485 } حضرت مولانا ابوالحسن منیر احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ علویہ غوثیہ ،ہجرت کالونی ،سلطان آباد ، باب المدینہ کراچی)

فی زمانہ جہاں ہر طرف بے حیائی ،عُریانی اور فحاشی کی یلغار ہے وہاں **دعوتِ اسلامی** کے تحت چلنے والا **مَدَنی چینل** اِن کا سدِّ باب کرنے میں مصروفِ عمل ہے دِلی دُعا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اِس عظیم تحریک **دعوتِ اسلامی** اور اِس کے تحت کام کرنے والے **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ یقیناً **مَدَنی چینل** اہلِ اسلام کے لیے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا ایک عطیہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{486 } حضرت مولانا محمد ارشاد الرسُول قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ خلیفہ مفتی اعظم ہند ومحدث اعظم پاکستان ،شارح بخاری غلام رسُول رضوی علیہ رحمۃ اللہ الغنی ، مدرس جامعہ فریدیہ عربیہ تعلیم القرآن ، دربار باباشاہ فرید ، سبزہ زار اسکیم ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے تین روزہ بین الاقوامی اجتماع مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان شریف میں پہلی مرتبہ حاضری کی سعادت حاصل ہوئی ۔ تین روزہ بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اِجتماع میں شرکت کرکے دِل باغ باغ ہوگیا ، ایسا پیارا منظر و نظم وضبط ، اِنتظام واِنصرام دیکھ کر یادِ حرمین

شریفین تازہ ہوگئی، ہر طرف سبز عماموں کی بہاریں، عاشقانِ مصطفٰے کی قطار دیکھ کر سبز گنبد کی بہاریں اور وہاں کے لیل و نہار بہُت یاد آئے۔اس پُر فِتَن دور میں جب کہ مسلمانوں کی اکثریت قرآن و سُنَّت کی تعلیمات کو چھوڑ کر اغیار (یہود و ہنود، نصاریٰ) کے نقشِ قدم پر چل رہی ہے اور اُن اغیار کے حال، قال پر چلنا اپنے لیے باعثِ فخر سمجھتے ہیں تو ایسے کٹھن ماحول میں قبلہ امیر اہلسنّت شیخِ طریقت حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس قادری** رضوی ضیائی دامت فیوضھم کی ذاتِ بابرکات بادِ باراں بن کر اس خزاں رسیدہ گلشن پر برسی جو قرآن و سُنَّت کی تعلیمات کو چھوڑ کر مُرجھا چکا تھا۔آپ کی ذاتِ بابَرَکات **یقیناً معجزاتِ نبوی** صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم **میں ایک معجزہ** ہے کیونکہ حُضُور پُرنور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم آج بھی قبرِ انور میں زندہ ہیں اور آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے **معجزات قیامت تک** ظہور پذیر ہوتے رہیں گے۔

ایسے پُرفتن دور اور کٹھن ماحول میں لاکھوں مسلمان مردوں اور عورتوں بالخصوص نوجوانوں کا جوانی میں توبہ کر کے قرآن وسُنَّت کا پابند ہو جانا اور سچا پکا عاشقِ رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم بن جانا قبلہ امیرِ اہلسنّت شیخ طریقت کی زندہ کرامت بااِستقامت ہے وَلِلّٰہِ الْحَمْد ۔رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ کو زیارت حرمین شریفین سے واپسی پر معلوم ہوا کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا فرمایا ہے جو کہ آج کے دور میں دین و دُنیا میں کامیابی کا ایک بہُت اَحسَن اِقدام ہے کہ آج کے پُرفِتَن دور میں جب کہ کئی ٹی وی چینلز کُفر و شرک، بدمذہبی، بدعقیدگی، عُریانی، فحاشی اور بے حیائی کا زہر اُگل رہے ہیں، میڈیا کی اس دوڑ میں ایک ایسے اسلامی چینل کی اشد ضرورت تھی جو کہ مکمل طور پر قرآن وسُنَّت کے مطابق ہوتا کہ کوئی میڈیا کے ذریعے مسلمانوں کے عقائد و ایمان کو برباد نہ کر سکے۔

شیخ طریقت امیر اہلسنّت حضرت مولانا **محمد الیاس عطّارقادری** دامت برکاتھم العالیہ نے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے **فتاویٰ رضویہ شریف** میں مذکور دس نِکاتی پروگرام پر پُورا پُورا عمل کر کے دِکھایا ہے۔مولیٰ تعالیٰ جل جلالہٗ اِستقامت بخشے۔

مَیں عاجز عاصی **دعوتِ اسلامی** کی ترقی وعُروج کے لیے دن رات دُعا گو رہتا ہوں اور بالخصوص امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کیلئے دن،رات دُعا گو ہوں مولیٰ تعالیٰ جل جلالہٗ آپ کو عمرِ خضری عطا فرمائے اور حاسدین کے حسد، منافقین کے نِفاق اور شریروں کے شر سے محفوظ فرمائے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{487} حضرت مولانا قاری محمد انعام اللہ خالد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد قادری، گلی نمبر 4، مہاجر کالونی، چشتیاں شریف، بہاولپور، پاکستان)

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ عالمگیر خالصتاً دِینی ومذہبی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی اِسلام کے لئے بے شُمار خدمات کا اعتراف تو ہر ذِی شعُور سُنّی مسلمان کر رہا ہے۔اور یقیناً قابلِ تعریف ہے لیکن امیر اہلسنّت **بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ کی محنت شاقّہ سے **مَدَنی چینل** کے ذریعہ کروڑوں، اَربوں اِنسانوں کی اِصلاح کا بیڑا اُٹھانا اپنی نوعیت کا منفرد اور جدید قابلِ ستائش عمل ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ **مَدَنی چینل** کے آغاز سے یہ سلسلہ رُشد وہدایت مزید ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور میڈیا کے ذریعے غیر شرعی اُمور کی روک تھام کے سلسلہ میں مدومعاون ثابت ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{488} حضرت مولانا محمد عبد الرءوف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(موضع برسانی، تحصیل وضلع بھمبر، آزاد کشمیر)

مَدَنی چینل کے ذریعے **دعوتِ اسلامی** کے سالانہ بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اجتماع کے اختتام میں **حضرت علامہ مولانا الیاس عطار** مُدَّظِلُّہُ العالی کی دُعا سُنی اس طرح **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **ایک ولی اللہ** کی زیارت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ ارادہ کیا ہے کہ آئندہ سال سرزمینِ اولیاءملتان شریف حاضر ہوں گا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ توفیق دے، آمین۔

مَدَنی چینل شروع کرنے کے بہُت سے فوائد ہیں۔ یہ بہُت اچھی کاوش ہے۔ لوگ اس کے ذریعے بہُت پیاری پیاری سُنّتیں اور آقائے دوجہاں صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دُعائیں یاد کرکے ثوابِ دارین حاصل کریں گے۔

دُعا گو ہوں کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اپنے محبوب حضرت **محمد** صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **مولانا محمد الیاس عطار** مُدَّظِلُّہُ العالی اور اُن کی تمام مجالس کے احباب کا خاتمہ بالایمان اور بالخیر فرمائے اور اسلام کی ترویج واِشاعت میں مزید گرانقدر خدمات انجام دینے کی توفیق دے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{489} حضرت مولانا محمد عبدالقیوم سکندری قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ صبغۃ القرآن، چیئرمین سکندریہ اکیڈمی، شاہ مردان، شاہ سنجھورو، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مجھے بہُت خوشی ہے کہ میں کسی نہ کسی طرح **دعوتِ اسلامی** سے مُلحق ہوں۔ تدریسی اور تحریری مصروفیات کے باعث وقت ہی نہیں ملتا جو ٹی وی دیکھیں۔ البتّہ ایک دو بار کسی دوست سے ملاقات کے بہانے وہاں **مَدَنی چینل** دیکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ موجودہ گلوبل ولیج میں میڈیا کا عُروج ہے، پھر وہ الیکٹرانک میڈیا ہو یا پرنٹ میڈیا، تفصیلی تشہیر اور تبلیغ کا یہ اہم ذریعہ ہیں۔ ان کے منفی رُجحانات ہونے کے مقابلے میں

مَدَنی چینل مُثبت رُجحان کا پتا دیتا ہے۔ مجھے یہ کام اَحسَن تر لگتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ وہ کافر جس کے گھر اِسلامی لٹریچر شجرِ ممنوعہ ہو، ان کے گھر میں ایک مُبلِّغ اکثر اوقات تبلیغِ دین کرے جس کے نتیجے میں اسے رہبری مل جائے۔

موجودہ پُر فِتَن دور میں وہ برقی آلات جو فحاشی اور عُریانی کا بیج بو رہے ہیں ان پر اگر ہدایت اور صراطِ مستقیم کا کوئی پھل ہوتو یہ خوش آئند بات ہے۔ مَیں سمجھتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** اپنے منفرد دعوتِ تبلیغ کے ساتھ دُنیا میں امیج رکھتی ہے۔ اس چینل کی معرفت اس میں مزید نکھار آئے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{490} حضرت مولانا محمد رمضان مہر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ صبغۃ الاسلام سوندر، اسلام کوٹ، تحصیل ننگر پارکر، ضلع تھرپارکر، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

ہمارے یہاں الیکٹرک کا مسئلہ ہے پاور نہیں ہے۔ بس چراغوں پر کام چلتا ہے۔ تاہم چند دوستوں سے سُنا کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا اِجراء کیا ہے۔ سُن کر بڑی خوشی ہوئی کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغ کا ایک اور ذریعہ بڑھ گیا، بڑی مَسرَّت کا باعث ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{491} حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سلیمان قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاھو، مرکز الاولیاء (لاہور))

مَدَنی چینل کو بذاتِ خود دیکھنے کا اِتّفاق نہیں ہوا لیکن جن احباب سے بھی سُنا انہوں نے ہی خُوب تعریف کی۔ **اللّٰہ** تعالٰی ہم سب کو بُرائیوں سے بچائے خوب خوب نیکیاں کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ امیر اہلسنّت دامت فیوضھم کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{492} حضرت مولانا محمد نذیر احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ڈاکخانہ سرائے نورنگ مسجد گلزار مدینہ ضلع لکی مروت، پاکستان)

مَیں تو **مَدَنی چینل** کے بارے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** جیسی نعمت بہُت ہی کم ملتی ہے۔ **مَدَنی چینل** یقیناً سُنّی لوگوں کے لئے ایک عظیم عطیہ ہے۔ خاص کر خیبر پختونخواہ کے عوام جو کہ اپنے عقیدہ سے ناواقف ہیں۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس چینل کے ذریعے عقیدہ بھی دُرُست ہو جائے گا۔ سُنّتوں کے عامِل بھی بن جائیں گے، بلکہ **مدنی انعامات** کے عامِل بھی بن جائیں گے۔ مَیں خُدا عَزَّوَجَلَّ کے دربار میں دُعائیں کرتا ہوں کہ **مولانا محمد الیاس قادری** صاحب نے اہلسنّت وجماعت کے لیے بہُت کام سرانجام دیئے۔ **اللّٰہ** تعالٰی اُن کو عمر بخیر اور علم میں ترقی نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{493} حضرت مولانا فضل الرحمٰن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ انوار الاسلام، منچن آباد شہر، بہاولنگر، پاکستان)

مَدَنی چینل اس پُر فِتَن دور میں **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے اُمتِ مُسلِمہ کیلئے ایک عظیم تُحفہ ہے۔ **مَدَنی چینل** وہ واحد چینل ہے جس کو دیکھنے والا بدنگاہی اور دیگر غیر شرعی اُمُور سے اپنے دامن کو بچا کر تقویٰ، عشقِ مصطفٰے، اِطاعتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، عشقِ صحابہ واطاعتِ صحابہ رضوان اللّٰہ تعالٰی علیھم اجمعین اور حُبِّ اولیاء واِتّباعِ اولیاء رحمھم اللّٰہ تعالٰی کے مہکتے ہوئے پھولوں سے اپنے گُلدستۂ دِل کو مہکا کر اَبَدی سَرمدی اُخروی

نعمتوں سے سرفراز ہوسکتا ہے، مزید یہ کہ اس چینل کے ذریعے پوری دُنیا میں اِسلامی اِنقلاب بَر پا کیا جاسکتا ہے۔

مَدَنی چینل شروع کرنے پر اہلسنّت وجماعت کا ہر فرد امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس قادری عطّار** صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا شکر گزار ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ ان کا سایہ اُمتِ مُسلِمہ کے سر پر تادِیر سلامت رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{494 } حضرت مولانا حافظ خضر حیات مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب صابری مسجد، روات، ضلع اسلام آباد، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے سیٹلائٹ اور کیبل پر آغاز کرکے اِنقلابی قدم اُٹھایا ہے جس پر **دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ** اور بالخصوص امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار** مبارک باد کے مُستحق ہیں۔ مجھے اُمید ہے کہ **مَدَنی چینل** بدتہذیبی اور بدعقیدگی کے طُوفان کو روکنے میں اَہم کردار ادا کرے گا۔ عالَمِ اِسلام کی اس بابَرَکت مدنی تحریک کے کام میں مضبوطی آئے گی۔ عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم حُبِّ صحابہ واہلِ بیت علیہم الرضوان اور حُبِّ اولیاء رحمہم اللّٰہ تعالٰی وعُلَماء کی شمع سے دینِ اسلام کے کام میں زبردست ترقی آئے گی۔

ایک بندۂ ناچیز ہی نہیں، بلکہ ہر وہ سُنّی جس کے دِل میں مسلکی دَرْد کی چنگاری موجزن تھی، چاہتا تھا کہ اپنے مسلک کو اُجاگر کرنے کا وسیلہ جلیلہ ہو، وہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ آج **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے **اللّٰہ** جل جلالہٗ آپ کی اس سعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔

روات ضلع اسلام آباد میں **مَدَنی چینل** دیکھنے سے لوگوں کی سوچوں میں کافی تبدیلی آچکی ہے۔

ہماری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار** (مُدَّظِلُّہُ العَالِی) کو عمر دراز عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{495} حضرت مولانا حاجی عبدالمجید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و مہتمم مدرسہ تعلیم القرآن، ضلع پونچھ آزاد، ریاست جموں کشمیر)

آپ سب کو **مَدَنی چینل** مبارک ہو۔ **دعوتِ اسلامی** کے عظیم البرکت، رُوحانی و علمی و عملی رہنما امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا **ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری** رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی سرپرستی میں جو آپ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے۔ عالمِ اسلام و اہلسنّت و جماعت کو ایک بے مثال اور عظیم ترین تُحفہ پیش کیا۔ اِنتہائی پسندیدہ اور دِلچسپ چینل ہے۔ آپ نے اس چینل کا آغاز کر کے محبتِ رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم، سُنّتوں کا پرچار اور رُوحانیت کو عملی روشنی دے کر عالَمِ اِسلام کے علاوہ غیر مذاہب کے ماننے والوں کی بھی آنکھیں کھول دی ہیں، دُنیا کو سمجھانے کیلئے عظیم کارنامہ ہے۔ عالَمِ دُنیا آسانی سے اِسلام کا مقصد سمجھ سکے گی۔ **مَدَنی چینل** تبلیغ کا بہترین ذریعہ ہے۔ یہ چینل لامحدود تعریفوں کا حامل ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ اس چینل کو اور اس کے کارکنوں کو مزید کامیابی سے ہمکنار کرے، آمین۔ **مَدَنی چینل** کے اسٹاف اور دیگر **دعوتِ اسلامی** کے بھائیوں کو سلام اور اسے خوبصورت انداز میں پیش کرنے والے تمام احباب کو مبارک ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{496} حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن بغدادی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ادارہ فیضان القرآن، شاہدرہ، مرکز الاولیاء، لاہور)

آپ کے علم میں ہے کہ موجودہ دور میڈیا کا دور ہے ذرائع ابلاغ کے ذریعے جو طوفانِ بدتمیزی کا شور مچا ہوا

ہے۔کسی سے پوشیدہ نہیں،اس بپھری ہوئی طغیانی میں **مَدَنی چینل** کا آغاز کسی نعمت سے کم نہیں۔یقیناً سرکارِدوعالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں اس کی قَبُولیت ہوچکی ہے،جبھی اس کا آغاز ہوچکا ہے۔اور قُرب وجوار کے لوگ اس سے مُستَفید ہورہے ہیں۔اپنے اور بیگانے اِستِفادہ کررہے ہیں۔**مَدَنی چینل** کی آمد پرامیرِاہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کوتہہِ دِل سے مبارکباددی جاتی ہےاوران کے ساتھ تمام رُفقائے اہلسنّت مبارک باد کے حقدار ہیں کہ اس پُرفِتَن دور میں اہلسنّت وجماعت کی بالادستی کے لیے کام کررہے ہیں۔ہمارے لائق کوئی خِدمت چینل کے حوالے سے ہوتو ہم ہرطرح سے حاضر ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{497} حضرت مولانا سعد اللّٰہ خان باروزئی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ فیض العلوم نقشبندیہ،غریب آباد،سبی،بلوچستان،پاکستان)

ملتان شریف میں **دعوتِ اسلامی** کے بین الاقوامی تین روزہ سُنّتوں بھرے اجتماع کی کامیابی اور **مَدَنی چینل** کے آغاز پرآپ حضرات کودِلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اوردُعا کرتا ہوں کہ **اللّٰہ** ربُّ العِزّت مسلک اہلسنّت کو کامیابی عطافرمائے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{498} حضرت مولانا مفتی احمد ذہین مگسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ دارالقرآن اکبریہ،جامع مسجد میہڑ،ضلع دادو،باب الاسلام سندھ،پاکستان)

مَدَنی چینل یورپ کی طرف سے پھیلائی گئی یلغار کو سیسہ پلائی دِیوار کی طرح روکے گا اور سُنّتوں کو فروغ دے گا۔ **مَدَنی چینل** کے اِجرا سے اہلسنّت و جماعت کے عقائد و نظریات کو **اللہ** تبارک وتعالیٰ نے بڑی تقویت بخشی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{499} حضرت مولانا محمد عبد القیوم نقشبندی گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(الجامعۃ السعیدیۃ الرضویۃ، متصل جامع مسجد رضویہ، کھجوروالی للیانی، بھلوال، گلزار طیبہ (سرگودھا) پاکستان)

امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی قائد و وقار اہلسنّت، پاسبانِ رضویت و ترجمانِ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربّ العزّت ، عاشقوں کے سربراہ جناب **ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دَامَ ظِلُّکُمُ العَالِی عَلٰی کُلِّ نُفُوسِ اَھلِ السُّنَّة کی تمام کاوشیں بہُت ہی مُفید اور قابلِ فخر ہیں۔ کرم بالائے کرم! اِن کا **دعوتِ اسلامی** کی بین الاقوامی تنظیم بنا دینا قیامت تک اہلسنّت کیلئے اِحسانِ عظیم ہے جس کا ہم شکرادا نہیں کرسکتے۔ **ثانیاً!** موجودہ حالات کے پیشِ نظر **اللّٰہ** تعالیٰ کی عطا کردہ فراست اور سبز گنبد کے مکین رحمۃٌ للعٰلمین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلینِ پاک کے توسُّل سے اُمَّہ خیرہ! اُمتِ مُسلِمہ کی نبّاضی فرمائی کہ **مَدَنی چینل** کا اِنتظام فرمایا۔ یہ نہایت ہی مُفید اور مُستَحسَن کام شروع فرما کر غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر بارِ دیگر اِحسان فرمایا ہے۔

بندۂ ناچیز پُرتقصیر کی یہ دِلی دُعا ہے کہ مولائے کریم جل وعلا اپنے محبوب کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توسُّل سے حُضُور امیرِ اہلسنّت دامت فیوضھم کو عمرِ خضر نصیب فرمائے۔ ان کا سایۂ شفقت و عاطفت تادیر ہمارے سروں پر قائم فرمائے۔ آپ کے عطا کردہ تمام شعبہ ہائے تعلیم و تربیت اور تبلیغ و اِشاعت و تشہیر کو کامیاب و کامران فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{500} حضرت مولانا حاجی محمد صادق سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ محمدیہ جامعہ غوثیہ، قادر پور راں، تحصیل وضلع ملتان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اِنعاماتِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ میں سے ہمارے لیے ایک عظیم اِنعام اور کرم نوازیوں میں سے ایک عظیم کرم نوازی **دعوتِ اسلامی** کا قیام ہے جس سے گم گشتگانِ راہِ حق کو نُو رِبصر و بصیرت حاصل ہو رہا ہے اور عوام و خواص اہلسنّت کو حفظِ ایمان اور اِصلاحِ اعمال کیلئے موزوں مواد مہیّا ہو رہا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے قائدین، ماہر نبّاض کی طرح بدلتے ہوئے حالات اور عوامِ اہلسنّت کی ضروریات کے پیشِ نظر اپنے پروگرامز میں ضروری تغیّر و تبدُّل کرتے رہتے ہیں، ان تبدیلیوں میں سے ایک اَہم تبدیلی **مَدَنی چینل** کا قیام ہے۔ ٹی وی پر ظاہر ہونے والے طُوفانِ بدتمیزی کی روک تھام صرف اسی صورت میں ہی ممکن تھا۔

تبلیغِ دین کیلئے **مَدَنی چینل** کا قیام ایک اَحسَن اِقدام ہے جو کارپردازان **دعوتِ اسلامی** کی پُرخُلوص سوچ کی عکاس ہے۔ خدمتِ دین اور فروغ عشق رسُول کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کیلئے **دعوتِ اسلامی** کی یہ حسین کاوش قابلِ صد تحسین و تبریک ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{501} حضرت مولانا رسُول بخش صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رسولیہ فیض العلوم وعائشہ صدیقہ للبنات، موضع تاہڑ، حاصل پور، بہاولپور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اب **مَدَنی چینل** ہمارے لئے سُنَّت کی بہاریں لے کر آیا ہے اور ہمارے سر فخر سے اور بلند ہوگئے ہیں اور اس چینل کے شروع ہونے سے کثیر فوائد ہوں گے۔ہم اپنے جامعہ کی طرف سے اس چینل کے شروع کرنے پر قائدین **دعوتِ اسلامی** کو بَہُت مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{502} حضرت مولانا محمد نعیم احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ بارویہ، فتح پور، تحصیل جوبارہ، ضلع لیّہ، پاکستان)

مَدَنی چینل کے بارے میں سُنا۔ اِنتہائی خوشی ہوئی اس وقت ایسے پروگراموں کی اشد ضرورت ہے۔دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی اپنے میٹھے محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے تصدّق سے اور پیرانِ کبار کے وسیلے سے آپ کو اس مِشن میں دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور **اللّٰہ** تعالٰی اپنے میٹھے محبوب کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے طفیل جناب پیرِ طریقت رہبرِ شریعت علامہ محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کو عمرِ خضری عطا فرمائے ، اپنی حفظ وامان بخشے اور ترقی درجات عطا فرمائے ، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{503} حضرت مولانا مفتی ابو السراج محمد طفیل احمد ٹھٹھوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ درگاہ حضرت سید عبد اللّٰہ شاہ صحابی رحمۃ اللہ علیہ، مکلی شریف، ٹھٹھہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

حضرت امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے لیے تائیدِ ایزدی جل جلالہ اور

حُضُورِ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سُنّتوں کے اِحیاء کا فیضان **مَدَنی چینل** عقائد، عبادات، اخلاق اور تمام پہلوؤں کو عام کرنے میں مصروف عمل ہے۔ حضرت امیرِ اہلسنّت دامت فیوضھم اور آنجناب تمام ذِمّے داروں کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس ذریعہ سے پوری دُنیا کا ماحول اسلامی زیور سے پیراستہ ہو جائے گا۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{504} حضرت مولانا محمد مبین بھٹی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(زبیدہ سلیمان میموریل اکیڈمی، خیبر کالونی، اورنگی ٹاؤن، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل کا اِجرا خوش آئند ہے۔ کثیر علمائے حق نے اِس امر پر اِطمینان کا اِظہار کیا ہے۔ بِلا شُبہ یہ وقت کی ضرورت تھی اور مَسلکِ حق کی ترویج و اِشاعت کیلئے مؤثر کن ذریعہ بھی ہے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{505} حضرت مولانا مفتی محمد عبدالعلیم سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث و مفتی جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، مرکز الاولیاء لاہور)

دین کی تبلیغ، رُشد و ہدایت کے فریضہ کی انجام دہی کا بیڑہ جو **دعوتِ اسلامی** نے اپنے ذِمّے لے رکھا ہے جہاں پرنٹ میڈیا سے بہُت سے سُنہری کام انجام دیئے۔ سینکڑوں کتابچے اور کتابیں مختلف مسائل پر شائع فرما کر عوام و عُلَماء کو پہنچائیں۔ **مَدَنی چینل** (الیکٹرانک میڈیا) کا اِجرا فرما کر مسلمانوں کیلئے دین سے آگاہی کا ایک اور

سامان فراہم فرمادیا۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ لبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے سے **دعوتِ اسلامی** کے جُملہ احباب کوجزائے خیر سے نوازے۔مختلف چینلوں سے اِلحاداور بے دِینی کی اِشاعت کی خبریں موصول ہورہی تھیں پھرخوشخبری کی ایک نوید **مَدَنی چینل** کراچی سے ملی اور بِحَمْدِ اللہ اپنے مسلک حقّہ کی اشاعت کاایک اورسبب **اللہ** تعالیٰ نے آپ کے ہاتھوں سے مہیا کروادیا۔**اللہ** تعالیٰ ادارہ کوایسے نیک کاموں کی توفیق عطافرماتارہےاور قیامت تک مصطفٰی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی عظمت کے ڈنکے بجتے رہیں،آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{506} حضرت مولانا غلام مصطفٰے رضاءالقادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(بانی وناظم اعلیٰ جامعہ قادریہ تعلیم القرآن،ماڈل کالونی نمبر۲،والٹن روڈ،لاہورکینٹ،پاکستان)

سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** بَہُت اچھااور عظیم کام ہے۔اس میں دین اسلام اور **دعوتِ اسلامی** کا عظیم کام ہوگا۔**اللہ کَرِیم** عَزَّوَجَلَّ امیرِاہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کاسایہ تمام اُمت مُسلِمہ پرقائم ودائم رکھے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{507} حضرت مولانا محمد ابرار حنیف مغل مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(ایڈیٹرماہانہ کاروانِ نعت لاہور،یوسف مارکیٹ،غزنی اسٹریٹ،اردوبازار،مرکزالاولیاء(لاہور))

آج کے پُرفِتَن دور میں جہاں اِنسان روشنی کوترس رہاہے۔فحاشی اِنسانیت کونگلنے کوہے۔شیطان اِنسانی ذِہن کواپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے۔خودغرضی نے اجسامِ اِنسانی کومُقید کردیاہے۔جاہ طلبی کی چاہ سے اِنسان اٹاپڑا

ہے۔ایک دوسرے کو برداشت نہ کرنے کی رَوِش ناروا نے اُمت کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا ہے۔ ہر کوئی دُنیا پرستی کے گرد سروں پر ڈالے خاک چھانتا پھر رہا ہے۔میڈیا صرف اور صرف کمائی کا ذریعہ بن کے رہ گیا ہے۔جس میں اِسلامی واِنسانی اِقتدار کی پستی کی جھلک بڑی نُمایاں نظر آتی ہے۔

ان حالات میں **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا قیام کسی بھی صورت کسی ''عملِ خیر'' سے کم نہیں، چونکہ ایک ایسا چینل جس سے ہمہ وقت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ و رسول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عطا فرمائے ہوئے دین اسلام کی صدائے دِل بہار سُنی جا سکے۔ یہ وقت کی اہم ترین ضرورت تھی ہے اور رہے گی۔**اللّٰہ کَرِیم** جل شانہٗ حُضُور صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعلین پاک کا صدقہ ہمیں ذہنی وفکری کشادگی سے نوازے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{508} حضرت مولانا پروفیسر سید اسد محمود کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(انسٹی ٹیوٹ آف ہائی اسلامک سٹیڈیز، کھڑی شریف، میر پور، آزاد کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** ایک مکمل اسلامی چینل ہے۔جس میں اہل اسلام کیلئے بہترین رہنمائی موجود ہے۔دانشورانِ **دعوتِ اسلامی** کا یہ عظیم فیصلہ ہے جس میں میڈیا کے ذریعہ تبلیغ دین کا سلسلہ صُبح وشام جاری ہے۔اور یہ بات حقیقت ہے کہ یہ دور میڈیا کا ہے۔ بدلتے ہوئے عالمی منظر نامے کے پیش نظر ایک معیاری اسلامی چینل کی اشدّ ضرورت تھی جس کو **مَدَنی چینل** نے پورا کیا۔**اللّٰہ** تعالٰی قبلہ امیر اہلسنّت عم فیوضہم کو صحت و سلامتی کے ساتھ درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{509} حضرت مولانا نذیر احمد شرقپوری نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خادم حضرت میاں صاحب آستانہ عالیہ، شیر ربانی شرقپور شریف، پاکستان)

مَدَنی چینل اہلسنّت وجماعت کی اہم ترین کامیابی ہے۔ **مَدَنی چینل** فحاشی وعُریانی کے خلاف ایک عظیم قدم ہے۔ الیکٹرانک میڈیا میں ابھی مزید ترقی کی ضرورت ہے، **اللّٰہ** تعالیٰ ہمیں حق کہنے سننے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{510} حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحمید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالشفاء، پنیالہ، ضلع لکی مروت، پاکستان)

مَدَنی چینل عوامِ اہلسنّت کیلئے مدنی تُحفہ ہے۔ صحتِ عقائد کے لیے اچھا ذریعہ ہے۔ عُلُومِ دِینیہ کی اِفہام وتفہیم کیلئے عُمدہ چینل ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مزید ترقی اور بہتر خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{511} حضرت مولانا محمد امیر پینالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابقہ خطیب مرکزی مسجد پنیالہ، ضلع لکی مروت، پاکستان)

جدید دَور کے تقاضوں کے مُطابِق **مَدَنی چینل** کو وُسْعَت دی جائے تاکہ جمیع مسلمین ومسلمات مُستفید ہوں اور گریجویٹ طبقہ کی معلومات میں اِسلامی نظریات کا اضافہ ہو۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{512 }حضرت مولانا غلام احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد سراج خیل، پنیالہ، ضلع لکی مروت، پاکستان)

مَدَنی چینل ہمہ جہت خدمتِ اسلام میں مصروفِ عمل ہے۔مَیں اس کی بھرپور تائید کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{513 }حضرت مولانا محمد احسان اللّٰہ کمالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پنیالہ، ضلع لکی مروت، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے زیرِ انتظام **مَدَنی چینل** کو دن میں دو سے تین بار دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ بڑے پیارے پیارے پروگرام نشر ہورہے ہیں۔خُصُوصاً حضرت صاحب کے بیانات بڑے پُر تاثیر ہیں، ملتان شریف کے سالانہ اجتماع میں اتوار کی رات قبلہ امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا بیان و دُعا سُنی ، دِل خوش ہوا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{514 }حضرت مولانا موسیٰ خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پنیالہ، ضلع لکی مروت، پاکستان)

مجھے اِنتہائی خوشی ہوئی کہ ہمارے اہلسنّت و جماعت کا ایک اور چینل یعنی **مَدَنی چینل** کا باقاعد اِفتتاح ہوا، یہ بہترین اور اچھا چینل ہے۔ جسے میرے علاوہ گھر کے دوسرے افراد بھی بڑے شوق سے دیکھتے ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس میں مزید ترقی اور بہتری لانے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{515 }حضرت مولانا محمد احمد خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدرسۃ المدینہ، پیپالہ،ضلع لکی مروت، پاکستان)

مَدَنی چینل کے پروگرام کے ہم مؤید ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{516 }حضرت مولانا حافظ بشیر احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ مہریہ رضویہ، جلوال،تحصیل جنڈ،ضلع اٹک، پاکستان)

مَدَنی چینل کا جب سے سُنا ہے بے حد مَسرَّت ہوئی۔ **اللہ** ربّ العزّت امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو عُمرِ خضری عطا فرمائے کہ انہوں نے اہلسنّت و جماعت کے اس خلا کو بھی پُر کر دیا ہے۔ ہر خاص و عام کا **اللّٰہ** تعالٰی حامی و ناصر ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{517 }حضرت مولانا الحافظ محمد ارتضٰی نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ زبیر بن محمود، ڈاکخانہ راجہ جنگ،تحصیل وضلع قصور، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے سالانہ بین الاقوامی تین روزہ سُنّتوں بھرے اجتماع کی کامیابی پر **مولانا محمد الیاس قادری صاحب** کے ساتھ ساتھ **دعوتِ اسلامی** کی جُملہ قیادت کو دِل کی تہہ گہرائیوں سے مبارک پیش کرتا ہوں۔ بطورِ خاص اس ترقی یافتہ اور الیکٹرانک میڈیا کے دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز ہر انسان تک اپنا پیغام پہُنچانا آسان اور قابلِ تعریف ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{518 }حضرت مولانا محمد یونس لہڑی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نُورانی تقاریر سینٹر، اڈہ ضلع قلات، بلوچستان، پاکستان)

سب سے پہلے **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر **دعوتِ اسلامی** کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس اہم ضرورت کو پورا کیا۔ اس جدید دور میں جہاں میڈیا عُریانی، فحاشی اور بے حیائی پھیلا رہا ہے اس کے مقابلے میں **مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہترین ہتھیار ثابت ہوگا۔

اُمید ہے کہ **مَدَنی چینل** نیکی کی دعوت عام کرنے اور بُرائی سے روکنے کے لئے بھرپور جدوجہد کرے گا، جس کی ہمیں توقع ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{519 }حضرت مولانا الٰہی بخش نورانی پندرانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بابری گرانی، قلات، بلوچستان، پاکستان)

اللّٰہ تعالٰی کا کرم بالائے کرم کہ اس نے ہمیں **دعوتِ اسلامی** جیسی تحریک اور امیرِ **اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ جیسا رہنما عطا فرمایا۔ **مجلس شوریٰ** جیسی مجلس عطا فرمائی اور **دعوتِ اسلامی** کا میڈیا پر آنا وقت کی ضرورت ہے، جیسے **دعوتِ اسلامی** کی مجلس نے پورا کیا۔ مَیں **اللّٰہ** تعالٰی سے دُعا گو ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کو دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{520} حضرت مولانا مفتی خلیل احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دار العلوم غوثیہ سعیدیہ کاظمیہ، پناہ کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی محبت اور معیارِ تبلیغ و ترویج دین پر ہر سُنّی یا رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کہنے والا مَسْرور ہے کیونکہ غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے سُنّتوں بھرے **مدنی ماحول** کی وجہ سے پوری دُنیا کے لوگ مُستَفِیض ہو رہے ہیں۔ اس فیض بیکراں کو جب پیارے **مَدَنی چینل** میں آپ نے سجایا تو دِلانِ عُشّاق پر ہریالی چھائی اور وقت کی اَشد ترین ضرورتوں میں سے بہُت بڑی ضرورت پوری ہوئی اور گھر گھر میں صلوٰۃ وسلام کی گونجیں بلند ہوئیں اور ایک بہترین و خوبصورت دِل آویز منظر **مَدَنی چینل** سے نُمایاں ہوا اور اَبرِ رحمت کی صدائیں آنے لگیں اور دِل مَسْرور ہوا، زبان و مکان و زمان مَعْمور ہوئے اور ہم یوں گویا ہوئے:

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشیٔ رحمت کا قلم دان گیا

آخر میں دُعا ہے **اللّٰہ** تعالٰی دعوتِ اسلامی کو اور تمام مُبلّغین معاوِنین مُحِبّین کو اپنے حِفظ و امان میں رکھے اور یہ چمن چمکتا دمکتا رہے۔ خُصُوصاً **بانیٔ دعوتِ اسلامی** مُرشِد کامل حضرت امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو **اللّٰہ** تعالٰی صحتِ کامِلہ کے ساتھ زندگی دراز عطا فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{521} حضرت مولانا محمد ادریس حسنی سواگی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامع سواگیہ افضل العلوم، لودھراں، پاکستان)

آپ کا مکتوب ملا، پڑھ کر **مَدَنی چینل** کی بہاریں سامنے آئیں، بندہ نے کئی مقامات پر تقریریں

یہ کہا ہے کہ **مدنی چینل** کے ذریعے عالَمِ اسلام نے **دعوتِ اسلامی** کے سالانہ اجتماع کو دیکھا اور سنا ہوگا۔

بندہ جب اِجتماع سے واپس گھر پہنچا تو میرے قِبلہ گاہ جانشین حافظ مثنوی حضرت علامہ حاجی عبدالکریم صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے بہُت ہی خوشی کا اظہار فرمایا کہ ہم نے اجتماع کا منظر یہیں گھر بیٹھ کر دیکھا۔ **اللہ** تعالیٰ مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{522} حضرت مولانا محمد مشتاق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل دارالعلوم محمد یہ غوثیہ، فتح جنگ روڈ، نوگزی، اسلام آباد، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اہلسنّت و جماعت کی معروف تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مدنی چینل** کے نام سے جو نشریات شروع کی ہیں۔ اَحسَن ترین اِقدام ہے۔ دُنیائے اہلسنّت پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کی **مجلس شوریٰ** کا عظیم اِحسان ہے۔ یہ **اللہ کَرِیْم** عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے نبیٔ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے تَوَسُّل سے **دعوتِ اسلامی** کو منفرد اعزاز ملا ہے۔ اُٹھتے ہوئے ہاتھ، بولنے والی زبان اور دھڑکنے والا دِل یہ صدائیں دیتا ہے **اللّٰہ کَرِیْم** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دامت فیوضھم کو عمرِ خضر سے نوازے اور خلقِ خُدا کو آپ کے فُیُوض و بَرَکات سے مالا مال کرے اور اُمت کیلئے آپ کو **اللّٰہ کَرِیْم** عَزَّوَجَلَّ نے جس دَرْد سے نوازا ہے اس کا درماں ہو، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{523 }حضرت مولانا پیر محمود حسین قادری چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، سیدآ باد شریف، متصل موہڑہ بگو، گوجر خان، ضلع راولپنڈی، پاکستان)

آج کے اِنتہائی پُرفِتَن دور میں جب کہ میڈیا ہر قسم کی بے حیائی، عُریانی اور فحاشی کے سیلاب اُمنڈ رہا ہے اور دُنیا کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کر دیا ہے۔ اِن اِنتہائی نازک حالات میں **مَدَنی چینل** کا آغاز قابلِ صد آفرین ہے۔

اللہ پاک سے دُعا ہے کہ وہ **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور امیرِ قافلہ کاروانِ عشق ومحبت جناب پیر **محمد الیاس قادری** صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ اہلسنّت پہ تادیر قائم فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{524 }حضرت مولانا محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(محلّہ حطاراں، حسن ابدال، ضلع اٹک، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے امیر با توقیر اور اُن کے جان نثار ساتھی کیلئے ہر وقت دُعا گو ہوں۔ **اللہ** تعالیٰ اس تحریک کو مزید عظمتوں سے ہمکنار فرمائے۔ اس تحریک نے معاشرے پر نہایت مضبوط اور مثبت اَثرات ڈالے ہیں۔ خُصُوصاً نوجوان نسل کا رُخ منکرات وفواحش سے ہٹا کر خیر وفلاح کے کاموں کی طرف موڑ دیا ہے۔ خدائے عَزَّوَجَلَّ اور محبوبِ خدائے کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت وعقیدت کے لازوال چراغ روشن کر دیئے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کا قیام ان چراغوں کی روشنی کو مزید وُسعت واَثر انگیزی عطا کرے گا۔ یہ ایک بَروَقت اور مُستَحسَن اِقدام ہے۔ جس کی ہر مُحِبِّ اِسلام تحسین کر رہا ہے۔

مَیں اس مبارک اِقدام کی تحسین کے ساتھ حضرت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی خدمت میں دِلی

تہنیت پیش کرتا ہوں۔ یہ ایک اِنقلابی قدم ہے جس کے وقت کے ساتھ ساتھ اِنقلابی نتائج سامنے آئیں گے۔**مَدَنی چینل** کے متعلق اپنا منظوم خراجِ تحسین پیش خدمت ہے۔مَیں اس بے مثال دِینی تحریک کی ہر ممکن خدمت کے لیےاِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تیار ہوں اور رہوں گا۔

{1} ۱۴۲۹ ھ

کرتا ہے محمد سے محبت کا یہ پرچار   پھیلاتا ہے روشنی نامِ مدینہ
یہ ساقی کوثر سے ولا کا ہے مدرس   تقسیم کنندہَ مَے جام مدینہ
اس نشرگہہ نُور کے آغاز کی تاریخ   طارق نے کہی ’’مرکز پیغام مدینہ‘‘

{2} ۱۳۹۹+۳۰ = ۱۴۲۹ھ

عشاقِ نبی شاد ہیں کردار اس کے   خوش اس کے عمل سے ہیں مُحبانِ مدینہ
کرتا ہے شب و روز محبت سے یہ چینل   اسلام کی تبلیغ بہ عنوان مدینہ
آغاز کی تاریخ ہے ازروئے ’’لطافت‘‘   ’’مدنی جلوہ قاسمِ فیضان مدینہ‘‘

{3} ۲۰۰۸ء

زمانے پر مبرہَن کررہا ہے   یہ چینل عظمتِ شان مدینہ
ہے مقصد اِس کا دُنیا کو دکھائے   حسین کردار سُلطانِ مدینہ
کہی تاریخ طارق نے خوشی سے   ’’خوشا امواجِ فیضانِ مدینہ‘‘

{4} ۲۰۰۸ء

کررہا ہے لمحہ لمحہ اُس کی تعلیمات نشر   جانِ رحمت جو خدائے پاک کا محبوب ہے
مُحسنِ انسانیت جس کا سُخن جس کا عمل   حشر تک اہلِ جہاں کا اُسوہَ مرغوب ہے
نُور افشاں میں نے اِس چینل کی تاریخ قیام   یوں رقم کی ’’فیض عرفانِ مدینہ خوب‘‘ ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مؤقر دینی تنظیم ''دعوتِ اسلامی'' کا قائم کردہ ٹی وی چینل موسوم بہ **مَدَنی چینل** فیض بار ہوگیا۔ اِس مبارک موقع کی مُناسبت سے۔ برنگ اشعار درج ذیل امیر اہلسنّت شیخ طریقت حضرت علامہ مولانا **ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری** رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور اُن کے پُرجوش واُولوالعزم رُفقائے کار کی خدمت میں نذرانہ تحسین وآفرین پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں۔ ؎

گر قبول افتدزہے عزّ وشرف

مَدَنی چینل	اعداد بحساب ابجد	۱۹۷
بہ الفاظ دیگر بحساب ابجد	آوازۂ حُسنِ حبیبِ اوّل	۱۹۷
	صدائے محمد	۱۹۷
	چمنِ اَدَب حبیب لازوال	۱۹۷

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{525} حضرت مولانا محمد ارشد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلونڈی، بھنڈراں، نارروال، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** ایک بہُت اچھی اور منفرد جماعت ہے جوکہ اس دور میں قرآن وسُنَّت کا کام کررہی ہے اور اس نے ایک اور عظیم قدم اٹھایا جو کہ **مَدَنی چینل** کی صورت میں اُمت مُسلِمہ کیلئے دین سیکھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ یہ بہُت ہی اچھا چینل ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کو تا قیامت قائم رکھے، آمین۔ اور یہ سب کچھ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا فیض ہے۔ اس میں جو کچھ بھی ہے وہ سب امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی نگاہِ فیض سے ہے۔ ہم **مَدَنی چینل** بہُت شوق سے دیکھتے ہیں اور ہماری دُکان پر صرف **مَدَنی چینل** ہی چلتا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو سلامت

رکھے اوران کا سایہ ہمارے سروں پر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{526 }حضرت مولانا صاحبزادہ پیر غلام رسُول اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی امیر تحریک اُویسہ پاکستان، سجادہ نشین بدر المشائخ، دربار اویسیہ علی پور چٹھہ، ضلع گوجرانوالہ، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کی عالمگیر تحریک کوسُنتوں بھرے اجتماع کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور **اللہ** تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا کرتے ہیں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس تحریک کومزید ترقی عطافرمائے اور ہم اس تحریک کو **مَدَنی چینل** کے آغاز پر بھی مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** تلاوت ونعت، فیضانِ قرآن وحدیث اور فیضانِ فقہ اور مُبلّغین کے بیانات کونشر کررہا ہے۔تو اس سے عوام النّاس کو بہُت بڑا فائدہ حاصل ہورہا ہے اور عوام النّاس پر کافی اچھا اَثر مُرتَّب ہورہا ہے۔اس چینل کے ذریعے لوگ کافی حد تک مسائل سیکھ چکے ہیں اور سیکھ رہے ہیں۔اور **مَدَنی چینل** کا آغاز عالَمِ اسلام کے لیے ایک اہم اور فائدہ مند قدم ثابت ہوا ہے۔دَورِ حاضر میں جہاں فحاشی کے چینل موجود ہیں تو وہاں پر اسلام کو گھر گھر پہُنچانے والا ایک اسلامی چینل (**مَدَنی چینل**) بھی موجود ہے۔جس کی وجہ سے لوگوں پر کافی اِسلام کا اَثر ظاہر ہو چکا ہے۔تو اس **مَدَنی چینل** کوتحریکِ اُویسیہ اور پاکستان ماہنامہ تاجدارِ یمن کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{527} حضرت مولانا پیر سید مقبول احمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد محمدی کانوی، میلسی، ضلع وہاڑی، پاکستان)

آج کے اس دورِ جدید میں یہ نہایت عُمدہ اِقدام ہے اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے بے شمار لوگوں کی زندگیوں میں اِنقلاب آئے گا۔ ہمارے قریب ایک دُکان الیکٹرونکس کی ہے اور ساتھ ہی پٹھانوں کا ٹال ہے وہ اکثر فارغ وقت میں وہیں کیبل پر فلمیں دیکھتے تھے لیکن **مَدَنی چینل** سے اِستِفادہ کرنے کی وجہ سے انھوں نے کہا ہے اس پروگرام نے ہمیں فلموں سے نفرت دِلا دی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{528} حضرت مولانا ابورافع شاہ نور محمد ہاشمی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مجاز درگاہ قادریہ، پیرکوٹ شریف، آستانہ عالیہ مرشد آباد شریف، دائرہ دین پناہ، ضلع مظفر گڑھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ثُمَّ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ یہ جان کر بے حدرُوحانی خوشی محسوس ہوئی ہے کہ اِس فحاشی، عُریانی، بدعقیدگی اور بداَعمالی کے پُرفِتن دور میں جہاں یہود و نصاریٰ اور بدمذہب قوتوں کی جانب اِسلام خُصُوصاً مسلکِ حقّہ اہلسنّت وجماعت کو مٹانے، مسلمانوں کے قُلُوب سے جانِ ایمان محبت رسُول کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کو الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ نکالنے کی مذموم وناپاک وناکام کوششیں شب وروز کی جارہی ہیں، وہاں پر **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ عظیم اِنقلابی، رُوحانی، مذہبی اور غیر سیاسی سُنّی حنفی رضوی تحریک محبت **دعوتِ اسلامی** جو کہ اہلسنّت وجماعت کی شان اور مان ہے کی طرف سے خالص مذہبی، رُوحانی مَسلکی اِصلاحی چینل بنام **مَدَنی چینل** کا اِجرا یقیناً ایک ایمان افروز، روح پرور، معلوماتی اور اِنقلابی قدم ہے۔

فقیر پُرتقصیر دِل کی اتھاہ گہرائیوں سے **دعوتِ اسلامی** کی تمام مجالس کے تمام ذِمّہ داران بالخصوص قِبلہ پیر

طریقت رہبرِ شریعت مخدومِ اہلسنّت گلشنِ گلزارِ قادریت، عاشقِ ماہِ نُبوّت، حضرت علامہ الحاج پیر ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی خدمتِ سراپا اقدس میں ہدیہ مبارک باد پیش کرتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{529} حضرت مولانا صاحبزادہ محمد سلطان صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ محی الاسلام صدیقیہ و جامعہ عائشہ صدیقہ للبنات، ہجیرہ، پونچھ، جموں کشمیر)

بِحَمْدِاللّٰہِ تَعَالٰی مسلکِ حقّہ اہلسنّت و جماعت کی حقانیت روز افزوں رو بہ ترقی اور **اَظْھَرمِنَ الشَّمْس** ہوتی جارہی ہے اور **دینِ اسلام** کی حقانیت اور عالمگیریت کا پیغام گھر گھر، در در، گلی گلی، کوچہ کوچہ، شہر شہر، کُو بہ کُو بہ، سینہ بہ سینہ اور قلب و ذِہن کی دُنیا تک پہنچانے کیلئے جن نُفُوسِ قُدسیہ نے گراں قدر خدمات سر انجام دی ہیں اور دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے، اور صوفیائے کرام، مشائخ عظام بُزُرگانِ دین رحمھم اللّٰہ المبین نے جو سحر خیزیاں کی ہیں اور کررہے ہیں اور ذِکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ سے اپنے دامنِ قلب کو دھو کر اس دھوون کو آنکھوں کے راستے آنسوؤں کے شبنم سے دامن اور مُصلّٰی کو تر کیا ہے اور کررہے ہیں۔

یہ خالص آنسوؤں کا نتیجہ ہے کہ آج دینِ اسلام کا پیغام قرآن و حدیث وفقہ وتصوف کی صورت میں مختلف طریقوں مختلف جہتوں سے اِنفرادی اور اجتماعی طور پر پہنچ رہا ہے۔ تحریر وتقریر نعت وتلاوت کی صورت میں اور کمال یہ کہ بُزُرگانِ دین، عُلَماء ربّانیین آج بنفسِ نفیس بذریعہ ٹی وی چینل عوام وخواص کو مُتعلِّقین ومُتوسِّلین، مُریدین وخُلَفاء اپنوں اور بے گانوں سب کو یکساں اپنے فُیُوض وبَرَکات سے نواز رہے ہیں۔

اس بنا پر میں صد آفرین ومبارکباد پیش کرتا ہوں، **امیرِ دعوتِ اسلامی** حضرت قبلہ پیر صاحب دامت برکاتھم العالیہ کو اور جماعت کے جُملہ اراکین وممبران کو کہ عصرِ حاضر میں طاغوتی قُوتوں نے جو قلب و ذِہن اور آنکھ

کو یرغمال بنا رکھا تھا **مَدَنی چینل** نے ان یرغمال دِلوں کو، آنکھوں کو اور ذِہنوں کو شیطانی قُوتوں سے آزادی دِلوا کر رسول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا سچا غلام بنانے کا اِہتمام کرلیا ہے اور ہر مسلمان کی دِیرینہ خواہش **مَدَنی چینل** نے پوری کردی ہے۔ **دعوتِ اسلامی** نے پہلے بھی تبلیغ دِین میں کوئی کسر باقی نہ رکھی لیکن اب تو ایک **مَدَنی چینل** نے بیک وقت ہزاروں عُلَماء کی کمی پوری کردی ہے۔ **اللہ** ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** کو پَھلتا پُھولتا رکھے اور اس کا مستقبل روشن اور تابناک فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{530} حضرت مولانا سید ریاض الحسن شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین خلیفہ محدث اعظم پاکستان سید زبیر شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مہتمم جامعہ اسلامیہ غوثیہ، تلہ گنگ روڈ، چکوال، پاکستان)

بندۂ ناچیز کو **مَدَنی چینل** کے اِفتتاح سے بے حد خوشی ہوئی کہ مسلک حق اہلسنّت کی تعلیمات کو اب مزید فروغ ملے گا اور عقائدِ حقہ کی صحیح ترجمانی ہوگی۔ میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا، اس میں سرکارِ دوجہاں صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعت خوانی جاری تھی۔ مجھے بے حد خوشی ہوئی کہ اب **بِحَمْدِاللہ تعالٰی** سرکارِ دوعالَم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعت خوانی محض مساجد تک ہی محدود نہیں رہی بلکہ ہر گھر میں سرکار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ثناء خوانی ہورہی ہے۔ مَیں دُعاگو ہوں کہ **اللہ** تعالیٰ اس چینل کو تادیر جاری رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{531} حضرت مولانا حافظ عبدالغفار خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب امام مسجد ابن چک روات، ڈاکخانہ ابن چک، براستہ ساگری، تحصیل وضلع راولپنڈی، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا عظیم الشّان **مَدَنی چینل** تلاوت ونعت، فیضانِ قرآن و

حدیث وفقہ، مُبلّغین کے سُنّتوں بھرے بیانات اور مَدَنی مذاکرات کے سلسلے نشر کررہا ہے۔اہلسنّت وجماعت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ پہلا چینل ہے جس کی جتنی بھی تحسین کی جائے، کم ہے۔مَیں دعوتِ اسلامی کو اس زبردست کاوِش پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔مَدَنی چینل آنے سے نبی کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے غلاموں اور عاشقوں کے دِل ودِماغ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔اس چینل کی بدولت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اوراس کے رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی میٹھی میٹھی باتیں عوام الناس تک پہُنچ رہی ہیں اورعوام اور معاشرے کی اِصلاح ہورہی ہے۔مَدَنی چینل کی بدولت دعوتِ اسلامی کا پیغام گھر گھر پہُنچ رہا ہے۔

امیراہلسنّت، پیرطریقت، رہبرشریعت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ اس پر خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔اللّٰہ تعالٰی اپنے پیارے حبیب صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے آپ کا سایہ ہمارے سروں پرتادیرقائم ودائم رکھے اورآپ کے فُیُوض وبَرَکات سے ہمیں مُستَفِیض فرمائے، آمین۔

مَیں اپنی طرف سے، اپنے علاقے کے علمائے کرام کی طرف سے اوراپنے تمام طالب علموں کی طرف سے مَدَنی چینل کے آغاز پر دعوتِ اسلامی کے تمام مرکزی ذِمّے داران کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{532} حضرت مولانا عبدالحمید ہاشمی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(امام وخطیب مرکزی جامع مسجد حنفیہ رضویہ، تحصیل سہنہ (غوث آباد)، ضلع کوٹلی، کشمیر)

مجھے سب سے بڑی خوشی تو یہ حاصل ہوئی کہ دعوتِ اسلامی نے ایک بہُت بڑا اقدم اُٹھایا ہے۔مرکزی مجلس شوریٰ اوردیگر کابینات اورخُصُوصاً امیراہلسنّت، فخراہلسنّت، نازاہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی کاوِشوں کا نتیجہ ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے بارے میں علمائے اہلسنّت کے تأثرات مَیں نے پڑھے ہیں۔حقیقتاً جب میں نے **مَدَنی چینل** کی نشریات دیکھیں تو واقعی یقین کامل ہو گیا کہ یہ ایک بَہُت بڑا اقدم **دعوتِ اسلامی** نے **سُنِّیَت** کی بقا کیلئے اُٹھایا ہے۔**اللّٰہ** تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقیاں عطا فرمائے اور ہم سب کو مل کر اس کے مقصد کو پھیلانے کی توفیقِ رفیق عطا فرمائے ،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{533} حضرت مولانا کمال الدین زہری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خادم اہلسنّت و جماعت،خضدار بلوچستان، پاکستان)

پوری دُنیا میں عالمی تنظیم **دعوتِ اسلامی** کی ترقی وترویج کے لیے **اللّٰہ** تعالیٰ کے حُضُور دُعا گو ہوں اور **دعوتِ اسلامی** کی مختلف قسم کی خِدمات سے بے حد متأثر ہوں۔**مَدَنی چینل** ان خدمات میں سے ایک عظیم خدمت ہے جو آپ نے شروع کیا ہے۔جہاں تک میرا خیال ہے بلوچستان میں **مَدَنی چینل** کی اشد ضرورت ہے کیونکہ ملکِ پاکستان کے دیگر شہروں کے مقابلہ میں بلوچستان میں بے عملی زیادہ ہے۔اگر **مَدَنی چینل** کو بلوچستان میں عام کیا جائے تو اس کا بڑا اچھا نتیجہ برآمد ہوگا۔**مزید** یہ کہ بندۂ ناچیز عالمی تنظیم **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کی ترقی کے لیے **اللّٰہ** تعالیٰ کے حُضُور دُعا گو ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اپنے پیارے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **مَدَنی چینل** کو دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور دینِ حق کی خدمت کی توفیق دے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{534} حضرت مولانا ابوالحامد محمد جاوید اکرم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(گلزار پور P/O،سردار پور جھنڈیر، تحصیل دینا پور، ضلع لودھراں، پاکستان)

اغیار کے چینلز کے بارے میں لوگوں سے تبصرے سُن کر دِل کڑھتا تھا۔قلب و دِماغ حیران و پریشان تھے، جگر خون کے آنسو روتا تھا، ایسے حال میں ایک شخصیت نے زخموں پر مرہم لگائی دِماغ کو سُکون بخشا،قلب کو اِطمینان دیا اور لحن داؤدی (سُریلی آواز) سے پُکارا کہ پریشان نہ ہوں۔وہ کون ہیں جو مقبولِ عرب وعجم ہیں؟، وہ کون ہیں جو دُکھی دِلوں کے طبیب ہیں؟ وہ امیرِ اہلسنّت ،مُفَکِّرِ اُمّت حضرت علامہ ابو بلال **محمد الیاس عطاؔر قادری** رضوی دامت برکاتھم العالیہ کی ذات ستُودہ صِفات ہیں جنہوں نے اس کائناتِ ارضی میں پیارے مصطفٰے کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی میٹھی میٹھی سُنّتوں کی دُھوم ہر طرف مچادی اور اب **مَدَنی چینل** پر کبھی صورتِ مصطفٰی صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی ،کبھی سیرتِ مصطفٰی صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی ،کبھی رفتارِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی اور کبھی گفتارِ مصطفٰے کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی گونج مچا رہے ہیں۔

مَدَنی چینل کیا آیا،سُنّتوں کی بہار آ گئی۔**مَدَنی چینل** نے آ کر ایک عجیب سماں پیدا کر دیا ہے، غیر مُسلِموں کیلئے راہِ ہدایت ،مُسلمانوں کیلئے شمعِ نُور ،مظلوم کیلئے خوشخبری ،ظالم کیلئے عبرت کا نشان، غریبوں کیلئے ہمدردی کا علمبردار، امیروں کیلئے عاجزی وانکساری کا سبق، گنہگاروں کیلئے بخشش کا پیغام ،توبہ کرنے والوں کو جنت کا اِنعام سُنانے کے لیے،منتشر اور پارہ پارہ اُمت کو یکجا کرنے کے لیے،قرآن وحدیث کی حقیقی تعلیمات کو اُجاگر کرنے کے لیے،تلاطُم خیز اُمّت کے بکھرے ہوئے شیرازے کو اکٹھا کرنے کے لیے، اُجڑے ہوئے قلُوب کی کھیتیوں کو آبِ عشقِ مصطفٰے کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے سیراب کرنے کے لیے،عشقِ مصطفٰی صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا لازوال تُحفہ عطا کرنے کے لیے اور عُشّاق کے دِلوں کو مدینے کی میٹھی میٹھی ہوا کے **پُر نُور جلوؤں** سے مُعَطّر کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** معرضِ وُجُود میں آیا ہے جو کہ پیرِ طریقت ،مردِ حق شناس،نشانیِ اَسلاف، رہبرِ شریعت ،عارف باللہ، عاشقِ مدینہ،مسلک اَسلاف کے حقیقی علمبردار،امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ **ابو بلال محمد**

الیاس قادری رضوی صاحب زیدمجدہٗ کی شب وروز، حقیقت اَفروز، روح پرورنگاہ اوردوراندیش حکمتوں کانتیجہ ہے کہ آج پوری دُنیاپرسُنّتِ مصطفٰیﷺ کی بہاریں ہیں،اور **قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی اِیمان پرورصدائیں ہیں،اوردُرُودوسلام کی پُرکیف آوازنے دُنیائے اِسلام کے کانوں میں رس گھول دیاہے۔

اگرعالَمِ علم ودانش فکرِصحابہ کرام رضوان اللّٰہ تعالٰی علیھم اجمعین کابغورمُطالعہ کیاجائے تویقیناًیہ آوازآئے گی کہ **مَدَنی چینل** کی اس اُمت کواشدضرورت تھی۔**مَدَنی چینل** نے آکر اُمتِ مُسلِمہ کووہ فائدہ پہُنچایا ہے جوماورائے دیدوشُنید (جوکبھی دیکھنےاور سننے میں نہیں آیا) ہے۔جوکام بڑی طاقت نہ کرسکی آج وہ کام **مَدَنی چینل** نے کردِکھایاہے،اُمت مُسلمہ کیلئے راحتِ قلب وسُکونِ جاں ہے۔

ہروہ چیزجواُمت کی بھلائی اوربہتری کیلئے ہووہ خُدائے **لَمْ یَزَل** عَزَّوَجَلَّ کوبھی پسند ہےاور **مَدَنی چینل** یقیناًمسلمانوں کی بھلائی اورفلاح کیلئے ہے جوکہ تصنع اور بناوٹ سے پاک ہےاورامامِ عشق ومحبت اعلٰی حضرت علیہ رحمۃ ربّ العزّت کےنظریات کااَمین ہےاورشریعت کےاُصول وضوابِط کاحامِل ہے۔**مَدَنی چینل** نشیب وفراز کی گھاٹیوں کوطے کرتاہوااپنی منزل ترقی کی طرف رَواں دَواں ہےاورمخلوق خداکوذخیرہ آخرت مہیا کررہاہے۔جہاں کُفّارو بدمذہب عقائدِکفرکی تَرویج کیلئے شب وروز برسَرِ پیکار ہیں،اس طرح مسلمانوں کوبھی **مَدَنی چینل** کی اشدضرورت تھی جوکہ اِسلام،شَریعتِ مصطفٰی،نظام مصطفٰیﷺ اور عقائدِاسلام کی صحیح ترجمانی کرسکے۔وہ کمی **مَدَنی چینل** نےآکر بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی پوری کردی ہے،اور مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بخیروخوبی اَحسَن اوربہُت اچھےاندازاوربہُت ہی اعلٰی طریقے سے **مَدَنی چینل** اسلام کے چہرے کوغیروں کےسامنےپیش کررہاہےاورکروڑوں لوگوں سےدادِتحسین وُصُول کررہاہے۔

ہردِل سےیہی دُعانکلتی ہےکہ **اللّٰہ** پاک اپنےپیارےمیٹھےمیٹھےمصطفٰےکریم صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا

صدقہ ہماری عمریں بھی حضرت امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو لگادے۔۱۳اکتوبر کیم ۲ نومبر ۲۰۰۸ء کے بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اجتماع مَدِیْنَۃُ الْاَوْلِیَاء ملتان شریف میں جو مناظر دیکھے گئے قلم وزبان بیان کرنے سے قاصر ہے۔ **اللہ** پاک اپنے پیارے محبوب مُکَرَّم کے تَوَسُّل سے **دعوتِ اسلامی** کو ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{535} حضرت مولانا حافظ محمد یعقوب سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(غوث العلوم، موضع نوروز، قلات، تحصیل وضلع خاران، بلوچستان، پاکستان)

تادمِ تحریر بذاتِ خود **مَدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب نہیں بنی، البتّہ **مَدنی چینل** کے سلسلے میں اَحباب سے رابِطہ کیا حلقۂ شناخت تک سب مَدّاح ثابت ہوئے اور خوشی کا اِظہار پایا۔ اگر اسے دیکھنے کا موقع ملے تو اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ضرور منافِع وفوائدِ موصولہ سے متعلق عرض کروں گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{536} حضرت مولانا مفتی شیر محمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ عربیہ، اسلام کالونی، فریدنگر، پاک پتن شریف، پاکستان)

بِفَضلِہٖ تعالٰی دعوتِ اسلامی نے تقریباً 27 سال کے عرصہ میں جو دِینی وملّی خِدمات سرانجام دی ہیں، وہ قابلِ رشک ہیں۔ دُنیا کے 66 سے زیادہ ممالک میں اِنتہائی خُلُوص اور عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا سبق دیا ہے جس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں اور اب **مَدنی چینل** کا آغاز **دعوتِ اسلامی** کا حسین اِقدام ہے جو وقت کی ایک ضرورت ہے۔ **اللہ** ربّ العزّت جل جلالہ حضرت رہبرِ شریعت وطریقت **مولانا محمد الیاس صاحب** قادری

رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی سعیٔ بلیغ میں بَرَکتیں عطا فرمائے ،جنہوں نے **دین اسلام** کی اشاعت وتَرویج کیلئے شب وروز وقف کررکھا ہے۔جن احباب نے اِس چینل کے لیےکوششیں کی ہیں،مولیٰ کریم عَزَّوَجَلَّ انہیں شرفِ قَبُولیت سے نوازے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{537 }حضرت مولانا محمد یار شاہ ہاشمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب دربارِ عالیہ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ تعالی علیہ، پاکپتن شریف، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ اہلسنّت وجماعت کی عظیم تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی دِینی خِدمات اور اِحیائے سُنَّت کے لیے مساعیٔ جمیلہ قابلِ صد تحسین بلکہ لائقِ تقلید ہیں۔اب جب کہ الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ نسل نوکو اَخلاقِ بداور افکارِ فاسدہ کا درس دیا جارہا ہے۔ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جواُمتِ مُسلِمہ کی اَخلاقی وفکری اِصلاح اورصحیح معنوں میں تربیت کا اِہتمام کرسکے۔

دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے گویا روشنی کا ایک مینار قائم کردیا ہے۔جس کے لیے اَحقَر امیرِ اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ اوران کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{538 }حضرت مولانا حافظ غلام رسُول قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم جامعہ حفظ القرآن،نزد دربار بابا شیخ جمال پیرغنی روڈ، پاکپتن، پاکستان)

دعوتِ اسلامی یقیناً ہرلمحہ مسلک اہلسنّت وجماعت خُصُوصاً اعلٰی حضرت عظیم البرکت کے عقائد وعشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اورمحبت رسُول کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام دے رہی ہے۔**اللہ**

تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے صدقہ سے مزید نوازے۔ خُصُوصاً امیر دعوتِ اسلامی جناب محترم و مُکرَّم عاشقِ مدینہ مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ کو دُنیا و آخرت میں جزائے خیر سے نوازے۔ یقیناً پُرفِتَن دور میں ایسا چینل شروع کرنا نہایت ہی ضروری ہے جیسا کہ دیگر مذاہبِ باطلہ نے شروع کیا ہے۔ لہٰذا اس میں نہ قباحت ہے نہ ہی کوئی جُرم والی بات اور ایسا پروگرام شروع کرنے پر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اَجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{539} حضرت مولانا پیر محمد حُسین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و مہتمم جامعہ حسینیہ صدیقیہ، محلّہ پیر کریاں، پاکپتن شریف، پاکستان)

آج اس وقت اُمتِ محمدیہ (علی صاحبھا الصلوٰۃ والسّلام) بے راہ روی پر لگ چکی ہے اور بے حیائی کا طوفان میڈیا کے ذریعہ شدّت سے پھیل رہا ہے۔ موجودہ حالات میں **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کا آغاز بگڑے ہوئے معاشرے کی اِصلاح اور بے حیائی، فحاشی، عُریانی اور ظلماتی فضا میں اِصلاح کیلئے روشن آفتاب کی مانند ہے۔ اس چینل سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہُت ہی عمدہ نتائج برآمد ہوں گے۔ اور آنے والے وقت میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ دیگر چینلز پر بھاری ثابت ہوگا۔ لوگ میڈیا کی طرف بھاگتے ہیں، موجودہ حالات میں اس کی اشدّ ضرورت تھی جو کہ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** نے پوری کر دی۔ ہم دُعا گو ہیں کہ **اللّٰہ** تعالیٰ بھرپور کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{540} حضرت مولانا حافظ معاذ احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(لیکچرار گورنمنٹ فریدیہ پوسٹ گریجویٹ کالج، پاکپتن شریف، پاکستان)

سائنسی ترقی کے دور میں جدید تقاضوں کے مُطابِق شیطان کے چیلوں نے میڈیا پر اپنی گرفت مضبوط کرکے اُسے اپنے شیطانی مقاصد کے حُصُول کا ذریعہ بنایا۔ آج اس کے اَثرات معاشرے میں نُمایاں نظر آتے ہیں۔ اِن اَثرات کی وجہ سے ہی آج کا نوجوان اپنے اَخلاق وکردار اور دین ومذہب سے بےگانہ وبیزار نظر آتا ہے:

مگر نہیں ہے نا اُمید اِقبال اپنی کِشتِ ویراں سے

کے مِصداق امیرِ اہلسنّت، حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری** سلمہ اللّٰہ القوی اور آپ کے مُتعلّقین نے اِس دور کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے **مَدَنی چینل** کے قیام کے ذریعے، اِصلاحِ معاشرہ کا جو اَہم قدم اُٹھایا ہے وہ لائقِ داد وتحسین ہے اور وقت کی اَہم ضرورت کے مطابق ہے۔ شیطانی چینلز کے مقابلے میں اس کے مُفید اَثرات ظاہر ہو رہے ہیں۔ **اللّٰہ** پاک اس پاکیزہ مشن میں **مَدَنی چینل** کو کامیاب فرمائے۔ اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْکَرِیم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلیہِ والہٖ سَیِّدُنا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ اَجْمَعِیْن۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{541} حضرت مولانا محمد ضیاء المصطفٰی قادری اشرفی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم حنفیہ نظامیہ عظمت الاسلام، عارفوالا، ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

حضرت امیرِ دعوتِ اسلامی مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی نے جس ذوق وشوق اور محبت سے راہ اِستقامت کو اختیار کیا ہے۔ اس میں آپ نے ہر قسم کی فضول سرگرمیوں سے ہٹ کر جام محبت پلائے۔ ''میں'' اور ''بچ بچ'' کی زبان پر مدینہ مدینہ کی پُرکیف صداؤں، صلوٰۃ وسلام کے باذوق ترانوں اور یارسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت بھرے نعروں نے بدمذہبوں کی سرگرمیوں پر پانی پھیر دیا اور مدنی آقا صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ

کی پیاری سُنّتوں کے پاک نام کو زندہ کر دیا۔ بلا شُبہ یہ سب فیضِ رضا کی جھلکیاں ہیں۔ جو حضرتِ قطبِ مدینہ مولانا ضیاءالدین مدنی علیہ رحمۃ اللہ القوی کے ذریعہ سے حضرت امیر دعوتِ اسلامی کی صورت میں ظاہر ہیں۔ اور انہیں فُیُوضاتِ رضا کی پُرتاثیر جھلکیوں کو منظرِ عام پر لانے کے لیے کیبل کے ذریعہ **مدنی چینل** کے نام سے ظاہر کیا گیا جو کہ ایک اچھی تحریک ہے۔ جس کے سبب گھروں میں رہنے والی خواتین اور بچیوں کے لیے بھی ایک بااَثر صورت واقع ہوئی کہ بے نمازی خواتین نمازوں کی پابندی میں اور بچے، بچیاں بھی دِینی معاملات کی طرف راغب ہوئے ہیں۔ بطورِ مشورہ یہ عرض ہے کہ **مدنی چینل** پر تلاوتِ قرآن پاک اور نعت خوانی بھی ہو مگر حضرت امیر دعوتِ اسلامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے بیانات اور دِینی مسائل پر گفتگو کے حوالے سے کثرت ہونی چاہیے۔ اگر اس بات پر عمل درآمد ہو سکے تو سامعین و ناظرین کے قُلُوب واَذہان میں مزید تازگی بڑھ سکتی ہے۔ دُعا ہے کہ ربِّ ذوالجلال عَزَّوَجَلَّ حضرت امیر دعوتِ اسلامی دامت برکاتھم العالیہ کو عمرِ خضری عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{542} حضرت مولانا قاری محمد حنیف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جماعتِ اہلسنّت پاکستان، ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

کتابوں سے نہ کالج کے دَر سے پیدا
دِین ہوتا ہے بُزُرگوں کی نظر سے پیدا

ہمارے اَسلاف نے ہر طرح سے لوگوں تک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور **رسُول اللہ** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے اَحکام پہنچانے کی ہر ممکن سعی فرمائی۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے تَوَسُّل سے اس موجودہ دور میں **مدنی چینل** کے ذریعہ سے ہر گھر، ہر گھر کے ہر فرد اور ہر فرد کے

دِل میں **اللہ** عَزَّوَجَلّ اپنا خوف، حُضُور نبی کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سُنّت مُطَہَّرہ کا درد، اہلِ بیت کرام، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالٰی علیہم اجمعین اور اولیاءِ عظام وسلف صالحین رحمہم اللہ المبین کا اَدَب اور ان کی اِطاعتِ کامل نصیب فرمائے، آمین۔

شیطانی قوتوں کو مات دینے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرنے پر **دعوتِ اسلامی** مبارکباد کی مستحق ہے۔ جماعت اہلسنّت کا بھرپور تعاون **مَدَنی چینل** کے ساتھ ہمیشہ رہے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{543} حضرت مولانا محمد موسیٰ مرتضائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد بانگے والی، پاکپتن شریف، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت پر جو **اللہ** تعالٰی نے کرم فرمایا اُن کرم نوازیوں اور اِنعامات میں سے ایک کرم **دعوتِ اسلامی** کا قیام ہے اور **دعوتِ اسلامی** جو ایک عالمگیر کام کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ اس کی مقبولیت اور لوگوں کا متوجّہ ہونا اس بات کی غمازی کر رہا ہے کہ سرکارِ اَبد قرار صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم اپنی خُصُوصی نگاہِ کرم سے نواز رہے ہیں۔

امیر اہلسنّت، پاسبانِ مسلک رضا کی ذات ہمارے لیے ایک خُصُوصی نعمت اور خُصُوصی نوازش ہے اور **اللہ** تعالٰی بطفیل نبیٔ پاک، دوعالَم کے مالک ومختار صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم امیر اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی کو عمرِ خضر عطا فرمائے۔ اس کے ساتھ **مَدَنی چینل** کا اِجرا ایک بہُت بڑی کاوش ہے۔ خاص کر ایک ایسا چینل جو کہ خالِصتاً دِینی ہو اس کا جاری رہنا اہلِ حق پر ایک بہُت بڑا احسان ہے۔

مَیں ان احباب کو اَربابِ اقتدار کو اور دیگر احباب گرامی جن کا تعلّق **مَدَنی چینل** کے اِجرا کے

سلسلہ میں شامل ہے، ان کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{544} حضرت مولانا حافظ محمد یونس نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد تحصیلدار والی، پاکپتن، پاکستان)

اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پر دُرُود وسلام کے بعد عرض ہے کہ **مَدَنی چینل** کے نام سے خالص مذہبی ودِینی نشریات کے حامِل ٹی وی چینل کا اِجرا کرنا **دعوتِ اسلامی** کے عظیم امیر اور ان کے مُخلِص معاونین اور انتھک کارکنان کا ہی کارنامہ ہوسکتا ہے۔ بِلا شُبہ یہ چینل ہمارے لیے نہ صرف معلوماتی بلکہ باعثِ خیر وبَرَکت اور موجبِ رحمت ہے، اس کے آغاز سے نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے عاشقوں اور سچّے غلاموں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس **مَدَنی چینل** اور **دعوتِ اسلامی** کی بَرَکات سے کماحقّہٗ مُستَفِیض فرمائے، آمین۔ **اللہ** تعالیٰ محبوب علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی سُنّتوں کے اِحیاء کی اس تحریک کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{545} حضرت مولانا مفتی عابد حسین بٹ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ رضویہ تجوید القرآن، میاں چنوں، ضلع خانیوال، پاکستان)

بِحَمْدِ اللہ تَعَالٰی **مَدَنی چینل** دعوتِ اسلامی نے چلا کر لوگوں کی توجّہ الیکٹرانک میڈیا سے اپنی طرف مبذول کروا رکھی ہے۔ یہ ایک ایسا چینل ہے کہ یہاں سے لوگوں کو بہُت کچھ سیکھنے کو ملے گا اور **مَدَنی**

چینل شروع کر کے **دعوتِ اسلامی** نے یہ سیکھنے سکھانے کا ایک نیا باب کھول دیا ہے۔

اللّٰہ تبارک وتعالیٰ **دعوتِ اسلامی** پر رحمتوں کا نُزُول فرمائے اور امیر دعوتِ اسلامی حضرت **علامہ مولانا الیاس قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو صحت وتندُرستی عطا فرمائے اور دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور اُن کے نام کو دوبالا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{546} حضرت مولانا قاری محمود احمد نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جامعہ نوریہ صادق العلوم، غلہ منڈی، میاں چنوں، ضلع خانیوال، پاکستان)

شکر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدنی چینل** پر بہُت خوشی ہوئی ہے اور ہماری دُعا ہے کہ مولا کریم عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو ہمیشہ قائم رکھے۔ دِلی دُعا ہے کہ مولا کریم عَزَّوَجَلَّ مزید کامیابیوں سے نوازے۔ سب سے بڑھ کر خوشی کی بات یہ ہے کہ پہلے ہم امیر اہلسنّت دامت فیوضھم کی زیارت سے محروم تھے اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہمیں روز اس چینل کے ذریعے زِیارت نصیب ہو جاتی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{547} حضرت مولانا ملازم حُسین سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوارِ حبیب، قطعہ حبیب شاہ، کبیر والا ضلع خانیوال، پاکستان)

اللّٰہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے **دعوتِ اسلامی** دن رات ترقی کی طرف گامزن ہے۔ انہوں (حضرت قبلہ محمد الیاس قادری صاحب دامت برکاتھم العالیہ) نے جو تبلیغی مشن پر کام کیا ان کا یہ کام قابلِ صد ستائش ہے۔ **اللہ** تعالیٰ نے

مہربانی فرمائی، اس مردِ قلندر کو جرأت عطا فرمائی۔

اب اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری نوجوان نسل کا عقیدہ بچ گیا اور دوسرا کام مدرسوں کا شروع کیا یہ بھی اہلسنّت وجماعت پر احسان فرمایا اور جو **مَدَنی چینل** شروع کیا اس سے مسلک کی ترویج ہوگی۔ **اللہ** تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{548} حضرت مولانا عبدالمجید سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، گھڑبٹہ روڈ، کبیر والا، ضلع خانیوال، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھا، بہُت پسند آیا۔ دوستوں کو دعوت دیکر **مَدَنی چینل** دکھایا اور یہ چینل اِصلاح کے لئے مؤثر ثابت ہوگا۔ اپنے بیانات میں اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دیکھنے کی ترغیب دلاتے رہتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{549} حضرت مولانا فقیر محمد جمال قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین قمر الاسلام ٹرسٹ، عارف والا، امیر سُنّی علماء کونسل ضلع پاکپتن، پاکستان)

ہمارے گھروں میں اِسلام کی دعوت کا پروگرام کیسے شروع ہوسکتا ہے؟ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے یہ بازی جیت لی۔ **اللہ** تعالیٰ سے دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں **مدنی ماحول** سے خُلُوص کے ساتھ وابستگی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

{550} حضرت مولانا قاری محمد فاروق مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد امام شاہ بخاری، نیا بازار، قصور شہر، پاکستان)

مَدَنی چینل حالاتِ حاضرہ میں ایسا جہاد کر رہا ہے جو کسی دوسرے چینل کے حصے میں نہیں آیا۔ حُضُور نبی رحمت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خاص نظرِ عنایت کے شامل حال ہونے کی جھلک نظر آتی ہے۔ **اللہ** تبارک وتعالیٰ **مَدَنی چینل** کو شاد وآباد رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

{551} حضرت مولانا حافظ محمد انعام قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ حیاۃ الاسلام، شہباز خان روڈ، وخطیب جامع مسجد برکت کوٹ، ضلع قصور، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مَدَنی چینل آج کے دور میں عالَمِ اسلام کیلئے ایک عظیم تُحفہ ہے جس میں **اللہ** تعالیٰ اور اس کے حبیب مُکرَّم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کا درس دیا جاتا ہے۔ اس **چینل** میں فیضانِ قرآن، فیضان حدیث، فیضان انبیاء، فیضان صحابہ، فیضان اولیاء اور کمسن مُبلِّغ جیسے پروگرام زعوام الناس کے لیے اِنتہائی دِلچسپی کے باعث ہیں۔ یہ سارے سلسلے ہمارے مسلکِ حق اہل سُنَّت کی حقیقی ترجمانی فرماتے ہیں۔

امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے حج اور وُضُو کے بیان کردہ طریقے کو دیکھ کر اُمتِ مُسلِمہ بَہُت مُستَفِیض ہوئی۔ حتّٰی کہ راقم نے **مَدَنی چینل** کے سبب ہی ٹی وی کو گھر میں آنے دیا۔ **اللہ** تعالیٰ اس چینل کو مزید ترقی

عطا فرمائے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{552} حضرت مولانا غلام یسٰین قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ حنفیہ، ضلع قصور، پاکستان)

مَدَنی چینل سُبحٰنَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا بہترین کارنامہ ہے۔ **مَدَنی چینل** کو دیکھنے سے **اللہ** تعالٰی اور اس کے رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت زیادہ ہوجاتی ہے۔ **مَدَنی چینل** کو دیکھنے سے نیکیوں سے رغبت اور بُرائیوں سے نفرت پیدا ہوجاتی ہے۔ **اللہ** تعالٰی **مَدَنی چینل** کو ہمیشہ قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{553} حضرت مولانا مفتی محمد احمد نقشبندی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد کوٹ اندرون، ضلع قصور، پاکستان) (اصل تحریر عربی میں ہے اس کا اُردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے)

حمد وصلوٰۃ کے بعد!

مَدَنی چینل کی ہر طرف دُھوم مچی ہوئی ہے۔ **مَدَنی چینل** میں متعدد سلسلے ہیں، جیسے فیضانِ قرآن، فیضانِ حدیث، فیضانِ صحابہ، فیضانَ اولیاء اور ہفتہ وار (سُنّتوں بھرے) اجتماع کا فیضان۔ اِس میں امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے اَہم **مدنی مذاکرے** ہوتے ہیں، جن میں **آپ** دامت برکاتھم العالیہ (اسلامی بھائیوں کے) کثیر سُوالات کے جوابات عطا فرماتے ہیں۔ یہ ہر طالب علم اور عالِمِ دین کے لئے علمی خزانہ ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی

اس(**مَدَنی چینل**)کومزید ترقی عطا فرمائے،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{554} حضرت مولانا ابوالحامد محمد اسلم قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب المدینہ مسجد، ڈسٹرکٹ کورٹس، ضلع کچہری قصور، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے عالَم اِسلام کے لئے عظیم تُحفہ **مَدَنی چینل** دیکھنے اور سننے کا اِتّفاق ہوا، یہ بَہُت ہی اچھا اسلامی چینل ہے۔اس میں مختلف عنوانات پر گفتگو سُنَّتوں بھرے پروگرام **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ** یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کی صدائیں خُصُوصاً نوجوان نسل اور عالَمِ اسلام کیلئے اِسلامی تعلیمات کو اُجاگر کرنے کے لیے بَہُت ہی موزوں ہے۔اِسلامی تعلیمات پر مبنی یہ پروگرام اہل ایمان کے لیے بَہُت اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

مجھے اُمید ہے مستقبل قریب میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مغربی ممالک بھی اس سے اِستفادہ کر کے اپنے دِلوں کو نورِ ایمان اور سُنَّتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی روشنی سے منور فرمائیں گے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{555} حضرت مولانا محمد غلام مصطفٰی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ غوثیہ، تحصیل میاں چنوں، ضلع خانیوال، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری **دعوتِ اسلامی** نے دورِ جدید کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے دینِ اسلام کی خدمت کیلئے **مَدَنی چینل** چلانے کی سعی سعید فرمائی ہے اور اُمتِ مُسلِمہ میں اِشاعتِ دین کا ایک اہم باب

کھول دیا ہے۔ یقیناً یہ ایک صدقہ جاریہ ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ سے دُعا ہے کہ اُمتِ مُسلِمہ کو اس بابِ عالم سے فُیُوض و بَرَکات حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{556 } حضرت مولانا محمد حافظ عبداللطیف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام و خطیب جامع مسجد بیت الرحمٰن، تحصیل کچہری میاں چنوں، ضلع خانیوال، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے جاری کردہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھروں کے اندر مدنی ماحول بن رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** پر حج کے مُتعلّق بیانات ہوتے ہیں اور نگرانِ شوریٰ مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے بیانات برائے اسلامی بہنیں اور ''اولاد کی تربیت'' کے متعلق جس نے مجھے بَہُت متأثر کیا ہے۔ میری دِلی دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو تا قیامت جاری رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{557 } حضرت مولانا صاحبزادہ پیر سعید احمد صابری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین منظور المشائخ آستانہ عالیہ چشتیہ صابریہ، جوہر ٹاؤن، مرکز الاولیاء، لاہور)

آج کے اس گئے گزرے دور میں جب کہ میڈیا اور ٹی وی چینلز پر عُریانی فحاشی کی یلغار ہے۔ آپ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے ایک اِنتہائی اَحسَن و مُستحسن قدم اُٹھایا ہے۔ آپ کی اس عظیم کاوش سے نہ صرف عوام کو دِینی رُوحانی آ گاہی ہوگی بلکہ عوام کی اِصلاح اور تربیت کی طرف ایک بھرپور قدم ہے۔ بلکہ یہی نہیں، عاشقانِ رسُول بھی اپنی رُوحانی تسکین حاصل کر سکیں گے۔

مَیں امیر دعوتِ اسلامی مُکرَّم ومحترم حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار قادری** صاحب کو اس اعلیٰ کاوش پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مزید دُعا گو ہوں کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کو کامیاب فرمائے اور امیرِ دعوتِ اسلامی اور ان کے ساتھیوں کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{558} حضرت سید پیر حیدر امام گیلانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ، چن پیر، ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کے فیض نے لاکھوں نوجوانوں کے دِلوں میں عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، جذبہ اِتباعِ سُنّت اور علم وعمل پیدا فرمادیا ہے۔ اب **مَدَنی چینل** کے ذریعے اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ لاتعداد مسلمانوں کی اِصلاح ہو رہی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ فحاشی اور عُریانی کے خلاف بند بندھنا شروع ہو گیا ہے اور بدعقیدگی کے سیلاب کی روک تھام شروع ہو چکی ہے۔

اللّٰہ تعالٰی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور **مَدَنی چینل** کو دِن گیارھویں رات بارھویں ترقی نصیب فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{559} حضرت مولانا قاری محمد ذوالفقار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ محمدیہ قادریہ حنفیہ، شہاب پورہ، ضیاء کوٹ (سیالکوٹ) پاکستان)

اُدۡعُ اِلٰی سَبِیۡلِ رَبِّکَ بِالۡحِکۡمَۃِ وَ الۡمَوۡعِظَۃِ الۡحَسَنَۃِ (پ١٤ النحل ١٢٥) ترجَمۂ کنزالایمان: ’’ اپنے ربّ کی راہ کی طرف بُلاؤ پکی تدبیر اوراچھی نصیحت سے۔‘‘

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ عزَّوَجلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** اس کام میں بڑااہم کردارادا کررہاہے۔ایک دو بار دیکھنے کا موقع مِلا ، دیکھ کرطبیعت بڑی خوش ہوئی کہ جہاں ہرطرف بے حیائی نے پنجے گاڑر کھے وہاں **مَدَنی چینل** ہمیں **اللہ** تعالیٰ اوررسُولِ مُکرَّم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی طرف بڑے اَحسَن طریقے سے بُلا رہاہے۔میرے خیال میں ایسے چینل ضرور ہونے چاہیئے کیونکہ بعض حضرات کے پاس ایسی پاکیزہ محافل میں جانے کا وقت نہیں ہوتا وہ رات کو یادن کو اپنے گھر میں ایسا پاکیزہ **چینل** دیکھ کر اپنے ایمان کوتازہ کرسکتے ہیں۔میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیۡب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{560} حضرت مولانا حافظ اشفاق احمد مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد حیدریہ مہریہ نوریہ غوثیہ،نئی بستی غریب آباد،کبیروالہ ضلع خانیوال، پاکستان)

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ، اس خالق ومالک عَزَّوَجلَّ کا کروڑہا کروڑشکر کہ جس نے نبیِّ کریم، رؤف رحیم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے اہلسنّت وجماعت پر اِحسانِ عظیم فرمایا کہ ہمیں تبلیغ قرآن وسُنَّت کی غیر سیاسی عالمی تحریک **دعوتِ اسلامی** جیسی نعمت عطا فرمائی۔جس طریقے سے حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار قادری** دامت برکاتھم العالیہ نے سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں کا درس عام کیا، **مدنی قافلوں** کی صورت میں، **صدائے مدینہ** کی صورت میں، ہفتہ وار یا مرکزی اجتماع میں بیانات کی صورت میں، اوراب **مَدَنی چینل** کی صورت میں۔ہماری دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کو مزید عُروج عطا فرمائے اوراعراج کی

منزلیں باآسانی طے فرمائے۔اور **اللّٰہ** تعالیٰ **علامہ الیاس قادری** صاحب کو عمرِ خضری عطا فرمائے اور ان کا سایہ رحمت ہمارے سروں پر تادیر قائم ودائم فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{561} حضرت مولانا محمد شریف سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ عظمتِ اسلام، پل راجباہ عبدالحکیم، ملتان روڈ، ضلع خانیوال، پاکستان)

بندۂ ناچیز **دعوتِ اسلامی** اور امیر دعوتِ اسلامی مولانا **محمد الیاس عطار قادری** زیدشرفہٗ سے بے حد متأثر ہے۔**دعوتِ اسلامی** کا ہر فیصلہ قرآن وسُنَّت کی نشر واشاعت کے لیے ہوتا ہے۔**مَدَنی چینل** بھی دِینی، قرآنی، محبت خداعَزَّوَجَلَّ اور محبت مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے فروغ کے لیے ایک اہم ذریعہ بن رہا ہے۔اس سے نہ صرف سُنَّت کی نشر واشاعت ہوگی بلکہ مسلکِ اہلسنّت کو بھی اِستحکام اور ترقی ملے گی۔ **اللّٰہ** تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کو نظرِ بد سے محفوظ رکھتے ہوئے مزید ترقی کی منازِل کی طرف گامزن فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{562} حضرت مولانا قاری شان محمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ غوثیہ رضویہ شمس القرآن، پل ۱۲ میل، تحصیل کبیر والا، ضلع خانیوال، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی جانب سے **مَدَنی چینل** آج کل چلایا جارہا ہے۔مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اسلامی پروگرام کا اس چینل کے ذریعہ نشر کرنا، اس پُرفِتَن دور میں نہایت ہی اَحسَن اور بہُت ہی اچھا اقدام ہے۔دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل اِس چینل کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی اور کامرانی عطا فرمائے، آمین۔تاکہ فحاشی کے پروگراموں کا توڑ کیا جاسکے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{563} حضرت مولانا محمد آصف اقبال رضوی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ انوار العلوم، خطیب جامع مسجد نورانی، مظفر آباد، مَدِینَۃُ الاَولِیاء، ملتان، پاکستان)

اُمتِ محمدیہ علٰی صاحبہا افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم کے اَن گنت اِمتیازات میں یہ اِمتیاز بھی اِنتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ اس کا ہر فرد اپنی طاقت وقدرت، بساط وحیثیت اسباب ووسائل اور تاثیر وتسخیر کے مطابق اِسلام کی تبلیغ کا مُکلَّف و پابند ہے۔**دعوتِ اسلامی** قرآن وسُنَّت کی غیر سیاسی عالمی تحریک ہے جس نے اِسلام کا آفاقی پیغام عصری تقاضوں کو مدّ نظر رکھ کر اَطراف واکنات عالَم میں پہُنچانے کے لیے خود کو وقف کر رکھا ہے۔عصر حاضر میں الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت سے انکار وصرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا۔ میڈیا کے اس ذریعے سے آج بے شُمار باطِل تحریکیں اپنے باطِل افکار و نظریات کی تبلیغ وترسیل میں مصروف ہیں اور بے شمار سادہ لوح مسلمانوں کے دین اور اِیمان کو لوٹ چکی ہیں۔اِن حالات میں **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے وہ عظیم کارنامہ انجام دیا ہے جس پر تمام عوام و خواص اہلِ ایمان کو بصد انشراح صدر مبارک باد پیش کرنی چاہیے۔اور ہر ممکن تعاون کے ذریعے اس آلہ دعوت وترسیل کو تقویت پہُنچانی چاہیے تاکہ آوازِ حق اپنی پاکیزہ نُورانی، اِسلامی، رُوحانی، ہمہ گیر اور واضح شکل وصورت میں ہر فرد وبشر تک پہنچتی رہے۔

مَدَنی چینل کی ترقی کے لیے کوشاں رہنا ہمارا اعلیٰ فریضہ ہے کیونکہ ہمیں نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرنے کا حکم ہے۔ربِّ کریم عَزَّوَجَلَّ ہم کو احقاقِ حق اور اِبطالِ باطِل کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔میری نیک خواہشات اور قلبی دُعائیں **مَدَنی چینل** کے ساتھ ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{564 }حضرت مولانا محمد ابراہیم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رضویہ مظہر العلوم، بیرون دولت گیٹ، مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان، پاکستان)

اَمْرٌبِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ یعنی نیکی کا حکم دینے اور بُرائی سے منع کرنے کیلئے جو تحریک بھی چلائی جائے یا کوئی سلسلہ شروع کیا جائے اُس کی اہم ضرورت ہے۔ جس طرح میڈیا سے عُریانی اور فحاشی پھیلائی جارہی ہے اس کے رَدّ میں ضروری ہے کہ لوگوں تک دِینی اَحکام پہنچائیں جائیں۔ مدنی چینل اس کا بہترین ذریعہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{565 }حضرت مولانا صاحبزادہ محمد عطاءاللہ چشتی مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی مسجد غوثیہ، گلبرگ کالونی، بیرون دولت گیٹ، معصوم شاہ روڈ، مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان، پاکستان)

اِسلام ایک عالمگیر مذہب ہے اور ہر دور کے ہر انسان اور ہر معاشرے کے ہر فرد کے لیے ہمیشہ نجات اور فلاح کی دعوت ہے۔ دورِ حاضر علم وفن اور جدّت کے عُروج کا متقاضی ہے۔ بالخصوص الیکٹرانک میڈیا ترویجِ عُلُوم اور پیغام رِسانی کا مرکز نظر آتا ہے۔ ایک عام آدمی کو حاصل ہونے والی 90% فی صد معلومات کا ذریعہ الیکٹرانک میڈیا ہی بنتا ہے۔ دورِ حاضر کے تقاضوں اور الیکٹرانک میڈیا کے تناظر میں اگر تَعَصُّب اور منافقت کے پردوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے مشاہدہ کیا جائے تو یہ بات اَظْھَر مِنَ الشَّمْس ہے کہ **مَدَنی چینل** دورِ حاضر میں تبلیغِ اسلام، اِصلاحِ معاشرہ اور فروغِ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ایک بہترین ذریعہ ہے اور مستقبل قریب میں ایک عظیم اِسلامی اِنقلاب کا پیش خیمہ ہے۔ **اللہ** کریم ہر مسلمان کو مزید مذہبی جذبہ عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{566} حضرت صاحبزادہ میاں عبدالخالق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ مظہر العلوم السلطانی، سجادہ نشین دربار حضرت سلطان عبدالحکیم علیہ رحمۃ اللہ الحلیم خانیوال، پاکستان)

مَدَنی چینل کو دیکھا، درسِ قرآن، حدیث اور فیضانِ اولیاء کے حوالے سے سُن کر بہُت خوشی ہوئی۔ **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر حقیقتاً دوسرے چینلز کو بھول گئے ہیں۔ درسِ حدیث اور درسِ قرآن بہُت پسند آیا ہے۔ **مَدَنی چینل** وقت کی ضرورت تھی جو **دعوتِ اسلامی** نے پوری کر دی۔ قبلہ حضرت صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے جو مسلکِ حقّہ اہلسنّت کے لیے کام کیا وہ قابلِ تحسین ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُن کا سایہ تادیر قائم رکھے اور **مَدَنی چینل** سے عوام الناس کو بھرپور فائدہ اُٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{567} حضرت مولانا حکیم محمد اقبال سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ سعیدیہ مظہر العلوم، چوپڑ پٹہ، تحصیل کبیر والا ضلع خانیوال، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری تمنّا کے مُطابِق **دعوتِ اسلامی** نے ہمیں اس چینل سے آگاہ کیا ہے، جس سے ہم بالکل ناواقف تھے۔ **مَدَنی چینل** سے پہلے اور بھی کافی چینل چل رہے ہیں لیکن جتنا فائدہ ہمیں **مَدَنی چینل** سے ہوا ہے اِتنا کسی دوسرے چینل سے نہیں ہوا۔ یہ چینل ہمیں زندگی کے تمام طریقے سُنَّت کے عین مطابق سکھا رہا ہے۔ اس چینل سے نہ صرف ہمارے علاقہ کی تربیت ہو رہی ہے بلکہ پوری دُنیا اس چینل سے فائدہ حاصل کر رہی ہے۔ اس چینل سے ہمیں سُنّتیں سیکھنے کو ملتی ہیں اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت صاحب کے بیان ہمیں

سُننے کو ملتے ہیں اور ہم تو آپ کے دیدار کو تڑپ رہے تھے لیکن **مَدَنی چینل** نے ہمیں **دِیدارِ عطّار** (دامت برکاتھم العالیہ) **سے** بھی نوازا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے حضرت صاحب کا بیان سُننے کے بعد ہمیں ایسا بڑا لُطف اور درسِ عبرت حاصل ہوتا ہے کہ جس سے ہمیں اپنی اور اپنے دوستوں، گھر والوں اور بچوں کی زندگی سُنَّت کے مطابق گزارنے کا موقع بھی ملا ہے اور اس چینل سے ہمیں قرآن پاک کی تلاوت اور نعت خوانی اور درسِ قرآن وحدیث اور سُنَّتوں کا بیان ہر وقت سُننے کو ملتا ہے۔

مَدَنی چینل کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے ہمارے مسلک حق اہلسنّت کا وَسیع پیمانے پر کام ہو رہا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے جب سے **مَدَنی چینل** ہمارے علاقے میں چلنا شروع ہوا ہے۔ ہر طرف بہاریں ہی بہاریں نظر آتیں ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور **فیضانِ عطّار** تا قیامت جاری رہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{568} حضرت مولانا محمد رب نواز فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال، عبدالحکیم، خانیوال، پاکستان)

مَدَنی چینل کے حوالے سے دیرینہ خواہش تھی جو **دعوتِ اسلامی** نے پوری کر دی۔ اس سے مسلک اہلسنّت اور افکارِ اعلیٰ حضرت کو فروغ ملے گا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{569} حضرت مولانا سید غوث علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، ریل بازار، عبدالحکیم، ضلع خانیوال، پاکستان)

مَدَنی چینل کو دیکھنے خاص طور پر اس میں **مدنی مذاکرہ** دیکھنے کی روزانہ روٹین ہے۔ اس کے ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں فوائد ہیں۔ **مَدَنی چینل** نیکی کی دعوت پھیلانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی زبان سے نکلنے والا ہر لفظ دِل میں اُتر جاتا ہے۔ الغرض **مَدَنی چینل** کے جتنے پروگرام چلتے ہیں اُن سے نہ صرف مسلمان پانچ وقت نماز پر آ جاتا ہے، بلکہ اسے دیکھ کر کفّار بھی نے اِسلام قبول کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** وقت کی ضرورت ہے کیونکہ فی زمانہ میڈیا میں آنا بے حد ضروری تھا کہ اس کمی کو **مَدَنی چینل** نے پورا کر دیا۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ ہمیشہ قائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{570} حضرت مولانا سعید الرحمٰن المدنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد بخاری، فاروق کالونی گلی نمبر۴، چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ امیر اہلسنّت، پیر طریقت، رہبر شریعت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس عطّار قادری** رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کی نظرِ فیض سے جہاں لاکھوں غیر مسلم دائرہ اسلام میں داخل ہو رہے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اپنے بھی عشقِ مصطفٰی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے جام پی رہے ہیں۔ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی کوشش سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے، اس **چینل** کو اپنے تو اپنے غیروں نے بھی پسند کیا ہے۔ اس **چینل** کی بَرَکت سے ہر گھر میں **دعوتِ اسلامی** کا پیغام عام ہو رہا ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی اس **چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{571 }حضرت مولانا محمد رفیق احمد نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم جامعہ نعمانیہ،خطیب جامع مسجد محمدی،لودھراں، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہعَزَّوَجَلَّ ہماری پیاری تحریک **دعوتِ اسلامی** اشاعتِ دینِ متین میں ہرلحاظ سے خِدمت سر انجام دے رہی ہے اور کامیاب وکامران رہی ہے۔اس طرح میڈیا کے ذریعے سے بھی گھر گھر،قریہ قریہ، ہرشہروبستی اور عالمی سطح پر پیغامِ حق،عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم **مَدَنی چینل** کے ذریعے بہترطریقے سے پہنچ رہاہے۔ہماری دُعاہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی اپنے حبیبِ لبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے کامیاب وکامران رکھے،آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{572 }حضرت مولانا محمد نواز احمد اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت،شعبہ تبلیغ واشاعت،ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

اَلْحَمْد للّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِاہلسنّت بانی دعوتِ اسلامی، پاسبانِ مسلک امام احمد رضاخان علیہ رحمۃ الرحمن ہیں اور **دعوتِ اسلامی** ایک غیر سیاسی اِصلاحی اور عشقِ مصطفیٰ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا درس دے رہی ہے۔ جوگلی گلی،چوک چوک،کوچے کوچے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

صدائے مدینہ لگوارہی ہے۔یہ اہلسنّت پرحضرت صاحب کا اِحسانِ عظیم ہے۔اس کے علاوہ **مَدَنی چینل** کی

کیا بات ہے۔ دِینی، اَخلاقی اور اِصلاحی پروگراموں کے علاوہ حمد ونعت کی برسات رہتی ہے۔ خاص طور پر چھوٹے چھوٹے بچے جو قرآن پاک پڑھتے ہیں، نعت خوانی کرتے ہیں اور امیرِ اہلسنّت زیدمجدہٗ ودیگر علمائے کرام کے بیانات کا تو جواب ہی نہیں۔ خدا تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو عمرِ خضری عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{573} حضرت پیر سید مقبول محی الدین گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ قادریہ، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

الیکٹرانک میڈیا پر **مَدَنی چینل** کا آغاز ایک خوشی کی خبر ہے۔ **دعوتِ اسلامی** نے یہ ایک اِنقلابی اور نہایت مؤثر قدم اُٹھایا ہے۔ اس کے اَثرات ہماری نئی نسل پر بہُت ہی اچھے ہوں گے۔ اس کے ذریعے لوگوں میں دِینی معلومات کا اِضافہ ہوگا۔

راہِ حیات میں چاروں طرف اندھیرا ہے
چلو تو مَشعلِ عشقِ رسُول ساتھ لے کر چلو

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{574} حضرت مولانا غلام محمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس مدرسہ جامعہ فیضیہ فیض الاسلام، احمد پور شرقیہ، ضلع بہاول پور، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ خالِصتاً مذہبی غیر سیاسی پیارا پیارا میٹھا میٹھا مدنی پروگرام ہے۔ نیز ذاتی طور پر خوش ہوں کہ اس پروگرام سے کئی لوگوں کو ہدایت ملے گی اور یہ پروگرام ہمیشہ ترقی کرے گا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{575} حضرت مولانا ابوزاہد محمد قاسم سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ سعیدیہ تعلیم القرآن، فیروزہ، غریب آباد، گراس منڈی، ملتان، پاکستان)

دورِ حاضر میں دور دراز تک اپنے پیغام پہنچانے کا ذریعہ میڈیا ہے۔ میڈیا کے ذریعے کافی عرصہ سے باطِل اپنے عقائد کو فروغ دے رہا تھا جس سے لوگوں کے عقائد بگڑتے چلے جارہے تھے۔ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کے ذریعے باطِل کی تردید اور مسلمانوں کے عقائد کی تصحیح بھی ہوگی۔ گویا کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے مسلمانوں کے عقائد کی حفاظت کی جارہی ہے۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا کرکے اہلسنّت وجماعت مسلک بریلوی پر احسانِ عظیم کیا ہے۔ اس کے فائدے پر ایک نمونہ پیش نظر ہے۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے وُضُو کا طریقہ سمجھاتے ہوئے جو پہلے اعضائے وُضُو کو تر کیا پھر اعضاء کو دھویا تو اس پریکٹیکل طریقے کو کتاب پڑھ کر وُضُو کرنے سے بھی زیادہ بہتر پایا۔ اَلْحَمْد لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** سے بَہُت سے مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت ہوگی۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{576} حضرت مولانا قاری محمد رمضان چشتی کریمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر تنظیم علماء اوقاف، خطیب مرکزی جامع مسجد قالے منڈی، مَدِینَۃ الاَولیاء ملتان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے رُوحِ رَواں حضرت امیرِ اہلسنّت علامہ **محمد الیاس عطّارؔ قادری** دامت برکاتھم العالیہ دورِ حاضر کے **ولیِ کامِل** ہیں۔ ان کی وِلایت کا یہ کمال ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کا مدنی کام اِس وقت دُنیا کے **66** سے زائد ممالک میں ہو رہا ہے۔ اِس پُر فِتَن دور میں جہاں ملّت کا ہر فرد ٹی وی کا دِلدادہ ہو چکا ہے اور دِیگر غیر مہذب چینلز نے

جس طرح فحاشی اور عُریانی کا دروازہ کھولا ہوا ہے۔ اس کے سدِّ باب کے کیلئے ضروری تھا کہ ایسا چینل لایا جائے جو کہ اِن غلیظ آلائشوں سے پاک ہو اور اس کے ذریعے قرآن وسُنَّت کا عالمگیر پیغام بھی گھر گھر پہنچ سکے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے اس دِلی تڑپ کو پورا کر دیا ہے اور مجھے وہ دِن جلد دکھائی دے رہا ہے کہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی کی مدنی بہار** صرف مُلکِ پاکستان میں نہیں بلکہ دُنیا کے ہر ملک میں سبز انقلاب کی بہار نظر آئے گی۔ **اللّٰہ** ربّ العزّت **مَدَنی چینل** کو ہر گھر اور ہر فرد کی تڑپ بنا دے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{577} حضرت مولانا قاری خادِم حُسین سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ عثمانیہ تعلیم القرآن، رشید آباد، مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان، پاکستان)

دوستوں کی زبان سے **مَدَنی چینل** کی نشریات کا علم ہوا، اور ساتھ ہی یہ کہ اس چینل پر کسی قسم کا کوئی ایڈورٹائزمنٹ کا پروگرام شامل نہیں ہے۔ خالصتاً فیضان قرآن، فیضانِ حدیث، فیضانِ اولیاء اور اہلسنّت کے اِفتاء پر مُشتمِل ہے۔ بندہ کے گھر چونکہ کیبل نہیں ہے اس لیے نہ صرف **مَدَنی چینل** بلکہ کسی بھی چینل کو دیکھنے کا اِتّفاق نہیں ہوا، اور نہ ہی کسی دوست کے گھر جا کر کوئی چینل دیکھا ہے۔

بَہر حال طوفانِ بدتہذیبی کا مقابلہ کر کے اسے روکنا ہر مسلمان کا اِنفرادی مذہبی اور اَخلاقی فریضہ ہے۔ اور بِحَمْدِاللّٰہِ تَعَالٰی **دعوتِ اسلامی** کے بانی، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ **محمد الیاس قادری** دامت برکاتھم العالیہ نے اس ضرورت کو محسوس فرمایا اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے میڈیا پر قرآن وحدیث کی روشنی میں جہاں مسلمانوں کی رہنمائی کا فریضہ ادا کیا، وہاں دیگر چینلز پر بے ہودہ پروگراموں کے سدِّ باب کا کام بھی کیا۔ **اللّٰہ کَرِیم** عَزَّوَجَلَّ مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{578 }حضرت مولانا مفتی محمد حفیظ اللہ نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ خیر المعاد، قلعہ کہنہ قاسم باغ مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھنے کا بَہُت اِتِّفاق ہوا۔ اس میں دِکھائے اور سُنائے جانے والے تمام پروگرام بِحَمْدِ اللّٰہِ تَعَالٰی بَہُت خوب اور عوام المسلمین کے لیے بَہُت ہی مفید ہیں۔ خُصُوصاً علامہ **محمد الیاس عطّار قادری** صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے پیارے پیارے اِرشادات نہایت قابلِ توجّہ ہوتے ہیں۔ اس دور کی بے حیائی، فحاشی اور حیا باختہ، بے ہودہ لغویات کا جواب دینا بَہُت ضروری تھا جو **مَدَنی چینل** نے حق ادا کر دیا ہے۔ اہلِ پاکستان بالخصوص اور دُنیا بھر کے لوگوں کو بالعموم **مَدَنی چینل** دیکھنا اور سننا چاہیے۔ بندہ دُعا گو ہے کہ حق کی اس تحریک کو دِن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمادے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{579 }حضرت مولانا مفتی اللہ دتہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم حبیبیہ، حبیب ٹاؤن، بہاولپور، بائی پاس چوک، مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان، پاکستان)

عصرِ جدید کے تقاضوں کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے میڈیا سے صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا جبکہ بد مذہبی اور عقائد فاسِدہ کے پرچار کے لیے مدِّ مقابل لوگ سرگرمِ عمل ہوں اور وہ میڈیا سے پورا پورا فائدہ اُٹھا کر اپنے مقاصد میں آگے جارہے ہوں۔ اس حال میں بَہُت ضروری تھا کہ عشقِ رسول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے لبریز جماعت میڈیا کے میدان میں آکر نہ صرف ان لوگوں کا بُطلان کرے بلکہ لوگوں کو سُنَّتِ رسول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سکھانے کے لیے اور قُلُوب کو عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے لبریز کرنے کے لیے ہمہ وقت

برسَرِ پیکار رہے۔ لہٰذا اس کمی کو پورا کرنے کے لیے حضرت قبلہ ابو بلال **محمد الیاس قادری عطاؔر** صاحب نے جو **مَدَنی چینل** کا اِنتخاب فرما کر گھر گھر فیضانِ رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم پہنچانے کا جو فیصلہ فرمایا ہے یہ قابلِ تحسین ہے۔

ہم دُعا گو ہیں کہ ربِّ ذُوالجلال عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے عوام الناس کو عشقِ رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے بہرہ مند کرے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{580} حضرت مولانا مفتی محمد محسن الفیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ فیضیہ رضویہ، جامعہ فیض الاسلام دربار فیضیہ، احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج کے پُرفِتن دور میں **دعوتِ اسلامی** بَہُت اچھے پیمانے پر سرگرمِ عمل ہے۔ سُنّتِ نبوی علٰی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی اِشاعت وترویج کے حوالے سے اس خالصتاً مذہبی تنظیم نے بَہُت ہی اچھا کام شروع کر رکھا ہے۔ **اللہ** ربُّ العزّت جلَّ جلالہٗ وعَمَّ نوالہٗ وبُرھانہٗ اپنے حبیب لبیب صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے طُفَیل اور صدقہ میں مزید اس عالمگیر تنظیم **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُونی رات چُوگنی ترقی نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{581} حضرت مولانا سید محمد مقبول شیرازی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی امیر تحریک مسنون نکاح، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کا مقصد اور مشن انبیاء علٰی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام والا مشن ہے۔ حُضُورِ اَکرم، نورِ مجسّم، شاہِ

بنی آدم، نبیِ مُحتشم صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی ختمِ نُبوّت کے صدقے یہ مشن اس پیاری اُمت کوتفویض کیا گیا ہے۔وہ **مَقصد** ہے: **مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے،** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ۔اسی مقصدِ عظیم کے حُصُول کے جذبے کے تحت **دعوتِ اسلامی** کے 36 سے زائد شعبہ جات مصروف عمل ہیں۔ان شعبہ جات میں سب سے اہم اور عظیم شعبہ جووقت کی اہم ضرورت ہے وہ **مَدَنی چینل** کی صورت میں اپنی بہاریں لٹا رہا ہے۔

مَدَنی چینل اس دور کی نعمتِ عُظمٰی ہے جس کی بدولت عالمِ اسلام کوعمل کی ترغیب ملے گی اور سُنَّت کی بہاریں عام ہوں گی۔میرا گمان ہے کہ **مَدَنی چینل** جس گھر یا جس دُکان میں مستقل چلتا رہے وہاں بدعملی اور بدعقیدگی نہیں پھٹک سکے گی، بلکہ اس **چینل** کی بہاروں سے غیر مسلم بھی اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مُستَفِید ہوں گے۔آج باطِل قوتیں میڈیا کی طاقت سے مسلمانوں میں بدعملی پھیلانے کے لئے مصروف ہیں۔ان قوتوں کا توڑ **مَدَنی چینل** ہے۔**مَدَنی چینل** بدعملی پھیلانے والوں کے عزائم پر ایٹم بم بن کر گرا ہے۔

میری دِلی دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کو اِستِقامت سے اُمتِ محمدیہ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی اِصلاح کا عظیم کام کرنے کی توفیق عنایت فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{582} حضرت مولانا محمد عبداللّٰہ سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ شیخ الاسلام، جناح ٹاؤن، میاں چنوں، خانیوال، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مَدَنی چینل کے حوالے سے اہلسنّت وجماعت پر اِحسان ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کی کوشش اور مشن قابلِ ستائش ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ امیر دعوتِ اسلامی حضرت العلام قبلہ **مولانا**

محمد الیاس قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی لگن، کاوش اور تقویٰ قابلِ تعریف ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ اس ولیٔ کامل کا سایہ اہلسنّت و جماعت پر قائم دائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{583} حضرت مولانا حافظ محمد شوکت علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب و امام جامع مسجد گول، پرانی غلہ منڈی، لودھراں، پاکستان)

مَیں نے اپنے ماموں کے گھر **مَدَنی چینل** چلتا ہوا دیکھا تو **مَدَنی چینل** کی بہاریں دیکھ کر دِل جھوم اُٹھا کہ **مَدَنی چینل** کی وجہ سے گھر والوں کو دِین سیکھنے میں مدد ملے گی، آنے والی نسلیں عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں سرشار رہوں گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{584} حضرت مولانا محمد فاضل صابری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دار العلوم نقشبند، امیر جماعت اہلسنّت، تحصیل ڈسکہ، ضیاء کوٹ (سیالکوٹ) پاکستان)

اللہ تعالیٰ کے محبوب پیغمبر امام الانبیاء عَلَیْہِ التَّحِیَّۃ وَالثَّناء کا فرمان عالیشان ہے: بَلِّغُوْا عَنِّی وَلَوْ اٰیَۃً (کَنزُ العُمّال ج۱۰ ص ۹۷ حدیث ۲۹۱۶۱ دار الکتب العلمیۃ بیروت) یعنی میری طرف سے پہنچا دو اگرچہ ایک ہی آیت ہو۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ جو بات تجھے حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے پہنچی وہ بات لوگوں تک پہنچا دو۔ کسی بات کو چُھپانا یعنی آپ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بات اپنے تک محدود رکھنا اور سینے میں لیے اس دُنیا سے چلے جانا یہ گناہ کے زمرہ میں آتا ہے۔ آپ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی حیاتِ ظاہری کے بعد یہ پیغام صحابہ کرام

رضوان اللہ تعالٰی علیہم اجمعین قوم تک پہُنچاتے رہے۔اس کے بعد تابعین کرام رحمھم اللہ السلام نے یہ ذِمّے داری اَحسَن طریقہ سے نبھائی، پھر تبع تابعین نے اس ذِمّے داری کو پوری جاں فشانی سے نبھایا۔

پھر ائمہ کرام ،غوث، قُطُب اور ابدال نے اس کو قوم تک پہنچایا، پھر آہستہ آہستہ ہمارا زمانہ آ گیا۔میری دانست اور شُعُور کے مطابق اس ذِمّہ داری کا بیڑا غیر سیاسی بین الاقوامی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے اُٹھایا ہے۔اور امیر دعوتِ اسلامی جو ہر وقت اپنے خُدّام بلکہ خُدّامِ اسلام کی اِصلاح فرماتے رہتے ہیں کیونکہ اس کے بارے میں میری نظر سے کئی رِسائل اور میری سماعت میں کئی وعظ گزرے ہیں جس میں اپنی ذات کو فراموش کر کے اِصلاحِ دین واسلام کا گہرا درس دیا جاتا ہے۔

امیر دعوتِ اسلامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی فرماتے ہیں: میری ذات کے لئے کچھ نہیں کہنا یہاں تک کہا: اگر مجھے (خدانخواستہ) شہید بھی کر دیا جائے تو کوئی ہنگامے، ہڑتالیں اور توڑ پھوڑ وغیرہ نہ کی جائے جو ذِمّہ داری آپ کو دینِ متین کی اشاعت کی سونپی گئی ہے اس کی طرف مکمل یکسوئی سے دھیان دینا ہے تاکہ بَلِّغُوْا عَنِّی وَلَوْ اٰیَۃً (کَنزالعُمّال ج ۱۰ ص ۹۷ حدیث ۲۹۱۶۱ دار الکتب العلمیۃ بیروت) یعنی میری طرف سے پہُنچا دو اگر چہ ایک ہی آیت ہو۔کی ذِمّہ داری سے عہدہ برا ہوا جا سکے۔جس کو حضرت کے خُدّام باحسن طریقے سے نبھا رہے ہیں۔

کبھی صدائے مدینہ سے، کبھی **رَابِطَہ بِالعُلَماءِ وَالْمَشائِخ** سے، کبھی سالانہ اجتماع، کبھی ہفتہ وار جتماع اور بالخصوص جو دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** کیبل پر شروع کیا گیا ہے اس سے بھی پیغام رِسانی کا کام لیا جا رہا ہے جو کہ اس دفعہ براہِ راست اجتماع کے پروگرام کو دیکھا گیا ہے۔گھر بیٹھے خواتین اور افراد نے اس کو ملاحظہ فرمایا اور تسکین قلبی کو حاصل کیا کیونکہ کچھ لوگ اپنی مجبوریوں کی وجہ سے اِجتماع گاہ میں نہ پہُنچ سکے لیکن انہوں نے اپنے گھر کو ہی اجتماع گاہ بنا لیا اور پورے پروگرام سے لُطف اندوز ہوئے۔

بالخصوص امیر **دعوتِ اسلامی** کا بیان موجودہ دور کے عین مطابق تھا۔یہی طریقہ ہوتا ہے امیر کارواں کا کہ اُس

کی نظر اِتنی گہری ہو کہ ہر بُرائی سے بچنے کیلئے پوری طرح قوم کی رہنمائی کی جائے۔ بالخصوص جو ہمارا پیارا ملک دھاکوں کی لپیٹ میں ہے اور قوم بے راہ روی کا شکار ہے۔ نا اُمید اور بے یقینی کی کیفیت کی چادر تلے ہمارے پیارے ملک پاکستان کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ کہیں اپنے والدین، اساتذہ، مشائخ اور بڑوں کی نافرمانی کی جارہی ہے۔ کہیں بدعملی یعنی ترکِ نماز کا سلسلہ ہے۔

تو اس دور میں اِنتہائی ضرورت تھی ایسے بیان کی جس میں ایسے افراد کی بیخ کنی کی جائے اور قوم کی درست راہنمائی کی جائے اور بداعمالیوں کی آندھیوں میں چراغ ہدایت جلانا یہ **دعوتِ اسلامی** کے **امیرِ محترم** کے حصہ میں آیا ہے، جنہوں نے نوجوانانِ اسلام کو عمامے اور داڑھی مبارک سے زینت بخشی ہے۔ اُمید ہے کہ اس چراغِ ہدایت سے دُنیا پُر نور اور منوّر ہو کر رہے گی۔ آخر میں دُعا گو ہوں کہ **اللہ** تعالیٰ اسے نظرِ بد اور افکارِ بد سے محفوظ رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

مَدَنی چینل اِصلاح کا بہترین ذریعہ ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اس پُرفتن دور میں ہر طرف گناہوں کا بازار گرم ہے، بے عملی کا دَور دورہ ہے، مسلمان دِن بدن گناہوں کے دَلدل میں دھنستے چلے جارہے ہیں، اَولاد والدین کی نافرمانی اور دوستوں کے ساتھ وفا کرتی ہے، بھائی اپنے بھائی کو ہی لوٹنے میں مصروف نظر آتا ہے، مصیبت بالائے مصیبت یہ ہے کہ میڈیا کے ذریعے دینِ اِسلام پر بے جا اعتراضات کرکے اِسلام کی حقیقی تصویر کو مٹانے کی کوشش کی جارہی ہے، نام نہاد مسلمان اِسلام کا لبادہ اوڑھ کر دینِ اِسلام کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے میں مصروف ہیں۔ ایسے ناسازگار ماحول میں ضرورت اس اَمر کی ہے کہ غور کیا جائے آخر کس طرح دُنیا کے سامنے دینِ اِسلام کی حقیقی تصویر پیش کی جائے، مسلمانوں کو جھوٹ، غیبت، چغلی، حسد، تکبر، وعدہ خلافی، نماز میں سُستی، والدین کی نافرمانی سے بچنے اور سُنّتوں پر عمل پیرا ہوکر دین و دُنیا کی بھلائیاں حاصل کرنے کا ذِہن دیا جائے تاکہ اُمّتِ محمدیہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم صحیح معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن رہے۔ **شیخ طریقت، امیر اہلسنّت بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ جو بلا مُبالغہ شب و روز اِصلاحِ اُمت کی کوششوں میں مصروف ہیں، کافی غور و فکر کرنے پر اس نتیجے پر پہنچے کہ الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے ہمیں اپنے **مَدَنی مقصد** ''**مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے، اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ**'' میں بہتر طریقے سے کامیاب ہونے کی اُمید ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مرکزی مجلس شوریٰ** نے خوب جِدّ وجُہد کرکے رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ سے **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھر گھر سُنّتوں کا پیغام عام کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مَدَنی نتائج آنے لگے۔ بے نمازی، نمازی بن گئے، والدین کے نافرمان، فرمان بردار بن گئے، گناہوں میں شب و روز گزارنے والے اپنی زندگی کو سُنّتوں کے سانچے میں ڈھالنے والے بن گئے، بلکہ آئے دِن کفّار مُشرَّف باسلام ہونے لگے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے خوب سُنّتوں کو پھیلایا جارہا ہے اور جہالت کے

تاریک اَندھیروں کو نورِ اِسلام سے دُور کیا جارہا ہے۔اس اِنقلابی اِقدام پر عوام تو عوام، خواص (علمائے کرام ومشائخ عظام اور شخصیات) نے بھی خوشی کا اِظہار کیا اور انہوں نے **دعوت اسلامی کی مَجلِس رَابِطہ بِالعُلَماء وَالمَشَائِخ** کو اپنے مزید تأثرات سے نوازا ہے۔اُن تأثرات کے اِقتباسات پیشِ خدمت ہیں:

{585} حضرت مولانا محمد حسین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث وصدر مدرس دار العلوم جامعہ نقشبندیہ حنفیہ چک بیدی پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

مجھے دعوتِ اسلامی کے ایک ذِمَّہ دار اسلامی بھائی کے ذریعے اطلاع پہُنچی ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہو چکا ہے یہ سن کر دِل کی دُنیا روشن ہوگئی کہ دعوتِ اسلامی نے رَسائل کے ذریعے سے، مُبَلِّغِین کے ذریعے سے، اِجتماعات کے ذریعے سے قرآن وسُنَّت کی تعلیمات کو لوگوں تک پہُنچایا۔**مدنی قافلوں** کی ترکیب بنا کر بدمذہبوں کا راستہ روکا، جیل خانہ جات میں تربیتی مراکز قائم کئے۔

گونگے بہرے لاکھوں افراد جو سننے اور بولنے سے قاصر ہیں ان کیلئے تعلیمی مراکز قائم کئے اور عوامِ اہلسنّت کو علم ومعرفت اور عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی دولت سے سرفراز کیا، یہ ایک باب جو الیکٹرانک میڈیا کا بند تھا جس کی شدّت سے معاشرے میں ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ کوئی ایسا سلسلہ میڈیا پر شروع ہو جو لوگوں کے دِلوں میں عشقِ رُسول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا رس گھولے، بناوٹی کہانیوں اور دیگر باتوں کی بجائے حقیقت پر مبنی عشقِ رُسول اور صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اولیائے اُمت اور عُلَمائے ملت کی باتیں حق وصداقت کے ساتھ عوام تک پہنچیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے اُمت مُسلِمہ پر بہُت بڑا احسان کیا ہے کہ **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔جس کے ذریعہ سے اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت عاشقِ مدینہ ابو بلال قبلہ محمد الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے خطابات اور نصیحت آموز باتیں سن کر بھٹکے ہوئے نوجوان صراطِ مستقیم پر چلیں گے۔ ماؤں، بہنوں کو فیشن کی لعنت سے نجات ملے گی اور **مَدَنی چینل** ان تمام معاملات میں لوگوں کی صحیح راہنمائی کرے گا۔

میں دُعا گو ہوں کہ **اللہ** تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کی پوری مجلس کو صحت وتندرستی وعافیت عطا فرمائے اور نظرِ بد سے بچائے اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے سے بدمذہبی، بدعقیدگی اور فیشن جیسی لعنت کا خاتمہ فرمائے۔ اور **مَدَنی چینل** کو خوب خوب تَرَقّی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{586} حضرت مولانا پیر انتظار احمد خان نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ امینیہ توکلیہ، وخطیب مرکزی جامع مسجد امینیہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

عرصۂ دراز سے مَن میں آرزو اور تمنّا تھی کہ مَسلکِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ترویج واِشاعت کیلئے، عملِ صالحہ کی طرف قلبی رُجحان کیلئے، گناہوں سے نفرت اور حسنات سے محبت اور مسلمانوں میں اِصلاحِ عقائد واعمال کیلئے میڈیا کو اِستعمال کیا جائے، مگر اس کام کی طرف کم رجحان پایا گیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے ایک ذِمّہ دار کی زبانی مژدۂ جانفزا سنا کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر دیا ہے۔ رُوح کو اس طرح فرحت پہنچی کہ دِل باغ باغ ہو گیا۔ **مَدَنی چینل** کو شروع کر کے دعوتِ اسلامی نے اُمتِ مُسلمہ پر اِحسانِ عظیم فرمایا ہے۔ بدمذہبوں کی بدعقیدگی سے توبہ، مجرموں کی جرائم سے توبہ، فاسقوں کی فسق وفجور اور بداَعمالی سے توبہ کی بہاریں، محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم، عظمتِ صحابہ واہلِ بیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم، شانِ اولیاء رحمہم اللہ تعالیٰ کو جس انداز میں **مَدَنی چینل** پر پیش کیا جا رہا ہے، یقیناً اِصلاحِ اُمت کیلئے اس کی اَشدّ ضرورت تھی۔ قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور اُن کے تربیت یافتہ مُبَلِّغینِ **دعوتِ اسلامی** کے بیانات **مَدَنی چینل** پر نشر کئے جاتے ہیں۔ دہشت گردی کے خاتمے دینِ حق کی

حقانیت کو سمجھنے کے لیے عوام میں **مَدَنی چینل** نے چند دِنوں میں مقبولیت حاصل کی ہے۔

میری دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی **مَدَنی چینل** کو مزید ترّقیاں عطا فرمائے، مَیں امیرِ اہلسنّت دَامَ ظِلُّہٗ اور **دعوتِ اسلامی** کا مشکور ہوں کہ اس میدان کو خالی نہ چھوڑا جائے، **اللہ** تعالٰی تا قیامت **مَدَنی چینل** کو ترّقیاں عطا فرماتا رہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{587} حضرت مولانا قاری خورشید احمد رضا خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد ضیائے مدینہ، نزد تھانہ مٹھن کوٹ، ضلع راجن پور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** وقت کی اہم ضرورت ہے اور گھر گھر قرآن وحدیث کا درس پہنچانے کا بہترین طریقہ ہے، اور فحاشی بے حیائی جو میڈیا کے ذریعے پھیلائی جا رہی ہے اس کے توڑ اور بچنے کا واحد ذریعہ ہے۔

میری دُعا ہے کہ **اللہ** تبارک وتعالٰی **مَدَنی چینل** اور قرآن وسُنَّت کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** کو دن گیارھویں رات بارھویں ترقی عطا فرمائے اور تمام مسلمانوں کو **مَدَنی چینل** سے مُستَفِیض ہونے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{588} حضرت مولانا ربّ نواز صادقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ فریدیہ، کوٹ مٹھن شریف، تحصیل وضلع راجن پور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** جو کہ اَمیرِ دعوتِ اسلامی کی خُصُوصی کاوِش سے جاری ہوا ہے، اس

کے بے حد فوائد ہیں۔ خاص طور پر اہلسنّت و جماعت کے عقیدے کا پرچار اور نوجوان نسل میں نیکی کی دعوت اور بُرائی سے بچنے کا رُجحان پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہے بلکہ مرد و خواتین تک اِسلامی تعلیمات پہنچانے کا اچھا ذریعہ ہے۔

اللّٰہ تبارک وتعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کو کروڑ ہا کامیابیاں عطا فرمائے اور امیرِ دعوتِ اسلامی کی عمر، عمل اور عشقِ سرکار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں مزید بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{589} حضرت مولانا احمد بخش فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ انوارِ مدینہ، مسجد شاخ مدینہ، ڈیرہ روڈ راجن پور، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کو تا قیامت شاد و آباد فرمائے اور بدنظروں کی نظر سے بچائے۔ امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس قادری صاحب کا سایہ ہمارے سروں پر تا دیر قائم فرمائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہم نے دیکھا ہے کہ پوری دُنیا میں **مَدَنی چینل** کے مَدَنی پھولوں سے بَہُت سے لوگ مُتَّقی بن رہے ہیں، اور پانچ وقت کے نمازی بن رہے ہیں۔ **اللّٰہ** تعالیٰ آپ کی عمر اور صحت میں بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{590} حضرت مولانا قاضی محمد صداقت علوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم حنفیہ رضویہ، ہجیرہ، ضلع پونچھ، کشمیر)

تاریخ میں ایک وقت وہ بھی تھا کہ دینِ اسلام کے فروغ کا کام سینہ بہ سینہ آگے منتقل ہوتا تھا۔ جیسے صحابہ کرام

علیہم الرضوان کا دور پھر با قاعدہ کُتُب اِسلامی مُدَوَّن ہوئیں۔ اوران کے ذریعے سے کفرستان میں دینِ اسلام پہنچا، جیسے حضرت سیِّدُ نا امام محمد رحمۃ اللّٰہ علیہ کی کتابیں پڑھ کر بہُت سے یہودی اِسلام قبول کرنے پر آمادہ ہوئے اور کہا کہ ''اگر چھوٹے محمد کا یہ کمال ہے تو بڑے **مُحَمّد** صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا کیا کمال ہوگا۔'' اب جبکہ عُموماً کُتُب بینی اور مُطالَعہ کا شَغَف ختم ہورہا ہے اور انٹرنیٹ اور پرائیویٹ ٹی وی چینل کا عام لوگوں میں زیادہ رُجحان ہے۔ مذکورہ بالا تاریخی پسِ منظر کو مدِّنظر رکھ کر **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے نہایت اَہم اِقدام فرما کر تمام اہلسنّت کا سر فخر سے بلند کرنے کیلئے **مَدَنی چینل** کی اجازت عطا فرمائی تاکہ دینِ اسلام اَصل رُوح کے ساتھ عوام کے گھروں تک پہُنچے۔ **میری دِلی دُعا ہے کہ** ربّ تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو مزید بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{591} حضرت مولانا اللہ بخش رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد دربارِ عالیہ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رحمۃ اللّٰہ الغنی، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

حُضُورِ پُرنُور، شافعِ یومِ النُّشور، سَرورِ کائنات، فخرِ موجودات صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی پاکیزہ سُنّتوں کی علمبردار عالمگیر تحریک، اہلسنّت کی مُنظّم اور فعال تنظیم کا قیام اکابرِ اہلسنّت کا عظیم ترین اِقدام اور تاریخ ساز فیصلہ تھا۔ پھر اس تنظیم کی قیادت کیلئے درویش صفت اور عشقِ مصطفٰے صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم سے سرشار عالمِ دین کا اِنتخاب بھی ہر لحاظ سے صحیح فیصلہ ثابت ہوا۔ اس تنظیم کے عظیم قائد، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی صاحب کی مساعیٔ جمیلہ اور انتھک جدّ و جہد اہلسنّت کے لیے باعثِ صد اِفتخار ہے۔ حضرت علامہ کی آہ ِ سَحَر گاہی اور مدنی تاجدار آقا کریم صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے عشق و محبت سے بہنے والے آنسوؤں نے قلُوبِ

خوابیدہ میں ایک ولولہ انگیز اِنقلاب بر پا کیا اور لاکھوں دِلوں میں محبت رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور عشقِ مصطفٰے کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے نہ بجھنے والے ایسے چراغ جلائے جو تا اَبد الآباد درخشاں رہیں گے۔

راقم الحروف یقین کے ساتھ یہ سمجھتا ہے کہ **دعوتِ اسلامی** نے ستائیس سالوں میں دُنیا کے 66 سے زائد ممالک میں بڑی سُرعت سے جو اِصلاحی، تعمیری، دِینی اور مذہبی کام اَنجام دیئے ہیں وہ صرف **اللّٰہ** ربّ العزّت جلّ شانہٗ کی عنایت، مصطفٰے کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کی بَرَکت اور امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی پیہم کوشش اور ان کے رُفقاء و کارکنان کی انتھک محنت ہی کا ثمر ہے، **اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ** (اے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! اس میں مزید اِضافہ فرما)

حال ہی میں **مَدَنی چینل** کا اِجرا باعثِ مَسرّت اور اِیمان افروز اِقدام ہے۔ جن گھروں اور اِیوانوں میں فلمی گانوں کی سُرسن کر اور اَداکاروں کی بے ہودہ بھڑکیں دیکھ کر نوجوان بے راہ روی کا شکار ہوتے رہے ہیں، جہاں مَعصُوم ذِہن مُخرَّب (بگڑے ہوئے) اَخلاق ڈراموں سے مَسمُوم ہوتے رہے ہیں۔ اور ان گھروں اور اِیوانوں کے در و دیوار وہاں کے مکینوں کو بددُعائیں دیتے رہے ہیں۔

مَدَنی چینل کے قیام سے اب ان گھروں اور ایوانوں میں دُرُود و سلام کی پاکیزہ صدائیں بلند ہونے لگیں۔ **تلاوتِ** قرآن کریم اور صلوٰۃ و سلام کی اِیمان افروز اَصوات (آوازوں) سے در و دیوار وجد کرنے لگے۔ اِصلاحی بیانات سے معاشرتی بُرائیوں میں مبتلا بے رَاہ رَوِی کے شکار لوگ اِنفرادی اور اِجتماعی اِصلاح پا کر خیر و بَرَکت کی راہوں پر گامزن ہونے لگے، اور اپنی دُنیا و آخرت کو سنوارنے کی فکر کرنے لگے ہیں، اِشاعتِ اسلام، ترویجِ مسلکِ اہلسنّت و مَسلکِ اَولیاء رحمھم اللّٰہ تعالٰی کا پیغام جا بجا پہنچنا شروع ہوا۔ **فروغ** عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم جو متاعِ مؤمن ہے وہ **مَدَنی چینل** کا خاص محور ہے۔ ہر صورت میں **مَدَنی چینل** کا قیام ایک مُستَحسَن اِقدام ہے۔ **عاجزانہ** دُعا ہے کہ ربِّ قادِر و قیوم حضرت بانیٔ دعوتِ اسلامی علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری صاحب کی عمر میں بے پناہ بَرَکتیں عطا فرمائے اور **دعوتِ اسلامی** کی تمام مجالس اور اراکین مرکزی مجلس

شوریٰ و دیگر اَحباب کی مساعی کو شرفِ قَبُولیت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{592 }حضرت مولانا قاری منیر احمد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ حفظ القرآن، تحصیل وضلع قصور، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل ایک بہُت اچھی تبلیغی کوشش ہے جس سے بہُت فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{593 }حضرت حافظ محمد ظفر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ایڈووکیٹ تحصیل وضلع قصور، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت علمی اور اِصلاحی چینل ہے۔ **اللہ** تعالیٰ آپ لوگوں کی مدد فرمائے، اس میں مزید بہتری کی ضرورت ہے۔ اوراس میں زیادہ زور اِصلاحی پہلوؤں پر رکھا جائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{594 }حضرت مولانا قاری نور محمد مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ عربیہ سلمانیہ فیض القرآن، گدائی غربی، ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

مَاشَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر بہُت خوشی حاصل ہوئی۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دُنیا میں چھا جائے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{595} حضرت مولانا سید اشفاق احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ جامعہ غوثیہ دربارِ عالیہ غوثیہ چشتیہ، ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جب سے **مَدَنی چینل** شروع ہوا ہے، سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا صدقہ لاکھوں مسلمانوں میں عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی تڑپ پیدا ہوگئی ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللہ** پاک اس کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{596} حضرت مولانا غلام مصطفٰے ناصر سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ریاض المدینہ، فروکہ، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

عصرِ حاضر میں جب کہ طاغوت اور سامراج پورے جوش وخروش سے دُنیائے اسلام کو زِیر کرنے کی کوشش کررہا ہے اور ہر ممکن کوشش کررہا ہے کہ دُنیا میں بے حیائی اور فحّاشی کا دور دورہ ہو، اُس کی یہ کوششیں، انٹرنیٹ، ریڈیو اور ٹی وی کے ذریعے سے بار آور ہورہی ہیں۔ ایسے وقت میں امیرِ اہلسنّت دامَ ظِلُّہٗ کا دُنیائے اِسلام پر بہُت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے جانفشانی سے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا، جس سے دُنیائے اِسلام مُستَفِیض ومُستَفِید ہورہی ہے، **اللہ** تعالٰی آپ کی اس کاوِش کو مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{597} حضرت مولانا تصور عباس صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ قمر الاسلام، جامع مسجد فاروقیہ، محلّہ عثمان آباد، چنیوٹ، ضلع جھنگ، پنجاب، پاکستان)

نبیِّ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا اِرشاد گرامی ہے: ''مَنْ تَمَسَّکَ بِسُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَہٗ

اَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ (مِشکاةُ المَصَابِیح ج۱ص۹۷ حدیث ۱۷۶ دارالفکر بیروت) ترجَمہ: جس شخص نے میری اُمت میں (اِعتقادی اور عملی) فساد برپا ہونے کے وقت میری سُنَّت کو مضبوطی سے پکڑا، اُسے 100 شہید کا ثواب ملے گا۔''

اہلسنّت وجماعت کی واحد عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی ایک ایسی مقبول ترین تنظیم ہے جو اِحیائے قرآن و سُنَّت کیلئے شب وروز کوشاں ہے اور **مَدَنی چینل** کا آغاز اس کی عظیم کاوِش ہے جس کے ذریعے قرآن و حدیث کے پیغام کو گھر گھر پہنچایا جارہا ہے۔ اگر اس کی بَرَکت سے ایک حدیثِ پاک پر بھی کوئی عمل کرے گا تو اس کو سو (100) شہیدوں کا اَجرِ عظیم ملے گا۔ اسی طرح اس پر عمل کرنے والے کی مثل دعوت دینے والے کو بھی عمل کرنے والے کے برابر اَجروثواب ملتا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ کی بارگاہِ عالیہ میں دُعا ہے کہ وہ ہم سب کو مل کر اس کارِخیر کو دائمی بنانے کی توفیق اَرزانی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{598} حضرت مولانا پروفیسر حافظ محمد ایوب سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوارالقرآن شمسیہ رضویہ ونائب پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج فروکہ، گلزار طیبہ (سرگودھا) پاکستان)

جب سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے۔ بارگاہِ رَبُوبیت میں شکر ادا کیا ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں بھری تحریک دردر اور گھر گھر میں اپنا فیض بانٹے گی۔ بچی بچہ، مردوزن، جوان بوڑھا جس کا اِسلام سے کچھ لگاؤ ہوگا وہ حُضُور علیہ الصَّلٰوۃ والسلام کی محبت سے سرشار ہوگا، وہ جس وقت چاہے گا اس **مَدَنی چینل** سے مُستَفِید ہوگا، اَحکامِ اسلام سیکھے گا، وُضُو، تیمّم، غسل، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے فرائض و واجبات، سُنَن و مُستَحبات کے علاوہ اِسلام سے مُتعلّقہ ہمہ مسائل سے واقفیت حاصل کرسکے گا۔ نیز آپ کو معلوم ہے کہ **دعوتِ اسلامی** سے وابستہ اَفراد گلی گلی، کوچہ کوچہ، نگر نگر، شہر شہر اور ملک ملک سُنّتوں کا پیغام پہنچانے اور سُنّتوں کے اِحیاء

کیلئے پُرخُلُوص، سرکار صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی محبت سے بھرپور اور دِینی جذبہ سے مَعْمُور ہو کر کام کر رہے ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ ان کی عُمروں میں بَرَکت عطا فرمائے اور ان کی کاوِش کو قبول فرمائے۔

اہلِ اسلام سے دَست بستہ گزارش ہے کہ اِسلام سے وابستگی رکھنے والے ہر فرد پر لازم ہے وہ ایسی مذہبی، غیر سیاسی خالصتاً اِسلامی تحریک میں شریک ہو کر اپنی دُنیا اور آخرت سنواریں۔ خُصُوصاً اس کے **مَدَنی چینل** سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں۔ اِس پُرفِتَن اور نازک دور میں نام نہاد اِسلام کو بدنام کرنے والی تحاریک سے بچیں۔ خُصُوصاً اپنے بچوں اور بچیوں کو قرآن وحدیث سے وابستہ مذکورہ مَدَنی تحریک سے مُتَعارِف کرائیں۔ دوبارہ اِلتجا و درخواست ہے کہ دینِ اسلام کی ترویج اور نشر و اِشاعت کرنے والے **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** سے ضرور فائدہ اُٹھائیں اور اپنے عقائد و اَعمال کو دُرُست کریں۔ امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی اور ان کے معاونین کا **مَدَنی چینل** کے نام سے خالصتاً اِسلامی عقائد و اَعمال اور دِینی اَحکام و معاملات کو گھر گھر دَر دَر تک پہنچانے کیلئے ٹی وی چینل کا آغاز کرنا عوامِ اہلسنّت پر ایک عظیم اِحسان ہے، اور موجودہ دور کی ایک اَہم ضرورت کو پورا کرنے کے مترادف ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ ایسے نیک کام کرنے والے ہر فرد کو عمرِ خضر عطا فرمائے، اور حُبِ نبی اور عشقِ رسُولِ پاک صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم سے سرشار ہو کر کام کرنے کی توفیق بخشے، آمین۔

جو عالم ایجاد میں صاحبِ ایجاد ہو ہر دور میں کرتا ہے طواف اس کا زمانہ
وہی ہے صاحبِ امروز جس نے اپنی ہمت سے زمانے کے سمندر سے نکالا گوہر فرد

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{599} حضرت مولانا قاری محمد صابر حسین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد دربار سید شاہ محسن کمال رحمۃ اللّٰہ علیہ قبولہ شریف، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اِتفاقاً ایک دِن بازار گیا تو ایک دُکان میں **مَدَنی چینل** پر مُبلِّغ دعوتِ اسلامی بیان فرما رہے تھے کہ

فلاں مُفسِّر نے فلاں آیت کے تحت لکھا ہے اور اہلسنّت وجماعت کے اکابرین میں سے فلاں بُزُرگ نے فرمایا ہے۔ ان دِنوں میڈیا پر جن بڑے بڑے مقررین کا ہولڈ ہے۔ ہم نے نہیں سنا کہ انہوں نے کبھی کہا ہو فلاں مُفسِّر نے یہ فلاں آیت کے تحت لکھا ہے، اور اہلسنّت وجماعت کے اکابرین میں سے فلاں بُزُرگ نے فرمایا ہے۔

بندۂ ناچیز کو یہ بیان سن کر بہُت زیادہ خوشی ہوئی کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگوں میں اکابرینِ اہلسنّت کی تقاریر سُننے اور تحاریر پڑھنے کا جذبہ پیدا ہوگا، اور چار صفحے پڑھ کر مُحقِّق ہونے کا دعویٰ کرنے والوں سے بچیں گے۔ خداوند کریم عَزَّوَجَلَّ صدقہ نعلینِ سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم **دعوتِ اسلامی** کو اور زیادہ نوازے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{600} حضرت مولانا پیر محمد ارشد سُبحانی قادری اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی وسرپرست اعلیٰ بزمِ فیضانِ سبحانیہ تلوکرانوالہ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِاللہ تعَالٰی ہماری پیاری اور میٹھی میٹھی تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی بین الاقوامی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا وُجُود اہلسنّت وجماعت کیلئے فضلِ خدا جلَّ جلالہٗ ہے اور اس بابَرَکت وباعظمت تحریک **دعوتِ اسلامی** کے بانی وسرپرستِ اعلیٰ، عالمِ اسلام کی بلند پایہ اور عظیم رُوحانی شخصیت، اِمام العاشقین، بُرہان الواصِلین، عالمِ باعمل، شیخِ طریقت، امیر اہلسنّت حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی ذاتِ والاصفات اہلسنّت وجماعت کے لیے ایک عظیم ترین سرمایہ ہے۔ فقیر نے اپنے اساتذۂ کرام حُضُور مُفسِّرِ اعظم پاکستان، خلیفہ مجاز شہزادۂ اعلیٰ حضرت مفتی اعظم ہند، امام المحدّثین، پانچ ہزار سے زائد کُتُب و رسائل کے عظیم مُصنف، اُستاذ العرب والعجم حضرت علامہ الحاج ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی مُدَّظِلُّہٗ بہاولپور اور مناظرِ عرب وعجم، اسیرِ دیارِ حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم مُفسِّرِ قرآن، آسمانِ تحقیق کے نیر تاباں، شہبازِ طریقت، رہبر شریعت حضرت علامہ الحاج المفتی ابوالرضا اللّٰہ

بخش چشتی مجدّ دی قادری مُدَّظِلُّہٗ، بانی وسر پرست اعلیٰ انجمن سپاہ مصطفےٰ پاکستان سے بھی حُضُو ر امیر اہلسنّت قبلہ عطّار قادری مُدَّظِلُّہٗ کی بہُت تعریف سُنی ہے۔

حُضُو ر امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہٗ عصرِ حاضر کے اکابر اولیائے کرام میں سے ہیں۔آپ جیسی عظیم ہستی کی رفاقت صدیوں میں مُیسّر آتی ہے۔آپ کانعم البدل فی زمانہ بہُت مشکل بلکہ نایاب ہے۔آپ دامت برکاتھم العالیہ میں ایک ایسی کشش پائی جاتی ہے کہ ہر دیکھنے والے کی آنکھوں میں سما جاتے ہیں اور ہر ملنے والے کے دِل میں اُتر جاتے ہیں۔**حُضُو ر** امیر اہلسنّت قبلہ عطّار قادری صاحب نے لاکھوں ،کروڑوں اِنسانوں کو جادۂ حق پر گامزن کیا، آپ کی دِینی، مذہبی اورمَسلکی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔حال ہی میں **مَدَنی چینل** کا جوآغاز ہوا ہے یہ بھی خدمتِ دین اور مسلکِ حق اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کے فروغ کیلئے ایک بہترین ذریعہ ہے۔آجکل میڈیا اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے اِسلام کی تبلیغ واشاعت بطریقِ احسن کی جاسکتی ہے، کیونکہ یہ میڈیا کا دور ہے، دُشمنانِ اسلام نے میڈیا ہی کے ذریعے بُرائی اور بے حیائی کوفروغ دیا ہےاور مسلمانوں کے اِیمان پرڈاکہ ڈالنے کی ناپاک کوشش کی ہے مگر حُضُو ر امیر اہلسنّت ،قبلہ عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے دُشمنانِ اسلام کی اس ناپاک سازش کو بھانپتے ہوئے اس کا رُخ بھی موڑ دیا ہے۔الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے فحاشی اور بُرائی کوفروغ دے کر مسلمانوں کوخراب کرنے والے اب اس شعر کامِصداق نظر آتے ہیں:

ؔ دل کے پھپھولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

مَدَنی چینل کے اِجراپر حُضُو ر امیر اہلسنّت قبلہ عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی اورمرکزی مجلس شوریٰ کے تمام اَراکین اوردعوتِ اسلامی سے منسلک جُملہ اَحباب بلکہ عالمِ اسلام کے تمام سُنّیوں کی خدمت میں اِنتہائی مؤ دبانہ اوردل کی اَتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہے۔**اللہ** تعالٰی عَزَّوَجَلَّ حُضُو ر امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور جُملہ علماء

ومشائخ اہلسنّت کو درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کرے کہ اہلسنّت کا بول بالا ہو، دُشمنانِ اہلسنّت کا منہ کالا ہو، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{601} حضرت مولانا پروفیسر محمد احمد اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی مجلس شوریٰ انجمن اساتذہ پاکستان، سمن آباد، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

مَدَنی چینل وقت کی اَہم ضرورت ہے۔ امیر دعوتِ اسلامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے جُملہ اِقدامات قابلِ ستائش اور قابلِ تقلید ہیں۔ اہلِ سُنَّت کے چہرے کا جُھومَر ہیں۔ بِحَمْدِاللّٰہِ تَعَالٰی نوجوان نسل کی فکری آبیاری و تربیت پر خُصُوصی توجہ دی جارہی ہے۔ پاکیزگی وطہارتِ فکر، سادگی، اِخلاصِ نیت اور اِتباعِ سُنَّت کی بناء پر اسلاف کی یاد تازہ ہو رہی ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ مزید بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{602} حضرت مولانا مفتی حسین علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی ومدرس جامعہ اکبریہ، بلوخیل روڈ، میانوالی، پنجاب، پاکستان)

مَیں نے **مَدَنی چینل** کو مستقل طور پر نہیں دیکھا، اَلْبَتَّہ عُبید نُور ہسپتال کے کمرہ لیبارٹری میں اپنے ذاتی کام کی وجہ چند منٹ بیٹھا تو اُس وقت **مَدَنی چینل** آن تھا۔ ایک مُبلِّغ اسلامی بھائی قرآنِ پاک سامنے رکھے ہوئے ترجمہ وتشریح بیان فرما رہے تھے۔ دِل خوش ہوا اور دِل سے دُعا نکلی کہ یہ اسکرین تماثیل مورتیوں سے پاک ہے۔ دُعا ہے کہ مولیٰ کریم ہر **مُبلِّغ دعوتِ اسلامی** کو بالعموم اور **بانیٔ دعوتِ اسلامی** کو بالخصوص دین ودُنیا میں ثابت قدم

رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{603} حضرت مولانا پیر سید محمد مقصود شاہ اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(منتظم اعلیٰ مرکز اہلسنّت جامعہ غوثیہ واحدیہ، نائب سجادہ نشین آستانہ عالیہ محمدیہ غوثیہ واحدیہ، میانوالی، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** اِسلامی تعلیمات کے فروغ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ حُضُور قبلہ مولانا الیاس قادری صاحب کی دینِ اِسلام اور رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنَّت مبارکہ کی اِحیاء کیلئے خدمات نا قابلِ فراموش ہیں۔

میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ قبلہ حضرت صاحب کا سایۂ عوام اہلسنّت وعلمائے اہلسنّت کے سروں پر تادیر قائم فرمائے اور **مَدَنی چینل** اور اس کی تمام ٹیم کو دِن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{604} حضرت مولانا قاری محمد اسماعیل نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ مسجد پیر صاحب گنبد والی، میانوالی، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کافی مرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع نصیب ہوا، جس پر دیگر علمائے کرام ونعت خوان حضرات کے علاوہ قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کا مدنی بیان سننا بھی نصیب ہوا۔ **اَلْحَمْد لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ مسلمانوں کے لیے بالعموم اور اہلسنّت کے لیے بالخصوص بہُت بڑا اعزاز ہے۔ اس سے ہمارے مَسلک کو بہُت بڑا فائدہ ہوگا کیونکہ **اَلْحَمْد لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ واحد چینل ہے جس پر ہمہ وقت نعت خواں حضرات اور علمائے کرام کی مَدَنی گفتگو ہوتی ہے۔

دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے، ہم سب کو اس سے مُستَفِید ہونے کی توفیق عطا فرمائے، مَسلکِ حق، مَسلکِ اہلسنّت پر اِستقامت نصیب فرمائے اور قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کا سایہ تادیر ہم پر قائم ودائم فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{605} حضرت مولانا حافظ محمد شفیق فریدی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مدرسۃ البنات الاسلام، الہ داد کالونی، گلی نمبر ۶، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت کا ہے بیڑا پار اصحابِ حُضُور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسُول اللّٰہ کی

اَلْحَمْدُ للہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے بانی دعوتِ اسلامی اور ان کے مُخلِص اَحباب کی انتھک کوششوں سے مختصر سے عرصہ میں دُنیا کے 66 سے زائد ممالک میں اپنا پیغام عام کرلیا ہے اور اب گھر گھر بلکہ ہر فرد تک دینِ اسلام کی صحیح اور سچی تعلیمات پہنچانے کے لیے **مَدَنی چینل** کے نام سے جو مبارک سلسلہ شروع کیا ہے لائق صد تحسین وآفرین ہے۔

راقم کی بھی یہی دُعا ہے کہ **اللہ** کریم جلَّ وعلا امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّهُ العَالِی کی جُملہ مساعیٔ جمیلہ بشمول **مَدَنی چینل** کو شرفِ قُبُولیت اور درجہ مقبولیت سے نوازے۔ ہماری حکومت کو بھی اِس خالص دِینی ومذہبی اور پُر اَمن پیغام کے حامی **مَدَنی چینل** کی مُفید نشریات کو مستقل اجازت دینی چاہیئے کہ ہمارے ملک کی عوام کو واقعتاً **مَدَنی چینل** پر دکھائی جانے والی نشریات کی بہُت ضرورت ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{606} حضرت مولانا محمد اقبال قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد گلزار حبیب، محلّہ اسلام، تحصیل وضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجھے وقتاً فوقتاً **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔ جب سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا ہوا اس کے بعد سے کسی اور چینل کی طرف دیکھنے کو دِل ہی نہیں کرتا، یہ وہ واحد چینل ہے جو اِسلام کی اَحسن طریقے سے تبلیغ کر رہا ہے۔ **اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** سے فیض یاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{607} حضرت مولانا قاری محمد طاہر رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ فریدیہ، خطیب وامام فریدیہ مسجد، شریف پورہ کالونی، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مَدَنی چینل دیکھ کر میری کیفیات درج ذیل ہیں:

☆...... **مَدَنی چینل** وہ بہترین اُستاد ہے جو خود ہر گھر میں پہنچ کر قرآن وسُنَّت کو دِلوں میں اُتار رہا ہے۔

☆...... **مَدَنی چینل** آج کے دور میں مُخلِص راہنما ہے۔ **مَدَنی چینل** میرا اور سب بچوں کا محبوب چینل ہے۔ اگر اب بھی ہم نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے خود میں تبدیلی لانے کی کوشش نہ کی تو محرومی ہو گی۔

امیر اہلسنّت حضرت مولانا پیر محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے تربیت یافتگان کو **اللّٰہ** کریم جلَّ وعلا اچھی جزا دے، جنہوں نے خیر خواہیِ اُمتِ مُسلمہ کے عظیم جذبہ سے سرشار ہو کر اس

مُقدّس سلسلے **مَدَنی چینل** کو للّٰہیت کے ساتھ شروع فرمایا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{608} حضرت مولانا قاری فیض مصطفٰے مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد اقصٰی، غلہ منڈی، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجلَّ چندمرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھنے کا اِتفاق ہوا۔ بَہُت خوشی ہوئی کہ دین سے دُوری کے اس دور میں اس طرح کے چینل کا قیام بَہُت فائدہ مند ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{609} حضرت مولانا قاضی محمد اسلم علی القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ ضیاء القرآن کرمانوالہ شریف، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ثُمَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجلَّ **مَدَنی چینل** عالَمِ اسلام میں دِینی، مذہبی اور اِصلاحی پروگرام میں پیش پیش ہے، وقت کا تقاضا ہے کہ عوام الناس خُصُوصاً نئی نسل کے قُلُوب واذھان میں صحیح اِسلامی رُوح پھُونکی جائے، اور دینِ اسلام کی نشر واِشاعت کے لیے نمایاں طور پر کام کیا جائے۔ تعلیم وتربیت کی وجہ سے مَسلک حقہ اہلسنّت وجماعت کے مطابق **مَدَنی چینل** کا نمایاں مقام ہے، عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شمع فروزاں کرنا قابلِ صد تحسین ہے۔

دُعا ہے کہ **اللہ** ربّ العزّت عَزَّوَجلَّ حبیبِ پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ اور **مَدَنی چینل** کی پوری ٹیم کو دینِ اسلام کی بڑھ

چڑھ کر مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اَمیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تادیر غلاموں کے سروں پر سلامت باکرامت رکھے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{610} حضرت مولانا سرفراز علی نعیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مسلم مسجد، پیپلز کالونی، سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

مَدَنی چینل دِفاعِ اسلام اور تَحَفُّظِ عقائد اہلسنّت کا زبردست ذریعہ ہے۔ اس چینل کے آغاز سے عام مسلمانوں کے دِلوں میں بھی محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا اِضافہ ہوا ہے۔ عالِم باعمل جب درسِ قرآن و حدیث بیان فرماتا ہے تو وہ بات دِل میں اُترتی چلی جاتی ہے۔ **مَدَنی چینل** علمی اور عملی ضروریات کو اَحسَن طریقہ سے پورا کررہا ہے۔ خاص طور پر عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم اور سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی پیاری پیاری سُنَّتیں سیکھنے کو ملتی ہیں۔ یہی محبتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم ہمارے لیے دُنیا و آخرت میں کامیابی و کامرانی ہے۔

عشقِ سرکار کی اِک شمع جلالو دِل میں
بعد مرنے کے لحد میں بھی اُجالا ہوگا

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{611} حضرت مولانا سرفراز فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ نقشبندیہ رضویہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت کی عظیم دِینی و تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** جہاں ہر شعبہ میں فریضۂ تبلیغ سراَنجام دے رہی ہے۔ وہاں

اس پُرفِتن دور میں **مَدَنی چینل** کا اِجرا اِنتہائی خوش آئند ہے۔ دورِ حاضر میں فحاشی وعُریانی عروج پر ہے اور مسلمانوں کے جذبہ ایمانی کو کمزور کرنے کے لیے میڈیا کو اِستعمال کیا جارہا ہے، باطِل قوتیں ہر لمحہ اس میں مصروف ہیں۔ **مَدَنی چینل** بگڑے ہوئے معاشرے اور بے حیائی کے ظلماتی دَور میں روشن آفتاب کی طرح ہے۔ اہلسنّت کے عقائد کو بین الاقوامی سطح پر پھیلانے میں مؤثر کردار ادا کررہا ہے۔

اللہ ربّ العزّت عَزَّوَجَلَّ اس عظیم تحریک اور اس سے وابستگان بالخصوص حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری زیدمجدہٗ کو عُروج عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{612} حضرت مولانا عبدالحق تو گیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد فخریہ آستانہ عالیہ خواجہ فخر الدین پاکپتن، پنجاب، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کے بے حد ممنون و مشکور ہیں، جس کی جانب سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا۔ اس سے پہلے بھی حضرت قبلہ امیر اہلسنّت زیدمجدہٗ کی اہلسنّت و جماعت اور عوامِ اہلسنّت پر بے حد خدمات اور اِحسانِ عظیم ہے۔ انہوں نے اپنا قیمتی وقت **مدنی ماحول** کیلئے وقف کر رکھا ہے۔ آپ دعوتِ اسلامی کے **مدنی ماحول** کے ذریعے عوام کے سینوں کو مدینہ بنارہے ہیں۔ اب **مَدَنی چینل** کے چلائے جانے سے ہم اہلسنّت و جماعت کی خواتین بھی اس سے مُستَفِید ہوسکیں گی۔ جس کیلئے ہم سب ممنون ہیں۔

ہم دُعا گو ہیں کہ **اللہ** تعالٰی امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی عمر دراز فرمائے، ان کی تمام تر دِینی خدمات کو شرفِ قَبُولیت عطا کرے اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{613 }حضرت مولانا حافظ قاری عبدالستار صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد عمر فاروق، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** ایک بہُت اچھا چینل ہے اور یہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب کا اہلسنّت و جماعت پر بہُت بڑا احسان ہے۔ **مَدَنی چینل** نے بُرائی کو روکنے میں بہُت حد تک معاونت کی ہے اور عقائدِ اہلسنّت کا تحفُّظ کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے سبھی سلسلے بہُت پیارے ہیں اور یہ علمِ دین سیکھنے، سکھانے کا بہُت بڑا ذریعہ ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ اور **مَدَنی چینل** کو شاد و آباد رکھے اور انہیں یونہی دِین کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کیلئے کوشاں رہنے کی توفیق عطا فرمائے، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کا سایہ اہلسنّت پر دراز فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{614 }حضرت مولانا محمد شفیق الرحمٰن جامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام و خطیب جامع مسجد فریدیہ، ڈھکی، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

خدائے تعالٰی کی حمد و ثناء اور اس کے حبیبِ مُکرَّم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر دُرُود و سلام کے بعد عرض ہے کہ محافظِ عقائدِ اہلسنّت جناب محترم مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کی شب و روز کی کاوِشوں اور انتھک محنتوں نے مسلکِ حقّہ مسلکِ اہلسنّت و جماعت میں تازہ رُوح پھونک دی اور آپ دامت برکاتھم العالیہ نے مَسلک کی مُردہ روح کو حیاتِ جاوداں بخش دی۔ اس لئے اہلسنّت و جماعت آپ پر اور دعوتِ اسلامی پر جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی آپ کو ان کاوشوں پر اَجرِ عظیم عطا فرمائے۔ مَیں ان خوش نصیبوں میں سے ہوں کہ

آپ کے دورہ پاکپتن میں دربارِ حضرت بابا فرید علیہ رحمۃ اللہ القدیر پر آپ کے ساتھ تھا۔اب **مَدَنی چینل** کی بہاریں روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں۔ یہ دعوتِ اسلامی کا ایک عظیم کارنامہ ہے جس کا فائدہ نہ صرف ہم بلکہ ہماری آنے والی نسلیں بھی اُٹھائیں گی۔ **مَدَنی چینل** وہ بے مثال چینل ہے کہ جس نے گھروں اور دُکانوں پر جہاں ہر وقت فحاشی وعُریانی کے پروگرام اور کھیلوں، ڈراموں کے چینل چلتے تھے اُن سب کا بیڑا غرق کردیا۔ **اللّٰہ** امیرِ اہلسنّت دامت بر کاتہم العالیہ کو عمرِ خضری عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{615} حضرت مولانا شیر محمد نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ عربیہ، اسلام کالونی، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

بفضلہٖ تعالیٰ دعوتِ اسلامی (جو اہلسنّت وجماعت کی مکمل غیر سیاسی تحریک ہے) نے تقریباً 27 سال کے عرصہ میں جو دِینی وملّی خدمات سرانجام دی ہیں وہ قابلِ رشک ہیں۔ دُنیا کے 66 سے زیادہ ممالک میں اِنتہائی خُلُوص اور عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے بھرپور ہوکر مسلمانوں کے قُلُوب کو روشن کیا ہے۔ شریعتِ مُطہّرہ اور سُنَّتِ رسُولِ عربی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا سبق دیا ہے۔ جس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں اور اب **مَدَنی چینل** کا آغاز **دعوتِ اسلامی** کا حسین اِقدام ہے، جو ضرورتِ وقت ہے۔ **اللّٰہ** ربُّ العزّت جلَّ جلالہٗ حضرت رہبرِ شریعت و طریقت مولانا محمد الیاس صاحب قادری رضوی کی سعیِ بلیغ میں بَرَکتیں عطا فرمائے جنہوں نے دینِ اسلام کی اِشاعت وترویج کیلئے شب وروز وقف کررکھا ہے۔

جن اَحباب نے اِس چینل کے لیے کوششیں کی ہیں مولائے کریم اسے شرفِ قبولیت سے نوازے۔ خُصُوصاً

حکومتی ادارے جنہوں نے اِس چینل کی منظوری دی ہے انہیں اچھی جزا دے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{616} حضرت مولانا محمد اسحاق سعیدی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ حسینیہ، پنگن ضلع خاران، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ موجودہ دور میں **مَدَنی چینل** بے حیائی و بے دِینی کا توڑ ہے۔ اِصلاحی بیانات مُسلِمین ومُسلِمات کے لئے مَشعلِ نُور ہیں۔ **مَدَنی چینل** کا اِفتتاح یقیناً عوام اہلسنّت سمیت عالم اِسلام کیلئے ہدایت کا ذریعہ بنے گا۔ مَیں دعوتِ اسلامی کے تمام ذِمَّے داروں سے درخواست کرتا ہوں کہ جن کی کوششوں سے ایک دِینی کام کا آغاز ہوا ہے۔ **مَدَنی چینل** کو مسلسل جاری رکھیں تاکہ رحمتِ دوعالم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت، اہلِ بیت رضوان اللہ تعالٰی علیہم اجمعین کی محبت، مردوزن کے دِلوں میں پیدا ہو، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{617} حضرت مولانا حافظ غلام اکبر سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد العمر غوثیہ، محلّہ ٹھٹھاراں، نزد محلّہ خواجگان، خانپور، ضلع رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِ اللہ تَعَالٰی دعوتِ اسلامی کے شجر کا ثمر علم وعمل اور محبت وسُنَّت کی صورت میں پوری دُنیا کو مُستَفِید کررہا ہے۔ اور ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** گلاب کے پھول کی طرح ہر گھر میں مدنی پھول تقسیم کررہا ہے، جس کی تمثیل دُنیا میں مشکل ہے۔ مَیں تو ہر لمحہ ہر ساعت یہ دُعا کرتا رہتا ہوں کہ اے باری تعالٰی مُصطفٰے کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا صدقہ قبلہ بانیٔ دعوتِ اسلامی کو زمانہ کے حوادثات سے محفوظ فرما، اور ساتھ ساتھ دعوتِ اسلامی کے ہر فرد اور

ہر سُنّی عاشقِ رسول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کیلئے دُعا گو ہوں یا ربِّ کریم عَزَّوَجَلَّ حُضُور پُرنور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا صدقہ تمام مسلمانوں کو متحد فرما اور فسادات ِ زمانہ سے محفوظ فرما، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{618} حضرت مولانا حاجی محمد امیر جان جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد نور، محلّہ جعفر آباد، ملت چوک، چکوال، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت ہی اچھا اِقدام ہے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{619} حضرت مولانا حافظ محمد سجاد صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد صلاح الدین، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز کو **مَدَنی چینل** کی نشریات دیکھنے کا 2008ء میں موقع مُیسّر آیا، یہ ایک اچھی کاوش ہے۔ **مَدَنی چینل** کا اِجرا فحاشی کے سدِّ باب کیلئے ایک عظیم کاوش ہے۔ جس کے ذریعے سے اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ (نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے) کا کام اَحسن طریقے سے انجام دیا جا سکتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{620} حضرت مولانا حافظ محمد اظہر اقبال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ رضویہ ضیاء العلوم، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِاللّٰہِ تَعَالٰی جب مَیں 23 جنوری 2009ء کو فیضان مدینہ راولپنڈی میں حاضر ہوا تو جامعۃ المدینہ کو دیکھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ وہاں بڑا کام ہو رہا ہے۔ اور اس کے علاوہ دعوت اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے وہ بھی ایک بہترین اور اچھا کام ہے۔ جس کے ذریعے کافی حد تک بے حیائی کا سدِّ باب ہو رہا ہے کیونکہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے پوری دُنیا میں اپنا پیغام پہنچایا جا سکتا ہے۔

اللّٰہ ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی ان کے اس اچھے کام کو تا قیامت قائم و دائم فرمائے اور اس میں مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{621} حضرت مولانا محمد رمضان سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ نور الاسلام، ملتان روڈ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

کسی بھی نظریہ کی بقاء عموماً دو طرح سے ممکن ہوتی ہے: (۱) اُس نظریہ کی مؤثر تعلیم (۲) اس نظریہ کے حامل تربیت یافتہ افراد کی تیاری۔

اہلسنَّت و جماعت کی نمائندہ عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے امیر، چمنستان عُلَماء و صوفیاء کے قائد، دینِ متین پر عمل اور عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں لاکھوں عُلَماء کیلئے نمونہ حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتھم العالیہ نے ایک طویل عرصہ تک دعوتِ اسلام کی فکر کے حاملین افراد کی تیاری پر خوب محنت فرمائی اور **اللّٰہ** تعالٰی عَزَّوَجَلَّ نے نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلہ مبارکہ سے اس میں خوب بَرَکت ڈالی جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج **دعوتِ اسلامی** کا کام پوری دُنیا میں پھیل رہا ہے اور ہر طبقہ کے اَفراد اس سے خوب خوب

مُستَفِید ہورہے ہیں۔ بدقسمتی سے اہلسنّت و جماعت کی تمام تنظیمات شخصیت پرستی کا شکار ہونے کے سبب ان کے قائدین کے رُخصت ہونے کے ساتھ ہی رُخصت ہوگئیں۔

چُنانچہ مُتعَدّد مرتبہ یہ وسوسہ دامن گیر ہوا کہ ہماری عظیم تحریک **''دعوتِ اسلامی''** کے ساتھ بھی **مَعَاذَ اللّٰہ** ایسا نہ ہو، مگر امیر دعوتِ اسلامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے خُلُوص کی بَرَکت سے دعوتِ اسلامی میں مختلف مجالس کے قیام اور تقسیم کار سے یہ شیطانی خیال دُور ہوگیا اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے بے پایاں فضل سے اُمید قوی ہے کہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا فیضان رہتی دُنیا تک جاری وساری رہے گا اور ظاہر ہے مختلف مجالس کا قیام اس کام کے مناسب اَفراد کی تیاری کے بغیر ناممکن ہے۔

ہمارے زمانے میں تعلیم وتربیت کے مؤثر ذرائع میں سرفہرست الیکٹرانک میڈیا ہے۔ **دعوتِ اسلامی** نے بِحَمْدِ اللّٰہ تَعَالٰی اوّل روز سے ہی پرنٹ میڈیا میں اپنے کام کو آگے بڑھایا جس کے نتیجہ میں متعدد کُتُب و رَسائل منظر عام پر آئے اور اب تو تحقیق وتخریج وتراجم کا کام بین الاقوامی معیار کو چُھو رہا ہے، جس کا نظارہ ماہ نومبر 2008ء میں اپنی آنکھوں سے **مرکز دعوتِ اسلامی** کی زیارت کے موقع پر کیا۔ الیکٹرانک میڈیا میں دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ بہُت عرصہ سے متعارف ہے مگر ایک مستقل چینل کا قیام ابھی باقی تھا۔ فی زمانہ اگرچہ یہ کام اِتنا آسان نہیں مگر **اللّٰہ** تعالٰی کی خُصُوصی مدد اور سرکارِ مدینہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خاص نظرِ عنایت سے یہ عظیم کام بھی ہوگیا جو دعوتِ اسلامی کیلئے بالخصوص اور اہلسنّت وجماعت کیلئے بالعموم کسی اِنعام اور اعزاز سے کم نہیں ہے۔

مجھے اُمید ہے کہ یہ چینل حقیقی معنوں میں **مَدَنی چینل** ثابت ہوگا اور بدعقیدگی کے طوفان کے سامنے مضبوط بند باندھنے کیلئے اپنا کردار ادا کرے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{622} حضرت مولانا مفتی سید وجاہت حسین شاہ مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ فرقانیہ غوثیہ، باغ، آزاد کشمیر)

آج دُنیا گلوبل ویلج بن چکی ہے، کوئی بھی شخص اپنی بات دوسروں تک بَہُت آسانی کے ساتھ پَہُنچا سکتا ہے۔ زندگی کی رفتار بَہُت تیز ہوچکی ہے۔ مواصلات کا نظام پیغام کو دُنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک لمحوں میں پَہُنچا دیتا ہے، جس کی وجہ سے آج مغربی تقلید عُروج پر ہے۔ مغرب کے بچھائے ہوئے کیبل انٹرنیٹ وغیرہ سے لوگ فحاشی اور عُریانی کو باعثِ فخر اور روشن خیالی کا نام دے رہے ہیں، ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہی غیر مسلم (قادیانی، عیسائی وغیرہ) اپنی مذہبی تبلیغ کررہے ہیں اور ہزاروں انجان لوگوں کو دینِ حق سے اعراض کرنے پر مجبور کررہے ہیں، سادہ لوح لوگ ان کے بچھائے ہوئے جال میں پھنس کر دینِ اسلام سے پھر جاتے ہیں، فحاشی وعُریانی اور بے حیائی اور دوسری کئی معاشرتی بُرائیوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔

ان حالات میں کسی اِسلامی چینل کا قیام ڈوبتی کشتی کو سہارا دینے کے مترادف ہے۔ یہ ایک اِنقلابی قدم ہے جو بھٹکے ہوئے مسلمانوں کو راہِ راست پر لانے کا کام دے گا۔

مَدَنی چینل کی وجہ سے اِسلامی تعلیمات کی تبلیغ وترویج اور دینِ اسلام کی اشاعت میں بَہُت مدد ملے گی۔ لوگ اَحکامِ خدا عَزَّوَجَلَّ اور سُنّتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی حقیقی تعلیمات سے بہرہ ور ہوں گے، معاشرے سے بُرائیوں کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ مغرب کے پیدا کردہ غیر اسلامی، عُریانی اور فحاشی کے طوفان کے آگے یہ **مَدَنی چینل** بَہُت بڑی رکاوٹ بنے گا، کیونکہ مغرب کبھی بھی اِسلام کی ترویج اور تقویت سے خوش نہیں، وہ ہمیشہ اسے مٹانے کی کوشش کرتا رہا ہے۔

ڈر ہے کہیں یہ نام بھی مٹ جائے نہ آخر
مُدّت سے اسے دورِ زماں میٹ رہا ہے

اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کے منتظمین کو اَجرِ عظیم عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{623} حضرت مولانا امتیاز احمد صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد ھدیٰ باڑی، ضلع باغ، آزاد کشمیر)

انھوں نے حضرت مولانا مفتی سید وجاہت حسین شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأ ثرات کی تائید کی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{624} حضرت مولانا ولی محمد سومرو نعیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزار مدینہ، جھمپیر، ضلع ٹھٹھہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مَیں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں علماء وشخصیات کے تأ ثرات پڑھے اور **مَدَنی چینل** کا بذاتِ خود مشاہدہ بھی کیا۔ یقیناً **مَدَنی چینل** عوام النّاس بالخصوص عوام اہلسنّت کے لیے ایک اَنمول تُحفہ ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے تَوسُّل سے سیاہ دِل بھی منور ہو جائیں گے۔ پہلے تو ہم ٹی وی پر عُلَماء اہلِ سُنَّت کو دیکھتے تھے مگر **مَدَنی چینل** جب وُجُود میں آیا تو فخر و ناز کی کوئی اِنتہا نہ رہی۔ **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو نظرِ بد سے بچائے، آمین۔

باغ بہار ہو گیا کلیجہ میرا

جب نام سُنا مَدَنی چینل تیرا

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{625} حضرت مولانا سید انصار حسین رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جگر گوشہ سید اکرام حسین رضوی علیہ رحمۃ اللہ القوی، سجادہ نشین خانقاہ عالیہ چشتیہ، میر پور خاص سندھ، پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز ایک اَحسَن اِقدام اور عظیم کارنامہ ہے، **مَدَنی چینل** دِینی معلومات کا بہترین ذریعہ ہے، اپنے عقائد کی صحیح طریقے سے حفاظت ہے، دِین کا پیغام عام کرنا وقت کی اَشدّ ضرورت ہے، اس چینل سے نشر ہونے والے پروگرام شریعت کے مُطابِق ہیں اور بہُت سی دِینی معلومات مُیسَّر ہوتی ہیں، بے شمار لوگ اس سے استفادہ کریں گے۔

مَدَنی چینل کا آغاز حضرت مولانا محمد الیاس قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی کاوِشوں، محنتوں اور دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ مبارک باد پیش کرتا ہوں اور درازیٔ عمر کیلئے دُعا گو ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{626} حضرت مولانا محمد افضل باجوہ فیروزی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ اسلامیہ فیروزیہ، نارروال روڈ، ضلع ضیا کوٹ (سیالکوٹ) پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی تبلیغ وتحریر اور تدریس کے میدان میں قابلِ رشک ولائقِ تحسین کارہائے نمایاں سرانجام دے رہی ہے۔ الیکٹرانک وپرنٹ میڈیا کے ذریعے عوام الناس بالخصوص نسل نو کو اَخلاقِ بد اور اَفکار فاسدہ میں جکڑا جا رہا ہے نیز مختلف چینل کے ذریعے نظریات وعقائدِ صحیحہ کو بگاڑا جا رہا ہے، اہلِ حق اہلسنّت کی طرف سے کم از کم ایک ایسے چینل کی اَشدّ ضرورت تھی جس کے ذریعے لوگوں کے عقائد واعمال، ماحول ومعاشرہ کی اصلاح اور دین کا صحیح پیغام گھر گھر پہنچایا جاسکے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے بانی پیرِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری

دامت برکاتہم العالیہ اور مرکزی مجلس شوریٰ نے **مَدَنی چینل** کا اِجرا کرکے قابلِ قدر و مُستحسن عمل کیا ہے، گویا لق و دق صحرا میں گلاب کا پودا پیوست کر دیا ہے۔

دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ دینِ متین کی داعی **''دعوتِ اسلامی''** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور اہلسنّت کو اِتّحاد عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{627} حضرت مولانا صاحبزادہ ضیاء الدین ضیاء مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ مبیل شریف، تحصیل کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا کرتے ہیں کہ دعوتِ اسلامی کے عظیم الشّان **مَدَنی چینل** جیسے مزید پروگرام جاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دعوتِ اسلامی کو نیکی کی دعوت مزید پھیلانے کی ہمت دے، اور آپ دامت برکاتہم العالیہ جیسی عظیم ہستیوں کا سایہ ہم پر تا دیر قائم و دائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{628} حضرت مولانا عبدالغنی سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، چنیسر گوٹھ، باب المدینہ کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** کا سلسلہ شروع کرنا بہُت ہی اچھا عمل ہے۔ اس کی بَرَکت سے جن لوگوں کو **دعوتِ اسلامی** کے متعلق شکوک ہیں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ دُور ہو جائیں گے اور مَسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کی محبت بھی مسلمانوں کے دِل میں بڑھے گی۔

مَیں دُعا گوہوں کہ **اللہ** کریم عَزَّوَجَلَّ حُضُور سرورِ کائنات صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے قبلہ امیر اہلسنّت اور دعوتِ اسلامی کی اس عظیم کاوش کو قبول فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{629} حضرت مولانا قاری محمود الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد عارفین، شارع فیصل، باب المدینہ کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے پاکستان میں ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں **مَدَنی چینل** کھول کر عوام کے دِل جیت لئے ہیں، مذہبی لوگ **مَدَنی چینل** کو بڑے ذوق وشوق کے ساتھ دیکھتے ہیں اور بہُت سے بیہودہ چینلز سے بچ گئے ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو قائم ودائم رکھے اور مزید ترقی عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{630} حضرت مولانا صاحبزادہ پیر محمد علی شاکر طیبی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ حضرت صوفی شہاب الدین، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس قادری صاحب (**اللّٰہ** تعالٰی آپ کو عمرِ خضری عطا فرمائے) سچے عاشقِ رسُول ہیں۔ موجودہ دور میں دعوتِ اسلامی نے ہی دراصل مَسلکِ اہلسنّت کا بھرم رکھا ہوا ہے۔ لاکھوں نوجوانوں کی زندگیاں بدل دینے والی دعوتِ اسلامی کی کامیابی کا اِنحصار حضرت امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی سچائی، لگن اور خُلُوص کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اب جبکہ میڈیا پر فحاشی وعُریانی کا دور دورہ ہے اور ایسے میں **مَدَنی چینل** کا قیام خوش آئند ہے۔ جس کی وجہ سے رسُول کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کے اِحیاء میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ

عَزَّوَجَلَّ مزید مدد ملے گی۔ وہ وقت قریب ہے کہ ہر طرف مَسلکِ اہلسنّت ہی ہوگا اور **یا رسُولَ اللہ** صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کہنے والوں کو علمی اور تحقیقی مواد بھی مُیسّر آئے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ خالقِ کائنات عَزَّوَجَلَّ مصطفٰے کریم صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے وسیلۂ جلیلہ سے دعوتِ اسلامی کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{631} حضرت مولانا مفتی کریم بخش باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ غوثیہ مظہر الاسلام، گلشنِ فاطمہ، ملیر ہالٹ، شاہ فیصل کالونی ۳ باب المدینہ کراچی)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا ایک اہم اِنقلابی قدم ہے۔ اہلسنّت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ پہلا چینل ہے جس کی جتنی بھی تحسین کی جائے کم ہے۔ ہم دعوتِ اسلامی کو اس زبردست کاوش پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{632} حضرت مولانا محمد یعقوب چشتی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ مدینہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے۔ دعوتِ اسلامی جہاں بہُت سارے شعبہ جات میں دِینی کام سرانجام دے رہی ہے، وہاں **مَدَنی چینل** کا میڈیا پر آنا گویا فحاشی و عُریانی کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہے۔ اور یہ وقت کی ضرورت بھی ہے کیونکہ دورِ حاضر میں میڈیا پر کوئی ایسا چینل نہیں جو کہ

خالصتاً شریعت کے مطابق ہو۔ تاہم **مَدَنی چینل** ایک ایسا چینل ہے جو کہ خالصتاً دِینی اور شریعت کے عین مطابق ہے۔ اس کا قیام اُمتِ مُسلِمہ کے لئے یقیناً **اللہ** تعالیٰ کی بہُت بڑی نعمت ہے۔

میری دِلی دُعا ہے کہ **اللّٰہ** جلّ شانہٗ دعوتِ اسلامی کے امیر مولانا محمد الیاس عطّار قادری صاحب جو کہ سراپا حُسنِ اَخلاق و اِخلاص ہیں، کو مزید ترقیوں اور بَرَکتوں سے نوازے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{633} حضرت مولانا حافظ غلام مرتضٰے فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دارالعلوم جامعہ رضویہ انوارالقرآن، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کی وجہ سے ہر گھر میں دعوتِ اسلامی کا پیغام پہُنچا اور خاص وعام میں عملی طور پر ایک نیا ولولہ پیدا ہوا اور لوگوں نے بدعقیدگی سے ہٹ کر اپنا عقیدہ دُرُست کیا۔ آج کے اس پُرفِتَن دور میں **دعوتِ اسلامی** ایک نَشاۃِ ثانیہ کا کام کر رہی ہے اور اُمتِ مُسلِمہ کو صحیح معنوں میں محبت وسُنَّتِ رسول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اَحسَن اَنداز میں پیش کر رہی ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو اس پُرفِتَن دور میں دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

مَدَنی چینل خدمتِ دِین کا اَہم ترین ذریعہ ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! **اللّٰہ** تعالیٰ نے زمین وآسمان کو پیدا فرما کر اس میں اِنسانوں کو بسایا اور اِنسانوں کی ہدایت کیلئے وقتاً فوقتاً رُسُل واَنبیائے کرام عَلٰی نَبِیِّنَا وعَلَیھِمُ الصَّلٰوۃ وَالسَّلام کو مبعوث فرمایا۔ آخر میں ہمارے

پیارے نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیّاحِ افلاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو اِنسانوں کی ہدایت کیلئے مبعوث فرمایا۔ آپ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے بعد **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْیٌ عَنِ الْمُنْكَرِ** (نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے) کا عظیم منصب اُمتِ مُسلِمہ کو عطا ہوا۔ صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے تبلیغِ دین کے لئے خوب کوششیں کیں۔ تابعین اور تبع تابعین نے بھی صحابۂ کرام علیہم الرضوان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے دِینِ اِسلام کی خوب خدمت کی، مسلمانوں کو علمِ دِین سکھانے اور کفّار کو دعوتِ اِسلام دینے **نیز** کفار کے اِعتراضات کا رَدّ کرنے کے لئے اپنی پوری زندگیاں وقف کر دیں، اور جس اَنداز سے دُشمنانِ اِسلام نے دِینِ اِسلام کو مٹانے کی کوشش کی اُسی اَنداز سے اَسلاف کرام رحمہم اللّٰہ السلام نے اُن کا منہ توڑ جواب دیا۔ اگر تحریراً مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کی کوشش کی تو بُزرگانِ دِین رحمہم اللّٰہ المبین نے بھی تحریری طور پر ان کا دَندان شکن رَدّ فرمایا۔

آج کے اِس پُرفِتن دور میں دُشمنانِ اِسلام الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے مسلمانوں کے دِین واِیمان پر کاری ضربیں لگا رہے ہیں۔ فحاشی وعُریانی کے ذریعے مسلمانوں کو بدعملی کے عمیق گڑھے میں پھینک رہے ہیں۔ مصیبت بالائے مصیبت یہ کہ نام نہاد مسلمان آیاتِ قرآنیہ واَحادیثِ نَبَویہ کے معانی اپنی طرف سے گڑھ کر دُشمنانِ اِسلام سے شب و روز تعاون کر رہے ہیں۔ اِسلام کا لبادہ اَوڑھ کر بعض لوگ اِسلام کو ماڈرن اَنداز میں پیش کرنے کی مذموم سعی کر رہے ہیں۔ اِسلام کی حقیقی رُوح مُسلمانوں کے قُلُوب سے نکالی جا رہی ہے۔ ایسے گئے گزرے دور میں تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کی **مرکزی مجلس شوریٰ** نے خوب جِدُّ وجُہد کر کے رَمضان المبارک ۱۴۲۹ھ سے **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھر گھر سُنَّتوں کا پیغام عام کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت اَنگیز مَدَنی نتائج سامنے آنے لگے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہماری توقُّع سے بڑھ کر **مَدَنی چینل** کو کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔ دعوتِ اسلامی ایک غیر سیاسی عالمگیر تحریک ہے، اِس کے وسیع دائرۂ کار کو حُسنِ خوبی چلانے کے لئے مختلف مُمالِک وبِلاد میں

متعدّد مجالس بنائی گئی ہیں۔ منجملہ **مَجلِس رَابِطہ بِالعُلَمَاء وَالمَشَائِخ** بھی ہے جو اکثر علمائے کرام پر مشتمل ہے۔ اِس مجلس کے ذریعے ملک بھر میں مُفتیانِ عظام اور علمائے کرام کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں مزید تأثرات موصول ہوئے ہیں، جن کے اِقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

{634} حضرت مولانا مفتی منیب الرحمٰن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان وچیئر مین رویت ہلال کمیٹی پاکستان ومہتمم دارالعلوم نعیمیہ فیڈرل بی ایریا کراچی)

یہ جان کر مَسرَّت ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک اِسلامی تبلیغی چینل کا آغاز کیا ہے، میں انہیں ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔ **میری** دُعا ہے کہ دعوتِ دین کے جو تین بنیادی اُصول (حکمت، مواعظۂ حسنہ اور جدال اَحسن) **اللّٰہ** جلَّ شانہٗ نے قرآن مجید میں مُبلِّغینِ دین اِسلام کو تعلیم فرمائے ہیں۔ **مَدَنی چینل** اِن مذکورہ اُصولوں کا مَظہرِ اَتَم بن کر عالمی سطح پر اہلسنّت و جماعت کا نمائندہ اور ترجمان نظر آئے گا، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{635} حضرت مولانا محمد طارق جاوید نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد، چک نمبر 21/G-D، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی جو کہ اِحیائے دینِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لیے اَنتھک کوششیں کر رہی ہے۔ ان کا یہ بھی ایک اِنقلابی اِقدام ہے کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے اُن لوگوں کو بھی عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے جام پلانا شروع کر دیئے ہیں جو میڈیا کے ذریعے بے حیائی کا زہر پی رہے تھے۔ **دعوتِ اِسلامی** کا **مَدَنی چینل** چلانے کا کام بہُت زیادہ قابلِ تحسین ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اس میں مزید بَرَکتیں شامل

فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{636} حضرت مولانا صاحبزادہ محفوظ السلطان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، محلّہ موسیٰ زئی نواں شہر، وسر پرست سنی علماء کونسل ضلع ایبٹ آباد، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

عالَمِ اِسلام سارے کا سارا اس وقت حالتِ جہاد میں ہے۔ جہاد ہمیشہ ہمہ جہت ہوتا ہے۔ صرف میدانِ جنگ ہی کا نام جہاد نہیں بلکہ اَخلاق وکردار سے بھی جہاد ہوتا ہے، عبادات ومعاملات سے بھی جہاد ہوتا ہے، حُقُوق وفرائض سے بھی جہاد ہوتا ہے اور تحریر وقلم سے بھی جہاد ہوتا ہے، میڈیا بھی جہاد کی بَہُت بڑی اور پُر اَثر جہت ہے اور **مَدَنی چینل** کا آغاز مَرحَبا۔

فی زمانہ اگر میڈیا دُرُست اور دیانتداری سے کام کرے تو مایُوسی کی یہ فضا جو اس وقت پیدا ہوچکی ہے بڑی آسانی سے ختم ہوسکتی ہے۔ **اللہ** تعالیٰ آپ دامت برکاتہم العالیہ کی اس کاوِش کو مقبول ومنظور فرمائے اور **مَدَنی چینل** کے جُملہ رُفقاء پر سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خاص نگاہِ کرم ہو، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{637} حضرت مولانا ابوالحامد محمد اعظم قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم محمدیہ انوارالاسلام، وجامعہ آمنہ ضیاء البنات، ایبٹ آباد، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

کچھ دوستوں سے **مَدَنی چینل** کے بارے میں سُنا ہے کہ مَسلکِ اہلسنّت کی ترجمانی اور فروغِ دین کا کام اچھے انداز میں کیا جارہا ہے۔ اُمید ہے کہ اِس پُرفِتَن، بے دِینی، بے حیائی اور بے پردگی کے دور میں **دعوتِ**

اسلامی کا یہ **مَدَنی چینل** لوگوں کی رہنمائی کیلئے مددگار ثابت ہوگا۔

دِینِ اِسلام کی اِشاعت وتر ویج کے لئے **مَدَنی چینل** کے اِجراء پر امیرِ دعوتِ اسلامی اور اُن کے رُفقاء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{638} حضرت مولانا اللہ دتہ اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ محمدیہ کریمیہ سرسیّد کالونی منڈیاں وخطیب جامع مسجد P.O.F حویلیاں کینٹ ایبٹ آباد، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

دورِ حاضر میں میڈیا کا کردار نہایت اَہم اور مُسلَّم ہے۔ اِن حالات میں **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک نہایت مُستَحسَن قدم ہے۔ اس کے جُملہ پروگرام اِنسانیت کی ذِہنی تربیت اور اِسلامی رہنمائی میں نہایت مؤثر ہیں۔ ہم اس چینل کی کامیابی کے لیے دُعا گو ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{639} حضرت مولانا مفتی عبدالبصیر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدیہ کریمیہ، ایبٹ آباد، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

انھوں نے **حضرت مولانا اللہ دِتہ اعوان** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تاَثرات کی تائید کی ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{640} حضرت مولانا ابو محسن محمد حسن جنیدی عزیزی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ جنیدیہ غفوریہ، حیات آباد، پشاور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کے بہُت مشکور ہیں کہ جس نے اس پُرفِتَن دور میں مسلکِ اہلِ سُنّت کے پرچار کیلئے عظیم قدم اُٹھایا ہے اور **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا، اِس کے ذریعے تمام مسلمانوں کو محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا درس ملتا ہے اور اُن کے دل عشقِ نبی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے سرشار ہوتے ہیں۔ **اللہ** تبارک وتعالٰی سے ہماری دُعا ہے کہ وہ **دعوتِ اسلامی** کی اس سعی کو قبول فرمائے اور قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{641} حضرت مولانا محمد ابو جنید القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ جنیدیہ غفوریہ، خطیب جامع مسجد جامعہ عزیزیہ جنیدیہ، جمرود غنڈی، پشاور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** کھولنے پر مبارکباد دیتے ہیں کہ اس چینل کے ذریعے سے تمام دُنیا کو محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور **دعوتِ اسلامی** کا فیض پہُنچتا رہے گا اور ہمارے خیال میں پورے پاکستان میں یہ ایک واحد چینل ہے کہ اس میں صرف اِسلامی تعلیمات کا پرچار ہوتا ہے۔ ہر ایک عالِم دین کو چاہیے کہ **مَدَنی چینل** کو اپنے مُعتَقِدین پر لازم کروائے۔ میری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو تا قیامت جاری رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{642} حضرت مولانا عبدالواجد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ جنیدیہ غفوریہ، خطیب جامع مسجد اسحاق زئی کوٹ، اسماعیل زئی، مردان، پاکستان)

یہ ایک مُصدَّقہ بات ہے کہ جب بھی کہیں پر باطِل نے سر اُٹھایا اس کی سرکوبی کے لیے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے طالبانِ حق پیدا فرمائے۔ تو یہ طالبانِ حق کبھی عقیدے کی حقانیت ثابت کرتے ہیں اور کبھی عمل کی دُرُستی میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، تو آج کل جہاں عقائد کے بُطلان کے لیے لوگ سرگرمِ عمل ہیں، عام لباس میں یا میڈیا کے ذریعے تو وہاں اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے ان کے مشن کو دونوں طریقوں سے روکا، عقیدے کے لحاظ سے بھی اور عمل کے لحاظ سے بھی۔ مَیں اپنی طرف سے تمام اِسلامی بھائیوں کو بالعموم اور امیرِ اہلسنّت جناب ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری صاحب کو بالخصوص مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کے لیے دستِ بدعا ہوں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ان کے علم و عمل میں مزید بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

میری ایک تجویز ہے کہ **مَدَنی چینل** کے تعارف کے لیے ایک کمرشل عام چینلز پر چلانا چاہیے تاکہ تمام عوام کو **مَدَنی چینل** کے بارے میں معلومات ہوں اور تمام عوام اس سے فائدہ اُٹھائیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{643} حضرت مولانا دِلاور خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم چشتیہ ڈھوڈا شریف، ضلع لکی مروت، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اِس دور میں کسی تحریک کا مقابلہ تحریک کے ذریعہ سے کرنا چاہیے، اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اسی طرح اہلِ حق نے اہلِ باطِل کا مقابلہ کیا، اور جو عمل شریعت میں جائز ہو خواہ وہ کوئی بھی عمل ہو جیسے میڈیا پر آنا تو یہ یقیناً بہتر ہے اور ایک

اچھا عمل ہے۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{644} حضرت مولانا احسان اللہ جنیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس و نائب ناظم جامعہ جنیدیہ غفوریہ، خطیب جامع مسجد مختار خیل، پشاور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عزّوجلّ **مَدَنی چینل** کا اِقدام ہمارے لئے خوشی کا باعِث ہے اور عُشّاقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لیے مبارکباد ہو۔ ہم دعوتِ اسلامی کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں۔ **مَدَنی چینل** کو اللہ تعالٰی خوب خوب ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{645} حضرت مولانا حافظ امان اللہ خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم چشتیہ برکاتیہ، ضلع لکی مروت، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

مَدَنی چینل اہلسنّت و جماعت کے لیے ایک بَہُت بڑا اعزاز ہے اور دعوتِ اسلامی کا ایک اَہم قدم ہے۔ یہ **دعوتِ اسلامی** کی بَہُت بڑی جرأت ہے اور اس پُر فِتَن دور میں متبادل عمل کرنا ہے۔ غُیُور سُنّیوں کو چاہیے کہ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے اپنی پیاس بجھائیں اور **مَدَنی چینل** کو کامیاب بنانے کے لیے عوام کو اس کے قریب لائیں۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{646 }حضرت مولانا پیر سیّد عبد الطیف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مزار والی مسجد، نزد سبزی منڈی، لکی مروت، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اِس دور میں اس بات کی اَشدّ ضرورت تھی کہ کسی بھی طریقے سے بھی عوام کے عقائد کو بچایا جائے اور ان کے عقائد کو باطل سے دُور رکھا جائے۔ اور اس ضرورت کو اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے پورا کر دیا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{647 }حضرت مولانا سراج دین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدنی، لکی مروت، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

مَدَنی چینل اہلسنّت و جماعت کیلئے ایک بہُت بڑا اِعزاز ہے اور **دعوتِ اسلامی** کا اچھا اِقدام ہے اور یہ بہُت بڑی کامیابی ہے۔ میری دُعا ہے کہ خُدا عَزَّوَجَلَّ اس **چینل** کو کامیاب کرے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{648 }حضرت مولانا محمد عرف نالے مٹھو نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد امین شاہ چشتی، مختیار کاری روڈ، شکار پور، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

مَدَنی چینل کے اِجراء کے متعلق خبر سن کر مجھے اِنتہائی خوشی و مَسرّت ہوئی ہے کہ **دعوتِ اسلامی** نے جہاں تقاریر و تحاریر کے ذریعے ہزار ہا گمراہ اِنسانوں کی تقدیریں بدلی ہیں وہاں یہ **مَدَنی چینل** بھی اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کئی گمراہ آدمیوں کی تقدیر بدلے گا۔ اور یہ بہُت خوش آئند بات ہے کہ اس سے اُمتِ مُسلِمہ کو بہُت

فائدہ ہوگا خُصُوصاً مسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کی ترویج واِشاعت ہوتی رہے گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{649} حضرت مولانا اِنتظار حسین قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد پیر سرہندی، نزد مری شاپنگ سینٹر، صدر بازار شکار پور، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی عوامِ اہلسنّت کے عقائد کی حقیقی ترجمان ہے۔ اس غیر سیاسی اِسلامی تحریک نے بینَ الاقوامی سطح پر بھی عوامِ اہلسنّت اور مسلکِ اہلسنّت کو اپنی اَنتھک کوشش وکاوِش کے ذریعے مختصر عرصے میں مایۂ ناز تقویت بخشی ہے اور سرورِ کائنات صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے عشق ومحبت قائم کرنے کی عالیشان شمع روشن کی ہے۔ **مَدَنی چینل** دورِ حاضر کے معاشرے میں دینِ اسلام سے والہانہ محبت پیدا کرنے کا علمبردار ہے۔ **مَدَنی چینل** نے لوگوں کو ذکرِ خدا عَزَّوَجَلَّ اور ذکرِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کرنے کا بہترین شُعُور فراہم کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** دینِ اسلام کی اَہم اور بنیادی معلومات سے ہر عام وخاص کو مُستَفِیض کررہا ہے۔ **مَدَنی چینل** دِینی مسائل کے سُوالات اور ان کے جوابات، وظائف کے ذریعہ رُوحانی علاج جیسے پروگرام پیش کرکے لوگوں سے ذِہنی اور جسمانی تکالیف کو دُور کررہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کا قیام باطِل قوتوں کی سرکوبی کا مُنہ بولتا ثبوت ہے۔

دُعا ہے **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کے تمام معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{650} حضرت مولانا حافظ محمد افضل قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامع مسجد حیدری، مدرسہ اسلامیہ، کامونکی منڈی، ضلع گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

آج کے اس دور میں جہاں خرافات کثیر ہیں اور شیطانیت پھیلانے والے عناصر طرح طرح کے ہتھکنڈے اپنا کر بے حیائی اور فحاشی عام کرنے کے لیے شب و روز کوششیں کر رہے ہیں۔ کیبل پر متعدّد چینل فقط فلم اور ڈانس کی آڑ میں مسلمانوں کا اِیمان کمزور کرنے کے درپے ہیں۔ اور یہودی لابی انٹرنیٹ پر ہر روز نئی برہنہ تصویریں جاری کر کے مسلمانوں کے دِلوں سے **عشقِ محمدی** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نکالنے کی مذموم مساعی کر رہے ہیں، گویا چاروں طرف شیطانیت کا دور دورہ ہے۔ اس تاریک دَور میں اگر کوئی دینِ اِسلام کی تبلیغ کی شمع روشن کئے محبت مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا چراغ دِلوں میں فروزاں کرنے کی کوشش کر رہا ہے تو وہ غنیمت ہے۔ آج جہاں باقی تمام چینلز کو فحاشی پھیلانے کی عام اِجازت ہے۔ وہاں **دعوتِ اسلامی** کا **مَدنی چینل** محبت مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شمع روشن اور کروڑوں مسلمانوں کی زندگیاں سُنَّتِ کریمہ کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اور کروڑوں مسلمان اس کی بَرَکت سے اِسلامی تعلیمات سے فیض یاب ہو رہے ہیں اور نعتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مہک بھی ہر جگہ پہنچ رہی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{651} حضرت مولانا سردار محمد نشان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(کامونکی، ضلع گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی ملک میں اِسلام کے فروغ کے لیے کام کر رہی ہے اور لوگوں کو سُنَّتِ نبوی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پابندی کی ترغیب دیتی ہے۔ جس طرح میڈیا پر گانے اور ڈرامے وغیرہ دِکھائے جاتے ہیں، جس سے

اِسلام کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔اس لئے نعت وحمد اور دِینی تقاریر کی اِشاعت کے لیے **مَدَنی چینل** کا ہونا بھی ضروری ہے کیونکہ **مَدَنی چینل** پر شریعتِ محمدیہ عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃ والسَّلام کی اِشاعت کی جاتی ہے اور ہر مسلمان **مَدَنی چینل** کو دیکھ اور سُن کر اپنے ایمان کو تازگی بخشتا ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اپنے حبیب صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے طُفَیل **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{652} حضرت صاحبزادہ محمد یار قمر السالک نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ صوفیہ یعقوبیہ رضویہ معراج القرآن، کامونکی ضلع گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

اس نازُک پُرفِتَن دور میں جب کہ ہر اِنسان بے سُکونی کا شکار ہے، دُنیا کا مال ومتاع ہر ناجائز طریقے سے اکٹھا کیا جارہا ہے۔ حرام وحلال کی بالکل تمیز نہیں رہی، بے اَدَبی، بے حیائی، بے پردگی اور عُریانی پھیلانے والے اِدارے مختلف طریقوں سے ماحول کو مزید خراب کر رہے ہیں۔ مثلاً میڈیا کے ذریعے ڈِش اور کیبل کی آڑ میں مسلمانوں کا اِیمان اور عقیدہ کمزور کرنے کی بھرپور کوششیں کر رہے ہیں، جبکہ مذاہبِ باطِلہ اور یہودی لابی جو دین اِسلام کے پُرانے دشمن ہیں انٹرنیٹ پر شب وروز مسلمانوں کے دِلوں کو مجروح کرنے والی اور دِلوں سے اِیمان اُچک لینے والی نئی نئی حَرَکات کر رہے ہیں۔

اللّٰہ تعالیٰ اور اُس کے پیارے محبوب صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی بے اَدَبی ان کا شیوہ بن گیا ہے، دِلوں سے ایمانی قوت کمزور کرنے کیلئے ہر قسم کی بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں، کیبل، ٹی وی، اور انٹرنیٹ پر مختلف فحش چینل چلائے جارہے ہیں، جس میں برہنہ تصویریں، اِیمان سوز فحاشی، بے حیائی اور بے اَدَبی کو عام کیا جارہا ہے۔

حضرت عظیم البرکت آشنائے حقیقت ومعرفت، پاسبانِ مَسلکِ حق، عالِم بے بدل، صوفی باصفا، منبع فُیُوض و

بَرَکات، پیکرِ حُسنِ اَخلاق، سُنَّتِ مُصطَفوی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا روشن چراغ، مُبلِّغِ اسلام، پیرِ طریقت، رہبر شریعت محترم المقام عاشِقِ مدینہ حضرت مولانا قبلہ الحاج محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کی بنائی ہوئی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے دِینی جذبہ سے بھرپور، شرعی تقاضوں کو پورا کرتے اور سُنَّتِ مُصطفوی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا پرچار کرتے ہوئے ایک **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔ اس چینل کو دیکھ کر اِنتہائی مَسرَّت ہوئی کہ جہاں مختلف مَکاتبِ فکر کے لوگ ٹی وی پر آ رہے ہیں۔ وہاں اِن عاشقانِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم نے بھی ایک اچھا قدم اُٹھایا ہے۔ اُمید کامِل ہے کہ اس چینل سے مسلمانوں کو عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی دولت اور اِیمان کو تقویت ملے گی۔ **فقیر** کی خواہش ہے کہ یہ **مَدَنی چینل** بہرصورت چلنا چاہیے۔ یہ وقت کی اَہم ضرورت ہے کہ ہماری آنے والی نسلوں کا اِیمان بچ جائیگا۔ دعوتِ اسلامی کے ساتھ چلنا ہر مسلمان کا اَہم فریضہ ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کے ساتھ چلنے سے ظاہر و باطن کی اِصلاح ہو جاتی ہے۔ فقیر کی تمام اہلِ اسلام سے اپیل ہے کہ اس چینل کو بہر صورت چلایا جائے اور اس میں آنے والی تمام رکاوٹوں کو دُور کیا جائے۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی اس بگڑی ہوئی انگریزی فیشن میں مُبتَلا قوم کو راہِ راست پر لانے کی اِستقامت عطا فرمائے، **اللّٰہ** تعالٰی اپنے پیارے محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے دعوتِ اسلامی کو عظیم سے عظیم تر بنائے، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی اس عظیم کاوِش کو قبول فرمائے، آپ کے علم و عرفان میں مزید ترقی عطا فرمائے اور آپ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{653} حضرت مولانا محمد شعبان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس المدینہ اسلامک یونیورسٹی، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

الیکٹرانک میڈیا پر غلبہ حاصل کر کے آج اہلِ مغرب نے اِسلامی اقدار کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ لہٰذا اِس کے اِزالے کے لیے الیکٹرانک میڈیا کا اِستعمال وقت کی ضرورت بن چکا ہے۔ عالمگیر غیر سیاسی اِسلامی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی **مَدَنی چینل** کی صورت میں یہ کاوِش ''دِیر آید دُرست آید'' کا مِصداق ہے۔ اِس کے ذریعے دعوت و تبلیغ کو گھر گھر تک پہنچایا جا رہا ہے جو کہ مغرب زدہ معاشرے کے لیے اِنتہائی ضروری ہے۔ **مَدَنی چینل** بے حیائی اور فحاشی کے خلاف عملی جہاد ہے۔

اللّٰہ کرے ہم کو راہِ رسُول پہ چلنا نصیب ہو
کب سے گِرے پڑے ہیں سنبھلنا نصیب ہو

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{654} حضرت مولانا قاری بشیر احمد اشرفی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ حنفیہ، محلّہ احمد آباد، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

آپ کا مَدَنی چینل تمام دُنیا اور خُصُوصاً اہلِ اسلام نے بَہُت پسند کیا اور اس سے بُزُرگوں، نوجوانوں، بچوں اور بالخصوص اِسلامی بہنوں کو دِین کے مسائل سمجھنے میں آسانی ہوگئی ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی عمر دراز فرمائے اور اِن کے علم و عمل میں اور زیادہ بَرَکتیں عطا فرمائے اور اہلسنّت کا مزید کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، **اللّٰہ** تعالیٰ حاسدین کے حسد سے سدا بچائے اور **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے اور اس کو ہمیشہ جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{655} خلیفہ محدِّث اعظم پاکستان حضرت مولانا محمد شریف رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ سعیدیہ رضویہ انوار الحدیث، حافظ آباد، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل جناب حضرت مولانا الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا ایک مُستَحسَن اِقدام ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا پاکیزہ مدنی ماحول اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے مسلمانوں میں اِصلاحِ احوال کا موجب بنے گا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{656} جگر گوشۂ خلیفہ محدِّث اعظم حضرت مولانا احمد سعید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم جامعہ سعیدیہ رضویہ انوار الحدیث، حافظ آباد، پنجاب، پاکستان)

یورپ نے الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بھی جنگ شروع کر رکھی ہے اور وہ اپنے تمام تر ساز وسامان کے ساتھ اِسلام کے خلاف صف آراء ہو چکا ہے اور اِسلامی تہذیب وتمدُّن اور اَخلاقیات کی پُرشکوہ عمارت کو مُنہدِم کرنے کی ناپاک جسارت کر رہا ہے۔ مگر افسوس اِس بات کا ہے کہ اپنے بھی چند لوگ دُشمنوں کی صف میں کھڑے نظر آتے ہیں کچھ تو مغربی تہذیب کے دِلدادہ ہیں اور بعض مذہبی لبادہ اوڑھ کر اِسلامی رِوایات اور سلفِ صالحین کے طریقوں پر آگ بگولا دِکھائی دیتے ہیں۔ یہ بات طے شُدہ ہے کہ آنکھیں بند کر لینے سے خطرات نہیں ٹلتے، دُشمن کیلئے میدان خالی چھوڑ دیا جائے اور ہلاکت خیز طوفانوں کے سامنے بند نہ باندھے جائیں تو بستیاں اُجڑنے میں دیر نہیں لگتی۔ **اِن** حالات میں اگر کوئی زاہد شب زندہ دار گوشۂ عافیت میں جا بیٹھے اور اَفرادِ ملّت کو ڈوبنے کے لیے خونیں لہروں کے حوالے کر دے تو یہ غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا شیوہ نہیں بلکہ وہ تو ڈوبتوں کو سہارا دیتے ہیں اور بچے

ہوؤں کو محفوظ تر بناتے ہیں۔

مَدَنی چینل میڈیا کے حیا سوز ماحول میں بادِ نسیم کا ایک جھونکا ہے، جس سے نوجوانوں کو عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا درس مل رہا ہے، آنکھوں کو رُونا نصیب ہو رہا ہے، خیالوں میں پاکیزگی آ رہی ہے، جبینیں سجدہ ریز ہو رہی ہیں، زبانیں نعت سرا ہیں اور سماعتوں میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے نغمے گونج رہے ہیں۔

اللہ تعالٰی حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کی اِن کاوِشوں کو شرفِ قبُولیت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{657} حضرت مولانا حافظ محمد سعید احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ چشتیہ ضیاء القرآن راہوالی، وخطیب مرکزی جامع مسجد خضراء، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی اپنے حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے سے اس **مَدَنی چینل** کو لوگوں کے لیے ذریعہ ہدایت بنائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{658} حضرت مولانا خالد جلالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ مرکز العلم، مدینہ کالونی، جناح روڈ، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل و کرم سے **دعوتِ اسلامی** پہلے بھی پوری دُنیا میں **36** مختلف شعبوں میں مصروفِ عمل ہے۔ اب جب کہ مختلف چینل عُریانی اور فحاشی پھیلا رہے ہیں۔ تو وقت کی ضرورت کے مطابق **مَدَنی چینل** نے پیغامِ حق دیا ہے۔ میری دُعا ہے **اللہ** تعالٰی اسے تا قیامت **پیغامِ حق** سُنانے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{659} حضرت مولانا سیِّد علی عابد مشہدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، زیرِ انتظام جامعہ تنظیم الاسلام، پیپلز کالونی، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

آج کے پُرفِتَن دور میں اور نفسا نفسی کے عالَم میں اِسلامی تعلیمات کو فروغ دینے کے لیے **دعوتِ اسلامی** نے ایک **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے۔ جس سے نہ صرف اِسلامی نظریات کو فروغ ملا بلکہ اِنسان کی رُوحانی اورلسانی پہلوؤں کی بھی تشفی ہوئی۔ ہم اِنتہائی وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ کفر کے مقابلے میں ایک ننگی تلوار کا کام کرے گا۔ **ہماری** دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ ایسے پروگراموں کو جاری وساری رکھے تاکہ اِسلام کا پرچم دُنیا میں بلند رہے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{660} حضرت مولانا محمد انور سعید مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ تنظیم الاسلام، 3/4 زیڈ بلاک، پیپلز کالونی، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

ضرورت جتنی جتنی بڑھ رہی ہے روزِ روشن کی
اَندھیرا اور گہرا اور گہرا ہوتا جاتا ہے

موجودہ پُرفِتَن دور میں اِسلامی تعلیمات کی ضرورت جتنی زیادہ ہے، اُسے اِتنا ہی پسِ پشت ڈالا جارہا ہے۔ دینِ اِسلام کی تَرویج وترقی کے لیے اور مسلمانوں کے قُلُوب واَذہان کی طَہارت کے لیے میڈیا کے اس دَور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز ایک عظیم کاوِش ہے، **اللہ** تعالیٰ اس کاوِش کو قبول فرمائے اور تمام مسلمانوں کو اس سے اِستِفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{661 }حضرت مولانا حافظ محمد فاضل جامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال رسول، ڈسکہ، ضیاءکوٹ (سیالکوٹ) پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی خبر سُنتے ہی میری خوشی کی اِنتہا نہ رہی جیسے کسی کو اِنعام ملے تو خوشی ہوتی ہے۔ اہلسنّت و جماعت کی عظیم دِینی و تبلیغی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے جو **مَدَنی چینل** کا سلسلہ شروع کیا ہے، یہ بہُت عظیم کارنامہ ہے۔ **خلقِ خُدا** اس سے بہُت فائدہ اُٹھا رہی ہے، جب سے **مَدَنی چینل** آیا ہے ناچیز نے اپنے حلقۂ اَحباب کو اِس کے دیکھنے اور سُننے کی تلقین کی ہے اور کر رہا ہے۔ کئی ملحد خیال **مَدَنی چینل** کو دیکھنے سے محبت سرکار صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں سرشار نظر آ رہے ہیں اور بیشک **مَدَنی چینل** عقائد میں پختگی اور عمل میں اِضافے کا سبب بن رہا ہے۔

مَدَنی چینل میں مختلف موضوعات پر بہُت مُفید گفتگو ہوتی ہے۔ اور اہلسنّت و جماعت کو **مَدَنی چینل** نے نئی تازگی اور ولولہ دیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے تمام اراکین و معاونین خُصُوصاً ولیِ کامل عاشقِ رسُول امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کو **اللہ** تعالٰی بطفیل مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نظرِ بد سے محفوظ فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{662 }حضرت مولانا سیّد محمد آصف نعیم گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فیضِ رسُول محلّہ اسلام پورہ، ڈسکہ ضیاءکوٹ (سیالکوٹ) پنجاب، پاکستان)

عصرِ حاضر الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے۔نسلِ نو کے ذِہنوں کو پراگندہ کرنے کے لیے اس میڈیا نے اَہم کردار ادا کیا ہے۔ضرورت اس امر کی تھی کہ میڈیا کے ذریعے ان مُنکرات کے سامنے بند باندھا جائے اور اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے آج اِس ضرورت کو پورا کر دیا ہے۔**امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے قرآن وسُنَّت کی ترویج واِشاعت کا بیڑا اُٹھایا ہے۔**اللہ** تعالیٰ **امیرِ اہلسنّت** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ اہلسنّت پر تادیر قائم رکھے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{663} حضرت مولانا قاری عبدالشکور مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جنیدیہ رضویہ تعلیم القرآن،ڈسکہ کلاں،ضیاءکوٹ (سیالکوٹ) پنجاب،پاکستان)

تحریری،تبلیغی اور تدریسی میدان میں **دعوتِ اسلامی** قابلِ رشک کارہائے نمایاں ادا کر رہی ہے اور دورِ حاضر میں الیکٹرانک میڈیا کے کردار سے کون واقف نہیں۔اور یہ ایک حقیقت ہے کہ آج کی جنگ میں میڈیا کے ذریعے کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔**مَدَنی چینل** کے آنے سے امیرِ اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی عاشقِ رسُول،عاشقِ مدینہ الحاج مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے جو پیارا پیارا **مَدَنی مَقصد** ہمیں عطافرمایا ہے،یعنی ''**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے**،اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔''میں صحیح معنوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{664} حضرت مولانا عبداللطیف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد پیپل والی،اندرونی بوہڑ گیٹ،مَدِینۃُ الاولیاء ملتان،پنجاب،پاکستان)

اِس پُر فِتَن دور میں **دعوتِ اسلامی** کا وُجُود اہلسنّت کے لیے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رحمت اور نعمتِ عظمٰی ہے، جس محنت اور اِخلاص سے گھر گھر سُنّتوں کا پیغام پہنچانے کا بیڑا دعوتِ اسلامی نے اُٹھایا ہے یہ **اللہ** تعالٰی عَزَّوَجَلَّ کا خُصُوصی کرم اور نبیِّ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی نگاہِ شفقت ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے گھر گھر نیکی کی دُھوم مچادی ہے۔ اس سے سُنّتیں عام ہو رہی ہیں، بہُت سے لوگ راہِ راست پر آ چکے ہیں، اس گندے ماحول میں **مَدَنی چینل** نوجوانوں کو پاکیزہ راستہ دِکھانے کے لیے بہتر کام کر رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کو شروع فرما کر امیرِ اہلسنّت سیدّی وسندی مُرشِد کامِل حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے اہلِ اسلام پر بہُت بڑا احسان فرمایا ہے۔ ہم دِل کی گہرائیوں سے حضرت قبلہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے شکر گزار ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{665} حضرت مولانا محمد یعقوب رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رضویہ، سردار المدارس اہلسنّت، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اِسلامی غیرت مند سُنّیوں کی تنظیم ہے جو کہ عاشقِ رسُول مجدِّد دین وملّت اعلیٰ حضرت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے مَسلک اور نظریات کی مُبلِّغ ومؤید ہے اور انھوں نے امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی قیادت میں جس محنت اور لگن کے ساتھ اس پُر آشوب اور پُرفِتَن دور میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی شمع روشن کی ہے، ان کے بھرپور کردار سے بد مذہب پریشان ہوئے اور دُنیا کے کئی ممالک میں سبز عماموں کی بہار نظر آ رہی ہے۔

الیکٹرانک میڈیا میں **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک نعمتِ خداوندی

عَــزَّوَجَــلَّ ہے۔ جہاں بے غیرتی، بے حیائی اور فحاشی پھیلانے والے چینلز کی بھر مار ہے وہاں **مَدَنی ماحول** کا ایک **مَدَنی چینل** بھی موجود ہے، جو نسلِ نو کو سنوارنے، حیا و غیرت کی تعلیم دینے اور سُنّتیں سکھانے میں اَہم کردار ادا کر رہا ہے۔

اللہ کریم عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اپنے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل اسے دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور اس دور میں دینِ متین اور اکابرینِ اُمت کی تعلیمات کو پھیلانے کی سعادت نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{666} حضرت مولانا محمد یوسف سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ صابریہ سراجیہ، پیپلز کالونی، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

ہمارا یہ دور الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے اور میڈیا افکار و نظریات پھیلانے کا بہترین و مؤثر ذریعہ ہے۔ بَہُت سے لوگوں نے اپنے مخصوص نظریات و اِعتقادات پھیلانے کے لیے مختلف ناموں سے چینلز شروع کر رکھے ہیں اور وہ اپنے گمراہ کن اور باطِل نظریات کو شب و روز پھیلا رہے ہیں اور اُمتِ مُسلِمہ کو گمراہ کرنے کے لیے شیطانی سازشیں کر رہے ہیں۔ ایسے حالات میں **مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اُن کا مقابلہ کرنے کا مؤثر ذریعہ بنے گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{667} حضرت مولانا محمد فیاض قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ صابریہ سراجیہ، امام وخطیب جامع مسجد نورانی پیپلز، کالونی سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

آج کا دور میڈیا کا دور ہے جس میں نئی نسل کو اَخلاقی پستیوں میں دَھکیلا جارہا ہے اور نئی نسل کو تباہ کیا جارہا ہے۔اس دَور میں قرآن وسُنَّت کی تعلیم کو عام کرنا اور گھر گھر پہنچانا ایک اَہم فریضہ ہے۔جس کو **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت بر کا تھم العالیہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے سر اَنجام دے رہے ہیں اور نئی نسل کو عُریانی، فحاشی اور بے حیائی سے بچا کر راہِ راست پر لانے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{668 }حضرت مولانا محمد جاوید رضا مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس جامعہ صابر یہ سراجیہ، خطیب جامع مسجد علی اقبال نگر، سردا آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

آج کے اِس پُر فِتَن دور میں نت نئی الحادی تحریکیں جنم لے رہی ہیں، جگہ جگہ میڈیا اور انٹرنیٹ وغیرہ سے فحاشی کے اَڈّے قائم ہو چکے ہیں، نام نہاد روشن خیالی کا سیلاب طغیانیوں پر ہے، فِسق وفجور کا آتش فشاں پھٹ رہا ہے، بدعقیدگی اور بدعملی کے سوداگر الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے گلی گلی، مَحلّے مَحلّے میں داخِل ہو چکے ہیں۔مُنافقت اور خِیانت کی دُکانوں پر رَش بڑھ رہا ہے اور اِیمان وامانت کے گاہک کم ہو رہے ہیں۔ایسے میں اہلِ حق کی ذِمَّہ داریاں پہلے سے بھی بڑھ گئی ہیں۔**اللّٰہ** تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے عُلَمائے اہلسنّت کے دِل جیت لیے ہیں۔جہاں ایک طرف میڈیا کے ذریعے عُریانی، فحاشی اور بے حیائی کے لاوے پھوٹ رہے ہیں، وہاں اب **مَدَنی چینل** کے ذریعے قرآن وحدیث کے چشمے پھوٹ رہے ہیں جس سے اُمتِ مُسلِمہ اپنے دِلوں کی خشک کھیتیوں کو سیراب کر رہی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مُبلِّغینِ دعوتِ اسلامی کے خطابات اِنتہائی پُر مَغز اور مُقتضائے حال کے عین مطابق ہیں، اَندازِ بیان اور اُسلوبِ تفہیم اِنتہائی سلیس ومؤثر ہے۔جس کی جھلک **مَدَنی چینل** میں نمایاں طور پر دِکھائی

دے رہی ہے۔فقیر اپنی طرف سے قبلہ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو اس عظیم کاوِش پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے اور اہلسنّت وجماعت کو امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی ذات والاصِفات سے بَہُت سی تَوَقُّعات وابستہ ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کے علم وعمل اور دینی خدمات میں مزید بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{669} حضرت مولانا قاری رجب علی عاصم فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد قادریہ، چک نمبر 7/4 تحصیل کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اِس پُر فِتَن دور میں ہمیں شیخ طریقت امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ جیسی عظیم شخصیت سے نوازا ہے اور آپ کے زیرِ سایہ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا۔کئی بار **مَدَنی چینل** دیکھنے کی سعادت نصیب ہوئی، یوں لگا گویا امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے اُمتِ مُسلِمہ میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی ایک نئی رُوح پھونک دی ہے اور ایک دیرینہ خواہش جو کہ ہر باشُعور مسلمان کے دِل میں انگڑائی لیتی تھی، وہ پوری ہوئی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{670} حضرت مولانا محمد سلیم اعوان چشتی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ انوار مصطفٰی، ذیشان کالونی، کمالیہ دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز نے **مَدَنی چینل** کی ٹیسٹ ٹرانسمیشن دیکھی۔اس میں نشر کئے جانے والے پروگرامز کو دیکھا۔مَاشَاءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی بَہُت ہی اچھی کاوِش ہے کیونکہ اب سوسائٹی میں الیکٹرانک میڈیا معلومات اور تبلیغ کا ایک بَہُت اچھا اور اَہم ذریعہ بن چکا ہے۔ایسے میں **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے خالِصتاً اہلسنّت وجماعت

کے لیے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک خوش آئند اَمر ہے۔ اس چینل کے ذریعے نہ صرف مَسلکِ حقّہ کو تقویت ملے گی بلکہ ہم اپنی عاقبت کو بھی سُنوار سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نوجوان طبقہ جو اسی میڈیا کی تباہ کاریوں کا شکار ہو چکا ہے اسے راہِ راست پر لا کر دینِ اسلام کی اِطاعت گزاری پر گامزن کرنے کی سعی ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے پیارے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل اس کاوِش کو قبول فرمائے اور ہم سب کے لیے ذریعۂ نجات بنائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{671} حضرت مولانا مفتی غلام حیدر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث دارالعلوم شمس المدارس، سیال شریف، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِ اللّٰہ تعالٰی بندہ دعوتِ اسلامی سے محبت رکھتا ہے اور یہ تحریک دینِ اِسلام کی دعوت عام کر رہی ہے اور لوگوں کو بدعقیدگی سے حتَّی الامکان بچانے کی کوشش کر رہی ہے۔ خُصُوصاً جو حال ہی میں **مَدَنی چینل** کو دیکھنے کا اِتّفاق ہوا، اِس میں فقہی مسائل اور نعت وتقاریر کا سلسلہ جاری تھا، بڑا متأثر ہوا اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کیا کہ جو اسکرین بے حیائی اور فحاشی کو پروان چڑھا رہی تھی **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے اُسی اسکرین سے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ذکر عام ہو رہا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ تعالٰی** اپنے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل **مَدَنی چینل** کو ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{672} حضرت مولانا قاری احمد نواز چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس ادارہ معین الاسلام بیربل شریف، تحصیل شاہ پور گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

یہود و نصاریٰ جو کہ مسلمانوں کے اَزلی دُشمن ہیں۔ انہوں نے میڈیا کے ذریعے نوجوان نسل کو تباہ کرنے اور اُن سے اِیمان کی دولت چھیننے کی مذموم کوشش کی۔ جس کی وجہ سے مسلمان نوجوان گمراہی کی دلدل میں پھنستے جا رہے تھے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدنی چینل** جو کہ مکمل اِسلامی چینل ہے اس کے ذریعے بھٹکے ہوئے آہُو کا پھر حرم سے رابطہ ہوجائے گا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ مولانا الیاس عطّار قادری صاحب کو عمرِ خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{673} حضرت مولانا مفتی پیر سیّد علی اکبر شاہ نقوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ نورالھدیٰ فیض آباد، مفتی ومدرس جامعہ امینیہ رضویہ سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ جب سے قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** قائم ہوئی، تب سے نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنَّت مُبارَکہ کی میٹھی میٹھی خوشبوئیں اہلِ اِیمان کے قُلُوب واذہان اور ماحول کو مُعطَّر کرتی چلی آرہی ہیں۔ اگرچہ بعض حاسدین نے **دعوتِ اسلامی** کے مُبلِّغین کو جاہل وغیرہ کے طعنے دے کر ان کے حوصلوں کو پَست کرنے کی ناکام کوشش کی لیکن **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم اور نبی اکرم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے نعلینِ مُقدّس کے طُفیل دعوتِ اسلامی کے عُلَماء اور مُبلِّغین کے علمی وتحقیقی کام کے سامنے وہ طِفل ناتواں نظر آتے ہیں اور دعوتِ اسلامی کے تحقیقی کام نے اہلِ علم وقلم کو وَرطۂ حیرت میں ڈال دیا۔

اب چند ماہ پہلے امیر اہلسنّت، حقیقی عاشقِ رسُول، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ نے تبلیغِ دینِ متین اور اِحیائے سُنَّت کیلئے **مَدنی چینل** کا اِفتتاح کرکے ان حاسدین کے لیے جلتی پر تیل کا کام کیا اور مَیں سمجھتا ہوں کہ حضرت امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے **مَدنی چینل** شروع فرماکر کوئی حرام یا غلط کام نہیں کیا بلکہ بے حیائی، فحاشی، عُریانی اور میڈیا پر چھائے ہوئے

مذاہبِ باطِلہ کے خلاف اعلانِ جہاد کیا ہے اور مجھے اُمید بھی حضرت امیر اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ سے تھی کہ میڈیا پر آ کر ایسی بُرائیوں کے سامنے بند باندھنے کی طاقت وصلاحیت اگر کسی میں ہے تو وہ حضرت امیر اہلسنّت زید مجدہٗ کی ذات گرامی میں ہے۔اس لیے کہ بُرائیوں سے نفرت اور سُنّتوں سے محبت کی مَدَنی صلاحیتیں **اللّٰہ** تعالیٰ جلّ شانہٗ نے بچپن ہی سے امیر اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ کی ذات میں ودیعت کر رکھی ہیں۔

لٰہذا امیر اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ کی خدمت میں میری مَدَنی التجا ہے کہ اس **مَدَنی چینل** کو مزید بہتر بنا کر خوب خوب دینِ متین کی خدمت کریں تا کہ بے حیائی وفحاشی اور مذاہبِ باطِلہ کا قلع قمع ہو۔میری اور میرے دوست،احباب کی طرف سے آپ دامت بر کاتھم العالیہ کو اور آپ کے ساتھیوں کو **مَدَنی چینل** شروع کرنے پر دِل کی اَتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد قبول ہو۔**اللّٰہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ آپ کا اور آپ کے معاونین کا حامی وناصر ہو،آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{674} حضرت مولانا قاری سیِّد افتخار علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مصطفائی،پیپلز کالونی نمبر۲،غوثیہ چوک،سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب،پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلّ اہلسنّت وجماعت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا اِسلامی چینل جس کا نام **مَدَنی چینل** ہے دیکھ کر بہُت زیادہ خوشی ہوئی۔**اللّٰہ** تعالیٰ سے دُعا ہے کہ اپنے پیارے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے آپ کو اسی طرح مزید ترقّیاں عطا فرمائے،آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{675} حضرت مولانا صاحبزادہ منعم حسنین صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم کریمیہ رضویہ وصدر تنظیم العلماء اہلسنّت وجماعت دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب،پاکستان)

میڈیا کی دُنیا میں **مَدَنی چینل** وہ روشن چراغ ہے جو گناہ اور بداَعمالیوں کے اندھیروں کو اپنی مَدَنی کِرنوں سے ہمیشہ کے لیے ختم کررہا ہے۔ یہ اہلِ علم اور عوام النّاس کے لیے یکساں مُفید ہے۔ یہ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ ہی کی کرامت ہے کہ جنہوں نے بے راہ روی کی شکار نوجوان نسل کے دِلوں کو عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے نُور سے مالا مال کردیا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے سے **مَدَنی چینل**، **دعوتِ اسلامی** اور اہلسنّت و جماعت کی ہر تحریک کو دن دُونی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{676} حضرت مولانا حافظ محمد ارشد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ رضویہ، شاہدرہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنّت کی غیر سیاسی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** نے جہاں بہُت سے شعبوں میں گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ وہاں اُن کا اہلسنّت پر ایک عظیم اِحسان **مَدَنی چینل** کی صورت میں ہے۔ اس وقت معاشرے میں جو دِین سے دُوری، بدعقیدگی، فحاشی وعُریانی کی یلغار ہے۔ اس کے تدارک میں یہ چینل ایک سیسہ پلائی ہوئی دِیوار کی حیثیت رکھتا ہے۔ خاص طور پر اس وقت فکرِ اعلیٰ حضرت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کو عام کرنے کی ضرورت ہے اور موجودہ دور میں خالصتاً شرعی چینل کوئی نہیں ہے۔ ان دونوں کاموں کے لیے **مَدَنی چینل** کا منظرِ عام پر آنا اہلسنّت و جماعت کے لیے کسی خوشی سے کم نہیں ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ کی مَدَنی حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے دعوتِ اسلامی و بانیٔ دعوتِ اسلامی کی خیر فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّ وَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{677} جگر گوشۂ خلیفہ محدِّث اعظم پاکستان حضرت مولانا عطاء الرسول رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ نوریہ رضویہ انوارالقرآن، اندرون بوہڑ گیٹ، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دیکھنے کا کئی بار اِتّفاق ہوا، اور اس چینل کو ہم نے خوب سے خوب تر پایا۔ اس پُرفِتَن دور میں الیکٹرانک میڈیا کی یلغار اور یہود و ہنود کے ناپاک پروگرامز اور دیگر حضرات جو اِسلام کا لبادہ اَوڑھ کر اِسلام کے خلاف زہر اُگل رہے ہیں۔ ان کا سدِّ باب کرنے کے لیے اور مَسلکِ رضا کی تعلیمات کو عام کرنے کے لئے قبلہ امیرِ اہلسنّت ابو بلال علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کا اِجراء فرمایا ہے۔ قابلِ تحسین عمل ہے۔

فقیر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دُعا گو ہے کہ اس **مَدَنی چینل** کے فیضان کو تا قیامت جاری فرمائے اور اس کاوِش پر مرکزی مجلس شوریٰ کو بھی **اللہ** تعالیٰ اَجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّ وَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{678} حضرت مولانا محمد یار رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد المدینہ، مہتمم مدرسہ و جامعہ انوار حبیب، بستی ملوک، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ نیک اَعمال کی ترغیب دینے والی قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے ایک اور تبلیغی اِقدام **مَدَنی چینل** کے عالم وُجود میں آنے کی خبر سن کر انتہائی مَسرَّت ہوئی۔ **اللہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی کے اس اِقدام کو بھی کامیابی و کامرانی سے ہمکنار فرمائے۔ دعوتِ اسلامی والوں نے **مَدَنی**

چینل شروع کر کے اُمتِ مُسلِمہ پر احسان فرمایا ہے۔

مَدَنی چینل وہ واحد چینل ہے جس کو دیکھ کر آنکھیں بے حیائی سے محفوظ رہتی ہیں۔ یہ چینل موجودہ دور کی علمی ضروریات کو پورا کر رہا ہے۔ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ وقت کے تقاضوں کے عین مطابق اہلِ اسلام اور اہلِ ایمان کی رہنمائی فرما رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** اس پُرفِتن دور میں عریانی، فحاشی اور بے حیائی کے خلاف بہُت بڑا اجہاد ہے **میری** دِلی دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو تا قیامت جاری رکھے اور ہر مسلمان کو **مَدَنی چینل** دیکھنے کی عادت پڑ جائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{679} حضرت مولانا قاری محمد سلیمان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب علی مسجد، علی پارک، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

جس طرح دینِ اِسلام کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کی ناپاک جسارت کرنے والوں کی کسی بھی دور میں کمی نہیں پائی گئی۔ بالکل اِسی طرح اِن ناپاک جسارت کرنے والوں کا مقابلہ کرنے والے غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے وُجُودِ مَسعُود سے بھی کوئی دور خالی نہیں رہا۔ چُنانچہ اُن بندگانِ عالیشان میں سے دورِ حاضر کی معروف و متقی شخصیت بانئ دعوتِ اسلامی حضرت شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ بھی ہیں جنہوں نے اپنی مختصر سی زندگی میں دینِ اِسلام کی بلا شک وشُبہ بے پناہ خدمت کی ہے اور بڑے اَحسَن انداز میں دعوتِ اسلامی کو مختلف شُعبوں میں تقسیم کر کے اُن کو دوام بخشا ہے۔ **مَدَنی چینل** بھی اپنی اَہمیت کے لحاظ سے تمام شعبوں پر فوقیت رکھتا ہے۔ **اللّٰہ** کریم عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو جلد از جلد مستقل چلنے کی توفیق عطا

فرمائے، یہ چلتا اور پھیلتا رہے کہ جتنا یہ پھیلے گا گویا اِسلامی احکام اُتنے ہی عام ہوں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اِس کے چلانے والوں کوخیر و عافیت کے ساتھ عمرِ خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{680} حضرت مولانا محمد مدثر حسین ساجد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی مسجد غوثیہ شاہ پور، صدر گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

ملّتِ اسلامیہ آج جس موڑ پر ہے، اس کا اندازہ ہر شخص لگا سکتا ہے۔ اسے ایک ایسے رہبر اور قائد کی ضرورت ہے جو اُسے اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لائے اور اس کے سامنے اس کی عملی تصویر ہو۔ **مَدَنی چینل** موجودہ دور میں ایک ایسا چینل ہے جو اس وقت **اللّٰہ** تعالٰی عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے بتائے ہوئے راستے کے مطابق زندگی گزارنے کی عملی تصویر اَحسَن انداز میں لوگوں کے سامنے پیش کر رہا ہے۔ موجودہ دور میں اِنسان کو ایک ایسی شخصیت کی اَشدّ ضرورت تھی جو ان کے سامنے **اللّٰہ** تعالٰی کے احکامات اور سُنَّتِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کو عملاً پیش کرے۔

مَدَنی چینل نے اُمتِ مُسلمہ کی اس کمی کو پورا کر دیا ہے اور اس سے نہ صرف مسلمانوں بلکہ غیر مُسلِموں کو بھی فائدہ حاصل ہو رہا ہے اور کئی کفّار اسلام کی دولت سے مالا مال ہو رہے ہیں۔ **اللّٰہ** تعالٰی سے دُعا ہے کہ وہ علامہ محمد الیاس عطّار قادری صاحب کی اس کاوِش کو قبول فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

الٰہی شکر کروں کتنا فخر کروں کتنا
تیرے کرم نے مجھے فائز المرام کیا

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{681 }حضرت مولانا حافظ ظفر حسین ظفر فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد،علی پور، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل دُنیائے اِسلام کا وہ عظیم اور منفرد چینل ہے جسے دیکھ کر قلُوب واَذہان کو سُکون ملتا ہے۔اُمتِ مصطفٰے کیلئے عظیم تحفہ ہے یہ واحد چینل ہے جس میں دُنیاوی بریک (وقفہ) تک نہیں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{682 }حضرت مولانا عبدالمجید اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ فاروقیہ فریدیہ، جامع مسجد بہادر خان، تحصیل علی پور، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

ٹیلی ویژن دیکھنا بذاتِ خود بُرا نہیں ہے، بشرطیکہ اس میں کوئی غلط پروگرام نہ ہو، مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** بہترین چینل ہے اور دینِ اسلام کی اِشاعت کا بہترین ذریعہ ہے۔اس کے علاوہ سُوال وجواب کا پروگرام بہُت اچھا ہے، جس میں لوگوں کو مسائل پوچھنے میں بڑی آسانی ہوتی ہے۔میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی اس کو قائم ودائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{683 }حضرت مولانا حافظ یاسر عرفات مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فارغ التحصیل جامعہ نعیمیہ، مرکز الاولیاء لاہور، حال مقیم تحصیل وضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا درس دینے والی تحریک ہے۔

اس تحریک کا ہر کام سُنّتِ نبوی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی پیروی ہے۔ اس نے جس شعبہ میں بھی کام کیا اُس میں اپنا لوہا منوایا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے مزید ترقی اور کامیابی عطا فرمائے اور عوام النّاس کے لیے راہِ ہدایت ثابت ہو، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{684 } حضرت مولانا حافظ محمد احمد رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد کریم، نزد ریلوے اسٹیشن، گڑھی شاہو، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی بے شُمار شعبہ جات میں مختلف انداز میں قرآن وسُنَّت کا پیغام پہنچا رہی ہے۔ ہر دور میں میڈیا کا کردار اَہم رہا ہے، الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے اِنسان اپنا پیغام بڑے اَحسن انداز میں لوگوں تک پہنچا سکتا ہے۔ **مَدَنی چینل** وقت کی ایک اَہم ضرورت ہے اور اس ضرورت کو **دعوتِ اسلامی** نے پورا کیا اور معاشرے کو راہِ حق پر گامزن کرنے کی ایک اچھی ترغیب ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگ راہِ حق پر گامزن ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ **اللہ** ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو اور **مَدَنی چینل** کو نظرِ بد سے محفوظ رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

{685 } حضرت مولانا الطاف احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، خیر پور، سادات مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز نے متعدد بار **مَدَنی چینل** کا پروگرام سُنا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اسے مُفید پایا۔ گزشتہ

ہفتہ اِفتتاحِ بخاری شریف کا پروگرام تھا، اَسنادِ بخاری شریف اور فضائلِ بخاری شریف پر بحث سے بَہُت متأثر ہوا۔ تبلیغی پروگرام بَہُت اچھا ہو رہا ہے اس پروگرام سے لوگ دِینی فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ مزید بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{686} حضرت مولانا حافظ عبد الغفور صابری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، اندرون صدر بازار، علی پور، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

جب سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے، دِل باغ باغ ہو گیا ہے۔ ایسے مذہبی چینل کی عالَمِ اسلام کو اَشدّ ضرورت تھی جس میں نماز، وُضُو، غسل اور دیگر اَحکامِ اِسلام کے بارے میں عوام النّاس کو رہنمائی حاصل ہو۔ امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کا بذاتِ خود غسل، وُضُو اور نماز کے اَحکام سکھانے کا سِلسلہ بَہُت پسند آیا۔

اس چینل کا آغاز بَہُت پہلے ہو جانا چاہیے تھا تا کہ عالَمِ اِسلام اس سے خوب خوب فوائد حاصل کرتا۔ اس عظیم الشّان **مَدَنی چینل** کے آغاز پر امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس قادری عم فیوضھم اور دیگر اَراکینِ مرکزی مجلسِ شوریٰ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی و بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو قیامت تک شاد و آباد رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{687} حضرت مولانا پروفیسر قاضی ندیم احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابق صدر جماعت اہلسنّت، علی پور، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل جتنے دِن دیکھنے کو ملا، رُوح پُرکیف رہی اور محسوس ہوا کہ غلامانِ مصطفٰے کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم دِینی جذبہ سے سرشار اِصلاحِ ملت کیلئے کوشاں ہیں۔ جب سے یہ چینل بند ہوا ہے، دِل و دِماغ افسردہ اور خدمتِ دین کا ایک باب بند ہوتا ہوا نظر آیا ہے۔ آپ دامت برکاتہم العالیہ کی اور آپ کے رُفقاء کی کوششیں بارآور ہوئیں، **مَدَنی چینل** پھر دیکھ کر قلبی تسکین ہوئی۔ **اللہ** تعالٰی عَزَّوَجَلَّ آپ دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے رُفقاء کا سایہ تادیر قائم رکھے۔ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{688} حضرت پیر مخدوم سیِّد فضل حسین شاہ گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین بستی فقیر شاہ، خیر پور سادات، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کا آغاز ایک اِنتہائی اَحسَن اِقدام ہے، اس سے عوام اور خواص کو کافی مُفید معلومات حاصل ہو رہی ہیں۔ میرا ناقص مشورہ ہے کہ مقامی زبانوں میں بھی پروگرام شروع کیے جائیں، تاکہ اس سے عام لوگوں تک بھی قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کا پیغام پہنچ جائے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی دعوتِ اسلامی کو مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{689} حضرت مولانا محمد ایاز سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بستی لودھراں، خیر پور سادات، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِہٖ تعالیٰ یہ جان کر از حد مَسرَّت ہوئی کہ کیبل پر باقاعدہ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہو چکا ہے۔ اِس دَور میں جہاں بَدی کی تمام قوتیں یکجا ہو کر اِسلامی تعلیمات وثقافت کو مِٹانے اور مغربی تہذیب کو اُجاگر کرنے کے لیے رَواں دَواں ہیں۔ اب وقت کا تقاضا ہے کہ **باطِل** کا منہ کالا کرنے کے لیے اور **حق** کا بول بالا کرنے کے لیے ہمہ جہت **دعوتِ دین** کا پھریرا (پرچم) لہرایا جائے۔

اس اَمر کو جھٹلایا نہیں جاسکتا کہ معاشرے کی اِصلاح کیلئے میڈیا اِنتہائی اَہم ہے۔ **مَدَنی چینل** کے مَعرضِ وُجُود میں آنے سے نہ جانے کتنی آنکھیں ایسی ہوں گی جو اس کی نَشریات سے پُرنَم ہوتی ہوں گی اور کتنے چہرے ایسے ہوں گے جن کی شقاوت سعادت میں بدل چکی ہوگی۔

جب جمہور علماء اور عصر حاضر کے داعیان اِس نکتے پر مُتَّفِق ہیں کہ ہر حال اور ہر میدان میں **دعوتِ دین** کا کام جاری رہنا چاہیے، تو اب **دعوتِ اسلامی** پر لازم ہے کہ وہ یہ شعبہ خالی نہ چھوڑے اور اپنا مذہبی فریضہ سرانجام دے تاکہ بگاڑ کی تمام قوتیں نیست و نابود ہو جائیں اور اِصلاحِ اَحوال کا دروازہ کُھل جائے۔ نوجوانوں کے دِل خشیتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ سے لبریز ہوں اور اَجرِ کثیر کی دولت مُیَسَّر آئے۔ **اللہ** تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{690} حضرت مولانا سیِّد مبارک علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد عثمانیہ، خیر پور سادات، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز نے کئی مرتبہ **مَدَنی چینل** کا پروگرام دیکھا، حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار

قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی زِیارت کا شرف حاصل ہوا بے حد خوشی ہوئی، **اللّٰہ** تعالیٰ آپ کو عمرِ خضر عطا فرمائے اور آپ ہمیشہ پروگرام کو شرف بخشتے رہیں۔ **مَدَنی چینل** میں اِصلاحِ اعمال کیساتھ ساتھ اِصلاحِ عقائد کے پروگرام بھی نشر کرنے چاہئیں۔ لہٰذا ناقص مشورہ ہے کہ جتنا وقت اِصلاح اَعمال کو دیا جاتا ہے اُتنا ہی وقت اِصلاح عقائد کو بھی دیا جائے تا کہ نوجوان طبقہ اپنے اَعمال کے ساتھ ساتھ عقائد کو بھی مضبوط کرسکیں۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اہلسنّت کے اس ادارہ کو تا قیامت قائم و دائم رکھے اور دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{691} حضرت مولانا قاری منظور احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ کوثر الخیرات للبنات، خطیب جامع مسجد نور الاسلام، شاہ رکن عالم کالونی، ملتان، پنجاب، پاکستان)

فی زمانہ دُشمن طاقتیں الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے جس طرح دِین اِسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کر رہی ہیں، ضروری تھا کہ ان کا جواب بھی اسی انداز میں دیا جائے۔ اس ضمن میں امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے بہُت بڑا کارنامہ اَنجام دیا ہے کہ عقائدِ اہلسنّت کی صحیح ترجمانی کرنے والا پہلا **مَدَنی چینل** متعارف کروایا۔ یقیناً الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے طاغوتی قوّتوں کے نہ صرف ناپاک عزائم خاک میں ملیں گے بلکہ یہ **مَدَنی چینل** مسلمانوں کیلئے فحاشی وعُریانی کے خلِاف ایک بہترین ذریعۂ جہاد ہوگا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ قبلہ امیر اہلسنّت دامت بر کا تھم العالیہ کا سایہ ہم پر تا دیر قائم و دائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{692} حضرت مولانا سیف الرحمٰن سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال، نور شریف پورہ، مَدِینۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ غیر سیاسی اور خالصتاً مذہبی تنظیم **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا مَسلکِ حق اہلسنّت و جماعت اور فروغِ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا بہترین ذریعہ ہے اور اس گئے گزرے دور میں جب کہ نسلِ نو بد عملی اور بد عقیدگی کی طرف مائل ہوتی جا رہی ہے اور ہر سُو نئے نئے فتنے مذہبی رُوپ کا لبادہ اوڑھے سر اُٹھا رہے ہیں۔ تو اس صورتِ حال میں جس طرح دعوتِ اسلامی نے **سُنَّتوں بھرے اِجتماعات، مدارس المدینہ** اور تبلیغی وُفو د یعنی **مدنی قافلوں** سے مسلکِ رضا کا پرچار کر کے اِسلامی خدمات اَحسَن طریقہ سے سرانجام دیں۔ اِسی طرح حالاتِ حاضرہ کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے بدعملی، بدعقیدگی اور جہالت کی تاریکی کو دور کرنے کے لیے مزید الیکٹرانک میڈیا پر **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے مِلّت بیضا پر اِحسان کیا ہے اور اس مادیت پرستی کے دور میں میڈیا کے ذریعے گھر گھر دینِ اسلام کا پیغام پہُنچایا ہے۔ **کثیر** نوجوان **مَدَنی چینل** کے پاکیزہ پروگرام دیکھ کر دینِ حق کی طرف راغب ہو رہے ہیں۔ خشیتِ الٰہی اور دِینی ذوق پیدا ہو رہا ہے، عوام النّاس کی پاکیزہ ذِہن سازی ہو رہی ہے۔

نبّاضِ عصر پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو **اللہ** تعالٰی صحت و عافیت کے ساتھ عمرِ خضر عطا فرمائے کہ آپ کی سرپرستی میں دِینِ متین کا کام مختلف ذرائع سے فروغ پا رہا ہے اور مَسلک کا درد رکھنے والے عاشقانِ رسُول بے حد خوش ہیں۔

دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی سرکارِ دوعالم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے وسیلے سے **دعوتِ اسلامی** کو اِحیائے دین، اِصلاحِ اُمت اور فروغِ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کیلئے **تاقیامت قائم** و دائم رکھے اور حاسدین کے حسد سے محفوظ و مامون فرمائے۔ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{693} حضرت مولانا طارق محمود چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رضویہ معین الاسلام، شاہدرہ، مرکز الاولیاء، لاہور، پنجاب، پاکستان)

اللہ جَلَّ جلالہٗ اور اُس کے پیارے محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے فضل وکرم سے آج کے اس میڈیا کے دور میں اہلسنّت و جماعت نے بڑی ترقی کی ہے۔ بِالخُصُوص **مَدَنی چینل** کا اِجرا اہلسنّت و جماعت کے لیے ایک بہُت بڑی خوشی وکامیابی کی ضمانت ہے کیونکہ یہ **مَدَنی چینل** **اللہ** تعالٰی اور نبی پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کے پرچار کا سبب ہے اور عقائدِ اہلسنّت و جماعت کا ترجمان ہے اور دِین اِسلام کی تبلیغ کا ذریعہ ہے۔ **اللہ** تعالٰی اپنے پیارے محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توسُّل سے مسلکِ اہلسنّت و جماعت کو بَرَکت وترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{694} حضرت مولانا قاری محمد سلیم اشرف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غلہ منڈی، جہانیاں، مَدِینَۃُ الْاَولِیاء ملتان شریف، پنجاب، پاکستان)

دورِ حاضر کے تقاضوں اور اِنسانی رابطوں کے مُرَوَّجہ نظام کو سمجھ کر تَعَلُّق بِاللہ اور تَعَلُّق بِالرَّسُول پیدا کرنا یہ دعوتِ اسلامی کا شِعار ہے اور **مَدَنی چینل** بھی اس کی ایک اَہم ترین کڑی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{695} حضرت مولانا محمد فاروق مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حضرت پیر داد حیات و جامع مسجد مولوی دین والی، جمال روڈ ملتان، پنجاب، پاکستان)

یہ جان کر دِلی خوشی ہوئی کہ اہلسنّت و جماعت کی غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے آغاز سے مسلکِ اہلسنّت کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے اَحکاماتِ شریعت گھر گھر پہنچیں گے اور لوگ زیادہ سے زیادہ شرعی اَحکام سے مُستَفِید ہوں گے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے اور حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی عمر دراز فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{696} حضرت مولانا سیّد فیض حسین شاہ گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع اُمّ سلمہ، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج کے اس گئے گزرے دور میں دینِ متین کی جو خدمت دعوتِ اسلامی کر رہی ہے اس کی مِثال نہیں ملتی۔ خاص طور پر دعوتِ اِسلامی کی **مَجلِس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیّۃ** علمی و تحقیقی میدان میں خدمات سرانجام دے کر لوگوں کو فیض یاب کر رہی ہے اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے بھی دِین کی بہترین ترویج واِشاعت ہو رہی ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{697} حضرت مولانا محمد توفیق حامدی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر تنظیم فروغ مسلکِ اہلسنّت وخطیب مرکزی جامع مسجد ٹھنڈی، شریف پورہ، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل اہلسنّت و جماعت کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ یہ فروغِ مسلکِ اہلسنّت اور فروغِ

عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا بہترین ذریعہ ہے اور آج اس مادہ پرستی کے دور میں **مَدَنی چینل** ایک عظیم خدمتِ خلق کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کی زندگیوں میں مَدَنی انقلاب برپا ہو گیا ہے۔ مَیں علاقے بھر کے علمائے کرام کی تنظیم فروغِ مسلکِ اہلسنّت کا صدر ہونے کی حیثیت سے امیرِ اہلسنّت علامہ مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے **مَدَنی چینل** کا تحفہ اہلسنّت و جماعت کو عطا فرمایا اور عوامِ اہلسنّت پر بہُت بڑا احسان کیا اور مَیں دُعا گو ہوں کہ **اللّٰہ** تعالٰی **مَدَنی چینل** کو ترقی کی راہوں پر گامزن فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{698} حضرت مولانا محمد عباس باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الجامعہ، رضائے مصطفٰے تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اس پُر فِتن دور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگوں کے قُلُوب واَذہان مُنوَّر ہو رہے ہیں۔ عقائد واَعمال کی پختگی، اِصلاحِ احوالِ اُمت اور خُصُوصاً اہلسنّت و جماعت کی ترویج وتشہیر ہو رہی ہے۔ **مَدَنی چینل** میڈیا کے سیلابی طوفانوں کے سامنے مضبوط قلعہ ہے اور رحمتِ خداوندی سے نئی نسل کو بے راہ روی اور بدمذہبی سے بچانے کے لیے **مَدَنی چینل** کا اَہم کردار ہے اور دینِ متین کی بے پناہ خدمت ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{699} حضرت مولانا محمد نواز شاہ مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فریدیہ، انصار کالونی، مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے زیرِ قیادت دعوتِ اسلامی کا

مَدَنی چینل عوام النّاس، علماء اور طلباء کے لیے نہایت مُفید ہے۔ اس کے دیکھنے والے کو مذہبی پروگرام سن کر بہُت سے دینی مسائل سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ اس کو دیکھنے اور سننے والے کثیر علمِ دین حاصل کرتے ہیں۔ حکومتِ وقت سے گزارش ہے کہ اسے مستقل اِجازت نامہ جاری کیا جائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{700} حضرت مولانا فیض المصطفٰے شاہد اعظمی شاہ جمالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ کاظمیہ شاہ جمالیہ، اعظم المدارس، جام پور، ضلع راجن پور، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِ اللّٰہِ تَعَالٰی آج کے اِس پُر فِتَن دور میں دعوتِ اسلامی خالصتاً دینی، مذہبی اور عملی خدمات سرانجام دے رہی ہے اور مسلکِ حقّہ اہلسنّت و جماعت کی صحیح ترجمانی کر رہی ہے۔ **دعوتِ اِسلامی** کے بانی، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری زید مجدہٗ سراپا عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے سرشار ہیں اور ان کی تبلیغ اور تربیت کے اَثرات نے ان کے ہر رُکن کو عشقِ محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا مُجَسّمہ بنا دیا ہے۔ ان کے ہر مُبلّغ سے عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خُوشبو آتی ہے۔ اِس عالمگیر تحریک نے مختصر سے وقت میں بلادِ عرب وعجم میں اپنی مؤثرانہ تبلیغ سے صرف عمل کی اِصلاح ہی نہیں کی بلکہ عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا بھی درس دیا ہے۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی اس صحیح المسلک دعوتِ اسلامی کو تا قیامت فروغِ دین کے لئے اِستقامت عطا فرمائے اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کا سایۂ شفقت تا دیر قائم رکھے اور ان کی عمر، صحت، علم اور عمل میں مزید بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{701 }حضرت مولانا عبدالرحمٰن سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ سراج العلوم، خانپور، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز نے جب **مَدَنی چینل** کے متعلق سنا تو بہُت خوشی محسوس ہوئی۔ اس لیے کہ اس پُر فِتَن، بے حیائی، فحاشی اور عُریانی کے دور میں ایسے **مَدَنی چینل** کی اَشدّ ضرورت تھی جو خالصتاً مسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کو عوام النّاس کے سامنے متعارِف کرائے۔ ازخود **مَدَنی چینل** کو دیکھنے کا اِتّفاق نہیں ہوا لیکن عوام میں اس کے تأثرات بہُت اچھے ہیں۔ ایک **مَدَنی بہار** ملاحظہ فرمائیے:

رشتے کی وجہ سے داڑھی کٹوادی تھی

الوہاب آٹوز باب المدینہ نیو کراچی کے مالک پہلے ہی سے پابندِ صلوٰۃ وسُنَّت تھے لیکن گھر میں شادی کی وجہ سے انہوں نے داڑھی کٹوادی تھی کہ ان کے بیٹے کے رشتے کیلئے ان کے بیٹے کے سُسرال والوں نے شرط رکھ دی تھی کہ بیٹے کو رِشتہ اُس وقت دیں گے کہ جب دُولہا کے والد داڑھی کٹوائیں گے۔ وہ کہتے ہیں کہ مَیں نے اس وجہ سے داڑھی بھی کٹوادی تھی اور گمراہ ہوگیا تھا لیکن **مَدَنی چینل** دیکھ کر میری ہدایت کی سبیل بنی اور میں نے داڑھی رکھ لی۔ اب **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ میں نے اور میرے بیٹے نے بھی داڑھی رکھ لی ہے اور ہم سب گھر والے اکٹھے بیٹھ کر **مَدَنی چینل** دیکھتے ہیں۔ دُعا گو ہوں کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کو دوام بخشے۔ اس کی نشریات میں دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{702 }حضرت مولانا صاحبزادہ مُطیع الرسُول سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ سپاہ مصطفٰے، صوبہ پنجاب، شاہی جامع مسجد، طوطلاں، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان شریف، پاکستان)

آج کے اس پُر فِتَن دور میں فحاشی وعُریانی کے سیلاب میں **مَدَنی چینل** کا اِجراء مسلمانوں کی اِصلاح کے لیے بہُت بڑا کارنامہ ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی کے اس **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی دے۔ مَسلکِ اہلسنّت کی اِشاعت کے لیے زیادہ سے زیادہ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ بالخصوص امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ اہلسنّت پر ہمیشہ قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{703} حضرت مولانا سیّد پیر خوشی محمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد غازی علم دین، دائرہ بستی، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان شریف، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دِینِ اسلام کی خدمت کا بہترین ذریعہ ہے اور جو بھی اسے دیکھتا ہے وہ دین کے ساتھ بے حد محبت کرتا ہے۔ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے قربانی کا جانور جب ذبح کیا تو چینل پر تمام اَعضاء دکھائے گئے، قربانی کے حوالے سے لوگوں کو بہُت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{704} حضرت مولانا محمد رفیق چشتی مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد گلزارِ مدینہ، ممتاز آباد، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ مزید کامیابی اور ترقی عطا فرمائے۔ اس کی بَرَکت سے کئی لوگوں کے عقائد کی اِصلاح ہوگئی ہے اور لوگ نمازی بن گئے ہیں، مساجد میں لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے فروغِ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا کام مزید بڑھے گا۔ میری

دُعا ہے کہ اس کے پیغام کی روشنی ہر سُو پھیل جائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{705 }حضرت مولانا قاری محمد ذوالفقار مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ انوارِ مصطفٰے، سورج کند موڑ، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی جو کہ عالمی سطح پر دِینِ متین کی خدمت کرنے میں مصروفِ عمل ہے۔ ربِّ کائنات عَزَّوَجَلَّ اس مدنی تحریک کو مزید کامیابیاں وکامرانیاں عطا فرمائے، آمین۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا جو کہ دینِ اسلام کی اشاعت کا مؤثر ذریعہ ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے کئی کفار دولتِ اسلام سے مُشرف ہوئے ہیں اور اُمتِ مُسلِمہ کو دِینی مسائل سے آگاہی حاصل ہوئی ہے۔ لوگ اس **مَدَنی چینل** کی وجہ سے نماز کے پابند، حُقُوق اللہ، حُقُوق العباد اور والدین کے حُقُوق ادا کرنے والے بن گئے۔ معاشرے میں امن اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کی بے حد ضرورت ہے۔ رَبِّ کریم عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دُعا ہے کہ **مَدَنی چینل** کو مزید کامیابی اور ترقی عطا فرمائے اور **دعوتِ اسلامی** کے بانی قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے علم وعمل میں مزید بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{706 }حضرت مولانا حافظ اللہ دتہ فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ غوثیہ فریدیہ، خطیب جامع مسجد باغ، دولت گیٹ، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یقیناً قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے بانی امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا خالِصتاً مذہبی و دِینی اَحکامات ومعاملات کو گھر گھر پہنچانے کے لئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرنا اُن کی بالغ نظری اور دُور اندیشی کی دلیل ہے۔ خُصُوصاً اس پُر فِتَن دور میں یہ چینل جو کہ **مَدَنی چینل** کے نام سے موسوم ہے نبیٔ پاک صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سیرتِ طیّبہ اور آپ صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے اَقوال واَفعال کو اُمتِ مُسلمہ تک پہنچانے کا بہترین ذریعہ ہے کیونکہ نبیٔ پاک صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا اِرشادِ گرامی ہے کہ پوری رات عبادت کرنے سے دِین کی ایک بات سیکھ لینا بہتر ہے۔ (سُنَن دارمی ج۱ ص۱۵۷ حدیث ٦١٤ دارالکتاب العربی بیروت) جو شخص علمِ دین سیکھنے کا راستہ اختیار کرتا ہے تو **اللّٰہ** تعالٰی اس بندے کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتا ہے۔ (سُنَن تِرمِذی ج٤ ص٣١٢ حدیث ٢٦٩١ دارالفکر بیروت) چونکہ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے دِینی احکام سکھائے جاتے ہیں اور نبیٔ پاک صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے فرموداتِ عالیہ کی تشہیر کی جاتی ہے۔ تو یہ **مَدَنی چینل** دِینی معلومات کے لیے ایک بہترین باب ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی اس کا اِجرا کرنے والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اُمتِ مُسلِمہ کو ہر قسم کی آفات سے محفوظ فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{707} حضرت مولانا غلام مصطفٰے نقشبندی بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد صدیقیہ، محلّہ سلطان پورہ، سینٹرل جیل، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

☆ عصرِ حاضر میں **مَدَنی چینل** ایک اَہم ضرورت ہے۔

☆ اس کے فُیُوض وبَرَکات اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہُت جلد پوری دُنیا میں چھا جائیں گے۔

☆ **مَدَنی چینل** اس پُر فِتَن دور میں رحمت کا ایک جھونکا ہے۔

اللّٰہ تعالیٰ ہمیں بھی **دعوتِ اِسلامی** کا مزید ساتھ دینے کی ہمت عطا فرمائے اور اس سعیِ جمیل کو اپنی بارگاہِ عالیہ میں قبول فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{708} حضرت مولانا حافظ محمد سرور مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد مدینہ، پیر بخاری کالونی، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **اللّٰہ** تعالیٰ کا بَہُت کرم ہے کہ اس نے دعوتِ اِسلامی کو **مَدَنی چینل** کی نعمت سے نوازا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے مسلمان گھر بیٹھے تعلیماتِ قرآن سے آشنا ہوں گے اور **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے اَحکامات کو باآسانی سیکھ سکیں گے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے جرائم پیشہ لوگ بھی گناہوں سے تائب ہوجائیں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کا حامی وناصر ہو، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{709} حضرت مولانا محمد قاسم سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد صدیقہ، لاثانی کالونی، مَدِینَۃُ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز ایک عرصہ سے **مَدَنی چینل** دیکھ رہا ہے اور اس سے اِنتہائی متأثر ہے۔ **مَدَنی چینل** اِیمان کی ترقی اور مسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کی ترویج واشاعت میں بَہُت اَہم کردار ادا کر رہا ہے اور بالخصوص مجھے اس چینل نے بَہُت متأثر کیا ہے۔ یہ وہ واحد **مَدَنی چینل** ہے جس سے روحانی غذا کا سامان فراہم ہو رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور **اللہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ اور دیگر علمائے دین کا سایہ ہم پر تادیر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{710} حضرت مولانا حافظ محمد عالم الدین چشتی مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان شریف، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل مَسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کی ترویج واشاعت میں بہُت اَہم کردار ادا کر رہا ہے اور مَیں اس **مَدَنی چینل** سے بے حد متأثر ہوا ہوں۔ ربِّ کائنات عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی اور کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔ معاشرے میں امن وامان اور بھائی چارہ قائم کرنے میں **مَدَنی چینل** بہُت اَہم کردار ادا کر رہا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو حاسدین کے حسد سے محفوظ فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{711} حضرت مولانا فیض محمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نوری شاہ جمال، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کی وَساطَت سے مُلک ومِلّت کو بہُت سے اِصلاحی اور فلاحی فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کا اِجراء ازحد ضروری ہے۔ ہمارے ہزاروں اَفراد جو بے راہ روی کا شکار تھے، اِس کے ذریعے راہِ راست پر گامزن ہوئے ہیں اور یہ ایک ایسا جامع پروگرام ہے جس سے معاشرے کے تمام لوگوں کی اِصلاح ہو رہی ہے اور ہمارے دِینی ودُنیوی مسائل کا بہترین حل ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{712} حضرت مولانا محمد اقبال مدنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ فریدیہ غوثیہ، تحصیل و ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے ذریعے اِصلاحِ معاشرہ کا بہترین درس دیا جارہا ہے۔ اور یہ دَورِ حاضر کی اَشد ضرورت ہے۔ ہم دعوتِ اسلامی کے علماء و اَراکین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ یہ **مَدَنی چینل** نسل نو کو راہِ راست پر چلانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ **اللہ** تعالیٰ اس مشن میں کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{713} حضرت مولانا فضل کریم مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، پل پیروالا، تحصیل و ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اس پُر فِتَن دور میں **مَدَنی چینل** رحمت کا قطرہ ثابت ہوا ہے۔ نئی نسل بے راہ روی کا شکار تھی۔ فلمیں، ڈرامے دیکھنے کے عادی نوجوان **مَدَنی چینل** کے ذریعے دینی پروگرام دیکھ اور سن کر نمازی بن گئے ہیں اور سُنّتوں پر عمل پیرا ہوگئے ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو مزید کامیابیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{714} حضرت مولانا محمد حسن عابدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع قباء، ٹیپو سلطان کالونی، نزد پُرانی سبزی منڈی، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے بانی، قبلہ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کی

کاوِش سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا۔ جس سے نوجوان نسل کو اِسلامی پروگرام کے ذریعے اِصلاحِ احوال کا موقع ملا۔ یہ چینل فحاشی وعُریانی کے سیلاب کو روکنے میں سنگِ میل ثابت ہوا ہے۔ ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں عوام النّاس کی اِصلاح ہورہی ہے، لہٰذا **مَدَنی چینل** کو جاری رکھنا چاہیے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{715} حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم رضویہ، چوک نذیر والہ، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے ذریعے اس پُر آشوب دور میں لوگوں کی اِصلاح ہورہی ہے۔ عیاشی وفحاشی کے اس دور میں دعوتِ اسلامی کے اس **مَدَنی چینل** نے بہُت سے نوجوانوں کی اِصلاح کی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{716} حضرت مولانا نذیر احمد قریشی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ سعیدیہ انوار مصطفٰے، نوری عیدگاہ، روہیلانوالی، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اس پُر فِتَن دور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگوں کے دِلوں میں **عشقِ مصطفٰے** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی شمع روشن اور عقائد واَعمال کی اِصلاح ہورہی ہے، اور خاص کر نئی نسل کو راہِ راست پر لانے کا سبب ہے۔ مضطرِب دِلوں کے لیے باعثِ سُکون ہے۔ ڈاکٹر محمد اقبال کے اس شعر کا مِصداق ہے:

قُوَّتِ عشق سے ہر پست کو بالا کردے
دَہر میں اسمِ **مُحمَّد** سے اُجالا کردے

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{717} حضرت مولانا ممتاز الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب بلال مسجد، بستی مہاراں، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت اچھا اِقدام اور نئی نسل کی تربیت کا بہترین ذریعہ ہے۔ جہاں کیبلز کے ذریعے حیاء سُوز پروگرام دکھائے جاتے ہیں وہاں **مَدَنی چینل** کے پروگرام دیکھ کر اِصلاحِ معاشرہ ہوگی اور ہماری نئی نسل اِسلام سے پوری طرح واقف ہوکر پروان چڑھے گی۔ ہم اس کی بھر پور تائید کرتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** چلنا چاہئے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{718} حضرت مولانا منظور حسین مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(موضع میراں پور، تحصیل و ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے ذریعے **مَدَنی چینل** کا آغاز بہُت اچھا اِقدام ہے۔ جبکہ فحاشی وعُریانی کے سیلاب نے نوجوانوں کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ ملاقات کے وقت اکثر نوجوان بتاتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** کے پروگرام دیکھ کر ہم سُنّتوں بھری زندگی گزارنے کا وعدہ کر چکے ہیں اور کئی نوجوان نمازی بن گئے ہیں، اور کئی نوجوان والدین کے ہاتھ چُوم کر والدین کو خوش کر رہے ہیں۔ **اللہ** تعالٰی **مَدَنی چینل** چلانے والوں کو خوش رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{719} حضرت مولانا حافظ محمد حفیظ اللہ صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس GPS صدیق نگر، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام **مَدَنی چینل** کا قیام ایک قابلِ تحسین اِقدام ہے۔ دعوتِ اسلامی نے اِسلام کی صحیح تعلیمات اور دُرُست عقیدے کی ترویج واِشاعت کیلئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے۔ یہ ایک ایسا چینل ہے جو قرآن وسُنَّت کے اُصولوں کی روشنی میں دورِ جدید کی نئی ٹیکنالوجی کو اِستعمال کر کے پوری اُمت تک اِسلام کا پیغام پہنچا رہا ہے بلکہ اِسلام کے خلاف غلط عقائد ونظریات کا بھی قلع قمع کر رہا ہے۔ اس **مَدَنی چینل** پر جب بھی کوئی شخص گفتگو کرتا ہے تو وہ صرف محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے متعلق ہوتی ہے۔ جب لوگ یہ پروگرام دیکھتے ہیں تو اُن سے شکوک وشبہات دُور ہو جاتے ہیں۔

مَدَنی چینل محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے پیغام کو عام کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ **مَدَنی چینل** امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا عظیم فیضان ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{720} حضرت مولانا حافظ محمد اکرم راشد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مکی مدنی مسجد، محلّہ شریف پورہ، عارفوالا، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَحقر نے جب **مَدَنی چینل** کے اِجراء کے بارے میں سُنا تو اِنتہائی مَسرَّت ہوئی، دیگر چینلز زمانہ جاہلیت کی یاد تازہ کرتے ہیں۔ نئی نسل کو اَفکارِ فاسدہ اور بُری عادات میں جکڑا جا رہا ہے۔ ایسے چینل کا اِجراء اِنتہائی ناگزیر تھا جو عوام النّاس کو ان کے حقیقی مقصدِ حیات کے بارے میں تعلیمات دے۔ اس دور میں امیرِ اہلسنّت، پیرِ طریقت محمد الیاس عطّارؔ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور ان کے تربیت یافتہ نوجوانوں کا یہ عظیم کارنامہ ہے کہ وہ نوجوان جو کلبوں،

سینماؤں، تھیٹروں، سرکسوں کی زینت بنتے تھے آج قریہ قریہ اور کوچہ کوچہ سر پہ سبز عمامہ سجائے **صدائے مدینہ** لگاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

راقم الحروف اکثر **مَدَنی چینل** دیکھتا ہے اور بالخصوص امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے عیدُ الاضحیٰ کے موقع پر قربانی کا جو عملی نمونہ پیش کیا وہ بڑا پسند آیا۔ **اللہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو عُمرِ خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{720} حضرت مولانا محمد اقبال القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد گلزار حبیب، محلّہ اسلام کالونی، تحصیل وضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجھے وقتاً فوقتاً **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقعہ ملتا رہتا ہے اور جب سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ہوا ہے اس کے بعد سے کسی اور چینل کی طرف دیکھنے کو دِل ہی نہیں کرتا۔ یہ وہ واحد چینل ہے جو دِین اِسلام کی اَحسَن طریقے سے تبلیغ کررہا ہے۔ **اللہ** تبارک وتعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کے اس **مَدَنی چینل** سے لوگوں کو فیضیاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{721} حضرت مولانا محمد سرفراز فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس وخطیب جامع مسجد نقشبندیہ رضویہ، فیض مصطفٰے، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت وجماعت کی عظیم دِینی وتبلیغی تحریک دعوتِ اسلامی جہاں ہر شعبہ میں فریضۂ تبلیغ سرانجام دے رہی

ہے۔وہاں اس پُر فِتَن دور میں **مَدنی چینل** کا اِجراء اِنتہائی خوش آئند ہے۔دورِ حاضر میں فحاشی وعُریانی عروج پر ہے اور مسلمانوں کے جذبۂ اِیمانی کو کمزور کرنے کے لیے میڈیا کو اِستعمال کیا جارہا ہے۔باطِل قوتیں ہر لمحہ اس میں مصروف ہیں۔

مَدنی چینل بگڑے ہوئے معاشرے اور بے حیائی کے ظلماتی دور میں روشن آفتاب کی طرح ہے۔ اہلسنّت وجماعت کے عقائد کو بین الاقوامی سطح پر پھیلانے میں مؤثر کردار ادا کررہا ہے۔**اللہ** تعالیٰ اس عظیم تحریک اور اس کے وابستگان بالخصوص حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کو مزید ترقّیاں عطا فرمائے اور یہ فیض قیامت تک جاری رہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{722} حضرت مولانا ڈاکٹر احمد علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد پاکپتن فریدیہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

مَدنی چینل اس پُر فِتَن دور میں مسلمانوں کی اِصلاح کرنے اور انہیں پابندِ سُنَّت بنانے اور اَعمالِ صالحہ کی طرف راغِب کرنے کا ایک اَہم ذریعہ ہے۔اس چینل کے ذریعے لوگوں کو دِینِ اِسلام کے اَحکام سے آگاہی نصیب ہوتی ہے۔علاوہ ازیں مسلمانوں کو اس بات کا اچھی طرح اِدراک ہوگیا ہے کہ ان کا دُنیا میں آنے کا مقصد کیا تھا اور وہ اس دُنیا میں کس طرح زندگی بسر کررہے ہیں۔

ہمارے مسلم معاشرے میں بنیادی شرعی مسائل کے علم کا فُقدان پایا جاتا ہے۔اِس جہالت سے نکالنے والا ایک ہی چینل ہے جس میں وُضو کرنے کا سُنَّت طریقہ، اس کے فرائض، مُستَحبات اور اس کے علاوہ نماز، روزہ کے مسائل اور غسل کا طریقہ اس اَنداز میں سمجھایا گیا ہے کہ میرے کئی دوستوں اور مقتدیوں نے آکر کہا کہ کیبل پر آنے والے تمام

چینلز میں سب سے اچھا اور اِصلاحی **مَدَنی چینل** ہے۔حقیقت میں **مَدَنی چینل** ایک ایسا چینل ہے جو ہر گھر کی ضرورت ہے اور ایسی ضرورت ہے جو کھانے پینے کی ضرورت سے بھی زیادہ اہمیت کا حامِل ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{723} حضرت مولانا حافظ محمد شعبان فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد فرید پور، چشتیاں، تحصیل وضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی خدماتِ عظیمہ پہلے ہی سے روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں کہ اِنتہائی قلیل مُدَّت میں سُنَّتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے فیضان کو دُنیا کے کونے کونے میں پہنچایا اور گمراہوں کو راہِ ہدایت پر گامزن کیا۔رہزنوں، چوروں، ڈاکوؤں اور مغربی تہذیب کے دِلدادہ لوگوں کو سُنَّتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا سرتاپا مُجسَّمہ بنادیا۔اسی طرح **مَدَنی چینل** بدعقیدگی، بے راہ روی اور گمراہی کے اِنتہائی کٹھن ماحول میں بادِنسیم کا جھونکا ثابت ہوا ہے اور عاشقانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو مُعطَّر کردیا۔**اللّٰہ** تبارک وتعالٰی **مَدَنی چینل** کو نعلینِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{724} حضرت مولانا وارث علی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فاروقیہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز یقیناً عوام النّاس کیلئے عُلُومِ دینیہ کا ایک باب ہے۔جس سے لوگوں کے

دِلوں میں آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت اور عشق پیدا ہو رہا ہے۔ اور اس کے ذریعے پاکستان میں ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں دِینِ اِسلام کا پیغام پہُنچانے میں مدد ملے گی۔ یہ اَہم کام کرنے کا شرف دعوتِ اسلامی کو ہی حاصل ہوا۔ **اللہ** تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو تا قیامت جاری وساری رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{725} حضرت مولانا حافظ سیِّد ریاض علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب چک نمبر 39/G.D، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَلٰی اِحْسَانِہٖ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی، جس نے دُنیا کے بیشتر ممالک میں ایسا مَدَنی اِنقلاب برپا کیا ہے کہ شیطان کا بیڑا غرق ہوا ہے۔ بے شمار نوجوان سُنَّتِ محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے سانچے میں ڈھل کر اِحیائے سُنَّت کا ذریعہ بن گئے۔ اس کے ساتھ ہی میڈیا کے ذریعے گھر گھر جو بے حیائی وفحاشی پہُنچی ہے، دعوتِ اسلامی نے اس کا بھی خوب سدِّ باب کیا اور **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے اُمّتِ مُسلِمہ پر اِحسانِ عظیم فرمایا ہے۔ **اللہ** تبارک وتعالیٰ بانیٔ دعوتِ اسلامی کی پُر خُلُوص کوششوں کو قبول فرمائے اور دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کی بَرَکات سے پوری اِنسانیت کو فیضیاب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{725} حضرت مولانا حافظ محمد رفیق توگیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چک نمبر 32/R.A، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سرکارِ دوعالم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مُخلِص عاشقوں کا ایک عظیم

کارواں ہے، جو پوری دُنیا میں عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شمع فروزاں کرنے کا جذبہ رکھتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی اِنقلابی سرگرمیاں دیکھ کر بہُت خوشی ہوتی ہے اور **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر یہ خوشی دوبالا ہوگئی ہے کہ اس کے ذریعے بھی اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ پوری دُنیا میں مَدَنی اِنقلاب آئے گا۔ **اللہ** تعالٰی دعوتِ اِسلامی کو خوب ترقیاں عطا فرمائے اور امیرِ دعوتِ اسلامی مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کو سلامت و باکرامت رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{726} حضرت مولانا قاری روشن علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نور بیر کریاں، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

ہر خاص و عام اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ ہماری نوجوان نسل کی بے راہ روی اور اَخلاقی پستی میں جدید دور کے نام نہاد روشن خیال میڈیا نے ایک نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ نت نئے ناموں اور اَنداز سے دیگر چینلز فحاشی وعُریانی اور بے حیائی پھیلا رہے ہیں، وقت کا تقاضا تھا کہ اِصلاحِ احوال کے لیے کوئی قدم آگے بڑھاتا اور ان مغربیت زدہ چینلز کے سامنے بند باندھتا۔

قابلِ صد تحسین ہیں امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی اور احبابِ دعوتِ اِسلامی کہ جنہوں نے یہ بیڑا اُٹھایا اور **مَدَنی چینل** کے نام سے خالصتاً اِصلاحی و دِینی چینل کا آغاز فرمایا۔ اِس چینل کے تمام پروگرام قابلِ تعریف اور لائقِ تقلید ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اِسے مستقل جاری وساری فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{727}حضرت مولانا غلام مرتضٰی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم جامعہ فریدیہ نورالقرآن،38/G-D یگ پور،اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

فقیر کے گھر میں تو **مَدَنی چینل** فی الحال نہیں آیا لیکن چند دنوں تک اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آ جائے گا۔ ایسا چینل تو گھر میں ضرور ہونا چاہیے۔ غیر شرعی خُرافات و معاملات کے حامل چینلز کا مسلمانوں کے گھروں میں کیا کام ہے۔ دِلی دُعا ہے کہ اے مولائے کریم عَزَّوَجَلَّ تیرے دینِ متین کو بہتر اَنداز میں پھیلانے ، اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ (نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع) کرنے میں مصروف و مشغول **مَدَنی چینل** کو اپنی رحمت کا سایۂ تامّ عطا فرما اور اس کے چلانے والوں یعنی شیخ طریقت ، رہبر شریعت ، بدرِ رضویت ، آفتابِ حنفیت ، جنابِ مَن حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے رُفقائے مخلصین کو اَجر و ثواب کی دولت سے مالا مال فرما اور ہمیں شیخ طریقت ، امیر اہلسنّت ، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور دعوتِ اسلامی کا سچا قدر دان بنا، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{728}حضرت مولانا مفتی خلیل الرحمٰن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ ارقم، روحانی مرکز ارقم ٹاؤن، چشتیاں شریف، بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ تعالٰی کا کرم ہے کہ حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے ہمیں **دعوتِ اسلامی** کا مرکز عطا ہوا جس مرکز سے آقائے نامدار، تاجدارِ کائنات صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پیاری پیاری سُنّتوں اور اَداؤں کی کرن دُنیائے اِسلام کو روشن کر رہی ہے۔ جس نے تقریباً اہلسنّت کے ہر شعبے میں اَحسن اَنداز سے کام کرنے کی کوشش کی تو

اللہ تعالیٰ نے غیبی مدد فرمائی۔ اب **مَدَنی چینل** اہلسنّت کا واحد چینل ہے جس سے براہِ راست مُبلّغینِ اِسلام درسِ قرآن وحدیث دے رہے ہیں اور سب سے بڑی خصوصیت یہ کہ اس چینل میں اِشتہارات نہیں، کوئی فحش لٹریچر نہیں۔ **اللہ** تعالیٰ تا قیامت دعوتِ اسلامی کو قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{729} حضرت مولانا محمد نعیم اللہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد شفا، ڈجکوٹ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

مَیں سمجھتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** اس دور کی تاریکی میں ایک شمع کی مانند ہے۔ جو معاشرے میں ہدایت کی روشنی پھیلا رہی ہے۔ بُرائیوں سے اِجتناب کے بارے میں مُفصَّل گفتگو ہے۔ شرعی، معاشرتی، معاشی اور رُوحانی مسائل کا مُدَلَّل حل ناظرین تک **مَدَنی چینل** کی بدولت ممکن حد تک پہُنچ رہا ہے۔ یہ چینل ہمارے مذہبی اور معاشرتی اقدار کا آئینہ دار ہے۔

یہ کہنا بجا ہوگا کہ موجودہ دور میں اس چینل کا اِجراء وقت کی اَہم ترین ضرورت ہے تاکہ نئی نسل کو گمراہی کے راستے سے ہٹا کر ہدایت کی شاہراہ پر گامزن کیا جاسکے۔ بَہر حال **مَدَنی چینل** امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی اُمتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے حد درجہ محبت کا واضح ثبوت اور اِحیاءِ سُنّتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے روشن جذبے کا آئینہ دار ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{730} حضرت مولانا سیِّد ثناء اللہ شاہ قادری بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد، چک نمبر 22/G-D، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اللہ کریم جَلَّ مجدہٗ نے اپنے آخری نبی جناب رَحمۃٌ للعٰلمین صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے دِین کوتا قیامت باقی رکھنے کے لئے ہر دور کے مسلمانوں کو بہترین ذرائع واَسباب عطا فرمائے۔آج کا دور بلا شک وشُبہ میڈیا کا دور ہے اور اس کے ذریعے سے شب وروز جس اَنداز سے فحاشی و بے حیائی کا سیلاب ٹھاٹھیں مار مار کر اِسلامی اقدار کو پامال کرنے میں مصروف ہے وہ کسی بھی اَہلِ نظر سے مخفی نہیں ہے۔**اللہ** کریم عَزَّوَجَلَّ نے اس سیلاب کے آگے مضبوط بند باندھنے اور اس طوفان کی بپھری ہوئی موجوں کا رُخ موڑنے کے لئے اِس دور میں اُمتِ مُسلمہ کو **مَدَنی چینل** عطا فرمایا اور خدائے تعالٰی امیرِ اہلسنّت، شیخِ طریقت، بانیٔ دعوتِ اسلامی مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو بے پناہ اَجر سے نوازے کہ جن کی ذات والا صفات **مَدَنی چینل** کے اِجراء کا وسیلہ بنی۔**اللہ** تعالٰی کی بارگاہ میں اِلتجاہے کہ ہمارے اس **مَدَنی چینل** کو گھر گھر، دُکان دُکان، قریہ قریہ اور بستی بستی عام فرمائے اور اس کی بَرَکتوں سے تمام مسلمانوں کو مالا مال فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{731} خلیفۂ قطب مدینہ حضرت مولانا سید محمد عبدالخالق شاہ چشتی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ دربار عالیہ چشتیہ صابریہ قادریہ، چک نمبر 267/E-B بورے والا ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

مَیں دعوتِ اسلامی اور بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی صاحب کو اِشاعتِ عقائد اہلسنّت کی نیت محمودہ کے ساتھ، اور شریعت وسُنَّت کی حُدود وقُیُود میں رہ کر **مَدَنی چینل** کے آغاز پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دُعا کیلئے مولیٰ کریم عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض گزار ہوں کہ رَبّ لم یزل عَزَّوَجَلَّ اس نیکی کے کام میں بَرَکت عطا فرمائے اور اسے حاسدین کے حسد اور شریروں کے شر سے محفوظ فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{732} حضرت مولانا قاضی محمد اسلم علی القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(برادرِ شیخ القرآن غلام علی اوکاڑی، مہتمم جامعہ ضیاء القرآن، کرمانوالہ شریف، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ ثُمَّ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدنی چینل** دِینی، مذہبی اور اِصلاحی پروگرام میں پیش پیش ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ عوام النّاس خُصُوصاً نئی نسل کے قُلُوب واَذہان میں صحیح اِسلامی رُوح ڈالنے کے لئے نمایاں طور پر کام کیا جائے۔ مَسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کے مطابق تعلیم وتربیت **مَدنی چینل** کا نمایاں کارنامہ ہے۔ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی شمع فروزاں کرنا قابلِ صد تحسین ہے۔

دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی اپنے حبیب پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ اور **مَدنی چینل** کی پوری ٹیم کو دین اِسلام کی بڑھ چڑھ کر مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور آپ کا سایہ تادیر مُریدین کے سروں پر سلامت وباکرامت رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{733} حضرت مولانا حافظ عالمگیر قادری اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد نورانی، گلی نمبر ۴، صابری کالونی، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

راقم الحروف نے ایک ڈاکٹر صاحب کے کلینک پر پہلی بار **مَدنی چینل** دیکھا۔ تو دِل میں اِشتیاق پیدا ہوا کہ میرے اہل وعیال کی دِینی تربیت کے لئے یہ پاکیزہ نشریات ''مبنی بر اِسلامی تعلیمات'' میرے گھر میں ضرور آنی چاہئیں۔ چُنانچہ نیتِ صادِقہ اور جذبہ کامِلہ کے ساتھ مَیں نے بھی دعوتِ اسلامی کے عطا کردہ تُحفہ **مَدنی چینل** کو ہمیشہ کے لیے اپنے گھر میں بسا لیا ہے۔ مَیں اور میرے بچے شوق سے اِسے دیکھتے ہیں۔ فیضانِ حج کا

سلسلہ بہُت ہی اچھا لگا۔ اللہ تعالیٰ میرے بچوں بلکہ **مَدَنی چینل** کے تمام ناظرین وسامعین کو اس سے صحیح معنوں میں فائدہ اُٹھانے کی توفیقِ رفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{734} حضرت مولانا غلام محمد فریدی اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب مسجد سبزی منڈی، مہتمم مدرسہ فریدیہ اشرفیہ (للبنات) شمسیہ کالونی، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

بے حساب و کتاب و عذاب و عتاب

تا اَبد اہلِ سُنَّت پر لاکھوں سلام

مَدَنی چینل کے آغاز سے قلبی مَسرَّت نصیب ہوئی ہے۔ اُمید واثق ہے کہ اس کے ذریعے امام الائمہ سیّدُ نا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ اور امام اہلسنّت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی سچی تعلیمات سے چار دانگ عالم میں بہار آئے گی اور لوگ علم وعمل کی دولت سے مالا مال ہوں گے۔ **اللّٰہ** کریم عَزَّوَجَلَّ اپنی کبریائی کا صدقہ **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری ضیائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو دونوں جہاں کی بھلائیوں سے نوازے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{735} حضرت مولانا قاری محمد اسماعیل قادری اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل دار العلوم حنفیہ، اشرف المدارس، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

بہ**عطائے رَبِّ قدیر عَزَّوَجَلَّ**، رسُولِ نذیر وبشیر صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے پیغامِ عالمگیر کی گھر گھر تشہیر کا سلسلہ دِل پذیر و بے نظیر و نافعِ کبیر یعنی **مَدَنی چینل** بِلا شُبہ محبوب اہلسنّت، داعیِ قرآن وسُنَّت، جناب امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی طرف سے عالمِ اِسلام کی موجودہ و آئندہ نسلوں کے لئے بہترین اُستاد اور بے مثال رہنما کی صورت میں اِنتہائی مُخلِصانہ تُحفہ ہے۔ اہلسنّت وجماعت کے معمولاتِ بابَرَکات کی اِشاعت جس اَحسَن پیرائے میں **مَدَنی چینل** پر جاری ہے وہ قابلِ دِید و داد ہے۔ مولیٰ کریم عَزَّوَجَلَّ اِس کے معاونین، سامعین اور ناظرین الغرض تمام متعلقین کو لبادۂ رحمت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{736} حضرت مولانا محمد آصف رضا نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل دار العلوم حنفیہ فریدیہ، بصیر پور شریف، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَمیرِ اہلسنّت، پیکرِ علم وحکمت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا حکیمانہ فیصلہ اِجرائے **مَدَنی چینل** یقیناً نافعِ اُمتِ مُسلِمہ ہے۔ بِلا مُبالغہ کروڑوں لوگوں کے گھروں میں داخل ہونے کا یہ بہترین ذریعہ ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** سے تعلیماتِ اِسلامیہ کو فروغ اور میڈیا کے ذریعے روز بروز پھیلتی ہوئی بے حیائی وفحاشی کی روک تھام کا موقع ملے گا۔ **اللّٰہ** کریم جلَّ جلالہٗ بانیٔ دعوتِ اسلامی، مُحسنِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کو ''خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاس (کَنزُالعُمَّال ج١٦ ص٥٣ حدیث٤٤١٤٧ دارالکتب العلمیۃ بیروت) یعنی لوگوں میں سے بہتر وہ ہے جو دوسروں کو نفع پہنچائے۔'' کی بشارتِ عظمٰی پانے پر بہترین اَجر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{737} حضرت مولانا عظمت علی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ قبلہ باباجی منظور علی شاہ صاحب، بانی جامعہ فریدیہ، ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ راقم نے باقاعدہ نمازِ جُمُعَہ میں یہ اعلان کرنے کی سعادت ایک سے زائد مرتبہ حاصل کی ہے کہ فَقَط **مَدَنی چینل** ہی دیکھئے۔کیونکہ اس میں چلنے والے تمام سلسلے مثلاً کمسن مُبلِّغ ،قومِ جنّات،رُوحانی علاج ،سُنَّتوں بھرے بیانات اور میرے دِل کی دھڑکن ،عاشقِ شاہِ زمن ،مُبلِّغِ سُنَن ، جناب سیِّدی و مُرشدی و ہادی،امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کے منْ موہنے الفاظ واَنداز سے مُزیّن بیانات یقیناً ایسے ہیں کہ جن کی ہمارے معاشرے کواَشدّ ترین ضرورت ہے اورمیرے علم میں ہے کہ ہمارے علاقے میں **مَدَنی چینل** کی کیا کیا بَرَکات ظاہر ہورہی ہیں۔**اللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** شروع کرنے والے ہمارے محسنین کواپنی شان کے لائق اَجرِ عظیم سے نوازے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{738 }جگر گوشہ کرمانوالی سرکار پیر سیّد میر طیب علی شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت کرمانوالہ شریف،اوکاڑہ،پنجاب،پاکستان)

سوادِاعظم اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللّٰہ تعالٰی کی بہتری وبقا کے لیے امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا خاص مذہبی ودِینی تعلیمات کی اِشاعت کے لیے **مَدَنی چینل** کا اِجراء بلاشک وشُبہ اہلسنّت کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں۔راقم امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی مساعیٔ جمیلہ کا تہہ دِل سے مشکور ہےاور **مَدَنی چینل** کوبغیر دیکھے ہی یہ تأثرات پیش کرتا ہے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ دعوتِ اسلامی غیر شرعی اَفعال سے قطعاً اِجتناب کرتی ہے۔میری دُعا ہے کہ ربِّ کریم جلَّ جلالہٗ اہلسنّت کے اس اِشاعتی وترویجی بیڑے **دعوتِ اسلامی** کوکشتیٔ نوح کا صدقہ اپنی رحمت کے سائے تلے چلائے رکھے،آمین۔

اہلِ سُنَّت کا ہے بیڑا پار اصحابِ حُضُور

نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسُول اللّٰہ کی

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{739}حضرت مولانا حافظ عقیل احمد اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل دار العلوم اشرف المدارس و امام و خطیب جامع مسجد نورانیہ، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

دورِ حاضر میں الیکٹرانک میڈیا کی اَہمیت کا انکار نہیں مگر یہ الیکٹرانک میڈیا جہاں دُنیا بھر کی خبروں سے اِنسان کو باخبر رکھتا ہے وہاں یہ فحاشی پھیلانے کا سبب بھی بن رہا ہے۔ مگر **مَدَنی چینل** ایک ایسا چینل ہے جو معاشرے کو اِصلاح کی طرف لے جانے کا سبب بن رہا ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کو بند نہیں ہونا چاہیے۔ وہ ٹی وی جو فحاشی پھیلاتا ہے، اسی ٹی وی سے نیکی کو پھیلایا جائے اور یہ کام **مَدَنی چینل** کر رہا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{740}حضرت مولانا محمد فہیم عباسی اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل دار العلوم اشرف المدارس، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے اِشاعتِ اِسلام اور راہِ ہدایت سے دُور بھٹکنے پھرنے والے اِنسانوں کی ہدایت کا **مدنی قافلوں**، **فیضانِ سُنَّت** کے درس، صوبائی و بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اجتماعات اور مفید لٹریچر کے ذریعے خوب اِنتظام کیا اور مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے دُنیا کے ہر فرد اور ہر طبقہ کو اِسلام کا حسین و روشن چہرہ قریب سے دِکھانے کی

عظیم سعی فرمائی ہے۔ **اللّٰہ** کریم جلّ جلالہٗ میرے آقا مکی مدنی مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی لاڈلی اُمت کو اِصلاح کے سامان سے لبریز اور مالا مال **مَدَنی چینل** کو تا قیامِ قیامت اَمن وعافیت کے سائے میں جاری و ساری رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{741} حضرت مولانا مفتی ظفر احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جگر گوشۂ شیخ الحدیث مفتی احمد یار رضوی چشتی و مدرس دار العلوم اشرف المدارس، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو راقم اپنے گھر میں باقاعدہ دیکھتا رہتا ہے اور مسلمانوں بلکہ غیر مسلموں کو بھی اِسلام کی طرف راغب کرنے کا یہ انتہائی مؤثر ذریعہ ہے۔ راقم نے بَہُت سے نوجوانوں سے اپنے طور پر پوچھا کہ آجکل جو **مَدَنی چینل** چل رہا ہے وہ کیسا ہے؟ تو اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جواب اثبات میں پایا۔ مولٰی کریم عَزَّوَجَلَّ قبلہ امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ اور آپ کے تمام رُفقاء کو **مَدَنی چینل** کے اِجراء پر اَجرِ کثیر عطا فرمائے، اور اس چینل کو (جو کسی طرح بھی ایک نعمت سے کم نہیں) ہمارے بچے بچے کا محبوب بنائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{742} حضرت مولانا فاروق احمد نقشبندی اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل دار العلوم اشرف المدارس وخطیب جامع مسجد عثمان غنی، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری صاحب نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے بَہُت اچھا کیا کہ جس کی وجہ سے بَہُت ساری دِینی معلومات ملتی ہیں۔ یہ چینل مسلمانوں کی آخرت سنوارنے کا ذریعہ ہے۔

مَدَنی چینل سے مفتی حضرات لوگوں کے دِینی مسائل حل کرتے ہیں اور لوگ اس سے اِستفادہ حاصل کررہے ہیں۔**مَدَنی چینل** میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ حضرت صاحب خود بیان کرتے ہیں اور ہم جیسے گنہگار لوگ آپ کی زِیارت بھی کرتے ہیں اور بیان بھی سنتے ہیں اور آپ کے بیانات سے بہُت سے نوجوان راہِ راست پر آ گئے ہیں، اور اپنے چہرے پر سُنَّتِ رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم سجا رکھی ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{743} حضرت مولانا محمد عبداللطیف قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اوقاف مسجد محمدیہ غوثیہ المعروف تیلیاں والی ضلع ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

اِس جدید دور میں اِنسان جہاں ترقی کی منازل طے کررہا ہے اور ہر شعبۂ زندگی میں ترقی حاصل کررہا ہے وہاں اِسلامی تعلیمات کے سلسلے میں میڈیا کا کردار اس وقت کا اَہم تقاضا ہے اور **مَدَنی چینل** اس سلسلے کی ایک سنہری کڑی ہے۔ اس میں اِسلامی معلومات، فقہ اور دیگر شُعبہ جات میں وعظ و نصیحت کا سلسلہ ہوتا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو اور زیادہ ترقی کی منازل طے کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{744} حضرت مولانا حافظ قاری نذیر احمد اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد عمر فاروق، بشارت پارک ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

جیسے سابقہ صدی میں اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے تمام باطِل و گمراہ فرقوں کا تنِ تنہا رَدّ فرمایا اور اہلسنّت کی ڈوبتی ناؤ کے لئے ناخدا ٹھہرے۔ یوں ہی موجودہ صدی میں عاشقِ اعلیٰ

حضرت، امیرِ اہلسنّت زید مجدہٗ نے بدمذہبی و گمراہی کے سیلاب کے سامنے **دعوتِ اسلامی** کی شکل میں ایک مضبوط بند باندھا پھر اس بند کی مزید مضبوطی کے لیے مدارِس و جامعات کا قیام فرمایا، دارالافتاء اہلسنّت کھولے، اِسلامی لٹریچر عام کرنے کے لئے اپنے پریس لگائے اور مکتبۃ المدینہ کا پوری دُنیا میں جال پھیلایا اور قربان جاؤں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی بالغ نظری پر کہ میڈیا کی خُرافات سے محبوب کبریا صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی اُمت کو بچانے کے لیے **مَدَنی چینل** کے ذریعے میڈیا کی دوڑ میں شامل ہو گئے۔ یقیناً یہ دوڑ جیتیں گے اور باطِل خائب و خاسر ہو گا۔

وَقُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا ﴿۸۱﴾ (پ۱۵ الاَسرآء ۸۱)

ترجمۂ کنزالایمان: اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا، بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{745} حضرت مولانا حافظ محمد اسحاق چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ حنفیہ، قصور، مبارک مسجد، شادمان کالونی، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

مَاشَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت و جماعت کی دورِ حاضر کی ریڑھ کی ہڈی یعنی **دعوتِ اسلامی** بلاشبہ مذہبِ مُہذَّب کی ڈوبتی ہوئی کشتی کے لئے ناخدا ثابت ہوئی ہے۔ اور کچھ ہی عرصہ میں اِس کا پیغام عالمی سطح پر عام ہو گیا ہے اور اب **مَدَنی چینل** کے ذریعے تو دعوتِ اسلامی کی تعلیمات (جو درحقیقت اسلامی تعلیمات ہیں) ہر ہر فرد تک پہنچنے لگی ہیں۔ **اللہ** کریم جلّ جلالہٗ امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتھم العالیہ کی کاوشوں کو دن دُونی رات چوگنی ترقی سے نوازے اور **مَدَنی چینل** کو بالخصوص رہتی دُنیا تک قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{746} حضرت مولانا حافظ حاجی محمد اکرم نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ نقشبندیہ تعلیم القرآن للبنین والبنات، شیر ربانی ٹاؤن، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

متعدّد بار راقم کو نعمت الٰہی عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دیکھنے اور سننے کا موقع نصیب ہوا۔ میری دِلی تائید اِن الفاظ میں پیشِ خدمت ہے کہ **مَدَنی چینل** بلاشبہ اُمتِ مُسلِمہ کو غذائے یادِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ وغذائے عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم وافر مقدار میں فراہم کر رہا ہے۔ لوگ دن بدن مُستَفِیض ہو رہے ہیں، نیکی کی دعوت پھیل رہی ہے، بُرائی کا خاتمہ ہو رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے آغاز سے دِل خوش ہوا ہے جب کہ عارضی رکاوٹ پر دِل مغموم ہوا ہے اور آستانۂ عالیہ کرمانوالہ شریف کے زیرِ سایہ فقیر کو بھی اس کے چلانے میں کوشش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی اور اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب دوبارہ چلنے کی خبرِ فرحت اَثر سن کر دِل پھر باغ باغ ہوگیا ہے۔

اللہ تعالٰی امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری دامت برکاتہم العالیہ کی جُملہ مساعیٔ جمیلہ بشمول **مَدَنی چینل** کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قَبولیت سے نوازے اور تادمِ آخر یہ فیضان جاری وساری رہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{747} حضرت مولانا حافظ محمد شعبان اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم اشرف المدارس، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی ہم اہلسنّت وجماعت کے لیے بلاشک وشُبہ نعمتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور عنایتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے۔ یہ تحریک شب وروز دینِ حقّہ کی ترویج واِشاعت کے لیے مصروف ہے۔ قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے اپنے خون سے دعوتِ اسلامی کے شجرِ سایہ دار کی آبیاری فرما کر اس کو اِتنا پروان چڑھایا کہ اِس درخت نے ہمیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کے لیے اِیمان واِسلام کے پھل عطا فرمائے ہیں۔ مِن جُملہ

ایک بہُت ہی لذیذ، عظیم، نفیس اور محبوب پھل کا نام **مَدَنی چینل** بھی ہے۔ بِلامُبالَغہ یہ خالِص دِینی مذہبی چینل ہے جو قرآن و سُنَّت کے مطابق لوگوں کی تربیت کے لیے کوشاں ہے۔ **اللہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو اس کے اِجراء پر اپنی بے پایاں رحمت سے نوازے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{748} حضرت مولانا قاری سیّد احمد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ نوریہ رحیمیہ، شفقت بلاک 27 والا روڈ، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ تعالیٰ اپنے عظیم خزانوں سے بے پناہ کرم نوازی فرمائے امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری زیدمجدہٗ پر جنہوں نے دورِ حاضر کے مسلمانوں کو **مَدَنی چینل** کا تُحفہ نافِعہ عطا فرمایا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس سے ہمارے بچے، بچیاں گھر بیٹھے بڑی آسانی سے علمِ دین کی دولت سے اپنی خالی جھولیاں بھر رہے ہیں اور گمراہوں کی اِصلاح ہو رہی ہے۔

اللّٰہ تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو حاسدین کے حسد، شریروں کے شر اور ہر طرح کی نظرِ بد سے محفوظ رکھے۔ اِس کی اِنتظامیہ کو مزید دولتِ اِخلاص سے مالا مال فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{749} حضرت مولانا قاری عاشق حسین القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ، مدرسہ برکات القرآن، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کا اِجراء بے شک دعوتِ اسلامی کی طرف سے دینِ اِسلام اور مَسلکِ حق اہلسنّت و

جماعت کی اَحسن اَنداز میں اشاعت اورنوجوانوں ، بچوں اور بوڑھوں کی صحیح اِسلامی تربیت کا اِنتہائی مُخلِصانہ اِقدام ہے۔اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔مولیٰ کریم اس کومزید نافعِ خلائق بنائے اورامیر دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطاؔر قادری دامت برکاتہم العالیہ کواس اِقدام پر بے پناہ اَجر سےنوازے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{750 }حضرت مولانا قاری محمد عبدالغفار نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(70-6-y نیوملتان شریف، پنجاب، پاکستان)

اِس پُرفِتَن دور میں جب کہ ہرطرف سے لادینیّت اور عقائدِ باطِلہ کی یلغار ہےاور دین کا نام لے کر اہلِ ایمان کواصل دین یعنی نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت سے دُور کیا جارہا ہے۔**مَدَنی چینل** ایسے وقت میں ٹھنڈی ہوا کے جھونکے کا درجہ رکھتا ہے۔جس طرح **دعوتِ اسلامی** نے آقا صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں اورسرکارِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعتوں کے ذریعے اہلِ ایمان کے دِلوں کوجِلا بخشی ہے اِسی طرح **مَدَنی چینل** دعوتِ اسلامی کے اِس مؤثر اندازِ تبلیغ کوعام اورآسان کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ **دعوتِ اسلامی** کوصدہا مبارک باد کہ ایک ایسے چینل کا اِجراء کیا جس کی اَشدّ ضرورت تھی۔**اللہ** تعالٰی اپنے محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل **مَدَنی چینل** کے اَربابِ بست وکشاد کواَجرِ عظیم اوراس ادارے کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

منشاء یہی ہے سلسلۂ قیل و قال کی
ہوتی رہے ثناء تیرے حسن و جمال کی

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{751} حضرت مولانا منظور احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چک نمبر 55/2.L، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

بفضلہٖ تعالیٰ ہمیں **مَدَنی چینل** کے ذریعے بیک وقت حمد ونعت کے ساتھ ساتھ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ (نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے) کی خوشبوؤں سے مالا مال مَدَنی سِلسلوں سے لہلاتے گلشن دِلرُبا کی سیر بھی ہوجاتی ہے۔ناگفتہ بہ حالات میں سچ تو یہ ہے کہ **مَدَنی چینل** ہی وہ مُجلّٰی ومُصفّٰی **اِسلامی چینل** ہے جو شب وروز خوفِ خُدا عزَّوَجلَّ، عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، فیضانِ اَنبیاء، فیضانِ صحابہ اور فیضانِ اَولیاء وعُلَماء (علیھم الصلوۃ والسلام ورضی اللّٰہ عنھم ورحمھم اللّٰہ تعالٰی) کو ہر فرد تک پہُنچانے کے لئے اَنتھک کوششیں کررہا ہے اور یقیناً اِن چیزوں کا حُصُول ہی ہماری حقیقی کامیابی کی علامت ہے۔

دُعا ہے کہ ہم بھی بے دِینی و بے حیائی کے طوفانِ بدتمیزی کی بپھری موجوں سے بچنے کے لیے **دعوتِ اسلامی** کے بیڑہ میں سوار رہیں اور اِس بیڑے کے ناخدا پیکرِ صدق وصفا سراپا خُلُوص ووفا، یادگارِ علماء وصُلَحا حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت فیوضھم العالیہ کی جُملہ مساعیٔ جمیلہ بشمول **مَدَنی چینل** کو شرفِ قَبولیت ودرجہ مقبُولیت ومرتبہ محبوبیت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{752} حضرت مولانا محمد ارشد علی بلوچ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جنرل سیکرٹری تنظیم علماء اوقاف، ملتان زون، خطیب جامع مسجد سیّد عظیم الدین شاہ، ملتان، پنجاب، پاکستان)

موجودہ دور سائنسی ترقی کے عُروج کا مَظْہر ہے، اور نت نئی اِیجادات نے اِنسان کو محوِ حیرت کیا ہوا ہے۔ بالخصوص ذرائع مواصلات کے حوالے سے الیکٹرانک میڈیا نے اِنسانی ذِہنوں پر گھیرا ڈال رکھا ہے۔کوئی بھی بات

وقتِ قلیل میں دُنیا کے کونے کونے تک پہنچانے کے لیے الیکٹرانک میڈیا ایک اَہم ذریعہ ہے۔ اِسلام لوگوں کیلئے ہدایت کا پیغام ہے جو کہ دُنیا کے ہر اِنسان ہر علاقے اور ہر معاشرے تک پہنچانا ضروری ہے۔ موجودہ دور میں الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سے اِنسانی ذِہنوں میں **اِسلام کی محبت**، اِسلامی معاشرے کی خُصُوصیات، عشقِ مُصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فروغ اور اِنسان کی ذِہنی اور رُوحانی تربیت کیلئے **مَدَنی چینل** کا اِنعقاد اہلِ اسلام کیلئے ایک عظیم پیش رفت ہے جو کہ ایک نعمت سے کم نہیں۔

مَدَنی چینل کے ذریعے دورِ جدید کے اِنسانوں کو اَخلاق، معاشرت اور کردار سازی کا پیغام دے کر ایک عظیم اِنقلاب برپا کرنے کی جو کوشش کی گئی ہے، اُس کیلئے ہم دُعا گو ہیں کہ **اللہ** ربُّ العزت مُحسنِ اُمت اور فخرِ عُلَماء، مجدِّدِ شُعُورِ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی اس عظیم کاوِش کو قبول فرمائے اور پوری دُنیا میں اِسلام اور مَسلکِ حق کو غلبہ عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{753} حضرت مولانا غلام جیلانی مجدِّدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ کریمیہ للبنات، کھوکھر روڈ چمن گنج عقب بادامی باغ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج کے اس فحاشی وعُریانی کے دور میں امیرِ اہلسنّت عزّت مآب حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری دامت فیوضھم کا جاری کردہ چینل بنام **مَدَنی چینل** ایک بَہُت ہی اچھا قدم ہے۔ عوام وخواص کو اس سے دِینی فائدہ ہوگا، فکرِ آخرت نصیب ہوگی اور لوگوں کی رُشد وہدایت کا سامان مہیا ہوگا۔

اللّٰہ تعالٰی امیرِ اہلسنّت محمد الیاس عطّاؔر قادری صاحب کو عمر خضر عطا فرمائے اور صحت وعافیت والی زندگی

نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{754} حضرت مولانا ڈاکٹر عبداللطیف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شہر سلطان، جتوئی، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن مَدَنی چینل کا آغاز باعثِ صد اِفتخار ہے۔ اس پُرفِتَن دور میں جب کہ صیہونی طاقتوں نے عشقِ **مُحمَّدِ** مصطفٰے ، **اَحمَدِ** مجتبٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم مسلمانوں کے دِلوں سے نکالنے کیلئے لاکھوں حیلے بہانے اور پیچ وتابیوں کا اِستعمال کیا ہے۔ آج نوجوانانِ اِسلام کوراہِ راست اور سُنّتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے ہٹانے کے لئے فحاشی وعُریانی کو عام کر دیا ہے اور دِیگر خُرافاتِ زمانہ کا اِستعمال کر کے ہماری نظروں کو گنبدِ خضراء کے پُرنُور جلووں سے دُور کر دیا ہے۔ یقیناً یہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے سے اب کا نوجوان دوبارہ اپنے دِل میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شمع کو فروزاں کر سکتا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ یہ روشنی تمام دُنیا کو منوّر کر دے گی اور ہم اپنے قائد محترم امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے لئے سدا دُعا گو رہیں گے کہ **اللہ** تبارک وتعالٰی ان کو عمرِ خضر عطا فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{755} حضرت مولانا محمد حبیب اللہ قادری دہڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ غزالی زماں علامہ کاظمی شاہ رحمۃ اللہ علیہ ، خطیب جامع مسجد حنفیہ غوثیہ، دولت گیٹ ملتان، پنجاب، پاکستان)

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ

ترجمۂ کنزالایمان: اپنے ربّ کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر اور اچھی نصیحت سے اور اُن سے اس طریقہ پر بحث کرو جو سب سے بہتر ہو۔ (پ ۱۴ النّحل ۱۲۵)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی اس آیت کریمہ کی عملی تصویر ہے۔اس پُرفتن دور میں **دعوتِ اسلامی** کئی شعبہ جات میں دعوت وتبلیغِ اسلام کا کام اَحسن طریقے سے کررہی ہے۔حال ہی میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے دعوت وتبلیغ دِین کا کام شروع کیا گیا۔تھوڑے ہی دنوں میں **مَدَنی چینل** گھر گھر، گاؤں گاؤں اور شہر شہر عام ہوگیا۔اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ، عشقِ مصطفٰے صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم ، اِتباعِ سُنَّت ، اِصلاحِ عقائد، اِصلاحِ اَعمال اور فکرِ آخرت کا درس جس اَنداز سے دیا جارہا ہے وہ قابلِ صد تعریف ہے۔بالخُصوص **مَدَنی چینل** کے فیضانِ قرآن ، فیضانِ حدیث ، فیضانِ اولیاء اور فیضانِ حج کے سلسلے بڑے مقبول ہیں۔**سب** سے بہترین بانیٔ دعوتِ اسلامی ، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے عشقِ رسُول اور فکرِ آخرت سے لبریز سُنّتوں بھرے بیانات اور **مَدَنی مذاکروں** کا سلسلہ ہے۔

قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی ذات حُضُورِ اکرم صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی سُنّتوں کا عملی نمونہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ آپ کی گفتگو و بیان میں اِتنی تاثیر اور رِقّت ہے کہ لاکھوں لوگ گناہوں سے تائب ہوکر سُنّتوں کے سانچے میں ڈھل چکے ہیں۔**اللّٰہ رَبُّ الْعٰلَمِیْن** اپنے پیارے حبیب صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کو ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{756} حضرت مولانا قاری محمد اقبال سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد رحمۃ للعٰلمین ،معراج پارک ،مرکز الاولیاء لاہور)

اللہ تبارک وتعالٰی اوراُس کے پیارے محبوبِ پاک ،صاحبِ لولاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے خاص فضل وکرم سے آج کے اس پُرفِتن دور میں **مَدَنی چینل** اہلسنّت وجماعت کیلئے بَہُت بڑی خوشی اور کامیابی کی ضمانت ہے۔ **مَدَنی چینل** جس میں مذہب اورمَسلک کے حوالے سے بَہُت ہی تحقیقی گفتگوملتی ہے۔میری دِلی دُعاہے کہ **اللہ** تبارک وتعالٰی ہمارے مَسلک کے **مَدَنی چینل** کودِن دُونی رات ،چوگنی ترقی عطافرمائے ،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{757} حضرت مولانا سیِّد محمد ضیاء محی الدین گیلانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دربارِ عالیہ غوثیہ قادریہ مصطفائیہ، ہڑپہ شریف ،ساہیوال ،پنجاب ،پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی یہ عظیم تبلیغی کاوِش ہے جو **مَدَنی چینل** کی صورت میں ہر گھر میں اپنا فریضہ ادا کررہی ہے۔مَیں **مَدَنی چینل** کی تمام اِنتظامیہ کومبارکباد پیش کرتا ہوں ۔**اللہ** تعالٰی حُضُور نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کومزید ترقیاں عطافرمائے اور دِینی تبلیغ کے اس عظیم مرکز کو ہمیشہ آبادرکھے ،آمین ۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{758} حضرت مولانا پیر محمد عاشق صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ فریدیہ ،انوارشہید کالونی ،ضلع اوکاڑہ ،پنجاب ،پاکستان)

مَدَنی چینل کے ذریعے اچھے طریقے سے تبلیغِ اسلام ہو رہی تھی۔ اس کو فوری طور پر دوبارہ سے شروع کرنا چاہیے جس طرح دوسرے چینلز کے ذریعے فحاشی اور بُرائی بہُت زیادہ پھیل رہی ہے، اس کے مدِّ مقابل **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگ بُرائی سے بچ کر نیکی کی طرف راغب ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو حاسدوں کے حسد اور شریروں کے شر سے محفوظ رکھے تاکہ نیکی کی دعوت عام ہو، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{759} حضرت مولانا پیر نور محمد حیدری جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چشتیاں شریف، ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کا جاری کردہ **مَدَنی چینل** اس پُرفِتَن دور میں عالَم اسلام بالخُصوص اہلِ پاکستان کے لیے مژدہ جانفزا ہے۔ اس کے ذریعے تبلیغِ اسلام، اِحیائے سُنَّت اور حُضُورِ اَقدس صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی شان بیان ہو رہی ہے۔ **اللہ** تبارک وتعالیٰ پیارے محبوب پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** کی کوشش وسعی کو پیہم بنادے اور نہ تھکنے والے مُبلِّغ اس کام کو تادمِ آخر انجام دیتے رہیں اور **اللہ** تبارک وتعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی رِضا اور خوشنودی حاصل کرتے رہیں، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{760} حضرت مولانا مفتی لیاقت علی معصومی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ غوثیہ رضویہ، گلبرک نمبر۲، مرکز الاولیاء لاہور)

آج کے جدید دور میں الیکٹرانک میڈیا کی بہُت زیادہ اَہمیت ہے۔ضرورت اس اَمر کی ہے کہ دُنیا کے مختلف خطوں میں اِسلامی چینلز ہوں تاکہ دینِ اسلام کا آفاقی پیغام دُنیا تک پہنچایا جائے اور دشمنانِ اسلام کی مسلمانوں کو بدنام کرنے کی ایک بیہودہ سازش جو یہودی میڈیا سراَنجام دے رہا ہے اس کا رَدّ اور توڑ کیا جائے۔ **مَدَنی چینل** بحمدہٖ تعالیٰ حتَّی المقدور یہ خدمت سرانجام دے رہا ہے۔تمام مؤمنین کے دِل کی یہ آواز ہے کہ اسے جاری رکھا جائے تاکہ انہیں گھر بیٹھے دینی وشرعی معلومات مسلسل پہُنچتی رہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علی مُحمَّد

{761} حضرت مولانا قاضی ابومحمد خلیل احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ ہجویریہ، دربار داتا صاحب وخطیب جامع مسجد سردار کونین، شاہدرہ، لاہور)

اللہ تعالیٰ کا اِحسانِ عظیم ہے کہ اب بھی ایسے اَربابِ علم ویقین موجود ہیں جو عوام کی رہنمائی کے سلسلہ میں بڑا اَہم کردار ادا کر رہے ہیں۔جنہیں ابھی تک مفاد پرستی اور لالچ کی چڑیل نے اپنا دُودھ نہیں پلایا۔ایسے درویش صفت عُلَمائے باعمل موجود ہیں۔جونانِ جویں کھا کر قوتِ حیدری سے اعتقادی عمارت کی حفاظت کر رہے ہیں۔حقیقتاً آج پاکستان کی عوام کو اِعتقادی اور نظریاتی تربیت کی بڑی ضرورت ہے۔اور علمائے اہلسنّت کو خاص طور پر نوجوان نسل کی دینی واعتقادی تربیت کے لیے آگے بڑھنا چاہیے۔آج کی نوجوان نسل کو بے دینی اور فحاشی کے طوفانوں سے محفوظ رکھنے کیلئے عاشقِ رسُول، مجاہدِ دین وملت حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا سلسلہ **مَدَنی چینل** بِلاشُبہ گھر گھر لمحاتِ زندگی میں بَرَکتیں پیدا کرنے اور اَولاد کو فرمانبردار بنانے کیلئے اِنتہائی مؤثر اور کثیر الفوائد ہے۔

آپ کا یہ کارنامہ بلاشُبہ ان کاموں میں سے ہے جو اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تاریخ کے صفحات پر سُنہری حُروف

سے جگمگا تا رہے گا۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{762} حضرت مولانا مفتی محبوب احمد شرقپوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ غوثیہ رضویہ، گلبرگ وخطیب جامع مسجد حنفیہ اچھرہ، مرکز الاولیاء لاہور، پنجاب، پاکستان)

موجودہ دور کو میڈیا کا دور کہا جاتا ہے۔لوگوں کی سوچ، فکر، خیالات حتّٰی کہ طرزِ زندگی کو بدلنے میں آج جتنا مؤثر کردار میڈیا نے ادا کیا ہے۔شاید ہی کوئی اور چیز ہو۔آج نوجوان نسل کے بگڑنے کا ذِمّہ دار بھی میڈیا کو ٹھہرایا جا رہا ہے۔جب تک میڈیا پر بدمذہب، لادین اور مادہ پرست لوگوں کا قبضہ رہے گا۔نسلِ نو کی تباہی و بربادی کا سامان ہوتا رہے گا۔قرآن وسُنَّت کی تعلیمات کو گھر گھر پہنچانے کیلئے عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے۔جو انتہائی قابلِ مَسرّت اور خوش آئند بات ہے۔جو لوگوں تک صحیح صحیح دِینی و مذہبی معلومات پہنچانے کا اہم و مؤثر ذریعہ ثابت ہو گا اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔اس چینل پر قَالَ اللّٰہُ وَ قَالَ الرَّسُوْل کی دِلنواز صدائیں بلند ہوں گی۔لوگوں کے دِینی مسائل کا قرآن وسُنَّت کی روشنی میں حل پیش کیا جائے گا۔لوگوں میں عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور غیرتِ اِیمانی پیدا کرنے کے لیے کارگر ثابت ہوگا اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ ربِّ قُدُّوس عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی اس چینل کو صحیح معنوں میں دینِ اِسلام کی ترویج واشاعت کی سعادت نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{763} حضرت مولانا صاحبزادہ مفتی محمد شفقت احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد طیبہ رضویہ، جناح روڈ، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

حقیقت یہ ہے کہ ہر دور میں تبلیغِ دین اُس دور کی ضرورت کے تقاضوں کے مطابق ہی کی جائے تو زیادہ مؤثر ثابت ہوتی ہے۔آج کے اس پُرفِتَن دور میں مسائل شرعیہ سے اکثر لوگ بے اِعتنائی کی وجہ سے ناواقف ہوتے جارہے ہیں۔لوگوں کے پاس مسجدوں، مدرسوں اور علمائے کرام کے پاس جانے کے لئے وقت نہیں ہے۔ٹی وی کے چینلز میں کوئی بھی ایسا چینل نہیں تھا، جس کو مکمل طور پر اسلام اور اہلِ سُنَّت کا ترجمان کہا جاسکے۔جس کو گھر کے تمام افراد ماں، بہن، بہو، بیٹی کے ساتھ بیٹھ کر دیکھا جاسکے۔اگر کوئی چینل اِسلامی کہلاتا بھی ہے تو اس میں ہر طرح کے اِشتہارات اور گستاخانِ خدا و رسُول کو بھی بڑے طُمطُراق سے اپنا غلط مؤقف پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ اگرچہ اس کے عوض خطیر رقوم وصُول کی جاتی ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** جس کا **مَدَنی مقصد** ہے **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے"** نے اپنے اسی جذبۂ تبلیغِ اسلام کے تحت وقت کی ضرورت کے عین مطابق اپنی اور تمام عالمِ اسلام کی بہتری کی خاطر **مَدَنی چینل** کا اِجراء کیا۔**اللہ** تعالیٰ ان کی کاوشوں میں آفتاب نیم روز سے بھی زیادہ بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

بحمدہٖ بعونہٖ وبمنہٖ **مَدَنی چینل** کے ذریعے سے جتنے بہترین اور مُفصَّل و مدلَّل انداز میں تبلیغِ دین ہورہی ہے۔آج تک کہیں بھی دیکھنے میں نہیں آئی۔عصرِ حاضر کے مصلحِ اعظم، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم القدسیہ جس پیارے اور میٹھے انداز میں جس تفصیل اور ٹھوس انداز میں ترغیب وترہیب کے ساتھ تمام مسائل شرعیہ اور اَخلاقیہ پر بیان فرماتے ہیں کہ آپ کی بات ہر ایک شخص کے دِل و دِماغ میں اُترتی چلی جاتی ہے۔اور آپ کے تربیت یافتہ مدنی علماء کرام بھی ایسے مدلَّل اور تفہیمانہ انداز میں بیان فرماتے ہیں کہ گھنٹوں تک ان کے بیانات سننے سے بھی دِل نہیں اُکتاتا۔اس طرح لاکھوں ٹی وی کے شوقین ٹی وی ہی پر اپنے ظاہر

وباطن کی اِصلاح کررہے ہیں، اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ (اے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس میں مزید زیادتی عطا فرما) آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{764} حضرت مولانا حکیم احمد بخش سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ سعیدیہ حیدریہ، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا اِجراء اس پُرفِتَن دور میں وقت کی اَہم ترین ضرورت ہے۔ کافی دوستوں نے شہادت دی ہے کہ **مَدَنی چینل** کی وجہ سے ہم نے اپنے آپ کو مدنی رنگ میں رنگ لیا اور سُنَّتوں کے عامِل بن گئے اور نماز باقاعدگی سے شروع کر دی ہے۔ بَہَر حال **مَدَنی چینل** کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ یہ لوگوں کو راہِ راست پر لانے اور عاشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم بنانے کی طرف ایک اِنقلابی قدم ہے۔ دعوتِ اسلامی مبارکباد کی مستحق ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{765} حضرت صاحبزادہ سیِّد عمران احمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ دائم الحضوری قصوری، ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی سُنَّتِ رسُولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو دنیا بھر میں پھیلانے والی ایک مذہبی تحریک ہے۔ جس کا کسی بھی ملک کی داخلی اور خارجی سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ مَیں اس تحریک کے کارکنان کو ذاتی طور پر جانتا ہوں۔ یہ تحریک دہشت گردی، مذہبی منافرت اور فرقہ پرستی سے مکمل طور پر پاک ہے۔ اور دعوت اسلامی کے تحت اسلامی تعلیمات، اَخلاق واقدار اور محبت رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو عام کرنے کے لیے

مَدَنی چینل کے نام سے ایک ٹی وی چینل کا آغاز گزشتہ ماہِ رمضان میں ہوا۔ جس سے عوام الناس کو دِینی معلومات فراہم کی جارہی تھیں اور لوگ اس چینل سے مستفید ہو رہے تھے لیکن پھر اچانک دسمبر کے مہینے میں اس چینل کی نشریات بند ہو گئیں جو کہ عوام کے لیے بہُت بڑا المیہ ہے۔ مختلف شہروں کے علماء کرام و مشائخ عِظام نے بھی **مَدَنی چینل** کے بارے میں اپنی پسندیدگی کا اِظہار کیا ہے۔ اگر **مَدَنی چینل** کی نشریات کو دوبارہ شروع کر دیا جائے، تو عوام کی بے چینی ختم ہونے کے ساتھ ساتھ دُنیا بھر میں صحیح اِسلامی تشخص اُجاگر ہو گا۔ چونکہ **دعوتِ اسلامی** ایک عالمگیر تحریک ہے۔ اس لیے دنیا بھر میں اس سے منسلک افراد بھی **مَدَنی چینل** سے اِستفادہ کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں جب سے یہ تحریک مَعْرضِ وُجُود میں آئی ہے اس کے کارکنان ہڑتالوں، جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ یا کسی اِحتجاج میں ملوث نہیں رہے۔

میری رائے ہے کہ دعوتِ اسلامی اور اس کے بانی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کی دِینی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے **مَدَنی چینل** کی نشریات بلا تاخیر بحال کر دی جائیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{766} حضرت مولانا محمد انور القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ غوثیہ رضویہ، گلبرگ و مدرس جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، مرکز الاولیاء لاہور، پنجاب، پاکستان)

فرد اور معاشرے کی اِصلاح کے لیے دینِ حق کی دعوت و تبلیغ کس قدر اہم ہے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس مقدس کام کے لیے **اللّٰہ** تعالٰی نے اپنی بارگاہ کے محبوب ترین اور اِنسانیت کے کامل ترین افراد حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا اور علمائے ربانیین رحمھم اللّٰہ المبین کو اس عظیم کام کے لیے حضرات انبیائے کرام علیہم السلام کا وارث بنایا۔ حُضُور خاتم النّبیین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اُمت کے علمائے حق نے جس

طرح اس وراثت کا لحاظ کیا۔اور حُضُور صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اُسوہ حسنہ کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ہر قسم کی مشکلات یہاں تک کہ اپنی جانوں کی قربانی دے کر جس اَحسَن طریقے سے نظامِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی حفاظت کی اور اسلامی تعلیمات کی اشاعت کی، وہ اُمتِ مُسلِمہ کے لیے قابلِ فخر ہے۔

دعوت و تبلیغ کے کام کے لیے ہر دور کے علماء کرام نے وقت کے تقاضوں کے مطابق جو طریقہ زیادہ مناسب اور مؤثر سمجھا، اسے اختیار کیا۔آج کے دور میں قلب و ذِہن کو متأثر کرنے میں الیکٹرانک میڈیا جس قدر مؤثر ہے اس سے کوئی شخص اِنکار نہیں کرسکتا۔مسلم ممالک کے ان ذرائع ابلاغ سے دِینی تعلیمات، علمی مباحثے اور اِسلامی تعلیمات کی روشنی میں نسلِ نو کی تربیت کے پروگرام پیش ہونے چاہئیں تھے۔مگر افسوس کہ ذرائع ابلاغ کا غلط اِستعمال کرکے عُریانی وفحاشی کے مناظر دکھا دکھا کر نئی نسل کو گمراہ کیا جارہا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کی مرکزی مجلس شورٰی کے اکابرین نے الیکٹرانک میڈیا کی اَہمیت کو سمجھتے ہوئے دعوت وتبلیغ کے اہم کام کے لیے **مَدَنی چینل** کا اِجرا کیا، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ عقائدِ اہلسنّت کو بڑے واضح انداز میں پیش کیا جائے۔ خُصوصاً عقیدہ تو حید کو اَہم بنیادی عقیدے کے طور پر پیش کیا جائے۔توحید وشرک کے مفہوم کو عام فہم انداز میں عوام کے لیے بیان کیا جائے تاکہ جو گمراہ فرقے توحید وشرک کی آڑ میں اہلسنّت کے بعض معمولات کو شرک وبدعت قرار دے کر عوام الناس بالخصوص کالج ویونیورسٹی کے طلباء کو اہلسنّت سے متنفر کررہے ہیں، ان کا سدِّ باب ہوسکے۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی دعوتِ اسلامی کے احباب کو دُرُست طریقے سے اسلامی تعلیمات کو **مَدَنی چینل** کے ذریعے نشر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{767} حضرت مولانا حافظ محمد فتح الدین ملتانی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ فتح العلوم غوثیہ مہریہ، پیر کالونی نمبر۳، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

قبلہ پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے جو **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی کام** کی تبلیغ کا سلسلہ شروع کیا، اس میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں لوگ راہِ راست پر آ گئے، نوجوانوں نے داڑھیاں سجالیں، ماں باپ کے فرماں بردار ہو گئے، نماز کے پابند ہو گئے، مسواک جیسی سُنَّت کو اپنا زیور بنالیا۔ **میں** تو یہی کہتا ہوں کہ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا سُنَّتوں بھرا بیان **مَدَنی چینل** پر روزانہ ہو، ورنہ کم از کم ہفتہ میں ایک بار ضرور ہو۔ آپ دامت برکاتہم العالیہ کا سُنَّتوں بھرا بیان اتنا پُر تاثیر ہے کہ سننے والوں کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔

میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تا دیر اہلسنّت کے سروں پر قائم رکھے۔ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے ملفوظات سن کر ہر مسلمان کو چاہیے کہ ان پر عمل کرے اور یہ **مَدَنی چینل** ٹی وی پر ہمیشہ ہمیشہ جاری رہے، **اللہ** تعالیٰ تمام دعوتِ اسلامی، آپ دامت برکاتہم العالیہ کے مریدین، طالبین اور محبین کو سلامت و باکرامت رکھے، **اللہ** تعالیٰ ان کے صدقے اہلسنّت و جماعت کو خُلُوص عطا فرمائے اور شریعتِ مُطَہَّرہ کے لئے قربانی دینے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{768} حضرت مولانا حافظ گل محمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد تاج عمر، محلّہ حیات نگر، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت، پیرِ طریقت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی زیرِ

قیادت دعوتِ اسلامی جوکہ عالمی تحریک کی صورت میں نبیِ مُکَرَّم، رسُولِ مُحتَشَم، آقائے دوعالم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی تعلیمات سے بڑے پیارے اور خوبصورت اَنداز میں، پُر امن طریقے سے لوگوں کو روشناس کر رہی ہے، اسی سلسلے میں دعوتِ اسلامی کے زیرِ اِنتظام چلنے والا **مَدَنی چینل** ایک بڑا مؤثر ذریعہ ہے۔ اس **مَدَنی چینل** نے کافی حد تک لوگوں کی اَخلاقی اور رُوحانی اِصلاح کی ہے اور دورِ حاضر میں جوکہ ہر طرف مادیت پرستی کا دور ہے۔ طاغوتی طاقتوں کی یلغار سے نوجوان بے راہ روی کا شکار ہے۔ اور اس پُر فِتَن دور میں کئی ذرائع سے لوگوں کے دِلوں سے محبت الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور محبت رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم سَلب کی جارہی ہے۔ اِیمان جیسی عظیم دولت لاشعوری طور پر برباد ہورہی ہے۔ لہٰذا بندۂ ناچیز ضروری سمجھتا ہے کہ ایک ایسا چینل جو **اللہ** تعالیٰ سے ٹوٹا ہوا رشتہ پھر جوڑ دے اور آقائے دوعالم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی تعلیمات سے اُجڑے ہوئے دِلوں کو روشن کردے۔ ایسا چینل ضرور چلنا چاہیے اسے بند کرنا سوائے اِسلام دُشمنی کے اور کچھ نہ ہوگا۔ اربابِ اقتدار کو چاہیے تھا کہ اس **مَدَنی چینل** کی ہر طریقے سے معاونت کرتے اور خراجِ تحسین پیش کرتے، الٹا اسے بند کردیا۔ یہ سراسر ناانصافی ہی نہیں، بلکہ شیطانی اور طاغوتی طاقتوں کو تقویت دینا ہے جوکہ اس مملکتِ اسلامیہ کی روح کے منافی ہے۔ الغرض اس **مَدَنی چینل** کو بلاحیل وحجت پھر شروع کیا جائے۔ اسلام دوست تشنہ رُوحوں کو پھر سے سیراب ہونے کا موقع فراہم کیا جائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{769} حضرت مولانا محمد زمان سعیدی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس شعبہ درس نظامی جامعہ رضویہ مصباح القرآن، فیض آباد، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے بانی وروحِ رواں، امیرِ اہلسنّت، حضرت

مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم القدسیہ کی بلند پایہ، ہمہ گیر اور دِل آویز شخصیت بلاشبہ جماعتِ اہلسنّت کا قابلِ فخر سرمایہ ہیں۔ اپنے اوصاف وکمالات اور اَخلاقِ فاضلہ کی وجہ سے اکابر واصاغر میں یکساں مقبول اور ہر دِلعزیز ہیں۔ تعارف کے لیے ہمارے پاس جو کلمات شائع وذائع ہیں ان کے کماحقّہٗ تعارف کے لیے ناکافی ہیں اور یہ مبالغہ نہیں بلکہ حقیقت ہے۔ اس کی دلیل **مَدَنی چینل** کے بارے میں بے شمار جید علمائے کرام ومشائخِ عِظام اور تحقیقی شَغف رکھنے والی شخصیات کے خُلُوصانہ تأثرات کے اِقتباسات ہیں۔ جن میں سب نے بالاتفاق امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی اس کاوش کو سراہا ہے۔

آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری

گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام صبا تیرا

مَدَنی چینل کا قیام اشاعتِ اسلام اور مذہبِ حقہ اہلسنّت کے فروغ کے لیے اَحسَن قدم ہے۔ ایک دوبار **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ بے شک اس سے احیائے سُنَّت اور اِصلاحِ باطن میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مدد ملے گی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت، حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے تمام رُفقاء کی سعیٔ جمیلہ کو شرفِ قبولیت بخشے اور دعوتِ اسلامی کو بے شمار ترقیاں نصیب فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{770} حضرت مولانا حافظ عبد الجبار نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد قادری رضوی، ایم اے جناح روڈ، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی زیدمجدہٗ کے جاری کردہ اِنتہائی

مؤثر اور پاکیزہ **مدنی چینل** پر "وَرَفَعْنَالَکَ ذِکْرَکَ" کے جلوے عام ہیں۔شب وروز فیضانِ تلاوت ونعت و درسِ قرآن وحدیث کے مبارک اور نافع سلسلے جاری ہیں۔راقم خود بھی **مدنی چینل** دیکھ کر محظوظ ہوتا ہے۔

میری دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ ہماری دعوتِ اسلامی کو دُنیا کے ہر ہر فرد تک پہنچا دے اور یوں ہر ہر فرد دعوتِ اسلامی کی بَرَکات سے مُستَفِید و مُستَفِیض ہو سکے۔ہماری حکومت کا **مدنی چینل** کے آغاز کی اِجازت دینا بھی قابلِ تعریف ہے کیونکہ **مدنی چینل** کے تمام سلسلے عالمگیر امن کے داعی اور مذہبِ اسلام کی تعلیماتِ مُطَہَّرہ کو اِنتہائی اَحسَن اَنداز میں پیش کررہے ہیں۔**اللہ** تعالیٰ سے دُعا ہے کہ نافِع خلائق سلسلۂ **مدنی چینل** ہر طرح کی نظر بد سے محفوظ و مامون رہے۔اور رحمتِ دوعالم صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے گنبدِ خضراء کی ہریالی کے صدقے ہمیشہ سرسبز وشاداب رہے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{771} حضرت مولانا محمد جہانگیر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اعظم آستانہ عالیہ خواجہ عبدالعزیز، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک، **دعوتِ اسلامی** کا تبلیغی و اِصلاحی میدان میں ایک نمایاں اور واضح مقام ہے۔امیرِ اہلسنّت ، بانیٔ دعوتِ اسلامی سلسلہ عالیہ قادریہ کے عظیم پیشوا، مسلکِ حقہ اہلسنّت وجماعت و مسلکِ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربِّ العزت کے سچے داعی، حضرت علامہ مولانا الحاج ابو بلال محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ نے جس منفرد انداز میں باب المدینہ کراچی سے **دعوتِ اسلامی** کا آغاز فرمایا۔اور پھر نہایت قلیل عرصہ میں نہ صرف ملکِ پاکستان کے گوشتہ گوشہ میں بلکہ دُنیا کے 66 سے زائد ممالک میں یہ پیغام عام کیا، یہ بات کسی سے مخفی نہیں۔

اب نسلِ نو کی اِصلاح کے لیے آپ دامت برکاتھم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کے نام سے جو شمع فروزاں فرمائی ہے، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کا اُجالا چہار سو پھیلے گا۔ اور اس کی ضو پاشیوں سے ایک عالم منوّر ہو گا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور ان کے احباب کی یہ کاوش قبول فرمائے اور دن دُونی رات چوگنی ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{772} حضرت مولانا قاری دلشاد احمد فراز قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ حیدریہ عدنان العلوم، ۲۷ والا روڈ ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

جب سنا امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطارؔ
جن کی کاوِشوں سے ہے ہر طرف سُنّتوں کی بہار
جن کے مُعتَرِف ہیں کیا اپنے کیا اَغیار
ان پہ اپنی رحمت کا سایہ رکھے سدا پروردگار

کہ انہوں نے **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک چینل کا آغاز کیا ہے اور اس پر عُلَماء، فُضَلا، صُلَحاء اور مشائخِ عظام نے آراء کی صورت میں اچھے تأثرات دیئے ہیں۔ دِل میں شوق اُٹھا کہ چہرہ عطّارؔ دیکھیں۔ مریدین کی صورت میں گل تو دیکھ لئے لیکن اب گلزار دیکھیں۔

پھر ایک دن **مَدَنی چینل** پر مردِ قلندر دیکھا...... خادمِ قرآن دیکھا...... علمائے کرام کا قدر دان دیکھا...... اہلسنّت کا ترجُمان دیکھا...... مسلکِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کا پاسبان دیکھا...... عاشقِ نبی آخر الزمان دیکھا...... آنکھ میں حیا دیکھی...... طبیعت باوفا دیکھی...... پیاری پیاری اور میٹھی میٹھی چہرے پہ سُنَّتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی

علیہ والہٖ وسلّم دیکھی......کتنا پیارا بولنے کا اُسلوب ہے......لفظوں کی ادائیگی کیا خوب ہے۔

مَدَنی چینل پر قرآنِ مجید کی تلاوت ہو رہی تھی......مدنی آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے فرامین کی صورت میں پیاری پیاری باتیں ہو رہی تھیں......اور آپ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے گداؤں کی مثالیں دی جارہی تھیں......اگر **مَدَنی چینل** جاری رہا تو اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہر انسان نکھر جائے گا، گناہوں اور بدعقیدگی کا زنگ بھی اُتر جائے گا، ورنہ **مَدَنی چینل** سے پہلے تو کیبل پر بدتمیزی کا طوفان برپا تھا، عُریانی وفحاشی میں اِنسان مُبتَلا تھا، مسلمان خُرافات کا شکار تھا، اِسلام برائے نام تھا، ہر غلط کام کا رواج تھا، عقیدہ بھی خام تھا، عُریانی کا اندھیرا تھا، فحاشی کا بسیرا تھا، گمراہی کا ڈیرہ تھا۔ ایسے میں امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا الحاج ابوبلال **محمد الیاس عطّارؔ قادری** رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور **مرکزی مجلس شوریٰ** نے میڈیا میں اپنا کردار ادا کرنے کا فیصلہ **مَدَنی چینل** کی صورت میں کیا ہے۔

یہ یقیناً دِینی، مذہبی، تعلیمی، قومی اور ملی خدمات کیلئے ایک اَحسَن اِقدام ہے۔ **مَدَنی چینل** کا ہر پروگرام قابلِ دید اور لائقِ تقلید ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ جیسی شفیق ہستی کا سایہ اور دعوتِ اسلامی کی بہاروں کی مہک تادیر مسلمانانِ عالم پر قائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{773} شارحِ دیوانِ بابا گنج شکر حضرت مولانا ابواحمد غلام حسن اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ فیض اُویسیہ، ڈاکخانہ کلیانہ، تحصیل وضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

سائنسی ترقی کی بنا پر میڈیا نے پوری دُنیا کو سمیٹ کر ایک بستی یا شہر بنا دیا ہے۔ ڈش، وی سی آر، سی ڈی

اور ڈی وی ڈی پر فلموں، ڈراموں اور گیموں نے نہ صرف ہماری نوجوان نسل بلکہ بڑی عمر کے لوگوں کو بھی اسی افیون کے نشہ میں مست کر دیا ہے۔ میڈیا پر غیر مسلموں نے قبضہ جما رکھا ہے۔ میڈیا کے ذریعے ہماری تہذیب و تمدن پر مختلف اَقوام کی یلغار ہمارے لئے ایک عذاب ہے۔ جس سے ہماری دنیا بھی تباہ ہو رہی ہے اور آخرت بھی۔ ہمارے عقائد کے خلاف فلموں اور ڈراموں کا بننا، مدنی تاجدار احمد مختار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے خلاف خاکوں کی اِشاعت، خانہ کعبہ کے خلاف فلموں کا بننا، مسلمانوں کو دہشت گرد ثابت کرنے کی مذموم کوششیں کرنا وغیرہ ایسے اُمور ہیں جن سے مَعصُوم ذِہنوں کو اِسلام کے خلاف کرنے کی مذموم سازشیں کی جا رہی ہیں۔ ایسے حالات میں اِنتہائی ضرورت تھی کہ مسلمان بھی اس طرف توجہ دیں، اِسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنا دیں اور دین اِسلام کی صحیح تعلیمات سے بھی مسلمانوں کو آگاہ کریں۔

اَلحَمدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کر دیا ہے۔ جس میں صحیح اِسلامی تعلیمات کے مطابق قرآن و سُنَّت کی روشنی میں مختلف طریقے اپناتے ہوئے معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ تلاوتِ قرآن پاک، حمدِ باری تعالیٰ، نعتِ سرورِ کونین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، موقع محل کے مطابق اِسلام کی تعلیمات، بدعات کی تردید، غلط رُسوم اور قرآن و سُنَّت کے خلاف اُمور کی مذمت، اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ (نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے) کے متعلق علمائے کرام اور خُصُوصاً دعوتِ اسلامی کے امیرِ محترم، جناب حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے عشقِ حبیبِ کبریا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر مبنی بیانات **مَدَنی چینل** کی یہ وہ خُصُوصیات ہیں جو بقیہ تمام ٹی وی چینل سے **مَدَنی چینل** کو ممتاز کرتی ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ دینِ متین کے سلسلے میں کی جانے والی ہر سعی قبول فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{774} حضرت مولانا محمد حسن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم الحسن علویہ اسلامک اکیڈمی، حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

آج میڈیا کا دور ہے۔ پوری دُنیا گلوبل ولیج کی شکل اختیار کر رہی ہے۔ ٹی وی کے لاتعداد چینلز کے ذریعے لادینیت، بدعقیدگی، فِسق وفُجور، بے حیائی، فحاشی اور عُریانی پھیلائی جارہی ہے حتّٰی کہ بعض اِسلامی چینلز کمرشلز کی آڑ میں فحاشی کی زد میں آرہے ہیں۔ لاتعداد باطِل چینلز کی بھرمار میں چند اسلامی چینلز کی کارکردگی قابلِ تعریف ہے لیکن ایسے چینلز آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔

عرصہ دراز سے اس کی بات کی اشدّ ضرورت تھی کہ ایک خالصتاً اسلامی چینل ہو، جس میں کسی قسم کی آلودگی نہ ہو۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو ربُّ العزّت جلَّ شانہٗ نے یہ توفیق مرحمت فرمائی اور انہوں نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سے دین سے محبت رکھنے والے حلقوں میں مَسرَّت وانبساط کی لہر دوڑ گئی ہے۔ نبّاضِ قوم حضرت علامہ امیرِ اہلسنّت اور ان کی ٹیم کو ہم ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔ **مَدَنی چینل** اندھیرے میں اُجالا ہے، شبِ ظلمت کا چاند ہے، اُمید کی ایک کرن ہے، **مَدَنی چینل** سے تلاوتِ قرآنِ مجید مع ترجمہ و تفسیر، تجوید وقراءت کی تدریس، قرآن وسُنَّت کی آفاقی تعلیمات پر مبنی محبت بھرے بیانات، تبلیغِ دین کا میٹھا انداز، فکری اور عملی تربیت، فلمی گانوں کے مقابلے میں حمدِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور نعتِ رسُولِ مقبول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، اَخلاقی ورُوحانی درس، قرآن وسُنَّت کی روشنی میں محققین کی زبانی مشکل مسائل اور جدید مسائل کا شرعی حل، محدثین، فُقہاء اور گوشہ نشین صُوفیاء کی علمی وفکری کاوِشوں کا اِظہار، باطِل نظریات کی مُدلَّل تردید، دینِ حقّہ کی تشریح اور سچ کی تَشہیر نَشر ہورہی ہے، اِسلام کے بارے میں یہود ونصاریٰ اور سیکولر لوگوں کے منفی پروپیگنڈے سے متأثر اور مغرب زدہ لٹریچر سے مُتعفّن ذِہنوں کی تَطہیر وقت کی اَہم ضرورت ہے۔ اَربابِ بَست وکُشاد سے اپیل ہے کہ اس چینل کو آزمائش (Test) سے نکال کر مستقل (Permannt) کر کے نیکی کی دعوت کے فروغ میں حصہ لیں، اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ (اے

اللہ عَزَّوَجَلَّ اس میں مزید اضافہ فرما) آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{775} حضرت مولانا محمد فضل رسُول سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذِ شارحِ بخاری غلام رسُول رضوی، مدرس دار العلوم محمدیہ غوثیہ، جنرل بس اسٹینڈ ،گلزر طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

دُنیا میں اِنسان کیلئے سب سے بڑی بُرائی کفر ہے اور پھر گمراہی و بدعقیدگی۔ **اَخلاقی وعملی بُرائی** میں فرق یہ ہے کہ عملی کمزوری سے اِنسان اگرچہ با کمال نہیں ہوسکتا ،لیکن گنہگار ہونے کے باوجود مسلمان رہتا ہے۔ یہ اس وقت تک ہے جب تک حرام وگناہِ کبیرہ کو جائز اور حلال نہ جانے ،اگر جائز جانے گا تو پھر مسلمان نہ رہے گا۔ اور **عقیدہ** کی خرابی بنیادی طور پر گمراہی ہے، ہاں !اگر حدِّ کفر تک پہُنچ جائے تو پھر کفر ہو جائے گی۔ قبل ازیں میڈیا پر جو پروگرام آتے ہیں۔ وہ عُموماً اَخلاقی کمزوریوں پر مشتمل ہوتے تھے اور اب جو سیلاب آیا ہوا ہے۔ یہ مسلمانوں کے عقیدے متزلزل کررہا ہے۔ مسلمان عُلَماء اور صُلَحاء کو اسی وقت ان کے آگے بند باندھنا چاہیے تھا، جب سے یہ یلغار شروع ہوئی تھی کیونکہ بُرائی اگر میڈیا کے ذریعے پھیلائی جارہی ہو اور عُلَماء وصُلَحاء کا خیال ہو کہ ہم مساجد و مدارِس میں بیٹھ کر یا جلسے جلوس کے ذریعے اس کا اَثر زائل کر دیں گے تو یہ خام خیالی کے سوا کچھ نہیں۔ جن مراکز کے ذریعے بُرائی پھیلائی جارہی ہو ان کے مقابل ایسے مراکز قائم کرنا ہوں گے، تب کچھ بُرائی کا سیلاب روکا جاسکتا ہے۔ اب تک اس سے غفلت برتی گئی، **اللّٰہ** تعالیٰ ہمیں معاف فرمائے۔ اس وقت گمراہ لوگ ان چینلز کے ذریعے زہر اُگل رہے ہیں اور نئی نسل کو گمراہ کررہے ہیں۔ اب مسلمان مذہبی پیشواؤں پر یہ فرض ہے کہ ان کا منہ توڑ جواب دے کر ان کے گمراہ کن اَثرات کو زائل کرنے کا اِہتمام کریں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ آپ یہ خبر سن کر ضرور خوش ہوں گے کہ دعوتِ اسلامی کی طرف سے ایک **مَدَنی**

چینل کا اِجرا کیا گیا ہے، جس کی اَشدّ ضرورت تھی اور یہ ضرورت اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کے ذریعے پوری ہوگی۔ اب دعوتِ اسلامی کو چاہیے کہ محققین علمائے کرام کے ذریعے اس چینل سے لوگوں کی اِصلاح کا اِہتمام کرے۔ **اللّٰہ** تعالٰی اس کاوِش کو قبول فرمائے اور مزید توفیق سے نوازے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{776} حضرت مولانا قاری سلطان محمود مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ غوثیہ سلطانیہ، واں بھچراں، میانوالی، پنجاب، پاکستان)

حضرت علامہ مولانا محمد فضل رسُول سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے **مَدَنی چینل** کے متعلق بَہُت بَرجستہ، اِنتہائی برمحل اور وقت کی ضرورت کے پیشِ نظر اس کی اَہمیت کا ذکر فرمایا ہے، یقیناً حق اور دُرُست فرمایا ہے کیونکہ ایسے اداروں کی اس وقت اَشدّ ضرورت ہے جو مسلمانوں کو صحیح اسلامی مسائل کا حل فراہم کریں اور فحاشی کا بھی سدِّ باب کرسکیں۔ اُمید ہے کہ **مَدَنی چینل** کافی حد تک اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس مقصدِ خیر میں کامیاب ہوگا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{777} حضرت مولانا محمد عثمان حامدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم جامعہ حامدیہ مظہر الاسلام، خطیب جامع مسجد حنفیہ، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اِس پُر آشوب اور پُر فِتَن دور میں کہ جس میں سرکارِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بے شمار سُنّتیں مُردہ ہوچکی ہیں اور اَحکاماتِ الٰہیہ کو پسِ پُشت ڈالا جارہا ہے اور لوگ دِن بدن دینِ اِسلام سے دُور ہوتے جارہے ہیں۔ فسق وفجور، عُریانی وفحاشی، بے غیرتی وبے حیائی، چوری، ڈکیتی، شراب اور زنا عام ہوچکا ہے غرضیکہ شیطانی اور طاغوتی

قوتیں دینِ اِسلام کو مٹانے کے لیے سرگرمِ عمل ہیں۔ تو ایسے عالم میں رحمانی قوتوں کو بھی پورا پورا حق حاصل ہے کہ وہ ان شیطانی قوتوں اور بدی کے راستوں کے آگے بند باندھ سکیں۔ تعجب ہے کہ شیطانی قوتوں کو تو کھلی چھٹی ہے کہ وہ علی الاعلان عُریانی، فحاشی، بے غیرتی اور بے حیائی کا پرچار کریں اور مخلوقِ خدا کو گمراہی کی طرف دعوت دیں۔ اور رحمانی طاقتیں جو مخلوقِ خدا کو **دعوت الی الخیر** دیں اور صراطِ مستقیم پر گامزن کرنے کی تدبیریں کریں، اور قرآن وسُنَّت کی ترویج واشاعت کے پروگرام کریں، **اعلائے کلمۃ الحق** کریں، ان کے اُوپر پابندی لگا دی جائے۔

حیرت ہے! تعجب ہے! وقت کے حکمران **اللہ** تعالیٰ اور اُس کے رسُول صلَّی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلَّم کو روزِ حساب کیا جواب دیں گے۔ **اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ، امیرِ اہلسنّت، مبلغِ اسلام، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ اہلسنّت پر تادیر قائم ودائم رکھے، کہ جن کی محنتوں اور کاوشوں سے احیائے سُنَّت، تبلیغِ دین، دعوتِ الی الخیر، اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ (نیکی کی دعوت دینے اور برائی سے منع کرنے) کا مقدّس فریضہ دعوتِ اسلامی کے پلیٹ فارم سے نہایت ہی اَحسَن طریقے سے ادا کیا جا رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کا قیام بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ خالصتاً **اللہ** تبارک وتعالیٰ اور رسول اللہ صلَّی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلَّم کی رضا وخوشنودی، غلبہ دینِ اسلام اور قرآن وسُنَّت کے احیاء کے لیے **مَدَنی چینل** کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

ہر دوعالم میں تمھیں مقصود گر آرام ہے
اُن کا دامن تھام لو جن کا **مُحمَّد** نام ہے

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{778} حضرت مولانا غلام جیلانی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ انوار العلوم، مَدِینۃُ الاَولِیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی جو کہ محی السنۃ، قاطع البدعۃ، مُبَلِّغِ اسلام، حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی زیرِ سرپرستی چل رہی ہے۔ یہ تحریک پاکستان میں بالخصوص اور پوری دُنیا میں بالعموم تبلیغِ دین کا کام بہُت اَحسَن طریقے سے سرانجام دے رہی ہے۔ یہ سب امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی دِن رات کوششوں اور خُلُوصِ نیت کا ثمر ہے کہ آج یہ جماعت عالمگیر تحریک کا مقام حاصل کر چکی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ یوں تو فقیر کی دعوتِ اسلامی سے کافی عرصہ سے وابستگی ہے اور تقریباً اکثر و بیشتر **ہفتہ وار سُنَّتوں بھرے اجتماع** میں حاضری ہوتی رہتی ہے اور **سالانہ بین الاقوامی سُنَّتوں بھرے اجتماع** میں تو شرکت کا ہمیشہ سے معمول ہے۔ اور **مدنی قافلوں** میں سفر کرنے کی حسرت ابھی باقی ہے۔ اور بلا مبالغہ دعوتِ اسلامی اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مسلک کا بہُت بڑا کام کر رہی ہے اور پورے پاکستان میں بالخصوص اور پوری دُنیا میں بالعموم **مدارس المدینہ** کا جال بچھا دینا اور **مدنی قافلوں** کی صورت میں پوری دُنیا میں **اللہ** تعالیٰ کی رضا اور لوگوں کی اِصلاح کی خاطر سفر کرنا، اور حرمین شرمین کے بعد اہلِ حق کا سب سے بڑا سالانہ تین روزہ بینَ الاقوامی سُنَّتوں بھرا اجتماع منعقد کرنا یقیناً بہُت بڑے کارنامے ہیں۔ اور یہی نہیں بلکہ اس سے اور ایک قدم آگے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرنا، جس سے تبلیغِ قرآن وسُنَّت کا کام اور بھی آسان ہو گیا ہے اور ہر وقت عاشقانِ رسُول سے پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی نعتیں سننے اور مختلف موضوعات پر اِصلاحی بیانات سننے سے لوگوں کی کافی اِصلاح ہو رہی ہے۔ خُصُوصاً نماز کے مسائل، نماز پڑھنے کا طریقہ، کھانا کھانے کا طریقہ اور حُقُوق اللہ کے ساتھ ساتھ حُقُوق العباد کی ادائیگی کی طرف لوگوں کو راغب کرنا اور اس کے علاوہ روزمرّہ کے درپیش مسائل کا حل کہیں اور ممکن نہیں تھا۔ **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے لوگوں کے مسائل گھر بیٹھے حل ہو رہے تھے اور تحریک کے مختلف شعبہ جات کے بارے میں

لوگوں کو آگاہی ہو رہی تھی کہ دعوتِ اسلامی اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ دین کے ساتھ ساتھ تعمیرِ ملّت کے کاموں میں بھی سب سے آگے ہے۔ **مَدَنی چینل** کا چلنا اور اس کے ذریعے تبلیغِ دین کا کام ہونا بہُت اچھی کاوش تھی اور ایسے اسلامی چینل کی اَشدّ ضرورت تھی جو صرف اور صرف لوگوں کی تعلیم و تربیت اور اِصلاحِ اَحوال کے لئے دن رات کوشاں ہو۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی انتظامیہ نے اس کام کو اَحسَن طریقے سے نبھانے کی پوری کوشش کی ہے۔ نہ جانے کن وُجُوہات کی بنا پر اِس اسلامی چینل کو بند کر دیا گیا۔ ایک طرف تو اغیار ہر طرف میڈیا پر مُسلَّط ہوں، اور قوم کو گمراہ کرنے کی کوئی کسر باقی نہ چھوڑیں اور ان کو ہر طرف سے کھلی چھٹی ہو اور دوسری طرف خالصتاً اسلامی اور سرکار صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں کو عام کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کو چلانے کی اجازت نہ دینا بہُت بڑی سازش ہے۔

ہم پُرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** کی نشریات کو دوبارہ بحال کیا جائے۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالٰی ہم سب کو دین کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{779} حضرت مولانا پیر محمد معصوم شاہ نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ محبوب آباد شریف، امین بنگلہ، سردار آباد فیصل آباد، پنجاب، پاکستان) (اصل تحریر عربی میں ہے اس کا اُردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے)

مَیں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں سنا، میرے خیال میں یہ بہُت بڑی اور دُرست ترین کاوِش ہے۔ بالخصوص اس زمانے میں اس کی اَہم ضرورت ہے کیونکہ شیطان کے مکروفریب کی کثرت ہے اور **مَدَنی چینل** کو شروع کرنے کی یہ کوشش ان سب کو ختم کرنے کا ذریعہ ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{780} حضرت مولانا محمد طاہر سلطان نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ، کینٹ اسٹیشن، باب المدینہ کراچی، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ دعوتِ اسلامی کے **مدنی ماحول** سے ایسے ایسے نوجوانوں کو وابستہ ہو کر اپنے چہروں کو ڈاڑھی شریف، سروں کو عمامہ مبارک کے تاج اور عقائد واَعمال کی دُرستی کی سعادت پاتے ہوئے دیکھا ہے، جو اِنتہائی بے راہ روی کے شکار ہو کر شاہراہِ جہنَّم پر گامزن تھے۔ **دعوتِ اسلامی** کی بَرَکت سے مسلکِ اہلسنّت وجماعت کا کام پوری دُنیا میں مزید مضبوط ہوا ہے۔ خُصُوصاً بیرونِ ممالک اور ملکِ پاکستان کے صوبہ سرحد میں مساجد و **جامعات المدینہ** کے سلسلوں کا آغاز بَہُت ہی اعلیٰ مدنی کام ہے۔ پوری دنیا سے دعوتِ اسلامی کی باکمال کارکردگی کی خبریں سنتا رہتا ہوں۔

اب **مَدنی چینل** کے ذریعے دعوتِ اسلامی کا پیغام گھر گھر پہنچ چکا ہے۔ **اللہ کرِیم** عَزَّوَجَلَّ اس محترم ومکرّم اور طاہر ومُطہر سلسلہ نافعہ کو مزید ترقی عطا فرمائے اور امیرِ اہلسنّت، سراپا علم وحکمت، حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو اس کی بہترین جزاء عطا فرمائے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ مزید اخلاص کے ساتھ دعوتِ اسلامی کے بانی، امیرِ اہلسنّت، حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور مرکزی مجلس شوریٰ کے نگران واراکین کو دن رات دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرنے کی توفیق عنایت فرمائے، اور امیرِ اہلسنّت وتمامی علماء ومشائخِ اہلسنّت کی حفاظت فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{781} حضرت مولانا محمد مکشوف اَطہر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی گنبدہ دار، شکوہ چاہ میہراں، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل عالمِ اِسلام کے مسلمانوں اور بالخصوص اہلِ پاکستان کے لیے رہنمائی کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ یہ چینل موجودہ دور کی علمی اور عملی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کر رہا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو سدا جاری و ساری رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{782} حضرت مولانا میاں محمد رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب ناظم جامعہ رسُولیہ شیرازیہ، بلال گنج، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس زمانے کے فِتنوں سے اُمت مُسلِمہ کو بچانے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کی کوششیں بجا سہی، مگر **مَدَنی چینل** کا معاشرہ پر اَثر بجائے خود ایک حقیقت ہے۔ میڈیا میں ایسے چینل کا اِضافہ فحاشی و عریانی اور بے راہ روی کے دور میں مینارۂ نور کی مانند ہے۔ ہماری ساری وابستگیاں **مَدَنی چینل** کے ساتھ ہیں اور ہم اِسے پھلتا اور پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{783} حضرت مولانا عبد العزیز نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ مدرسہ ضیاء العلوم، خانقاہ سراجیہ، ضلع میانوالی، پنجاب، پاکستان)

ہماری دیرینہ دِلی خواہشات کی تکمیل **مَدَنی چینل** کی صورت میں آج ہوئی۔ دعوتِ اسلامی نے

مَدَنی چینل جوکہ ایک مشکل کام تھا کا آغاز کرکے ہمارے دِل جیت لیے ہیں۔ ہماری دِلی دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کوسُنِّیت کی اِشاعت وتقویت کا ذریعہ بنائے اوراسے دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{784} حضرت مولانا صاحبزادہ غلام یٰسین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جامعہ خلیلیہ رضویہ، کندیاں، ضلع میانوالی، پنجاب، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت بر کاتھم العالیہ کے کمالات میں سے **مَدَنی چینل** ایک بہُت بڑی کامیابی ہے۔ میڈیا کے ذریعے فحاشی اورعُریانی کا جوسیلاب اُمنڈ پڑا تھا اُس کا راستہ روکنے کیلئے **مَدَنی چینل** ایک بہترین ذریعہ ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کومزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{785} حضرت مولانا قاری محمد رمضان سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم غوثیہ لاثانیہ، غوثیہ آباد ملت روڈ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل مسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کی اِشاعت وترویج کا اِس جدید دور میں آسان ذریعہ ہے۔ جہاں لوگ فلمیں، ڈرامے دیکھ کر اور فحاشی وعُریانی کا بازار گرم کرکے ساری ساری رات اسی طرح گزار دیتے تھے، اب وہاں عُریانی، فحاشی، گانا اور رَقص کی جگہ لوگ کبھی وُضو کی سُنّتیں، کبھی غسل کے فرائض اور کبھی نماز کے فرائض

اور کبھی عشقِ رسُولِ مقبول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی میٹھی میٹھی باتیں سنتے سنتے راتیں بسر کرتے ہیں۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اپنے حبیبِ کریم صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توسُّل سے **مَدَنی چینل** کوساری دُنیا میں جاری وساری فرمادے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{786} حضرت مولانا صاحبزادہ عبدالرؤف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتم اعلیٰ جامعہ فاروقیہ رضویہ، گجر پورہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس پُر فِتَن دور میں جہاں بے حیائی وفحاشی اپنے عُروج پر ہے۔ ہر طرف بے حیائی کا دور دورہ ہے۔ خُصُوصاً میڈیا نے تو بے حیائی پھیلانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ بد مذہبوں نے بھی اپنی بد مذہبی کو پھیلانے کے لیے میڈیا کا اِستعمال شروع کر دیا۔ ان کی روک تھام کیلئے دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔ **مَدَنی چینل** ایک نہایت ہی رُوحانی، وجدانی اور سُنّتوں بھرا چینل ہے۔ اس سے عوام کی ایک بَہُت بڑی تعداد مُستفِید ہو رہی ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{787} حضرت مولانا محمد اکرم ساجد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ ہجویریہ، خطیب جامع مسجد یارسولَ اللّٰہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس پُر فِتَن دور میں دینِ اسلام سے دُوری عام ہے۔ اِسلامی اقدار کا پاس نہیں رہا، بے حیائی زوروں پر ہے۔ ایسے حالات میں **مَدَنی چینل** نعمتِ عظمیٰ سے کم نہیں۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{788} حضرت مولانا محمد فیصل عباس جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ حنفیہ غوثیہ، بیرون بھاٹی گیٹ، مرکز الاولیاء لاہور)

جس چیز کا کافی عرصے سے اِنتظار تھا، **اللہ** تعالٰی کے فضل وکرم اور نبیِّ پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توسُّل سے وہ چیز مُیسَّر آئی۔

میری مُراد **مَدَنی چینل** ہے۔ جس میں صرف اہلسنّت و جماعت کے مسلک کا پرچار ہو، علمائے اہلسنّت کے خطابات و بیانات جاری ہوں۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ جب **مَدَنی چینل** کو دیکھا تو دل خوشی سے باغ باغ ہوگیا اور بالخصوص جب کئی بُزُرگوں نے آ کر بتایا کہ ہمیں صحیح طریقے سے وُضو کرنا نہیں آتا تھا جب **مَدَنی چینل** پر وُضو کا طریقہ دیکھا تو ہمیں خوشی ہوئی کہ ایسا چینل بھی ہے جس پر پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی تعلیمات لوگوں تک صحیح معنوں میں پہُنچائی جاتی ہیں۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{789} حضرت مولانا قاری محمد جاوید اقبال نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد فیضِ حبیب، کوٹ خواجہ سعید، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس پُرتعیش اور بے راہ روی کے دور میں میڈیا نے معاشرے میں ایک بگاڑ پیدا کر رکھا ہے، جس کے ذِمَّہ دار پرائیویٹ چینلز ہیں، جو کفر و شرک، بدمذہبی، عریانی اور فحاشی کا زہر دِن رات اُگل رہے ہیں۔ جس کے سبب ہماری نئی نسل تباہی کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے اور اَخلاقی لحاظ سے پستی کی جانب گامزن ہے۔ ایسے حالات میں

میڈیا کی اس دوڑ میں ایک اسلامی چینل کی اَشدّ ضرورت تھی جو دینِ اسلام کے خدائی اور مصطفائی رنگ کو پیش کرکے بھٹکی ہوئی اِنسانیت کو زندگی کے اصل مقصد کی دعوت دے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** ایک نُور کی کرن بن کر باقی تمام چینلز پر چھا گیا ہے۔جس کے سبب غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اپنے گھروں میں اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھ کر **مَدَنی چینل** دیکھ کر شرمندگی کے بجائے فخر محسوس کرتے ہیں۔

میری دُعا ہے کہ یہ **مَدَنی چینل** دن دونی رات چوگنی ترقی کرے اوراس کے توَسُّط سے ہمارے معاشرے میں پھیلتی بے شمار بُرائیوں کا خاتمہ ہو سکے اور **اللہ** تعالیٰ آپ کو اس کارِ خیر کی جزا عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{790} حضرت مولانا صاحبزادہ محمد نسیم جان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حنفیہ غوثیہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اہلسنّت وجماعت کی غیر سیاسی عالمی تحریک دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک اچھا قدم ہے۔دورِ جدید میڈیا کا دور ہے۔تقریباً ہر آدمی کے گھر ٹی وی وغیرہ موجود ہے۔ جہاں لوگ دوسرے گمراہ کن چینل دیکھتے ہیں، بے حیائی دیکھتے اور سنتے ہیں اور خُصُوصاً نسلِ نو تباہ و برباد ہوتی جارہی ہے۔ایسے میں **مَدَنی چینل** ایک اہم سنگِ میل کی طرح ثابت ہوگا۔جب کبھی کوئی بھولے سے بھی اس چینل کو کھولے گا اور سامنے سے مُبلِّغ کے پند و نصائح کو جب سماعت کرے گا تو یقیناً کچھ نہ کچھ اس کے ذِہن وفکر میں تبدیلی واقع ہوگی اور **مَدَنی چینل** تو عورتوں کیلئے بھی مُفید ہے کہ گھر بیٹھے بیٹھے دِینی وعظ وغیرہ سماعت کرنے کو ملیں گے۔اوراس مصروف ترین دور میں لوگ دِینی محافل وغیرہ میں وقت زیادہ صرف نہیں کرسکتے تو یہ ایک اَہم قدم ہے جو کہ دعوتِ

اسلامی نے اُٹھایا ہے۔

مَیں یہ سمجھتا ہوں کہ دعوتِ اسلامی و امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ صد ہا مبارک کے لائق ہیں جنہوں نے خدمتِ اسلام کے لیے ایسا جدید اِنقلابی قدم اُٹھایا۔ **اللہ** ربُّ العزّت دعوتِ اسلامی کا حامی و ناصر ہو، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{791} حضرت مولانا حافظ محمد ہاشم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع انوار بلال، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل مسلمانوں کے لیے ایک درسگاہ کا حامل ہے۔ اس چینل پر بہُت ہی عُمدہ اور پیارے پیارے بیانات ہوتے ہیں۔ یہ دعوتِ اسلامی کا بہُت ہی بڑا کارنامہ ہے کہ کیبل پر دیکھنے کی چیز ہے تو صرف اور صرف **مَدَنی چینل** ہے۔ **مَدَنی چینل** پر قرآن وحدیث کی روشنی میں عقائدِ اہلسنت مع دلائل بیان ہوتے ہیں۔ اور بڑی بات یہ ہے کہ ان کی ہر بات سمجھ آجاتی ہے اَن پڑھ سے اَن پڑھ شخص بھی سمجھ لیتا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{792} حضرت مولانا محمد عمر زمان عباسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب محکمہ اوقاف پنجاب، مرکز الاولیاء لاہور)

جب سے میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے دِلی خواہش پوری ہوئی کیونکہ اِس کے ذریعے عام لوگوں کو دِینِ اسلام اور سُنّتوں بھرا پیغام پہنچے گا۔ بے شمار لوگ اِس سے اِستفادہ کریں گے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{793} حضرت مولانا محمد سعید احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد نورانی گنبد، چاہ میراں، مرکز الاولیاء لاہور)

مادِیت کے اِس دور میں ہماری پوری زندگی نفسانی خواہشات کی تکمیل میں گزر رہی ہے۔ہم دُنیا کو سامنے رکھ کر اس سے متأثر ہو رہے ہیں۔اسی کے اندر کھو کر اپنی ساری صلاحیتوں کو ہم نے ضائع کر دیا۔ہمارے اندر ہزاروں خرابیاں پیدا ہوئیں۔اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ اور اپنے پیارے آقا صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے نافرمان بنے۔اس نافرمانی میں ہم سے نجانے کتنے جرائم ہوئے ،کتنے گناہ ہوئے کہ ہم گناہوں کے سمندر میں ڈوبے ہوئے ہیں،نافرمانیوں کے دریاؤں میں سے نکلنے کی کوئی صورت نہیں۔ان جرائم اور گناہوں کی وجہ سے ہم سینکڑوں بلاؤں میں گھر گئے۔

ایسے ماحول میں ہم بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت بر کاتھم العالیہ کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے **مَدَنی چینل** کی صورت میں سُنَّتوں بھرے پروگرام شروع کئے۔جس سے اِصلاحِ معاشرہ کا یقینی پہلو نظر آنے کی اُمید ہے۔یہ ایسے ہی ہے جیسا کہ جناب ڈاکٹر محمد اقبال نے فرمایا: ؎

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نُصرت کو
اُتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اَندر قطار اب بھی

اللّٰہ تعالٰی امیرِ دعوتِ اسلامی ،حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت بر کاتھم العالیہ کے اِیمان افروز خطابات سے ہمارے اور اُمتِ مُسلِمہ کے دِلوں کو منوّر فرمائے ،آمین۔عاجزانہ گزارش ہے کہ **مَدَنی چینل** کو ہمیشہ کے لیے جاری وساری رکھا جائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{794 }حضرت مولانا محمد ڈاکٹر عظمت علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ، متصل جامع مسجد نورانی گنبد، مرکز الاولیاء لاہور)

ہم حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کے بے حد مشکور ہیں۔ جنہوں نے اس مادہ پرستی کے دور میں **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک خالصتاً دِینی چینل شروع کیا ہے، اور اس میں پیاری پیاری سُنّتیں بھی بتائی جاتی ہیں اور ہر قسم کے مسائلِ شرعیہ بیان کئے جاتے ہیں۔ خاص طور پر ہمارے گھروں کے اندر ایک مذہبی ماحول پیدا ہو رہا ہے اور دینِ اسلام کے متعلق بے شمار معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ جو لوگ کتابیں پڑھنے سے قاصر ہیں وہ چینل کے ذریعے بہُت کچھ سیکھ رہے ہیں۔ ہماری دُعا ہے **اللّٰہ** تعالیٰ اِن سُنّتوں بھرے پروگراموں کو جاری وساری رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{795 }حضرت مولانا محمد سفیر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسِ جامعہ حنفیہ غوثیہ، بیرون بھاٹی گیٹ، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس پُرفِتَن دور میں میڈیا نے جب بے حیائی، فحاشی اور عُریانی بکھیر دی ہے اور ٹی وی کے مختلف چینلز پر فلموں اور گانوں کی بھرمار ہو رہی ہے۔ جس میں اِنتہائی بے حیائی اور فحاشی عام کی جا رہی ہے۔ ان ٹی وی چینلز نے ہماری نئی نسل کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ اِس وقت ایک اسلامی صحیح العقیدہ چینل کی ضرورت تھی جو اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی صورت میں پوری ہوئی۔ یہ چینل اسلام کی دعوت عام کرنے میں بہُت اچھا کردار ادا کر رہا ہے۔ جس کے سبب غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اپنے گھروں میں بیٹھے ہوئے اِسلام کے وہ اُصول جن

کے مطابق زندگی بسر کرنے کا حکم ہے، سُن رہے ہیں۔ہم بہُت فخر محسوس کرتے ہیں کہ یہ ہمارا **مَدَنی چینل** بہُت جلد ہی تمام چینلز پر چھا جائے گا۔

میری یہی دُعا ہے کہ **اللہ** ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے تاکہ اس معاشرے میں جو بُرائیوں اور بے حیائیوں کا اَنبار ہے اس کا خاتمہ ہوسکے۔**اللہ** ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ اس کارِ خیر میں آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{796} حضرت مولانا محمد اِنعام رسُول نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد داگی آنگہ، پلیٹ فارم نمبرا، ریلوے اسٹیشن، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی ایک ایسی جماعت ہے جو دین کی تبلیغ واِشاعت کا صحیح حق ادا کر رہی ہے۔ان کا ہر عمل سُنَّت کے مطابق ہے اور یہ میرا ذاتی شوق تھا کہ ایک ایسا چینل ہونا چاہیے جس پر ہر وقت **اللہ** تبارک وتعالیٰ کا ذِکر ہو یا ذِکرِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہو۔تو یہ سعادت دعوتِ اسلامی کو ملی ہے کیونکہ آج ہمارے معاشرے میں جس طرح فحاشی، بے حیائی اور عریانی کو میڈیا کے ذریعے ہر کوچہ ہر گلی اور ہر گھر میں پھیلایا جارہا ہے اس کو روکنا ہم سب کا فرض ہے۔دُعا گو ہوں کہ **اللہ** ربُّ العزّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے علم وعمل اور عمر میں بَرَکتیں عطا فرمائے اور اُن کے فیض کو ہمیشہ کے لیے جاری وساری رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{797} حضرت مولانا صاحبزادہ محمد عرفان تو گیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ فاروقیہ رضویہ، گجر پورہ ،مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کے بارے میں جب فقیر کو پتا چلا تو دِل باغ باغ ہوگیا۔ خُصُوصی طور پر جب علماء و مشائخ حضرات کے تأثرات شائع ہوئے۔ دعوتِ اسلامی والوں نے یہ بہُت اچھا کیا ہے کہ علماء اور مشائخ حضرات کے پاس جا کر تأثرات لے رہے ہیں۔ **اللّٰہ** تعالیٰ سے دُعا کرتا ہوں کہ دعوتِ اسلامی کے بانی، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور ان کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم و دائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزّ َوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{798} حضرت مولانا محمد عبد العزیز مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم جامعہ فاروقیہ رضویہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی اِحسَانِہٖ **اللّٰہ** تعالیٰ کے فضل و کرم اور حبیب کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توسُّل سے دعوتِ اسلامی کو عالمگیر کامیابی نصیب ہوئی اور **مَدَنی چینل** کا اِضافہ ایک اور اَحسن قدم ہے کیونکہ آج کے ناظرین اور سامعین کو ایسے ہی چینل کی ضرورت ہے جس میں مدلّل اور واضح انداز میں مسائل بیان ہوں، زبان بھی آسان اور عام فہم ہو۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** میں یہ تمام خوبیاں موجود ہیں۔

دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ امیر دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور ان کے جُملہ احباب اور دیگر مسلمانوں کو دین و دنیا اور آخرت کی تمام نعمتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّ َوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{799} حضرت مولانا غلام شبیر مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ ہجویریہ، داتا دربار، مرکز الاولیاء لاہور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** آب وتاب کے ساتھ چمکتا ہوا ستارہ نمودار ہوا ہے جو کہ پورے عالمِ اسلام کے لیے بھلائی کا راستہ ثابت ہوگا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کو اسی طرح پھلتا پھولتا رکھے تاکہ اسلامی بھائیوں کے ساتھ ساتھ دوسرے بھی مُستَفِیض ہوسکیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{800} نبیرۂ خلیفہ اعلیٰ حضرت حضرت مولانا سید محمد نثار اشرف مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(نبیرہ خلیفہ اعلیٰ حضرت سید ابوالبرکات شاہ رحمۃ اللّٰہ علیہ، ناظم اعلیٰ جامعہ برکات العلوم اندرون دہلی گیٹ مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل ایک نہایت ہی روحانی، وجدانی اور سُنّتوں بھرا چینل ہے۔ اس سے عوام کی ایک بہُت بڑی تعداد مُستَفِید ہو رہی ہے۔ **اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ اس چینل کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ یہ چینل دوبارہ شروع ہونا چاہیے، اس سے غیروں کو نصیحت حاصل ہوتی ہے اور گمراہوں کو سیدھی راہ ملتی ہے۔ ربّ تعالیٰ اس چینل کے چلانے والوں کو مزید ہمت عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

مَدَنی چینل کے ذریعے خدمتِ دِین

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی مسلمانوں کی سب سے بڑی

دِینی تحریک ہے جوکہ مسلمانوں کو **نیکی کی دعوت** کے ذریعے نمازوں کے قریب کررہی ہے جو گناہوں کے سمندر میں ڈوبے ہوئے تھے، اِن کو گناہوں سے نکال کر نیکیاں کرنے والا بنارہی ہے مسلمانوں کو نیک اِجتماعات میں شرکت کرنے والا بنارہی ہے، صرف یہی نہیں بلکہ اس تحریک کا **مَدَنی مَقصد "مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے،** اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ ۔اس عظیم الشّان تحریک کے بانی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ جن کی بدولت یہ پیاری پیاری مَدَنی تحریک مَعرِضِ وُجُود میں آئی۔ مسلمانوں کے اِیمان واَعمال کو خراب کرنے میں سب سے بڑا کردار الیکٹرانک میڈیا کا ہے، اس نے مسلمانوں کے عملی واَخلاقی کردار کو بُری طرح مجروح کردیا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اِسلامی نے مسلمانوں کو اس تباہی سے بچانے کیلئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا، جس کی بدولت کئی مسلمان فلموں اور ڈراموں کو چھوڑ کر صلوٰۃ وسُنَّت کے پابند اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور علماء ومشائخ کے بیانات سننے والے بن گئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** کامیابی کی منازِل طے کررہا ہے اور دُنیا کے مختلف مقامات سے مبارَک بادیوں اور حوصلہ اَفزائیوں کے بے شمار پیغامات موصول ہورہے ہیں۔ **دعوتِ اسلامی** نے نظام کو خوب سے خوب تر بنانے کے لئے مختلف ملکوں اور شہروں میں متعدّد مجالس بنائی ہیں۔ جن میں سے ایک **مَجلِس رَابِطه بِالعُلَمَاء وَالمَشَائِخ** بھی ہے جو کہ اکثر علمائے کرام پر مشتمل ہے۔ اس مجلس کے ذریعے اندرون وبیرون ملک سے مُفتیانِ کرام وعلمائے کرام اور شخصیات کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں مزید تأثرات موصول ہوئے ہیں، جن کے اِقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

{801} شہزادۂ صدر الشریعہ حضرت مولانا قاری رضاء المصطفیٰ اعظمی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(شہزادۂ صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللّٰہ علیہ، خطیب نیومیمن مسجد، بولٹن مارکیٹ، باب المدینہ کراچی)

یہ جان کر اور دیکھ کر میری مسرّتوں میں بے پناہ اِضافہ ہوا کہ دعوتِ اسلامی نے باقاعدہ مَدَنی نشریات کا آغاز **مَدَنی چینل** کی صورت میں کردیا ہے۔ یہ باطِل کے اِیوانوں میں حق کی پہلی مَدَنی صدا اور پہلا قدم ہے کیونکہ اس دور میں یہود و ہنود و نصاریٰ کی بیہودہ ثقافت میڈیا پر نہ صرف پوری طرح قابِض ہے بلکہ چھائی ہوئی ہے اور میڈیا پر بڑھتی ہوئی بدمذہبیت کی یلغار اور حیاء سوز پروگراموں کی کثرت ہوگئی ہے، ہمارے معاشرے میں یہ جراثیم بَہُت تیزی سے پھیل رہے ہیں اور یہ زہر آہستہ آہستہ ہمارے غُیُور مسلم نوجوانوں کی رگوں میں سرایت کرکے انہیں غفلت کی میٹھی نیند سلا رہا ہے۔ نوجوانوں کی اکثریت مغربی تہذیب اور فیشن پرستی کی دِلدادہ ہورہی تھی۔

سُنَّتوں کی جگہ مشرکانہ رُسوم ورواج ہمارے گھروں میں داخل ہوکر ڈیرہ جما چکی تھیں اور میڈیا پر سُنَّتیں سیکھنے اور سکھانے کے عمل میں عار سمجھی جارہی تھی۔ قریب تھا کہ مغربیت و بدمذہبیت کا سیلاب آتا اور سب کو بہا کرلے جاتا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے بڑا اکرم فرمایا کہ اِن فواحش ومنکرات کا مقابلہ کرنے کے لیے ہر فرعون کیلئے موسیٰ ہے، کے قاعدے کے مطابق **مَدَنی چینل** کے ذریعے بے دِینی، بدمذہبی اور بے پردگی کے سیلاب کے آگے بند باندھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بدعتوں کی سیئات کا مقابلہ سُنَّتوں کی حسنات سے کرنے کے لیے کمر کس لی اور بدمذہبی کے زہر کا تریاق مدینے سے ڈھونڈ لائے، حق اور سچ دِکھانے اور سنانے کی باتیں تو سبھی چینل کرتے ہیں مگر جو کچھ وہ دِکھاتے ہیں وہ حق نہیں باطِل ہوتا ہے، اور جو کچھ وہ سناتے ہیں وہ سچ نہیں ہوتا بلکہ جھوٹ کا پلندہ ہوتا ہے، یہ میرے جذبات نہیں حقیقت ہے، میری نگاہیں جس طرح میڈیا کی بے شمار خُرافات کے ذریعے نوجوان نسل کو بگڑتا ہوا دیکھ رہی تھیں اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج **مَدَنی چینل** کے **مدنی اِنقلابات** کی بدولت کئی نسلوں کو سنورتا ہوا اور سُدھرتا ہوا دیکھ رہی ہیں۔

آپ عالمی مدنی مرکز کراچی باب المدینہ تشریف لائے اور دوسری مرتبہ بھی اپنے تاثرات سے نوازا:

مدنی چینل دیکھنے والوں کے لیے پیغام دیا جائے، میرا سب سے بڑا پیغام یہی ہے کہ دعوتِ اسلامی کے جتنے بھی پروگرام ہیں مدنی چینل پر آپ اس نیت سے دیکھیں کہ قرآن وسنت اور احادیث وفقہ اس کی روشنی میں ان شـــاء

اللہ تعالیٰ آپ کو معلومات حاصل ہوں گی، اور آپ بہت تیزی سے اللہ عزَّوَجلَ ورسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صحابہ، اہل بیت، اولیائے کرام کی محبتوں سے سرشار ہو جائیں گے، ان کی محبتوں سے آپ سرشار رہیے بے پناہ محبت ان کی اپنے دل میں پیدا کیجئے، ان شاء اللہ تعالیٰ محبتوں کے ذریعے دعوتِ اسلامی سے آپ کو مزید پیغام ملتا رہے گا، اور آپ کی محبتوں کو جلا ملتا رہے گا اللہ تعالیٰ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

میں دُعا گو ہوں کہ **اللہ** تبارک وتعالیٰ **مَدَنی چینل** کی بَرَکتوں سے فیشن پرستوں کو پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی پیاری پیاری سُنّتوں اور اداؤں کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{802} حضرت مولانا سیّد حسین احمد گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ مسجد فاروقیہ غوثیہ، مسلم کالونی، شاھدرہ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

ایسے وقت میں جب کہ غیر مسلم مغربی دُنیا مسلمانوں کے دِلوں سے عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کو محو کرنے کے لیے کیبل کی صورت میں رنگ برنگے عیاشی وفحاشی کے پروگرام دِکھا رہی ہے، اِن اِسلام دشمن قوتوں کے عزائم خاک میں ملانے کیلئے اور عشق ومحبت نبی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے پھولوں کو لوگوں کے دِلوں میں سجانے کے لیے کوئی مقابلہ ضرور ہونا چاہیے جس سے اِسلام کا پرچم سربلند ہو۔ اس کام کے لیے **دعوتِ اسلامی** کی عالمگیر تحریک بہترین پلیٹ فارم ہے۔ اس عالمگیر غیر سیاسی تحریک کا **مَدَنی چینل** نہایت ہی مؤثر اَنداز میں جاری رہنا چاہیے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{803 }حضرت مولانا قاری غلام فرید الحسنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ ہجویریہ، خطیب مسجد بلال، بلال گنج، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

آج کے اس پُرفِتَن دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز اور اس کی نشریات قابلِ تحسین ہی نہیں بلکہ قابلِ تقلید بھی ہیں چونکہ ہمارا معاشرہ اس وقت بے راہ روی کا شکار ہے۔ اِصلاحِ معاشرہ کے لیے **مَدَنی چینل** کی نشریات اَشد ّضروری ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{804 }حضرت مولانا ریاض احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکز معارف اولیاء، داتا دربار، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز کر کے **دعوتِ اسلامی** نے اُمتِ مُسلِمہ اور بالخصوص اہلِ پاکستان پر اِحسان کیا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{805 }حضرت مولانا ظہور احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم الامور جامعہ ہجویریہ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

دعوتِ اسلامی نے وقت کی نزاکت کے پیشِ نظر **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، اس وقت اِصلاحِ معاشرہ کے لیے ایسے چینل کی اَشد ّضرورت تھی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{806 }حضرت مولانا مفتی محمد صدیق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد، شکار پور، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

رمضان المبارک کے مبارک مہینے میں جب یہ خبر سننے کو ملی کہ دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوگیا ہے تو بہُت خوشی ہوئی اور اب **امیر اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ کا پیغام گھر گھر پہنچتا رہے گا اور دُنیا میں جس اَنداز سے بدکاری بڑھتی چلی جارہی ہے، میرے خیال میں **مَدَنی چینل** اس بدکاری کو ختم کرنے اور لوگوں کو نیکی کی طرف بلانے کا بہترین ذریعہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{807 }حضرت مولانا غلام محی الدین نقشبندی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اقصٰی، عابد ٹاؤن، بدین، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** دِینِ اِسلام کا کام بہتر طریقے سے سرانجام دے رہی ہے۔ مجھے بہُت خوشی ہوئی ہے کہ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوگیا ہے۔ دُنیا میں مسلمانوں کے اِیمان کی حفاظت کے لیے دعوتِ اسلامی کی طرف سے بہتر اِقدامات اُٹھائے جارہے ہیں لیکن **مَدَنی چینل** سرفہرست ہے۔ **مَدَنی چینل** میں

(۱) بچوں کا بیان......

(۲) نعتِ رسُول مقبول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ......

(۳) بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کے دِل ہلا دینے والے بیانات......

(۴) ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اجتماع......

(۵)اِسلامی مسائل کا بیان۔

یہ مذکورہ بیانات اور مناظر دیکھ کر دِل سے یہ دُعا نکلی کہ حضرت امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کو **اللّٰہ** تعالیٰ عمرِ خضر عطا فرمائے جنھوں نے ایسے دِلکش پروگرامز متعارف کروائے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{808} حضرت مولانا قاضی منیر احمد نعمانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم غوثیہ صدیقیہ، خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ، کوٹ عبد الملک، شیخوپورہ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی اہلسنّت و جماعت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے۔ جس کی دِینی جِدّ وجہد قابلِ تحسین ہے۔ دعوتِ اسلامی نے اِصلاحِ عقائد واَعمال کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے دِینِ اِسلام کے کام کو اور مضبوط بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توسُّل سے اس عالمگیر تحریک کو مزید ترقّیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{809} حضرت مولانا ڈاکٹر پیر عباس علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد شاہجہانی، کمالیہ، دار السلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** بروز اتوار مورخہ 02\11\2008 دیکھنے کا اِتّفاق ہوا۔ امیر اہلسنّت حضرت علامہ محمد الیاس قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا بیان حُقوق العباد کے حوالے سے مثالی تھا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ان کو مزید ترقی عطا فرمائے اور اُن کے علم وعمل میں بَرَکتیں عطا فرمائے۔ موجودہ حالات کے تقاضوں کے

مطابق جب کہ ہر طرف ذرائع ابلاغ کے ذریعے بُرائی کو پھیلایا جارہا ہے اب ضروری ہوگیا تھا کہ نیکی کی تبلیغ کے لیے ذرائع ابلاغ کو اپنایا جائے ، اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے یہ کمی پوری کردی ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آقا صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی ساری اُمت کو سُنَّتِ مُطَہَّرہ کے سانچے میں زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے ، آمین۔

جس کی ہر ہر ادا سُنَّتِ مصطفٰے
ایسے پیر طریقت پہ لاکھوں سلام

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلٰی مُحمَّد

{810} حضرت مولانا محمد اسرائیل نعمانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب ناظم تعلیمات درس نظامی، دارالعلوم نوریہ رضویہ، کہکشاں کلفٹن، باب المدینہ کراچی)

تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی جو کہ خالصتاً ایک دِینی جماعت ہے اور اس مادِیت پرستی کے پُرفِتَن دور میں قرآن وسُنَّت کو تھامے ہوئے مخلوقِ خدا کی اِصلاح کررہی ہے اور بالخصوص **مَدَنی چینل** کے ذریعے قرآن وسُنَّت کی بہاریں گھر گھر عام کررہی ہے۔ **مَدَنی چینل** جو اس دور کی اَہم ضرورت ہے اس کے توسُّط سے لوگوں کے اِیمان وعقیدے کی حفاظت ہورہی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{811} حضرت مولانا عبدالعزیز حسنی محمودی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم محمودیہ مصطفٰے رضا، خطیب جامع مسجد گوٹھ علی محمد سموہا لیجی ٹھٹھہ باب الاسلام سندھ، پاکستان)

دعوت اسلامی کے مدنی مرکز کا کیا کہنا جہاں خُدائی ومُصطفائی رنگ چڑھا کر گمراہ اِنسانوں کو راہِ راست پر لایا جاتا ہے اوراُن کو زندگی گزارنے کے اُصول سکھائے جاتے ہیں۔وہاں سے جب اِنسان دُنیا کی طرف جاتا ہے تو زبانِ حال سے یہ کہتا ہوا جاتا ہے:

اے لوگو! دعوتِ اسلامی کے صدقے اِس غلامیٔ رسُول میں زندگی کی بازی ہار کر نہیں بلکہ جیت کر آیا ہوں۔ تمہیں بھی دعوت دیتا ہوں کہ آ ؤ اور دیکھو ان مَدَنی مراکز میں کیا دین ودُنیا کی دولت ملتی ہے۔مزید اب جو **مَدَنی چینل** شروع ہوا ہے یہ تو سونے پر سہاگا ہے۔اس پرفتن دور میں ہر طرف اندھیرا بڑھ رہا ہے اور بَہُت غلط عقائد کے لوگ سادہ لوح مسلمانوں کو بہکا رہے ہیں۔ایسے پُرفِتَن دور میں **مَدَنی چینل** روشنی کا ایک مینار ہے،اور یہ دِینِ اِسلام اور اہلسنّت کے عقائد کی ترویج کا بہترین ذریعہ ہے اور اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔میں **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دُعا گو ہوں کہ **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے اس **مَدَنی چینل** کو مزید ترقیوں سے نوازے اور عزّتِ مآب امیرِ اہلسنّت و بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے اور حضرت کے علم وعمل اور فیض میں مزید بَرَکتیں عطا فرمائے،آمین ثُمَّ آمین۔

آقا کی محبت دِین حق کی شرطِ اوّل ہے

اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلٰی مُحمَّد

{812} حضرت مولانا تاج محمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ومدرس دار العلوم، مدینہ کورکونگ، ڈاکخانہ خلوڈاگ مہمند، ایجنسی، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

بندۂ ناچیز کو یہ شرف حاصل ہے کہ جس رات **مَـدَنــی چـیـنـل** کا اِفتتاح تھا اُس رات بندہ مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں موجود تھا اور یہ پُر انوار محفل دیکھ کر دِل باغ باغ ہوگیا۔ **ہمارے** علاقے میں بجلی نہیں ہے اور نہ T.V کی سہولت ہے۔لیکن کبھی کبھی شہر آتا ہوں تو **مَـدَنی چینل** سے مُستَفِید ہوتا ہوں اور پشاور میں دوستوں سے پوچھتا ہوں تو وہ سب خوشی کا اِظہار کرتے ہیں۔ چند عام لوگوں سے پوچھا تو کہنے لگے: اب ہمیں معلوم ہوا کہ سبز عمامے والوں کا اِجتماع بھی بَہُت بڑا ہے۔ ہمارے ہاں جن لوگوں کے دِلوں میں **دعوتِ اسلامی** کے خلاف غلط تأثر تھا وہ بھی اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی وجہ سے کم ہوتا جارہا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{813} حضرت مولانا حافظ محمد بُرہان الدین نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تونسہ شریف، ضلع ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

اللہ تعالٰی نے قرآنِ پاک میں اِرشاد فرمایا: { لَىٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّكُمْ (پ۱۳ ابراھیم۷) **ترجمۂ کنزالایمان** : اگر احسان مانو گے تو مَیں تمہیں اَور دُوں گا } تو تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی **اللہ** تعالٰی کے اِنعامات میں سے ایک اِنعام ہے۔اور پھر آگے اس تنظیم کے مختلف شعبے ہیں،جن میں سے ایک میڈیا کے ذریعے قرآن وسُنَّت کی تبلیغ ہے جو کہ **مَدَنی چینل** کی صورت میں عطا ہوا۔

پاکستان میں اس وقت جب گناہ ومَعصِیت کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہے اور پوری نوجوان نسل کو میڈیا کے ذریعے فَحاشی وعُریانی پھیلا کر اِسلامی تعلیمات سے دُور کیا جارہا ہے۔ **مَـدَنــی چینل اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور فخرِ موجودات حُضُور احمدِ مجتبٰی محمد مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نوازشات اور اِنعامات میں سے ایک اِنعام ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{814 }حضرت مولانا محمد نوید انجم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم تعلیمات جامعہ نعمانیہ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

اِس پُر فِتَن دور میں جو کہ مادِیت پرستی کا دور ہے، دینِ اِسلام کی تبلیغ اَحسَن وسہل طریقے سے کرنا اِسلام کی بقاء اور دینِ متین کے فروغ کے لیے نہایت ہی ضروری ہے۔ جس طرح دوسرے لوگ اپنے مَسلک کا پرچار کرنے کے لیے مختلف ذرائع کا اِستعمال کرتے ہیں، جن میں اَخبارات، ریڈیو، ٹی وی اور مختلف چینلز وغیرہ شامل ہیں۔ اسی طرح **مَدَنی چینل** کو بھی دینِ اِسلام کے پرچار کے لیے قائم ودائم رہنے کی اَشدّ ضرورت ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{815 }حضرت مولانا حافظ صفدر علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ، امام وخطیب جامع مسجد طیبہ، رحمان گنج، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت اچھا چینل ہے، اِس پُر فِتَن دور میں ایسے اسلامی چینل کی بہُت ضرورت ہے **اللہ** تعالیٰ مزید ترقّیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{816 }حضرت مولانا پروفیسر محمد سلیم اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ، مدرس جامعہ اسلامیہ انوار مصطفٰے، ذیشان کالونی، کمالیہ، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز نے کچھ عرصہ پہلے **مَدَنی چینل** کی ٹیسٹ ٹرانسمشن دیکھیں اور اس میں نشر کئے جانے والے پروگرامز کو دیکھا، مَاشَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اِسلامی** کی یہ بہُت ہی اچھی کاوش ہے کیونکہ اب الیکٹرانک میڈیا

موجودہ سوسائٹی میں معلومات اور تبلیغ کا ایک عُمدہ اور بہترین ذریعہ بن چکا ہے۔ایسے میں دعوتِ اِسلامی کی طرف سے خاص اہلسنّت وجماعت کیلئے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک خوش آئند بات ہے۔اس سے نہ صرف ہم اپنی عادات واَخلاقیات کو سنوار سکتے ہیں بلکہ یہ ہمارے مسلکِ حقّہ کی تقویت کا باعث اور عاقبت کو بہتر بنانے کا ذریعہ ثابت ہوگا۔اس کے ساتھ ساتھ نوجوان طبقہ جو اسی میڈیا کی تباہ کاریوں کا شکار ہو چکا ہے۔اسے راہِ راست پر لانے اور دِینِ حقّہ کی اِطاعت گزاری پر گامزن کرنے کی ایک عُمدہ سعی ہے **اللہ** جَلَّ شَانُہٗ اپنے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل اسے قبول فرمائے اور اس کو ہم سب کیلئے ذریعۂ نجات بنائے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{817} حضرت مولانا جاوید احمد سُلطانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ،امام وخطیب جامع مسجد المدینہ،راج گڑھ،مرکز الاولیاء لاہور،پاکستان)

آج کے دور کی جِدَّت کے حوالے سے میڈیا کی قوت ایک مُسلَّمہ حقیت ہے اور یہ بھی ایک مُسلَّمہ حقیقت ہے کہ دِین کی تبلیغ قیامت تک جاری رہے گی تو ہر دور کے تقاضوں کے مطابق اس میں Development آتی رہے گی۔لہٰذا **دعوتِ اسلامی** جو کہ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی اور ایک مضبوط تحریک ہے،اس کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ایک بہُت ہی عظیم کاوِش ہے۔**اللہ** تعالٰی دعوت اسلامی کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کو بھی حاسدین کے حسد سے محفوظ رکھے اور مزید ترقیاں عطا فرمائے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{818} حضرت مولانا غلام دستگیر فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس شعبہ درس نظامی وخطیب جامع مسجد رحمت،ٹاؤن شپ،مرکز الاولیاء لاہور،پاکستان)

یہ جان کر بہُت خوشی ہوئی کہ دعوتِ اسلامی جو اہلسنّت وجماعت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے۔ اس تحریک کا چینل جس کو **مَدَنی چینل** کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، مَعرضِ وُجُود میں آیا۔ اِس چینل کے ذریعے بھٹکے ہوؤں کو صراطِ مستقیم ملے گی۔ مَیں خود کو اس قابل تو نہیں سمجھتا کہ اس پر کچھ لکھ سکوں لیکن سعادت سمجھتے ہوئے چند ٹوٹے پھوٹے الفاظ پیش کئے ہیں اور دِل کی اتھاہ گہرائیوں سے دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو زیادہ سے زیادہ ہمت عطا فرمائے اور آپ کے علم وعمل میں بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{819} حضرت مولانا محمد یٰسین حاکمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ فاروقیہ رضویہ وامام وخطیب جامع مسجد قادریہ، ٹاون شپ، مرکز الاولیاء لاہور)

دِین اِسلام آخری دین ہے اور اِس کی حِفاظت کا ذِمّہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے خود لیا ہے۔ اِس دِین کے اُصُولوں کا باقی رہنا ہر دور میں ضروری ہے۔ ہمارے پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اِس دنیا سے ظاہری پردہ فرمانے کے بعد اِس دین کی ترویج واِشاعت کی ذِمّہ داری عُلَماءِ حقّہ اور مسلمانوں کی اُن تنظیموں کو سونپی گئی ہے جو اِسلام کے اُصُول وضوابِط کو سختی سے تھامے ہوئے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوت اِسلامی** پوری دُنیا میں خدمتِ دِین کے لیے کوشاں ہے اور بڑی کامیابی سے 36 سے زائد شعبوں میں کام کر رہی ہے۔ اِس دور میں الیکٹرانک میڈیا کی اَہمیت کو کوئی صاحب بِصیرت نظر انداز نہیں کرسکتا۔ ٹی وی کے ذریعے بدمذہبی، بداَخلاقی، میوزک، ناچ گانے اور فلموں ڈراموں کو خوب پھیلایا جارہا ہے اور اس کے دِفاع کے لیے ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہ تھا، اِسلام کے نام پر چند نام نہاد چینلز نے مسلمانوں کے اندر اور زیادہ شکوک وشُبہات پیدا کر دیئے ہیں۔ لِہٰذا اِس دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز صبحِ صادِق کی طرح ہے جو صبح کے

آنے کی خبر دیتی ہے اور رات کے اندھیرے کے چلے جانے کا اعلان کرتی ہے۔ایک ایسے ٹی وی چینل کی مسلمانوں کو اَشدّ ضرورت تھی جس میں صحیح عقائد اور دِین اِسلام کی تعلیمات کونشر کیا جائے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدنی چینل** شروع کر کے مسلمانانِ عالَم کی اِس ضرورت کو بھی پورا کر دیا۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{820} حضرت مولانا قاری محمد اسحاق نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد حنفیہ بریلویہ، راجہ جنگ، ضلع قصور، پنجاب، پاکستان)

مَدنی چینل سے مسلمانوں کو بہُت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔اس کو دیکھنے سے دِل کو بہُت سکون ملا ہے اور اسے دیکھ کر مسلمانوں کے دِلوں میں اپنے نبیِ پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں پر عمل پیرا ہونے کا جذبہ پیدا ہوا ہے، سُنَّت نبوی علٰی صاحبھا الصلوٰۃ والسلام کے مطابق زندگی گزارنے کا درس ملتا ہے اور نماز پڑھنے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{821} حضرت مولانا قاری طاہر محمود چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامع مسجد صدیق اکبر، علی ٹاؤن، اڈیالہ روڈ، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

اس پُرفِتَن دور میں **مَدنی چینل** کا قیام بہُت ناگزیر اور وقت کی اَشدّ ضرورت ہے۔اس میں عوام النّاس کے ٹیلیفون کے ذریعے مسائل سن کر بھی جوابات دینے کا سلسلہ شروع کیا جائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{822}حضرت مولانا محمد حنیف عباسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد صدیقِ اکبر علی ٹاؤن ساؤتھ، اڈیالہ روڈ، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل اس میڈیا کے دور میں ایک اہم ضرورت کے طور پر محسوس کیا جارہا تھا، اس میں عملی طور پر ایک بہُت بڑی کامیابی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{823}حضرت مولانا قاری محمد شفاقت چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد عمر، ہل ویو لائن، اڈیالہ روڈ، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

الیکٹرانک میڈیا کے اِس دور میں **مَدَنی چینل** کا منظرِ عام پر آنا یقیناً خوش آئند ہے اور بالخصوص نوجوان نسل کو راہِ راست پر لا کر ان کے دِلوں کے اَندر عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پیدا کرنے کا ایک اَھم ذریعہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{824}مناظرِ اہلسنّت حضرت مولانا افتخار حبیبی نقشبندی شہید علیہ رحمۃ اللہ القدیر

(مدرس جامعہ اسلامیہ نوریہ ٹرسٹ، منوجان روڈ، ہدہ کوئٹہ، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ ! دعوتِ اِسلامی کا میڈیا پر آنا بہُت ہی مُثبت اِقدام ہے، اس سے پوری اُمتِ مُسلِمہ کو اِسلامی تعلیمات سیکھنے کا موقع مُیسَّر آئے گا۔ اگر **مَدَنی چینل** میں اُردو زبان کے ساتھ ملک کی مقامی

زبانوں میں بھی مُبلِّغین کے بیانات کا سلسلہ شروع کیا جائے تو ہمارے ملک کے وہ لوگ جو گاؤں، دیہات اور قصبوں میں رہتے ہیں اُن کو بھی علمِ دِین سیکھنے کا بھرپور موقع ملے گا۔

مَدَنی چینل کے اِجراء سے قرآن وسُنَّت کا پیغام گھر گھر پہنچے گا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی اور **مَدَنی چینل** کو ترقّیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{825} حضرت مولانا مفتی خلیل احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد غوثیہ، غوثیہ کالونی، K بلاک، ماڈل ٹاون مرکز الاولیاء لاہور)

رمضان المبارک کے مُقدّس و بابَرَکت مہینے میں اِسلامی بھائیوں کی وساطت سے پیارے آقا جناب محمد مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی پیاری پیاری سُنّتوں کا پرچار کرنے والی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوت اسلامی** کے زیرِ اِہتمام **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی اِطلاع موصول ہوئی، بندہ زیارت کیلئے حاضر ہوا اور خوشی محسوس ہوئی۔ بندۂ ناچیز دعوتِ اسلامی کی اس کاوش کو خوب خوب سراہتے ہوئے اِعتراف کرتا ہے کہ اہلسنّت و جماعت کے جُملہ طبقات میں جس طرح تبلیغ وسُنَّت کے باقاعدہ نظام کے قیام کا سہرا **دعوتِ اسلامی** کے سر ہے۔ بعینہٖ میڈیا کے اِس دور میں جدید نسل کی قرآن وسُنَّت سے آگاہی کیلئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرنے کی سعادت بھی دعوتِ اسلامی کو حاصل ہوئی ہے۔ بندہ نا صرف دعوتِ اسلامی کی اس کارکردگی پر آفرین کہتا ہے بلکہ نوجوان نسل کی تربیّت و اِصلاح کے اس حسین اَنداز پر تمام اراکینِ **مَدَنی چینل** کا مشکور بھی ہے۔

اُمیدِ واثق ہے کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے بے شمار لوگ قرآن وسُنَّت کے شیدائی بن جائیں گے

اورنازیبا پروگراموں کی بجائے قرآن وسُنَّت کے پیغامات سے سرخرو ہوں گے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ تمام دُنیا میں اِسلام کا بول بالا فرمائے اور ہم سب کو اپنے حبیب جناب **محمد مصطفٰے** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا سچا و پکا عاشق بنائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{826} حضرت مولانا قاری محمد عرفان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد خدیجۃ الکبریٰ، PCSIR سوسائٹی، کالج روڈ مرکز الاولیاء لاہور)

ہر وہ ذریعہ جو دِین کی اِشاعت اور تبلیغ کیلئے معاون ثابت ہو اس کو اِستعمال میں لانا جائز ہے۔ **مَدَنی چینل** دِین کی اِشاعت اور دِلوں میں محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پیدا کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے لٰہذا اسے جاری رکھا جائے۔ بیہودہ کلچر اور بے حیائی کے سبب لوگوں کے ایمان کمزور ہو رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** اُن کے اِیمان کی بقاء کا ضامن ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{827} حضرت مولانا بشیر احمد رحیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم غوثیہ رضویہ، امام وخطیب جامع مسجد غوثیہ رضویہ، کراچی روڈ، خضدار، بلوچستان، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے کہ ہمیں مسلمان سُنّی گھرانے میں پیدا فرمایا اور اُس کا لاکھ لاکھ اِحسان ہے کہ اُس نے ہمیں اعلیٰ حضرت، امام اہلسنّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن جیسا عاشقِ رسُول امام عطا فرمایا اور مَسلکِ اعلیٰ حضرت کے پرچار کیلئے **دعوتِ اسلامی** جیسی تحریک عطا فرمائی۔ مجھے بہُت خوشی ہوئی جب مَیں نے سُنا کہ دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اِسلامی کے **مَدَنی چینل** کو دِن گیارہویں رات بارہویں ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{828 }حضرت مولانا قادر بخش قاسمی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ اسلامیہ قادریہ، کھٹان، خضدار، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بڑی خوشی کی بات ہے کہ دوسرے شُعبہ جات میں خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ دعوتِ اسلامی **مَدَنی چینل** کے ذریعے میڈیا پر بھی آ گئی ہے۔ **مَدَنی چینل** سے تمام مسلمانوں کو بہُت فائدہ ہوگا۔ مَیں نے خود اپنے علاقے کے (کیبل والے) لوگوں سے **مَدَنی چینل** چلانے کی بات کی ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ عنقریب ہمارے علاقے میں بھی **مَدَنی چینل** شروع ہوگا۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{829 }حضرت مولانا سید شجاع الحق نورانی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ قاسمیہ، آغا سلطان ابراہیم خان روڈ، اسد آباد، خضدار، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَلٰی اِحْسَانِہٖ! دعوتِ اسلامی کا میڈیا پر آنا ایک اچھا اِقدام ہے، جس سے نہ صرف دعوتِ اسلامی بلکہ پوری اُمتِ مُسلمہ کو فائدہ ہوگا۔ **اللہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی اور **مَدَنی چینل** کو ترقّیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{830 }حضرت مولانا سعد اللہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ تعلیم القران، زندہ پیر، خضدار، بلوچستان، پاکستان)

اللہ تعالیٰ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے سُنّیت کی لاج رکھ لی اور لوگوں کو بدعملی اور بدمذہبی سے بچا کر عاشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم بنایا اور میڈیا پر آنے کا فیصلہ فرما کر ان لوگوں پر اِحسان کیا جن کے گھروں تک بِلا واسطہ پہنچنا مشکل تھا۔ **اللہ** تعالیٰ دعوت اسلامی اور **مَدَنی چینل** کو بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{831} حضرت مولانا مفتی محمد وارِث قاسمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ قاسمیہ، آغا سلطان براہیم خان روڈ، اسد آباد، خضدار، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بِلاشُبہ دعوتِ اسلامی فروغِ دِین کے لئے تمام شعبہ جات میں نہایت اَہم کردار ادا کررہی ہے۔ **مَدَنی چینل** شروع کرنا بلاشُبہ بَہُت بڑا کارنامہ اور خوش آئند ہے۔ دو ماہ قبل کراچی جانے کا اِتفاق ہوا چونکہ بلوچستان میں **مَدَنی چینل** نہیں چل رہا تھا، لِہٰذا دِلی خواہش تھی کہ **مَدَنی چینل** ضرور دیکھوں۔ ایک بار میں نے یہ چینل دیکھا اس میں اِصلاحی پروگرام جاری تھا تقریباً ایک گھنٹہ دیکھتا رہا بڑی خوشی ہوئی۔ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کی شخصیت بَہُت عظیم ہے۔ **اللہ** تعالیٰ ان کی عمر میں بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{832} حضرت مولانا نور حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد،202 مراد شرقی، ڈاہرانوالہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اِسلامی جمہوریہ پاکستان اِسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تا کہ **اِس میں نظامِ مصطفٰے** صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا نفاذ ہو اور حُضُور ِاکرم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کا پرچار ہو، مگر یہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا۔

اب **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت و جماعت کی بَہُت بڑی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی نے گھر گھر میں علمِ دِین پہنچانے اور چہار سُو سُنّتیں عام کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کے نام سے جو چینل شروع کیا ہے وہ لائقِ صد تحسین ہے، چونکہ آج کی نوجوان نسل ٹی وی اور کیبل کی دِلدادہ ہے۔ اِس لحاظ سے بھی **مَدَنی چینل** کا اِقدام قابلِ تعریف ہے کہ اِس سے نوجوانوں کے عقائد و اَعمال کی اِصلاح ہوگی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{833} حضرت مولانا محمد صداقت علی اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، مرکز الاولیاء لاہور)

فقیر نے **مَدَنی چینل** کے متعلق دوستوں سے معلومات حاصل کیں تو اِس نتیجہ پر پَہُنچا کہ مَسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کی معروف دِینی تنظیم **دعوتِ اسلامی** نے باطِل اور طاغوتی قُوتوں کی طرف سے عُریانی اور فحاشی کے مختلف چینلز کی صورت میں کھولے گئے محاذوں پر اِسلامی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کی عظیم کوشش کی ہے اور فرمانِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ {**وَلْیَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ**} (پ۵ النِّساء ۱۰۲) **ترجمۂ کنزالایمان**: اور چاہئے کہ اپنی پناہ اور اپنے ہتھیار لئے رہیں ﴾ کے تحت اِس مقام پر بھی بیداری کا ثبوت دیا ہے، لیکن معلوم ہوا ہے کہ اب اس عظیم کام اور عظیم کوشش سے بوکھلائی ہوئی باطِل قوتیں اس چینل کو بند کروانے کی کوششیں کررہی ہیں۔ مَیں تو ایک ادنیٰ طالبِ علم ہونے کی حیثیت سے یہ رائے دیتا ہوں کہ نہ صرف **مَدَنی چینل** کو چلنا چاہیے بلکہ اِس طرح کے مزید چینلز کو

سامنے آنا چاہیے جو مذہبی اور مَسلکی سرحدوں کی حفاظت کرسکیں۔

دُعا ہے کہ جو اَحباب بھی دینِ متین کی سربلندی کیلئے کسی بھی صورت میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، **اللّٰہ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ** ان کی دِلی مُرادیں پوری فرمائے اوران کو دُنیا وآخرت کی بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{834} حضرت مولانا تصدق محمود مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اسلامی پوری آب وتاب کے ساتھ اپنی منزل کی طرف رَواں دَواں بہار کی نوید سُنانے والی پہلی کونپل ہے۔ ہم سب اس کی ترقی اور رِفعت کے لیے دُعا گو ہیں۔ اس تحریک کی ہر کاوِش عہدِ رفتہ (گزرے ہوئے دور) کی یاد تازہ کردیتی ہے۔ اِسی سلسلہ کی ایک کڑی **مَدَنی چینل** کا اِفتتاح ہے۔ جس نے یاس و نااُمیدی کے گھرے بادِلوں کے درمیان اُمید و رجا کی کرن دِکھائی ہے اور جس نے کفر و الحاد اور زندیقیت کے تَلاطُم خیز طوفانوں میں کشتی اُمت کو سہارا دیا ہے۔

ستیزہ کار رہا ہے اَزل سے تا امروز
چراغِ مُصطَفوی سے شرارِ بُولہبی

مَدَنی چینل اُمتِ مُسلِمہ کو ایک مرکز پر جمع کرنے کا مضبوط ترین ذریعہ ہے۔ ہم اس چینل کی پُرزور تائید و حمایت کرتے ہیں اور حکومتِ وقت سے اس کی نشریات کو جاری رکھنے کا پُرزور مُطالَبہ کرتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{835} حضرت مولانا محمد یامین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(میٹرو ول، گلزار ہجری، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل دیکھ کر بَہُت خوشی ہوئی۔ میں اِس ٹی وی چینل کو روزانہ دیکھتا ہوں کیونکہ اِس چینل پر اسلام کے تمام اَرکان کے بارے میں تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی جاتی ہے اور مسلمانوں کو قرآنی اَحکامات کے ساتھ ساتھ نبیِّ کریم رَءُوفٌ رَّحیم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں پر عمل کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

ہم آج اُس دور سے گزر رہے ہیں، جس میں مسلمان نہ صرف نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج جیسے اَرکانِ اِسلام سے دُور ہوتے جارہے ہیں بلکہ حُضُورِ اکرم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنَنِ مبارَکہ سے بھی دُور ہوتے جارہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** **اللہ** تعالیٰ کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں کے مطابق زندگی گزارنے کا درس دیتا ہے اور آخرت کی تیاری کے طریقے بتاتا ہے۔ **مَدَنی چینل** کی کوششوں سے بَہُت سارے مسلمان شرعی زندگی گزار رہے ہیں اور مزید لوگ اِس نیک مقصد میں شامل ہورہے ہیں، اس چینل میں فحاشی اور عُریانی نہیں ہوتی۔ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو حاسدوں کے حسد اور شریروں کے شر سے محفوظ رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{836} حضرت مولانا لیاقت علی فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، بستی بابا مراد شاہ، نور شاہ، ضلع ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

آجکل ٹی وی کے ہر پروگرام میں فحاشی اور عُریانی نمایاں ہے۔ کہیں خبرنامہ کے نام پر تو کہیں ایڈورٹائزنگ کی آڑ میں، اور اب تو خود کو مذہبی چینل کہنے والے بھی اس کی لپیٹ میں ہیں۔ **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** اِس وقت اَندھیرے میں مینارۂ نور کی مثل ہے جو گھر گھر میں بچوں، بچیوں، جوانوں اور بوڑھوں کو دُرست

معلومات فراہم کر رہا ہے اور اس کے تمام سلسلے اِنتہائی مؤثر و دِلچسپ ہیں۔

دعوتِ اسلامی نہ ہوتی تو نہ جانے ہم اہلسنّت و جماعت کا کیا بنتا؟ **اللہ** تعالیٰ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد** الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا بھلا کرے کہ جنہوں نے **دعوتِ اسلامی** کو بنایا، خونِ جگر سے پروان چڑھایا اور پھر اسے مختلف شعبہ جات میں مُنقسِم فرما کر ہر ہر شعبہ کو مضبوطی بخشی اور اب **مَدنی چینل** کے آغاز سے تو عُلَماء و مشائخ اور عوامِ اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللہ تعالیٰ کے دِل باغ باغ ہو گئے ہیں اور ہر طرف ذِکر و دُعا کی جا رہی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{837} حضرت مولانا سیِّد احمد شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم حزب الرحمٰن اِسلامی اکادمی، دربار قادر بخش شریف، کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

مَدنی چینل کا قیام اہلسنّت و جماعت کے لیے خیر و بَرَکت ہے۔ مولائے کریم جلّ جلالہٗ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو اِس کے اِجراء پر دونوں جہاں میں جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{838} حضرت مولانا سیِّد ارشاد حسین شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس حزب الرحمٰن اِسلامی اکادمی، دربار قادر بخش شریف، کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

اِنھوں نے حضرت مولانا سیِّد احمد شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{839} حضرت مولانا قاری محمد شعبان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس حزب الرحمٰن اِسلامی اکادمی، دربار قادر بخش شریف، کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

انھوں نے بھی حضرت مولانا سیِّد احمد شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مذکورہ** تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{840} حضرت مولانا عبد الستار غزالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس حزب الرحمٰن اِسلامی اکادمی، دربار قادر بخش شریف، کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

انھوں نے بھی حضرت مولانا سیِّد احمد شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مذکورہ** تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{841} حضرت مولانا اعظم اکبری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس حزب الرحمٰن اِسلامی اکادمی، دربار قادر بخش شریف، کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

انھوں نے بھی حضرت مولانا سیِّد احمد شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مذکورہ** تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{842} حضرت مولانا غلام محمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس حزب الرحمٰن اِسلامی اکادمی، دربار قادر بخش شریف، کمالیہ، دارالسلام (ٹوبہ) پنجاب، پاکستان)

انھوں نے بھی حضرت مولانا سیّد احمد شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{843} حضرت مولانا محمد کامران رضا جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد نوری مدنی، دھنوٹ، تحصیل کہروڑ پکا، ضلع لودھراں، پنجاب، پاکستان)

اہلسنّت و جماعت کی ناک دعوتِ اسلامی کو **اللہ** تعالیٰ ہمیشہ سلامت رکھے کہ اِس نے ہر محاذ پر اہلسنّت کا دِفاع بھی کیا اور مزید مضبوطی بھی عطا کی۔ **مَدَنی چینل** ہی کو لے لیجئے، الیکٹرانک میڈیا کے اِس دور میں یہ **دعوتِ اسلامی** کا بے مثال کارنامہ نہیں تو اور کیا ہے؟ کہ پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بھولی بھالی اُمت کو مَکّار و عیّار دُشمن کے دامِ فریب سے نکالنے کا خوبصورت راستہ اِختیار کیا کہ میڈیا میں اپنے مضبوط و مستحکم قدم رکھے اور چھا گئے۔

مَدَنی چینل بِلا شُبہ بچے بچے کا محبوب چینل ہے اور پھر جس کو ہمارے علماء و مشائخ نے خود دیکھا اور سراہا ہو اُس **مَدَنی چینل** کی تو بات ہی نرالی ہے۔ مولیٰ تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو اِس کے اِجراء پر بے پناہ ثواب عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{844} حضرت مولانا پیر سیّد مشتاق احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ بستی نور شاہ سادات، مقیم سرہنہ کالونی، ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

مجھے تو مَدَنی چینل کے عارضی طور پر بند ہو جانے سے سخت قلبی پریشانی لاحق ہوگئی۔ مقامی ذِمّہ دار

اسلامی بھائی سے بھی خود جا کر پوچھا کہ ہمارا **مَدَنی چینل** کیوں بند ہے اور کب کھلے گا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے دوبارہ چلنے سے دِل کی کلیاں کھل اُٹھیں اور جذبات گویا یُوں کہہ رہے تھے: ؎

اُتنا ہی یہ اُبھرے گا جتنا اسے دبائیں گے

اے پاک ذات عَزَّوَجَلَّ! **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہمارے عقائدواَعمال کو بدعقیدگی وبدعملی کی آلودگی سے پاک رکھ۔ اے حَیُّ و قَیُّوم ذات عَزَّوَجَلَّ! **مَدَنی چینل** کو تا قیامِ قیامت جاری رکھ۔ اے محافِظ حقیقی عَزَّوَجَلَّ! **مَدَنی چینل** کو شریروں کے شر، حاسدوں کے حسد اور دُشمنوں کی دُشمنی سے محفوظ رکھ، اور **مَدَنی چینل** کو جاری رکھنے والی اہلسنّت کی محبوب شخصیت پیکرِ علم وحکمت جنابِ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو اس کارنامۂ عظیمہ کی بے پناہ جزائے خیر عطا فرما، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{845} حضرت پیر سید محمد باقر حسین شاہ بخاری قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ قادریہ اسرار العلوم، دھنوٹ، نزد سعید چوک، تحصیل کہروڑ پکا، ضلع لودھراں، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل اُن لوگوں کیلئے رحمت کا دروازہ ہے جن کو باقاعدہ **دعوتِ اسلامی** کے اِجتماعات میں جانے کا موقع نہیں ملتا یا کم ملتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اِس اعلیٰ کام کے عوض امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کو اعلیٰ جزاء سے نوازے اور اِس میں مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{846 }حضرت مولانا حافظ محمد رب نواز اُویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوارِ اویس، پیپلز کالونی، ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ راقم نے بذاتِ خود **مَدَنی چینل** کو دیکھا ہے اور خوب پایا ہے۔ میرے بعض اَحباب نے بھی مجھے بتایا کہ ہم تو مستقل طور پر **مَدَنی چینل** کو ہی دیکھ رہے ہیں۔ **اللہ کریم** جلّ جلالہٗ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کو اِس کی اعلیٰ ترین جزاء عطا فرمائے جنہوں نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے قرآن وسُنَّت کے اَہم پیغام کو بہُت ہی اَحسَن انداز میں گھر گھر پہُنچا دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اِس کارِ خیر کو شرفِ قَبُولیت کا درجہ عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہمارے قُلُوب واَذہان کونُورانیت ورُوحانیت پہُنچاتے رہنے کی توفیقِ رفیق مرحمت فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{847 }حضرت مولانا قاری حق نواز سُلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد علی المرتضٰی، کینال ویو ہاؤسنگ اسکیم، ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

میڈیا کے دور میں اہلسنّت وجماعت کی حقیقی ترجمانی کے لیے بلا شک وشُبہ **مَدَنی چینل** بہُت ہی مُفید سلسلہ ہے بلکہ **مَدَنی چینل** ہمارے لیے اِس گمراہی اور بے راہ روی کے دور میں مینارۂ نور اور یقیناً رحمتِ غفور عَزَّوَجَلَّ ہے۔ خدائے لَم یَزَل عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی اِس کاوِش کو قبول ومنظور فرمائے اور قبلہ اَمیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو اِس اِقدام میں اَجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{848} حضرت مولانا محمد حسین فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد محمدیہ،ہڑپہ اسٹیشن،ضلع ساہیوال،پنجاب،پاکستان)

اللہ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ کے حُضُور دُعا ہے کہ پیارے حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا صدقہ ہمارے مسلکِ حق اہلسنّت وجماعت اور **دعوتِ اسلامی** کو دِن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے اور مزید بَرَکات سے مالا مال فرمائے۔**نیز مَدَنی چینل** جو ہمارے اور ہمارے بچوں کے لیے اِنتہائی نافِع آلہ حُصُولِ علم دِین وحُصُولِ عشق رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے۔دُعا ہے کہ مولائے کریم جلَّ جلالہٗ اِس بابَرَکت سلسلے کو جاری وساری رکھے اور اِس کے چلانے والوں کو بالخصوص امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کو بہترین جزا سے نوازے،جن کے دم قدم سے یہ ساری رونق وبہار ہر طرف آشکار ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{849} حضرت مولانا محمد قاسم چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ دار الفیض حنفیہ،قلات،بلوچستان،پاکستان)

دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام **مَدَنی چینل** کا قیام ایک اِنتہائی خوش آئند اِقدام ہے۔عصری اور جدید تقاضوں کے مطابق دعوتِ دین اور **اللہ** تبارک وتعالٰی اور اِس کے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عشق کو پھیلانے کا ایک ذریعہ ہے۔**دعوتِ اسلامی** کی یہ حسین کاوِش قابلِ تحسین ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{850} حضرت مولانا حافظ سیّد خان محمد شاہ حلیمی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ اسلامیہ متصل جامع مسجد محمدی، واپڈا روڈ، وارڈ نمبر ۲، ضلع خاران، بلوچستان، پاکستان)

تیرے ٹکڑوں پہ پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال

جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** عالمگیر اور غیر سیاسی تحریک ہے۔ مَسلکِ اہلسنّت کے لیے کام کر رہی ہے، نوجوانوں کو عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا درس دیتی ہے، **اللہ** تعالٰی اس کو مزید ترقی اور کامیابی عطا فرمائے، آمین۔ **مَدَنی چینل** مَیں اور میرے گھر والے بڑے ذوق وشوق سے دیکھتے ہیں۔ کافی دِینی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ عرض ہے کہ **مَدَنی چینل** کی نشریات ہر زبان میں ہونی چاہئیں کیونکہ بعض لوگ اُردو نہیں سمجھتے، ہمارے خاندان والے **مَدَنی چینل** کو بڑی محبت کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ **ہماری** دُعا ہے کہ **اللہ** تعالٰی دعوتِ اسلامی کو اپنے حبیبِ پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{851} حضرت مولانا مسرور احمد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فریدیہ، رتہ ھنہ روڈ دیپالپور، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی مَدَنی چینل کو بار ہا دیکھنے کا اِتّفاق ہوا ہے۔ احکاماتِ الٰہیہ وسُنَّتِ نبویہ کی ترویج و اِشاعت کی بہاریں دیکھیں۔ کفّار کو قبولِ اِسلام کی نعمت سے سرفراز ہوتے سُنا، فحاشی وعُریانی کے خلاف بیانات سننے کو ملے، نوجوانوں کو بے ڈھنگے فیشن سے آزادی پا کر سُنَّنِ شاہِ زمن صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیکر بنتے دیکھا۔ **مَدَنی مذاکروں** کے ذریعے معلومات کا بیش بہا خزانہ ملتے دیکھا اور **دارالافتاء اہلسنّت** کے سلسلے میں اُمّتِ مُسلِمہ کو مسائلِ شرعیہ سے آگاہی پاتے دیکھا، تو دِل نے کہا کہ **مَدَنی چینل** بالخصوص اہلِ پاکستان اور بالعموم

ساری دُنیا کے لوگوں کے لیے رحمتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** پوری دُنیائے میڈیا پر چھا گیا ہے اور کیوں نہ چھائے کہ اِس پر مصطفٰے جانِ رحمت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خُصوصی نظرِ کرم ہے۔

دامنِ مصطفٰے سے جو لپٹا یگانہ ہوگیا
جس کے حُضُور ہوگئے اُس کا زمانہ ہوگیا

اللہ تعالٰی امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار دامت برکاتہم العالیہ کو اِس کے اِجراء پر اَجرِ عظیم سے نوازے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{852} حضرت مولانا محمد رفیق نقشبندی نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، گلہ زرگراں والا، دیپالپور، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے مُبارک سلسلوں کی تفصیل **دعوتِ اسلامی کی مَجلِس رَابِطہ بِالعُلَمَاء وَالْمَشَائِخ** کے ذِمّہ دار سے سُن کر دِل کو اِطمینان نصیب ہوا اور دِل سے اِس کی بہتری و ترقی کے لیے دُعا نکلی کہ مولائے کریم عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو جاری کرنے والی بَرگُزیدہ ہستی کا سایہ تمام اہلسنّت و جماعت کے سروں پر صحت و عافیت سے قائم رکھے کہ جس نے اہلسنّت کی ڈگمگاتی ناؤ کو سمندر کی بِپھری ہوئی موجوں سے کمالِ جاں فشانی سے نکال کر اَمن و آشتی کا کنارہ نصیب کیا۔ ورنہ جس اَنداز سے شیطانیت کا دور دورہ تھا، نہ جانے ہمارا کیا بنتا؟ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ عوامِ اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللہ تعالٰی کو بدمذہبیت کے بھنور سے نکالنے میں کل بروزِ قیامت مصطفٰے جانِ رَحمت، زینتِ نُبُوّت و رِسالت، تاجدارِ ختمِ نُبوّت و رِسالت، سراپا شفقت، محبوبِ ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم داعیٔ سُنَّت، عاشقِ اعلٰی حضرت حضرت جنابِ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری

رضوی ضیائی دامت فیوضھم کو اپنے دامنِ رَحمت میں جگہ عطا فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمارا حشر بھی ان پاکیزہ نُفُوس لوگوں کے ساتھ فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{853 }حضرت مولانا محمد بلال خالقی قادری چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربار پیر سائیں عبدالرزاق خالقی قادری چشتی، تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی بننے سے مَسلکِ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کی حفاظت اور ترویج واشاعت کا سلسلۂ نو اِنتہائی اَحسَن اَنداز میں ہوا ہے۔ **مَدَنی چینل** کا قیام دُنیائے اِسلام کے لیے بالخصوص اور روئے زمین کے لوگوں کے لیے بالعموم نعمتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ ہے۔ جس سے گھر بیٹھے ہر طبقہ کے اَفراد وخواتین مُستَفِید و مُستَفِیض ہو رہے ہیں۔

دُعا ہے ربِّ کریم جلَّ جَلالُہٗ کی بارگاہ بے نیاز میں کہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے جاری کردہ اِس سلسلۂ نافعہ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور اِس کے اِجراء پر اِنہیں اور مرکزی مجلس شوریٰ کو بہترین جزاء عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{854 }حضرت مولانا محمد حنیف نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد صدیق اکبر، اڈہ بنگہ حیات، ضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز فرما

کرامتِ مُسلِمہ کو تُحفۂ نافِعہ عطا فرمایا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ اِس کے تمام سلسلوں کو مکمل دِلچسپی و پابندی سے مُلاحِظہ فرمانے کی کوشش کریں۔ **مَدَنی چینل** ہر طرح کے غیر شرعی اَفعال سے مُنَزَّہ و مبرّا ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کی **مَجلِسِ رَابِطہ بِالعُلَماء وَالمَشَائِخ** کے ذِمّہ دار نے قرآن وسُنَّت کی اِشاعت کیلئے **مَدَنی چینل** کا تعارف حسین واَحسن اَنداز میں پیش فرمایا ہے۔ **اللّٰہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو دن گیارھویں رات بارھویں ترقیاں عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو سلامت رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{855} حضرت مولانا حافظ قاری مُنیر احمد اشرفی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب مدینہ مسجد، کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

راقم نے پہلی مرتبہ **مَدَنی چینل** پر جب محافظ اہلسنّت، مُحسنِ اہلسنّت، معاونِ اہلسنّت جناب قبلہ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ کو اِنتہائی جاں سوزی، اِخلاص، تڑپ وکڑھن اور عرق رِیزی ودِل سوزی سے اُمتِ مُصطَفوی علٰی صاحبھا الصلوٰۃ والسلام کو **اَمرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ** (نیکی کی دعوت دیتے اور بُرائی سے منع) کرتے دیکھا تو قلب کی گہرائیوں سے یہ دُعا نکلی کہ مولائے کریم عَزَّوَجَلَّ اِس **مَدَنی چینل** کو رہتی دُنیا تک سلامت رکھے اور سارے جہان کو اس سے مُستَفِید و مُستَفِیض فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{856} حضرت مولانا محمد ساجد نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ نوریہ، دیپالپور، خطیب جامع مسجد نوری المعروف ٹنکی والی، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

بلا شُبہ اہلِ بصیرت سے مخفی نہیں کہ موجودہ دور میں اِسلامی اقدار کس قدر اِنحطاط و زَبوں حالی کا شکار ہیں اور دُشمنانِ اِسلام و باغیانِ بانیٔ اسلام نے جس شیطانی اَنداز سے سادہ لوح مسلمانوں کو عقائد حقّہ و اَعمالِ صالحہ سے دُور کرنے کے لیے الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے جو اِیڑی چوٹی کا زور لگایا ہے وہ بھی حق بیّن حضرات پر عیاں ہے۔

اِن نا گفتہ بہ حالات میں عُلَماء و مشائخ اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللہ تعالٰی میں شدید اِضطراب پایا جا رہا تھا کہ اِسلام کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کی ناپاک خواہشات کو دِل میں سمائے، تیزی کے ساتھ مسلمانوں کی طرف بڑھنے والی طوفانی ہواؤں کا رُخ کیسے موڑا جائے، تو کسی درد بھرے دِل سے نکلی ہوئی اِلتجا مقبولِ بارگاہ بے کس پناہ جلّ جلالہٗ پوری ہوئی اور اِس اِحتیاج شدیدہ کو بانیٔ دعوتِ اسلامی امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ اور آپ کے سعادت مند رُفقاء نے **مَدَنی چینل** کی صورت میں پُورا فرما دیا۔

راقم نے **مَدَنی چینل** دیکھا تو بے اِختیار اِس کی بھلائی و بہتری کے لیے صَمیم قلب سے دُعا کا طلب گار رہا کہ **اللہ** تعالٰی ہم سب کو اِس نعمتِ عظمٰی کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{857} حضرت مولانا محمد اصغر اشرفی نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و ناظم اعلیٰ جامعہ خلیل اکبر، نو بہار کالونی، کچہری چوک دیپالپور، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کا اس دور میں آغاز **اللہ** تبارک وتعالیٰ کی نعمتِ عظمٰی ہے۔ **مَدَنی چینل** کا قیام ایک بہُت اچھا اِقدام ہے کیونکہ یہ اِسلام کا پیغام دُنیا کے گوشے گوشے میں پہُنچانے اور نئی نسل کو اس بے راہ روی سے بچانے کا بہُت پیارا ذریعہ ہے۔ مَیں پہلی دفعہ **مَدَنی چینل** دیکھ کر بہُت متأثر ہوا اور دِلی مَسرَّت نصیب ہوئی۔

دُعا ہے کہ اللّٰہ کَرِیم عَزَّوَجَلَّ قبلہ امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو خیر و عافیت کے ساتھ عمرِ خضر عطا فرمائے اور اس مشن کو کامیابیوں سے نوازے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{858} حضرت مولانا محمد ضیاء الحسنین نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دیپالپور، ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ تعالٰی کے فضل و کرم سے **دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی کاوِشوں سے دن رات اِشاعت دِین میں مصروفِ عمل ہے۔ جہاں مساجِد میں درس و بیان کی محافل مُنعَقد کی جاتی ہیں، وہاں **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بڑی اَہمیت کا حامل ہے۔ دینِ اسلام کی اِشاعت کا بَہُت بڑا ذریعہ ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے بَہُت سے لوگ کئی مسائل سے آگاہی حاصل کر چکے ہیں اور آئندہ بھی لوگ اس کے ذریعے بَہُت سے مسائل سیکھتے رہیں گے۔

اس میں سب سے اَہم بات یہ ہے کہ جو لوگ **دعوتِ اسلامی** سے دُور رہتے ہیں، درس و بیان میں شُمولیت نہیں کرتے وہ بھی **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے دعوتِ اسلامی کی محافِل میں شُمولیت کر رہے ہیں۔ اس کے ذریعے عوام النّاس کو ضروریاتِ زندگی کے مسائل سے آسان لفظوں میں آگاہ کیا جاتا ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی **دعوتِ اسلامی** کو مزید بَرَکتیں عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو بند نہ کیا جائے، بلکہ اس کو مزید بہتر انداز سے چلانے کی کوشش کی جائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{859} حضرت مولانا محمد اجمل سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعۃ القمر، سعید آباد، بلدیہ ٹاؤن، باب المدینہ کراچی)

میری نظر میں دعوتِ اسلامی کا یہ **مَدَنی چینل** اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت کا ایک ذریعہ ہے کیونکہ اس کے ذریعے کئی لوگوں نے ہدایت پائی ہے اور پا رہے ہیں۔ اس چینل کی کئی سالوں سے ضرورت تھی جسے محسوس کیا جا رہا تھا۔ اس ضرورت کو دعوتِ اسلامی نے اب آ کر پورا کیا۔ بَہر حال ''دیر آید دُرُست آید'' **اللہ** تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کے بانی، معاونین و مُتَعلّقین کو سعادتِ دارین عطا فرمائے۔ ہماری اس جماعت کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور اس کے ذریعے **اللہ** تعالیٰ گمراہوں کی اِصلاح فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{860} حضرت مولانا ابو عمر محمد شوکت علی سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد شاہی، محلّہ اسلام پورہ، خانیوال، پنجاب، پاکستان)

دینِ اِسلام وہ مبارک دین ہے جسے **اللّٰہ** تعالیٰ نے اِنسانیت کے لیے مُقرر فرمایا ہے۔ لہٰذا اس دِین کی حفاظت کے لیے **اللہ** تعالیٰ ہر دور میں محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی اُمت میں ایسے اَفراد پیدا فرماتا رہتا ہے جو اِس دین پر خود بھی عمل کرتے ہیں اور بلا خوف وخطر پوری قوت سے اِس کے ظاہری و باطنی اقدار کو مدِّ نظر رکھ کر اس کی تبلیغ واِشاعت پر کمر بستہ ہو جاتے ہیں۔

اکابرین اہلسنّت و جماعت کے فیض سے ہمارے اس دور میں (جب کہ مادیت پرستی اور فتنہ ہائے مختلفہ اپنے عُروج پر ہیں) حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّؔار قادری دامت برکاتھم العالیہ وہ ہستی ہیں جنہیں دِین کی حفاظت اور اس کی تبلیغ وترویج کی عظیم خدمت کا شرف حاصل ہو رہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کی بَرَکات ہمیشہ جاری رکھے، آمین۔

ہماری نوجوان نسل پر آپ کا بے پایاں اِحسان ہے کہ جس کا بدلہ ہم کبھی بھی نہیں چکا سکتے۔ اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ دعوتِ اسلامی میرے آقا نبی کریم رَءُوْف رَّحیم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی نگاہِ عنایت سے اہلسنّت و جماعت کا وہ عظیم پلیٹ فارم ہے جو تا قیامِ قیامت اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ ہمارے آنے والی تمام نسلوں کو فیض یاب فرماتا رہے گا۔

ابتداء میں دعوت وتبلیغ کا مرحلہ، پھر تعلیم وتدریس کا مرحلہ اور اب ترویج واشاعت کا مرحلہ عظیم سعادت ہے اور یہ دعوتِ اسلامی کا طرۂ اِمتیاز ہے کہ دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہر نئے مرحلہ میں داخل بھی ہو رہی ہے اور پچھلے تمام مَراحِل کا اِستقامت سے کام بدستور جاری وساری ہے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ شریف کے بعد فقہ حنفی کا عظیم علمی وِرثہ ہے۔ دعوتِ اسلامی والو! **اللّٰہ** تعالیٰ تم لوگوں پر ہمیشہ اپنی نوازشات کی بارشیں برساتا رہے کہ آپ لوگوں نے ہم اہلسنّت و جماعت کی آنکھوں کو روشن اور دِلوں کو راحت پہُنچائی ہے اور بہارِ شریعت کی تخاریج کا عظیم کارنامہ سرانجام دے کر اس علمی ضرورت کو پورا فرمایا ہے۔

مَیں اپنے بچوں کی تربیت کے حوالے سے فکر مند تھا۔ آپ حضرات نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہمارے بچوں کا دِینی واُخروی مستقبل روشن وتاباں فرمادیا ہے اور تربیت کا وہ سادہ اور پیارا اَثر اَنگیز پروگرام جاری فرمایا ہے کہ ہمارے بچے اور گھر والے، گھر بیٹھے علمِ دِین کی بَرَکات سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ **اللّٰہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی اور اس کے جُملہ پروگرامز اور منصوبوں کو کامیابی وکامرانی عطا فرمائے اور امیر دعوتِ اسلامی محسنِ ملّت، امیر طریقت و شریعت حضرت مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تادیر اہلسنّت پر قائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{861} حضرت مولانا محمد وقاص ہاشمی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد مومن، گلزار ہجری، ناظم آباد، باب المدینہ کراچی)

تبلیغ واِشاعت اسلام میں کامیابی کا اِنحصار فقط تائیدِ ربّانی اور نصرتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ پر ہے۔ یہ سعادت اس راہ کے ان جانبازوں کو عطا فرمائی جاتی ہے جو زیورِ تقویٰ سے آراستہ ہوئے۔ خلقِ خدا کے ساتھ اِحسان، خیر خواہی، روا داری اور مُرَوّت کے جذبات سے ان کے دِل مَعْمور ہوئے۔ جن کے لفظ لفظ سے اِخلاص ومحبت کے چشمے اُبل رہے ہوں۔ جب ان کے سامنے بھٹکا ہوا راہی آمادہ پیکار ہو اور بحث ومناظرہ کی نوبت آپہنچے تو ایسے حالات میں اپنی علمی بَرتَری کے گھمنڈ میں تہذیب اور شائستگی کا دامن جھٹک نہیں دیتے بلکہ اَحسَن اَنداز سے نصیحت فرماتے ہیں، آج **دعوتِ اسلامی** اپنی کم عمری کے باوُجود ایک باوقار، سنجیدہ اور عالمانہ رُعب کے ساتھ میدانِ عمل میں بَرسرِ پیکار ہے۔

حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ نے جس حکیمانہ انداز سے ''تدریجاً و ضرورتاً'' **دعوتِ اسلامی** کی پروان چڑھائی تو یہ اس بات سے عیاں ہے کہ اس دور میں **اللہ** تعالیٰ نے انہیں اس مقصدِ عظیم کے لیے چُن لیا ہے۔ اب ان کی ذات سے جو بھی صُدُور ہو گا وہ محض تائیدِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ ہی ہے۔ **مَدَنی چینل** بھی اس تائیدِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور نصرت ربّانی کی ایک واضح کڑی ہے۔ آج دنیا Global Village میں تبدیل ہو چکی ہے، اِسلام دُشمن اپنے گھر میں بیٹھ کر اِسلام کے خلاف مصروفِ عمل ہے اور بے پردگی، عُریانی اور فحاشی کے ذریعے اِسلام کے خلاف مکڑی کی طرح جالا بُن رہے ہیں۔ ایسے میں **مَدَنی چینل** کی آمد نے تارِ عنکبوت (مکڑی کے جالے) کو توڑ کر رکھ دیا ہے۔

حقیر بے توقیر اس اَمرِ عظیم پر امیر و بانیٔ دعوتِ اسلامی کو اور ان کے تمام رُفقاء کو صَمیم قلب سے ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے۔ اُمید ہے کہ اس چینل سے اِسلامی اقدار، اِسلامی تہذیب وثقافت اور اِسلامی اَحکامات نشر کیے جاتے

رہیں گے اور معاشرے کی اِسلام کے اُصولوں کے مطابق مثبت تربیت کی جائے گی۔ **مَدَنی چینل** بلاشبہ فتنوں اور مصائب کی ان تیز وتند طوفانی بادمخالف میں ''روشنی'' کے بلند مینار کی طرح ہے۔ اس کی دِلفریب تجلیات تاریکیوں کا سینہ چیرتی رہیں گی اور گرداب وتلاطُم میں پھنسے ہوئے اِسلامی سفینہ کوسلامتی کے ساحل تک پہنچانے میں **''سَابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ''** کا کردارادا کرتی رہیں گی۔ آج اِسلام کوجن فتنوں اور مصائب کا سامنا ہے اگرکسی دوسرے مذہب کوان سے واسطہ پڑتا تو وہ اُسے خس وخاشاک کی طرح بہا کر لے جاتے۔ **بلند ہمت امیر وبانیٔ دعوتِ اسلامی** اوران کے رُفقاء کی جرأت، عظمت اور اِخلاص کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیبِ لبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے وسیلہ سے قائم رکھے اور اِسلام کا یہ مینار تا قیامت یونہی ضیاء پاشیاں کرتا رہے، آمین۔

ہوا ہے گو تندو تیز لیکن چراغ اپنا جلارہا ہے

وہ مردِدرویش جس کوحق نے دیئے ہیں اندازِخسروانہ

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{862} حضرت مولانا قاری محمد سلیم قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی (باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل ایک ایسا چینل ہے جس کے ذریعے ہمیں بہُت سی دِینی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ **مَدَنی چینل** میں نماز کے فرائض، رشتہ داروں، ہمسایوں اور بزرگوں کے حقوق بتائے جاتے ہیں۔ دُنیا میں بہُت سے ایسے لوگ ہیں جو نماز ادا نہیں کرتے، بلکہ اکثر تو ایسا ہوتا ہے کہ لوگ نماز کے وقت اپنے کاروبار میں مصروف رہتے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کو ٹی وی پر دِکھانے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر پانچ وقت کی نماز ادا کریں اور بہُت سے لوگ ایسے بھی ہیں جو **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر پانچ وقت کی نماز ادا کرتے ہیں اور بُرے کاموں مثلاً جھوٹ، غیبت کرنے سے بھی پرہیز کرتے ہیں۔ **مَدَنی چینل** میں ایسے بہترین

اِصلاحی بیان ہوتے ہیں جسے سُن کر گناہ گار اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور وہ سچے مسلمان بن جاتے ہیں۔**مَدَنی چینل** میں حج کی ادائیگی کا طریقہ بھی بتایا جاتا ہے۔

مَدَنی چینل میں بہُت سی پریشانیوں، مصیبتوں اور بیماریوں کا حل بتایا جاتا ہے، اس میں ایسی آیتیں بتائی جاتی ہیں جن کے ایک دفعہ پڑھنے سے بہُت سی مشکلیں حل ہوجاتی ہیں۔**مَدَنی چینل** میں درس وبیان کا سلسلہ بھی ہوتا ہے جسے سُن کر ہمارے دِلوں کو فرحت محسوس ہوتی ہے۔اگر ہم یہ درس سن کر ان پر عمل کریں تو ہم ایک اچھی زندگی گزارنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔**اللہ** تعالیٰ ہمیں خود بھی اس پر عمل کرنے اور دوسروں کو بھی اس بات کی تاکید کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{863} حضرت مولانا رسُول بخش بارن مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد شریف، میر پور ساکرو، ضلع ٹھٹھہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی ایک عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے۔اس کے بانی وعظیم رہنما حضرت علامہ محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتھم العالیہ ہیں، جنہوں نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا تو ہمارا بلکہ ہر عاشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا دِل باغ باغ ہوگیا۔**مَدَنی چینل** کے ذریعہ عام لوگوں تک اِسلامی تعلیمات اور عشق رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پہنچانا بہُت ہی اچھا اِقدام ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{864 }شہزادۂ غزالی زماں حضرت مولانا سیّد حامد سعید کاظمی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ انوار العلوم، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ تعالٰی کے فضل و کرم سے **مَدَنی چینل** پر محبتِ رسُول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم اور اِسلام کی اصل تصویر پیش کی جاتی ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی اپنے فضل و کرم سے ہمیں اس چینل پر دی جانے والی تعلیمات پر عمل کی توفیق عطا فرمائے اور عشقِ رسُول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی دولت سے مالا مال فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{865 }خلیفہ آستانہ عالیہ بریلی شریف الحاج محمد حنیف طیب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر نظامِ مصطفٰے پارٹی، باب المدینہ کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** عوام النّاس میں فروغِ جذبۂ عشقِ رسُول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کیلئے شب و روز کوشاں ہے اور **دعوتِ اِسلامی** کا مقصد ہی یہی ہے۔ بَہُت بڑا حلقہ اس چینل کو دیکھ رہا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{866 }حضرت مولانا نذیر احمد سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم ضیاء شمس الاسلام، سیال شریف، گلزارِ طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

جس طرح عالَمِ کفر فحاشی کو پھیلانے میں کوشاں ہے، ایسے ہی **اللّٰہ** تعالٰی کے فضل و کرم سے اُمّتِ مُسلِمہ دِینِ متین کی تبلیغ کے لیے بھرپور کوشش کر رہی ہے جیسا کہ کئی ٹی وی چینل دِینِ اِسلام کے تبلیغی پروگرام نشر کر رہے ہیں۔ اسی طرح **دعوتِ اِسلامی** کی بھرپور کاوشوں سے **مَدَنی چینل** مَعرضِ وُجُود میں آیا جس پر قرآن کریم کا ترجمہ و تفسیر اور نماز، روزہ کے مسائل نشر کئے جاتے ہیں۔ جو نئی نسل کو فحش پروگراموں سے **پھیر کر دِین اِسلام** کے راستہ پر

گامزن کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ **اللہ** تعالیٰ اس چینل کو تا قیامت قائم و دائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{867} حضرت مولانا حافظ محمد نصر اللہ سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم ضیاء شمس العلوم، سیال شریف، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

حُضُور سیِّدِ عالَم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا اِرشادِ گرامی ہے: ''**مَن تَمسَّکَ بِسُنَّتِیْ عِندَفَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَہٗ اَجرُمِائَۃِ شَھِیدٍ** (مِشکٰوۃُ المَصَابِیح ج۱ ص۹۷ حدیث ۱۷۶ دارالفکر بیروت) **ترجمہ:** جس شخص نے میری اُمت میں (اِعتقادی اور عملی) فساد برپا ہونے کے وقت میری سُنَّت کو مضبوطی سے پکڑا، اُسے 100 شہید کا ثواب ملے گا۔''

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اِسلامی** اس عُریانی وفحاشی کے دور میں نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں کو عام کرنے میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے **دعوتِ اِسلامی** کی طرف سے **مَدنی چینل** کا قیام اِنقلابی اِقدام ہے جس سے بے حیائی اور بدعقیدگی کو روکنے میں مدد ملے گی اور مسلمانانِ عالَم کو بالعموم اور نسلِ نو کو بالخصوص صاف سُتھرا اسلامی ماحول نصیب ہوگا۔ **خالقِ کائنات** عَزَّوَجَلَّ اس کارِ خیر میں بَرَکتیں عطا فرمائے اور ہم سب کو اس سے مُستَفِیض ہونے کی توفیق عنایت فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{868} حضرت مولانا مفتی اصغر علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی دار الافتاء دار العلوم ضیاء شمس الاسلام، سیال شریف، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

اللہ تعالیٰ کا اِرشاد ہے:

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ

ترجمۂ کنزالایمان: اپنے ربّ کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر اور اچھی نصیحت سے اور اُن سے اس طریقہ پر بحث کرو جو سب سے بہتر ہو۔ (پ ١٤ النَّحل ١٢٥)

آج کے پُرآشوب دَور میں جب کہ پوری دُنیا میں بے دِینی، بے راہ روی اور گمراہی کی طرف مختلف ذرائع سے مخلوقِ خدا کو برانگیختہ کیا جارہا ہے۔ اس کے مقابلہ کے لیے اہلِ دِین، عُلَماء اور صُلَحا نے بھی وقت کے تقاضوں کے مطابق تبلیغِ دین کے لیے وسائل کو اپنایا اور جس ذریعے سے مناسب وضروری سمجھا، اس کو اپنا کر باطِل کا مقابلہ کیا۔ آج کے الیکٹرانک دور میں جدید طریقوں کو اپنا کر لوگوں کی دِینی رہنمائی کے لیے ٹی وی اور چینل ایک مؤثر ذریعہ بن سکتا ہے۔ اس لیے ایک خالص دِینی مذہبی تحریک دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** چلایا۔ اس میں پُرخُلُوص طریقے سے صحیح دِینی رہنمائی کی جاتی ہے۔ لہٰذا اس کو جاری رکھنا عوام وخواص پر لازم ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{869} حضرت مولانا حافظ غلام محی الدین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ ضیاء شمس العلوم، سیال شریف، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا سُنّتوں بھرا اِجتماع جس میں شرکت کی وجہ سے عوام الناس کافی حد تک سُنّتوں سے وابستہ ہوگئے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مزید سُنّتوں کا سلسلہ آگے بڑھاتے ہوئے **مَدَنی چینل** جس میں تلاوت، نعت اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے بیانات ہوتے ہیں، ترقی کی طرف رَواں دَواں ہے۔ ہم **دعوتِ اسلامی**

کی اس خیرِ کثیر کو دِل کی اتھاہ گہرائیوں سے آفرین کہتے ہیں اور **مَدَنی چینل** جس میں دِین و دُنیا کی بھلائی ہے اس کا مفاد صرف دُنیاوی حد تک محدود نہیں ہے، بلکہ اس میں اُخروی مفاد بھی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ''ہر فرعون کیلئے موسیٰ ہوتا ہے۔'' یعنی ہر باطِل پرست کے مقابلہ میں حق پرست ہوتا ہے تو بعینہٖ **مَدَنی چینل** بھی باطِل کو ختم کرنے کے لیے شروع ہوا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی اس عظیم سعی کو اپنی بارگاہ عالیہ میں مقبول ومنظور فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{870} حضرت مولانا محمد حامد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ عباسیہ رضویہ للبنات، سید ٹاؤن، بی بلاک، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ میرے والد بزُرگوار تلمیذ محدِّث اعظم پاکستان حضرت مولانا غلام عباس رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ دعوتِ اسلامی سے اِنتہائی عقیدت فرماتے تھے۔ اُن کی صحبت کی وجہ سے ہی **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ میں دعوتِ اسلامی والوں کا حمایتی ہوں۔ ہمیشہ سے ہی **دعوتِ اسلامی** نے دِین اور مسلکِ اہلسنّت و جماعت کی خدمت میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ کافی عرصہ سے اس بات کی کمی محسوس کی جارہی تھی کہ اہلسنّت و جماعت کا بھی الگ خالص شرعی چینل ہو اور یہ کام بھی **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے حصہ میں آیا۔ میرے خیال کے مطابق **مَدَنی چینل** نے ہر طرح کے خلا کو پُر کردیا ہے، چاہے وہ علمی لحاظ سے ہو، عملی لحاظ سے ہو یا عقائد کے لحاظ سے ہو، علیٰ ھٰذا القیاس۔ **اللہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے مزید ترقّیاں عطا فرمائے اور یہ تحریک تا قیامت قائم ودائم رہے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{871} حضرت مولانا مقصود احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد جیلانی، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی جیسی تحریک فی زمانہ مسلمانانِ عالَم کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ آج کل ہمارا معاشرہ علمِ دین سے کوسوں دُور جاچکا ہے، مگر عوام کو ایک مرتبہ پھر دِین سے رُوشناس کروانا **دعوتِ اسلامی** کا ہی خاصہ ہے اور اس میں **مَدَنی چینل** ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ **اللّٰہ** تعالٰی سے دُعا ہے کہ سرکار صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **مَدَنی چینل** اور دعوتِ اسلامی کو ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{872} حضرت مولانا حافظ غلام احمد نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد سیّدہ آمنہ، تاجپورہ اسکیم، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کا آغاز خدمتِ دینِ مبین کے سلسلے میں ایک بَہُت شاندار اِقدام ہے۔ سُنّی مسلمانوں کی مَسلکِ حق اہلسنّت وجماعت پر پختگی اور ان کی عملی حالت سنوارنے کیلئے اس سے بَہُت مدد ملے گی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{873} حضرت مولانا محمد فیض القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جامعہ غوثیہ طفیلیہ، ملیر ہالٹ، باب المدینہ کراچی)

اس پُرفِتَن دَور میں عالَمِ کفر نے مسلمانوں کو گمراہ کرنے، بداَخلاق بنانے، دورِ جاہلیت کی تہذیب میں مبتلا

کرنے اور اَفکارِ فاسدہ پھیلانے کے لیے اپنے چینلز کے ذریعے ہر طرف سے یلغار کر رکھی ہے اور اس پر طُرّہ یہ کہ مملکتِ خداداد اِسلامی جمہوریہ پاکستان کے ٹی وی چینلز بھی مسلمانوں کو بے راہ روی کا شکار کرنے میں پیش پیش ہیں اور عالمِ کفر کے چینلز کی رونقیں اپنائے ہوئے ہیں۔

ضرورت اِس اَمر کی تھی کہ ایک ایسا ٹی وی چینل بھی ہو جو خالِص اِسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت کرے اور حُضُور نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سیرتِ پاک کو اپنانے کی دعوت دے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** نے وہ ضرورت پوری کر دی۔ **مَدَنی چینل** کا اِجراء **اللّٰہ** تعالیٰ کا عظیم فضل ہے اور یہ خوش آئند ہے۔ حکومتِ وقت سے گذارش ہے کہ اس چینل کیلئے مستقل اجازت نامہ جاری کیا جائے تا کہ یہ مزید وُسعت کے ساتھ تبلیغِ دِین کا کام کر سکے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{873} حضرت مولانا عبدالروٗف قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ فیضانِ طیبہ لائبریری، ماہنامہ سبیل الرشاد، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا ایک اِنقلابی اِقدام جس کی وجہ سے دعوتِ سُنَّت اُس جگہ پر بھی پہنچ گئی جہاں عام حالات میں اس کا تصور بھی ممکن نہ تھا اور وہ اِنقلابی اِقدام **مَدَنی چینل** کا اِجراء ہے۔ جس نے اَقوامِ عالَم کے کانوں میں نغمۂ توحید و رِسالت کی وہ دُھوم مچائی کہ شیطان ایک مرتبہ پھر سر میں خاک ڈال کر آہ و بکا پر مجبور نظر آنے لگا۔

بِلاشُبہ یہ ایک مُستَحسَن قدم اٹھایا گیا ہے اور بَہُت سے خواتین وحضرات کو صرف **مَدَنی چینل** دیکھ کر شخصی اِصلاح کی طرف مائل دیکھا اور ان کے تأثرات نے دِل میں وہ خوشی پیدا کی کہ زبان بے اِختیار

امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے اس شعر کا وِرْد کرنے لگی:

اللّٰہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے دعوتِ اسلامی تری دھوم مچی ہو

نَیْرنگی دُنیا میں اُمید کا ایک جگمگاتا چراغ **مَدَنی چینل** کہ جس کی وجہ سے کئی گھرانے منوّر رہو کر جہانِ فانی کو منوّر کردیں گے۔ قرنوں بعد وقت کی ایک اَشدّ ضرورت کی تکمیل ہوئی کہ جس سے اُمتِ مُسلِمہ اپنا بھولا ہوا سبق یاد کرلے گی۔

اللہ تعالیٰ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری دامت برکاتھم العالیہ کی ذاتِ والاصفات اور دعوتِ اسلامی پر کروڑہا کروڑ کرم اور اَبدالآباد رحمت فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{874} حضرت مولانا حافظ گل محمد گل قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(اطلاعات سیکرٹری تنظیم القادریہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ جب سے **مَدَنی چینل** شروع ہوا، ہر طرف عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی دُھوم مچ گئی اور ہر طرف **یارسُول اللہ** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی صدائے دِلنواز بلند ہونے لگی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{875} حضرت مولانا محمد انور سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دارالعلوم ضیاء شمس الاسلام، سیال شریف گلزارِ طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

حُضُورِ سیّدِ عالَم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا اِرشادِ گرامی ہے: ''طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسلِمٍ'' (سُنَن اِبن ماجَہ ج۱ ص۱۴۶ حدیث ۲۲۴ دارالمعرفۃ بیروت) **ترجَمہ:** ''علم کی تلاش ہر مسلمان پر فرض ہے۔'' **حُصُولِ علم** کے کئی

ذرائع ہیں جس میں سے اَہم ذریعہ درس وتدریس ہے علاوہ ازیں مجالس اور علمی مذاکروں کا اِنعقاد بھی حُصُولِ علم کا اَہم ذریعہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ عالَمِ اسلام کی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی جانب سے **مَدَنی چینل** کا قیام عظیم کارنامہ ہے جس سے اِشاعتِ قرآن وسُنَّت اور تبلیغ میں مدد ملے گی اور علم دِین گھر گھر پہنچے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{876} حضرت مولانا محمد فرخ شہزاد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حرا، الفیاض کالونی، ستیانہ روڈ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

آج جبکہ نت نئی اِلحادی تحریکیں اُٹھ رہی ہیں، جگہ جگہ عُریانی اور فحاشی کے اَڈّے قائم ہیں، نام نہاد روشن خیالی کا سیلاب طغیانیوں پر ہے، فِسق و فجور کا آتش فشاں پھٹ رہا ہے، بدعقیدگی اور بدعملی کے سوداگر گلی گلی اور مَحلّے مَحلّے داخل ہو چکے ہیں، منافقت اور خیانت کی دُکانوں پر رش بڑھ رہا ہے اور اِیمان اور امانت کے گاہک کم ہو رہے ہیں، دِین حق کا معاملاتی نظام کمزور ہوتا ہوا نظر آرہا ہے اور غیروں کے قوانین اور ضابطے رواج پا رہے ہیں۔ ایسے میں اہلِ حق کی ذِمّے داریاں پہلے سے بھی بڑھ گئی ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے **دعوتِ اسلامی** صبح وشام کچھ نہ کچھ جذبہ نبضِ ہستی تپش آمادہ رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلہ کی ایک کڑی **مَدَنی چینل** ہے، جس کے ذریعے عُریانی اور فحاشی کا سدِّ باب بھی ہوگا اور اہلسنّت کے مسلک کا پرچار بھی ہوگا اور **دعوتِ اسلامی** کا پیغام بھی گھر گھر میں عام ہوگا۔

میری دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے بانی شیخ طریقت امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو دین اِسلام کی ترویج واِشاعت کے لیے مزید مساعیٔ جمیلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

{877} حضرت مولانا خالد محمود مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی وبانی دار العلوم معارف القرآن، کشمیر کالونی، باب المدینہ کراچی)

فقیر نے بارہا **مَدَنی چینل** دیکھا اور ہر بار ایسے پروگرام دیکھنے کی سعادت نصیب ہوئی جن سے **اللہ** تبارک وتعالیٰ اور اس کے حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی رِضا کے حُصُول اور دِینِ متین کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کے جذبات مزید تازہ اور تابندہ ہوجاتے ہیں۔ یہ چینل اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ پوری دُنیا میں **اللہ** تعالیٰ اور نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت عام کرنے کا ذریعہ رہے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

{878} حضرت پیر سیّد محمد شریف الدین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ مہر آباد شریف، احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

آپ کو **مَدَنی چینل** کے اِجرا پر دِل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس چینل کا آغاز کارِ خیر اور اہلسنّت و جماعت کو نمایاں کرنے میں بڑی اَہمیت کا حامل ہے۔ فی زمانہ اس چیز کی بڑی ضرورت تھی جواب پوری ہوئی۔ **مَدَنی چینل** سے اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ دُنیا مُستَفِید ہوگی اور مدنی ثمرات کا جلد ظہور شروع ہوتا ہوا ہر کوئی دیکھے گا۔ **اللہ** تعالیٰ پورے عالَمِ اِسلام کی خیر فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

{879} حضرت مولانا محمد امجد علی ریگستانی سنگراسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ مجددیہ بحر العلوم، کنری میمن، ضلع عمر کوٹ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

مَدَنی چینل کے اِجراء پر میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم القدسیہ کو اور تمام معاونین کو صدقِ دِل سے ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔ **مَدَنی چینل** ایک خالِص مذہبی چینل ہے جو دِینِ اِسلام کی صحیح طور پر نشر و اِشاعت کرتا ہے۔ تمام مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو چاہیے کہ اس نُورانی اور رُوحانی چینل سے اِستفادہ کریں اور گمراہ کُن مُخَرِّبِ اَخلاق (اَخلاق بگاڑنے والے) چینلز سے اِجتناب کریں۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے وسیلۂ جلیلہ سے دعوتِ اِسلامی کے تمام دِینی خدمات کے شعبوں کو مضبوط و مستحکم بنائے اور ہمارا ہر ممکن تعاون اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اِسلامی** کے ساتھ رہے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{880} حضرت مولانا مفتی محمد حبیب احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ فیض العلوم، جامع مسجد غوثیہ، فیروزہ، تحصیل لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کا آغاز حضرت علامہ مولانا قبلہ پیرِ طریقت محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کی روشن خیالی ہے۔ حضرت قبلہ قادری صاحب کا وُجُود فی الوقت اہلسنّت و جماعت کیلئے عظیم نعمت ہے۔ حضرت قبلہ کا نئی نسل کو بے راہ روی سے محفوظ کرنا اور گھر گھر تبلیغِ دِین کیلئے مَدَنی مُبلّغ بنانا، دِینی کُتُب اور کئی رَسائل لکھنا اور عورتوں میں دِین کا شوق پیدا کرنا اور میلاد شریف جیسی بابَرَکت محفلیں منانا اور ہر سال مدینۃ الاولیاء ملتان شریف میں سالانہ سُنّتوں بھرا اجتماع جو حج کے بعد مسلمانوں کا بڑا اجتماع ہے، وہ کارنامے ہیں جو قبلہ قادری صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا ہی حصہ ہیں۔

مَدَنی چینل کے ذریعے گھر گھر دِینی پروگرام کا پہنچانا وہ کارِ خیر ہے، جس کا اَجر **اللہ** تعالیٰ ہی عنایت فرمائے گا۔ **مَدَنی چینل** سے اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اُمتِ مُسلِمہ کو بے شمار فوائد نصیب ہوں گے۔

اللّٰہ تعالٰی حضرت قبلہ قادری صاحب دامت فیوضھم کی عمر میں بَرَکتیں فرمائے اور ہم اہلسنّت کو آپ کا ساتھ دینے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{881 }حضرت مولانا صاحبزادہ قاضی محبوب کبریا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم جامعہ محمدیہ کنزالایمان، کھلابٹ ٹاؤن شپ، ہری پور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کا مَدَنی چینل عالمی سطح پر اِصلاحِ اُمت کا کام کررہا ہے۔جس طرح تاجدارِ مدینہ،سُرورِقلب وسینہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے صُلحِ حدیبیہ کے بعد خُطُوط کا سلسلہ شروع فرما کر مختلف فرماں رَواؤں تک وُسعَت دیتے ہوئے اسلام کے پیغام کو عام فرمایا۔دعوتِ اسلامی اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ (اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کرنے) کا کام کررہی ہے۔محبتِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا درس دے رہی ہے، اِشاعتِ اِسلام کا کام کررہی ہے اور زندگی کے ہر طبقے میں اِصلاح کا کردار ادا کررہی ہے۔اس چینل کا حیرت انگیز اَثر (مَدَنی بہار) دیکھنے میں آیا:

مَدَنی بہار

ہمارے علاقے میں ایک دوست ایسا ہے جس نے کافی عرصہ جنوبی کوریا میں کام کیا، وہاں ملازمت کے سلسلہ میں رہا۔شراب وکباب اور دیگر اَفعالِ بد کا اِرتکاب کرتا رہا۔مالی حالات خراب ہونے کی وجہ سے گھر واپس آ گیا ہے۔**مَدَنی چینل** نے اس کے دِل کے زنگ کو ایسا صاف کیا کہ وہ پنجگانہ نماز کے ساتھ ساتھ نمازِ تہجد کا بھی پابند ہو گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ امیرِ اہلسنّت محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کو طویل عمر عطا فرمائے کہ وہ اس دور کے مجاہدِ اعظم کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ **اللہ** تعالیٰ اس چینل کو ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{882} حضرت مولانا عبدالحمید سیالوی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ محمدیہ کنزالایمان، کھلابٹ ٹاؤن شپ، ہری پور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

انھوں نے حضرت مولانا صاحبزادہ قاضی محبوب کبریا مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{883} حضرت مولانا پروفیسر عبدالشکور مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دارالسلام اسلامیہ حنفیہ، لیکچرار گورنمنٹ ڈگری کالج، پشاور، خیبر پختونخواہ، پاکستان)

اللہ ربُّ العزّت کا اِحسان ہے کہ اس نے اپنے پیارے حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلینِ پاک کے صدقے سے مؤمن بنایا اور اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا اُمتی بنایا۔ خدمتِ دِینِ محمدی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی توفیق جس کو جتنی زیادہ مل جائے وہ اُتنا ہی خوش قسمت ہے۔ **شَر** جتنی تیزی سے پھیل رہا ہے، **خَیر** کو اس سے زیادہ تیزی سے پھیلانا ہماری ذِمّہ داری ہے۔ آج کا دور میڈیا کا دور ہے، اِیمان اور اِسلام کو میڈیا کے ذریعے ہی ہم پوری دُنیا میں پھیلا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں اہلسنّت کی جتنی بھی تنظیمیں میڈیا میں خدمات سرانجام

دے رہی ہیں، وہ لائقِ تحسین ہیں۔ **مَدَنی چینل** کے بارے میں معلوم ہوا تو بَہُت خوشی ہوئی، جہاں سے دینِ مبین کی خدمت اچھے طریقے سے ہونے کی اُمید ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ **مَدَنی چینل** کو دینِ محمدی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خدمت کے لیے بَہُت کامیابیاں عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** والے مبارکباد کے مُستَحِق ہیں کہ وہ اس فحاشی کے دور میں فحاشی سے پاک نشریات پھیلا رہے ہیں۔ ہماری دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ اپنے حبیبِ لبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے سے **مَدَنی چینل** کو خدمتِ دین میں مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{884} حضرت مولانا حافظ بشیر احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام جامع مسجد کوٹ بدر، قصور، پنجاب، پاکستان)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے کہ **مَدَنی چینل** دوبارہ چل گیا ہے اور دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ اسے حسد کرنے والوں سے محفوظ رکھے اور حسد کرنے والوں کے دِل میں بھی (**اللہ** تعالیٰ کے فضل وکرم سے) سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت پیدا ہو۔ میں نے دیکھا کہ بچے اور بڑے فضول باتوں میں وقت ضائع کرتے تھے لیکن **مَدَنی چینل** کی وجہ سے ان کی زبانوں پر نعتیں اور دُرُودِ پاک ہے۔ **مَدَنی چینل** دیکھ کر بَہُت خوشی ہوئی ہے کہ کتنا اچھا ماشاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کام ہو رہا ہے۔ مَیں نے دیکھا کہ بچے گلیوں میں سبز جھنڈے اُٹھا کر نعتیں اور دُرُودِ پاک پڑھتے جا رہے تھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ان کی تربیت میں **مَدَنی چینل** کا بَہُت بڑا حصہ ہے۔ **اللہ** تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** والوں کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{885 }حضرت مولانا قاری شیر محمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد انوارِ مدینہ، کوٹ حلیم خان، قصور، پنجاب، پاکستان)

اللہ تعالٰی عَزَّوَجَلَّ کا کروڑہا شکر ہے کہ اس نے اس گئے گزرے ماحول میں معاشرے کی اِصلاح کیلئے ہم گنہگاروں پر اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے کرم فرمایا اور ہمیں پیرِ طریقت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری صاحب جیسی علمی اور رُوحانی باعمل شخصیت عطا فرمائی اور انہوں نے اس گئے گزرے دور میں اِنتہائی محنت اور کاوِش کے ساتھ اِصلاحی اِجتماعات کے علاوہ **مَدَنی چینل** پر جو سلسلہ شروع فرمایا ہے اس سے اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارے ہر چھوٹے بڑے کی اِصلاح ہوگی۔ بالخصوص نوجوان طبقہ جو کہ بے راہ روی کا شکار ہے اس کی یقیناً اِصلاح ہوگی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے **مَدَنی چینل** کے ذریعے عوام قبلہ حضرت صاحب کی تقریریں اور پُر اثر اِصلاحی گفتگو سے متأثر نظر آتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** پر سرورِ کائنات صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعت خوانی کا سلسلہ بھی اِنتہائی دِلچسپ ہے۔ **اللہ** تعالٰی عَزَّوَجَلَّ اپنے خاص فضل وکرم سے اور مدینے کے تاجدار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے اور نگاہِ اولیاء کے طفیل **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{886 }حضرت مولانا محمد خضر حیات سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ غوثیہ مہریہ وخطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ، کبیر والا، خانیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اِسلامی کا مہکتا مہکتا **مَدَنی چینل** اپنے آنگن میں **مدنی ماحول** لئے ہمارے گھروں کی زینت بن چکا ہے۔ آج کے اس پُر فِتَن دور میں اِحیائے عقائدِ اہلسنّت کیلئے یہ ایک اَحسن اِقدام ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{887} حضرت مولانا قاری محمد قاسم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم غوثیہ مہریہ، کبیر والا ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کا سُن کر بہُت خوشی ہوئی، یہ وقت کی اَہم ضرورت ہے۔ اس چینل سے سُنّتوں کا پیغام گھر گھر پہُنچے گا، آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتیں گھر گھر پہُنچیں گی، شیطان روتا ہوا بھاگے گا، موسیقی دم توڑ جائے گی اور اس چینل سے دِین اِسلام کے بتائے ہوئے اَحکامات پر عمل کرنے میں آسانی ہوگی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{888} حضرت مولانا محمد اسماعیل مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ غوثیہ مہریہ وخطیب مرکزی جامع مسجد، غوثیہ کبیر والا ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

انھوں نے حضرت مولانا قاری محمد قاسم مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{889} حضرت مولانا محمد ہاشم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ غوثیہ مہریہ، کبیر والا ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

انہوں نے حضرت مولانا قاری محمد قاسم مُدَّظِلُّہُ العالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{890} حضرت مولانا محمد جمیل اشرفی قادری مُدَّظِلُّہُ العالِی

(امام وخطیب جامع مسجد حراء، ماڈل ٹاؤن ضلع اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

ہر دور میں **اللہ** تعالیٰ کے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لائے ہوئے دِین متین نے باقی رہنا ہے، یقیناً اس کی بقاء کے اَسباب بھی ہوتے رہیں گے۔ چُنانچہ ہمارے دورِعیاشی وفحاشی میں اِسلامی تعلیمات کی حفاظت و اِشاعت کیلئے اہلسنّت وجماعت کی اِنتہائی بے مثال تحریک دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز فرما کر ہماری موجودہ اور آئندہ نسلوں پر اِحسانِ عظیم فرمایا ہے۔ گھر بیٹھے بٹھائے خالِص دِینی و مذہبی مُفید معلومات کا خزانہ ہاتھ آرہا ہے اور دِینی رُوپ ڈھال کر بھولے بھالے لوگوں کے جذبات وحالات سے کھیلنے والے بہروپیوں کو بھی بے نقاب کیا جارہا ہے۔ ظاہر ہے یہ بھی یقیناً مسلمانوں کی عظیم خیر خواہی ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس خیر خواہی پر قبلہ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو جزائے خیر سے نوازے اور **مَدَنی چینل** کو ساری دُنیا کیلئے نافِع بنائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{891} حضرت مولانا حافظ قاری محمد انور چشتی نظامی مُدَّظِلُّہُ العالِی

(مہتمم جامعہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات، ٹینکی چوک، پیپلز کالونی ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** بِلا شک وشُبہ ہم اہلسنّت وجماعت کی بہتری کا بہترین ذریعہ ہے۔اس سے یقیناً مسلمانوں کے عقائدِ حقّہ کی حفاظت کا سامان ہو رہا ہے خود میرے اپنے گھر میں کچھ اس طرح کا واقعہ پیش آیا:

مَدَنی بہار

میری بیٹی کے گھر والوں (سسرالیوں) کا اُٹھنا بیٹھنا بدعقیدہ لوگوں سے ہو گیا اور اُن کا قلبی و ذِہنی میلان بھی اُسی طرف ہو گیا تھا۔ظاہر ہے کہ اَلصُّحْبَۃُ مُؤَثِّرَۃٌ یعنی صحبت اَثر رکھتی ہے۔ چند دن ہوئے میری نواسیوں نے بتایا:''نانا جان! ہم نے تو اپنے گھر میں فَقَط **مَدَنی چینل** کو ہی دیکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔اب ہمارے ہاں **مَدَنی چینل** ہمہ وقت چلتا رہتا ہے۔'' سُبْحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ، **اللہ** تعالٰی امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ اور مرکزی مجلس شوریٰ کو اس کی اچھی جزا عطا فرمائے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{892} حضرت مولانا محمد اشفاق گجر نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سرپرست انجمن نوجوانانِ اہلسنّت، وزیر کالونی، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

بندۂ ناچیز روزانہ **مَدَنی چینل** دیکھتا ہے، اس پر نشر ہونے والے بیانات پُر اَثرات کو سنتا ہے، ان سے دِینی و مذہبی ثمرات حاصل کرتا ہے اور اپنے تمام شاگردوں اور اپنی انجمن سے وابستہ تمام جوانوں کو **مَدَنی چینل** دیکھنے کی تلقین کرتا ہے کیونکہ یہ ہمارے مَسلکِ حقّہ کی خوب ترجمانی کرتا ہے اور اس کی بَرَکت سے ہر گھر سے دُرُود وسلام کی صدائیں آ رہی ہیں۔مَیں نے بہُت سے لوگوں کو دعوتِ اسلامی کے صحرائے مدینہ، مدینۃ الاولیاء ملتان شریف کے اِجتماع 2008ء کی دعوت دی، کافی اَحباب نے شرکت بھی کی، اَلبَتّہ نہ جاسکنے والوں سے **مَدَنی**

چینل پر اِجتماع سُننے کا وعدہ لیا اور واپسی پر ان سب نے اپنے وعدہ نبھانے کی خوشخبری سنائی اور کہا کہ **مَدَنی چینل** پر اجتماع کی آخری نشست بالخصوص دُعا سے بہُت سُکونِ قلبی و ذہنی نصیب ہوا۔

ہم گنہگاروں کی دُعا ہے کہ **مَدَنی چینل** کو **اللّٰہ** تعالیٰ خوب ترقیاں عطا فرمائے، بے دِینوں کے شر سے بچائے، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ ہم پر تادیر قائم فرمائے اور دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی بخشے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{893} حضرت مولانا مفتی محمد اعظم اشرفی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس و مفتی دار العلوم جامعۃ الحبیب، حبیب آباد، تحصیل پتوکی، ضلع قصور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے وسیع ترین نیٹ ورک کو دیکھ کر بہُت خوشی ہوتی ہے۔ اب تو مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے بہُت ہی دِل کو باغ باغ کر دیا۔ **اللّٰہ** تعالیٰ سُنَّتِ مبارکہ کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کی سعی قبول فرمائے اور ہمیشہ مسلک اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ترجمانی کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{894} حضرت مولانا مشتاق احمد اشتیاق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس درس نظامی جامعۃ الحبیب، حبیب آباد، تحصیل پتوکی، ضلع قصور، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے **مدنی ماحول** اور نوجوان طبقے کو بالخصوص داڑھی شریف اور عمامے شریف سے مُزیَّن دیکھ کر قلب و ذِہن مَسرَّت سے باغ باغ ہوا اور تھوڑے سے عرصے میں اِتنا وسیع نیٹ ورک بھی داد سے خالی نہیں ہے، اور پھر جب یہ خبر ملی کہ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہو چکا ہے تو اُجڑے ہوئے دِیار بقعۂ نُور بن گئے اور اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، عظیم البرکت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے مسلک کی ترجمانی جب آپ کی

نشر و اِشاعت اور کُتُب میں دیکھی تو یوں محسوس ہوا کہ **مَدَنی چینل** جہالت کے دور میں عظیم روشنی کا مینار ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{895 } حضرت مولانا ڈاکٹر قاری لیاقت علی خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوار القرآن متصل جامع مسجد گلشن خضراء، بلدیہ ٹاؤن، باب المدینہ کراچی)

مَدَنی چینل ایک مَدَنی اِنقلاب ہے، جو بفضلہٖ تعالٰی قادری سلسلے کا فیضان ہے، جو **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور نبیِّ پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا خاص اِحسان ہے۔ **مَدَنی چینل** بے دِین لوگوں کی سرکوبی کیلئے اور مسلمانوں کی اِصلاح کیلئے دورِ حاضر کی اَہم ضرورت ہے، اسے جاری رکھا جائے۔ **اللّٰہ** وحدہٗ لاشریک امیرِ اہلسنّت، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت **محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{896 } حضرت مولانا قاری محمد شفقت اقبال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ریسرچ اسکالر المدینہ اسلامک ریسرچ، شکریلہ شریف، سرائے عالمگیر، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** دیکھا جس میں ہر عمر کے لوگ خدا عَزَّوَجَلَّ کی وحدانیت، حُضُور صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعتیں اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ سُنّتوں بھرا بیان کرتے ہوئے نظر آئے۔ جنہیں دیکھ کر قلبی فرحت نصیب ہوئی۔

کوئی اِقرار کرے یا نہ کرے، تعارف کرائے یا نہ کرائے وہ شخصیت کسی کے تعارف کی محتاج نہیں۔ جب مَیں **مَدَنی چینل** میں **دعوتِ اسلامی** کے کمسن مُبلّغ اور نعت خواں دیکھتا ہوں تو بے ساختہ میری زبان پر یہ

شعر آتا ہے:

یہ ماہِ تاباں سے کہہ دو وہ اپنی کرنوں کو چُن کے رکھ لے
مَیں اپنی مٹی کے ذرّے ذرّے کو خود چمکنا سکھا رہا ہوں

دیگر جتنے چینلز دیکھے ہیں، ان سب میں پروفیشنلزم ہے، ساز بھی ہے لیکن یہ چینل خاص دِینی اور مذہبی ہے جو دوسرے چینلوں سے بہُت مختلف ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{897} حضرت مولانا حافظ رشید احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدی، چک فرید پور، ڈوگراں، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** سے ہم سب کا بہُت فائدہ ہے کہ ہم گھر بیٹھے نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ہر ہر سُنَّت پر عمل کرنے والے بن جائیں گے اور جن لوگوں کو دِین کے متعلق معلومات نہیں ہیں، وہ **مَدَنی چینل** دیکھ کر بہُت کچھ سیکھیں گے۔ اور **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے ہم ایسی نماز پڑھنے والے بن جائیں گے جو نماز پڑھنے کا طریقہ نبی پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ہمیں بتایا ہے بلکہ ہماری پوری زندگی اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نبی کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کے مطابق بسر ہوگی۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{898} حضرت مولانا قاری محبت علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ مدرسہ انوار الپناہ، ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت و جماعت کی ریڑھ کی ہڈی (دعوتِ اسلامی) نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے اہلسنّت کا مستقبل مزید روشن فرما دیا ہے۔ میری مسجد میں آنے والے (نئے) نمازیوں نے بتایا کہ ہم نے **مَدَنی چینل** دیکھ کر شراب، زنا اور دیگر نافرمانیوں مثلاً جھوٹ، غیبت اور چغلی سے سچی توبہ کر کے نماز شروع کر دی ہے۔ ایک شخص نے کہا: مَیں نے امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا مَدَنی مذاکرہ **''گھر امن کا گہوارا کیسے بنے؟''** سن کر اپنی زوجہ سے لڑنا چھوڑ دیا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو سلامت رکھے اور دعوتِ اسلامی کے فیضان کو عام فرمائے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کی امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی پر رحمت ہو اور اُن کے صدقے ہماری مغفرت ہو، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{899} حضرت مولانا حکیم پیر علی شیر شاہ سعیدی ہاشمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ جامعہ محمدیہ رضویہ ظفر العلوم، جامع مسجد غوثیہ، چوپڑہٹہ، خانیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہمارا اور آپ کا رابطہ **دعوتِ اسلامی** کے حوالے سے بیس سال قبل ہوا تھا۔ دعوتِ اسلامی یقیناً دینِ اسلام کی بہترین خدمت کر رہی ہے، بُزُرگوں کا فیض ہے کہ اشاعتِ اسلام کیلئے اور بھٹکے ہوئے لوگوں کی اِصلاح کیلئے اِتنا کام **اللّٰہ** تعالیٰ کی عطا سے ہو رہا ہے۔ **اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ پیارے آقا صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے سے مزید کامیابی وکامرانی عطا فرمائے، آمین۔

مَدَنی چینل کے بارے میں عرض ہے کہ دورِ حاضر میں اس کی کمی تھی جو کہ پوری ہوئی ہے۔ مسلکِ حق اہلسنّت اور دینِ متین کی اشاعت میں کئی گنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، حضرت علامہ محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور دیگر ذِمّہ داران دعوتِ اسلامی مبارکباد کے مُستحق ہیں، اس سلسلے میں ہم دِل کی

اتھاہ گہرائیوں سے دُعا گو ہیں کہ **اللہ** تعالیٰ پوری دُنیا کو اس **مَدَنی چینل** سے مُستَفِید کرے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{900} حضرت مولانا حاجی منظور حسین سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد کوھی والا تحصیل کبیر والا ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا سُن کر بہُت خوشی ہوئی ہے۔ وہ گھر جہاں پہلے فحاشی اور عُریانی کے پروگرام دیکھے جاتے تھے اب **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے یہ ذاتی تجربہ ہوا ہے کہ اُن گھروں میں دِینی اور مذہبی پروگرام دیکھے جا رہے ہیں اور **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے لوگوں میں تقویٰ، پرہیزگاری اور خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ پیدا ہو رہا ہے اس کے علاوہ کئی لوگ دِین کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ اب اس چینل کی بَرَکت سے گھر بیٹھے ایسی محافل اور ایسی عظیم ہستیوں کے ملفوظات سننے کو ملتے ہیں جو لائق صد تحسین ہیں۔ دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ **مَدَنی چینل** اور اس کی اِنتظامیہ کو مزید ترقیاں اور بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{902} حضرت مولانا سیّد مقصود الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد صابری، ملاول پور، تحصیل کبیر والا، ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ یہ سن کر دِل بہُت مَسْرور ہوا کہ آج کے اس دور میں بذریعہ کیبل **مَدَنی چینل** کام کر رہا ہے۔ **اللہ** تبارک وتعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو دن رات دینِ متین کی خدمت کرنے اور تمام مسلمان بھائیوں کو اسے دیکھ کر اپنی اِصلاح کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{903} حضرت مولانا پیر منظور احمد سہروردی قادری سلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مسجد قادریہ فریدیہ، پاکپتن، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کا قیام ایک عُمدہ قدم ہے اس کو دیکھنے سے اِیمان تازہ اور مضبوط ہوجاتا ہے۔ اِنسان کے اندر خوفِ خداعَزَّوَجَلَّ پیدا ہوتا ہے اور اِسلامی احکامات و تعلیمات سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ ہماری نئی نسل جو کہ الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے فحش پروگرام دیکھ کر گمراہ ہو رہی تھی اور اِسلامی اَحکامات کو پسِ پشت ڈال رہی تھی اور اس سے ناآشنا ہوتی جارہی تھی۔ ایسے میں **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا اور اسے دیکھنے سے ہماری نئی نسل کے دِل میں خوفِ خداعَزَّوَجَلَّ بڑھتا جارہا ہے اور اس میں ایک مدنی سوچ پیدا ہوتی جارہی ہے۔

میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آنے والی آزمائش کی گھڑیوں میں اس کی حفاظت فرمائے اور اس کے ذریعے دینِ اِسلام پھیلانے میں مدد فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{904} حضرت مولانا حافظ محمد منشاء قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب مسجد مہاجرین، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کی کاوِش کا نتیجہ ہے اس لئے یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری

دامت برکاتھم العالیہ کا اہلسنّت پر بہُت بڑا اِحسان ہے۔

اَخلاق کیسا ہونا چاہیے یہ سکھایا ہے **مَدَنی چینل** نے

وُضُو نماز غسل حج غرض تمام فرائض عُلُوم کا سبق سِکھایا ہے **مَدَنی چینل** نے

کل تک جو پھرتے تھے بدعقیدگی میں، عقیدہ ان کو سکھایا ہے **مَدَنی چینل** نے

بگڑے ہوئے نوجوانوں کو سنوارا ہے بے شک **مَدَنی چینل** نے

ہمیں غوث ورضا سے پیار کا رشتہ بتایا ہے **مَدَنی چینل** نے

پھر کیوں نہ مَیں قربان جاؤں دعوتِ اسلامی اور **مَدَنی چینل** کے

کیونکہ ہمیں سیدھا راستہ زندگی گزارنے کا بتایا ہے **مَدَنی چینل** نے

میری یہ دُعا ہے کہ **اللہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت مولانا الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی، دعوتِ اسلامی اور **مَدَنی چینل** اور تمام سبز عمامے والوں کو شاد و آباد رکھے، دشمنوں کے شر سے بچائے اور ان کا سایہ اہلسنّت پر تا دیر قائم و دائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{905} حضرت مولانا پیر سیّد شبیر حیدر شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، کوٹ اسلام پورہ، قصور سٹی، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھا، دِین کی خوشبو، سُنَّتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور اَحکاماتِ اِسلام نظر آئے۔ غسل کا طریقہ عوام کو بتایا گیا اور اَرکانِ اسلام لوگوں کو بتائے گئے۔ دِین سے دُوری کی وجہ سے کئی بڑی عمر کے لوگ بھی اَحکامِ اِسلام سے اس قدر بے خبر تھے کہ ان کو میت کے غسل کا طریقہ معلوم نہیں تھا، لیکن اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ

مَدَنی چینل پر یہ پریکٹیکل دیکھ کر جنہیں غسلِ میت کا طریقہ معلوم نہیں تھا انہیں بھی سمجھ میں آ گیا۔

مَدَنی چینل کے ذریعے اَرکانِ اِسلام اور محبت رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا یہ اندازِ تبلیغ بہُت ہی اچھا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ ہر مسلمان کو دِین کی سمجھ عطا فرمائے، دِین سیکھنے سکھانے کی ہمت عطا فرمائے اور سرکار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی محبت کی خُوشبو، سُنّتِ رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی خوشبو دُنیا بھر میں چھا جائے، **اللہ** تعالیٰ ہم سب کو عشقِ رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم عطا فرمائے، **اللہ** تعالیٰ اپنے حبیب کے صدقے اس **مَدَنی چینل** کو آباد رکھے، سرکار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی محبت کی خُوشبو آتی رہے اور **اللہ** تعالیٰ آپ کی اور ہماری دُنیا و آخرت بہتر فرمائے، آمین۔

اللہ تعالیٰ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو سلامت رکھے اور ان کی حفاظت فرمائے۔ دِینِ مصطفےٰ اور سُنّتِ رسُول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا جو انہوں نے باغ لگایا ہے۔ **اللہ** تعالیٰ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے اس باغ کو قیامت تک آباد رکھے، اس باغ سے سرکار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی سُنّت کی خوشبو مہکتی رہے، اور **اللہ** تعالیٰ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے ان کو اس باغ کی رکھوالی کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عزّ وجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علی مُحمَّد

{906} حضرت مولانا صاحبزادہ لیاقت علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد مینار والی اہلسنّت بریلوی، بیرون کوٹ، حلیم خان، قصور سٹی، پنجاب، پاکستان)

عالَمِ اِسلام کی عظیم دِینی و اِصلاحی تنظیم دعوتِ اِسلامی جو کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ شب و روز محنت اور لگن سے ترویجِ اِسلام کیلئے کوشاں ہے۔ دعوتِ اسلامی نے محبت مصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے عظیم زیور کو پہن

کر قُلُوب واَذہان کو اس سے منوّر کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ نیکی کی دعوت کو مزید پھیلانے اور ہر گھر میں پہنچانے کیلئے دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز بھی کیا ہے جو کہ اس تنظیم کا خوش آئند فیصلہ ہے۔

اِسلامی صحافت کا ایک اور باب کھلا ہے جو کہ ہر گھر سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ میڈیا کی پھیلائی ہوئی غلط کاریوں کو نکال پھینکے گا۔اس چینل کے ذریعے **دعوتِ اسلامی** کو مزید عُروج وارتقاء حاصل ہوگا اور ساتھ ساتھ لوگوں کے قُلُوب واَذہان میں رسولَ اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور تمام سلف صالحین کی محبت کی شمع فروزاں ہوگی۔دُعا گو ہوں کہ **اللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** سے منسلک تمام احباب کی اس سعیٔ عظیمہ کو قبول فرمائے اور **مَدَنی چینل** کے توسُّط سے ہر گھر سے میڈیا کی پھیلائی ہوئی بُرائیوں کو دُور فرمائے،آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{907} حضرت مولانا محمد ممتاز قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد چشتیہ صابریہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ نبیٔ رحمت صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے **صدقے** سے عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی کو اس پُرفِتَن دور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے کلمۂ حق کو بلند اور عام کرنے کا موقع نصیب ہوا۔یہ حُضُور غوثِ اعظم رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ کی نظرِ عنایت ہے کہ یہ عظیم کام **دعوتِ اسلامی** کے حصہ میں آیا۔دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** دیکھ کر عُشّاق کے دِل کی دُنیا آباد ہو جاتی ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{908} حضرت مولانا محمد اکرم قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد نور، ضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ جب سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے لوگ بڑے ذوق وشوق سے اس کو دیکھتے ہیں اور گناہوں سے بچتے اور نیکیوں کی طرف مائل ہوتے ہیں اور مردوں کے علاوہ گھر کی مستورات بھی بڑے اِنہماک کے ساتھ سنّتیں اور عمل کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور ضلع پاکپتن کے لوگ اکٹھے بیٹھ کر **مَدَنی چینل** دیکھتے ہیں اور امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور دعوتِ اسلامی والوں سے محبت وعقیدت کا اِظہار کرتے ہیں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے بدعقیدہ لوگ مغلوب ہوں گے اور اہلِ حق غالب آئیں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** اور **مَدَنی چینل** والوں کا سایہ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{909} حضرت مولانا محمد صدیق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد گلزار مدینہ، ضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ جب سے ٹی وی پر **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے، ہمارے معاشرے میں لوگوں کا گناہوں سے بچنے اور نماز پڑھنے کا ذِہن بنا ہے۔ اور فیضانِ انبیاء اور فیضانِ اولیاء کے سلسلوں کا کیا کہنا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ لوگوں کے ذِہن میں یہ بات راسخ ہو رہی ہے کہ جو دِین کا جذبہ صحابہ کرام علیھم الرضوان اور مشائخ عظام رحمھم اللّٰہ السلام میں تھا اس کی جھلک دعوتِ اسلامی کے مَدَنی عُلَماء اور مُبلِّغین اور خاص طور پر امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی ذات میں نظر آتی ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** اور دعوتِ اسلامی کو دن گیارھویں رات بارھویں ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{910 }حضرت مولانا حافظ محمد عمران مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ محمدیہ غوثیہ، قصور، پنجاب، پاکستان)

آج کے اس پُرفِتَن دور میں اندھیر نگری، شیطانی وسوسوں اور حملوں کی یلغار ہے۔ یہ شیطانی قوتیں مسلمانوں کی اَخلاقی، سماجی، اِقتصادی اور معاشرتی زندگی کو تباہ کرنے کی کوششوں میں برسرِ پیکار ہیں۔ ایسے بے ہودہ اور فحش لٹریچر، ڈش انٹینا اور کیبل کے ذریعے مسلمانوں کو دِینی اور دُنیاوی لحاظ سے اندھیرے گڑھے میں دھکیلا جا رہا ہے۔ گھروں کے گھر تباہ و برباد ہو رہے ہیں۔ اِنہی حالات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ہمیں امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتھم العالیہ کے ساتھ اپنا دامنِ حقیقی وابستہ کرنا چاہیے نیز ان کے رُفقاء نے **مَدَنی چینل** کا اِنتظام کیا ہے تا کہ لوگ گھروں کے اندر اس **مَدَنی چینل** کی اِسلامی تعلیمات سے بہرہ ور ہوسکیں، اور اپنی ماؤں، بہنوں، بیٹوں اور بیٹیوں کی اِسلامی طور طریقوں کے مطابق تربیت اور پرورش کرسکیں تا کہ اُخروی زندگی ہماری اچھی بن جائے اور **اللّٰہ** تعالٰی **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ اور ان کی پوری ٹیم کو اَجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{911 }حضرت مولانا قاری غلام شبیر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد مدینہ، رینالہ خورد، اوکاڑہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ بندہ نے **مَدَنی چینل** ماہِ رمضان المبارک کے بعد دیکھا، جسے دیکھ کر دِل باغ

و بہار ہو گیا اور یقین کامِل ہوا کہ اب اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے **رسول** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے دِین کا کام اَحسَن طریقے سے ہو سکے گا، کیونکہ آج کل جو کیبل نیٹ ورک پر فحاشی چل رہی ہے، اس کی روک تھام کے لیے **مَدَنی چینل** اِسلام کا درد رکھنے والوں کیلئے ایک سنگِ میل ثابت ہوگا۔ حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت بر کاتہم العالیہ نے جو دینِ متین کیلئے اِتنا بڑا کام شروع فرمایا ہے کہ مسلمان ان کی اس سعیٔ جمیلہ کا قرض نہیں اُتار سکتے کیونکہ زبانی کلامی باتیں کرنا اور ہے، عملی کام کرنا اور ہے، اور ملّت اِسلامیہ کے لیے **مَدَنی چینل** اندھیری رات میں ایک روشن چراغ ہے، اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی روشنی مَدَنی حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے دُنیا میں لوگوں کیلئے نافع ہے اور ان کے دِل روشن کرنے کیلئے کفایت کرے گی۔

اُمیدِ واثق ہے کہ اس کو جلد دوبارہ شروع کرنے کی کوشش فرمائی جائے گی۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سب مسلمانوں کو اس سے مُستَفِیض فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللہُ تعالیٰ علیٰ مُحَمَّد

{912} حضرت مولانا حافظ محمد ظفر قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نور، محلّہ چاہ دوہٹہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز دِینِ اِسلام کو بحُسنِ خوبی عام کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ **مَدَنی چینل** پر دکھائے جانے والے مختلف سَلاسِل عقائدِ اہلسنّت کی پختگی کا اِنتہائی اچھا طریقہ ہے۔ **مَدَنی چینل** دیکھ کر بے قرار دِل چین پا رہے ہیں، گھروں میں مذہبی ماحول قائم ہو رہے ہیں، بے نمازی نمازی بن رہے ہیں اور بے عمل باعمل بن رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** ہمارے لیے **اللہ** تعالیٰ کی بہُت بڑی نعمت ہے۔ **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** اور بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری زید مجدہٗ کو بے

حدو بے حساب بَرَکتوں سے مالا مال فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{913} حضرت مولانا شبیر احمد نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد نثار مدینہ، اسلام کالونی، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دیکھا تو دِل جھوم اُٹھا۔ اس گئے گزرے دور میں جب کہ کہا گیا کہ ''مسلمان در گور و مسلمانی در کتاب'' یہ یادگارِ سلف صالحین اور سُنَنِ نبویہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عملی نمونہ ہے۔ **مَدَنی چینل** نہ صرف عالمِ اسلام بلکہ عالمِ کفار پر اسلام کی حقیقت اور حقانیت کو واضح بھی کر رہا ہے اور دکھا بھی رہا ہے۔ بس اِتنا کہوں گا کہ **مَدَنی چینل** اپنی مثال آپ ہے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{914} حضرت مولانا قاری بشیر احمد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد انوارِ الٰہی، ڈوگر کالونی، ضلع پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا، جس کے دیکھنے سے بے شمار مدنی پھول حاصل ہوئے۔ میڈیا کے ذریعے جس طرح بے حیائی اور بد مذہبی پھیلائی جا رہی ہے۔ اِس **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے مجھے یقین ہے کہ اُس میں بھی کمی آئے گی اور ساتھ ساتھ مسلکِ اہلسنّت و جماعت کی حقیقی رُوح سے بھی خلقِ خدا کو آشنائی حاصل ہوگی۔

میری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ اِس **مَدَنی چینل** کو مزید بَرَکتیں اور سعادتیں عطا فرمائے بلکہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کرے سارے چینل ہی **مَدَنی چینل** بن جائیں اور **اللّٰہ** تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{915} حضرت مولانا محمد اسلم ساقی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، ڈوگراں والی، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی مدنی تحریک **دعوتِ اسلامی** ایک ایسی تحریک ہے کہ جن کے بانی شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ جو اپنی زندگی کے شب و روز دینِ اسلام کی خدمت میں صرف کر رہے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس پُرفِتَن دور میں امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے خُصُوصاً نوجوانوں کی زندگی میں مَدَنی اِنقلاب برپا کر دیا ہے اور انہیں قرآن وسُنَّت کے راستے پر چلا دیا ہے۔ آپ کے بیانات سننے کی مجھے بھی سعادت حاصل ہوئی ہے، یقیناً آپ کے منہ سے نکلی ہوئی ہر بات دِلوں کو دِین کی طرف پھیر دیتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کی خُصُوصی نگاہِ کرم سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوگیا، جس سے نہ صرف دِین کا کام ہو رہا ہے بلکہ آپ کا **مَدَنی مَقصد** پورا ہو رہا ہے۔ جس سے ان گنت غیر مسلم بھی جوق در جوق اِسلام کے دائرہ میں داخل ہو رہے ہیں اور آپ کے فیضانِ نظر سے مُستَفِید ہو رہے ہیں اور جب بھی آپ کے بیانات سننے یا دیکھنے کی سعادت حاصل ہوتی ہے تو وہی خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ اور عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم جو حضرت بابا فریدالدِّین گنج شکر، حضرت والی ہند حضرت خواجہ غریب نواز مُعین الدِّین اجمیری اور پیرانِ پیر، محبوبِ سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہم اللّٰہ تعالٰی اور دوسرے بُزُرگوں کی

تحریروں اور زندگیوں سے ملتا ہے۔

آپ زیدمجدہٗ کے بیانات کی V.C.D دیکھنے سے بھی معلوم ہوا کہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ہر ہر سُنَّت کو دِیوانہ وار اپناتے ہیں۔ اسی وجہ سے دعوتِ اسلامی پوری دُنیا میں دن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی کی منازل پر گامزن ہے، اور **مَدَنی چینل** مسلمانوں کے عقائد و اَعمال اور دین و دُنیا کی بہتری کا سبب بن چکا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے آغاز نے آئندہ آنے والی نسلوں پر ایک بہُت بڑا اِحسان کر دیا ہے اور آج کے پُرفِتَن دور میں دوسرے چینل بے حیائی کا سامان بنے ہوئے ہیں اور آپ دامت برکاتہم العالیہ کی نظرِ کرم سے **مَدَنی چینل** نے ان کا سدِّ باب کیا ہے، بلکہ اسلام کے عَلَم کو بلند کیا ہے۔

ہماری دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تادیر دعوتِ اسلامی پر قائم رکھے، دعوتِ اسلامی کے تمام مدنی کاموں میں مزید ترقی عطا فرمائے، ہماری آنے والی نسلوں کو پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں کو اپنانے اور **مَدَنی چینل** کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{916} حضرت مولانا سیِّد محمد شمس الحق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ ریاض العلوم محمد کریم سلطانی، پیپلز کالونی، سردار آباد (فیصل آباد)، پنجاب، پاکستان)

آپ دامت برکاتہم العالیہ نے جو انقلابی قدم اُٹھایا ہے، قابلِ ستائش ہے۔ میری رائے کے مطابق نیکی میں تاخیر نہیں کی جاتی، اس لئے اس عظیم کاوِش کو خُلُوصِ نیت سے آگے بڑھائیں اور عند اللہ ماجور ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{917} حضرت مولانا ولی محمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزار مدینہ، ضلع ٹھٹھہ شریف، پنجاب، پاکستان)

فقیر کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی کہ تبلیغ قرآن وسُنَّت کی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے الیکٹرانک میڈیا کو اپنے اِستعمال میں لاکراس پر دِین بالخصوص سرکارِ مدینہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنَّتوں کی ترویج واِشاعت کا جو کام شروع کیا ہے یہ قابلِ تقلید ولائقِ تحسین ہے، اِس کی اہلسنّت و جماعت کو بڑی ضرورت تھی۔ اَحکام وفضائل وغیرہ جدید موضوعات پرعوام الناس کوآ گاہی فراہم کرکے اس عظیم منصوبہ کو دُنیا کے گوشہ گوشہ میں عام کیا جائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{918} حضرت مولانا علی احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ کریمیہ، نیمرغ رہو، بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل کے بارے میں سُن کر بہُت خوشی ہوئی۔ہم دُعا گو ہیں کہ **اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ اس چینل کومزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پررَحمت ہواوران کےصدقے ہماری بےحساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{919} حضرت مولانا محمد رمضان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزار مدینہ، پاکپتن شریف، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت کی معروف تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے نشریات کا آغاز کرکے بہُت ہی اچھا کام کیا ہے۔دورِ حاضر میں جبکہ فحاشی اورعُریانی عُروج پر ہے اور

مسلمانوں کو سیدھے راستے سے ہٹانے کے لے بڑے بڑے ہتھکنڈے اِستعمال کیئے جارہے ہیں، تو اس دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز ایک بَہُت ہی اچھا کام ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{920 }حضرت مولانا حافظ مفتی محمد رمضان جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ شوکت الاسلام، جامع مسجد پیپل والی، ایوب روڈ، خانیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ راقم کو **مَدَنی چینل** جس وقت دیکھنے کا اِتّفاق ہوا، اس وقت دعوتِ اسلامی کی **''جیل خانہ جات میں خدمات''** کا ذکرِ فرحت اثر جاری تھا، یہ سُن کر اِنتہائی مَسرَّت ہوئی کہ ہماری پیاری اور محبوب تنظیم دعوتِ اسلامی نے بَہُت سارے قیدیوں کو جیل کے اندر ہی **درسِ نظامی** (عالم کورس) کی نعمت پانے کا موقع فراہم کیا ہے اور کئی قیدی اس نعمت عظمٰی سے بہرہ مند ہو بھی چکے ہیں۔

مولائے کریم عَزَّوَجَلَّ **امیرِ اہلسنّت** بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ محمد الیاس عطّار قادری رضوی زیدمجدہٗ کو بہترین جزا سے نوازے، جنہوں نے ہر اُس جگہ بھی ہدایت کے پھولوں کا باغ کھلایا، جہاں ہر طرف معاشرے کے ناسوروں نے بُرائیوں کے کانٹے بچھا رکھے ہیں۔ قربان جائیں امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے پر کہ ایک مجرم اس سے پہلے کہ وہ جیل سے واپس آ کر دوبارہ معاشرے کی فضا کو مُکدَّر کردے، حالتِ قید ہی میں سُنَّتِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی تصویر اور زُلفِ محبوب صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا اسیر بنا کر ایسا رنگ چڑھا دیا جاتا ہے کہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب وہ واپس جا کر دنیا اور عزیز واقارب کیلئے سچے تائب کا بہترین نمونہ بن جاتا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{921} حضرت مولانا محمد حنیف ناصر القادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(صدر علماء اتحاد کونسل، رینالہ خورد، وخطیب جیبک آباد، ضلع قصور، پنجاب، پاکستان)

غلاظتوں کو صاف کرنے کے لیے بارانِ رحمت کی طرح **مَدَنی چینل** برس رہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے ہمیشہ دائم وقائم رکھےِ اور دین کی خدمت کی مزید توفیق عطا فرمائے۔ **اللہ** ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کو عمر خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{922} خلیفہ آستانہ عالیہ بریلی شریف مولانا ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(شیخ الحدیث ومہتمم جامعہ جلالیہ رضویہ مظہر الاسلام، داروغہ والا، مرکز الاولیاء لاہور)

اِسلامی تعلیمات کے لئے یہ طریقۂ تبلیغ اِختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اِس سلسلہ میں پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا اَہم کردار ادا کر رہا ہے۔ چُنانچہ اِسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے **مَدَنی چینل** میدانِ عمل میں اُترا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے مقاصدِ حسنہ میں کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{923} خلیفہ وتلمیذ خلیفہ مفتی اعظم ہند مفتی محمد حسین قادری سکھروی علیہ رحمۃ اللہ الغنی حضرت مولانا شمیم الحسن قادری رضوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(سابق خطیب مرکزی جامع مسجد سوئی، بلوچستان، حال مقیم رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وہ گھڑی کتنی مُبارک ومَسعود وارْجمند تھی، جب **دعوتِ اسلامی** کا قیام عمل میں آیا، جس نے اٹھائیس سال کے قلیل عرصہ میں ایک عظیم الشّان اِنقلاب برپا کر دیا، سوئی ہوئی سُنّی قوم کو بیدار و متحرک کر دیا، تقریباً **36** شعبہ جات میں دعوتِ اسلامی کے کارہائے نمایاں اور **66** ممالک میں اِس کی وُسعت اور ہمہ گیری نے نہ صرف دُنیائے سُنّیت سے خراجِ تحسین حاصل کی، بلکہ اپنوں اور بیگانوں کو محوِ حیرت بنا دیا۔

ہوا ہے گو تندو تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ دَرویش جس کو حق نے دیئے ہیں اندازِ خُسروانہ

میرا حُسنِ ظن اور حُسنِ اعتقاد تو امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے بارے میں یہ ہے کہ ''**ھُوَ مُعْجِزَۃٌ مِنْ مُعْجِزَاتِ سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن** صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وَسلَّم'' مولائے کائنات عَزَّوَجَلَّ اُن کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے اور دُنیائے سُنِّیَت کو اُن کے فُیُوض وبَرَکات سے مالامال فرمائے، حاسدوں کے حسد اور شریروں کے شر سے انہیں، اُن کے رُفقائے کار اور دعوتِ اسلامی کو بچائے رکھے، آمین۔

مَدَنی چینل کا اِجرا دَورِ حاضر کا اِنتہائی اَہم ترین تقاضا تھا، جسے امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے اپنی مساعیٔ جمیلہ اور مرکزی مجلس شوریٰ کے تعاون سے پورا فرما دیا ہے۔ آج جبکہ شیطانی اور طاغوتی طاقتوں نے میڈیا کے ذریعے پوری دُنیا پر اپنا جال پھیلا دیا ہے، اِسے پوری طرح فحاشی وعُریانی، بدمذہبی ولادینیّت اور اَفکارِ فاسدہ کی اِشاعت کا ذریعہ وسبب بنا دیا ہے، ایسے میں **مَدَنی چینل** کا اِجراء قابلِ صد مبارکباد عمل ہے۔

ستیزہ کار رہا ہے اَزل سے تاامروز
چراغِ مُصطفوی سے شرارِ بُولہبی

مَدَنی چینل ظلمتوں اور گھٹاٹوپ تاریکیوں کے مقابلہ میں نُور کی ایک روشن کِرن ہے، اس کی جتنی تحسین کی جائے کم ہے۔

نورِ خُدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن

پھونکوں سے یہ چراغ بُجھایا نہ جائے گا
اگرچہ بُت ہیں جماعت کی آستینوں میں
ہمیں ہے حکمِ اذاں لَا اِلٰـــہَ اِلَّا الـلّٰــہ

مولیٰ عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے پیارے حبیبِ کریم رءوف رحیم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے کرمِ عمیم سے اُمیدِ واثق ہے کہ **مَدَنی چینل** ضَلالت وجہالت کے مقابلہ میں دینِ اِسلام کی تبلیغ ،شرعی تعلیمات کی اشاعت اور نیکیوں کے پھیلاؤ کا اَہم ذریعہ ثابت ہوگا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{924} شہزادۂ تلمیذ محدثِ اعظم پاکستان اُستاذ العلماء مفتی خان محمد رحمانی علیہ رحمۃ اللّٰہ الغنی **حضرت مولانا صاحبزادہ افتخار احمد عباسی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی (رئیس الجامعۃ سردار العلوم غوثیہ رضویہ، باندی، نواب شاہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

فقیر کو چند مرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے، زیادہ وقت اس چینل کو نہیں دیکھ سکا ہوں ، البتہ کسی چیز کو پَرکھنے کے لئے چند لمحوں کی رَفاقت کافی ہوتی ہے،اس لئے فقیر کی بھی یہی رائے ہے جو ہر عاشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی رائے ہے،یعنی یہ وہ چینل ہے جو ہر بُرائی سے طاہر (پاک) بھی ہے مُطَہّر (پاک کرنے والا) بھی۔ میرے خیال میں اگر کوئی شخص اس چینل کو روزانہ چند گھنٹے پُرسکون ہوکر دیکھ لے تو وہ اس سے کم ازکم اِتنے فوائد ضرور حاصل کرسکتا ہے کہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور دیگر اُمورِ اسلامی صحیح اور شریعت کے مطابق ادا کرسکے گا،اور یہ کام اگر وہ شخص کسی مدرسہ میں جا کر سیکھے تو اُسے ایک سے دو سال لگ سکتے ہیں۔ **امیرِ دعوتِ اسلامی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے جتنے بیانات آتے ہیں وہ ہمارے اور سب دیکھنے والوں کے دِلوں کو ہلا دینے والے ہیں اور اِسی چیز کی آج ضرورت ہے کہ بات ایسی کی جائے جو دِل میں اُتر جائے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک مردِ مجاہد نے چند حضرات کی رَفاقت میں ایک تحریک کی بنیاد عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر رکھی اور آج وہ ایک تناوَر درخت بن کر پوری دُنیا میں پھیل چکی ہے،اور

اس کی شاخیں 66 ممالک میں پہُنچ گئی ہیں، مگر میں تو کہتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے اب **دعوتِ اسلامی**، فیضانِ اعلیٰ حضرت اور فیضانِ عطّار اِتنے ممالک میں پہُنچ چکا ہے، جس کا اندازہ شاید دعوتِ اسلامی کو بھی نہیں ہوگا۔

میری دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو اور اس کے تمام معاونین اور کام کرنے والوں کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور اللہ کریم عَزَّوَجَلَّ امیرِ دعوتِ اسلامی، شیخِ طریقت حضرت علامہ مولانا الحاج محمد الیاس قادری زَادَاللّٰہ تَعَالٰی شَرَفًاوَفَضلًا کو عُمرِ خضر عطا فرما کر اُن کا سایہ تا دیر ہم پر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{925} شہزادۂ خلیفہ حجۃ الاسلام حضرت صاحبزادہ سیّد نورالحسن جیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(غوثیہ چوک، امریکن کوارٹر، حیدرآباد، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

فقیر کا تَعلُّق ہمیشہ اُس طبقہ سے رہا ہے کہ جو اِس بات کا قائل ہے کہ ٹی وی نہیں بلکہ ٹی وی کا اِستعمال غَلَط ہے، لہٰذا اس آلہ کو بُرا نہ کہا جائے کیونکہ چیزیں غَلَط نہیں ہوتیں بلکہ چیزوں کا اِستعمال صحیح اور غَلَط ہوتا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ آج اِسی ٹی وی کی بدولت کئی اِسلامک چینلز میں **مَدَنی چینل** بھی خُوب تبلیغِ دین اور حُبِّ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی شمعِ قُلُوب میں فروزاں کرنے کا ذریعہ بنا ہوا ہے۔ اللہ تبارک وتعالٰی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور آپ کے رُفقاء کے علم وعمل اور عمر میں بَرَکت عطا فرمائے اور اِصلاحِ دین کی میٹھی میٹھی نشستیں سجانے والے اس **مَدَنی چینل** کو خوب ترقی وکامرانی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{926} حضرت مولانا پیر غلام محی الدین شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ فیض المدارس، رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان)

آج کے اِس پُر فِتَن الیکٹرانک میڈیا کے دَور میں جہاں فحاشی وعُریانی کا بازار گرم ہے، وہاں عقائدِ باطِلہ کا پَرچار بھی اس اَہم ترین ذریعۂ ابلاغ کی وجہ سے کسی سے ڈھکا چُھپا نہیں ہے۔ چُنانچہ مسلکِ حق اہلسنّت کی طرف سے اپنے مسلک کے دِفاع اور عوام النّاس تک شرعی مسائل اور اِصلاحِ اَعمال کے حوالے سے ایک اِسلامی چینل کا آغاز ناگُزیر تھا۔ یہ سعادت **دعوتِ اسلامی** کے حصہ میں آئی جو اس کے لیے طُرۂ اِمتیاز ہے۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طُفیل اس تحریک کو مزید ترقی اور اِستحکام نصیب فرمائے اور تمام سُنّی بھائیوں کو اس تحریک کا معین ومددگار بنائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{927} حضرت مولانا عبدالحی جتوئی نعیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ستقبائی، شہر جاتی، ضلع ٹھٹھہ شریف، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی جانب سے رِسالہ ''فیضانِ زکوٰۃ'' ملا، بَہُت خوشی ہوئی۔ یہ دعوتِ اسلامی کی دِینی خدمات کی مقبولیت ہے جو روز بروز بڑھتی چلی جارہی ہے۔ اور پھر مزید اب **مَدَنی چینل** نے بھی دُھوم مچادی ہے، ہمارے یہاں **مَدَنی چینل** کو بَہُت مقبولیت حاصل ہوئی ہے، عوام وخواص نے بھی تعریفی کلمات فرمائے ہیں، یہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت کی عظیم خدمت کا ذریعہ بنے گا۔ اور ہم حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اور مرکزی مجلس شوریٰ دعوتِ اسلامی کے مشکور ہیں جو انتھک

کوشش کر کے آقائے نامدار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دینِ متین اور عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لئے جِدّ وجُہد فرمارہے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{928} حضرت مولانا پیر سید عبدالجبار شاہ چشتی سوہاوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ سوہاوہ شریف، ناظم جامعہ غوثیہ فیض القرآن، ڈھلی، باغ، کشمیر)

دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کے حوالے سے کچھ کہنے سے قبل دعوتِ اسلامی کا ہر پہلو قابلِ تعریف ہے۔ بالخصوص **مَدَنی چینل** حضرت صاحب کی طرف سے ہر کلمہ گو کے لئے ایک بڑا تحفہ ہے اور بالخصوص ایسے دور میں جب ہر طرف نفسانفسی کا عالَم ہے، لوگوں کے پاس علمِ دِین حاصل کرنے کیلئے وقت نہیں ہے، میڈیا کے اِس دور میں اِس کی اَہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے اور یہ وقت کی ضرورت تھی، **مَدَنی چینل** سے بے شمار بچے، بوڑھے اور جوان اپنے گھروں میں رہ کر اسلامی تعلیمات سے آگاہی حاصل کررہے ہیں۔ ایسے وقت میں جب اِسلام دُشمن قُوَّتیں ہر طرف سے اِسلام کے خلاف پروپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں، جس میں وہ میڈیا کا سہارا لے کر اپنے نظریات، اپنی ثقافت کو پھیلانے کی کوشش کرتی ہیں، اُن کی رُکاوٹ کے لئے **مَدَنی چینل** بھرپور کردار ادا کرے گا۔ دعوتِ اسلامی کی تمام کاوشیں اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی رضا کے لئے ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ لاکھوں کی تعداد میں بے نماز، نمازی بن رہے ہیں، سُنّت کے تارِک نہ صرف سُنّتیں اپنا رہے ہیں بلکہ دوسروں کو تبلیغ کرتے ہوئے نظر آرہے ہیں، سینماؤں کا رُخ کرنے والے مسجدوں کو آباد کرنے لگے ہیں، گلوکار گانے کی بجائے سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعت خواں بن رہے ہیں، دوسروں کو دُکھ دینے والے لوگوں کا سہارا بن رہے ہیں۔ جو بھی دعوتِ اسلامی سے وابستہ ہوا اُس نے اِس ماحول کو قبول کرکے اپنے اُوپر نافذ

کرلیا، دیکھتے ہی دیکھتے اُس کی زندگی میں اِنقلاب آ گیا۔

میری ہر کلمہ گو سے گزارِش ہے کہ مَسلکی تَعَصُّب کو چھوڑ کر اِس تحریک کے ساتھ وابستگی اِختیار کریں، اللہ کریم جلّ جلالہٗ دونوں جہاں میں سعادتیں عطا فرمائے گا۔ میری دُعا ہے کہ اللہ کریم، حُضُور پاک صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے طفیل اس تحریک کو ہر میدان میں کامیابی عطا فرمائے اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا سایہ تا دیر عوامِ اہلسنّت پر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{929} حضرت مولانا صاحبزادہ محمد منور حسین مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ فکرِ اسلامی، خطیب جامع مسجد غوثیہ رضویہ، بہاری کالونی، گجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے حُضُور پُرنُور احمد مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے سے اہلسنّت و جماعت میں جو تبلیغی، اِصلاحی، تربیتی اور تنظیمی خلا تھا، اس کو پورا کرنے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کی شکل میں ایک منظّم، متحرک اور عظیم تحریک عطا فرمائی، جس کے علماء و مشائخ کے سُنّتوں بھرے بیانات سے اہلسنّت کے دِل پُرنُور اور چہرے سُنَّتِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم سے مُزَیّن ہو رہے ہیں، اور اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تا قیامت ہوتے رہیں گے۔

اِس دور میں الیکٹرانک میڈیا نے فحاشی وعُریانی میں بہُت ترقی کی، مگر اس فحاشی وعُریانی کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک مکمل اِسلامی الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت تھی، جو فقط اہلسنّت کی تبلیغی، تربیتی اور تنظیمی کاموں سے اہلِ اسلام کو رُوشناس کرواتا۔ اس کمی کو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے پورا کردیا ہے۔ بے شک **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ اور امیرِ دعوتِ اسلامی مبارک باد کے مُستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم

کے صدقے سے **مَدَنی چینل** کو حاسدین کے حسد سے اور منافقین کی منافقت سے بچائے رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{930} حضرت مولانا قاری سعید احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ مہرویہ رضویہ، جلوال، تحصیل جنڈ، ضلع اٹک، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** مقبولِ عام وخاص ہوگیا ہے، عوام کو وُضو ونماز کا طریقہ پریکٹیکل کر کے بتایا جاتا ہے، اور عاشقانِ رسُول کو بھی خُوب نعتیں سُننے کا موقع مُیسّر ہوتا ہے اور اہلِ علم کے علم میں اِضافہ کا سبب بن رہا ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی اِس حسین کاوِش کو قبول فرمائے اور اُن کے طفیل اُمتِ مُصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم پر کرم فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{931} حضرت مولانا حافظ بشیر احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ مہرویہ رضویہ، جلوال، تحصیل جنڈ، ضلع اٹک، پنجاب، پاکستان)

ویسے تو بے شمار نُفُوسِ قُدسیہ صراطِ مستقیم دِکھانے کیلئے ہی اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائی ہیں لیکن موجودہ زمانہ میں اُن کو ہاتھوں کی انگلیوں پر احاطۂ شُمار میں لانا بعید نہیں۔ اللہ تعالیٰ اِن ہستیوں کا سایہ ہمارے سروں پر قائم و دائم رکھے، آمین۔

امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز فرما کر اُمتِ مُسلمہ پر احسانِ عظیم فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ مکرّم صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے صدقے اُنہیں بہتر سے بہتر صِلہ عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{932} حضرت مولانا حافظ محمد یونس دریائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ قادریہ رضویہ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کے آغاز پر آپ کو دِل کی اَتھاہ گہرائیوں سے مُبارکباد پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ اللہ تعالٰی ہم سب کا حامی و ناصر ہو، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{933} حضرت مولانا محمد بلال قادری نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس شعبہ درسِ نظامی و ناظمِ تعلیمات دارالعلوم امینیہ رضویہ محمد پورہ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

یہ واحد ٹی وی چینل ہے کہ جس کا لمحہ لمحہ اِسلام کی تعلیمات میں صَرف ہو رہا ہے، جبکہ بہُت سے ٹی وی چینل اِسلام کے نام پر لوگوں کو شہد میں زَہر ملا کر پیش کر رہے ہیں۔ اللہ تعالٰی **مَدَنی چینل** کو سدا اسلامت رکھے۔ **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ کو مزید اِستقامت و ترقی عطا فرمائے اور اس راستہ میں حائل تمام رُکاوٹوں کو دُور فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{934} مولانا حافظ ڈاکٹر غلام محی الدین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ ادارہ جامعہ نقشبندیہ رضویہ، چھونا والہ، حاصل پور، ضلع بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل آج کے دور کی ضرورت تھی، اس چینل کے ذریعے صحیح اِسلام کی ترویج واِشاعت، عقائدِ اہلسنّت، مسلکِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ اور تاریخِ اہلسنّت کی وضاحت بخُوبی ہو رہی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{935} حضرت مولانا حافظ محمد شفیع مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ محمدیہ مدینۃ العلم، اڈا نمبر ۲ تلمبہ، تحصیل میاں چنوں، ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

لوگوں کا **مَدَنی چینل** کے بارے میں بَہُت اچھا تأثُّر ہے، یہ اچھا کام ہے جس سے مَسلک کو تقویت پہُنچ رہی ہے اور مسلکِ اہلسنّت کی اِشاعت ہو رہی ہے، اس کے فائدے ہی فائدے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے وطفیل ذِمّہ داران کی عمر اور صحت میں بَرَکتیں عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{936} حضرت مولانا محمد ساجد خان کریمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(طیبہ قرآن اکیڈمی، سعادت کالونی، تحصیل ٹیکسلا، ضلع اٹک یا راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** اِس پُرفِتَن دور میں کسی نعمت سے کم نہیں، میڈیا کی پھیلائی ہوئی فحاشی وعُریانی اور دِینی گمراہی کے مقابلے میں ایک عظیم کاوِش ہے۔ اللہ ربُّ العزّت اس کوشش کو اپنے محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے قبول فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{937 }حضرت مولانا مفتی محمد رضاء المصطفٰے سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم مدرسہ جامعہ حنفیہ غوثیہ ضیاء العلوم، کچھی والا، بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن اُس مالک کا بے حد کرم ہے کہ جولوگ اس دور کے اندر بُرائی اور فحاشی و عُریانی پھیلا رہے تھے اور لوگوں کو بُرائی کی طرف لا رہے تھے۔ **مَدَنی چینل** نے اِس کی روک تھام کی، اَب ایک طرف بُرائی ہے اور دوسری طرف مولانا الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ کا **فیضان** ہے، ایک طرف مختلف چینلز لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں اور دوسری طرف **مَدَنی چینل** کی وجہ سے لوگوں کے دِلوں میں اِیمان کی روشنی بڑھ رہی ہے۔ ایک طرف چینلز کے ذریعے بے حیائی، بداَخلاقی اور فِسق وفُجور عام کیا جارہا ہے اور دوسری طرف **مَدَنی چینل** محبت رسُول صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم اور بھائی چارے کا دَرس دے رہا ہے۔ آج کے دور میں میڈیا کا بڑا کردار ہے۔ مَیں کیا کہوں کہ **مَدَنی چینل** کی بدولت لاکھوں اِنسانوں نے اپنی اِصلاح کی۔ ایک دن میرے دوست نے بتایا کہ آج ہم **مَدَنی چینل** دیکھنے گئے، جب ہم نے دیکھا تو اسلامی مسائل کے بارے میں بہُت کچھ سیکھا اور ہم اسے ہر روز دیکھتے ہیں اور مَیں کافی آدمیوں کو **مَدَنی چینل** دیکھنے کی دعوت دے رہا ہوں۔ ایک آدمی نے باقاعدگی سے دیکھنا شروع کیا تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی وجہ سے اُس آدمی نے داڑھی رکھ لی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{938 }حضرت مولانا نیک محمد شاہ بخاری حسینی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(درگاہِ عالیہ جھانپور شریف، تحصیل وضلع گھوٹکی، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

مَدَنی چینل کے ذریعے سے خاص طور پر نوجوان نسل تک دینِ اسلام کی جو معلومات پہنچ رہی ہیں، وہ قابلِ تعریف ہے، موجودہ دور میں جہاں بے حیائی اور غیر شرعی کاموں میں وقت گزر رہا تھا وہاں **مَدَنی چینل** نے کام کر دکھایا۔ خدا عَزَّوَجَلَّ ہم سب مسلمانوں کو مدنی سرکار صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے وسیلے سے صراطِ مستقیم پر چلائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{939} حضرت مولانا پروفیسر قاری محمد ظفر اقبال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ زینت الاسلام مسجد مہاجرین، میانوالی، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بین الاقوامی تین روزہ سنّتوں بھرے اِجتماع مَدِینَۃُ الاَولِیاء ملتان شریف کی کامیابی کے بعد **مَدَنی چینل** اہلسنّت کے لیے تازہ بہار ہے۔ **مَدَنی چینل** نے اہلسنّت کے گھر گھر، کوچہ کوچہ اور قریہ قریہ سُنّتوں کی دُھوم مچادی ہے، اِس وقت میڈیا کے بغیر کوئی کام آفاق نہیں بن سکتا۔ مَیں جناب کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ جنابِ عالی نے اہلسنّت کا وہ عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہے، جس پر ہم سب ہمیشہ ناز کرتے رہیں گے۔ میری دِلی دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مدنی پھولوں کو سدا مہکتا رکھے اور سُنّتوں کی بہاریں پوری دُنیا میں عام ہوں، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{940} حضرت مولانا قاری محمد طفیل انیس مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامعہ مسجد حمیدیہ مہریہ، سودگنگال نزد ساگری، ضلع راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا آغاز فرما کر عشقِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی صدا بلند کی اور عشق و محبت کو مسلمانوں کے گھروں بلکہ سینوں تک پہنچا دیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کا اِجراء طاغوتی طاقتوں کے سینوں میں خنجر کی حیثیت رکھتا ہے۔ اُمید ہے کہ باطِل کے اندھیرے چھَٹیں گے اور ہر طرف نُورِ اسلام کی بہار عام ہوجائے گی اور یہ مدنی رنگ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ سب رنگوں پر غالب آجائے گا۔ بانیٔ دعوتِ اسلامی اور دیگر اراکینِ دعوتِ اسلامی اس پر مبارکباد کے مُستحق ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کے علم و عمل اور عُمر میں بَرَکتیں نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{941} حضرت صاحبزادہ سید محمد عطاء الحق شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ چشتیہ احمد شاہیہ کچا تاندلہ شریف، تحصیل تاندلیانوالہ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

اِس دُنیا میں جب سے حضرتِ انسان نے قدم رکھا، خیر و شر میں کھینچا تانی ہوتی رہی، اگر فرعون آیا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُ نا موسیٰ علیہ السلام کو اپنی بُرہان بنا کر بھیج دیا، اگر نمرود نے دعویٔ خدائی کیا تو حضرتِ سیِّدُ نا ابراہیم علیہ السلام کی شکل میں خدا عَزَّوَجَلَّ نے بنی نوعِ آدم پر کرم کیا، اگر یزید نے اِسلام کی عظمت پہ داغ لگانے کی ناکام کوشش کی تو امامِ عالی مقام، امامِ عرش مقام، امامِ ہُمام، امامِ تِشنہ کام، حضرتِ سیِّدُ نا **امامِ حُسین** رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اس کی بے راہ رَوی اور بے حیائی کا راستہ روکا۔ اَب جبکہ میڈیا کا دور ہے اور اِس پُر فِتَن دور میں غیر ملکی چینلز اُمتِ مُسلِمہ کو اپنی لپیٹ میں لے کر گمراہ کر رہے ہیں، ضرورت اِس اَمر کی تھی کہ کوئی ایسا مردِ مجاہد ہوتا جو اس کا جواب دیتا، تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ اِنعام امیرِ اہلسنّت، نائبِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ، حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری مدظلہ العالی کے حصے میں کر دیا، یہ وہ مردِ مجاہد ہیں جو **مَدَنی چینل** کی اسکرین پہ آ کر بھی کتاب وسُنَّت سے رُوگردانی نہیں کرتے، بلکہ دیکھنے والے بھی اُن کو دیکھ کر اپنا قبلہ دُرُست کرتے ہیں۔

دُعا ہے کہ اللّٰہ تبارک وتعالیٰ اِن کے فُیُوض وبَرَکات میں ترقی عطا فرمائے اور ہمیں ان سے فیض یاب ہونے کی توفیق نصیب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{942} ڈاکٹر وحکیم غلام مصطفٰے ڈھا وامُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نئی آبادی، نزد ڈگری کالج، کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

اِس وقت عالمِ اِسلام دِینی ودُنیوی مسائل سے دو چار ہے، میڈیا مسلمانوں کو تباہی کے کنارے لے جا رہا تھا، عین اسی وقت اللّٰہ رَبُّ العزّت کا فضل ہوا، اور نبی مکرّم، نُورِ مجسَّم، تاجدارِ اَنبیاء، سرورِ کائنات صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا اور جو لوگ ٹی وی، ڈرامے اور فلمیں دیکھتے تھے اَب جب وہ **مَدَنی چینل** دیکھیں گے تو ڈراموں اور فلموں سے جان چھوٹ جائے گی، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ گھر گھر قرآن وسُنَّت کا دَرْس پہنچے گا۔

اللّٰہ رَبُّ العزّت امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا ابو بلال محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی عمر دراز فرمائے اور ہمیشہ صحت وایمان سے رکھے، اُن کا سایہ ہمارے سروں پر اور اُن کے رفقاء پر قائم ودائم رہے، جنہوں نے یہ عظیم کام سرانجام دیا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمارے علماء ومشائخِ عظام بھی دینِ متین کی خدمت کر رہے ہیں، اور اَہم کام سرانجام دے رہے ہیں، لیکن **مَدَنی چینل** کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو علماء ومشائخ کے نزدیک نہیں آتے، اَب جب وہ اپنے گھر میں بیٹھے دن میں چاہے تھوڑا سا وقت **مَدَنی چینل** دیکھیں گے تو اُن کی کایا پلٹ جائے گی، اور وہ لوگ جنہیں اپنے عقائد کا علم نہیں، اُنہیں اپنے عقائد کا پتہ چلے گا، اور سُنِّیت کا پتہ چلے گا کہ

سُنِّیت کیا ہے؟ اللہ ربُّ العزّت **مَدَنی چینل** کے منتظمین کو اپنی بارگاہ سے اَجرِ عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{943} حضرت مولانا محمد ظہور احمد سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ ہمدانیہ، محلّہ شاہ نور زمان، ہسپتال روڈ، تلہ گنگ، چکوال، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل دیکھنے سننے کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے وضاحت سے نہ لکھنے پر معذرت خواہ ہوں، ہاں اِتنا عرض ہے کہ ایک رات محلّہ پڑوس میں اِتفاقاً جانا ہوا تو اُن لوگوں نے کیبل پر فلمیں لگائی ہوئی تھیں، جب بندۂ ناچیز اجازت کے ساتھ داخل ہوا تو اُنہوں نے احترام کرتے ہوئے چینل تبدیل کر کے **مَدَنی چینل** لگا دیا، بندہ کو اُسی دِن سے چند منٹ کے لئے دیکھنے کا شرف بھی حاصل ہوا، اور اُن لوگوں کو یہ تأثُّر بھی ملا کہ دِینی و مذہبی لوگ فلموں، ڈراموں سے نفرت کرتے ہیں۔ لہٰذا چند منٹ کے لیے یہ چینل نصیب ہوا، اُمید ہے یہ چند لمحات جو فلمیں دیکھنے سے یہ لوگ بچ گئے تو اس کا اَجر بھی **مَدَنی چینل** کے اِجراء کرنے والے اسلامی بھائیوں کو ملا ہوگا۔ اللہ عَزَّوَجلَّ سے دُعا ہے کہ یہ سلسلہ تاقیامت جاری رہے اور مزید ترقی کرنے کی توفیق بخشے، آمین

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{944} حضرت مولانا عبدالجلیل قریشی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اشکوٹ، ضلع نیلم، کشمیر)

گلستانِ مدینہ یعنی دعوتِ اسلامی سدا بہار شجر ہے، جو سدا بہار ہونے کے ساتھ سدا پھل پھول دار بھی

ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ مزید بَرَکت عطا فرمائے۔ رہی بات **مَدَنی چینل** کی، راقم نے آج تک نہیں دیکھا اور نہ سہولت ہے۔ بہر حال **مَدَنی چینل** کے بارے میں جناب کے مراسلہ میں معلوم ہوا تو نہایت خوشی ہوئی، دُنیائے اِسلام میں **مَدَنی چینل** کی ضرورت تھی جو اَلحَمدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ پوری ہوئی۔ جس طرح **دعوتِ اسلامی** غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں منفرد مقام رکھتی ہے، اِسی طرح ہزار ہا درجہ منفرد مقام دیگر چینلز میں **مَدَنی چینل** کا ہے۔ اللہ کریم جلَّ جلالہٗ دُنیائے اسلام میں **مَدَنی چینل** کو سدا بہار بنا دے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{945} حضرت مولانا حافظ محمد برکت علی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ شمس العلوم نقشبندیہ، خاران، بلوچستان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا جاری ہونا، یہ ایک اِنقلابی قدم ہے، اہلسنّت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ پہلا چینل ہے، اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مَیں دعوتِ اسلامی کو اس زبردست پروگرام پر مُبارکباد پیش کرتا ہوں، دورِ حاضر میں ہر طرف فحاشی وعُریانی عُروج پر ہے، اس فتنہ اَنگیز دور میں **مَدَنی چینل** ایک عظیم نعمت سے کم نہیں ہے۔ نیز عوامِ اہلسنّت کے عقائد واعمال کی دُرُستی کے لئے بہترین ذریعہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{946} حضرت مولانا قیصر یعقوب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ شمس دار العلوم حنفیہ حسینیہ، ہمدانی بھنگالی شریف، گوجر خان، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

دِینی تربیت کا اِنسانی کردار کی تشکیل پر بڑا گہرا اَثر ہوتا ہے، اِسی دِینی تربیت کا اِہتمام دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کی صورت میں پیش کیا، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ دن دُور نہیں جب **مَدَنی چینل** کی وَساطت سے گلشنِ محمدی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی چہکتی مہکتی کلیاں اپنے علم کی روشنی سے چہار دانگِ عالَم کو مُنوّر کریں گی۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{947} حضرت مولانا محمد نعمان رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم غوثیہ انوار القرآن، پوڑمیانہ شریف، حسن ابدال، اٹک، پنجاب، پاکستان)

عصرِ حاضر میں جو اِنقلاب **مَدَنی چینل** نے بَرپا کیا، آج تک تمام کا تمام میڈیا مل کر نہ کر سکا، نوجوانانِ اہلسنّت کو سیدھی راہ، اپنے مَسلک کی صحیح پہچان، قرآن وسُنَّت سے عقیدت و محبت یہ سب کچھ **مَدَنی چینل** کا سچا فیضان ہے۔ دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دن گیارھویں رات بارھویں، شام ۲۵ ویں اور صبح ۲۶ ویں ترقی عطا فرمائے۔ اور ہم سب کو مسلکِ رضا، مسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کی پکی سچی تڑپ اور لگن عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{948} حضرت مولانا مختار احمد سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ صبغۃ القادریہ اسلامیہ، پیروسن میرواہ، ضلع خیر پور میرس، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

آج پوری دُنیا میں اِسلام کو جو کہ خالِص محبت اور سلامتی کا مَظہر ہے، دہشت گردی اور اِنتہا پسندی کے نام سے

مغربی تہذیب وتمدن کے مدِّ مقابل نیچا دِکھانے کی کوشش کی جارہی ہے، اس میں ہماری یہ کمزوری ہے کہ ہم بے دِین لوگوں کے ہاتھ میں اپنے عقائد وضوابِط کا عَلَم دے بیٹھے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے نظارے کے بعد مذکورہ بالا اِلزامات کے مُرتکِب گروہ بھی ہکّے بکّے رہ جائیں گے کہ اسلام اللہ عَزَّوَجَلَّ اوراس کے پیارے حبیب صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا وہ عنایت کردہ اِحسان ہے جو خالقِ کائنات عَزَّوَجَلَّ نے کسی اور اُمت پر نہیں کیا، اِسلام اپنی حقیقت میں اَمن وسلامتی کا گہوارہ ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{949} حضرت مولانا امیر اعظم چشتی گولڑوی نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مسجد غوثیہ مہریہ، محلّہ مستی خیل، تحصیل کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ آج کے اِس پُر فِتَن دور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہمیں نیکی وبھلائی کی تلقین اور محبت وعشقِ رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی تعلیمات کا دَرس ملا ہے، اور یہ نوجوان طبقہ، بالخصوص اسلامی بھائیوں اور اِسلامی بہنوں کے لئے اشاعتِ دین کا ایک اَہم ذریعہ ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں **مَدَنی چینل** کے ذریعے اپنی زندگیوں کو دین اِسلام کے مطابق گزاریں اور اپنے علم وعمل میں اِضافہ اور ثواب حاصل کریں۔

دُعا گو ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت حضرت مولانا قبلہ محمد الیاس عطّاؔر قادری مدظلہ العالی کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{950} حضرت مولانا قاری عبدالرَّءُوف قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ حسنیہ منظوریہ مہر العلوم، بھکر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ثُمَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے سُنّتوں بھرے ماحول اور محافل سے ہمارے دِلوں کو بَہُت ہی روشن و منور کر دیا ہے، اور خُصُوصاً دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** نے عوام کے دِلوں کو اپنی طرف مائل کر لیا ہے اور اپنی کوشش سے اِنقلاب پیدا کر دیا ہے۔ ہم دُعا کرتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا الیاس عطّارؔ قادری مدظلہ العالی کی زندگی دراز فرمائے اور زندگی میں بَرَکت، رحمت اور نُور نازل فرمائے اور اُن کی کوشش سے اُن کی سُنّتوں بھری تحریک **دعوتِ اسلامی** کو اور زیادہ محنت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور مزید کامیابی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{951} حضرت مولانا محمد شفیع چشتی فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، نزد لاری اڈا، کلورکوٹ، بھکر، پنجاب، پاکستان)

آج کے اِس پُرفِتَن دور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہمیں نیکی و بھلائی، نیکی کی تلقین اور محبت و عشقِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی تعلیمات کا درس مِلا ہے۔ **مَدَنی چینل** نوجوان نسل پڑھا لکھا طبقہ بالخصوص چھوٹے مِعمارِ قوم اور عورتوں کیلئے حُصُولِ علمِ دین کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ وقت اَنمول نعمت ہے، گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں، یہ **مَدَنی چینل** کی بَرَکت ہے کہ سارا وقت نیکی میں گزرتا ہے خُصُوصاً عام لوگوں کے لیے **مَدَنی چینل** بَہُت مفید ہے کیونکہ اِسے گھر کے تمام افراد مل بیٹھ کر دیکھ سکتے ہیں۔ مَیں دُعا گو ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری صاحب کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، اور گورنمنٹ آف پاکستان اس کو مستقل طور پر چلنے کی اجازت

مرحمت فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{952} حضرت مولانا عامر ولایت چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد غوثیہ، چوآسیدن شاہ، ضلع چکوال، پنجاب، پاکستان)

اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ آرائی نہ ہوگی کہ دعوتِ اسلامی جو کہ ایک غیر سیاسی مدنی تحریک ہے، اس نے اب تک اِحیائے علومِ دینیہ کے لیے جو بھی اہم کام کئے ہیں اور مزید کرے گی وہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بارگاہِ ربُّ العزّت میں ضرور مقبول ہوں گے۔ بالخصوص قبلہ امیرِ اہلسنّت جناب حضرت ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری مدظلہ العالی کا **مَدَنی چینل** کا آغاز کرنا قابلِ ستائش ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ ربُّ العزّت جناب امیرِ اہلسنّت کو عمرِ خضر اور بختِ سلیمانی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{953} حضرت مولانا محمد اسماعیل مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد پولیس لائن، ڈیرہ مراد جمالی، ضلع نصیر آباد، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا نیٹ ورک پہلے ہی بڑا وسیع تھا، مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے اَب **مَدَنی چینل** سے دعوتِ اسلامی کی دعوتِ سُنَّت گھر گھر پہنچے گی اور سُنَّتِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پر عمل کرنے والوں کی تعداد میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کئی گنا اِضافہ ہوگا۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{954 }حضرت مولانا عبدالحکیم اِنقلابی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دفتر مرکز اہلِ سُنَّت، مزدور چوک (حق باہو چوک) ضلع نصیر آباد، بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل خالِص اِسلامی چینل ہے، اس چینل کے ذریعے پوری دُنیا اور خُصُوصاً مسلمانوں کے گھروں میں اِسلام کا صحیح پیغام پہنچایا جارہا ہے، یہ دعوتِ اسلامی کی طرف سے نہایت اچھا اِقدام ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ یہ ہمیشہ چلتا رہے، **نیز** اس کے ذریعے سے دوسرے چینلز کے غَلَط پروگراموں کا سدِّ باب ہورہا ہے۔ مَیں اس چینل کے شروع ہونے پر بَہُت خوش ہوا ہوں، اور مَیں تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اس خالِص دِینی ورُوحانی چینل کو دیکھا اور سنا جائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{955 }حضرت پیرزادہ خورشید احمد شمس القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ قادریہ، فتح پور کمال، تحصیل خان پور، ضلع رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل وقت کی ضرورت ہے، جدید دَور میں جدید اِیجادات سے دِینی، اسلامی کاموں کی ترقّی کیلئے دِینی شخصیات کو پیچھے نہیں رہنا چاہیے، یہ وقت کا تقاضا اور اہم ضرورت ہے۔ مَیں سمجھتا ہوں کہ حضرت قبلہ علامہ مولانا محمد الیاس قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی اللہ تعالٰی کی طرف سے نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل ایک عطیہ اور تُحفہ ہیں۔ فَقَط ایک ہی شخص کے دَم قدم سے یہ بہاریں ہیں، یہ آپ کے خُلُوص، نیک نیّتی، محنت، کوشش اور سچے عشق کا نتیجہ ہیں، اللہ والے اگر بُری محفل میں جائیں تو اچھی ہوجائے، بُرے کے پاس جائیں تو وہ نیک اور بھلا ہوجائے۔

دُعا گو ہوں کہ اللہ تعالٰی حضرت قبلہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے اور ہمیشہ اِستقامت کے ساتھ اِن تمام نیک اِرادوں کو شاد و آباد رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{956 }حضرت مولانا قاری محمد بخش چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم صدر مدرس مدرسہ طیب العلوم، سمن آباد کالونی، مَدِینَۃُ الْاَوْلِیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی عالمگیر تحریک کی بَرَکتوں سے اِسلامی چینل مَعرضِ وُجُود میں آیا ہے، ایک اِنتہائی اَہمیت کا حامل ہے، اور اِس وقت مغربی یلغار کے مقابلہ میں جس طرح اِسلامی تعلیم کو فروغ دے رہا ہے، یہ انتہائی خوش آئند ہے، جس کی وجہ سے دین کا پیغام اور **نیکی کی دعوت** گھر گھر میں پہُنچ رہی ہے۔ نوجوان، بچے، بچیاں اور بوڑھے نماز کے مسائل یعنی فرائضِ نماز اور سُنّتیں، غسل کے فرائض وطریقہ، وُضُو کے فرائض وسُنّتیں وغیرہ **مَدَنی چینل** کے ذریعہ سن کر مُستَفِید ہورہے ہیں اور دعوتِ اسلامی کو دُعائیں دے رہے ہیں، باقی تمام چینل چھوڑ کر **مَدَنی چینل** کو سنتے ہیں اور محبت کرتے ہیں۔

اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ دعوتِ اسلامی مولانا محمد الیاس عطّار قادری صاحب اور اُن کے بچوں کی زندگی دراز کرے، جنھوں نے **مَدَنی چینل** کا اِنتظام کر کے لوگوں پر ایک بَہُت بڑا اِحسان کیا ہے۔ مَیں نے اس بارے میں سنا اور دیکھا بھی کہ بَہُت سے لوگوں کی غلط فہمیوں کا اِزالہ ہورہا ہے، اور کتنے لوگ حلقہ بگوشِ اسلام ہورہے ہیں۔ مَیں نے **مَدَنی چینل** کو عالمِ اسلام کے لیے خیر وبَرَکت کا باعث پایا اور یہ اس لئے کہ اس میں نہ صرف اہلسنّت وجماعت کے عقیدے کی صحیح تعلیم دی جاتی ہے، بلکہ اللّٰہ تعالٰی کے حُضُور رِقّت آمیز دعائیں بھی کی جاتی ہیں اور حُضُور صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت کے نذرانے بھی پیش کئے جاتے ہیں، جسے ہر مسلمان سن کر محبت سے جُھوم اُٹھتا ہے، یہ بَہُت اچھا اِقدام ہے، لاکھوں مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنے گا اور

حُضُور، سرورِ کائنات صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے محبت کرنے کے طریقے سے آشنا کرے گا اور سُنّتوں کی اِتّباع کی تعلیم سے بہرہ وَر کرے گا۔ یہ **مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ٹی وی کے ذریعے جو غیر اسلامی چیزیں ہمارے گھروں میں داخل ہو چکی ہیں اُن کو ختم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا، اور اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمام بُرے اَثرات اور غیر اسلامی چینلز کی بُرائیاں ہمارے گھروں سے دُور ہو جائیں گی۔

مَدَنی چینل کی اوّلین ترجیح حُضُور صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھنا ہے، اس کے علاوہ بیانات اور درس میں ناظرین کیلئے حکمت و دانائی کے بے پناہ پیغامات ہیں، جو اُنہیں صراطِ مستقیم کی طرف گامزن کرتے ہیں۔ **مَدَنی چینل** میں جب بھی کوئی پہلا شخص گفتگو کرتا ہے تو صرف محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے بول ہی بولتا ہے اور جب دوسرا شخص آتا ہے تو وہ بھی اپنے بیان میں نغمہائے محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشبوئیں پھیلاتا ہے، اور یونہی ہر ایک اپنے بیان میں محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی باتیں کرتا ہے، اور یہی محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے پیغام کو عام کرنے کا بے مثال طریقہ ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے کفر و شرک، عُریانی، زنا کاری، بدکرداری، بے حیائی اور فحاشی جیسے اَفعالِ بد سے لوگوں کو نجات مل رہی ہے، اِس پُرفِتَن دَور میں جب کہ ہر طرف سے عالمِ کفر نے مسلمانوں کو گمراہ کرنے، بداَخلاق بنانے، دَورِ جہالت کی تہذیب میں مبتلا کرنے اور مسلمانوں میں اَفکارِ فاسدہ پھیلانے کیلئے اپنے ٹی وی چینلز کے ذریعے بھرپور یلغار کر رکھی ہے، اِس کو روکنا بہُت ضروری ہے۔

مَیں سمجھتا ہوں اِس پُرفِتَن دَور میں **مَدَنی چینل** کا آنا ضروری تھا، جس کا قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے اِنتظام فرما دیا ہے، بلندیٔ شرف کا حُصُول ہمت و کوشش کے مطابق ہی ہوتا ہے، مگر جسے بلندی حاصل کرنی ہو اُسے راتوں کو جاگنا پڑتا ہے۔

خودی کو کر بلند اِتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے

خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

قبلہ عطّار صاحب یہ بندۂ ناچیز آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کو ایک بُہت بڑے نیک کام کے لیے چن لیا ہے، یہ بے شک اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی مرضی ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے۔ {**وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ** (پ ۱ البقرۃ ۱۰۵) ترجمۂ کنزالایمان: اور اَللّٰہ اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے }

اس دَور میں اپنی اولاد اپنے والدین کے قابو میں نہیں ہے، لیکن اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ پر کتنی کرم نوازی فرمائی ہے کہ آپ کے حکم پر لاکھوں پروانے دِیوانے پوری دُنیا میں پھیلے ہوئے ہیں، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا دِین پھیلا رہے ہیں، ہر وقت آپ کے دِیدار کے لئے دیوانے تڑپتے رہتے ہیں اور آپ کے حکم کے مُنتظِر رہتے ہیں، جب بھی حکم کرتے ہیں سالانہ اجتماع میں اَکٹھے ہو جاتے ہیں، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مدد آپ کے شاملِ حال ہے، اِسی چیز کو دیکھ کر آپ کے دِیدار کا شوق ہوا تو بندہ ملتان سے چلا اور کراچی پہنچ گیا، **فیضانِ مدینہ** کا پوچھا، فیضانِ مدینہ پہُنچا تو غالبًا آپ گیارھویں شریف کے سلسلے میں وَعْظ فرما رہے تھے، ہجوم کو چیرتا ہوا آپ تک پہنچا اور خُوب سیر ہو کر دیدار کیا، یہ ہے وہ انسان جس کو اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے خاص بندوں میں شامل کر لیا ہے۔ دُعا ہے کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے اِس خاص بندے پر کرم نوازی فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{957} حضرت مولانا مجاہد عبد الرسُول خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سُنّی رہنما مرکز الاولیاء لاہور)

موجودہ دَورِ فتنہ و فساد کا دَور ہے، مختلف قوّتیں مسلمانوں کو صحتِ عقیدہ اور اعمالِ صالحہ کی خیر و برکت سے محروم کرنے کے لیے سَرگرداں ہیں، ایک طرف مذہب کے رُوپ میں ایمان اور یقینِ مُحکم کے لُٹیروں کی کثرت ہے، تو

دوسری طرف اُمّت کے پاکیزہ اَفکار اور طیّب وطاہر کردار کو دُھندلا کرنے کے لیے فحاشی وعُریانی کا سیلاب ہے، آج اُمّت صحتِ عقیدہ اور اعمالِ صالحہ ہر دو لحاظ سے اِفتراق و اِنتشار کا شکار ہے، صحتِ عقیدہ دولتِ لازوال ہے، کیونکہ دُرُست عقیدے کے بغیر عمل کی کوئی حیثیت ہی نہیں، بدعقیدگی ایسا مرض ہے جو انسان کو قبل از موت ہی مار دیتا ہے، اور بدعقیدگی ایسا لاشہ ہے جس کی بدبُو اور تعَفُّنِ فِکر وشُعُور کو مُتعَفَّن کرنے کے ساتھ ساتھ قلب ورُوح کے آئینۂ اِدراک کو بھی دُھندلا کر دیتا ہے۔ ضرورت اِس اَمر کی تھی کہ انسان صحتِ عقیدہ کی بلندیوں پر بھی فائز ہو اور اعمالِ صالحہ کی چاشنی، لذّتِ ذِکر وفکر اور قُربِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ کی دولت سے بھی مالا مال ہو۔

اُمتِ مُسلِمہ کے زاویۂ سوچ کو ٹیڑھا کرنے کے لیے سازشوں کا جال بچھا دیا گیا ہے اور اُمتِ مسلمہ چہار سمت سے اِعتقادی اور نظریاتی حملوں کی زد میں ہے، ایسے اَلمناک دَور میں **مَدَنی چینل** نے ایک اَہم اور مؤثر کردار ادا کرنے کا تہیّہ کر رکھا ہے، **مَدَنی چینل** آیا اور آناً فاناً چھا گیا، اور یُوں شہرت کی بلندیوں کو چھونے لگا، جیسے اس کی کسی نے مُنادی کر دی ہو، اور لوگ یوں اس سے مُستَفِیض ہونے لگے جیسے سالوں سے اپنی اِصلاح اور علمی سوغات کے لئے تِشنہ ہوں، اور یُوں اِس کے گرویدہ ہونے لگے جیسے ہر سوچ اور ہر فکر کسی ایسے اِصلاحی چینل کی متلاشی ہو۔ **مَدَنی چینل** نے ایک طرف تو اِصلاحی اور فکر اَنگیز بیانات نشر کر کے اُمّت میں حُبِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ اور فکرِ آخرت کے جذبہ کو اُجاگر کیا، تو دوسری طرف آرائش وزیبائش سے پاک اندازِ نعتِ رسُولِ مقبول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم سے دِل کی دُنیا کو روشن ومنوّر کرنے اور محبتِ خیر الانام صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم میں آنسو بہانے کا پُرسوز اور رُوحانی ماحول مہیا کیا ہے، اور دیگر خُصُوصی نشریات کے ذریعے لاعلمی اور جہالت کے اَندھیروں میں علم کے دِیپ جلائے اور مُردہ فکر کو جلا بخشنے کی مسلسل جِدّ وجُہد اور سعیِ جمیل کی۔ **مَدَنی چینل** اہلسنّت وجماعت کی عالمگیر مذہبی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی اَنتھک محنتوں اور کاوشوں کا نتیجہ ہے، یوں تو دعوتِ اسلامی کی مَسلکی اور دِینی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں، مگر ایسے حالات میں جب میڈیا پر اَللہ عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کو ایذا دینے

والی تعلیمات کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا۔ایسے کڑے وقت میں **مَدَنی چینل** اِنتہائی مُثبت اَندازِ فکر اور ہر طرح کے تَعَصُّب سے پاک اَندازِ تبلیغ، ذِمّہ دارانہ نشریات کے اِجراء اور مؤثر اِصلاحی طریقہ کار سے اِسلامی تَحَفُّظ کا اَہم اور عظیم کردار نبھا رہا ہے۔ناچیز ذاتی طور پر یہ سمجھتا ہے کہ **مَدَنی چینل** صرف **دعوتِ اسلامی** ہی کی ضرورت نہیں تھی بلکہ یہ اہلسنّت و جماعت کی ضرورت تھی، دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے نہ صرف تنظیم کی ضروریات کو بلکہ اہلسنّت و جماعت کی ضروریات کو مکمل کیا ہے، وگرنہ دعوتِ اِسلامی اپنے مشن کی تکمیل کے لیے نہ پہلے **مَدَنی چینل** کی محتاج تھی اور نہ ہی اَب محتاج ہے، اور نہ ہی **مَدَنی چینل** نے **دعوتِ اسلامی** کو مشہور کیا ہے۔

دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ واراکین اِس عظیم کارنامہ پر مبارکباد کے مستحق ہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ وحدہٗ لاشریک کی بارگاہ میں بوسیلہ محبوبِ کبریا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم دُعا ہے کہ **مَدَنی چینل** اِسی طرح دین اِسلام کی خدمات کا اَہم فریضہ ادا کرتا رہے اور اس کے ناشرین وناظرین اُخروی دولت سے مالا مال ہوں، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{958} حضرت مولانا الحاج حاکم علی وریانی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ مصطفٰے، سبی، بلوچستان، پاکستان)

عصرِ رَواں میں معاشرے پر میڈیا کے اَثرات بَہُت گہرے ہیں۔ایسے میں اِسلامی قوّتوں کو اپنا پیغام معاشرے تک پہنچانے کیلئے میڈیا کے ذرائع کا اِستعمال از حد ضروری ہے۔تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی غیر سیاسی عالمگیر تنظیم دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** شروع کرنا عالمِ اسلام کیلئے اِنتہائی خوشی کا باعث ہے۔مَیں امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ اور **مَدَنی چینل** کی پوری ٹیم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{959} حضرت مولانا شمس الحق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد کلر کہار، ضلع چکوال، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل آیا تو بڑی خوشی ہوئی، اِس کے ذریعے تبلیغِ اِسلام کی صورت بنی، ہم خود بھی اِسے دیکھیں گے، اور دوسروں کو بھی مشورہ دیں گے، اِس کی بڑی ضرورت ہے۔ دُعا ہے کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دام فیوضہم کی عمر دراز فرمائے اور آپ کا فیض جاری وساری رہے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{960} حضرت مولانا محمد عابد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی، ظہور حیات کالونی، بھلوال، گلزارِ طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل بہُت اچھا ہے، یہ اِس فحاشی وعُریانی کے مادی دَور میں روشنی کا ایک مینار ہے، اور اہلسنّت کے مسلک کی ترویج کا ذریعہ ہے۔ دُعا ہے کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے آپ کے جاری کردہ مدنی پروگرام کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{961} اُستاذ العلماء حضرت مولانا محمد اکرم الازہری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم تعلیمات دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، داتا نگر، بادامی باغ، مرکز الاولیاء لاہور)

امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے جو **مَدَنی چینل** کا عظیم کام سرانجام دیا وہ بے حد قابلِ تحسین

ہے۔اِس سے نوجوان نسل اِسلامی تعلیمات سے رُوشناس ہوگی، اور دین کی تبلیغ کا فریضہ بطریقِ اَحسن انجام پائے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اور تمام مسلمانوں کو خدمتِ اسلام کی توفیق عطا فرمائے، اور آقا کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کی سُنّتوں کو عام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{962} حضرت مولانا محمد وسیم رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیف ایڈیٹر فکرِ رضا لاہور، ادارہ فکرِ رضا 1178 خضر مال روڈ مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کے آغاز سے عوامِ اہلسنّت کے دِل جگمگا اُٹھے اور اس نیک کام کے اِجراء پر لاکھوں دِلوں سے دُعائیں نکلی، دعوتِ اسلامی کی مجلس خُصُوصاً مرکزی مجلسِ شوریٰ کا مَیں تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے عرسِ اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنّت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کو **فیضانِ رضا** کی صورت میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے دُنیا کے کئی ممالک میں دِکھایا، جسے دیکھ کر میرا اپنا دِل فیضانِ رضا سے جُھوم اُٹھا اور ایک عرصہ سے یہ خواہش دِل میں تھی جو دعوتِ اسلامی کی مجلس برائے **مَدَنی چینل** نے پوری کردی، اور اس پر مزید یہ کہ **فتاویٰ رضویہ شریف** کو سوفٹ ویئر کی صورت ایک سی ڈی میں رکھ دیا گیا ہے جو دُنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے عظیم تُحفہ ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{963} حضرت پیر سید مقبول حسین شاہ قادری بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد محمدی، کالونی روڈ، میلسی ضلع وہاڑی، پنجاب، پاکستان)

تبلیغ قرآن وسُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** جو اِس وقت بے شمار شعبہ جات میں سُنّتوں کو

اُجاگر کررہی ہے، اِس میں خاص کر **مَدَنی چینل** بھی ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے بہُت سے لوگوں کو مُستَفِیض ہونے کا شرف حاصل ہوتا ہے، اور لوگوں کے دِلوں میں عشقِ مُصطَفوی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پیدا کرنے کا بہترین طریقہ ہے، ایسے لوگ بھی جو صبح صبح ڈرامے اور گانے باجے سُنا کرتے تھے، اَب وہ صبح صبح نعتیں اور بیانات سے اپنے دِلوں کو مُنوّر کررہے ہیں، اور **دعوتِ اسلامی** کے امیر کو دُعائیں دیتے ہیں، دعوتِ اسلامی آج کے دور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے فریضۂ تبلیغ اچھی طرح سرانجام دے رہی ہے۔ اللہ تبارک وتعالٰی اس **مَدَنی چینل** کو عُرُوج ودوام نصیب کرے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{964} حضرت مولانا محمد صدیق رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعۃ الحبیب ضیاء العلوم، واہ کینٹ ضلع راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

مُحسنِ اہلسنّت، امیرِ اہلسنّت، شیخِ طریقت، محافظِ دین وملت، کشتۂ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری صاحب کی دن رات اَنتھک کوششوں کی بَرَکتوں سے اللہ تعالٰی نے اہلسنّت و جماعت کی عظیم تحریک دعوتِ اسلامی کو چار چاند لگادیئے، پوری دُنیا میں یارسولَ اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی صدائیں بلند ہونے لگیں، جو کام لاکھوں مسلمان مل کر نہ کرسکے وہ کام دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** نے قلیل وقت میں پیش کردیا۔ **مَدَنی چینل** نے اہلسنّت وجماعت کے پیغامات کو عوام النّاس تک پہنچانے میں اَہم کردار ادا کیا ہے، عوام النّاس گھروں میں بیٹھ کر اِسلامی تعلیمات سے مُستَفِید ہورہے ہیں۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالٰی اپنے حبیب لبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے میں **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{965 }حضرت مولانا محمد ذاکر الہاشمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ قادریہ رضویہ، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

مَیں یہ بات پورے اِعتماد اور وُثوق کے ساتھ کہوں گا کہ جس طرح دعوتِ اسلامی کے نیٹ ورک نے اپنے مسلک کے بَہُت سے ایسے شعبے جو پسماندگی کا شکار رہے اُن میں نہ صرف اُمیدِ پُرنور بہار پیدا کی ہے، بلکہ ایسی قابلِ قدر خدمات سرانجام دیں جو آئندہ نسلوں کے لیے بَہُت بڑا سرمایہ ہوگا۔ اِسی طرح **مدنی چینل** بھی دِینی خدمات اور اِشاعتِ دِین میں ایک اَہم قدم ہے۔خُصُوصاً عملی تربیت کا نظارہ قابلِ دِید و داد ہوتا ہے ۔میں نے برگر فیملیز کے لوگوں کو **مَدَنی چینل** میں دِلچسپی لیتے پایا ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{966 }حضرت مولانا قاری محمد عابد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ادارہ صوت الاسلام، منڈی روڈ، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی تبلیغ اسلام کی ایک عالمگیر تحریک ہے،خُصُوصاً اہلسنّت و جماعت کی فکری و نظری سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اُمتِ مُسلِمہ کی علمی تربیت کا بہتر طریقے سے فریضہ سرانجام دے رہی ہے،دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کی صورت میں ایک بَہُت بڑا اِقدام کیا ہے۔ جہاں دوسرے چینلز کے ذریعے فحاشی وعُریانی اور بے دینی پھیلائی جارہی ہے،اس کا مقابلہ یقیناً اِسی صورت میں ممکن تھا،لہٰذا دعوتِ اسلامی نے ایک بڑی ضرورت کو پورا

کر کے ایک مُستَحسَن قدم اُٹھایا ہے، اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{967} حضرت مولانا محمد مشتاق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، چوا سیدن شاہ، چکوال، پنجاب، پاکستان)

ٹیلی ویژن کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ باقاعدہ **مَدَنی چینل** کی نشریات سے محروم ہیں، لیکن کبھی کبھار دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے اور دوسرے دوست جن کو یہ سہولت حاصل ہے اُن کی زبانی **مَدَنی چینل** کی نشریات سے آگاہی ہوتی رہتی ہے۔ دَورِ جدید کے تقاضوں کے مطابق دعوتِ اسلامی اپنی دعوت کو عام کررہی ہے۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کی سعیٔ جمیلہ کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور مزید ترقی عطا فرمائے اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی عمر وعلم میں مزید بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{968} حضرت مولانا ڈاکٹر نذر حسین سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پیر سید صبغت اللہ شاہ شہید، ڈگری کالج، سانگھڑ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

اِس وقت مسلم معاشرہ کو جو خطرات لاحق ہیں، اُن میں سب سے بڑا خطرہ الیکٹرانک میڈیا کا ہے، جس سے مسلم سماج میں حیوانیت کو پَروان چڑھانے کے لیے نت نئے انداز اپنائے جارہے ہیں، اور یہ وباء بُری طرح سے عالمی سطح سے لے کر مقامی محلّہ اور ہر گھر میں تیزی سے پھیل رہی ہے، اس برائی کو روکنے اور اس کے سدِّ باب کیلئے **مَدَنی چینل** کا اِجراء یقیناً مؤثر ذریعہ ہے، **دعوتِ اسلامی** کا یہ عمل قابلِ ستائش ہے، جس سے اُمتِ مسلمہ کو شیطانی

ہتھکنڈوں سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے، اور دِفاعی صورت بھی وہی کارآمد ہوا کرتی ہے کہ دشمن جس طرح کا حملہ کرے تو بالکل اسی نہج پراسے جواب دیا جائے۔ **مَدَنی چینل** نے بھی باطِل اور گمراہ کن چینلز کی بیخ کنی کا جو بیڑا اُٹھایا ہے، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ انہیں ضرور زِک پہنچے گی، اور **مَدَنی چینل** کے اِجراء سے صحیح عقائد کی نشر واشاعت میں کافی مدد ملے گی اور ہماری دُعا ہے کہ **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی حاصل ہو، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{969} حضرت مولانا محمد سراج احمد قادری سعیدی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ مدرسہ عزیز العلوم، اُوچ شریف، ضلع بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی کاوشوں، محنتوں اور ہمت ساز وجد آفرین جُہدِ مسلسل سے **مَدَنی چینل** کی آمد اور اِنعقادِ تعلیم وتربیّت اور تبلیغِ دین کا بہترین ذریعہ ثابت ہوئی۔

مَدَنی چینل نے چمنستانِ اسلام کی بہار کی داغ بیل ڈال کر اس کی خوشبو کو دُنیا میں پھیلا کر لوگوں کے مسامِ جان و اِیمان کو مُعَطَّر ومُعَنبر اور مُطَہَّر کر دیا ہے۔ بندۂ ناچیز ربیع النور شریف میں عیدِ میلاد النبی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے جلسوں میں بیان کرنے کے لیے مختلف مقامات پر گیا، مثلاً ضلع مظفرگڑھ، ضلع میانوالی، موسیٰ خیل، تلہ گنگ، چکوال، ضلع ملتان، ضلع بہاولپور، ضلع رحیم یار خان وغیرہ جہاں بھی گیا **مَدَنی چینل** کی دُھوم سنائی دی، اور مسلمانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اُنہوں نے **مَدَنی چینل** کو اِسلام کی نشر واشاعت کے لیے اَنمول تحفہ قرار دیا ہے۔ یہ چینل معاشرتی برائیوں سے اِجتناب واِنسداد اور اِسلام کی ترویج وتبلیغ کا حق خُوب ادا کر رہا ہے۔ اس کی وجہ سے کافی لوگ راہِ راست پر آگئے ہیں، بناتِ اِسلام نے اپنے آپ کو شریعت کا پابند بنا دیا ہے اور اِسلام کے رنگ میں خود کو سجالیا

ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ **مَدنی چینل** کی ٹیم کو خدماتِ اسلامی سے دائمی طور پر سرفراز فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{970} حضرت مولانا قاری محمد علی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ حضرت کرمانوالہ، نیو مسلم ٹاؤن، ساہیوال، پنجاب، پاکستان)

آج کے اِس پُرفتن دَور میں جبکہ ایک تعداد آخرالزمان نبی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے بتائے ہوئے فرمودات کو بُھول چکی ہے، اور آخرت کے لیے گناہ جمع کرنے میں مصروف ہے۔ ضرورت تھی کہ جہاں میڈیا میں طرح طرح کے چینلز فحاشی پھیلانے میں مصروف ہیں، وہاں کوئی ایسا چینل بھی ہو جواُن کا رَدّ کر کے قَالَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور قَالَ الرَّسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی صدا بلند کرے اور صراطِ مستقیم پر لوگوں کو گامزن کرے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ آج ہمیں فخر ہے دعوتِ اسلامی پر کہ جس نے پہلے کی طرح اپنی تبلیغ کو جاری رکھتے ہوئے **مَدنی چینل** کا آغاز کیا کہ جس کو دیکھ کر نہ صرف ہر گناہ سے محفوظ رہا جاسکتا ہے بلکہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور دوسرے علمائے کرام کے بیان سن کر صحیح معنوں میں مسلمان اور غلامِ مصطفٰے بننے کا موقع مُیسَّر آتا ہے۔

اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں

اے دعوتِ اسلامی تری دُھوم مچی ہو

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{971} حضرت مولانا محمد منشا تابش قصوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کے بارے میں علمائے کرام کے تأثُّرات سے واضح ہوتا ہے کہ اسے بہُت سراہا جارہا ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالٰی امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری ضیائی مُـدَّظِلُّـہُ العَالِی کی اِس تحریک کو مزید کامرانیوں سے بہرہ مند فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰـہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{972} حضرت مولانا علی اصغر القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ جیل، چکوال، بمقام وڈاکخانہ کھنڈوعہ، تحصیل وضلع چکوال، پنجاب، پاکستان)

امیرِ اہلسنّت مُـدَّظِلُّـہُ العَالِی کے زیرِ سایہ چلنے والی یہ مدنی تحریک بلاشُبہ اپنی مثال آپ ہے، اِس کا ہر ہر شعبہ میرے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللّٰہ تعالٰی علیہ کا خواب ہے، جو پورا ہو رہا ہے۔ اِس مدنی تحریک کا ایک ایسا منفرد انداز ہے کہ جو ایک مرتبہ دیکھے تو وہ اِسی کا ہو کر رَہ جاتا ہے، وقت کی اہم ضرورت کے پیشِ نظر **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا گیا۔ اِس دَور میں میڈیا پر جو فحاشی وعُریانی کا بازار گرم تھا اُس کا توڑ کرنے کے لیے کسی مردِ مجاہد کی ضرورت تھی، اور یہ سعادت اللہ تبارک وتعالٰی نے حضرت صاحب دامت برکاتھم العالیہ کو عطا فرمائی اور اِسی میڈیا پر آ کر مسلمانوں کو فحاشی وعُریانی، بدمذہبی وگمراہی سے بچنے کا ذِہن دیا جانے لگا، غیر مسلموں نے میڈیا پر جس طرح مسلمانوں کو گندے ذِہن دینا شروع کر رکھے تھے اور اُنہوں نے ایمان برباد کرنے کی کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی تھی، اِسی طرح **مَدَنی چینل** مسلمان تو مسلمان بلکہ غیر مسلم اور بدمذہبوں وگمراہوں کو بھی مدینے کی زیارت کا مشتاق بنانے لگا۔ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کے جام بھر بھر کر پلانے لگا۔ اللہ تعالٰی امیر اہلسنّت مُـدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ تادیر اہلسنّت پر قائم رکھے اور اِس مدنی تحریک کے **مَدَنی چینل** کو دِن گیارھویں رات بارھویں ترقیاں نصیب فرما کر تا قیامت جاری وساری فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{973} حضرت مولانا قاضی ارشاد احمد ارشد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، غریب محلّہ حاصل پور، ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

میڈیا کسی بھی معاشرے کے لیے رائے عامہ کی تشکیل کا بنیادی سُتُون ہے، اور آج کے جدید معاشرے میں اِس کی اَہمیت سے اِنکار ناممکن ہے۔ اسلام جہاں ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، وہاں ایک ترقی پسند مذہب بھی ہے، لہٰذا اِس چینل کو جدید دَور کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مُطابق چلانا بَہُت ضروری ہے۔ **مَدَنی چینل** محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشبو گھر گھر مہکا رہا ہے، ہماری تمام تر نیک خواہشات اس مدنی قافلے اور چینل کے ساتھ ہیں کہ خدائے رحمٰن بطفیلِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اس کو منزلِ مقصود تک پہنچائے اور اللہ تعالٰی حضرت صاحب دامت فیوضھم کی عمر دراز فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{974} حضرت مولانا محمد اسماعیل مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس مدرسہ ضیاء العلوم ولیکچرار ڈگری کالج اوستہ محمد، بلوچستان، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کو صد ہزار مبارک ہو کہ اُس نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے اہلسنّت کی ایک اَہم اور عظیم ضرورت پوری کی۔

ایں سعادت بزور بازو نیست

تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

مَدَنی چینل وقت کی ایک اہم ضرورت ہے، جس کیلئے اللہ تعالیٰ نے دعوتِ اسلامی کو منتخب کیا ہے، یقیناً **مَدَنی چینل** پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا اور دیگر ذرائع سے پھیلنے والی فحاشی وعُریانی، بے دینی و بے حیائی کے سامنے سدِّ سکندری سے کم نہیں ہے۔ **مَدَنی چینل** نے حق و باطل کے درمیان خطِ امتیاز کھینچ لیا، مَاشَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دینِ مُصطَفوی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے عین تقاضوں کے مطابق ہے، دین کے خلاف برسرِ پیکار طاغوتی اور شیطانی کردار سے باخبر ہے اور اَحسَن طریقے سے اس کا مقابلہ کر رہا ہے۔ تہذیب وتمدّن اور ترقی وفیشن کے نام سے میڈیا کے ذریعے جو غیر شرعی اَفعال کو عام کیا جا رہا ہے، اُسے روکنے کے لیے دعوتِ اسلامی کا یہ ایک زبردست اور عظیم کارنامہ ہے، جو طویل مدت تک غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کو یاد رہے گا، یہ چینل تمام اہلسنّت کے لیے ایک نعمت اور بَرَکت ہے بلکہ رحمت خداوندی عَزَّوَجَلَّ ہے۔ اللہ تعالیٰ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور اُن کے رُفقائے کار پر اپنی رَحمت کے مدنی پھول برسائے، جنھوں نے اس عظیم کام کا بیڑا اُٹھایا ہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{975} حضرت مولانا الحاج عبدالمجید مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ عائشہ صدیقہ للبنات، ہجیرہ، پونچھ، کشمیر)

دعوتِ اسلامی کے سارے کارنامے بے مثال ہیں۔ دُعا ہے کہ مزید یہ تحریک اُبھرے۔ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہے، جو آپ لوگ سُنّتوں بھرا پروگرام دِن رات چلا رہے ہیں۔ جناب امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی اَنتھک محنت کے صِلہ میں یہ سب کچھ مِل رہا ہے۔ یہ جماعت ''دعوتِ اسلامی'' عظیم تحریک ہے۔ ہر ایک اس کو پسند کر رہا ہے کیونکہ یہ سُنّتوں کو عملی جامہ پہنا

کر پیش کر رہی ہے اور غیر سیاسی تحریک ہے۔

مَدَنی چینل T.V پر عیاں کر کے دعوتِ اسلامی نے ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا، کیونکہ لوگ کُتُب کم پڑھتے ہیں۔ T.V پر بے ہودہ پروگراموں سے لوگ تنگ آئے ہوئے تھے، بلکہ شریف خاندان اپنے گھر والوں کو پاس بٹھا کر ٹی وی نہیں دیکھ سکتے تھے، **مَدَنی چینل** نے رُخ بدل دیا۔ سبز جھنڈوں، سبز عماموں، نعت خوانی، صلوٰۃ وسلام اور دیگر سُنَّتوں بھرے پروگراموں سے دنیا بھر میں ایک رُوحانی کیفیت کا سماں پیدا ہوگیا ہے۔ محبت خدا عَزَّوَجَلَّ اور محبت رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم لوگوں کے سینوں میں آ گئی ہے۔ **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ اور دعوتِ اسلامی کے تمام اَحباب کو صد مبارک ہو۔ اللّٰہ تعالٰی کامیابی سے ہمکنار رکھے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{976} شہزادۂ غزالی زماں حضرت پروفیسر پیر سید مظہر سعید شاہ کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ سعیدیہ کاظمیہ، مَدِینَۃ الاَولِیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

فقیر راقم الحروف بارگاہِ ربُّ العزّت میں دُعا کرتا ہے کہ اللّٰہ تبارک وتعالیٰ دعوتِ اسلامی کو اِخلاص، دیانت اور امانت کے ساتھ دینِ متین کی خدمت اور اُمتِ مُسلِمہ کی صحیح خُطُوط پر رہنمائی کی توفیق عطا فرمائے۔ **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے جو **مَدَنی چینل** کا اِجرا ہوا ہے، اس کیلئے بھی دُعا گو ہوں کہ اللّٰہ ربُّ العزّت **مَدَنی چینل** سے متعلق اَحباب کو مسلکِ اہلسنّت کی صحیح ترجمانی کی توفیقِ رفیق عطا فرمائے اور مسلکِ اہلسنّت کا بول بالا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{977}خلیفہ محدثِ اعظم پاکستان حضرت مفتی محمد شریف رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ سراجیہ رضویہ، جھنگ روڈ، بھکر، پنجاب، پاکستان)

بِحَمْدِہٖ تعالٰی مَدَنی چینل کے تمام کے تمام پروگرام خالصتاً مذہبی اور اِصلاحی ہوتے ہیں۔اور ہماری دُعا ہے کہ یہ چینل ہمیشہ اسی طرح مسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کی خدمت کرتا رہے،اور اس کے اِصلاحی پروگرام جاری رہیں۔**دعوتِ اسلامی** ایک محبِّ وطن اور مصلحین کی جماعت ہے اور یہ ملک سے محبت رکھنے والے لوگ ہیں۔اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ دعوتِ اسلامی کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیّت عطا فرمائے اور اُن کی عمر میں بَرَکتیں عطا فرمائے،آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{978}نبیرۂ خلیفہ اعلیٰ حضرت مولانا سید وجاہت رسُول قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا،صدر، باب المدینہ کراچی)

دعوتِ اسلامی سُنّتوں کی ترویج اچھے انداز میں کر رہی ہے۔**مَدَنی چینل** کے ذریعے سُنّتیں پھیلا رہی ہے۔میری **مَدَنی چینل** کے ناظرین سے عرض ہے کہ اس سے سُنّتیں سیکھیں اور خُوب خُوب اِستفادہ کریں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

{979}حضرت مولانا محمد مظہر اللہ سیال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل دار العلوم ضیاءِ شمس الاسلام، سیال شریف، گلزارِ طیبہ (سرگودھا)، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** محبت رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا دَرس دے رہا ہے، یہ یقیناً عالمِ اِسلام کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنے گا، حالاتِ حاضرہ کے تقاضوں کو مدِّنظر رکھتے ہوئے **مَدَنی چینل** کا اِجراء بہُت اَہمیت کا حامِل ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس سے بہُت اچھے نتائج حاصل ہوں گے۔اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ دعوتِ اسلامی مولانا محمد الیاس عطّار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی زندگی میں خیر وبَرَکت عطا فرمائے، اُن کو اِس عظیم دِینی مشن پر اجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{980} حضرت مولانا سید خورشید افضل شاہ نقوی بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ، ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے بانی امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا اندرونِ ملک وبیرونِ ملک تبلیغی مشن دُنیا بھر کے مسلمانوں اور بالخصوص اہلسنّت وجماعت کے لیے قابلِ قدر اور قابلِ فخر اِقدام ہے، مزید برآں **مَدَنی چینل** کا اِجراء قابلِ تحسین ہے۔عصرِ حاضر کی نوجوان نسل جو میڈیا کے فحش پروگراموں سے متأثر ہورہی تھی اس کے لیے **مَدَنی چینل** اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مشعلِ راہ ثابت ہوگا۔

اللّٰہ عزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{981} حضرت پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن بغدادی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ادارہ فیضان قرآن، شاہدرہ، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل یقیناً اِس پُرفِتَن دَور میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی توحید اور سرکارِ دوعالَم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ

وسلّم کی محبت، مدنی باتوں، نعتوں اور مٹھاس سے بھرے ہوئے **اِصلاحی بیانات** کے ذریعے ملتِ اسلامیہ اور دُنیا کے بیشتر لوگوں کے لئے رہنمائی کا ذریعہ بن رہا ہے۔ یقیناً امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{982} حضرت مولانا حافظ محمد اشرف قادری جلالی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ جلالیہ رضویہ اشرف المدارس، غلہ منڈی، کاموکی ضلع گجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کی آمد سے اپنے خوش اور بیگانے ناخوش ہیں۔ **مَدَنی چینل** کی وَساطت سے عرب وعجم میں اہلسنّت وجماعت کا پیغام پہنچ رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** پر بیان ہونے والے اِبتدائی اور بنیادی مسائل سننے کی ہر کوئی خواہش رکھتا ہے۔ T.V، ٹی وی ہی ہے، لیکن **مَدَنی چینل** نے بہُت سارے ذرائع اِبلاغ کا قبلہ دُرُست کر دیا ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ رَبُّ العزّت عقائدِ حقّہ عقائدِ اہلسنّت کی ترویج کے لیے کام کرنے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{983} حضرت مولانا محمد رمضان قادری رضوی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم عربیہ اسلامیہ رضویہ، سمن والا روڈ، گنج مخین آباد، ضلع بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل حالاتِ حاضرہ میں اور خاص کر اِس پُرفتن دَور میں ایک خوبصورت چینل ہے، جو ہر وقت مسلمانوں کو خدا عَزَّوَجَل اور رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلّم کی محبت کا دَرس دے رہا ہے۔ فقیر کا کوئی اِختلاف نہیں، امیرِ دعوتِ اسلامی کا نوکر ہے، امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتھم

العالیہ جیسی شخصیات بہُت کم ہوں گی، شاید ان کے بعد خلا پورا نہ ہو سکے۔

فقیر گناہ گار کی دُعا ہے کہ اللہ ربُّ العزّت امیرِ اہلسنّت، محسنِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی و بانیِ **مَدَنی چینل** محترم المقام حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی صاحب کی عمر دراز فرمائے تا کہ **دعوتِ اسلامی** کا چاند ہمیشہ ہمیشہ بلند رہے اور آپ کے تقویٰ اور علم میں مزید جلا بخشے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{984} حضرت مولانا محمد حیات قریشی ہاشمی باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رضویہ انوار بارو، نکیرہ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

موجودہ دَور میں جہاں دُشمنانِ اسلام خُصُوصاً دُشمنانِ آقا، بارگاہِ رِسالت مآب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کی عظمت وشان کو کم کرنے میں سرگرمِ عمل ہیں، روپے پیسے کی یلغار میں عظمتِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کو غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے سینوں سے نکالنے کی سرتوڑ ناپاک جسارت کر رہے ہیں۔ لٰہذا اِس دور میں پوری دُنیا میں مقامِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے تَحَفُّظ کا فریضہ سرانجام دینا یہ ایمان کا تقاضا ہے اور مسلمان ہونے کی نشانی ہے۔

مَیں سمجھتا ہوں کہ موجودہ دور میں **مَدَنی چینل** جو کہ بانیِ دعوتِ اسلامی امیرِ اہلسنّت، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، عالمِ باعمل، حضرت علامہ محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے زیرِ سیادت وزیرِ قیادت ہے۔ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمتِ عظمٰی ہے کہ جس کے ذریعے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عشق کے دریا بہائے جا رہے ہیں اور باغِ عالم جس کی پُر کیف خُوشبو سے مُعطّر ہو رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** موجودہ دور میں نبیِ پاک صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا سچا غلام بنانے کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ بندۂ ناچیز **دعوتِ اسلامی** پر حُسنِ ظن رکھتا ہے کہ جو پروگرام بھی

مَدَنی چینل سے شروع ہو گا وہ اُمتِ مصطفوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی مکمل اِصلاح اور رہبری کا پورا پورا حق ادا کرے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ امیرِ دعوتِ اسلامی کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{985} حضرت مولانا غلام شبیر فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل دارالعلوم جامعہ اسلامیہ حنفیہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا اِجراء اِس اِنتہائی پُر آشوب، مشکل ترین اور پُر فِتَن دور میں عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا عظیم قابلِ تحسین کارنامہ ہے۔ اس جدید دَور میں اِسلام دُشمن طاغوتی قوّتیں جس تیز رفتاری سے اُمتِ مُسلِمہ کے اِیمان کو کمزور کرنے کے لیے مذموم ہتھکنڈے اِستعمال کر رہی ہیں، ایسے نازک وقت میں امیرِ اہلسنّت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری صاحب کا اس بے اِیمانی و بدعقیدگی کے سیلاب کو روکنے کے لیے میدانِ عمل میں آ کر **مَدَنی چینل** کے ذریعے مجاہدانہ کردار ادا کرنا جہادِ اکبر سے کم نہیں، مسلکِ اہلسنّت و جماعت کا بَرملا پَرچار امامِ اہلسنّت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی لازوال، عظیم جذبہ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے سرشار دِینی، ملی و مذہبی خدمات کے تذکرات اور ان کا اِظہار اس سے بڑھ کر نوجوان نسل کے چہروں پر سُنّتوں کی بہار اور اُن کے سروں پر سبز دَستار **مَدَنی چینل** کا یہ وہ قابلِ فخر اعزاز ہے جس کا زمانہ مُعتَرف ہے۔

اِن نازک حالات میں ضرورت اس اَمر کی ہے کہ تبلیغِ دین اِس اَنداز سے کی جائے کہ اَغیار بھی متاثر ہوں۔ **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ مثبت اور مضبوط اَنداز امیرِ دعوتِ اسلامی کا ہے، **مَدَنی چینل** پر نشر ہونے والے تبلیغی پرگراموں میں جس قدر پائیداری ہوگی اسی قدر **مَدَنی چینل** کی مقبولیت میں اِضافہ ہوگا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ

بطفیل محبوبِ کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم امیرِاہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے رُفقائے خاص کی کوششوں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{986} حضرت مولانا قاری ظہور احمد اسعد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزار مدینہ، نگیال، تحصیل گوجرخان، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

بندۂ احقر حُضُور قبلۂ عالم، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ ابوبلال محمد الیاس عطّاؔر قادری دامت برکاتہم العالیہ سے دِل و جان سے محبت اور پیار کرتا ہے اور حُضُور قبلۂ عالم کی اِسلام اور مسلکِ اہلسنّت کی گراں قدر خدمات کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت فیوضھم نے حُضُور صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی خُصُوصی نگاہِ کرم سے کم وقت میں خاصا کام کیا اور اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے فیضان سے **کثیر تعداد میں کُتُب** اور بالخصوص **فتاویٰ رضویہ** کی تدوین، اور اس کے علاوہ غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** جو کہ پاکستان اور دیگر ممالک میں دن بدن عُرُوج کی طرف رَواں دَواں ہے اور **مَدَنی چینل** جو کہ اس وقت بہُت بڑا کارنامہ ہے۔

میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ سے بہُت زیادہ متأثر ہوا ہوں، آپ کے اَخلاقِ کریمانہ، مخلوقِ خدا کی خدمت اور علمائے کرام کے ساتھ پیار، محبت اور آداب کو دیکھ کر میں نے بھی تین دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کیا ہے، اور آئندہ کیلئے بھی نیّت کی ہے کہ میں دوبارہ مدنی قافلے میں سفر کی کوشش کروں گا۔ اور حُضُور کی نگاہِ کرم سے میں نے اپنا بیٹا پوری زندگی کے لیے **دعوتِ اسلامی** کے لیے وقف کر دیا ہے، جو کہ اس وقت **فیضانِ مدینہ** میرپور میں زیرِ تعلیم ہے۔ **مَدَنی چینل** کے وسیلے سے میرے بیٹے کو نعت شریف پڑھنے، عمامہ شریف سجانے اور کپڑے

بھی سُنَّت کے مطابق پہننے کا شوق پیدا ہوا، **مَدَنی چینل** چونکہ اب جاری ہوا ہے لیکن اس کو پہلے جاری ہونا چاہیے تھا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہماری مسجد میں ہر روز بیان اور درسِ قرآن ہوتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ مجھے مرنے سے پہلے پہلے امیرِ اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ کا دِیدار نصیب ہو جائے اور اُن کا سایہ تا دیر عوامِ اہلسنّت پر قائم و دائم رہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{987} حضرت مولانا قاری بابر حسین مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدی، بیروالیاں، ضلع راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** آن ایئر کیا ہے، اس چینل کی مدد سے تمام مسلمانانِ دُنیا کو اپنے دِین اور پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے اُسوۂ حسنہ کی پیروی کرنے کا موقع ملے گا۔ اِس پُرفِتَن دَور میں جہاں یہود و نصاریٰ کی مذموم کوششوں نے مسلمانوں کو نت نئے بے حیاء پروگرام دیکھنے پر مجبور کیا ہوا ہے، عُریانی و فحاشی نے ہماری نئی نسل کو تباہی کے دَہانے پر کھڑا کیا ہوا ہے۔ **مَدَنی چینل** کی مدد سے اُمید ہے کہ مسلمانوں کو گھروں میں اپنے دین کی حقیقت جاننے کا موقع ملے گا۔ اِس سے پہلے بھی **دعوتِ اسلامی** کے سربراہ پیرِ طریقت، امیرِ اہلسنّت اور اسلامی بھائیوں نے بہُت ساری کُتُب شائع کی ہیں، جس سے مسلمان مُستَفِید ہو رہے ہیں، تاہم ہر کوئی کتاب نہیں پڑھ سکتا۔ اب اَن پڑھ لوگ بھی **مَدَنی چینل** دیکھ اور سن کر اِستفادہ کر سکتے ہیں، یعنی اس چینل کے ذریعے ہر خاص و عام بے حد فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ ہماری مسلمان مائیں، بہنیں سرِ عام بے پردہ پھر رہی ہیں، اُمید ہے کہ وہ بھی **مَدَنی چینل** کی مدد سے اپنے دِین کی تعلیم حاصل کریں گی اور حیاء کی چادر اوڑھ کر اسلامی طریقۂ کار کے مطابق زندگی بسر کریں گی۔ **دعوتِ اسلامی** کی جانب

سے **مَدَنی چینل** کی نشریات اُمتِ مُسلِمہ پر بہُت بڑا اِحسان ہے۔

دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو ہمیشہ قائم رکھے، اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور بانیِ دعوتِ اسلامی پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی عمر دراز کرے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! 　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{988} حضرت مولانا نور محمد حبیبی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد قلعہ، خاران، بلوچستان، پاکستان)

مَدَنی چینل دَراصل حضرت علامہ امیرِ اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی ابو بلال محمد الیاس صاحب قادری دامت برکاتہم العالیہ کی کرامت ہے۔ **مَدَنی چینل** کے قیام پر اِنتہائی خوشی ہوئی کہ اس چینل سے عوام کو بہُت فائدہ حاصل ہوتا ہے، مثلاً وُضو کا طریقہ، نماز کا طریقہ، غسل کرنے کا طریقہ اور اِس کے علاوہ عظمتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، اولیاء اللہ رحمہم اللہ تعالٰی کے مراتب اور مختلف اِیمان افروز واقعات سے لوگ باخبر ہوتے ہیں اور اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ وقت قریب ہے کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے سے پوری دُنیا میں مسلکِ حق اہلسنّت بریلوی حنفی کا بول بالا ہو جائے اور باطِل فرقوں کا منہ کالا ہو جائے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! 　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{989} حضرت مولانا محمد زمان خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مہریہ،کلورکوٹ،ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

مُحسنِ اہلسنّت، عاشقِ اعلیٰ حضرت، قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی ''سدا بہار'' حکمتوں پر ''سو جان سے قربان''، جس سمت آ گئے ہیں سِکّے بٹھا دیئے ہیں ۔آج کے اِس پُرفِتَن دور میں اس عاشقِ صادق نے قلم اُٹھایا تو شریعت ،طریقت، سائنس اور طِبّ کے ساتھ ساتھ اَخلاقیات، فقہ اور سُنَّت کے موضوع پر علم کے دریا بہا دیئے۔ مدارِس کی طرف توجہ فرمائی تو مدارِس کا جال بچھا دیا بلکہ **مدنی قافلوں** کی صورت میں علمِ دین کی چلتی پھرتی یونیورسٹیاں عطا فرما دیں۔

اُمّت کی خیر خواہی میں اِصلاحِ اُمت کی خاطر **72 مدنی انعامات** کا گلدستہ عطا فرما دیا، جگہ جگہ دارالافتاء آپ ہی کی نظرِ کیمیاء اَثر کا فیض ہے، مختلف شعبہ جات کے ذریعے مدنی کام کو مدینے کے بارہ چاند لگا دیئے، نونہالوں کی تعلیم و تربیت کے لیے جگہ جگہ مدارس بنام ''مدرسۃ المدینۃ'' قائم فرمائے، **بالغان** کیلئے اُن کے علاقوں میں **مدارِس** عطا فرمائے، **اجتماعات**، مختلف کورسز، **مدنی قافلے**، **گونگے بہرے اسلامی بھائیوں** کی اِسلامی تربیت، **مدارِس و مساجد** کا قیام، ناگہانی آفات میں اُمت کی خیر خواہی و غمگساری، وطن سے محبت کا عظیم جذبہ آپ ہی کی عنایات ہیں، **اَلْـمَـدِیْـنَۃُ العِلمِیَّۃ** آپ دامت فیوضھم کا اُمّت پر وہ اِحسانِ عظیم ہے جس اِحسان پر ہماری گردنیں بطورِ تشکّر خم ہیں۔

غیر سیاسی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی اور اس سے متعلقہ جو بھی **مدنی کام** ہیں دراصل امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کا ہی فیضان ہیں اور خُصُوصی طور پر اس گئے گزرے فحاشی سے بھرپور ماحول میں **مَدَنی چینل** ''رحمت کی موسلا دھار بارش سے کم نہیں۔'' میں نے خود اپنی آنکھوں سے اس کے نُورانی پروگرام دیکھے ہیں۔ کہیں اجتماع کی بہاریں تو کہیں **مدنی قافلوں** کی قطاریں، کہیں فیضانِ انبیاء علیھم الصلوٰۃ والسلام کا سلسلہ ہے تو کہیں دُعا و مناجات

کا سلسلہ، بدل بدل کر مختلف مبارک سلسلوں کا ایسا سماں ہے کہ جی چاہتا ہے کہ بس **مَدَنی چینل** دیکھتا ہی رہوں۔امیرِ اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ کی ان تمام دِینی خدمات اور اُمت کے دَرْد میں بے قراری وغمگساری دیکھ کر دِل کی گہرائیوں سے آواز آتی ہے:

حضرت عطّار پر نُور کی برسات ہو
عاشقِ شہِ ابرار پر نُور کی برسات ہو

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{990 }حضرت مولانا غلام مجتبیٰ معینی نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(محلّہ بشیر آباد، نزد مدرسہ انوا الاسلام، تونسہ شریف، ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

آج کے اس پُرفِتَن دور میں جب کہ میڈیا نے بَہُت ترقی کرلی ہے اور اسی میڈیا کے ذریعے فحاشی اور عُریانی بَہُت پھیل رہی ہے، جہاں اَخلاق سے گری ہوئی چیزیں دِکھائی جارہی ہیں، وہاں وقت کی ضرورت تھی کہ کوئی ایسا چینل ہو جو دِین اور سُنَّتِ رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا دَرس دے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے اِس ضرورت کو پورا کردیا، جونہی **مَدَنی چینل** کی نشریات شروع ہوئی ہیں، دِل میں ٹھنڈک پیدا ہوئی ہے اور دل باغ باغ ہوگیا ہے۔**مَدَنی چینل** کی رُوحانی نشریات سے گھروں میں بیٹھ کر تمام حضرات دِین سے اور سُنَّتِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم سے اپنے قُلُوب کو مُنوَّر کرتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے، جنہوں نے ہمارے لیے یہ اِہتمام فرمایا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** میں کام کرنے والے تمام حضرات کو کامیابی عطا فرمائے اور یہ چینل سُنَّتِ رسُول صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم سکھانے میں اَہم کردار ادا کرے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{991} حضرت مولانا حافظ محمد سلیم گولڑوی نصیروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد نظامیہ، ملتان روڈ، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** بَہُت اچھا اِقدام ہے، اسے توبَہُت پہلے چلنا چاہیے تھا، اس کے چلنے سے تربیت گھر کے دروازے پر پہنچ رہی ہے۔ میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا تو اس میں پانی پینے کے سُنَّتیں اور آداب بتائے جارہے تھے، گلاس پکڑنے کا طریقہ جو بتارہے تھے، میں حیران رہ گیا کہ اِتنی باریکی سے سُنَّتیں سکھا رہے ہیں۔

ہماری دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی والوں کو مزید ترقی عطا فرمائے، حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے، شرِ اَعداء سے محفوظ رکھے، اور باقی تمام اسلامی بھائی جو تبلیغی کام میں جہاں ہیں اور جس شعبے سے تعلق رکھتے ہیں بالخصوص **مَدَنی چینل** چلانے والے اسلامی بھائیوں کو اپنے حِفظ واَمان میں رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{992} حضرت مولانا محمد حسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ تونسہ شریف، ضلع ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

یہ رُوح پروَر چینل دینِ اِسلام کو اُجاگر کر رہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کی ساری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ اللّٰہ رَبُّ العِزّت **مَدَنی چینل** والوں کو دن رات مزید اِسلام کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{993 }حضرت مولانا قاری محمد ذیشان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گڑیانی والا ،محلّہ رضائے مصطفٰے ،چوبارہ ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** سے بُرائی کا خاتمہ ہوا ہے اور بہُت ساری دِینی معلومات ملتی ہیں ۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{994 }حضرت پروفیسر کرامت اللّٰہ خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(گورنمنٹ کالج چوبارہ ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا تو بگڑتے ہوئے عقائد کی اِصلاح ہونا شروع ہوئی ،غَلَط اور دُرُست کا علم ہوا، مُرشدِ کامل کا دِیدار آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث بنا اور بیانات اِصلاح کا باعث بنے ۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مزید ترقی عطا فرمائے ،آمین ۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{995 }حضرت مولانا نور محمد باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سگ دراولیاء لیہ، پنجاب، پاکستان)

قاری ذیشان صاحب اور پروفیسر کرامت اللّٰہ صاحب نے جس عقیدت کا اظہار فرمایا، بندۂ ناچیز بھی اِن تمام باتوں کو دِل سے تسلیم کرتا ہے ۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں نیک عمل کی توفیق عطا فرمائے ،آمین ۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{996 }حضرت مولانا محمد شفیق رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد چک نمبر T.B.A-120 فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جس چیز کی اُمتِ مُسلِمہ کو ضرورت تھی وہ اَہم چیز ٹی وی پر اچھے چینل کی تھی جو کہ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کا اِجراء کر کے پوری کردی۔ دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی اور اِس **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{997 }حضرت مولانا غلام شبیر سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ڈیوالہ، تحصیل وضلع علی گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اِس پُرفِتن دَور میں **مَدَنی چینل** خزاں میں رحمت کا قطرہ ثابت ہوا ہے۔ **مَدَنی چینل** پر جو پروگرام دیکھے اور سُنے جاتے ہیں اس کا علمائے کرام ،طلباء اور عوام النّاس کو یکساں فائدہ ہورہا ہے۔ جہاں کیبلز پر باقی ماندہ چینلز نے معاشرے کو تباہی کے کنارے پر پہنچادیا ہے۔ وہاں اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** نے کردار سازی میں اہم کام کیا ہے۔ نوجوان نسل کو گھر بیٹھے، ہوٹل اور قہوہ خانے میں اچھے پروگرام دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ بہُت سے لوگوں سے معلوم ہوا ہے کہ **مَدَنی چینل** کے پروگرام سُن کر توبہ کی توفیق ملی ہے، صوم وصلوٰۃ کے پابند ہوگئے ہیں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** چلانے والوں کو مزید اچھے پروگرام چلانے کی ہمت دے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{998} حضرت مولانا محمد اقبال سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ سعیدیہ مظہرالعلوم، تحصیل کبیر والا، ضلع خانیوال، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہماری تمنا کے مطابق دعوتِ اسلامی نے ہمیں اس چینل سے آگاہ کیا ہے، جس سے ہم بالکل ناواقف تھے۔ **مَدَنی چینل** ہمیں زندگی کے تمام طریقے سُنَّت کے عین مطابق سکھا رہا ہے، اس چینل سے نا صرف ہمارے علاقہ کی تربیت ہو رہی ہے، بلکہ پوری دُنیا اس چینل سے فائدہ حاصل کر رہی ہے۔ اس چینل سے ہمیں سُنَّتیں سیکھنے اور حضرت صاحب کے بیانات سننے کو ملتے ہیں اور ہم آپ کے دِیدار کو ترستے تھے لیکن **مَدَنی چینل** نے ہمیں **دیدارِ عطّار** سے بھی نوازا، **اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت صاحب کا بیان سننے سے ہمیں بڑا لُطف اور درسِ عبرت حاصل ہوا ہے، جس سے ہمیں اپنی، اپنے دوستوں، گھر والوں اور اپنے بچوں کی زندگی سُنَّت کے مطابق گزارنے کا موقع ملا ہے۔ اور اس چینل سے ہمیں قرانِ پاک کی تلاوت، نعت خوانی، درسِ قران وحدیث اور سُنَّتوں بھرے بیانات ہر وقت سننے کو ملتے ہیں، **مَدَنی چینل** کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے ہمارے مسلک حق اہلسنّت کا وسیع پیمانے پر کام ہو رہا ہے، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے جب سے **مَدَنی چینل** ہمارے علاقے میں چلنا شروع ہوا ہے، ہر طرف بہاریں ہی بہاریں نظر آتی ہیں۔

ہماری دعا ہے کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور فیضانِ عطّار تا قیامت جاری رہے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !   صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{999} حضرت مولانا سید مختار احمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد فیضانِ مدینہ، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے اہلسنّت و جماعت کا مسئلہ حل کردیا ہے۔ چونکہ یہ میڈیا کا دَور ہے، لوگ گھروں میں وقت گزارنے کے لیے ٹی وی دیکھتے ہیں۔ تقریریں سُنتے ہیں، تو اس سے نوجوان نسل کے عقائد تنزل کا شکار تھے، جب سے **مَدَنی چینل** چلا ہے، اپنے پرائے کا فرق سمجھنا آسان ہوگیا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** چلانے والوں کی کوششوں کو قبول فرمائے اور اَمیر دعوتِ اسلامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی زندگی دراز فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1000} حضرت مولانا سید حافظ سجاد احمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد نورانی، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

ہر عام وخاص کے لیے **مَدَنی چینل** دیکھنا بہُت ضروری ہے، جس نے وُضُو، غسل، طہارت اور نماز کے مسائل سیکھنے ہوں **مَدَنی چینل** پابندی سے دیکھے اور سُنے، سنّتیں سکھانے کے لیے تو ایک بہترین اُستاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ **مَدَنی چینل** اِنسان کو اچھا مسلمان بنادیتا ہے اور سچا عقیدہ فراہم کرتا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دیکھنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1001} حضرت مولانا محمد جمال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام جامع مسجد اڈا ٹیل، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

تمام ٹی وی چینل جو چل رہے ہیں، سب میں بے پردگی تو ہے، چاہے خبریں ہی کیوں نہ سُن رہے ہوں، کمرشل نشریات میں تو بہُت زیادہ ہوتی ہے مگر قربان جاؤں حضرت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی سوچ پر جنہوں نے **مَدَنی چینل** چلا کر گھر بیٹھے تبلیغ شروع کر دی۔ بہُت سے لوگ **مَدَنی چینل** دیکھ کر نماز کے پابند ہو گئے ہیں اور کافی سُنّتیں سیکھنے لگے اور علمِ دین کا ہر وقت درس جاری ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کامیاب فرمائے اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی زندگی دراز فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1002} حضرت مولانا سید غلام مرتضٰے شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، لال چوک، موضع بھٹ قائم شاہ، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کے کام پر قربان ہیں، ہم ہر وقت دُعا گو ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی زندگی دراز فرمائے، جنہوں نے **مَدَنی چینل** چلا کر اہلسنّت پر اِحسان کیا، جس کے ذریعے عقیدے کو سمجھنے اور اس پر کاربند رہنے کا جذبہ بیدار ہوا اور بدعقیدگی کے سیلاب کو روکنے کا اہم کردار ادا کیا۔ **مَدَنی چینل** کو چلنا چاہیے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کامیاب وکامران فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1003} حضرت مولانا حکیم محمد منظور الحق رزاقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد الکاظمی، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کو دیکھ کر بہُت متأثر ہوا، ایک مرتبہ میرا بیٹا گم ہوگیا، میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا کی کہ اگر دعوتِ اسلامی حق پر ہے اور یہ سب تیرے برگزیدہ بندے ہیں تو گمشدہ بچہ مل جائے ،اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ شام تک بچہ مل گیا۔

دُعا ہے کہ جب میں مَروں تو دعوتِ اسلامی کے **مدنی ماحول** میں مروں، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے اپنے دشمنوں کو پیشگی معاف کررکھا ہے، میں بھی خطابات میں اپنے دشمنوں کو پیشگی معاف کرنے کا اعلان کرتا ہوں۔ دعوتِ اسلامی قولاً نہیں فعلاً ہے، صرف تقریراً اور تحریراً نہیں بلکہ عملاً ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1004} حضرت مولانا حکیم سید محمد رمضان شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ دربار جال والا، پیر چوک وسندے، تحصیل وضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

اِس پُر فِتَن دور میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کو دینِ متین کی خدمت کے لیے چُن لیا ہے، جہاں نوجوان بے راہ رَوی کا شکار تھے، فحاشی وعُریانی کا دَوردَورہ تھا، وہاں دعوتِ اسلامی کے ذریعے سُنّتوں پر عمل کرنا عام ہوگیا، جو نوجوان کھیل کود میں وقت گزارتے تھے اب وہ **مدنی کام** میں دُھوم دھام سے مصروف ہیں۔ سبز سبز عماموں کی بہار آگئی، **چوک درس** سے لوگوں کو بازار میں علمِ دین حاصل کرنے کا موقع ملا، **صدائے مدینہ** نے تو بہُت سوں کو نمازی بنادیا۔ **مدنی قافلے** میں سفر کرکے جو واپس آتا ہے، ماں باپ کے ہاتھ چومتا نظر آتا ہے، نعت شریف پڑھتا اور جھومتا نظر آتا ہے، یہ سب دعوتِ اسلامی کے ذریعے امیرِ اہلسنّت دامت فیوضھم کا فیضان ہے۔

علاوہ ازیں **مَدَنی چینل** نے تو پوری دُنیا میں تہلکہ مچادیا ہے، کئی لوگ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے نام سے بھی واقف نہ تھے، اَب تو حقیقت کھل کر سامنے آئی ہے کہ وُہی مردِ قلندر، مجدّدِ دین

وملت، عاشقِ رسُولِ مقبول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم جنہوں نے بدمذہبوں کے آگے بند باندھ دیا، اِس کے علاوہ عشقِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی شمع روشن کی، کُند ذِہنوں کو روشنی پہنچائی۔ عشق ومحبت بھرا کلام حدائق بخشش اور قصیدہ بُردہ شریف اچھے انداز میں نشر کیا۔ اَللہ عَزَّوَجَلَّ کامیاب فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1005} حضرت مولانا محمد اقبال احمد باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعمانیہ رضویہ، چاہ پٹھانوالہ ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

ہم جُملہ اساتذہ جامعہ نعمانیہ رضویہ عظیم مدنی تحریک **دعوتِ اسلامی** سے متأثر ہیں۔ مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ عظیم تحریک کارہائے نمایاں سرانجام دے رہی ہے، خُصُوصاً **مَدنی چینل** اس کا عظیم کارنامہ ہے، اَللہ عَزَّوَجَلَّ اس تحریک کو تابندہ رکھے اور اَللہ عَزَّوَجَلَّ بطفیل سیّدالمرسلین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1006} حضرت مولانا محمد اشرف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعمانیہ رضویہ، چاہ پٹھانوالہ ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

اِنہوں نے **حضرت مولانا محمد اقبال احمد باروی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1007} حضرت مولانا قاری ممتاز احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعمانیہ رضویہ، چاہ پٹھانوالہ، ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

انہوں نے بھی حضرت مولانا محمد اقبال احمد باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1008} حضرت مولانا قاری عبدالحفیظ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ نعمانیہ رضویہ، چاہ پٹھانوالہ، ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

انہوں نے بھی حضرت مولانا محمد اقبال احمد باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1009} حضرت مولانا محمد منصور سلطان القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوارِ باہو، بھکر، پنجاب، پاکستان)

حُضُورِ اکرم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے طفیل اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اہلسنّت وجماعت پر خُصُوصی کرم فرمایا اور ایک ایسا کام جس کی اَشد ضرورت تھی دعوتِ اسلامی کے ذریعے سے وہ کام کرادیا۔ اس بات سے کسی کو اعتراض نہیں کہ میڈیا آج کے دَور میں سب سے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ پہلے بھی کچھ چینل کام کر رہے تھے مگر افسوس کہ ان چینلز پر (Business Minded) لوگوں کا شاید قبضہ ہوگیا اور مکمل شریعت کے مطابق کام ہونے کی گنجائش اور ضرورت باقی تھی۔ اب اللہ عَزَّوَجَلَّ نے دعوتِ اسلامی کے ذریعے اس بات کو پورا کردیا ہے اور ایک بہُت پیارا چینل جس کا نام بھی **مَدَنی چینل** ہے، سے اس مسئلہ کا حل عنایت فرمادیا ہے۔ کچھ عرصہ قبل قربانی کے مسائل

پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو خود **مَدَنی چینل** پر سمجھاتے ہوئے اور سکھاتے ہوئے دیکھ کر بہُت اچھا لگا اور یقیناً خوشی بھی ہوئی۔

اُمید ہے کہ یہ چینل آقا کریم صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت کے دِیپ لوگوں کے دِلوں میں جلائے گا اور سُنَّت کے مطابق زندگی گزارنے میں مدد دے گا۔اس **مَدَنی چینل** کی ترقی کے لیے دُعا گو ہوں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1010} حضرت مولانا محمد رشید احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، چپ ساندی، تحصیل کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج کے اس پُرفِتَن دَور میں **دعوتِ اسلامی** کا قیام اُمتِ مُسلِمہ پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے اِحسانِ عظیم ہے۔دعوتِ اسلامی نے فحاشی وعُریانی کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے آگے ایسا بند باندھا کہ جس پر شیطان بھی پریشان ہے،جس کی سب سے بڑی مثال **مَدَنی چینل** کا اِجراء ہے۔اس چینل کے ذریعے پوری دُنیا میں اِسلام کا پیغام پہنچایا جارہا ہے۔اس کے ذریعے دُنیا پر واضح ہوجائے گا کہ اِسلام دہشت گردی کا دِین نہیں بلکہ امن وسلامتی کا پیامبر ہے۔لاکھوں ایسے نوجوان جو بے رَاہ روی کا شکار تھے اس چینل کے ذریعے راہِ راست پر آرہے ہیں۔

قارئین کرام کی خدمت میں گزارش ہے کہ اپنے گھروں میں **مَدَنی چینل** کی ترکیب بنا کر دَارین کی کامیابیوں سے ہمکنار ہوں۔

دُعا گو ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل ہمارے اس **مَدَنی چینل** کو روز اَفزوں ترقیاں نصیب فرمائے اور امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ تادیر قائم رکھے،آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1011} حضرت مولانا محمد افتخار حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم جامعۃ المدینۃ المنورہ، سُنّی رضوی عیدگاہ، شاہ عالم، تحصیل کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

مجھے ابھی تک **مَدَنی چینل** دیکھنے کا اِتّفاق نہیں ہوا، مگر اِتنی بات عرض کرتا ہوں کہ دعوت اسلامی کا ہر اِقدام خُلُوص پر مَبنی اور اُمت کی بھلائی کے لیے ہوتا ہے۔ دُعا گو ہوں کہ باری تعالٰی **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ کو اور آپ کے رُفقائے کار کو ہر کارِ خیر میں کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1012} حضرت مولانا خواجہ عبد المناف مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ، تونسہ شریف، ضلع ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی ہماری بَہُت ہی پیاری جماعت ہے، مَیں کوشش کرتا ہوں کہ ہر سال سالانہ اِجتماع میں حاضر ہوں، اس سال بھی شرکت کی۔ **مَدَنی چینل** وقت کی ایک اہم ضرورت تھی، دَورِ جدید میں میڈیا چھایا ہوا ہے۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ خالصتاً مذہبی سُنّی چینل چلے۔ سو وہ دعوتِ اسلامی نے ہماری دیرینہ خواہش پوری کردی۔ دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو ترقی اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کو درازئ عمر بالخیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1013} حضرت مولانا محمد عبدالمجید باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ریلوے اسٹیشن مبیل شریف، کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

یہ سن کر بڑی خوشی ہوئی کہ دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوگیا ہے، یہ چینل تبلیغ کے لیے بہُت اچھا ہے، اور اہلسنّت و جماعت کے لیے خوشی کا باعث ہے، بالخصوص عورتوں اور بچوں کے لیے قابلِ تحسین ہے، ہم اِس کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1014} حضرت مولانا صاحبزادہ محمد ابراہیم نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ مبیل شریف وصدر جماعت اہلسنّت، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** آج کے اِس پُر فِتَن دَور میں جہاں ہر طرف فحاشی وعُریانی کا بازار گرم ہے اللہ ربُّ العزّت کی نعمت ہے، اس کے ذریعے سے سُنَّتوں کی بہار ہوگی، اور مسلمانوں کے قلب ورُوح میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے چراغ جلیں گے۔ اللہ تبارک وتعالٰی امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتھم العالیہ کی عمر دراز فرمائے اور اُن کا سایہ عالمِ اسلام پر تادیر قائم رکھے، آمین۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1015} حضرت مولانا سید محمد جہانگیر شاہ سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ بستی ابراہیم شاہ، حلقہ بغاؤ، تحصیل وضلع بارکھان، بلوچستان، پاکستان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا جب سے آغاز ہوا ہے، کئی مرتبہ دیکھنے کا موقع ملا بالخصوص نوجوان نسل کو اس سے بَہُت زیادہ فائدہ ہوا ہے جو کہ اس سے پہلے فلمیں، ڈرامے اور انٹرنیٹ پر بے ہودہ پروگرام دیکھا کرتے تھے اور دِین کی طرف کوئی توجہ نہیں تھی۔ اللّٰہ تبارک وتعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ حُضُور نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلینِ پاک کے صدقے جس دِن سے ضلع بارکھان بلوچستان میں میرے ایک کرم فرما دوست نے اپنی کاوِش سے کیبل پر **مَدَنی چینل** چلوایا ہے، اُس دن سے نوجوان **مَدَنی چینل** پر اِصلاحی بیانات اور حُضُورنبیِّ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ثناء خوانی اور محبت وعشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی باتیں سننے لگے ہیں۔

میرے لیے سب سے بڑی خوشی کی بات یہ ہے کہ جب **مَدَنی چینل** کو مخالفتوں کا سامنا ہوا، تو میرے پیرومرشد، حضرت علامہ **سیِّد حامد سعید کاظمی شاہ** صاحب نے بَہُت بڑا کردار ادا کیا ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ اللّٰہ تبارک وتعالیٰ حُضُورنبیِّ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلینِ پاک کے صدقے **مَدَنی چینل** کو اپنی حِفظ واَمان میں رکھے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1016} حضرت صاحبزادہ منصوراحمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ، مبیل شریف، کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

دَورِحاضر ایک پُرفتن دَور ہے، اور مسلمانوں کی پوزیشن بَہُت نازُک ہے، یہودونصاریٰ نے پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا سے مسلمانوں کو تباہی کے دَہانے پر لا کر کھڑا کردیا ہے۔ مَیں سمجھتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** کا اِجراء تمام مسلمانوں کے لیے بَہُت بڑی تبلیغی اَہمیت کا حامل ہے، اس سے پوری دُنیا میں اِسلام اور

اہلسنّت کا چرچا ہوگا۔ یہ وقت کی اہم ضرورت تھی جس کا اِجراء اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلسنّت وجماعت کی عظیم الشان غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے ہاتھوں سے کروایا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، اوراس کو دَورِ حاضر کے لوگوں کے لیے راہِ نجات کا ذریعہ بنائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1017} حضرت مولانا محمد سلیم اختر ندیم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سرپرست بہارِ مدینہ سوسائٹی، ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

نیکی کی دعوت کیلئے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک اچھا اِقدام ہے۔ سُنَّتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے فروغ کے لیے دعوتِ اسلامی دن رات کوشاں ہے، سُنَّتوں بھرے اجتماعات اس جماعت کا شیوہ ہے۔ اس جماعت کا ہر سپاہی سُنَّتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر گامزن ہے، اس جماعت نے ایک مختصر سے عرصہ میں بینَ الاقوامی شُہرت حاصل کرلی ہے، یہ اِس کی سچائی کا بیِّن ثبوت ہے، اب اس جماعت اور تحریک کے زیرِ اِہتمام **مَدَنی چینل** شروع کیا گیا ہے۔ مَیں اس چینل کی پوری ٹیم کو مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1018} حضرت مولانا صاحبزادہ محسن رضا اعظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ مدینۃ العلوم، ضلع لیہ، پنجاب، پاکستان)

دعوتِ اسلامی ایک عظیم جماعت ہے جو کہ دُنیا کے طول وعرض میں پھیلی ہوئی ہے، دعوتِ اسلامی پہلے بھی دین کی تبلیغ، حُضُور سرورِ کائنات صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ناموس اور پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی

سُنّتوں کو عام کرنے کے لیے کام کر رہی تھی۔ اب نیکی کی دعوت کیلئے اس کا **مَدَنی چینل** کا آغاز کرنا ایک بَہُت اچھا اِقدام ہے، اس عظیم کاوِش سے لوگ مزید زیورِ علم سے آراستہ ہوں گے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ پیرِ طریقت حضرت قبلہ محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1019} حضرت مولانا محمد امیر اعظم چشتی گولڑوی نظامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، محلّہ بستی خیل، تحصیل کورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج کے اس پُرفِتَن دَور میں **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہمیں نیکی و بھلائی، نیکی کی تلقین اور محبتِ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی تعلیمات کا درس ملا ہے۔ **مَدَنی چینل** نوجوان نسل پڑھا لکھا طبقہ، بالخصوص اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لیے حُصُولِ علمِ دین کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں **مَدَنی چینل** کے ذریعے اپنی زندگیوں کو دینِ اسلام کے مطابق گزاریں اور اپنے علم و عمل میں اِضافہ کر کے ثواب حاصل کریں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1020} حضرت مولانا محمد سلطان چناء الدین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ سردار بخش رحمۃ اللہ علیہ، بھکر، پنجاب، پاکستان)

مَجلِس رابِطہ بِالعُلَمَاء وَالمَشائِخ کی زبانی **مَدَنی چینل** کے بارے میں معلومات ہوئیں، مَیں ویسے بھی دعوتِ اسلامی کے بھکر میں ہونے والے سُنّتوں بھرے اِجتماعات میں شرکت کا شرف حاصل کرتا

رہتا ہوں اور حسبِ توفیق اسلامی بھائیوں سے تعاوُن بھی کرتا ہوں تا کہ دعوتِ اسلامی دن بدن ترقی کرے، اور وہ **مَدَنی چینل** اور اپنے اجتماعات کے ذریعے لوگوں کے دِلوں میں حُضُور صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے عشق کی شمع روشن کرتے رہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم آپ کا حامی و ناصر ہو، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1021} حضرت مولانا غلام حسین رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم غوثیہ رضویہ، ہاؤسنگ کالونی، بکلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

حق و باطل کا مقابلہ انسان کی آفرینش (پیدائش) سے جاری ہے، حضرت سیِّدُنا آدم صفی اللہ عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں ابلیس، حضرت ہابیل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مقابلے میں قابیل، حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں نمرود، حضرت سیِّدُنا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں فرعون اور ہمارے پیارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے مقابلے میں ابولہب و ابوجہل وغیرہ۔ اس طرح ہر زمانہ میں باطِل مختلف اشخاص اور صورتوں میں حق سے نبرد آزما رہا ہے لیکن فتح ہمیشہ حق کو حاصل ہوئی اور باطِل کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا کیونکہ **اللہ** تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿**وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا** ﴿۸۱﴾﴾ (پ ۱۵ بَنِی اِسراء یل ۸۱) **امامِ اہلسنّت**، اعلیٰ حضرت، مجدِّدِ دین و ملّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن اپنے شہرۂ آفاق ترجمۂ قرآن **کنزُ الایمان** میں اس کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں: ''اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا۔''

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے بدمذہبوں کا مقابلہ کیا، اسی کی کڑی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا فیضان اور پیغام لے کر موجودہ دور میں دُنیا کے کونے کونے میں ہر عام و خاص تک پہنچانے

کا سہرا امیرِ اہلسنّت، مُحسنِ اہلسنّت حضرت قبلہ مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری دامت برکاتہم العالیہ کے سر ہے، اس عظیم مشن کو امیرِ اہلسنّت دامت فیوضہم نے دعوتِ اسلامی کی بنیاد رکھ کر پوری دُنیا میں سرانجام دیا، اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے اہلسنّت و جماعت کی اس کمی کو بھی پورا کر دیا۔

ہماری دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ حُضُور اکرم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے طفیل حضرت مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری دامت برکاتہم العالیہ کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور آپ کو مزید اہلسنّت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1022} حضرت مولانا محمد ممتاز احمد باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ نعمانیہ رضویہ، حامد آباد، لیّہ، پنجاب، پاکستان)

عُریانی اور فحاشی کے اِس عالمگیر ماحول میں ضرورت تھی کہ ایک ایسا اِسلامی چینل ہونا چاہیے جو معاشرے کو عُریانی اور فحاشی سے محفوظ کرے اور بد مذہب لوگوں کو بھرپور جواب دے اور مسلمانوں خُصُوصاً نوجوان نسل کے دِلوں میں عشقِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور عشقِ رسالت مآب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کوٹ کوٹ کر بھر دے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ **مَدَنی چینل** ان تمام تقاضوں کو اَحسَن طریقے سے پورا کر رہا ہے اور مسلکِ اعلیٰ حضرت کی ترویج کر رہا ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دن دُونی اور رات چُوگنی ترقی عطا فرمائے اور یہ چینل اپنی مدنی مُشکبار بہاریں اسی طرح مسلمانوں کے لیے عُمُوماً اور اہلسنّت کے لیے خُصُوصاً پیش کرتا رہے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1023} خلیفۂ قطبِ مدینہ حضرت مولانا الٰہی بخش ضیائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اہلسنّت، شاداب کالونی، علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو مرکز الاولیاء لاہور)

فرمانِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ ''اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ'' (پ ١٤ النّحل ١٢٥)

(ترجمۂ کنزالایمان: اپنے ربّ کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر اور اچھی نصیحت سے۔) پر عمل کرتے ہوئے دعوتِ اسلامی اہلسنّت و جماعت کی طرف سے اس وقت تبلیغ دین کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو دِن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور اس کے **مدنی چینل** کو نظرِ بد سے بچائے۔ امین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد

{1024} حضرت مولانا محمد یوسف رضا قادری اختری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اہلسنت و بانی ایم۔یو۔ایف۔ہند)

وہ ساعت بھی کتنی مقدس تھی جب مسلمانانِ عالم کی اصلاح کے لیے دعوتِ اسلامی کی بنیاد رکھی گئی۔ کسے معلوم تھا کہ دیکھتے ہی دیکھتے یہ تحریک بحر و بر کی وسعتوں میں پھیل جائے گی اور افکار و اعمال کے اصلاح کی سب سے بڑی تحریک بن جائے گی۔ مولانا الیاس قادری صاحب قبلہ کی مساعی جمیلہ کے نتیجے میں آج دعوتِ اسلامی 66 (تاحال ڈیڑھ سو سے زائد) ممالک میں قائم ہو چکی ہے اور کروڑوں مسلمان اس تحریک کے ذریعہ صوم وصلوٰۃ اور سنت نبوی کے پابند ہو گئے ہیں۔

اِس تحریک کی کامیابی کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اسے ایک انتہائی مخلص اور باعمل قائد و امیر نصیب ہوا۔ مولانا الیاس قادری صاحب جہاں ایک باعمل داعیٔ اسلام ہیں وہیں اِنتہائی اعلیٰ دِماغ، دور اندیش، بااخلاق، منکسر المزاج، متحمل و بردبار، منصوبہ ساز، عاشق رسول اور قائدانہ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ غرضیکہ ایک کامیاب قائد

وا میر ہونے کے لیے جتنے اوصاف جمیلہ کی ضرورت ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے وہ سب کے سب آپ کو عطائے فرمائے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج مولانا کی تحریک دنیا بھر میں اہلسنّت وجماعت کی سب سے بڑی اور مضبوط تحریک ہے۔

مولانا نے دعوت وتبلیغ کے لیے صرف اجتماعات تک اپنی کارکردگی کو محدود نہیں بنایا بلکہ انہوں نے دین و سنیت کے استحکام کے لیے پوری دنیا میں عموماً اور پاکستان میں خصوصاً بے شمار مدارس دینیہ بھی قائم فرمائے، جہاں ہزاروں طلباء زیورِعلم سے آراستہ کیے جارہے ہیں۔ نیز ''مکتبۃ المدینہ'' کے نام سے ایک اشاعتی ادارہ قائم فرمایا جو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ والرضوان کی کتب کے ساتھ ساتھ علمائے اہلسنّت کی قدیم وجدید کتابوں اور مولانا کے اصلاحی رسالوں کو بڑے پیمانے پر چھاپ کر شائع کررہا ہے۔ حال ہی میں مکتبۃ المدینہ نے ایک تاریخی کارنامہ انجام دیا ہے۔ مجدد اسلام اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ العزیز کے فتاویٰ کا مجموعہ ''فتاویٰ رضویہ'' کو کمپوز کر کے اس کی وی سی ڈی بنادی ہے جس کی بنیاد پر فتاویٰ رضویہ کا مطالعہ کمپیوٹر کے ذریعہ باآسانی کیا جاسکتا ہے، ایک بہت بڑی سہولت یہ ہوگئی کہ مفتیانِ کرام اگر فتاویٰ رضویہ سے کوئی حوالہ نقل کرنا چاہیں تو مطلوبہ عبارت کو Copy کر کے الگ سے اپنے فتوے میں چسپاں (Paste) کرسکتے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کا یہ کارنامہ بھی غیر معمولی کارنامہ ہے۔ اس کے علاوہ بے شمار علاقوں اور ملکوں میں تربیتی مراکز قائم فرمائے اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ تحریک کے ذمہ داران جس علاقے میں ضرورت محسوس کرتے ہیں وہاں مسجد و مرکز قائم کردیتے ہیں۔

دین وسنیت کا مختلف جہتوں سے کام کرنے والی اس عالمگیر تحریک نے حال ہی میں **مدنی چینل** کے نام سے ایک ٹی وی چینل بھی شروع کردیا ہے۔ ٹی وی چینل شروع کرنا دعوتِ اسلامی کے انتہائی مستحکم تحریک ہونے کی بہت بڑی دلیل ہے۔ اپنے مشن اور اپنی آواز کو دُنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچانے کے لیے ٹی وی چینل شروع کرنے کا یہ فیصلہ یقیناً مولانا الیاس قادری صاحب کا قابلِ تحسین اِقدام ہے اور اس بات کی علامت بھی کہ وہ عصر حاضر کے تقاضوں سے پوری طرح واقف ہیں۔ موجودہ دور میں میڈیا کتنی بڑی طاقت ہے اس کا اندازہ ہر دانشمند کو ہے۔ انسانی دلوں

پر حکومت کرنے کے لیے قلم اور خطاب کی تاثیر کی دنیا ایک زمانہ سے قائم ہے۔ لیکن اب اس میں میڈیا کا بھی اضافہ کرنا ہوگا۔ اس لیے کہ ماضی میں افکار ونظریات کی تعمیر کا جو کام قلم اور خطاب سے کیا جاتا تھا وہی کام اب اس سے زیادہ مؤثر انداز میں میڈیا سے لیا جارہا ہے۔ اس کی تاثیر کا حال یہ ہے کہ آپ چند سیکنڈوں میں پوری دنیا میں اپنی آواز کروڑوں انسانوں تک پہنچاسکتے ہیں اور اس کے ذریعہ نظریات بدلے جاسکتے ہیں، فکر بدلی جاسکتی ہے، تاریخ کا دھارا موڑا جاسکتا ہے۔ دُنیا کی بہت ساری قومیں اپنے مذہبی نظریات کی تبلیغ کے لیے اس کا استعمال کررہی ہیں بلکہ یہود ونصاریٰ تو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف غلط فہمی پیدا کرنے کے لیے اس کا استعمال ایک عرصہ سے کررہے ہیں جسے دیکھ کر ہمارا دل ہمیشہ مضطرب رہتا تھا لیکن اسباب ووسائل کی کمی کی وجہ سے اس کے مقابلہ میں ہم نہ کوئی ٹی وی چینل شروع کرسکتے تھے اور نہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پھیلائی جانے والی غلط فہمیوں کا جواب اسی انداز میں دے سکتے تھے۔

لیکن اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اہلسنّت وجماعت کی ایک تحریک اسباب ووسائل کے لحاظ سے اس قابل ہوگئی کہ اس نے اپنا چینل شروع کردیا تو یہ بات ہمارے لیے انتہائی خوشی کا باعث ہے کہ آج ہماری ایک بے بسی وبے کسی دور ہوگئی اور اب ہم بہت حد تک اس قابل ہوگئے کہ اغیار کی پھیلائی ہوئی گمراہیوں کا جواب دے سکیں۔ **مدنی چینل** کی سب سے بڑی جو خصوصیت ہے وہ یہ ہے کہ اس پر آپ کو نہ عورتیں نظر آئیں گی اور نہ میوزک کی آواز۔ **مدنی چینل** اس طرح کی کمزوریوں اور خامیوں سے پاک خالص مذہبی چینل ہے اس لیے کہ یہ چینل ایک ایسی مذہبی تحریک کے زیرِ اہتمام ہے جو شریعت کے تقاضوں کی پامالی ہرگز گوارا نہیں کرسکتی۔ امید ہے تحریک کے ذمہ داران ہمیشہ اس بات کا التزام کریں گے۔ میرا خیال یہی ہے کہ آپ لوگوں نے میدانِ جنگ میں امتِ مسلمہ کو وہی ہتھیار فراہم کردیا ہے جس کی اسے اپنے بقا کے لیے ضرورت تھی، اس کے ذریعہ اپنا دفاع بھی کیا جاسکتا ہے اور دشمن کی کاٹ بھی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1025} حضرت مولانا مفتی محمد جمال اختر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ احسان العلوم کریم الدین پور گھوسی ہند)

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم سے وبعنایت رسول اکرم صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم دعوتِ اسلامی ایک غیر سیاسی تحریک محض دینی وملی اصلاحی تحریک ہے کیونکہ صرف تقریر کے ذریعے تبلیغ کا کام درکار نہیں لہٰذا عملی میدان میں ہر پہلو سے تبلیغ کو عام کرنا بہت ضروری ہے۔ **مدنی چینل** سے دین کی بات ہر اسلامی بھائی کے گھر میں پہنچانا ہم سب برادرانِ اسلام کا دینی وملی وقومی وملکی فریضہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1026} حضرت مولانا محمد ریاض گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ مہریہ تعلیم القرآن جامع مسجد رحمٰن چوک مدینۃ الاولیاء ملتان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ علی احسانہ امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے فیوض وبرکات سے لاکھوں نوجوان مسلمانوں کے دلوں میں خشیتِ الٰہی اور عشقِ رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی شمع جلی اور اس پُرفتن دور میں نیکی کی دعوت دینا اور کسی کو برائی سے روکنا بہت بڑا جہاد ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ کام دعوتِ اسلامی نے بہت احسن طریقے سے شروع فرمایا۔ درس وتدریس کے ذریعے اور قافلے مختلف مقامات پر جا کر پیارے آقا صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری سنتوں پر عمل پیرا ہونے کی دعوت کو عام کر رہے ہیں۔ اب چونکہ جدید دور ہے، سائنسی دور، ٹیکنیکل دور اور میڈیا کا دور، بہت سے چینل پاکستان میں قائم دائم ہیں جس میں مختلف قسم کے پروگرام نشر ہوتے ہیں لیکن ایسا چینل کوئی نہ تھا جو صرف مدنی آقا صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی سنتوں کا پرچار

کرے۔ یہ شرف صرف **مدنی چینل** کو ہی نصیب ہوا جس میں اسلامی بھائی آ کر بہترین انداز میں مختلف اسلامی موضوعات پر بیانات کرتے ہیں جن کو سُن کر کافی نوجوانوں کے دل میں تڑپ پیدا ہوتی ہے کہ ہم بھی اسی طرح تبلیغ کا کام کریں اور اسی طرح نعتِ رسول مقبول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے پڑھنے کی سعادت حاصل کریں۔ **مدنی چینل** تبلیغی چینل ہے جس سے ہر گھر میں عشقِ رسول مقبول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی شمع جلے گی، جو لوگ دین سے دور ہیں ان کی اصلاح ہو گی، ہر گھر میں اللہ تعالٰی کی عبادت کرنے کا پیغام پہنچے گا، اس چینل سے ہم سب کی دین و دنیا بہتر ہو گی، اچھے اچھے پروگرام نشر ہوں گے، لوگوں کی اور ہم سب کی اصلاح ہو گی، دین سے دوری نہیں ہو گی بلکہ دین کے ساتھ محبت ہو گی۔ میری دعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو قائم و دائم فرمائے اور اس چینل کے بانیان، عملہ، معاونین اور مخلصین کو کامیاب و کامران کرے، دارین کی سعادتیں نصیب فرمائے آمین ثم آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1027} حضرت مولانا محمد خدا بخش چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ عربیہ دار العلوم نوریہ سعیدیہ رشید آباد مدینۃ الاولیاء ملتان)

دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** دین اسلام کی ترویج و اشاعت میں بہت اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اللہ رب العزت اس **مدنی چینل** کو مزید کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** دین اسلام کی اشاعت کے لیے عصرِ حاضر کی اہم ضرورت تھی، اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1028} حضرت مولانا محمد قاری امیر بخش مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد فرید سکھرا شاہ فیصل کالونی مدینۃ الاولیاء ملتان)

جب سے ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ ہمارے مسلک حق کا **مدنی چینل** چل رہا ہے تو ہمیں بہت زیادہ خوشی ہوئی۔ اکثر و بیشتر اس چینل کو دیکھتے ہیں، ہمارے مسائل کے حل ملتے ہیں، دین حق، نعت خوانی، دعا اور اذکار کے بارے میں بہترین معلومات ملتی ہیں۔ یہ اہلِ اسلام کی بہت بڑی خدمت ہے۔ اس چینل کے بہت سے اثرات لوگوں پر پڑ رہے ہیں۔ کئی گھروں میں لوگ اس چینل کو دیکھتے اور استفادہ کرتے ہیں۔ ہم حضرت علامہ محمد الیاس قادری مدظلہ العالی کو دل کی گہرائیوں سے دعا دیتے ہیں جنہوں نے دعوتِ اسلامی کی بنیاد رکھی اور اس میں مزید کاوشیں کیں جن کو دن بدن مزید عروج مل رہا ہے، اللہ تعالیٰ اس جماعت کو قائم رکھے اور ترقیاں دے۔ آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1029} حضرت مولانا محمد حافظ غلام شبیر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن مدینۃ الاولیاء ملتان)

جب سے یہ معلوم ہوا ہے کہ **مدنی چینل** کے نام سے ایک چینل کا اجراء ہوا ہے تو یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دینِ اسلام کی اشاعت کے لیے پہلے بھی دعوتِ اسلامی کی خدمات بے شمار ہیں، جس کی بدولت دنیا بھر میں اسلام کی اشاعت ہوئی ہے۔ امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا ابو بلال محمد الیاس قادری مدظلہ العالی نے **مدنی چینل** کا اجراء کر کے بہت اہم فریضہ انجام دیا ہے، اس سے پہلے لوگوں کے بچے گانے گاتے ہوئے نظر آتے تھے۔ اب اس چینل کی بدولت وہی بچے سرکارِ رسالت صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی نعتوں کے گُن گا رہے ہیں، اللہ تعالیٰ امیرِ اہلسنّت کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ (آمین)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1030 }حضرت مولانا حافظ محمد قاسم سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ انوار العلوم مدینۃ الاولیاء ملتان)

جب سے معلوم ہوا ہے کہ **مدنی چینل** کے نام سے مسلک حق اہل سنّت کی ترویج واشاعت کے سلسلہ میں ابتداء ہوئی ہے انتہائی خوشی ہے اور میں باقاعدہ **مدنی چینل** دیکھتا ہوں۔جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ عوام الناس کی دین سے دوری ہے اسلئے مسائل کے حوالے سے **مدنی چینل** بہت ہی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔اور اس میں یہ بہت ہی خوشی کی بات ہے کہ اس میں بالخصوص عورتوں کی تصاویر سے اجتناب کیا گیا ہے۔یہ اسلامی شریعت واحکامات کے عین مطابق ہے اور یہ چینل دینِ متین کی ترویج واشاعت میں نہایت ہی اہم رول ادا کر رہا ہے، اور بالخصوص مسلک حق اہل سنت کے حوالے سے ایک عظیم الشان انقلاب آئے گا۔

اللہ تعالیٰ اس چینل کو مزید دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ مسلکِ حق اہلسنت اور دعوتِ اسلامی کو ہمیشہ زندہ تابندہ رکھے اور حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار دامت برکاتہم العالیہ کی عمر دراز فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1031 }حضرت مولانا محمد حافظ عبد الرزاق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ غوثیہ ہدایت القرآن ممتاز آباد مدینۃ الاولیاء ملتان)

ہم **مدنی چینل** کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں اس کو سنتے دیکھتے ہیں اور ہمارے مسئلے حل ہوتے ہیں۔لہٰذا اس کو جاری رکھا جائے۔ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ اس نیک کام میں ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1032} حضرت مولانا محمد رب نواز سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ انوار العلوم، جامع مسجد غوثیہ حنفیہ پیر کالونی نمبر ۳ مدینۃ الاولیاء ملتان)

مسلکِ اہل سنت کی ترویج واشاعت کے لیے ہماری دعوتِ اسلامی نے بہت اچھا **مدنی چینل** شروع کیا ہے، اس میں بچے بھی سر پر عمامہ شریف سجائے، سنتوں کے پیکر نعت پڑھتے، بیان کرتے نظر آتے ہیں۔ ان کو دیکھ کر دل میں حسرت ہوتی ہے ہمارے بچے بھی اس ماحول سے وابستہ ہو جائیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1033} حضرت مولانا محمد قاری شہزاد حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ممتاز آباد مدینۃ الاولیاء ملتان)

مدنی چینل یہ بہت ہی اچھا ہے اور اس کو مزید آگے چلانا چاہیے کیونکہ اس سے لوگوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے، دین کی معلومات بھی ہوتی ہے اور زندگی بسر کرنے کے طریقے بھی معلوم ہو رہے ہیں۔ ہم لوگ، ہمارے بچے، دوست اور اہلِ علاقہ اس کو توجہ سے سنتے ہیں اور بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللّٰہ تعالٰی اس نیک کام میں ترقی عطا فرمائے۔ (آمین)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1034} حضرت مولانا محمد حافظ اقبال سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(عربی ٹیچر نشاط ہائی اسکول مدینۃ الاولیاء ملتان)

مدنی چینل کے ذریعے کروڑوں لوگوں کو تبلیغ کی جارہی ہے اس کے جتنے محاسن لکھے جائیں کم ہیں، میرے خیال میں تو اس کا نام **مدنی تبلیغ** ہونا چاہیے تھا کیونکہ اس پرفتن دور میں جہاں شیطانی کام پورے عروج پر ہوں یہ مدنی تبلیغ ایسے ہے جیسے رات کے اندھیرے میں روشنی کی چمک۔ اس مدنی تبلیغ کے شروع کرنے پر میں دعوتِ اسلامی والوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ کہا جاتا ہے: ''سوسنار کی، ایک لوہار کی''۔ اس کی جگہ میں یہ کہنا چاہوں گا: ''سوسنار کی، ایک عطار کی''۔ علامہ الیاس عطار قادری دامت برکاتھم العالیہ نے یہ کام کرکے ہمارے دل جیت لیے ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ اس کام اور تبلیغ کو تاقیامت جاری رکھے تاکہ اس سے کروڑوں لوگ مستفید ہوتے رہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1035} حضرت مولانا محمد حافظ نذر حسین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ اسلامیہ انوار العلوم ٹی بلاک مدینۃ الاولیاء ملتان)

سب سے پہلے تو امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور **مدنی چینل** کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ **مدنی چینل** کو مزید ترقی عطاء فرمائے اور اس کے ذریعہ سے دین اسلام اور مسلک حق اہلسنّت کو فروغ عطا فرمائے۔ **مدنی چینل** کی ساری نشریات بڑی مبارک ہیں اور ماہِ صفر المظفر میں جو ہفتہ اعلیٰ حضرت اور پھر ربیع الاول شریف میں عشق مصطفیٰ کی جو شمعیں روشن کیں قابلِ دید تھیں۔ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی خوبصورت نصیحت آموز باتیں، وضو اور نماز کے مسائل یہ عام لوگوں کے لیے بڑے فائدے مند ثابت ہورہے ہیں۔ جب سے **مدنی چینل** کا اجراء ہوا ہر گھر بچہ بچہ اپنی زبان سے بولتا ہوا نظر آتا ہے: ''ہم کو بلانا مدنی مدینے والے۔''

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب!　　　صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1036} حضرت مولانا محمد حافظ سلطان سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ انوار العلوم مدینۃ الاولیاء ملتان)

یہ حقیقت اظہر من الشّمس ہے کہ **مدنی چینل** عالم اسلام کے لیے بہت اچھا چینل ہے جس سے معاشرہ کی بہت اصلاح ہورہی ہے اور اس پرفتن دور میں یقیناً **مدنی چینل** کا اجراء ایک نعمتِ عظمی ہے۔ ہم نے جب سے **مدنی چینل** کی تعریف سنی اور کسی دوست کے گھر **مدنی چینل** دیکھا تو ضروری سمجھا کہ بچوں کو یہ چینل دیکھنا چاہیے اور جب ہم نے گھر میں ٹی وی رکھا تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمارے جن بچوں کی زبان پر گانے ہوتے تھے اب ان کی زبان پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ نعت رسولِ مقبول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم ہوتی ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللّٰہ تعالٰی **مدنی چینل** کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب!　　　صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1037} حضرت مولانا قاری محمد اکرم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد غوثیہ بستی لائر بونس روڈ مدینۃ الاولیاء ملتان)

میں کافی عرصے سے دعوت اسلامی کے اجتماع میں شرکت کرتا ہوں لیکن جب سے **مدنی چینل** کا آغاز ہوا تو سونے پہ سہاگہ ہوگیا ہے۔ یہ سارا ایوارڈ ہمارے قائد و امیر حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی صاحب کو جاتا ہے۔ اللّٰہ تعالٰی ان کی عمر دراز فرمائے اور ان کا سایہ ہمارے سروں پر قائم و دائم رہے اور انہوں نے جو دین کا بیڑا اٹھایا ہے اللّٰہ تعالٰی اُن کی غیبی امداد فرمائے۔ **مدنی چینل** کو کوئی زیادہ عرصہ نہیں ہوا لیکن گلی گلی اور کوچے کوچے میں نعتوں کی یا الصلوۃ والسلام علیك یارسول اللّٰہ کی صدائیں آتی ہیں اور یہ **مدنی**

چینل غیر مذہبوں کے لیے ایٹم بم کا کام کر رہا ہے۔اللہ تعالیٰ اس بہار کو قیامت تک نظر بد سے محفوظ رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1038} حضرت مولانا قاری خدا بخش سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد سعیدیہ انوار مدینہ ٹمبر مارکیٹ مدینۃ الاولیاء ملتان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ نے جو **مدنی چینل** جاری کیا ہے یہ ہماری آنے والی نسل کے لیے بہت ہی اچھا قدم ہے۔ ان شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آنے والی نسل بد مذہبیت سے بچتے ہوئے گستاخیِ رسول سے محفوظ رہے گی۔اس کے ذریعے ہر مومن کو عشقِ رسول کا سبق پڑھایا جائیگا اور گانوں اور فحاشی کا مقابلہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے دین سے کیا جائے گا۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کے ذریعے سے کثیر تعداد میں سنی عُلماء کی زیارت سے ہم سب مستفیض ہو رہے ہیں۔اللہ کریم ہم سب کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے دین پر عمل کر کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1039} حضرت مولانا قاری محمد اعجاز سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدنی یونس روڈ مدینۃ الاولیاء ملتان)

مدنی چینل دیکھنے سے پہلے جب میرا چھوٹا بچہ کہتا ہے کہ **مدنی چینل** لگاؤ تو مدنی چینل لگانے سے پہلے ہی مدنی نام کی برکتیں اسے حاصل ہو جاتی ہیں۔جس کے نام میں اتنا مزہ ہے تو اس چینل کو دیکھنے سے کتنے فوائد حاصل ہوں گے۔یہی وجہ ہے کہ آج ہمارے بچوں میں محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی محبت کا جذبہ پیدا ہو رہا ہے۔جو بچے پہلے گلیوں میں کھیلتے تھے آج **مدنی چینل** کے سامنے بیٹھ کر حضور سراپا نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ

وسلم کی شان سن کر آنکھوں سے موتیوں کی طرح آنسو پیارے محبوب صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی بارگاہ میں تحفے پیش کر رہے ہیں۔

جن بچوں کو کرکٹ کھیلتا دیکھتے تھا، اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ نعتوں کے پھول اپنے دل میں سجا کر ہر جُمُعَہ کو حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت میں جھوم کر نعتیں پڑھتے ہیں۔ جو بچے جمعۃ المبارک کو عین جُمُعَہ کی اذان اور نماز کے وقت گانے سنتے اور دیکھتے تھے آج وہی بچے جمعۃ المبارک کی نماز کے بعد درود وسلام پڑھتے نظر آتے ہیں۔ بچوں کے اندر اس **مدنی چینل** نے اتنا شعور پیدا کر دیا ہے کہ بچے بُرے لوگوں کو دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے، ان ننھے منے بچوں کے چہروں پر نور جھلکتا دیکھ کر دل خوش ہو جاتا ہے۔ جب بچے مدینے والے کی یاد میں **مدنی چینل** کو دیکھ کر روتے ہیں تو ان کو دیکھ کر حضرت معاذ اور معوذ رضی اللہ تعالٰی عنہما کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالٰی ترقی عطا فرمائے۔ آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللہ تعالٰی علٰی محمّد

{1040} حضرت مولانا حافظ شوکت حسین فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد والی اللہ بستی مدینۃ الاولیاء ملتان)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو باقی ٹی وی چینلز سے جو انفرادی حیثیت حاصل ہے وہ عالمِ اسلام کے لیے باعثِ فخر ہے۔ دل میں کافی عرصہ سے یہ خواہش تھی کہ امیر اہلسنّت کی طرف سے کوئی ایسا کرم ہو کہ ہم براہ راست ان کی زیارت سے بھی مشرف ہو سکیں۔ **مدنی چینل** کے واسطے سے ہماری یہ خواہش پوری ہو رہی ہے۔ ایک دن میں خود بیٹھا **مدنی چینل** دیکھ رہا تھا کہ امیر اہلسنّت خود عورتوں اور مردوں کی نماز کا طریقہ بمع رکوع وسجود ارشاد فرما رہے تھے جسے دیکھ کر دلی خوشی محسوس ہوئی اور یہ اطمینان قلبی حاصل ہوا کہ اب ہمارے اسلامی

بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی نماز سنت کے مطابق ادا ہو گی۔ کئی چینلز کی وجہ سے باطل کو جو فروغ مل رہا تھا اس کو روکنے کے لیے ایسے کام کی سخت ضرورت تھی جس کی بہاریں ہم آج اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ اس سے مسلک اعلیٰ حضرت کو فروغ ملا اور یارسول اللہ کے نعرے ٹی وی پر گونجنے لگے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1041} حضرت مولانا قاری احمد دین نقشبندی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب ومہتمم جامع مسجد نور مدینہ زکریا ٹاؤن گلی نمبر 38 مدینۃ الاولیاء ملتان)

دینِ اسلام قیامت تک رہنے والا دین ہے۔ اس دین متین کی خدمت اور اسکا پرچار کرنے کے لئے حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کے زیرنگرانی ٹی وی چینل (**مدنی چینل**) دورِ حاضر میں خدمتِ دین کے لیے بھرپور انداز میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت صاحب کو مزید ایسے ایسے دین متین کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہودی اور طاغوتی طاقتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے اور دینِ اسلام کا پرچم پوری دنیا میں لہرانے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1042} حضرت مولانا محمد افضل اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد قاسم پور واپڈا کالونی مدینۃ الاولیاء ملتان)

دعوتِ اسلامی اہلِ سنّت کی عظیم اصلاحی تحریک ہے جس کے بانی حضرت مولانا محمد الیاس قادری صاحب دامت برکاتھم العالیہ ہیں۔ اَلْحَمْدُللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے زیرِ سایہ دینی کام احسن انداز میں ہو رہا ہے۔ وہ تمام اسلامی بھائی مبارک باد کے مستحق ہیں جنھوں نے صبح و شام ایک کر کے پرخلوص انداز میں دعوتِ اسلامی کے کام کو عبادت سمجھ کر کیا۔

موجودہ دور میڈیا کا دور ہے، اَلْحَمْدُللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس دور میں **مدنی چینل** کا آغاز اہلِ سنت وجماعت کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ **مدنی چینل** جہاں فحاشی وعریانی کے تدارک میں سنگِ میل ثابت ہوگا وہاں معاشرے کو حقیقی اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لیے بھی زبردست کردار ادا کرے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1043} حضرت مولانا محمد اقبال سکندر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، محلّہ حیدر پورہ مدینۃ الاولیاء ملتان)

دُنیا روز بروز نئی ایجادات اور نئے ٹیلی کمیونیکیشن سسٹم سے مستفید ہورہی ہے لہٰذا دورِ حاضر کے تقاضوں اور دُنیا تک پیغام رسانی اور اطلاعات ومعلومات کی ترسیل سائنسی انداز میں پہنچانا ضرورت کے معنی میں ہے۔ حالات اِس بات کا شدت سے تقاضا کررہے ہیں کہ اپنا پیغام کم وقت، کم خرچ اور زیادہ دور اور ہر طرف پہنچایا جائے۔ اگرچہ کیبل نیٹ ورک اِس کا ایک بہت اہم ذریعہ ہے مگر غلط اور شیطانی پیغام اِس انداز میں پھیل رہے ہیں تو ضروری ہے کہ خدائی اور رحمانی پیغام بھی اصلاح وتبلیغ کے نقطۂ نظر سے زیادہ مؤثر انداز میں پھیلایا جائے۔ **مدنی چینل** کا آغاز بالکل انہی مقاصد کے پیشِ نظر کیا گیا ہے، جس کے دو اہم فوائد ہیں۔ (اول) اللّٰہ اور اُس کے رسول کی یاد میں وقت کا گزرنا۔ (دوم) شیطانی دُنیا سے نجات۔ نیز جو لوگ کسی مجبوری کے باعث محافل میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں تو وہ اس چینل کی مدد سے مسائل، ذکرو اذکار، ثناء خوانی اور اللّٰہ ورسول کی محبت واطاعت کی گفتگو احسن طریقہ سے گھر بیٹھے سُن اور سمجھ سکتے ہیں۔ دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس **مدنی چینل** کو عزت وترقی عطا فرمائے اور اُمتِ مُسلمہ کو فائدہ بہم پہنچائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1044 }حضرت مولانا ابوالخیف محمد حنیف ضیغم مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(غازی آباد مرکز الاولیا لاہور)

اسلام ایک ایسا مکمل و اکمل دین متین ہے جو ہر انسان کی ہر ضرورت کو ہر دور میں پورا کرنے کی بخوبی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ دور برق رفتاری کے ساتھ انسانی ضروریات کو پورا کرنے کا خواہاں ہے۔ مذہبی ضرورت سب سے اہم ضرورت ہے، اس کو پورا کرنا ہر مسلمان کی دلی خواہش بھی ہے اور حکمِ شریعت بھی۔ آج اس میڈیا کے دور میں دعوتِ اسلامی کے **مدنی چینل** نے مسلمانوں کی مذہبی ضرورت کو اس وقت پورا کیا جب عریانی وفحاشی ایک طرف مسلمانوں کی حیاء کی جڑیں کاٹ رہی ہے اور دوسری طرف بدعقیدگی اور غیر مسلم طاقتیں مسلمانوں کے نظریات کی پامالی کا باعث بن رہی ہیں۔ **مدنی چینل** نے ان دونوں مشکلات کو حل کرنے کی سعی جمیل کی ہے۔ خدا تعالیٰ حامی و ناصر ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1045 }حضرت مولانا محمد یار قادری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ ٹبر شیر کوٹ پاکپتن شریف)

دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** روح کی غذا ہے۔ **مدنی چینل** مسلمانوں کے لیے ایک بہترین چینل ہے اور لوگوں کو گناہوں سے نکال کر نیکیوں کی طرف راغب کررہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم و دائم رکھے اور اللہ تعالیٰ **مدنی چینل** کو ترقی دے۔ جب **مدنی چینل** دیکھتا ہوں تو میرا دل باغ باغ ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو سلامت رکھے۔ (آمین)

اللّٰہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1046} حضرت مولانا اسماعیل رضوی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال تحصیل عارف والاضلع پاکپتن شریف)

دعوتِ اسلامی نے جس انداز میں شروع سے کام کیا اور شریعت اور سُنّت کے مطابق فرائض سرانجام دیئے ہیں بالکل اسی طرز پر میڈیا پر آ کر سو فیصد شریعت و سنت کے مطابق جھلکیاں نظر آ رہی ہیں۔ جس طرح مدنی انعامات اور مدنی قافلوں کی برکت سے لوگوں میں عمل کا جذبہ بیدار ہو رہا ہے اِسی طرح **مدنی چینل** کی برکت سے علم کا جذبہ اُجاگر ہو رہا ہے۔

اللّٰہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1047} حضرت مولانا عبداللّٰہ نوری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب دربارِ عالیہ حضرت بابا سید محمد ظفر شاہ رحمۃ اللہ علیہ پاکپتن شریف)

مدنی چینل پرغیبت کے متعلق بیان سنا جو مولانا محمد عمران صاحب مدظلہ العالی نے فرمایا، ایسے سوز و رقت کے ساتھ دل کا دُکھ بیان فرمایا کہ دل کی دنیا ہی بدل گئی۔ ان شاءاللّٰہ عَزَّوَجَلّ جو بھی ایسے بیان سُنے گا دل خود بخود گناہ سے ہٹ کر نیکی کی طرف مائل ہوتا چلا جائے گا۔ اللّٰہ تعالیٰ **مدنی چینل** کی ٹیم اور امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کو اور زیادہ ہمت و طاقت دے کہ وہ مسلمانوں کو گناہوں کے عمیق گڑھے سے نکال کر نیکی کے گلستان میں پہنچائیں۔

اللّٰہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1048} حضرت مولانا محمد صدیق قادری مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ پیر کریاں پاکپتن شریف)

دعوتِ اسلامی کی غیر سیاسی اور عالمگیر تحریک کا ''مدنی چینل'' کا سلسلہ شروع کرنا اُمّت پر بہت بڑا احسان ہے۔ **مدنی چینل** کے ذریعے آج لوگوں کے عقائد واعمال دُرست ہو رہے ہیں، بے حیائی کا خاتمہ اور نیکیوں کا سلسلہ بڑھ رہا ہے۔ لوگ سکون کے متلاشی تھے، **مدنی چینل** کے آنے سے لوگوں کو سکون اور راحت نصیب ہوئی، ہماری اسلامی بہنوں کو گھر بیٹھے پردے میں دین کی معلومات اور دیگر مسائل سیکھنے کا موقع مِلا، بےعمل لوگ باعمل بننے لگے، گانوں باجوں اور فلموں ڈراموں کے شائق اب **مدنی چینل** کے ذریعے اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر بنانے کی کوشش میں لگ گئے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ اور تمام دعوتِ اسلامی والوں کو سلامت رکھے جن کی محنتوں، کوششوں اور قربانیوں سے **مدنی چینل** کی ترکیب بنی۔ **مدنی چینل** کیا آیا اُمت کی اصلاح اور گھروں، دکانوں اور جگہ جگہ رحمتیں برسنے لگیں۔ (سبحان اللّٰہ عَزَّوَجَلّ) اللّٰہ عَزَّوَجَلّ **مدنی چینل** کو بُری نظر سے بچائے اور اسے مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1049} حضرت مولانا حافظ غلام یسین قادری مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد رمضانیہ چوک بائی پاس، تحصیل وضلع پاک پتن شریف)

میں نے جب **مدنی چینل** کو دیکھا تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل میرا ایمان تازہ ہو گیا۔ یہ چینل بے حیائی اور ہر قسم کے عیب سے پاک ومنزہ ہے۔ یہی چینل ہے جو خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ و عشقِ مصطفٰے کا پیغام گھر گھر، دکان دکان، ہسپتال اور دفاتر میں پہنچانے کی سعی جمیل کر رہا ہے، اللّٰہ تعالٰی اس **مدنی چینل** کو دن رات ترقیاں عطا فرمائے۔ (آمین)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1050} حضرت مولانا پیر محسن فرید چشتی صابری مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ پیر کرم اللہ شاہ تحصیل وضلع پاک پتن)

یہ بات اظہر من الشّمس ہے کہ الیکٹرانک میڈیا اب اسی طرح چھا گیا ہے کہ معاشرہ کے اصلاح و بگاڑ میں اس کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ احباب دعوتِ اسلامی نے وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اور معاملے کی سنجیدگی کو بھانپتے ہوئے، مغربیت نواز چینلز کا بھرپور انداز میں جواب دیتے ہوئے خالصتاً تبلیغ و اصلاحی نوعیت کے چینل کا آغاز کیا ہے۔ عوام کی طرف سے بھی اس کو پذیرائی ملی ہے۔ یہ چینل مکمل ضابطہ حیات ہے اس لیے یہ اسلامی چینل اپنے مختلف پروگراموں کے ذریعے زندگی کے ہر گوشے پر روشنی ڈالتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ **مدنی چینل** لوگوں کی توجہ کا مرکز بنتا چلا جا رہا ہے۔ ع یہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی، کے مصداق عشقِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی جو شمع **مدنی چینل** کی صورت میں فروزاں کی گئی ہے۔ ان شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ چاردانگ عالم کو منوّر کرے گی۔ اللّٰہ تعالٰی کارکنانِ دعوتِ اسلامی کو اِس کاوش پر اجرِ عظیم عطا فرمائے اور مخالفتوں کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کے لیے استقامت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1051} حضرت مولانا حافظ محمد نور احمد مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ہوتہ روڈ پاکپتن شریف)

اللّٰہ کے فضل سے دعوتِ اسلامی کی خدمات پہلے سے ہی بے شمار ہیں مثلاً ملتان میں ہونے والے بین الاقوامی

اجتماع نے ساری دنیا کے سنیوں کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اور جب سے **مدنی چینل** کا آغاز ہوا ہے اس کی برکت سے ہر خاص و عام مردوں اور عورتوں بالخصوص نوجوانوں کو علمِ دین، عمل اور عقیدے میں پختگی نصیب ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو ترقی عطا فرمائے۔ (آمین)

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صلَّى اللّٰه تعالٰی علٰی محمّد

{1052} حضرت مولانا غلام یامین قادری مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع انوار مدینہ کوٹ دیوان تحصیل وضلع پاک پتن)

اَلْحَمْدُ لله عَزَّوَجَل فقیر نے **مدنی چینل** کو دیکھا تو دل باغ باغ ہو گیا اور یہ وہ واحد چینل ہے جو اسلام کی صحیح معنوں میں تبلیغ فرما رہا ہے۔ اس پر فتن دور میں جہاں بے حیائی اور برائی پھیلانے کے اتنے گندے چینل ہیں تو دعوتِ اسلامی والوں نے اس کا قلع قمع کرنے کے لیے جو بیڑا اٹھایا ہے اللہ تعالیٰ ان کا حامی و ناصر ہو اور اس کی نصرت و حمایت ہر حال میں دعوتِ اسلامی والوں کے شامل حال رہے۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صلَّى اللّٰه تعالٰی علٰی محمّد

{1053} حضرت مولانا قاری محمد عباس سعیدی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(خطیب و امام جامع مسجد گنج شکر پاکپتن شریف)

مدنی چینل جو کہ دعوتِ اسلامی نے شروع کیا ہے اس نے لوگوں کی زندگی میں ایک ایسا انقلاب برپا کر دیا ہے کہ دنیا حیران رہ گئی ہے۔ اس کی برکت سے ایسے لوگوں کی اِصلاح ہوئی ہے جو کہ ہر وقت ٹی وی کی زینت بنے رہتے تھے، کئی لوگوں نے داڑھیاں سجائی ہیں اور باعمل بن گئے ہیں اور ان کا یہ نعرہ ہے: ''مدنی چینل ساڈی جان

اے۔''**مدنی چینل** کی برکت سے لوگوں کے کئی شرعی مسائل حل ہوئے اوران کوشرعی احکامات سے آ گاہی حاصل ہوئی ہے۔اگر خدانخواستہ مولانا الیاس قادری صاحب یہ کاوش نہ کرتے تو یہ معاشرہ بدعقیدگی ،گمراہی اور تباہی کے گڑھے میں مزید گرتا جاتا۔میری یہی دُعا ہے کہ خدا مولانا الیاس قادری صاحب کواور تمام ان سبز عمامے والوں کو شادوآ باد رکھے۔(آ مین)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1054} امام الصرف والنحو استاذ العلماء حضرت مولانا محمد ہاشم نوری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(سابق مدرس دارالعلوم حنفیہ نوریہ بصیر پور ضلع اوکاڑہ)

اللہ کریم جل وعلیٰ **مدنی چینل** کو خلقِ خدا عَزَّوَجَلَّ کے لیے نافع بنائے اوراس کو نظرِ بد سے محفوظ رکھے،ماشاءاللّٰہ عَزَّوَجَلّ احسن اقدام ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواوران کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1055} حضرت مولانا محمد لقمان نقشبندی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزار مدینہ،شاہ صدر دین ضلع ڈیرہ غازی خان)

امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی نے جودعوتِ اسلامی کا کام شروع کیا ہے یہ ایک ایمان کی حفاظت کی تحریک ہے۔**اَلْحَمْد لِلّٰہ** عَزَّوَجَل ہمیں بھی اس دعوت اسلامی سے بہت محبت ہے۔یہ **مدنی چینل** بھی اَلْحَمْد لِلّٰہ عَزَّوَجَل بے حیائی سے بچارہاہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں **مدنی چینل** کے پیغام کو عام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اوراس کامل ولی مولانا محمد الیاس عطار قادری کو عمر خضری اوران کا سایہ ہم پر تادیر نصیب

فرمائے۔آمین ثم آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صلَّى اللّٰه تعالٰى على محمّد

{1056 }حضرت مولانا حافظ محمد سردار احمد باروی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ بارویہ شمس المدارس تحصیل وضلع ڈیرہ غازی خان)

مدنی چینل کا قیام بے حیائی اور گمراہی کے خلاف بہت بڑا جہاد ہے۔اللہ تعالیٰ بطفیل حضور سرور کائنات صلّی اللّٰه تعالٰی علیه واٰلہٖ وسلّم ،**امیر اہلسنّت امیر دعوت اسلامی جناب مولانا محمد الیاس قادری** مدظله العالی کو دینِ اسلام کی خدمت کی مزید توفیق دے،آمین ثم آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صلَّى اللّٰه تعالٰى على محمّد

{1057 }حضرت مولانا حافظ حبیب اللہ تونسوی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(خطیب وامام اوقاف جامع مسجد دربار حضرت شاہ صدر دین ضلع ڈیرہ غازی خان)

امیر اہلسنّت محترم حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کا تبلیغ دین کے لیے دعوتِ اسلامی اور پھر **مدنی چینل** کا آغاز قابلِ تحسین اور اہلسنّت کے علماء پر جو احسان فرمایا ہے تمام اہلسنّت و جماعت انکے مشکور ہیں۔اللہ تبارک وتعالیٰ سے ملتجی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو عمرِ خضری اور اس دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی نصیب فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1058} استاذ القراء حضرت مولانا قاری برخوردار احمد سدیدی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ کریمیہ سریدیہ حسن پارک بلال گنج مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل دعوتِ اسلامی اس دورِ پُرفتن میں اہلسنّت و جماعت کی خیر خواہی کے لیے اپنے محاذ پر چومُکھی لڑائی لڑ رہی ہے، منجملہ دورِ میڈیا میں **مدنی چینل** کا اجراء بھی ہے جو ہر طرح کی فحاشی و عریانی سے مبرا و مُنزہ ہے۔ دعا ہے کہ مولا کریم جل جلالہ امیرِ اہلسنّت بانی دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ العالی جو دعوتِ اسلامی کی صورت میں پوری دُنیا میں چھا چکے ہیں اور آپ کے رفقاءِ کار کو **مدنی چینل** کے قیام پر بے پناہ اجر سے نوازے اور **مدنی چینل** کے فیض کو گھر گھر میں عام فرمائے۔ آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1059} حضرت مولانا سید محمد عمران علی شاہ نقشبندی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حنفیہ غوثیہ بریلویہ کریم پارک راوی روڈ لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل مجھے دعوتِ اسلامی سے پیار ہی نہیں اس پر فخر بھی ہے اور کیوں نہ ہو کہ دعوتِ اسلامی اللّٰہ عَزَّوَجَلّ کی وہ نعمتِ عظیمہ ہے جس کی برکت سے اہل سنت کی بہتری کے لیے اس وقت کم و بیش 40 (تا حال ستر) سے زائد شعبہ جات میں مثالی کام ہو رہا ہے۔ اِن شعبہ جات میں ایک انتہائی اہم شعبہ **مدنی چینل** بھی ہے، جس کے ذریعے مسلمانوں کے گھروں میں پائی جانے والی بے شمار مذہبی و اخلاقی برائیوں کا خاتمہ کرنے کی کوشش جاری ہے۔ میری قلبی دُعا ہے کہ رَبِّ کریم عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی جملہ مساعیٔ جمیلہ کو شرفِ قبولیت و دَرجۂ مقبولیت سے سرفراز فرمائے اور بانی دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ العالی کو اس چینل

کے اجراء پر اپنی بارگاہ سے بہت زیادہ اجر وثواب عطا فرمائے آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم ،

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1060} حضرت مولانا قاری مقبول احمد مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فرید نگر تحصیل وضلع پاکپتن)

بندۂ ناچیز زمانہ طالب علمی سے امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور دعوتِ اسلامی کی شریعت وطریقت کے میدان میں خدمات کا معترف ہے۔ اب دورِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے شریعت وسنّت کے دائرہ میں رہ کر بذریعہ **مدنی چینل** اسلام کی خدمات کا سلسلہ بے نظیر و بے مثال ہے۔

پورے عالمِ اسلام کے مسلمانوں کے لیے گھر بیٹھے علمِ دین فرائض، واجبات، سنن اور مستحبات سیکھنا آسان ترین ہو گیا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ بانی دعوتِ اسلامی کو استقامت وترقی عطا فرمائے۔ آمین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1061} حضرت مولانا حبیب اللّٰہ مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محکمہ زراعت جمالی چوک پاکپتن شریف)

امیر اہلسنّت، بانی دعوتِ اسلامی، حضرت العلام محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی اُمّتِ مسلمہ کی اصلاح وتربیت کے لیے کی گئی مساعئ جمیلہ کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اور یہ بھی ایک مسلمّہ حقیقت ہے کہ دورِ حاضر میں مغرب زدہ میڈیا نے نوجوان نسل کی اخلاقی حالت بگاڑنے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی تھی۔ اِس میدان میں بھی قبلہ حضرت صاحب کی کاوش جو **مدنی چینل** کی شکل میں سامنے آئی ہے، قابلِ صد تحسین ہے۔ دُعا ہے کہ قبلہ حضرت

صاحب کا فیض یونہی جاری وساری رہے اور **مدنی چینل** کے ذریعے اُن سے پوری دنیا مستفید ہو۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1062} حضرت مولانا نصیر احمد قادری مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(بانی ومہتمم جامعہ قادریہ نصیر العلوم، گلشن حیات پارک شاہدرہ مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اسلامی اہلسنّت کی نمائندہ جماعت ہے جس نے ہر شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ہمیشہ جماعت کی کامیابی افراد، مال اور علم کی ترقی پر منحصر ہوتی ہے۔ دعوتِ اسلامی علمی اداروں کی مضبوطی سے قائم ودائم ہے۔ قحط الرجال کی کمی علم سے پوری ہوتی جارہی ہے اور جماعت کی اشاعت کے لیے میڈیا ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔ دعوت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے احسن مشوروں کے مطابق **مدنی چینل** کا اجراء برموقع ہے۔ یہ اہلسنّت کی پہچان بن گیا اور ٹی وی پر آکر علماء کا بیان کرنا اس جماعت کی پائیداری کی ضمانت ہے۔ جماعت کے بانی مولانا محمد الیاس قادری صاحب کی زندگی اہلسنّت کے لیے نعمت ہے اور ٹی وی پر لوگوں کے مشکل مسائل یعنی علمی مسائل کا حل، بیماریوں کا علاج اور پریشانیاں دور کرنے کے لیے وظائف کا سلسلہ موجود ہے۔ مجھ سے ہائی کورٹ کے ایک سینئر وکیل نے کہا ہے کہ اہلسنّت کے لیے **مدنی چینل** کا اجراء ان کی پہچان اور بقاء کا ذریعہ ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1063} حضرت مولانا رحمت علی جماعتی نقشبندی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جماعتیہ رضویہ امیر روڈ بلال گنج مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل دعوتِ اسلامی کی مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ کے ذمہ داران تشریف لائے، بین الاقوامی اجتماع ملتان کی دعوت پیش کی اور **مدنی چینل** کا بھی ذکر ہوا۔ یہ میڈیا کے اس دور میں اہل سنّت کی ترویج واشاعت کے لیے عظیم کوشش ہے۔ میں اپنے پیرومرشد حضور قبلہ پیر سید جماعت علی شاہ صاحب محدث علی پوری رحمۃ اللّٰہ القوی کے وسیلہ جلیلہ سے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلّ کی بارگاہ میں دُعا گو ہوں کہ اللّٰہ تعالیٰ امیر اہل سنت بانی دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ العالی کو اس اہم کام پر اپنی بارگاہ سے اجر جزیل عطا فرمائے اور **مدنی چینل** کی حفاظت فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلّم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1064} حضرت مولانا صاحبزادہ پیر سید مہر امام شاہ گولڑوی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ غوثیہ مہرآباد شریف وجامعہ غوثیہ مہریہ لودہراں)

فقیر کو آپ کا **مدنی چینل** دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے، **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَل دعوتِ اسلامی اہلسنّت کی خلوص سے کام کرنے والی تحریک ہے۔ بالخصوص **مدنی چینل** کھولنا یہ صرف دعوت اسلامی کی ہی خصوصیت ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1065} حضرت مولانا قاری محمد رفیق مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ مدرسہ جامعہ سلیمانیہ تنویر القرآن دیوپل روہی نالہ روڈ کینٹ مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جہاں ہم پر دعوتِ اسلامی کے لاکھوں احسانات ہیں، انہی میں سے ایک احسان یہ بھی ہے کہ ہمیں میڈیا پر دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** دیکھنے کو ملتا ہے۔ میں شکر گزار ہوں دعوت اسلامی والوں کا اب ہمارے بچے فلموں ڈراموں کی جگہ **مدنی چینل** دیکھتے ہیں تو ہمیں بہت خوشی ہوتی ہے۔ خدا کرے کہ یہ **مدنی چینل** نظر بد سے محفوظ رہے، یقیناً یہ دین کی اشاعت ہے۔ دین کی اشاعت کے لیے ہمارے پیارے آقا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے پتھر بھی کھائے تھے اور مختلف تکلیفیں بھی برداشت کیں لیکن اپنے مقصد میں ڈٹے رہے اور دعوتِ اسلامی بھی سرکار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے دین کے کام میں مصروف عمل ہے۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ امیر اہلسنّت بانی دعوتِ اسلامی اور ان کے رفقاء کی کوششوں کو قبول فرمائے۔ آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علٰی محمّد

{1066} حضرت مولانا محمد ارشد مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد رحمانیہ غوثیہ سوڈا کینٹ مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اسلامی اپنے اس مقصد کے تحت کہ ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے'' ترقی پر ترقی کرتی جارہی ہے۔ آج نوجوان نسل کو سنتوں کے سانچے میں ڈھالنا بہت مشکل تھا لیکن اس تحریک نے ایک دو نہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کی اصلاح کی ہے۔ دعوتِ اسلامی علم وعمل کے لحاظ سے بہت مضبوط تحریک ہے۔ آج میڈیا میں ایسے چینل کی ضرورت تھی کہ جو اسلام کی اشاعت کرتا، دعوتِ اسلامی نے **مدنی چینل** کے ذریعے اس کمی کو بھی پورا کر دیا ہے۔ میں علماء سے بھی التجاء کرتا ہوں کہ بانی دعوتِ اسلامی مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب کی ہر معاملے میں معاونت کریں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1067} حضرت مولانا پیر سید فرخ شاہ مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ نقشبندیہ توحید آباد شریف نزد نواں پنڈ آرائیاں ضیاء کوٹ {سیالکوٹ})

اَلْحَمْدُ لله عَزَّوَجَل تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کم وبیش 66 (تا حال ڈیڑھ سو سے زائد) ممالک میں اللہ اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام پہنچا رہی ہے۔ یہ امیر اہلسنّت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت بر کاتھم العالیہ کی محنت کا نتیجہ ہے۔ اللہ اور اس کے رسول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا خاص فضل وکرم ہے، اللہ آپ کا سایہ تا دیر تمام مسلمانوں پر قائم رکھے۔ **اَلْحَمْدُ لله** عَزَّوَجَل دعوتِ اسلامی کا ایک اہم کام سنی علماء پر مشتمل علمی تحقیقی اور تصنیفی شعبہ **المدینۃ العلمیۃ** ہے جو اس وقت بڑی تیزی سے کام کر رہا ہے، وہ قابلِ صد تعریف ہے۔ **المدینۃ العلمیۃ** کی کچھ تصانیف ہمیں پہنچی ہیں، خدا گواہ ہے دل بہت خوش ہوا، **مدنی چینل** کے بارے میں لوگوں سے سنتے ہیں، ماشاء اللّٰہ بہت اچھا چینل ہے، اللّٰہ دعوتِ اسلامی کے دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1068} حضرت مولانا محمد ثقلین مہروی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدیہ رضویہ نیو سول لائن اسٹیڈیم روڈ سردار آباد فیصل آباد)

اللّٰہ کریم کا اپنے پیارے محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے قرآنِ پاک میں وعدہ ہے کہ

وَ لَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰىؕ(۴) (پ۳۰، الضحی ٤) (ترجمۂ کنز الایمان: اور بےشک پچھلی تمہارے لئے پہلی سے بہتر ہے۔) پہلے وقتوں میں دُنیا کے جس کونے میں سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا تذکرہ نہ ہوا وہاں اب دعوتِ اسلامی اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل **مدنی چینل** اور انٹرنیٹ کے ذریعے آپ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا تذکرہ پہنچا رہی ہے۔ میری دعا ہے اللّٰہ کریم بانی جماعت دعوتِ اسلامی کو عمرِ خضری عطا فرمائے، **مدنی چینل** کی ٹیم کی کاوشوں کو قبول فرمائے اور ان کو دن گیارھویں رات بارھویں کی برکات نصیب فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1069} حضرت مولانا غلام مرتضٰی قادری چشتی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد 54 S/p پاک پتن شریف)

دورِ حاضر میں میڈیا پر جہاں فحاشی و عریانی نے اپنے قدم جما رکھے ہیں وہاں ضرورت اِس امر کی تھی کہ کوئی ایسا چینل بھی ہوتا جو ہمیں اسلام کا صحیح راستہ دکھا سکے اور ہمیں فحاشی و عریانی سے بچا سکے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل دعوتِ اسلامی کے بانی امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری نے اپنے رفقاء کے ساتھ مل کر **مدنی چینل** کا جو آغاز فرمایا تو دل کی مرجھائی کلیاں کھل اٹھیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل **مدنی چینل** قرآن وسنت کی روشنی میں زندگی کے ہر شعبے سے متعلق ہماری رہنمائی کر رہا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ امیرِ اہلسنّت اور آپ کے رفقاء پر خصوصی رحمت کا نزول فرمائے اور **مدنی چینل** کو تا ابد قائم ودائم رکھے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1070} حضرت مولانا قاری نذیر احمد باروی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(نائب خطیب اعظم جامع مسجد چوک اعظم ضلع لیہ)

مدنی چینل پر جب باعمل باکردار، باصلاحیت سنتِ مطہرہ کے رنگ میں رنگے ہوئے افراد جلوہ گر ہوتے ہیں تو ناظرین کے قلوب واذہان میں سنتِ مطہرہ کو اپنانے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اوران شخصیات کی جب گفتگو سنتے ہیں تو سامعین پران کی گفتار دوسروں کی نسبت زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔اگر یہ چینل اسی طرح کام کرتا رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ قلیل عرصہ میں اس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔دعا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ ہمارے نوجوانوں کو ہمت وطاقت عطا فرمائے کہ وہ اسی طرح خدماتِ دین سرانجام دیتے رہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1071} حضرت مولانا شبیر حسین احمد مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(امام مسجد جامعہ سلطانیہ ابراہیم فتح پور روڈ چوک اعظم ضلع لیہ)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے **مدنی چینل** کے اجرا ہوتے ہی نہ صرف مذہبی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی بلکہ تمام عالمِ اسلام کے دل باغ باغ ہوگئے کہ اب شہروں میں پائی جانے والی تمام برائیوں کا خاتمہ ہوگا اور محمد مصطفٰی صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دین کا چرچا ہوگا،نفرتیں محبتوں میں تبدیل ہوجائیں گی اور تعصّبات ختم ہوجائیں گے۔ان شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ،اللّٰہ تعالیٰ اس چینل کوسدا جاری وساری رکھے آمین ثم آمین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

{1072} حضرت مولانا حافظ امجد علی حسرت نقشبندی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ غوثیہ رضویہ شیر ربانی گرو مانگٹ نوآباد کاہنہ نوضلع مرکز الاولیاء لاہور)

عصرِ حاضر کی عریانی اور فحاشی نے ماہیت انسانیہ کے جواہر مادیہ اور جواہر روحانیہ کو مفلوج کر دیا ہے اس پرفتن دور میں جہاں بھی دیکھو ہر طرف بے حیائی نظر آتی ہے۔ مسلمان اپنی تخلیق کا مقصد بھول گیا اور اُس کے دن رات گناہوں میں گزرنے لگے اس کی سب سے بڑی وجہ کیبل ہے کہ جس کو دیکھ کر ہمارے مسلمان بھائی اور بہنیں کفار اور غیر مسلموں کے طریقہ کار کو اپنا رہے ہیں۔ ہماری مائیں بہنیں جن کو باپردہ رہنا چاہیے تھا آج بے پردہ ہوگئی ہیں، شریعت مصطفوی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے آج کا مسلمان کوسوں دور چلا گیا ہے۔ اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ان چینلوں میں ایک چینل ایسا آیا کہ جس نے مسلمان کو جھنجھوڑا اور اس کو تخلیق کا مقصد بتایا وہ چینل دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** ہے کہ جس کو دیکھ کر ہزاروں غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوگئے اور ہماری وہ ماں بہنیں جن کو بے پردگی میں فخر محسوس ہوتا تھا آج وہ باپردہ ہوگئی ہیں اور ہمارے وہ بھائی جو دن رات گناہوں کی دلدل میں پھنس چکے تھے آج وہ سنتِ رسول کے پابند ہوگئے ہیں۔ ایک ایسا انقلاب آیا ہے کہ جس کا ذکر کرنا ہمارے بس میں نہیں۔ یہ سب مہربانی و کرم نوازی امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کی ہے کہ جن کی شب روز محنت سے مسلمان سیدھے راستے پہ آرہے ہیں۔ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مولائے کریم قبلہ امیرِ اہلسنّت کو مزید ترقی عطا فرمائے اور اس **مدنی چینل** کو عوام و خواص کے لیے نفع بخش بنائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمَّد

{1073} حضرت مولانا پیر محمد عبد الرحیم اشرفی القادری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حضرت بلال المعروف جالندھریاں والی ہجویری ٹاؤن سردار آباد فیصل آباد)

دعوتِ اسلامی ایک ایسی تحریک ہے جو ''آ گئی اور چھا گئی'' کی مصداق ہے۔ یہ فقط اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی، نبی رحمت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی نظرِ کرم، اولیائے اُمت کے فیضان اور امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کی مخلصانہ کوششوں اور کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کا آغاز ایک اچھی اور جدید سوچ ہے۔ طبِ یونانی کے قانون کے مطابق کسی بھی بیماری کا علاج اس کی ضد کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ الیکٹرانک میڈیا پر بے حیائی اور فحاشی کی بیماری کا علاج بھی الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے فرما کر امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے قوم پر ایک احسانِ عظیم فرمایا ہے اور اس طریقۂ علاج سے نوجوان نسل ایمان لیوا بیماریوں سے شفایاب ہو رہی ہے اور **مدنی چینل** کی صورت میں ملنے والا ایمان افروز ٹانک اُن کی ایمانی کمزوری کو دن بدن تقویتِ ایمانی میں بدل رہا ہے۔

مدنی چینل کے ذریعے عوام اہلسنّت کو مسلکِ حق اہلسنّت سے کماحقہٗ آگاہی ہو رہی ہے۔ میں دل کی گہرائیوں سے امیر اہلسنّت اور تمام انتظامیہ **مدنی چینل** کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ دیر آید دُرست آید۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1074} حضرت مولانا سرفراز احمد فیاضی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد گوجرانوالہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ پیاری پیاری تحریک دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام **مدنی چینل** کا جو آغاز ہوا ہے یہ ایک عظیم الشان اہتمام ہے جس کے ذریعہ عشق ومحبت رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی اشاعت عام ہوگی اور گنبدِ خضریٰ کی برکت سے وہ دن دور نہیں کہ غیر اسلامی چینل اپنی موت مرجائیں گے اور ہر جگہ **مدنی چینل** ہی حضور علیہ السلام کے صدقے غالب ہوگا اور ہر شخص کے سینے میں عشقِ سرکار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا سمندر ٹھاٹھیں

مارتا ہوگا۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1075} حضرت مولانا ابو مسعود حضرت مولانا سجاد حسین مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(خطیب و امام جامع مسجد گوجرانوالہ)

دعوتِ اسلامی کے روحانی سنتوں بھرے اجتماع میں شامل ہو کر انتہائی سکون اور روحانیت کا ماحول دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی۔اسی طرح دعوتِ اسلامی کا **مدنی چینل** معاشرے کی اصلاح اور رہنمائی کے لیے بہترین معاون ہے۔اللّٰہ عَزَّوَجَلّ اس تحریک کو دن دونی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1076} حضرت مولانا محمد رضا ثاقب مصطفائی مُدَّ ظِلُّهُ العَالِی

(جامعۃ المصطفٰی لوہیاں والا مسجد گلزار مدینہ ضلع گوجرانوالہ)

عاشقانِ رسول سنتِ رسول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا نور حاصل کرنے کے لیے اس پاکیزہ نورانی ماحول سے وابستہ ہیں۔فقیر دعا گو ہے اللّٰہ جل شانہ اس تحریک کو ایسا عروج نصیب فرمائے جسے زوال نہ ہو۔ **مدنی چینل** میڈیا کے اِس دور میں بیش بہا خدمات سرانجام دے رہا ہے۔اللّٰہ تعالٰی جل شانہ ہم سب کو خدمتِ دین میں قبول فرمائے۔

اللّٰہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1077} حضرت مولانا سید شبیر حسین بخاری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(ضلعی امیر جماعت اہلسنت پاکستان ضلع گوجرانوالہ)

اللّٰہ ربّ العزت کے فضل وکرم اور سرکارِ مدینہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے طفیل دعوتِ اسلامی کے **مدنی چینل** کی دنیا بھر میں دُھوم مچ گئی ہے۔ اللّٰہ ربّ العزت سے دعا ہے کہ **مدنی چینل** اسی طرح تبلیغ اسلام کرتا رہے اور اہلسنّت کے دلوں کو گرماتا رہے۔ **اللھم زد فزد**

اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1078} حضرت مولانا حافظ ابولقمان محمد اشرف رضا مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(انجمن فدایان مصطفٰی وخطیب جامع مسجد جتی شاہ جماعت راہوالی ضلع گوجرانوالہ)

مدنی چینل نے لوگوں کی فکر تبدیل کرکے مدنی سوچ پیدا کی ہے۔ **مدنی چینل** دیکھنے والے گھروں میں واقعی تبدیلی پیدا ہو رہی ہے۔

اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1079} حضرت مولانا سید گوہر علی شاہ گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس دارالعلوم غوثیہ رضویہ کلورکوٹ ضلع بھکر پنجاب)

دورِ حاضر میں جس طرح فحاشی اور بدمذہبی کی ترویج کے لیے غیر مسلموں اور اہل باطل نے اپنے چینل کھولے ہیں اس کے مقابلے میں ایک اسلامی چینل کا چلانا دعوتِ اسلامی کا عظیم کارنامہ اور ایک خوش آئند اقدام ہے۔ تمام مسلمانوں سے یہی التجاء ہے کہ فحاشی اور بدمذہبی پھیلانے والے چینلز کو دیکھنے کے بجائے **مدنی چینل** کو

دیکھیں تا کہ گھروں میں مدنی رنگ پیدا ہو جائے۔

اللہ رب العزت اپنے پیارے حبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے طفیل امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کو عمر دراز عطا فرمائے اور دعوتِ اسلامی کی اس مدنی کاوش کو قبول فرما کر **مدنی چینل** کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1080 }حضرت مولانا محمد اشتیاق محمود شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد محلّہ لائن پارک پیر مگھی روڈ ضلع چکوال)

بفضل اللّٰہ عَزَّوَجَل **مدنی چینل** اسلام کی خوب خدمت سرانجام دے رہا ہے اور اسکے ذریعے ان لوگوں کو بھی جو دعوتِ اسلامی کا صحیح تعارف نہ رکھتے تھے بے حد فائدہ ہو رہا ہے۔ دراصل یہ ایک علمی اور عملی چینل ہے جو صرف علم نہیں دیتا بلکہ تعلیم بھی دیتا ہے اور تربیت بھی۔ خاص بات جو راقم کو بہت بھلی لگی اور دِل مسرور ہوا وہ شعبہ I.T کی خدمات ہیں خصوصاً فتاویٰ رضویہ شریف کی C.D بہت عظیم خدمتِ دین ہے۔ جب سے **مَدَنی چینل** آیا ہے اسکول، کالج کے طلبہ ہوں یا عام عوام سب کو یہی ترغیب دینا چاہیے کہ وہ برائیوں کا مقابلہ کرنے والا یہ چینل بطورِ وظیفہ دیکھیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1081 }حضرت مخدوم حاجی سید عارف حسین قدوسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم دارالعلوم جامعہ فریدیہ رجسٹرڈ بہل روڈ بھکر)

ہم **مدنی چینل** کی تمام ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اتنے عظیم کام کا بیڑا اُٹھایا اور مسلکِ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ تعالٰی عنہ کے فروغ کے لیے بے پناہ کام کیا ہے اور کر رہے ہیں ان شاء اللہ عَزَّوَجَل بصدقہ سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم ہم سب کو مسلکِ حقّہ کی خدمت کی بے لوث توفیق عطا فرمائے۔ ہمارے اِس **مدنی چینل** کو میٹھا میٹھا محبت بھرا ایسا گلستان بنائے کہ جس سے آنے والی معطر معنبر ہوائیں ہمارے دلوں میں عظمتِ مصطفٰی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے تحفظ اور اس پر مر مٹنے کا جذبہ عطا فرما دیں۔ اللہ عَزَّوَجَل بحرمتِ شافع محشر صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم ہمارے اپنے چینل کو اور اس کی مساعی کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1082} حضرت مخدوم سید علی حسین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سیکریٹری مرکزی میلاد کونسل ضلع بھکر)

اللہ عَزَّوَجَل کا بڑا کرم ہوا کہ اس نے بصدقۂ رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم ہمیں اپنا **مدنی چینل** دیا جس پر ہم میٹھی میٹھی پیاری پیاری سنّتیں سنتے سیکھتے ہیں، اسلام کے آفاقی پیغام کو یاد کرتے ہیں، آپ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری میٹھی حیاتِ مبارکہ کے اوراقِ مقدسہ کو چومنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں اور اہل بیت وصحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین، اولیاء وصالحین کی ایمان افروز زندگیوں سے سبق حاصل کرتے ہیں۔ یہ ایک عظیم کام ہے اور پوری قوم پر احسان ہے۔ دعا ہے کہ **مدنی چینل** کی اِس کاوش کو عظیم برکات حاصل ہوں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1083 }حضرت مولانا قاری محمد حامد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام مسجد دارالعلوم محمدیہ غوثیہ داتا نگر بادامی باغ لاہور، عثمان چوک شیر شاہ روڈ لاہور)

اَلْحَمْد لِلّٰه عَزَّوَجَل **مدنی چینل** سے بہت خوشی ہے اس سے ہر گھر میں اچھے اثرات پیدا ہوں گے اور بے حیائی ختم ہوگی۔ یہ چینل وقت حاضر کی ضرورت ہے۔ آپ نے بالکل صحیح وقت میں اس کا آغاز کیا ہے۔ پہلے لوگ فلم اور دیگر برائی والی چیزیں دیکھتے تھے لیکن اب جب **مدنی چینل** کا آغاز ہوگیا ہے تو امید ہے کہ اس چینل کے ذریعے لوگوں میں ضرور تبدیلی آئے گی اور ان کے دل میں خوفِ خدا اور محبت رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم پیدا ہوگی۔ دعوتِ اسلامی سے اہلسنّت و جماعت کو بہت زیادہ تقویت ملی ہے۔ آج فتنہ فساد کے دور میں ہزاروں لوگ مرد، عورتیں بچے بوڑھے فلموں کو دیکھنے کی بجائے اس چینل کے ذریعے اپنی اصلاح کر رہے ہیں اور اپنی زندگی کو سنوار رہے ہیں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَل اس چینل اور دعوت اسلامی کو ہمیشہ ترقی دے۔ دعوتِ اسلامی کی ہر شعبہ میں بہت ساری خدمات ہیں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَل سے دُعا ہے کہ وہ دعوتِ اسلامی کی تحریک کو دین کا علم پھیلانے میں اور توفیق دے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1084 }حضرت پیر ڈاکٹر ابوالصابر سید محمد مزمل شاہ کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ چشتیہ، نظامیہ و مہتمم جامعہ محمدیہ کاظمیہ مصطفٰے آباد شریف ڈاکخانہ سریاب ملز کالونی کوئٹہ)

دعوت اسلامی دنیائے اسلام میں مسلک اہلسنّت و جماعت کی بھرپور خدمت کر رہی ہے۔ اس تنظیم کے بانی اور اراکین شوریٰ و تمام مبلغین کی خدمات کو جتنا سراہا جائے کم ہے۔ جدید دور کے اعتبار اور حالات میں دعوت اسلامی کا

مدنی چینل کوشروع کرنا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ **مدنی چینل** ایک خالصتاً مذہبی اور دینی چینل ہے جو اسلامی تعلیمات کو شریعت کے عین مطابق عوام الناس تک پہنچا رہا ہے۔ اسکے مختلف سلسلے (پروگرام) دارالافتاء اہلسنّت، فیضان قرآن، فیضان انبیاء، تلاوت قرآن بہت اچھے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ دعوت اسلامی، بانی دعوت اسلامی مدظلہ اور **مدنی چینل** سمیت تمام ذمہ داران کو ترقی عطا فرمائے اور اخلاص سے مزید خدمت کرتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

میں تمام مسلمانوں سے گزارش والتماس کرتا ہوں کہ وہ دینی معلومات کے لئے دعوت اسلامی سے وابستہ رہیں اور جو لوگ ٹی وی دیکھتے ہیں وہ صرف **مدنی چینل** ہی کو دیکھیں کہ فقط یہی دینی چینل ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{1085} حضرت مولانا امیر احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ انوار العلوم نزد میر گاہی خان شاہوانی چوک کوئٹہ، بلوچستان)

الحمدللہ **مدنی چینل** کے کام سے ہمیں بہت خوشی ہو رہی ہے اسکی بنیادی وجوہات بہت ساری ہیں۔ چند ایک یہ ہیں کہ اس کے ذریعے ہر گھر میں اسلام کی درست معلومات پہنچ رہی ہیں، لوگوں میں علمی شعور اور عمل کا جذبہ بیدار ہو رہا ہے، حالات کے پیش نظر جو لوگ بڑے اجتماعات میں شرکت سے محروم ہوتے ہیں وہ بھی علمی استفادہ کر رہے ہیں۔ میرے خیال میں یہ کام مزید بڑھے گا اور **مدنی چینل** کی برکت سے ہر گھر حقیقی اسلامی تعلیمات کے مطابق عمل کرنے والا اور عمل وامن کا گہوارہ ہوگا۔ شہری علاقوں میں عام طور پر جامعات و مدارس اہلسنّت اصلاحِ مسلمین کا ذریعہ بنتے ہیں مگر دیہات اور دور افتادہ علاقوں میں کہ جہاں دینی مدارس اور علمائے اہلسنّت کی قلت ہوتی ہے الحمدللہ **مدنی چینل** کی برکت سے وہاں کے لوگ بھی اب مکمل اور درست معلومات حاصل کر کے

اسلامی احکامات کے سیکھنے اور ان پر عمل کرنے کی سعادت باآسانی حاصل کررہے ہیں۔

مدنی چینل کی خصوصیات میں یہ بھی ہے کہ یہ دن اور رات 24 گھنٹے دینی تعلیمات و معلومات فراہم کررہا ہے۔ اسی وجہ سے جب بھی اس کو دیکھا جائے تو ہر وقت علم و عمل کا جذبہ ملتا ہے اور ہر وقت ہر فرد اس سے مستفید ہوسکتا ہے۔ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی وہ باکمال اور دین متین کیلئے وہ عظیم سرمایہ ہیں کہ اپنی نگاہ فیض اثر سے لاکھوں بے عمل مسلمانوں کی اصلاح کرکے دین متین کا داعی، کئی افراد کو عالم اور عالم گر بنادیا۔ کل تک جو لوگ بے عمل تھے صحبتِ عطار اور ان کی نگاہ فیض اثر کی برکت سے دن رات لوگوں کی اصلاح کرنے والے بن گئے۔ امیر اہل سنت مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ العالی وہ مبلغ اعظم ہیں کہ فقط دین متین کیلئے اپنی زندگی وقف کرکے اصلاح مسلمین کیلئے کوشاں ہیں اور اصلاح امت کے جذبے کے تحت دنیا والوں کو اصلاح کا ذہن دیا۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت مدظلہ کے نگاہ فیض اور ان کے علم و عمل و عمر میں برکت عطا فرمائے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کی مجلس بلکہ دعوت اسلامی کی تمام مجالس وارا کین اور مبلغین و متعلقین کی دن رات خدمت قبول فرمائے۔ آمین!

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰـهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1086} حضرت مولانا صالح محمد نقشبندی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس جامعہ انوار العلوم نزد میر گاہی خان شاہوانی چوک کوئٹہ، بلوچستان)

دعوت اسلامی جہاں مختلف اچھے اچھے شعبوں میں کام کررہی ہے **مدنی چینل** ان میں ایک اچھا اضافہ ہے۔ کبھی کبھار **مدنی چینل** کے دینی پروگرام دیکھنے کا اتفاق ہوتا ہے الحمدللّٰہ خوشی ہوتی ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور دعوت اسلامی کے پرخلوص بزرگوں کو سلامت رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1087} حضرت مفتی خطیب احمد چشتی الازہری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل وناظم دارالافتاء الکلیۃ الغوثیۃ للبنات کلیام آباد، ڈھوک حسو، راولپنڈی پاکستان)

(اصل تحریر عربی میں ہے اس کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے)

ہم دعوتِ اسلامی کو **مدنی چینل** کے آغاز کرنے اور علمائے کرام اور عوام میں شرفِ قبولیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ مسلمان **مدنی چینل** کو دیگر چینلز پر ترجیح دیتے ہیں کیونکہ مدنی چینل مسلمانوں کے دلوں میں محبت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم پیدا کرتا ہے، نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی سنتوں کو زندہ کرتا ہے، دینی ثقافت کو عام کرتا ہے، عید میلا النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم اور بزرگوں کے عُرس اور دینی سلسلوں (پروگراموں) کو نشر کرتا ہے تا کہ ہر شخص کو معلوم ہو کہ ہمارے بزرگوں نے دینِ اسلام کی خدمت کے لیے کتنی محنت ومشقت کی ہے۔

میری خواہش ہے کہ **مدنی چینل** مسلمانوں کی زندگی میں دینی وعلمی انقلاب کا وسیلہ بنے تا کہ اس کے ذریعہ مسلمان وہ بلند مقام حاصل کریں جو مغربی تہذیب اور اس کے اثرات پر غلبہ حاصل کرنے کے سبب تاریخ کے اوراق میں ایک یادگار واقع ہو اور میں دعا کرتا ہوں کہ **مدنی چینل** دنیا بھر میں شرق تا غرب اپنی دینی تعلیمات عام کرے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1088 }حضرت مفتی عزیز احمد کوکب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سر پرست الکلیۃ الغوثیۃ للبنات کلیام آباد، ڈھوک حسو راولپنڈی، پاکستان)

آج کے اس پر فتن دور میں دعوت اسلامی کا وجود مسعود بلا شبہ انعام الٰہی اور اہل اسلام کے لئے نوید سحر ہے۔دعوت اسلامی جس نے اپنے تبلیغی سفر کا آغاز دردمندانہ خلوص اور بے سروسامانی کے عالم میں 1981 میں کیا تھا آج ایک عالمگیر تحریک کا روپ دھار چکی ہے۔اللّٰہ تعالی اسکے فیضان کو تا قیامت جاری وساری فرمائے اور بانیِ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری **متع اللّٰہ الاسلام والمسلمین بطول بقائہ** کو عمر خضری عطا فرمائے آمین۔

الحمدللہ **مدنی چینل** کا آغاز ایک بروقت اور دوراندیش فیصلہ ہے۔چونکہ آج میڈیا کا دور ہے اور بین الاقوامی سطح پر ملت اسلامیہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اور صیہونی وطاغوتی قوتوں کے ناپاک عزائم اور سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے **مدنی چینل** کا آغاز ایک ناگزیر امر تھا۔دعا ہے کہ اللہ تعالی اس چینل کی مدنی ضیاء پاشیوں سے عالم اسلام کو منور کردے آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1089 }حضرت مولانا عبدالوارث چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد دربار عالیہ چشتیہ میرا شریف ضلع اٹک)

دعوتِ اسلامی کی مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ کے صوبائی ذمہ دار اور دیگر اراکین کی میرا شریف (ضلع اٹک) آمد وملاقات کی برکت سے معلوم ہوا کہ مذہب مہذب اہلِ سنت و جماعت کے بچاؤ اور پھیلاؤ کے لیے قبلہ امیر اہل سنت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری مدظلہ نے **مدنی چینل** کے نام سے

ٹی وی نشریات کا آغاز فرمایا ہے جس کے ذریعے عقائد و معمولات اہل سنت بحسن خوبی بے شمار ملکوں میں سُنے سنائے جارہے ہیں تو قلبی مسرت ہوئی۔ دُعا ہے کہ مولا تعالیٰ مولانا موصوف کو اِس عملِ جمیل پر اجر جزیل عطا فرمائے اور اشاعتِ دینیہ کا کام **مدنی چینل** کے ذریعے سے دن رات پھیلے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1090} حضرت مولانا محمد ناصر چشتی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ مفتاح العلوم بنگئی حضرو ضلع اٹک)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ راقم تقریباً بِلا ناغہ **مدنی چینل** ملاحظہ کرتا ہے،اس کے سلسلے قابلِ دید و قابل تعریف ہیں۔دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس سلسلہ نافعہ کو اپنی رحمت کے سایہ تلے جاری رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1091} حضرت مولانا محمد حامد رضا قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ محمدیہ غوثیہ فیض القرآن کامرہ کینٹ اٹک)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ **مدنی چینل** کا اجراء حد درجہ احسن کوشش ہے اس کے ذریعہ نیکی کی دعوت عام ہوگی۔نسل نو کی اصلاح کی بہترین سعی ہے۔موجودہ دور میں برائی کو عام کرنے کے بے شمار ذرائع معرض وجود میں آچکے ہیں ان حالات میں **مدنی چینل** کا اجراء بہت بڑا اقدم ہے۔اس کے دوررس نتائج سامنے آئیں گے،درست دینی فکر اور دینی محبت نوجوان نسل کے دل و دماغ میں راسخ ہوگی اور مذہب مہذب مسلک اہل سنت و

جماعت اور فکرِ رضا کو **مدنی چینل** کے ذریعہ خوب فروغ ملے گا۔

اہل اسلام کو چاہیے کہ **مدنی چینل** سے استفادہ کریں اور اپنی نسلِ نو کو بے دین اور گمراہ ہونے سے محفوظ کریں۔ مولا کریم بطفیل رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم اہل حق کو دعوتِ حق عام کرنے اور خصوصاً **مدنی چینل** کے ذریعہ اپنے قلب ونظر اور دل ودماغ کو حبِّ مصطفےٰ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم سے مزین ومنور کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1092} حضرت مولانا ضیاء الرحمٰن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ رضویہ انوار العلوم خطیب غوثیہ مسجد 19/E واہ کینٹ ضلع راولپنڈی)

اہلسنّت کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی نے سنتوں کے فروغ اور بدعتوں کے سدِ باب کے لیے ایک نمایاں کام کیا ہے اور اس پُرفتن و پرآشوب دور میں دینِ حق اسلام کی ترویج واشاعت جیسے کٹھن اور دشوار کام کو بطریق خوبی سرانجام دیا ہے۔ دعوتِ اسلامی کے کارہائے نمایاں میں سے ایک کاوش **مدنی چینل** بھی ہے جو موجودہ وقت کی ایک اہم ترین ضرورت ہے۔ الیکٹرانک میڈیا کے صحیح استعمال سے ہم اپنی نئی نسل کو لادینیت، بدمذہبیت اور بے راہ روی کا شکار ہونے سے بچا سکتے ہیں اور **مدنی چینل** نے کئی گمراہوں کا رُخ دینِ اسلام اور سنت مصطفےٰ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی طرف موڑا ہے۔ دُعا ہے کہ اللّٰہ تعالٰی اپنے حبیبِ کریم صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے صدقے دعوتِ اسلامی اور امیر دعوتِ اسلامی کو اپنی خصوصی عنایتوں اور نوازشوں سے نوازے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1093 }حضرت پیر آفتاب احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی وسرپرست علمی وروحانی مرکز نقشبندیہ مجددیہ واہ کینٹ ضلع راولپنڈی)

بفضلہ تعالیٰ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی بہت ہی احسن انداز میں قرآن وسنت کی اشاعت میں مصروفِ عمل ہے اور دورِ حاضر میں **مدنی چینل** کا اجراء تو اپنی مثال آپ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1094 }حضرت مولانا مفتی عبدالسلام قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم منظر الاسلام غوثیہ مصطفٰے آباد (باغاں والا) نزد واہ کینٹ)

ماشاء اللہ عَزَّوَجَلَّ اہل سنت و جماعت کی محبوب ومحترم شخصیت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ کی دن رات کی مساعی جمیلہ سے دعوتِ اسلامی نے بہت قلیل عرصہ میں دینِ حق کی ترویج واشاعت کا سلسلہ دنیا کے کم وبیش 72 (تاحال ڈیڑھ سو سے زائد) ملکوں میں پھیلا دیا ہے بالخصوص **مدنی چینل** کے ذریعے تو دنیا کے بے شمار ممالک میں عقائد ومعمولاتِ اہل سنت کی اشاعت انتہائی مثبت ومؤثر انداز میں جاری ہے۔ یقیناً یہ دعوتِ اسلامی کا غیر معمولی کارنامہ ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ اِسے نظر بد سے محفوظ فرمائے، علماء ومشائخ کی دعاؤں کے سایہ میں اِس کے فیضان کو مزید چار دانگِ عالم میں عام فرمائے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے احقاقِ حق وابطالِ باطل کا کام تیز رفتاری سے ہوگا جس کی ہمیں اس وقت سخت حاجت ہے۔ مولا تعالیٰ اِس کام میں اپنی غیبی امداد شامل فرمائے، آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسٓ صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1095} حضرت مولانا محمد نصیر عباسی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب نورانی مسجد منیر آباد واہ کینٹ ضلع راولپنڈی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** دیکھنے کا کئی بار موقع ملا ہے۔ بلاشُبہ اِس کا اجراء ملک وملت کے لیے نافِع ہے۔ عوام الناس اِس سے بہت اِستفادہ کر رہی ہے۔ اللہ کریم جل جلالہ بوسیلہ رسول کریم علیہ التحیہ والتسلیم **مدنی چینل** کو مزید برکتوں سے نوازے اور اِسے ہر طرح کی نظرِ بد سے محفوظ فرمائے۔ اِس کے قیام پر محسنِ اہلسنّت بانی دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ کو اجر جزیل سے نوازے اور ان کا سایۂ شفقت تمامی اہلِ سنت کے سروں پر صحت وعافیت سے قائم رکھے۔ آمین بجاہ النبی الکریم الامین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1096} حضرت مولانا حافظ شبیر احمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم جامعہ فاطمہ فیض اللبنات، خطیب مرکزی جامع مسجد فقیر آباد لارنس پور اٹک)

آج کے اِس میڈیا کے دور میں جہاں لوگ مساجد میں آ کر علماء کی باتیں کم سنتے ہیں اور دین سے رغبت کم ہے دعوتِ اسلامی نے **مدنی چینل** کے ذریعے گھر گھر علمائے کرام کا پیغام پہنچانے کا اہتمام کیا ہے جو یقیناً قابل صد تحسین ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1097} حضرت مولانا حفیظ الرحمٰن حقانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم غفوریہ حقانیہ فقیر آباد، ضلع اٹک)

حق و باطل ہمیشہ ایک دوسرے سے نبرد آزما رہے ہیں مگر فتح و کامیابی ہمیشہ حق ہی کا مقدر رہی اور شکست وریخت باطل کا۔ موجودہ دور میں بھی باطل و طاغوتی قوتیں اسلام کو مٹانے کے درپے ہیں۔ چنانچہ خالق و مالک دو جہاں عَزَّوَجَلَّ نے اِس دور میں اپنے فضل سے امیر اہل سنت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ جیسی متقی اور عشقِ رسول صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم سے سرشار شخصیت کو آج کے لوگوں کے لیے سرچشمہ ہدایت اور باطل کے سیلاب کے لیے سیسہ پلائی دیوار بنایا جن کی اَنْمِٹ مساعی سے اِس وقت لاکھوں نوجوان دعوتِ اسلامی کے پلیٹ فارم کے ذریعے دنیا کے کم و بیش 70 (تاحال ڈیڑھ سو) سے زائد ملکوں میں انسانی زندگی کے تقریباً 40 (تاحال پچھتر) سے زائد شعبہ جات سے وابستہ لوگوں کو اسلامیات کی دولتِ لازوال انتہائی احسن و مثبت انداز میں پہنچارہے ہیں اور اب **مدنی چینل** کے ذریعے عقائدِ حقہ و اعمالِ صحیحہ کو گھر گھر پہنچا کر جو احسان اس امت پر فرمایا ہے اس کی تو مثال ملنا ہی مشکل ہے۔ ربِ کریم جل جلالہ کی بارگاہِ عظیم میں التجا ہے کہ امیر اہلسنّت مدظلہ کو اپنی بارگاہِ عالی سے بے پناہ اجر عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1098} حضرت مولانا قاری غلام فرید قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ محمدیہ غوثیہ جنڈ ضلع اٹک)

مدنی چینل سے بہت لوگ مستفید ہو رہے ہیں ہماری دعا ہے یہ سلسلہ جاری رہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1099} حضرت مولانا قاری عبدالخالق قریشی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب ومدرس مرکزی جامع مسجد سیدہ آمنہ ومدرسہ خالقیہ انجرا ضلع اٹک)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ میرے علاقے میں دعوتِ اسلامی کے قافلوں کی آمد کی برکت سے میری مسجد میں نمازی بڑھ گئے ہیں۔ چھوٹے بچے والدین کو نمازِ فجر کے لیے جگاتے اور گلیوں میں صبح صبح آواز (صدائے مدینہ) لگاتے ہیں، گلیوں میں گانے بجانے والے بچے چھوٹے چھوٹے رسالے (رسائل عطاریہ) پڑھتے نظر آتے ہیں۔ اللہ کریم جل وعلا دعوتِ اسلامی کے ہر شعبے بالخصوص **مدنی چینل** جو عقائد و معمولاتِ صحیحہ کو عام کر رہا ہے کو مزید ترقی سے نوازے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1100} حضرت مولانا حافظ صاحبزادہ محمد علی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ چشتیہ مِیرویہ مقبول الاسلام دربار عالیہ ضلع اٹک)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ کئی بار **مدنی چینل** دیکھنے کا موقع ملا ہے بہت ہی نافِع پایا۔ بلاشبہ **مدنی چینل** کفار کے لیے دولتِ اسلام اور بے عمل و بدعمل لوگوں کے لیے دولتِ عمل صالح لے کر آیا ہے۔ اللہ تعالٰی اِس چینل کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1101 }حضرت مولانا پیر سید عابد حسین شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ غوثیہ نیو مہریہ آباد چورہ شریف ہری پور ہزارہ)

فقیر کو امیر اہلِ سنت مدظلہ اور دعوتِ اسلامی سے قلبی لگاؤ ہے کیونکہ یہ میرے نانا جان رحمتِ دو جہان صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت کا درس دیتے ہیں۔ اللہ تعالٰی امیر اہلِ سنت مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی مدظلہ کی تمام کوششوں بالخصوص **مدنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ یقیناً **مدنی چینل** ہم سب کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں، اللہ تعالٰی اس کی برکتوں کو گھر گھر عام فرما دے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1102 }حضرت مولانا حافظ الطاف حسین صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام و خطیب جامع مسجد غوثیہ بمقام جنڈ ضلع اٹک)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج صبح ایک ہوٹل پر **مدنی چینل** پر سلسلہ دارالافتاء اہلِ سنت دیکھنے کا موقع ملا بہت پسند آیا۔ دعوتِ اسلامی کا یہ چینل دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، اِس سے بدعملی اور بد مذہبیت کا ازالہ ہوگا۔ اللّٰہ تعالٰی **مدنی چینل** اور دعوتِ اسلامی کو ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1103 }حضرت مولانا حافظ محمد کرم الٰہی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ رضویہ فیض العلوم تحصیل جنڈ ضلع اٹک)

مجھے دعوتِ اسلامی سے پیار ہے اور عملی طور پر جنڈ شہر اور گرد و نواح میں ہر ممکن تعاون کرتا ہوں اور کرتا رہوں

گا۔اللہ کریم اس دعوتِ اسلامی کو دن بدن ترقی اور برکتیں عطا فرمائے۔ **مدنی چینل** کا فیض جاری وساری ہے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1104} حضرت مولانا غلام فرید احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع غوثیہ واںڈھی جنوبی غلامان تحصیل کلورکوٹ ضلع بھکر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ یوں تو روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ مرکزی اور صوبائی سطح دعوت اسلامی کے مدنی کام اور مدنی قافلے دین متین کی خدمت میں کوشاں ہیں مگر جو عروج نظر آ رہا ہے **مدنی چینل** کا اس کی تو کیا بات ہے! اس نے پورے عالم کو مدنی خوشبو سے معطر کر دیا ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ اس کے ذریعے مشرق سے مغرب تک ایک روحانی وجدانی ماحول پروان چڑھ رہا ہے۔معاشرے کی آلودگی کو ختم کرنے کے لیے جس مدنی ماحول کی اس وقت ضرورت تھی **مدنی چینل** نے اس کو پورا کر دیا ہے۔امیر اہلسنّت مدظلہ العالی تبلیغ واشاعت کا کام **مدنی چینل** پر جس انداز پر کر رہے ہیں میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ دیہات میں رہنے کے باوجود میں خود بھی بذریعہ ڈش **مدنی چینل** کے پروگرام دیکھتا ہوں اور دیگر لوگوں کو بھی اس **مدنی چینل** کو دیکھنے کی ترغیب دلاتا ہوں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1105} حضرت مولانا فیضِ رسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ رضویہ حسینہ احسن المدارس سرائے مہاجر ضلع بھکر)

نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا فرمان ذیشان ہے کہ ایک ایسا دور آئے گا کہ ایمان بچانا اتنا مشکل ہو جائے گا جس طرح اپنے ہاتھ میں انگارہ لینا نیز فرمان مصطفے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم ہے کہ آخر زمانہ میں کچھ ایسے لوگ آئیں گے جو بغیر علم شریعت کے مسائل غلط بتائیں گے، خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

دورِ حاضر ان فرامین مصطفے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا پورا مصداق ہے۔ آج کل میڈیا خصوصاً ٹی وی، کیبل کے ذریعے لوگوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے، لہٰذا اس بات کی ضرورت تھی کہ ایسے لوگوں کے گمراہ کن لیکچرز اور زہر آلود عقائد سے بچانے کے لیے ایک ٹی وی چینل کا آغاز کیا جائے جو ان مقاصد کو پورا کرے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنت حضرت مولانا الحاج محمد الیاس قادری مدظلہ العالی نے حالات کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے **مدنی چینل** کے نام سے ایک چینل کا آغاز فرمایا جس کے ذریعے لاکھوں سنی عوام کے عقائد کو محفوظ کرنے اور انہیں سنتِ نبویہ کا پابند بنانے کا اہتمام فرمایا۔ یہ حضرت امیر اہلسنّت مدظلہ کے عشق رسول کا نتیجہ ہے کہ آج ہمارے سنی نوجوان اپنے چہروں پر نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی سنت سجائے دن رات تبلیغ دین میں مصروف ہیں اور یہ مدنی قافلے شہر شہر، گاؤں گاؤں، نگر نگر پہنچ کر دین اسلام شریعت مصطفے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی ترویج واشاعت کر رہے ہیں، اللہ تعالٰی سے دُعا ہے کہ ان حضرات کی ان کوششوں، کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے، **مدنی چینل** کو دن بدن پذیرائی اور ترقی کی طرف گامزن فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1106} حضرت مولانا پروفیسر محمد عارف ساجد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پروفیسر گورنمنٹ ڈگری کالج گوجرانوالہ)

دعوتِ اسلامی کو گنبد خضریٰ کے طفیل کم وقت میں جو فروغ و پذیرائی حاصل ہوئی اس کا جواب نہیں۔ ملک پاکستان کے قریہ قریہ میں دعوتِ اسلامی سے محبت کرنے والوں کی کثیر تعداد کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اسے بلاشبہ سرکارِ مدینہ سرورِ قلب وسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی تائید ونصرت حاصل ہے۔

الیکٹرانک میڈیا مخرب الاخلاق پروگرام دکھا رہا تھا، اس کا مقابلہ کرتے ہوئے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** نے نئی نسل کو اخلاقی گراوٹ سے بچایا ہے۔ اس کی برکات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کمسن بچے جن کی زبان پر گانے کے بول ہوتے تھے اب نعتِ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم گنگناتے نظر آتے ہیں۔ اس پر میں اپنی اور اپنے جملہ احباب کی طرف سے آپ سب کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مجھے اس بات کا برملا اعتراف ہے کہ یہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں اس سے بڑی توقعات ہیں، میں **مدنی چینل** ہی دیکھتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1107} حضرت مولانا خلیل الرحمٰن الازہری قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب غوثیہ مسجد المعروف پٹھان کالونی، احسن آباد راولپنڈی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا الیکٹرانک میڈیا کو صحیح استعمال کرتے ہوئے **مدنی چینل** کے نام سے ٹی وی نشریات کا آغاز فرمانا بلاشک وشُبہ انتہائی مفید ہے کہ اِس کے ذریعہ قرآن وسنت کا پیغام احسن و مثبت انداز میں ملک ملک، گھر گھر، دکان دکان پہنچ رہا ہے۔ دعا ہے اللہ کریم جل جلالہ امیر اہل سنت بانی دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی مدظلہ العالی کی جملہ مساعئ جمیلہ بالخصوص

مدنی چینل کو ترقی سے نوازے اور نظرِ بد سے محفوظ رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علٰی مُحمَّد

{1108 }حضرت مولانا محمد امیر احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ انوار العلوم سریاب کسٹم کوئٹہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ **مدنی چینل** کے کام سے ہمیں بہت خوشی ہورہی ہے، اس کی بنیادی وجوہات بہت ساری ہیں، لیکن چندایک یہ ہیں کہ (۱) اس کے ذریعے سے ہر گھر میں اسلام کی درست معلومات پہنچ رہی ہیں، لوگوں میں علمی شعور اور عمل کا جذبہ بیدار ہو رہا ہے، حالات کے پیش نظر کہ لوگ بڑے اجتماعات میں شرکت سے محروم ہوتے ہیں وہ بھی علمی استفادہ کر رہا ہے میرے خیال میں یہ کام مزید بڑھے گا، اور **مدنی چینل** کی برکت سے ہر گھر حقیقی اسلامی تعلیمات کے مطابق عمل کرنے والا اور عمل وامن کا گہوارہ ہوگا، شہری علاقوں میں تو عام طور پر جامعات ومدارس اصلاح مسلمین کا ذریعہ بنتے ہیں مگر دیہات اور دورافتادہ علاقوں میں کہ جہاں دینی مدارس اور علماء کی قلت ہوتی ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ **مدنی چینل** کی برکت سے وہاں کے لوگ بھی اب مکمل اور درست معلومات حاصل کر کے اسلامی احکامات کے سیکھنے اور ان پر عمل کرنے کی سعادت باآسانی حاصل کر رہے ہیں۔

مدنی چینل دن ورات چوبیس گھنٹے ہروقت دینی تعلیمات ومعلومات فراہم کر رہا ہے، اسی وجہ سے جب بھی اس کو دیکھا جائے ہروقت عمل کا جذبہ ملتا ہے، اور ہروقت ہر فرد مستفید ہوسکتا ہے۔ امیر اہلسنت وہ باکمال اور دین متین کے لیے وہ عظیم سرمایہ ہیں کہ اپنی نگاہ فیض اثر سے لاکھوں بے عمل مسلمانوں کی اصلاح کر کے دینِ متین کا داعی اور عالم وعالم گر بنا دیا، انہیں کی نگاہ فیض اثر سے لوگ جو کل تک خود بے عمل تھے، صحبتِ عطار کی برکت سے دن رات لوگوں کی اصلاح کرنے والے بن گئے، امیر اہلسنت وہ مبلغ اعظم ہیں کہ فقط دین متین کے لیے اپنی زندگی وقف

کر کے اصلاح کے لیے کوشاں ہیں اور اصلاح امت کے جذبے کے تحت دنیا والوں کو اصلاح کا ذہن دیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کی اور دعوتِ اسلامی کی تمام مجالس وارا کین اور مبلغین و متعلقین کو دن رات دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1109} حضرت مولانا نظر محمد نعیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد جاتی ضلع ٹھٹھہ باب الاسلام سندھ)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَل **مدنی چینل** بہت بڑا دینی کام کر رہا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَل اس کے پروگراموں کو مزید کامرانی اور کامیابی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1110} حضرت مولانا مفتی محمد امین کریمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ محمدیہ کریمیہ شاداب ٹاؤن عمر بلاک ساہیوال)

بحمدہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی نے اہل اسلام کو شریعتِ مطہرہ کے احکام، فضائل و مسائل سکھانے کے لیے **مدنی چینل** کا آغاز کیا ہے۔ یہ ایک نہایت مفید اور عمدہ اقدام ہے کیونکہ اس پُرفتن دور میں ایسے اسلامی پُروگراموں کی اَشد ضرورت ہے۔ اس کے اِجراء پر ہم امیر اہل سنّت حضرت مولانا محمد الیاس قادری صاحب دامت برکاتھم العالیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اللہ رب العزت ان کی اور ان کی تمام ٹیم کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور انہیں حاسدین کے حسد اور شریروں کے شَر سے محفوظ رکھے۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1111} حضرت مولانا قاری محمد الیاس مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ مسجد عمر فاروق رضی اللہ عنہ عمر بلاک شاداب ٹاؤن ساہیوال)

پچھلے دنوں **مدنی چینل** دیکھنے کا اِتفاق ہوا۔ماشَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ سنتِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی افادیت اوراس پر عمل کرنے سے جو انسان پر اثرات مرتب ہوتے ہیں اس کے پیش نظر بے اختیار زبان سے کلمات تحسین جاری ہوگئے۔ **مدنی چینل** کا اجراء اوراس کا مستقل چلنا ہم جیسے ناکارہ اور بے علم وعمل کے لیے بہت زیادہ مفید ہے۔ہم امیر اہلسنّت حضرت مولانا علامہ محمد الیاس قادری صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1112} حضرت مولانا عبد الستار رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اکبر محسن مسجد،ضیاء کوٹ سیالکوٹ)

مدنی چینل کا فیضان ملاحظہ فرمایئے۔ایک معزز شخص کی اہلیہ پہلے ڈرامے بہت شوق سے دیکھتی تھی،جب سے ہم نے **مدنی چینل** دیکھنا شروع کیا تو اس نے نہ صرف ڈرامے دیکھنا چھوڑ دیئے ہیں بلکہ وہ پانچ وقت کی نمازی بن گئی۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1113} حضرت مولانا محمد جمیل رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نئی آبادی ساہیوال)

اس پرفتن دور میں **مدنی چینل** سنتِ رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کو لوگوں تک پہنچانے کا بہت اچھا ذریعہ ہے۔

اللّٰہ رب العزت اس کو تادیر قائم رکھے اور حضرت مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ کے فیض سے لوگ مستفید ہوتے رہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1114} حضرت علامہ مولانا اشرف آصف جلالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ جلالیہ رضویہ اشرف المدارس کامونکی)

آج اللّٰہ تعالٰی نے اہلسنّت وجماعت کو مدنی چینل کے توسط سے ایک موقع عطا فرمایا ہے۔الیکٹرانک میڈیا کی آج بہت زیادہ ضرورت ہے۔ ہماری نیت صاف ہے اور ہم باطل کا راستہ روکنے کے لیے اپنے عقائد کو درست رکھنے کے لیے اور اپنا پیغام گھر گھر دینے کے لیے نکلے ہیں۔ الحمدللّٰہ ثم الحمدللّٰہ اہلسنّت کا یہ چینل جس کو ہم مدنی چینل سے یاد کرتے ہیں یہ اللّٰہ کا فضل وکرم اور اس کی نعمت واحسان ہے کہ جس کی وساطت سے ہم اپنے پیغام کو آگے تسلسل کے ساتھ پہنچا رہے ہیں۔ ایک سو پچاس سے زیادہ ممالک اس کو سن رہے ہیں۔ بہت زیادہ لوگ اس کی تعریف کرتے اور اس کو بہت اچھے لفظوں کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔

پورے پاکستان میں دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام چلنے والے جامعات اور مدارس اپنی منزل کی طرف کامیابی کے ساتھ رواں دواں ہیں۔ تین سال پہلے جب جامعہ نعیمیہ تنظیم المدارس کے رزلٹ کا اعلان کیا گیا اور اول دوم سوم آنے والے افراد کو انعامات سے نوازا گیا تو ۲۷ میں سے ۱۳ انعامات دعوتِ اسلامی کے جامعات لے گئے۔

دارالافتاء اور مدارس پر کام ہو رہا ہے، نت نئے پیدا ہونے والے مسائل پر بھی کام ہو رہا ہے اور تحقیق شدہ

کتب بھی گاہے بگاہے موصول ہوتی رہتی ہیں۔ میں اس پر بھی آپ کا شکر گزار ہوں اور میں سمجھتا ہوں ان شاء اللہ العزیز اگر یہی حال رہا تو مدارس و جامعات دن بہ دن ترقی کرتے جائیں گے۔ دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام چلنے والے مدارس اور جامعات کے پیچھے بھی مولانا محمد الیاس عطار قادری کا اچھا خاصا ہاتھ ہے۔ حضرت مولانا شیخ القران **غلام علی** صاحب اوکاڑوی اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ہم جو بڑے بڑے علماء، جید، مقبول اور مشہور ہیں جن کا تفسیر اور حدیث کے حوالے سے ایک نام ہے، بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ان کی کوئی بات سننے کے لیے تیار نہیں ہوتا اور مولانا صاحب کے بھیجے ہوئے چھوٹے چھوٹے بچے کتاب ہاتھ میں لیے مغرب یا عصر کے بعد کھڑے ہو جاتے ہیں تو لوگ ان کا درس دھیان سے سنتے ہیں۔

اللہ کریم نے فرمایا:

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍؕ(۴) (ترجمۂ کنز الایمان: بے شک ہم نے آدمی کو مشقت میں رہتا پیدا کیا۔) (پ ۳۰، البلد: ٤)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میں نے جتنا بھی بزرگ رہنما مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری کی ذات کے بارے میں دیکھا اور پڑھا ان کو محنتی ہی محنتی پایا۔ ان کی محنت کا یہ نتیجہ ہے کہ آج دعوتِ اسلامی کا پوری دنیا میں پیغام ہے، الحمدللہ عزوجل ثم الحمدللہ قران پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ(۱۷۱) (ترجمۂ کنز الایمان: اور یہ کہ اللہ ضائع نہیں کرتا اجر مسلمانوں کا۔) (پ۳، آل عمران: ۱۷۱)

مولانا محمد الیاس عطار قادری کی دن رات، صبح شام محنت ہی کا نتیجہ ہے کہ اللہ ورسول کا پیغام گھر گھر پہنچ رہا ہے۔ میں خود مولانا الیاس عطار قادری کی شخصیت سے متاثر ہوں اور ان کا مداح ہوں اور سمجھتا ہوں کہ جتنا کام آج تک انہوں نے کیا ہے شاید کسی اور کے بس میں نہ ہو۔ وہ باطل کی بہت ساری دیواروں کے سامنے کھڑے ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کی عمر کو مزید برکات سے مالا مال فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1115} حضرت مولانا محمد قاری محمد مشتاق فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

آپ کا **مدنی چینل** قابلِ تعریف ہے۔تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی جو کہ غیر سیاسی ہے اور صلوۃ وسنت کی ایک عرصہ سے بے لوث خدمت کررہی ہے اب **مدنی چینل** نیکی کی ترویج و اشاعت کے لیے ایک شاندار اضافہ ہے۔**مدنی چینل** کے ذریعے گھر گھر میں جو عُریانی، فحاشی، ناچ گانا جیسے چینل چلتے تھے وہ ان شآء اللہ عَزَّوَجَلَّ ضرور ضرور بند ہوں گے۔میری دلی دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے امیر اور آپ جیسے محنت والے لوگوں کا سایہ ہم سب اہلسنت پر تادیر قائم رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1116} حضرت مولانا محمد حافظ نور محمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد فیضانِ مدینہ، فیصل کالونی عارف روڈ ساہیوال)

اَلْحَمْد لله عَزَّوَجَلّ **مدنی چینل** اِس پرفتن دور میں اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت اور گھر میں مدنی ماحول بنانے کا بہترین ذریعہ ہے، ایمان کی سلامتی، عقائد واعمال صالحہ کا خزانہ ہے، مسلکِ حق کا بہترین ترجمان ہے، برائیوں کے خلاف جہاد ہے، جاہلوں کو عالم، فاسقوں کو نیکوکار، کافروں اور منافقوں کو مسلمان، اور گمراہوں کو صحیح راستہ پر چلانے والا ہے۔اللہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو ڈھیروں ڈھیر ترقیاں عطا فرمائے۔امیر اہلسنّت اور عاشقانِ رسول کی صبح وشام زیارتیں نصیب ہوتی ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1117 }حضرت مولانا محمد ممتاز قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد توکل ریلوے روڈ ساہیوال)

مدنی چینل آج کے پُرفتن دور میں عشق رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی شمع کو فروزاں کرنے اور سنتوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے بے حد مفید ہے۔امیر اہلسنت دامت بر کاتھم العالیہ نے **مدنی چینل** کا کام کر کے امتِ مسلمہ کے لیے انتہائی مفید ثابت کیا ہے۔دعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنت کی عمر دراز بالخیر فرمائے اور ان کے فیوض و برکات سے ہم سب کو فیضیاب فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1118 }حضرت مولانا محمد افضال قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(محبوب کالونی چشتیاں ضلع بھاولنگر)

مدنی چینل کے ذریعے دنیا میں اسلامی انقلاب برپا ہوا ہے۔**مدنی چینل** کے ذریعے کروڑوں اربوں انسانوں کی اصلاح کا بیڑا اُٹھانا اپنی نوعیت کا منفرد اور قابل تعریف عمل ہے۔یہ بات دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ یہ چینل ایک ایسا چینل ہے کہ اس میں نہ تو کوئی موسیقی کا عمل دخل ہے اور نہ ہی عورتوں کا کوئی عمل دخل ہے۔حضرت امیر اہلسنّت دامت بر کاتھم العالیہ کی بابرکت شخصیت ہمارے لیے عظیم سرمایہ ہے۔**مدنی چینل** پر آپ کو دیکھتے ہیں تو ایمان میں تازگی پیدا ہو جاتی ہے۔اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے **مدنی چینل** کھول کر ہم پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1119 }حضرت مولانا الحاج مفتی محمد یار سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی وصدر جامعہ حنفیہ غوثیہ ضیاء العلوم بہاولنگر)

دعوتِ اسلامی کی مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ کے چند اسلامی بھائی آئے، مل کر بہت خوشی ہوئی اور **مدنی چینل** کے بارے میں میرے تاثرات یہ ہیں کہ سیدی اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کے بعد قبلہ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کی شخصیت ہیں جو کہ مسلک اہلسنّت کے لیے مخلصانہ کوشش فرمارہے ہیں۔ قبلہ امیر اہلسنّت کا **مدنی چینل** کا آغاز فرمانا خوش آئند قدم ہے اور **مدنی چینل** لوگوں کی ضرورت بن گیا ہے۔ **مدنی چینل** شروع کرنے پر دعوتِ اسلامی کے امیر قبلہ امیر اہلسنّت محمد الیاس عطار قادری صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو شاد و آباد رکھے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1120 }حضرت مولانا محمد شہزاد حسین اسد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ جامعہ اسلامیہ اہل سنت رانا ٹاؤن فورٹ عباس ضلع بھاولنگر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ پیارے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہماری عالمگیر مذہبی جماعت ''دعوتِ اسلامی'' کو توفیق عطا فرمائی کہ انہوں نے دن رات پھیلنے والی فحاشی کو روکنے اور پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے دین کی حقیقی روشنی اُمتِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم تک پہنچانے کے لیے **مدنی چینل** کا اجراء کیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے طفیل اس چینل کو اپنے دین

کی اشاعت کا بہترین ذریعہ بنائے۔آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1121} حضرت مولانا محمد ارشد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع غوثیہ مسجد چشتیاں ضلع بھاولنگر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ میرے پیارے اسلامی بھائیوں کی کاوش جو انہیں بڑی محنت سے حاصل ہوئی ہے اس سے میری مراد مدنی T.V ہے۔ ہمارے اس معاشرہ کو اس چیز کی اشد ضرورت تھی، دعوتِ اسلامی نے اس کڑے وقت اور اتنے پرفتن دور میں اتنا بڑا کام کر دیا ہے۔ جو نوجوان ہر وقت بُرائی سے پُر چینل دیکھنے پر مجبور تھے اب وہ اصل اسلام سے صحیح طریقہ سے بہرور ہو سکتے ہیں۔اسلام کو سمجھنے میں کوئی مشکل نہیں ہوگی، ہر مسئلہ کے حل کے لیے گھر بیٹھے ہی **مدنی چینل** کے ذریعہ سے استفادہ کر سکتے ہیں۔میری دعا ہے اللہ تعالٰی دعوتِ اسلامی کو تا قیامت شادو آباد رکھے۔ جو لوگ بھی اس کارِ خیر سے وابستہ ہیں ان کو عمر طویل خیر کثیر عطا فرمائے۔آمین

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1122} حضرت مولانا محمد طاہر محمود امینی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مسجد و مدرسہ علی المرتضٰی اعظم کالونی چشتیاں ضلع بھاولنگر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ **مدنی چینل** کو دیکھ کر اور تبلیغ سُن کر جو دل میں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی محبت اور عشق مصطفے پیدا ہوتا ہے اس کی بات ہی کچھ اور ہے۔کلمہ گو انسان جب **مدنی چینل** دیکھے گا تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ گناہوں سے چھٹکارہ حاصل کرے گا، فحش گوئی سے محفوظ رہے گا، غلط فلموں

سے نجات ملے گی، دوزخ کا ایندھن بننے سے بچ جائے گا، سرکار دو عالم صلی اللّٰہ تعالٰی علیه واله وسلم کی نعلین شریفین کی برکت سے اور **مدنی چینل** دیکھنے کی برکت سے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بندہ مؤمن جنت کا حق دار ہو گا۔ دعوتِ اسلامی غیر سیاسی تحریک ہے اس میں ہر آدمی کو شامل ہو کر اپنے ایمان اور عقیدہ کی اصلاح کرنی چاہیے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ مولانا الیاس قادری دامت بر کاتھم العالیه کا یہ مشن تا قیامت جاری ساری رہے اور ہم سب کو **مدنی چینل** کے ساتھ تعاون کرنے کی اور اس کی تبلیغ دوسروں تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1123} حضرت مولانا محمد خالد چشتی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ غوثیہ مہریہ شمس المدارس فورٹ عباس ضلع بہاولنگر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی اہلسنّت و جماعت کی بین الاقوامی تنظیم ہے جس نے اصلاح معاشرہ پر بہت کام کیا اور کر رہی ہے۔ دعوتِ اسلامی **مدنی چینل** سے پہلے بھی کام میں اپنی مثال آپ ہے اور اس نے اہلسنّت کا سر فخر سے بلند کیا، باطل کے دانت کھٹے کیے، نوجوان نسل پہلے بے حیائی فحاشی کی طرف راغب تھی اس سے ہٹا کر سنت رسول پر لگا دیا، بہر کیف اصلاح معاشرہ پر بہت کام کیا۔ اب **مدنی چینل** کا اجراء فرمایا کہ مزید اس کام میں پختگی ہو گی، امر بالمعروف و نہی المنکر کی دعوت پر اسلامی احباب عمل پیرا ہوں گے۔ اللّٰہ تعالٰی اس جماعت کو نظر بد سے محفوظ رکھے اور انہیں اپنے مشن میں مزید کامیابی عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1124 }حضرت مولانا محمد فیاض قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(علیمیہ کالونی گلی نمبر ۴ چشتیاں ضلع بھاولنگر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ !دعوتِ اسلامی ویسے تو پہلے ہی سے سنتوں کا پرچار کر رہی تھی لیکن جب سے **مدنی چینل** چلا ہے اہل سنت و جماعت کو بارہ چاند لگ گئے ہیں۔اس میں بالخصوص قبلہ امیر اہلسنّت کا سنتوں بھرا بیان اور دعا نے ہمارے دل پہ ایسا اثر کیا جو کمی ہمارے اندر پائی جاتی تھی وہ پوری ہوگئی۔اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو نظر بد سے محفوظ رکھے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1125 }حضرت مولانا محمد نعمان صاحب فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حضرت میاں صاحب نور شاہ روڈ کوٹ خادم علی شاہ ساہیوال)

مَاشَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ !دعوتِ اسلامی نے اولیائے کرام کی خانقاہوں سے بچھڑ کر دور دراز گمراہی کے صحراؤں میں بھٹکنے والوں کو پھر سے مساجد اور آستانوں کی محبت گھول گھول کر پلادی ہے اور اب پھر سے مساجد و بازار میں سُنّنِ مصطفٰی صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے پابند نوجوان اولیائے کرام رحمھم اللّٰہ السلام کی چلتی پھرتی تصویر بنے نظر آتے ہیں اور اب **مدنی چینل** نے تو یک لخت ہر گھر، ہر دکان، ہر دفتر میں قرآن وسنت کی تعلیمات کو پہنچانا شروع کردیا ہے۔ میری دُعا ہے کہ اللّٰہ کریم جل جلالہ بانی دعوتِ اسلامی امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی مدظلہ العالی اور مجلس شوریٰ کو اِس احسن اقدام پر اپنی بارگاہِ بے نیاز سے اعلیٰ اجر وثواب سے نوازے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1126 }حضرت مولانا محمد طاہر اطہر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد نور چشتیاں ضلع بھاولنگر)

دعوتِ اسلامی اہلسنّت وجماعت کی ایک غیر سیاسی عالمگیر تنظیم ہے جو کہ قرآن وسنت کی تعلیم وتبلیغ کا مشن لے کر پوری دنیا میں مَدَنی انقلاب لانے کی کوشش کررہی ہے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ کافی حدتک کامیاب بھی ہورہی ہے۔اس تحریک کے بانی وامیر صوفی باصفا عاشق مصطفٰی حضرت قبلہ پیر ابوبلال مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ نے وقت اور قوم کی نباضی کرتے ہوئے **مدنی چینل** کا آغاز کیا ہے جو کہ بہت ہی خوش آئند بات ہے۔ذرائع ابلاغ میں ٹی وی کا کردار بہت زیادہ ہے، جہاں ٹی وی بہت زیادہ تباہ کاریاں پھیلا رہا ہے وہیں سے اور اسی کے ذریعے اگر قرآن وسنت کی تبلیغ ہو تو یہ اس کا صحیح مصرف بن جائے گا۔اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیبِ لبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے صدقے اس کاوش کو دینِ متین کی مزید اشاعت کے لیے قبول فرمائے۔اللہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** ہر مسلمان سنّی کو دیکھنے اور اُس پر سُننے اور دیکھے گئے قرآن وسنت کے پیغام کو عام کرنے کی اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دوسرے چینل جو عُریانی وفحاشی پھیلا رہے ہیں یا غیر اسلامی کام کررہے ہیں اِن سے بھی بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1127} حضرت مولانا محمد حسان رضا قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ مدرسہ اویسیہ کنزالایمان جامع مسجد بلال علیمیہ کالونی چشتیاں بہاولنگر)

عزیز القدر! آج سے تقریباً ۸ سال قبل یعنی سن 2000ء میں ایک کتاب ''ٹی وی اور مووی کا شرعی استعمال'' نظر سے گزری۔ یہ ایک نہایت دلچسپ، اچھوتی، نرالی، تحقیقی، علمی، معلوماتی بلکہ سائنسی کتاب ہے، اس کتاب میں ابتدائی کلمات بقلم اُستاذ العلماء حضرت علامہ مولانا محمد منشاء تابش قصوری مدظلہ العالی کا تحریری بیان پڑھنے

کا اتفاق ہوا۔قبلہ علامہ قصوری صاحب اپنے درد کا اظہار فرماتے ہیں کہ ''ٹی وی جہاں دینی، ملّی، اسلامی نقصان کا باعث بن رہا ہے وہاں مسلمان اس کے بے شمار فوائد سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے کیونکہ ذرائع ابلاغ میں ریڈیو، ٹی وی، ٹیپ ریکارڈر کا دائرہ اثر بہت وسیع وعریض ہے، وقت اور مسافت کو اس کے ذریعہ ملا دیا گیا ہے، فحاشی اور بے دینی کو ان ذرائع سے بڑی تیزی سے پھیلایا جارہا ہے، دنیائے کفر عالم اسلام کے درپے ہے، بدکاری، عیاری اور مکاری کے یہ مرکز بن چکے ہیں، انسانیت دم توڑ رہی ہے، حیوانیت وشیطانیت کا غلبہ ہے، مسلمانوں کو ان وسائل سے شکار کیا جارہا ہے، اگر عالمِ اسلام اور مفتیان عظام نے اس طرف توجہ نہ دی تو نہ جانے اسلام اور مسلمانوں کا کیا حال ہو؟ اس لیے ضرورت ہے کہ ان ذرائع ابلاغ کو مسلمان کیا جائے۔

قبلہ علامہ صاحب کے یہ کلمات بارگاہِ رب العزت میں کچھ ایسے مقبول ہوئے کہ ان کلمات کی قبولیت کا اثر 2008 میں **مدنی چینل** کے ذریعہ ظاہر ہوا۔ وقت کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے مسلک اہلسنّت اور قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوت اسلامی کی طرف سے **مدنی چینل** کا شروع ہونا نہایت ہی اچھا قدم اور خوش آئند ہے اور میری معلومات کے مطابق صرف واحد **مدنی چینل** ایسا ہے کہ جس کو علماء و مشائخ کثر ھم اللہ تعالٰی کی تائید وحمایت حاصل ہے۔اس سلسلے کے کئی رسالے میرے پاس پہنچے ہیں، گویا یہ تاثر قائم ہوتا ہے کہ علماء ومشائخ کی اکثریت یہ چاہتی تھی کہ ٹی وی اور مووی وغیرہ کا درست اور مثبت استعمال کیا جائے۔الیکٹرانک میڈیا کو شرعی تقاضوں کے مطابق درست سمت چلانے کا سہرا ''دعوتِ اسلامی اس کی مرکزی مجلس شوریٰ اور بالخصوص حکیم الامت قبلہ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ العالی بانی دعوتِ اسلامی کے سر سجتا ہے، اللہ جل مجدہ الکریم بشمول قبلہ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی بشمول دعوتِ اسلامی کے تمام ذمہ داران کو اس نیکی پر اجرِ عظیم عطا فرمائے کہ انہوں نے **مدنی چینل** کو شروع فرما کر علماء وعوام اہلسنّت کی دیرینہ خواہش کو پورا کیا۔قبلہ علامہ قصوری صاحب مزید فرماتے ہیں کہ اس لیے ضرورت ہے کہ ان ذرائع ابلاغ کو مسلمان کیا جائے، T.V کا رخ کلیسا کی بجائے بیت اللہ

کی طرف، گرجا کی بجائے گنبدِ خضراء کی طرف کر دیا جائے، طاؤس و رباب کے رسیا قرآنِ کریم، احادیث مبارکہ، مسائل دینیہ، مقالات اسلامیہ اور مضامین سیرتِ مصطفےٰ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا نظارہ کریں، منٰی و عرفات و مزدلفہ، صفا و مروہ، حجرِ اسود کے گرد پروانہ وار مسلمانانِ عالم کی اندازِ عاشقانہ سے متاثر ہوں، وہ مساجد سے عظمت اسلام کی گواہی دیں، مزاراتِ اولیاء کی T.V اسکرین پر زیارت سے شادکام ہوں، علماء کرام و مشائخ عظام کی ایمان افروز روح پرور تقاریر سے مستفیض ہوں، ثناء خوانِ حبیبِ کبریا علیہ التحیة والثناء کی نعتوں سے اپنے دامن معصیت کو پاک کریں، صلوۃ وسلام اور ذکر و اذکار سے اپنے قلوب کو منور کریں اور عالمِ وجد میں زبانِ حال سے پکار اٹھیں: لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

الحمدللّٰہ علٰی احسانہ! **مدنی چینل** علمائے حقہ کی ان دیرینہ نیک خواہشات کے مطابق اپنا فیض سارے عالم میں نہایت ہی خوش اُسلوبی سے لٹا رہا ہے۔ **مدنی چینل** کے ثمرات ہاتھوں ہاتھ ظاہر ہو رہے ہیں کہ کفار **مدنی چینل** کے مُشکبار علمی، ادبی تحقیقی روحانی، وجدانی سلسلوں کو دیکھ کر مشرف بہ اسلام ہو رہے ہیں، بے نمازی نماز کے عادی بن رہے، دیگر جرائم پیشہ اور گناہوں میں لتھڑے افراد تائب ہو کر صالحین کی صف میں شامل ہو رہے ہیں، بدمذہب تائب ہو کر مسلک اہلسنت میں شامل ہو رہے ہیں، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کی یہ برکات تو پہلے سے ہی ظاہر ہیں لیکن دعوتِ اسلامی کے اس شعبہ **مدنی چینل** کے ذریعہ دعوت وتبلیغ کا مدنی کام سو فیصد مزید بڑھا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو نظر بد سے بچائے۔ **مدنی چینل** شروع کرنے پر قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کو ۳۱۳ بار مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{1128} حضرت مولانا محمد شہزاد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ اسلامیہ فریدیہ باب القرآن جامع مسجد عثمانیہ محبوب کالونی بہاولنگر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جب سے مَیں نے **مدنی چینل** دیکھنا شروع کیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت متاثر ہوا ہوں خصوصاً قاری مشتاق عطاری کی نعت اور حاجی عمران صاحب کا بیان سن کر میں بہت متاثر ہوں۔ غفلت کی وجہ سے میں مدنی ماحول سے دور ہو گیا تھا لیکن اب ان کی وجہ سے میری سستی کم ہو گئی ہے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** کو دیکھ کر ہمارے علاقے کے بہت سے بد مذہب مدنی ماحول سے منسلک ہو رہے ہیں اور کافی سارے لڑکے دعوتِ اسلامی میں آچکے ہیں اور اس وقت مدنی کام کر رہے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{1129} حضرت مولانا عبدالستار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال چشتیاں ضلع بہاولنگر)

نگاہِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں جو ہو ذوقِ یقین پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

سب سے پہلے رہبرِ شریعت، امیرِ اہلسنّت، مولانا حضرت محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی اور **مدنی چینل** کے سب سربراہان کو **مدنی چینل** کا آغاز کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ **مدنی چینل** کے جو تاثرات ہیں وہ مَاشَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت اچھے ہیں۔ جو لوگ دوسرے چینلوں کو دیکھ کر جاہلیت کے گڑھے میں گر رہے تھے مَاشَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب جب سے **مدنی چینل** کا آغاز کیا گیا ہے زیادہ تر لوگ **مدنی چینل** کو دیکھ کر عبرت حاصل کر رہے ہیں۔ دینی معلومات سے جو لوگ محروم تھے، وہ اس **مدنی چینل** کے ذریعے دینی معلومات اور مسائل سمجھ چکے ہیں اور سمجھ رہے ہیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ 100 فی صد امید ہے کہ **مدنی چینل** کو دیکھ کر نہ صرف عالمِ اسلام میں لوگ فیض یاب ہو رہے ہیں بلکہ جو کافر لوگ ہیں وہ بھی دائرہ

اسلام میں داخل ہو رہے ہیں اور اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ مزید **مدنی چینل** کے ذریعے اور آپ کی دعاؤں کا صدقہ آئندہ بھی کافر مسلمان ہوتے رہیں گے اور مسلمان اس سے عبرت حاصل کرتے رہیں گے۔ اللّٰہ تعالیٰ اس کام میں ترقی اور کامیابی عطا فرمائے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1130} حضرت مولانا محمد ادریس مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(دارالعلوم امینیہ رضویہ محمد پورہ فیصل آباد)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ مجھے **مدنی چینل** پسند ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ مدنی چینل کو زیادہ سے زیادہ فروغ محبت رسول صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کی توفیق عطا فرمائے آمین۔ دعوتِ اسلامی کے تمام شعبہ جات میں میرا پسندیدہ شعبہ ''جامعۃ المدینہ'' ہے جو درسِ نظامی کرواتا ہے۔ میں اس کی ترقی کی ہر دم آرزو رکھتا ہوں۔ دعوتِ اسلامی کے ساتھ میری محبت بچپن سے ہی ہے، اللّٰہ تعالیٰ اسے مزید ترقی عطا فرمائے۔ آمین۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1131} حضرت مولانا میاں رفیق احمد قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جانشین درگاہ عالیہ فقیر آباد شریف گوٹھ پیر بخش تعلقہ میرپور ماتھیلو ضلع گھوٹکی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلّ حاضر دور میں الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ **مدنی چینل** معاشرتی مرض کا بڑا اسہل علاج ہے اور الحمد للّٰہ عَزَّوَجَلّ اس **مدنی چینل** سے بہت سے لوگوں کی غلط فہمیوں کا ازالہ ہو رہا ہے، **مدنی چینل** دیکھ کر کتنے لوگ حلقہ بگوشِ اسلام ہو رہے ہیں، کتنے لوگ غلط راستہ چھوڑ کر اسلام کی

طرف آ رہے ہیں، اس **مدنی چینل** کی وجہ سے حق کا بول بالا ہو رہا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ **مدنی چینل** ہمیشہ جاری رہے۔ میں حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب مدظلہ العالی کو مبارک باد دیتا ہوں۔ **مدنی چینل** کا تحفۂ عظیمہ آپ کی برکتوں سے نصیب ہوا۔ آپ مدظلہ العالی کی تمام خدمات پر اللہ پاک عَزَّوَجَلَّ اپنی بارگاہ سے ضرور اجرِ عظیم سے نوازے گا جیسے آپ دنیا میں نرالے ہیں ویسا **مدنی چینل** بھی نرالا ہے۔ جب سے **مدنی چینل** شروع ہوا ہے آج تک آقائے دوجہاں سرورِ کائنات محبوبِ رَبُّ العزّت صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کے صدقے لاکھوں کروڑوں مسلمان سچے عاشق بن رہے ہیں۔ ہماری دعا ہے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس **مدنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ آمین یا ربّ العالمین

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1132} حضرت مولانا نذیر احمد مگسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد ابوبکر صدیق وندر بلوچستان)

مدنی چینل میں شرعی مسائل اور اصلاحی پروگرام نشر کیے جاتے ہیں اور حق المقدوران کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے اس دور میں ایسے چینلوں کی سخت ضرورت ہے۔ دعوتِ اسلامی نے قوم پر اتنا بڑا احسان کیا کہ آنے والی نسلیں بھی اِس احسان کا بدلہ نہیں چُکا سکیں گی اور وہ احسان **مدنی چینل** ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1133} حضرت علامہ مولانا مفتی عبدالمنان رضا خان المعروف منانی میاں مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نواسہ مفتی اعظم ہند، نبیرہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن، ہند)

(فیضان مدینہ آمد پر فرمایا) یہاں جو سنّیت کا کام ہو رہا ہے سبحٰن اللہ اور وہ بھی بمبئی جیسی مہنگی زمین پر جہاں لوگوں کے پاس رہنے کیلئے بہت ہی مختصر جگہ ہوتی ہے جبکہ یہاں پر اس قدر عظیم الشان عمارت دیکھ کر اور بھی خوشی ہوئی کیونکہ میں بھی مشتاق تھا کہ اس عظیم الشان ادارہ کی زیارت کروں جو کہ محمد علی روڈ پر مدینے کا فیضان ہے۔

(مزید فرمایا) جو جس سے محبت کرے گا وہ اس کے ساتھ رہے گا، اللہ کا بڑا فضل و کرم ہے لہٰذا ہم علمائے اہلسنّت کے ساتھ رہیں، علماء سے محبت کریں، علماء کو یہاں لا کر زیارت کروائیں، الحمدللہ دعوتِ اسلامی جو کام کر رہی ہے، یہ کام ہم سب کا ہے۔ الحمدللہ میں تو یورپ میں بھی دعوت اسلامی کے پروگراموں میں شرکت کرتا رہا ہوں۔ برمنگھم، یورپ، انگلینڈ میں میں نے ہزاروں کی تعداد میں سبز عمامے میں ملبوس لوگ دیکھے، اللہ کا احسان و کرم۔ بڑی مسرت ہوئی اور بہت ہی دل خوش ہو گیا کہ دیکھئے یورپ جیسی زمین پر بھی دعوتِ اسلامی کا اتنا بڑا اجتماع موجود ہے، ماشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اہلسنّت پر فضل و کرم فرمائے۔ (مدنی چینل کے بارے میں فرمایا:) دعوتِ اسلامی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو عام کرنے کے لیے جو جو کام کر رہی ہے الحمدللہ یہ فقیر حقیر منانی متفق ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1134} حضرت علامہ مولانا بدر الزمان قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ ہجویریہ مرکز الاولیاء لاہور جگر گوشہ خلیفہ محدث اعظم پاکستان)

جہاں تک بات مدنی چینل کی ہے یا امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی ہے یا دعوتِ اسلامی کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ تینوں گوشے ایسے ہیں کہ ان پر گھنٹوں بھی گفتگو کی جائے تو ان کی خدمات، ان کے اوصاف، ان کے کام کو اجاگر نہیں کیا جا سکتا۔ بنیادی چیز جو میں نے دیکھی ہے کہ آج جبکہ اپنے گھر میں کسی کو کسی بات پر قائل (Convince) کرنا پڑ جائے تو باپ بیٹے کو قائل نہیں کر سکتا، ماں بیٹی کو قائل نہیں کر سکتی کہ کسی کی سوچ، اس کے نظریات اور اس کے قلب و نظر کو مکمل طور پر بدل کر رکھ دینا اور اس میں ایسی تبدیلی لانا کہ جو باطن سے باطن کی زمین

سے اٹھتی ہے اور ظاہر پر چھا جاتی ہے۔۔۔مگر آپ دیکھئے: امیر اہلسنّت ایسی تبدیلی لاتے ہیں جس کا ہم تصور نہیں کر سکتے کہ جو بندہ دین سے برگشتہ ہو کر اس سے دور بھاگتا ہے۔۔۔اور جب دعوتِ اسلامی سے اس کا انٹریکشن یا رابطہ ہوتا ہے اور اس کی تعلیمات کو دیکھتا ہے تو وہ بندہ ایسے رنگ میں رنگ جاتا ہے کہ اس پر پھر کوئی دوسرا رنگ چڑھتا نظر آتا ہے نہ غالب دکھائی دیتا ہے۔ ایک ہی رنگ غالب دکھائی دیتا ہے۔۔۔وہ ہے دعوتِ اسلامی کا اور امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے نظریات وافکار کا۔ آپ کے نظریات وافکار کیا ہیں؟ امام الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہت بڑا انقلاب ہے جس کا ہم جتنا چرچا کریں بہت کم ہے اور پھر مجھے حیرت ہوتی ہے کہ دعوتِ اسلامی نے کہاں کہاں قدم رکھا؟۔۔۔آپ دیکھئے کہ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا ظاہر و باطن شریعت مصطفیٰ میں ڈھلا نظر آتا ہے بلکہ ان کی رگ و پے کے اندر سیرت مصطفیٰ چلتی پھرتی نظر آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ زبان سے بات نکالتے ہیں اور لوگ سر کٹوانے کو تیار ہو جاتے ہیں، یہی ان کا کمال ہے۔ اگر وہ خود ان پر عمل نہ کرتے میں نہیں سمجھتا کہ تبلیغ موثر ہوتی۔ امیر اہلسنّت کا یہ بہت بڑا کارنامہ ہے کہ انہوں نے سب سے پہلے اپنی ذات کو شریعت مصطفیٰ میں ڈھالا، اپنے آپ کو پابند کیا، اپنی حدود و قیود کو مقرر کیا، اس کے بعد میدان میں اترے۔

جہاں تک مدنی چینل کا تعلق ہے یقین جانیں جب بھی ٹیلی ویژن کھولتے، مختلف چینل چل رہے ہوتے تھے جو مخصوص مکاتبِ فکر کے نظریات لوگوں پر مسلط کر رہے ہوتے تھے۔ لوگ مجھ سے جُمُعَہ کے موقع پر پرچیاں دے کر سوال کرتے کہ فلاں چینل پر یہ بات ہوئی اس کے بارے میں رائے دیں تو بہت پریشانی ہوتی تھی۔ تمنا کرتے تھے کہ خدا کرے کوئی تو اٹھے، کوئی تو ایسی شخصیت ہو جو ان کا سدِ باب کرے، ان کے آگے بند باندھے۔ الحمد للہ مدنی چینل میدان میں آیا اور آنے کے بعد حقیقی نظریات اور حقیقی اسلام کی تصویر کو پیش کیا اور اس کی ضرورت بھی تھی۔ مدنی چینل جس اعتدال اور حقیقت پسندانہ انداز سے آگے بڑھ رہا ہے یہ اپنی مثال آپ ہے۔ الحمد للہ میں نے سب سے بڑا انقلاب جو دیکھا وہ یہ کہ دعوتِ اسلامی نے نوجوان نسل کو ایفیکٹ (Effect) کیا ہے۔ سر پر عمامہ سجائے، داڑھی سجائے اپنے راستے کی طرف گامزن ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ امیر اہلسنّت کا سایہ اہلسنّت پر سلامت رکھے قائم و

دائم رکھے، یہ جماعت جس طرح احسن طریقے سے بڑھ رہی ہے خدا کرے بڑھتی چلی جائے، اسی طرح مدنی چینل کا سلسلہ بڑھتا رہے، اللہ عزوجل مدنی چینل، امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور دعوتِ اسلامی کو فضل و برکت عطا فرمائے اور اس مشن کو کامیابی تک پہنچائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1135} حضرت مولانا محمد ابوبکر چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اعظم پاکستان)

(امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ سے ملاقات کے بعد فرمایا) سب سے پہلے تو میں ان تمام دیکھنے اور سننے والوں کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ جن کا کسی طریقے سے بھی امیر اہلسنّت سے رابطہ ہے۔ حضرت امیر اہلسنّت اس زمین پر اللہ کا انعام اور تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تحفہ ہیں۔ یہ بات میں علی وجہ البصیرۃ کہہ رہا ہوں اور بہت سارے بزرگوں سے میں نے سنا ہے کہ اس وقت روئے زمین پر جتنے زندہ اللہ کے ولی ہیں ان سب میں سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ قریب حضرت امیر اہلسنّت ہیں اور یہ بات بھی کہنے میں حق بجانب ہوں اور مجھے بزرگوں نے بتایا کہ اہلسنّت کی جتنی تنظیمیں اس وقت دنیا میں کام کر رہی ہیں اگرچہ وہ سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند ہیں مگر سب سے زیادہ پسندیدہ جماعت دعوتِ اسلامی ہے۔ میں اکثر اپنے خطابات میں بھی اور علماء و مشائخ کی محفلوں میں یہ بات کرتا ہوں کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی مشہور حدیث ہے: جس نے میری سنت کو زندہ کیا اسے سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔ حضرت امیر اہلسنّت کا اللہ ورسول کے دربار میں کیا مقام ہوگا کہ جنہوں نے لاکھوں کو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کے گرویدہ بنا دیا، حضرت امیر اہلسنّت کا یہ قرض سنیت کبھی نہیں اتار سکے گی۔ آپ نے چٹائی پر بیٹھ کر مدینہ والے کا پیغام پوری دنیا میں عام کیا اور آپ نے ثابت کر دیا کہ اگر بندہ کام کرنا چاہے تو وہ ننگی زمین، چٹائی یا گھاس پر بیٹھ جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لے اس کے پیچھے ہاتھ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوتا ہے اور کام چلتا رہتا ہے۔

میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر

لوگ ملتے گئے، قافلہ بنتا گیا

الحمدللہ عزوجل حضرت امیر اہلسنّت اس وقت سنیت کی جان اور سنیت کی پہچان ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جب بھی آپ کا اسمِ گرامی لیا جاتا ہے ہر آدمی سر جھکا کر آپ کی عظمتوں کو سلام کرتا ہے۔ بڑے عرصے سے شوق تھا کہ میں مرکز فیضانِ مدینہ دیکھوں، الحمدللہ مجھے آج کراچی میں آکر بہت خوشی ہوئی، مختلف شعبہ جات میں ہونے والے کام کو دیکھا الحمدللہ میں آپ کے تمام مریدین، متوسلین، عقیدت مندوں اور چاہنے والوں کو ہدیہ تبرک و تحسین پیش کرتا ہوں کہ آپ نے عالمی سطح پر مدنی چینل کھول کر پوری سنیت پر احسان کر دیا اور یہ پیغام گھر گھر میں پہنچ رہا ہے، اللہ آپ کا سایہ دیر تک اہلسنّت کے سروں پر قائم رکھے اور گلشن سنت کو خدا صدا بہار رکھے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1136} شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر سید مراتب علی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خلیفہ مجاز شیخ الاسلام خواجہ قمرالدین سیالوی علیہ رحمۃ اللہ القوی و شیخ الحدیث والتفسیر جامعہ رضویہ قمر المدارس، محلّہ شمس العارفین، بالمقابل کنگنی والا، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان)

مَدَنی چینل کا اِجراء بہُت ہی بہتر ہے۔ مسلکِ اہلسنّت کی تبلیغ کے لئے مدد ملے گی، پوری دُنیا میں اہلسنّت کے مسلک کا چرچا ہوگا اور وقت کی اہم **ضرورت** ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید دِینی خدمات کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1137} شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبدالتواب صدیقی اچھروی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ، وسجادہ نشین آستانہ عالیہ مناظر اعظم رحمۃ اللہ علیہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا نیٹ ورک پہلے ہی بڑا وسیع تھا مگر اللہ تعالٰی کے فضل وکرم سے اب **مَدَنی چینل** نے دعوتِ اسلامی، دعوتِ سُنَّت کو اور زیادہ **وسیع** کر دیا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ الْعَزِیز اب دعوتِ اسلامی کی دعوتِ سُنَّت گھر گھر پہنچے گی اور سُنَّتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم پر عمل کرنے والوں کی تعداد میں کئی گنا اِضافہ ہوگا اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ دن دُور نہیں کہ پورا ملک سرسبز نظر آئے گا اور پھر یہ **خُصُوصی بَرَکات** پوری دُنیا میں پھیل جائیں گی۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1138} شارِحِ حدائقِ بخشش حضرت مولانا مفتی غلام حسن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی دار العلوم حزب الاحناف، دربار روڈ، مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اِسلامی کے مُخلِص کارکنان کی زبانی **مَدَنی چینل** کے بارے میں جب مجھے آگاہی ہوئی تو دِل باغ باغ ہوگیا اور اس چینل کی کامیابی کے لئے میرے قلبِ مُضطَر کی اتھاہ گہرائیوں سے دُعائیں نکلنے لگیں کہ حضرت امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ نے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ایک بہُت مفید کام کا آغاز فرمایا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1138} حضرت علامہ مولانا مبارک حسین مصباحی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(استاذ جامعہ اشرفیہ مصباح العلوم مبارکپور ومدیر ماہنامہ اشرفیہ، ہند)

دعوتِ اسلامی اہلسنّت وجماعت کی عالمی تحریک ہے، دعوتِ اسلامی کا فیضان اس وقت محسوس دنیا کے بیشتر ممالک میں ابر باراں کی طرح برس رہا ہے۔ جو لوگ اس سے قریب آرہے ہیں ان کا دامن دعوتِ اسلامی کے فیضان سے مالا مال ہو رہا ہے۔ ہزاروں لوگ جو گناہوں میں مبتلا تھے، اسلام سے بہت دور تھے، بے عملی یا بدعملیوں کے شکار

تھے میں نے خود محسوس کیا کہ دعوت وتبلیغ کی برکت سے وہ اسلام سے بہت قریب آئے اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پابند ہوگئے۔ دعوتِ اسلامی کا فروغ دراصل اہلسنّت و جماعت کا فروغ ہے جس طرح علمی دنیا میں حضور حافظ ملت کے قائم کردہ الجامعۃ الاشرفیہ نے بے شمار علماء وفضلاء پیدا کیے جو آج عالمی سطح پر دعوت وتبلیغ، تدریس وتصنیف کا کام کررہے ہیں اسی طرح جو افراد دعوتِ اسلامی سے وابستہ ہوئے وہ مبلغین بھی آج عالمی سطح پر اسلام وسنّیت کا بے پناہ کام کررہے ہیں۔ ہم آج ہی سے نہیں بلکہ جس روز سے دعوتِ اسلامی قائم ہوئی ہے بلکہ سچی بات یہ ہے کہ اس کے قیام میں بنیادی کردار قائد اہلسنّت علامہ ارشد القادری علیہ الرحمہ الرضوان کا ہے اور علامہ ارشد القادری علیہ الرحمہ حضور حافظ ملت کی تلمیذ رشید اور الجامعۃ الاشرفیہ کے قابلِ فکر فرزند تھے اس طرح گویا کہ ہم دعوتِ اسلامی کو کسی اور کی تحریک نہیں بلکہ اپنی اور الجامعۃ الاشرفیہ اور حضور حافظ ملت کی تحریک تسلیم کرتے ہیں۔ مولانا الیاس قادری بے پناہ خوبیوں کی حامل شخصیت ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کے دل کو عشقِ رسول کا مدینہ بنادیا ہے، وہ خود بھی پیاری پیاری سنتوں پر عامل ہیں اور ان کے کردار وعمل کی برکتیں آج دنیا میں محسوس کی جارہی ہیں۔ ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں لوگ ان کے دامن سے وابستہ ہیں اور وہ اپنے اخلاص ومحبت کے ساتھ دعوتِ اسلامی کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیاری پیاری سنتوں کو دل ودماغ میں خوشبوئے گل کی طرح اتار رہے ہیں اور آج جہانِ سنیت سے دعوتِ اسلامی کی بنیاد پر محبت رسول کی خوشبو پھوٹ رہی ہے۔ ہماری دعا ہے پروردگارِ عالم دعوتِ اسلامی کے فیضان کو جاری وساری رکھے اور ہم فرزندانِ اشرفیہ، علمائے اہلسنّت سے مؤدبانہ گزارش کرتے ہیں کہ وہ جہاں تک بھی ہو دعوتِ اسلامی سے تعاون کریں کیونکہ یہ تحریک دعوت وتبلیغ کے میدان میں اہلسنّت کے فروغ کے لیے بڑی بنیادی ضرورت کو پورا کررہی ہے۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور حضرت علامہ مولانا الیاس قادری کے سایۂ کرم کو جماعت اہلسنّت کے سروں پر دراز فرمائے۔

{1139} حضرت علامہ مولانا مفتی بدر عالم مصباحی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی جامعہ اشرفیہ مصباح العلوم مبارکپور، ہند)

جہاں تک مدنی چینل کے جواز اور عدم جواز کی بات ہے یہ تو سب ہی لوگ جانتے ہیں کہ علمائے اہلسنّت کا ٹی

وی اور چینل کے جواز اور عدم جواز کے سلسلے میں اختلاف ہے لیکن یہ علماء کا اختلاف اپنی تحقیقات کی بنیاد پر ہے۔ جو لوگ اس کے عدمِ جواز کے قائل ہیں ہم ان سے یہ نہیں کہتے کہ وہ جواز کا فتوی دیں وہ ان کی اپنی تحقیق ہے ہم ان کا احترام کرتے ہیں اور جو لوگ اس کے جواز کا فتوی دے رہے ہیں اس کی تائید کر رہے ہیں وہ بھی ان کی اپنی تحقیق ہے وہ حالات کے پیش نظر اس کو ضروری سمجھ رہے ہیں۔ علمائے اشرفیہ، اکابر اشرفیہ دعوتِ اسلامی کے ہر قدم کی حمایت کرتے رہے ہیں۔ الجامعۃ الاشرفیہ کے صدر شعبہ افتاء حضرت مفتی نظام الدین صاحب، مفتی بدر عالم مصباحی صاحب، مفتی نسیم صاحب، مفتی زاہد علی اسلامی صاحب وغیرہ نے چینل کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ مدنی چینل جو خرافات سے پاک ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ دنیا کا واحد چینل ہوگا جس میں اسلامیات اور سنیت کے علاوہ کچھ نظر نہیں آتا، کسی قسم کے غلط ایڈ بھی اس پر نہیں آتے۔ بے شمار چینل وہ ہیں جو اسلام اور سنیت کی مخالفت کر رہے ہیں تو جو بات اسلام اور سنیت کے خلاف چینل پر کہی جا رہی ہے اس کا جواب ہم گلی کوچوں میں جلسے کر کے کبھی نہیں دے سکتے، حالات کا تقاضا یہی ہے کہ دعوت وسنیت کے فروغ کے لیے ہم چینل کا جواب چینل سے دیں گے تو جب ہی ہم کو کامیابی مل سکتی ہے اور ابھی مجھ سے ایک جگہ سوال کیا گیا کہ جناب یہ اسلام جو ہے میڈیا کی مخالفت کیوں کرتا ہے؟ دراصل میڈیا کی مخالفت اسلام نہیں کرتا بلکہ دنیا میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم وہ عظیم شخصیت ہیں جنہوں نے سب سے پہلے میڈیا کی اہمیت کو دنیا کے سامنے پیش کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ یہاں موجود ہیں وہ میرا پیغام ان تک پہنچا دیں جو یہاں موجود نہیں۔ اس حدیث پاک کا واضح مطلب یہی ہے کہ اسلام اور سنیت کا پیغام ہر ممکن حد تک دور تک پہنچایا جائے اور آج کے زمانے میں دنیا کے کناروں تک اسلام کا پیغام پہنچانے کے لیے جو جدید ذرائع ابلاغ ہیں وہ الیکٹرانک میڈیا ہے۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں الیکٹرانک میڈیا اسلام کے پیغام کو دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے لیے اللہ کی ایک عظیم نعمت ہے، اس نعمت کو اگر آپ جائز طریقے سے استعمال کرتے ہیں تو جائز ہے اور کسی بھی چیز کا استعمال اگر آپ غلط کرتے ہیں تو اس کا استعمال ناجائز اور غلط ہوگا۔ آج مولانا الیاس قادری یا دعوتِ اسلامی نے انہی تبلیغی تقاضوں کے پیش نظر جو مدنی چینل شروع کیا ہے میں اس پر مبارکباد دیتا ہوں اور یہ کہتا ہوں کہ اس کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنائیے اور اگر ہو سکے تو اتنا بڑا ہندوستان ہے، یہاں کے پروگرام بھی اس

میں زیادہ سے زیادہ اس پر آنے چاہییں تاکہ اہل علم کی توجہ مدنی چینل کی جانب بڑھے اور اس سے زیادہ میں لوگوں تک یہ پیغام پہنچانا چاہتا ہوں کہ دوسرے چینل پر فلمیں ڈرامے اور اس قسم کی خرافات دیکھنے کے بجائے اپنے بچوں کو مدنی چینل دکھایا جائے اور جو لوگ اس سے پرہیز کرتے ہیں میں ان کو مجبور نہیں کرتا وہ بھی اپنی جگہ حق پر ہیں۔ مدنی چینل ہی ایک ایسا چینل ہے جو خلافِ شرع امور سے پاک ہے جس میں عقائد، اعمال صالحہ، مسلک اعلیٰ حضرت کے متعلق کاموں کی تفصیل بتائی جاتی ہے وضو غسل نماز کے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ مدنی چینل دیکھنا جائز ہے، یہ مسلک اعلیٰ حضرت کے خلاف نہیں۔

{1140} حضرت علامہ مولانا مفتی نسیم احمد مصباحی مُدَّظِلُّهُ العَالِي

(مفتی واستاذ جامعہ اشرفیہ مصباح العلوم مبارکپور، ہند)

''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب'' (کتاب) لکھنے پر میں امیر اہلسنّت مولانا الیاس عطار قادری مدظلہ العالی اور ان کے رفقائے کار کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اب تک اس موضوع پر اردو بلکہ کسی زبان میں اتنا ذخیرہ ایک جگہ موجود نہیں تھا۔ انہوں نے اس کتاب کو ترتیب دے کر کے اہلسنّت پر بڑا احسان کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان کے رفقائے کار کو اسلام اور سنیت کی طرف سے بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔ میری گزارش ہے کہ زیادہ سے زیادہ اس کو عام کریں اور کالجوں میں بھی اس کو داخل کرانے کی کوشش کریں، مدارس میں بھی طلبہ کو شوق دلائیں کہ اس کتاب کو پڑھیں ان شاء اللہ یہ ایسی کتاب ہے جو عالموں کے لیے بھی مفید ہے اور نو آموز مفتیان کرام کے لیے بھی۔

مجھ سے بار بار اور بہت ساری جگہوں پر یہ سوال کیا گیا کہ یہ لوگ خواب میں کبھی مدینہ دیکھتے ہیں تو کبھی کیا دیکھتے ہیں۔ میں نے کہا: بھئی جو جس چیز میں رہے گا وہ وہی دیکھے گا۔ میں مثال دیتا ہوں کہ کوئی کپڑا بیچتا ہے تو رات بھر قینچی چلاتا رہتا ہے اسی طرح کوئی تصور مدینہ کی یادوں میں بسا رہتا ہے تو ظاہری بات ہے اس کو خواب میں مدینہ نظر آئے گا۔ مدنی چینل کے بارے میں تو میرا اپنا نظریہ یہی ہے کہ آج کے حالات میں حاجت کا تحقق ہو چکا ہے۔ حاجت بھی ہمارے یہاں فقہی اصطلاح ہے، اگر اس پر عمل نہ کیا جائے تو بہت سارے لوگوں کے دین و ایمان، عزت و ناموس خطرے میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ اب تو بہت ضروری ہو گیا کہ ہمارے لوگ آئیں ورنہ موجودہ حالات

اچھے خراب کا لوگ امتیاز ختم کر دیں گے۔ اسلام عالمی مذہب ہے، پورے عالم میں ہمیں پہنچانا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ مجھ میں یا ابو بکر بھائی میں وہ سکت نہیں کہ پوری دنیا میں ہم جا سکیں۔ اس لیے اسلام کے عالمگیر مذہب ہونے کا تقاضا ہے کہ الیکٹرونک میڈیا جو کہ اس وقت نعمتِ الٰہیہ ہے اس کو استعمال کیا جانا چاہیے اور اگر اس کو استعمال نہ کیا گیا تو وہ دن دور نہیں جب ہم لوگ بیٹھ کر اپنے کمرے میں ماتم کے سوا کچھ نہ کر سکیں گے۔ مدنی چینل سے متعلق مجھے بتایا گیا کہ اس پر ایڈ تک نہیں آتے کہ ایڈ آئیں گے تو لیڈیز آئیں گی۔ اس لیے یہ لوگ ایڈ نہیں لگاتے اور اس پر میوزک بھی نہیں۔ مجھے حیرت ہے کہ اتنا بڑا چینل ایڈ کے بغیر کیسے چل رہا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ پروردگار عالم کا کرم ہے اور فیضانِ اولیائے کرام ہے کہ یہ چل رہا ہے اور اس کو باقی رکھنے کے لیے ہم اہل ثروت افراد سے گزارش کریں گے کہ اس کو اسی اسلامی رنگ ڈھنگ سے باقی رکھنے کے لیے آپ حضرات تعاون کریں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1141} جگر گوشۂ غزالی دوراں حضرت مولانا سید حامد سعید کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابق وفاقی وزیر برائے مذہبی امور)

محترم مولانا الیاس قادری صاحب جو کہ اللّٰہ کے فضل و کرم سے اس قافلہ کے سالار ہیں اور تندہی سے شب و روز کام میں مشغول ہیں ان کی مصالحہ جمیلہ سے اللّٰہ کے فضل و کرم سے سنتوں کی بہار ہمیں دنیا میں نظر آ رہی ہے۔ ان کو بھی جس طرح میرے والد گرامی کی دعائیں ہیں وہ دنیا جانتی ہے اور جب بھی ملتان میں کوئی بڑا اجتماع ہوتا تھا وہ سب سے پہلے ابا جی قبلہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اور ان سے دعائیں لے کر آگے کام چلاتے تھے اور ہماری ان سے پرانی وابستگی اور دیرینہ تعلق ہے اور ان کے لیے ہم دل کی گہرائی سے دعا گو ہیں اور یقیناً یہ نہ جانے کتنی بے شمار دعاؤں کا ثمر اور اثر ہے کہ وہ قافلہ روز بروز ترقی کی طرف مائل ہے۔

اللّٰہ کے فضل و کرم سے مجھے بہت خوشی ہے کہ مدنی چینل کے حوالے سے مجھے بہت پوزیٹو رپورٹس

(Possitive Reports) ملتی ہیں۔ میں نے بھی اتفاق سے دیکھا ہے اور جو دوستوں نے بتایا اس کی روشنی میں بخوبی کہہ سکتا ہوں کہ مدنی چینل کی خصوصیت ہے کہ اس میں صرف تقاریر اور وعظ ونصیحت ہی نہیں بلکہ اس میں اسلام اور سنت پر عمل کرنے کے طریقوں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ مزید اس کے ذریعے بہت سے ایسے مسائل بھی بتائے جاتے ہیں جو عام طور پر پوچھے نہیں جاتے اور ان کا تعلق ہماری روزمرہ زندگی سے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر میں انگلینڈ میں تھا کہ مجھے میرے دوست نے بتایا کہ ہم مدنی چینل دیکھ رہے تھے اور اس میں یہ ہمیں بتایا کہ کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو، لوگ ہجوم میں ہوں اور اس کے آگے سے گزرنا ہو تو کیا طریقہ اختیار کیا جائے تو یہ ہمیں معلوم نہیں تھا۔ اس طرح کے اسلام کے مطابق عملی طریقوں کو اللہ کے فضل وکرم سے اس طرح اجاگر کیا جاتا ہے کہ اس سے لوگوں کی معلومات میں بہت اضافہ ہوتا ہے اور ان کے لیے دین پر عمل کرنا آسان بھی ہو جاتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1142} استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا مفتی محمد صدیق ہزاروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مترجم کتب کثیرہ، شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ مرکز الاولیاء لاہور)

اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے:

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَاۤ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا (پ ۲۴ حم السجدہ: ۳۳) (ترجمۂ کنز الایمان: اور اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیکی کرے۔)

قرآن مجید کے اس ارشادِ ربانی کی روشنی میں جب ہم دعوتِ اسلامی کو اور دعوتِ اسلامی کے امیر حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب دامت برکاتہم العالیہ کو دیکھتے ہیں تو ہمیں خوشی ومسرت ہوتی ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ جماعت، اس جماعت کے امیر اور اس سے جتنے بھی متعلقین ہیں اور یہ تبلیغ کا فریضہ انجام دے رہے ہیں یقیناً

یہ اس آیہ مبارکہ کی مصداق ہے۔اس جماعت نے دیکھتے ہی دیکھتے ایک اتنی کثیر تعداد میں لوگوں کو اپنا گرویدہ بنایا اور اپنے طریقۂ کار اور اپنے عمل کی وجہ سے اتنی دنیا کو اس کے ساتھ متعلق کیا اور اس سے وابستہ کیا کہ یقیناً ہماری عقلیں حیران رہ جاتی ہیں اور میں یہ بات صمیم قلب کے ساتھ کہتا ہوں اور اس میں مجھے کوئی باک نہیں ہے کہ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب امیر دعوتِ اسلامی نے وہ انقلاب برپا کیا ہے جس پر ہم سب کو اہلسنّت و جماعت کو بلکہ پورے عالم اسلام کو جو لوگ بھی دین اسلام سے وابستہ ہیں ان کو اس بات پر فخر ہے۔اس میں جو سب سے بنیادی چیز ہے وہ آپ کا عمل ہے کیونکہ تبلیغ کے پیچھے جس طرح قرآن نے بیان کیا کہ دعوت کے ساتھ ساتھ اچھے اعمال کا ہونا ضروری ہے۔جس طرح ایک مبلغ کی گفتگو کے اندر حکمت و دانائی ہونی چاہیے اور اسوۂ حسنہ ہونا چاہیے تو وہ موثر ہوتی ہے اور لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ایک بنیادی چیز اس میں مبلغ کا اپنا عمل ہوتا ہے، اگر مبلغ کا عمل اس کی دعوت کے متعلق نہ ہو تو وہ تبلیغ زیادہ موثر نہیں ہوتی۔الحمدللہ حضرت امیر دعوتِ اسلامی علامہ الیاس قادری صاحب کا جو عمل ہے وہ ساری دنیا دیکھتی ہے، ہم بھی دیکھتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنن مطہرہ کا پورا نقشہ ان کی زندگی، ان کے لباس، ان کے رہن سہن، ان کے تمام کلچر کے اندر ہمیں نظر آتا ہے اسی لیے میں سمجھتا ہوں کہ اس دور کے اندر آپ کی شخصیت ہم سب کے لیے قابلِ فخر ہے اور خراج تحسین کے قابل ہے۔اللہ تعالیٰ کے محبوب و برگزیدہ بندوں میں سے ایک عظیم بارگاہِ الٰہی کا مقبول بندہ وہ حضرت علامہ صاحب کی شخصیت ہے۔

دوسرے نمبر پر دعوتِ اسلامی ہے، مختلف جماعتیں اور تنظیمیں بنتی ہیں، ہم نے دیکھا وہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو کر ترقی کے بجائے تنزلی کی طرف چلی جاتی ہیں، ان کے درمیان اتحاد قائم نہیں رہتا اور ان کا اپنے منشور پر عمل کے معاملہ میں ایک ڈھیلا پن نظر آتا ہے لیکن الحمدللہ ساری دنیا نے دیکھا کہ دعوتِ اسلامی نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے اندر اپنے مشن کو بڑھا رہی ہے اور مختلف طبقات کے لوگ جو صرف علماء نہیں ہیں بلکہ مختلف طبقات کے لوگ جن میں انجینئر اور ڈاکٹر بھی ہیں مختلف حوالوں سے اس جماعت سے وابستہ ہیں اور ہو رہے ہیں پھر مزے کی بات یہ ہے کہ آخر

وہ اسی رنگ کے اندر رنگے جاتے ہیں اور یہ وہ رنگ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ''صِبْغَةَ اللّٰهِ'' فرمایا ہے کہ یہ جس پر چڑھ جاتا ہے اس سے اچھا رنگ کوئی دوسرا نہیں ہوسکتا، اللہ کا رنگ، رسول اللہ کا رنگ بھی تو اللہ ہی کا رنگ ہے (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (پ ۲۱، الاحزاب ۲۱) ترجمۂ کنز الایمان: بیشک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے۔) گویا کہ وہ نمونہ حضور علیہ السلام کی ذات ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بنایا اور اس نمونہ کے مطابق دعوتِ اسلامی کے اسٹیج پر دوست اور احباب اسی رنگ میں رنگے جاتے ہیں۔

میں نے اس انداز میں بہت کم جماعتوں کو دیکھا ہے کہ جس نے اتنی جلدی اور اتنی بڑی کامیابی حاصل کی ہو اس طرح اس مشن سے وابستہ بھی ہوئے ہوں اور اس کو آگے بڑھا بھی رہے ہیں۔ پھر اس کے ساتھ ساتھ مدنی چینل بھی ہے، آج میڈیا کا دور ہے، میڈیا کے ذریعے آواز پوری دنیا میں پہنچتی ہے اور جو لوگ آج کے اس دور میں میڈیا سے دور رہتے ہیں یقیناً ناکامی کا شکار ہوتے ہیں۔ مجھے اس بات پر بہت خوشی ہے کہ دعوتِ اسلامی نے اس اہم طریقہ کار کو اختیار کیا ہے اور اس کے ذریعہ اسلام اور قرآن وسنت کا پیغام پوری دنیا کے اندر پھیل رہا ہے کیونکہ میڈیا اس چیز کو گویا جو خفیہ گوشوں میں ہوتی ہے اس کو دنیا میں ظاہر کر دیتی ہے۔

اس کے علاوہ میں ایک اور چیز کا تذکرہ ضروری سمجھتا ہوں، ایک وقت وہ تھا جب دعوت اسلامی صرف تبلیغ کے حوالے سے جانی پہچانی جاتی تھی اس کی طرف گویا تعلیم وتعلم سے تعلق رکھنے والے علماء کا دھیان اتنا نہیں تھا لیکن میرا مشاہدہ ہے کہ ایک وقت ایسا آیا جب دعوت اسلامی نے درسِ نظامی کے لیے بچوں اور بچیوں کے ادارے قائم کیے جو تنظیم المدارس کے تحت امتحانات میں شامل ہوتے تھے۔ میرا خیال ہے اتنی بڑی تعداد میں دیگر مدارس شاید ہی شرکت کرتے ہوں جتنی دعوتِ اسلامی کے لوگ شرکت کرتے تھے۔ پھر میں نے دیکھا کہ ہمارے استاذ گرامی اور تمام اہل سنت کے گویا کہ مخدوم اہلسنّت مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جب بحیثیت ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس اسناد پر دستخط کرتے تھے تو میں بھی وہاں موجود ہوتا تھا کیونکہ دفتر میں میری ڈیوٹی ہوتی تھی۔ آپ اسناد دستخط کرتے چلے جاتے

اور جب ان کے اوپر فیضانِ مدینہ دعوتِ اسلامی کا نام آتا تو الحمدللہ مفتی صاحب بہت خوش ہوتے تھے۔ الحمدللہ مجھے کراچی میں ان اداروں کے پروگرام میں بھی شرکت کا موقع ملا اور میں نے چھوٹے چھوٹے بچوں کو بہت بڑی تعداد میں خوبصورت اور سنت بھرے لباس میں دیکھا تو بہت خوشی ہوئی۔ خاص طور پر بچوں اور بچیوں کے مدارس و جامعات، مفتی کورس یا دیگر چیزیں جو سامنے آئی ہیں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ جماعت، اس کے امیر اور اس کے جملہ پروگرام چاہے تعلیم و تعلم کے حوالے سے ہوں یا میڈیا کے حوالے سے ہوں، اس کے علاوہ تصانیف اور مختلف عنوانات پر کتابیں بھی قابل تحسین ہیں۔

میں نے تین سال قبل فیضانِ مدینہ کراچی کا بھی دورہ کیا تھا۔ میں نے تمام شعبہ جات دیکھے کہ مختلف کمروں ہر ایک اپنے اپنے شعبے میں کام کر رہا ہے، کوئی تخریج کا کام کر رہا ہے، کوئی تحقیق کر رہا ہے اور کوئی ترجمہ کر رہا ہے۔ میری تو یہی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دینِ اسلام کے فروغ کے لیے ہماری اس جماعت کے امیر حضرت علامہ مولانا الیاس قادری کو صحت اور عمر دراز عطا فرمائے۔ ان کی قیادت میں یہ جماعت جو مختلف شعبوں میں دین کا کام انجام دے رہی ہے اور عملی حوالے سے نوجوانوں کے اندر جو تقویٰ اور پرہیزگاری کا نمونہ بنا ہے، ہمیں اس پر فخر ہے، اللہ تعالیٰ اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1143} حضرت مولانا عبدالتواب اچھروی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(شہزادۂ مناظر اہلسنّت، شیخ الحدیث دار العلوم نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور)

اہلسنت و جماعت کی جماعتوں میں سے کوئی جماعت کامیاب ہے تو الحمدللہ اللہ کے فضل و کرم سے وہ دعوتِ اسلامی ہے اور صحیح بات یہ ہے کہ اس وقت اہلسنّت و جماعت کو چار چاند لگانے والی یہی جماعت ہے، میری دعا

ہے اس جماعت کے لیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی دے اور ساری دنیا کے سنی دعوتِ اسلامی میں آ جائیں۔ جہاں تک تعلق ہے دعوتِ اسلامی کے حضرت پیر طریقت رہبر شریعت مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کا تو میں یہ پورے وثوق سے کہہ رہا ہوں کہ حضرت مولانا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بڑے مقبول ہیں۔ دعوتِ اسلامی کو جو ترقی ملی ہے اور مل رہی ہے یہ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ہی نگاہِ کرم کا نتیجہ ہے۔ حضرت مولانا الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ پر یہ اللہ کا بہت بڑا احسان اور کرم ہے جو ان کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ نوجوانوں نے اخذ کر کے داڑھیاں سجالیں، عمامے پہن لیے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں میں بھی میں نے یہ جذبہ دیکھا ہے اور جب سے مدنی چینل آیا ہے اس نے اور بہار میں اضافہ کر دیا ہے لہٰذا معاشرے میں اسوقت جو گندگی آ چکی ہے وہ مدنی چینل کے ذریعے ہی صاف کی جاسکتی ہے اور دوسرا یہ کہ حضرت قبلہ علامہ احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ کا ویڈیو کے جواز کا فتویٰ موجود ہے کہ کاغذ پر جو تصاویر چھپتی ہیں وہ مکمل حرام ہیں لیکن ویڈیو چونکہ مستقل تصویر نہیں ہے یہ ایسے ہی ہے جیسے شیشے کے سامنے انسان چلا جائے تصویر بنتی ہے ہٹ جائے تو تصویر نہیں بنتی تو اس میں علماء کے جواز کا فتویٰ ہے۔ لہٰذا حضرت قبلہ قادری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے بڑا ہی اچھا کیا کہ مدنی چینل شروع کیا۔ مدنی چینل دنیا کا واحد چینل ہے کہ جس پر کبھی کسی عورت کی تصویر نظر نہیں آئی۔ اللہ تعالیٰ مدنی چینل کو اور مدنی چینل چلانے والے مدنی بھائیوں کو اور دعوتِ اسلامی کو اتنی ترقی دے اتنی ترقی دے کہ جدھر بھی دیکھیں دعوتِ اسلامی ہی نظر آئے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی مُحمَّد

{1144} شہزادہ خلیفہ اعلیٰ حضرت محدث اعظم ہند، غازی ملت

حضرت مولانا سید محمد ہاشمی میاں اشرفی جیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(زیب اعلیٰ آستانہ کچھوچھہ شریف، ہند)

کچھ لوگوں کو ایک ایسی ذات کے چننے کا شرف حاصل ہوا جس نے دعوتِ اسلامی نام کی ایک بنیاد ڈالی اور امیر اہلسنّت مولانا الیاس عطار قادری کو اول صف علماء نے اس دور کے لیے منتخب فرمایا۔ علماء کی ہدایت کی روشنی میں اور اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے بیان کردہ مسلک کی روشنی میں امام احمد رضا نے عقائد و نظریات کی جو اسلامی اور سنی نظریاتی تشریح کی ان تمام تشریحات کے ساتھ افکار رضا لاعلم عوام میں پھیلانے کا جو کام ہے آج دعوتِ اسلامی کر رہی ہے اس سلسلے میں سب سے پہلے میرے برادر گرامی شیخ الاسلام حضرت علامہ مدنی میاں سجادہ نشین محدث اعظم نے تو ایک باقاعدہ کتاب لکھی ہے اور تمام اوہام اور خفا کا ازالہ فرمایا۔ میں چالیس سال سے سنّیت اور اس کی حقانیت کا پرچار کر رہا ہوں، چالیس سال سے امام احمد رضا کی فکر کو دنیا کے ۳۵ ملکوں میں لے جا چکا ہوں، دنیا کے پانچوں براعظم میں لے جا چکا ہوں۔ بڑا مطمئن ہوں کہ جو خوشبو اعلیٰ حضرت نے پھیلائی ہے وہ مولانا الیاس قادری میں موجود ہے۔ عشقِ رسول، تمنائے مدینہ، محبت میں ڈوبا ہوا ایک مزاج، نہ صرف یہ کہ مولانا الیاس قادری صاحب سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے خلیفہ ہیں، اسی بنیاد پر اعلیٰ حضرت کے خلیفہ کے خلیفہ ہیں یا اعلیٰ حضرت کے خلیفہ قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہیں ان سب اوصافِ حمیدہ سے ان کی شخصیت بڑھ جاتی ہے۔ سنیت پھیلانے کا جوش اور جوش میں بہت ہی خوبصورت ہوش وہ سب سے پہلے سنت اپنے اوپر نافذ کرتے ہیں پھر لوگوں سے کہتے ہیں کہ اس پر عمل کرو، سب سے پہلے وہ سنت کے سانچے میں اپنے کو ڈھالتے ہیں پھر لوگوں سے کہتے ہیں کہ سنت پر عمل کرو، اس کی تاثیر کا کچھ جواب نہیں۔ میں دعا گو ہوں کہ مولا تعالیٰ اسے حسد حاسدین اور آشوب روزگار سے بچائے اور مولانا الیاس قادری کے علم و عمر میں برکت عطا ہو اور اہلسنّت و جماعت کو فیضانِ سنت سے فیض یاب ہونے کا شرف عطا ہو۔

اسلام پر اب جو حملے ہو رہے ہیں وہ قلم و زبان سے کم اور میڈیا سے زیادہ ہو رہے ہیں۔ میڈیا کی مضبوطی کا یہ عالم ہے کہ ایک ہی بات کو ٹیلی ویژن پر بار بار سننے سے، ایک جھوٹ کو سو مرتبہ سننے سے لوگ اس کو سچ سمجھنے لگتے ہیں۔ کافر جب تلوار لے کر آتا تھا تو صحابہ (علیہم الرضوان) تلوار لے کر گئے، جب دوسرے لوگ قلم لے کر آئے تو علماء قلم لے کر گئے۔ سامنے والا جب میڈیا لے کر آپ پر حملہ کر رہا ہے تو اس کا جواب میڈیا پر دیا جائے گا۔ مدنی چینل ہی اس کا ایک

شرعی استعمال ہے جس پر شیخ الاسلام نے تقریباً پچیس ابواب پر کتاب قائم کی۔ یہ بات ٹھیک ہے کہ بہت سی چیزوں کا استعمال غلط ہوتا ہے جیسے عورت کے سینکڑوں غلط استعمال ہیں مگر ایک شرعی استعمال بھی ہے کہ نکاح کرلو اسی طرح چینل کے بھی سینکڑوں استعمال ہیں لیکن صحیح استعمال یہ ہے کہ دین اور سنیت پھیلاؤ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1145} حضرت مولانا احمد علی قصوری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(ممتاز اسلامک اسکالر چیئر مین پنجاب قرآن بورڈ خطیب جامعہ مسجد ایوبیہ مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اسلامی کا قافلہ اور اس کے میر کارواں امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتھم العالیہ نے جس انداز میں دین کی خدمت کا بیڑہ اٹھایا ہے اور کثیر الجہاد کام شروع کیا ہے وہ نہایت ہی لائق تحسین ہے۔ میں انہیں دو تین باتوں کو بطورِ خاص عرض کرنا چاہوں گا۔ الیکٹرانک میڈیا کا جو دور ہے اسلئے مدنی چینل کی اہمیت اپنی جگہ پر واضح ہے اور اس کے کافی پروگرام اچھے ہیں۔ ان میں سے بالخصوص گونگے اسلامی بھائیوں کا سلسلہ میرے نزدیک زیادہ اہمیت کا حامل ایک پہلو ہے۔

اسی طرح طالبات کے جامعات کا سلسلہ بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جو آج بیٹی ہے وہ کل بہو، بیوی اور پرسوں ترسوں مستقبل میں ماں ہوگی۔ لہٰذا ایک بیٹی کو قرآن وسنت کی تعلیمات کے زیور سے آراستہ کرنا ضروری ہے اس لیے کہ اس دور میں مادہ پرستانہ رجحانات بن گئے ہیں اور بدقسمتی سے مسلمان کہلانے والے گھرانے بھی بہت متاثر ہورہے ہیں، تو ان حالات میں طالبات کے جامعات کا سلسلہ ہے نہایت ہی قابلِ قدر اور قابلِ تحسین ہے۔

دعوت اسلامی کا تیسرا اہم پہلو یہ ہے کہ ایک طالب علم کی حیثیت سے مختلف تنظیمات کو دیکھتے پرکھتے ہوئے میری طویل عمر گزری ہے تو اس لحاظ سے پروگرام کے ساتھ ساتھ ان کو عملی جامہ پہنانے کا نظام خاصا اہمیت کا حامل ہوتا ہے کہ بہت سارے ایسے پروگرام بنا لیے جاتے ہیں جو الفاظ کے اعتبار سے تو بڑے خوبصورت ہوتے ہیں لیکن

جب ان کے اوپر عمل درآمد نہیں ہو پاتا تو نتائج نہیں ملتے لیکن ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ دعوت اسلامی کا جو بھی پروگرام ہوتا ہے اس پر عمل درآمد کا اہتمام بھی ہوتا ہے اور اس کی برکات معاشرے وسوسائٹی میں یقیناً نمودار ہوتی ہیں اور ہو رہی ہیں۔ لاکھوں نہیں بلکہ اب تو بلا مبالغہ کروڑوں کی تعداد میں افراد متاثر ہو رہے ہیں اور مدنی رنگ میں رنگے جا رہے ہیں تو بلاشبہ یہ ایک ایسا کام ہے جو اس دور میں کیا جانا چاہیے تھا اور دعوتِ اسلامی کے بھائی اور بہنیں جو شب و روز اس کے اندر اپنا وقت صرف کر رہے ہیں نہ صرف یہ کہ دنیا کی اسناد بلکہ یقینی طور پر آخرت کی اسناد بھی اکٹھی کر رہے ہیں، میں خراج تحسین پیش کرتا ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1146} مترجم ومصنف کتب کثیرہ، شارح سلام رضا

حضرت علامہ مولانا **مفتی محمد خان قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ مرکز الاولیاء لاہور)

میں مدنی چینل کے قارئین اور خصوصاً مولانا الیاس قادری مدظلہ العالی کی خدمات کو ہمیشہ سراہتا ہوں اور خاص طور پر مدنی چینل کو اس موقع پر جبکہ دیگر چینلز پر عریانی اور فحاشی کے پروگرام چل رہے ہیں ان کی نسبت سراپا نیکی و عبادت پاتا ہوں۔ اس چینل نے لوگوں کو یہ بھی تعلیم وتربیت دی ہے کہ فحاشی سے بچ کر بھی کام ہوسکتا ہے۔ پھر اس میں علمی دینی مذاکرے اور اسلام کی تعلیمات کی اشاعت کے لیے شب و روز محنت ہے۔ ہم سب ان کی خدمات کو سراہتے اور چاہتے ہیں۔ دعا گو ہوں کہ اور ترقی کریں۔ دعوتِ اسلامی کے مخلص ہونے کی علامت ہے کہ انہوں نے ادارے قائم کر دیئے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ کتابیں شائع کی ہیں اور بزرگوں کی کتابوں کے تراجم بھی ہو رہے ہیں۔ میں خود اس بات کا قائل ہوں کہ ہمیں لوگوں کو اس طرف متوجہ کرنا چاہیے۔ آج کی امت کا رشتہ پچھلے اسلاف کے ساتھ

جوڑنے کے لیے بزرگوں کی کتابوں کے تراجم کو سامنے لانا چاہیے۔ میں اس سلسلے میں خود تفسیر کبیر کا ترجمہ کررہا ہوں۔تیس جلدوں میں سے تیرہ کا ترجمہ ہو چکا ہے اور کچھ چھپنا بھی شروع ہوگئی ہیں۔ مجھے بہت سارے کام المدینۃ العلمیہ سے آئے ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ حافظ ابن حجر کی کتاب الزواجر کا ترجمہ انہوں نے شائع کیا۔اسی طرح بہت سارے تراجم منظر عام پہ لارہے ہیں مجھے خوشی ہے کہ آپ اپنے ساتھ بھی لوگوں کا رشتہ جوڑ رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پوری ملت کا واسطہ جو پچھلے اسلاف کے ساتھ ہے اسے بھی جوڑنے کی کوشش سے بہت خوش ہوں۔ اس میں اللہ پاک آپ کو مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1147} سابقہ وفاقی وزیر، **حاجی حنیف طیب صاحب** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

مدنی چینل کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوگئے ہیں اور زیادہ تیزی کے ساتھ عام ہوں گے۔ یہ چینل امن و پیار اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت کا پیغام پھیلا رہا ہے،اس چینل کو جاری وساری رہنا چاہیے۔ حضرت علامہ مولانا الیاس قادری صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں۔ماشاء اللہ بڑا وسیع کام ہے اور مختلف شعبے کام کررہے ہیں۔دنیا کی رنگینیوں کو چھوڑیئے، اپنے نفس کی خواہشات کو کچلیئے اور دعوتِ اسلامی کے اجتماع میں شریک ہوکر کتابوں کا مطالعہ کر کے اپنے عقیدۂ اہلسنّت پر مضبوطی سے قائم رہیے۔اعلیٰ حضرت نے جو پیغام دیا،اس پیغام کے فروغ کے لیے آپ نہ صرف سننے والے بلکہ پیغام پھیلانے والے بنئے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1148} جماعت اہلسنّت برٹش مسلم فارن یو کے

حضرت مولانا خلیل الرحمٰن حقانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

دعوتِ اسلامی نام سے ہی ظاہر ہے یہ خالصتاً مذہبی تنظیم ہے جو الحمدللہ عزوجل مسلک اہلسنّت و جماعت اور دین کی اشاعت وتدریج کے لیے مصروف عمل ہے، اللہ ربّ العالمین مزید برکتیں عطا فرمائے۔

پہلے تو دعوتِ اسلامی کے احباب کو مساجد میں، اداروں میں، گلی کوچوں میں دین کا کام کرتے ہوئے ہم دیکھ کر مسرت اور خوشی محسوس کرتے تھے، اب الحمدللہ گھر میں آئیں، ٹی وی آن کریں تو وہی ہریالی ہمیں نظر آتی ہے، وہی علمی ماحول ہے اور اب تو ایسی بہار آئی ہے کہ اس کے علاوہ کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ بالخصوص قبلہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب دامت برکاتھم العالیہ کا جو پروگرام مدنی مذاکرہ ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا پروگرام ہے جس کو بچے بوڑھے جوان مردو خواتین سب ہی شوق سے دیکھتے ہیں بالخصوص ان کا انداز، ان کی سادگی، ان کا خلوص، تقریریں تو ہر چینل پر بہت ہوتی ہیں لیکن خلوص خود بولتا ہے، جس انداز میں وہ بات کرتے ہیں وہ دیکھنے والے پر واقعی اثر کرتا ہے کہ یہ جو بات کررہے ہیں یہ ان کے دل کی آواز ہے خصوصاً جب محبتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی وہ بات کرتے ہیں تو وہ اپنے آپ سے بے گانہ نظر آتے ہیں۔ لوگ ٹی وی کے کیمرے کے سامنے بڑی تیاری سے بیٹھتے ہیں ان کی اپنی ایک حالت ہوتی ہے جو خود اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ان کا مشن کیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی ذات سے ان کی محبت کا معیار کیا ہے۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! آپ نے علماء ومفتیان کرام دامت فیوضھم کے سیدی شیخ طریقت امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ، دعوتِ اسلامی اور مدنی چینل کے حوالے سے تاثرات ملاحظہ فرمائے، الحمدللہ عزوجل دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ نے خوب جدوجہد کرکے رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ سے مدنی چینل کے ذریعے گھر گھر سنتوں کا پیغام عام کرنا شروع کردیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مدنی نتائج آنے لگے اور الحمدللہ عزوجل توقع سے زیادہ مدنی چینل کو کامیابی حاصل ہوئی۔

اللہ عَزّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1149} خلیفہ وشاگردِ رشید مفتی اعظم ہند

حضرت مولانا مفتی محمد مطیع الرحمٰن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(قاضی ادارہ شریفہ، ہند)

مدنی چینل کو جہاں تک میں نے دیکھا ہے اسے اسلام، مسلمانوں اور اہل سنت کے لیے بڑا ہی نافع پایا ہے۔ ان پروگرامز کو دیکھ کر ایسا لگا کہ اسلام اور اہل سنت کی بے پناہ خدمات اس سے انجام پا رہی ہے۔ اہلسنّت کی خدمت انجام دینا یہ بڑا کارِ ثواب ہے۔ میں اسے اس لیے بھی کارِ ثواب سمجھتا ہوں جیسا کہ بتایا جارہا ہے کہ مدنی چینل دیکھ کر بہت سے لوگ داخلِ اسلام ہو رہے ہیں تو بڑی خوش آئند بات ہے۔ آج کے دور میں میڈیا کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ مدنی چینل کے ذریعے لوگ اسلام سے قریب بھی ہوں گے، خدا انہیں توفیق دے تو داخلِ اسلام بھی ہوں گے۔ مزید یہ کہ مدنی چینل کے پروگرام دیکھ کر لوگ دین وسنیت سے قریب ہوں گے اور اسے قبول بھی فرمائیں گے۔ دعوتِ اسلامی مدنی چینل کے ذریعے دین وسنیت کا پیغام پہنچا رہی ہے۔ اس کے اخراجات میں اگر اہلسنّت ہاتھ بٹائیں تو یقیناً ان کو بھی اس میں حصہ ملے گا اور وہ بھی اس ثواب کے مستحق ہوں گے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج جو مسلمانوں کو میڈیا سے اور بالخصوص الیکٹرانک میڈیا سے چیلنج ہے اس چیلنج کا دفعیہ ہم سب پر مل کر کرنا ضروری ہے۔ مدنی چینل اپنے ذریعے سے کر رہا ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ توفیق دے دوسرے مسلمانوں کو بھی کہ وہ بھی اس طرح کے اسلامی چینل قائم کریں، اس طرح سنیت کا دفاع کریں اور اس کو فائدہ پہنچائیں۔

میں گنہگار اور مولانا الیاس قادری صاحب سراپا نیکوکار، اللہ تعالیٰ ان کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور جس مشن کو لے کر وہ آگے بڑھے ہیں اس میں اللہ تعالیٰ انہیں کامیابی عطا فرمائے، ان کا کام ان کا اپنا نہیں دین کا کام ہے اور ہمارا کام ہے اور جو ہمارا کام ہے وہ دین کا کام ہے، وہ انجام دے رہے ہیں۔ ہم سب کی طرف سے وہ مبارک کے بھی مستحق ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں عمرِ خضر عطا فرمائے اور ان سے دین کی خدمتیں لے۔

جس انداز میں آپ کی دعوتِ اسلامی کام کررہی ہے اس انداز میں ہم نہیں کرسکتے اسی لیے کہ عربی کا مقولہ ہے: لِکُلِّ فَنٍّ رِجَالٌ (ہر کام کے لیے الگ الگ آدمی ہوتے ہیں) بس ہم تو یہی چاہ رہے ہیں کہ اہلسنّت کا جو فرد جہاں جو دین کا کام کررہا ہے اللّٰہ تعالیٰ اسے کامیابی عطا فرمائے اور وہ دین کی خدمت کرتا رہے۔ حضرت مولانا الیاس قادری رضوی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی کتاب ''غیبت کی تباہ کاریاں'' ان حضرات نے کئی دن پہلے مجھے دی، میں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا، یہ اپنے موضوع پر نہایت ہی موثر کتاب ہے۔ اس کتاب کو کوئی آدمی پڑھ لے، ایک بار نہیں دو بار تین بار پڑھ لے تو میں نہیں سمجھتا کہ از خود اس سے ساری غیبتیں چھوٹ نہ جائیں، کتاب کا انداز اتنا موثر ہے کہ پڑھتے پڑھتے ایسا لگتا ہے کہ میری اپنی ساری کی ساری زندگی غیبت کرنے میں گزری ہے یا غیبت سننے میں گزری ہے۔ ہم اس قدر گناہ کے دلدل میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں یہ سوچ کر بدن میں جھرجھری سی پیدا ہوتی ہے، دل غیبت سے متنفر ہونے لگتا ہے، اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا، ہر مسلمان کا پڑھنا یا سننا بہت ضروری ہے۔ ایک دوسری کتاب ان حضرات نے مجھے پیش کی ''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال و جواب''۔ میں یہ کتاب پوری پڑھ تو نہیں سکا، جہاں جہاں کھول کر دیکھا، کئی مقامات پر یہ کتاب مجھے بے پناہ اچھی لگی۔ اس میں حضرت مولانا صاحب نے ان کفریہ کلمات یا ان کفریہ اقوال و افعال کو جمع کردیا ہے جو لوگ بے شعوری و بے خیالی میں بول ڈالتے ہیں یا ان کاموں کو کرگزرتے ہیں جن کو فقہا کرام نے کفر کہا ہے۔ لاعلمی یا لاشعوری میں کوئی کچھ کر جائے تو خبر ہونے کے بعد اس سے دور ہونا، توبہ کرنا، ندامت ہونا ضروری ہے۔ اسی لیے میں سارے مسلمانوں سے کہوں گا کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں اور ان کفریہ کلمات و کفریہ افعال سے دور رہیں اور ان کفری کلمات اور کفری افعال کی طرح کے جو دوسرے کلمات اور افعال ہوں ان سے بھی پرہیز کریں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1150} حضرت مولانا محمد یعقوب صدیقی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی دار العلوم فیض الرحمن جونا گڑھ گجرات ہند)

دعوتِ اسلامی ایک عظیم کارنامہ انجام دے رہی ہے، اللہ پاک دعوتِ اسلامی کو بہت زیادہ دن گیارھویں رات بارھویں ترقی عطا فرمائے اور مدنی چینل خالص اسلامی چینل ہے۔ خلافِ شرعی کوئی کام اس کے اندر نہیں ہوتا ہے اور یہ وقت کی اہم ضرورت کو پورا کر رہی ہے۔ میں نے بھی کئی مرتبہ دیکھا بہت متاثر ہوا اور کافی لوگوں سے سنا کہ ایسے ایسے لوگ مدنی چینل کو دیکھ کر تائب ہوئے، بہت سے شرابی لوگوں نے شراب کو ترک کیا۔ دعوتِ اسلامی کے اس مدنی چینل سے بہت سارے فوائد ہیں اس کے لیے میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہم ادارے کے ذمہ داران لوگوں نے طے کیا ہے کہ لڑکے اور لڑکیوں کے دونوں اداروں میں مدنی چینل کو چلائیں گے تاکہ بچے اور بچیوں میں کردار کی تعمیر ہو۔ جتنے مدارس عربیہ ہند اور بیرون ہند چل رہے ہیں میں ان سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے طلبہ کی کردار کی تعمیر کے لیے مدنی چینل کو اپنے اداروں میں ایک پیریڈ دیں تاکہ طلبہ دیکھیں اور ان کے اندر انقلاب پیدا ہو اور کردار کی تعمیر ہو۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1151} عزیز ملت حضرت مولانا الحاج شاہ عبد الحفیظ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جانشین حافظ ملت، رئیس اعلیٰ الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، ہند)

دعوتِ اسلامی مسلک اعلیٰ حضرت جماعت اہلسنّت کی عظیم تحریک ہے جسے عالمی تحریک کا مقام حاصل ہو گیا ہے۔ یہ اللہ کا فضل و کرم اور بزرگوں کی عنایتیں ہیں۔ تحریک نے مختلف ممالک میں دین وسنیت کا کام مسلک اعلیٰ حضرت کی روشنی میں بہت ہی عظیم کیا ہے۔ میں مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ اپنے ان بزرگوں کو جنھوں نے اس تحریک کی بنیاد رکھی اور حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب کو اس کا امیر بنایا۔ ان کی کوشش اور جدو جہد کی

وجہ سے اس تحریک نے عالمی امتیاز حاصل کرلیا ہے اللہ کا فضل وکرم ہے۔ جہاں بھی یہ تحریک جاتی ہے غیروں کے قدم رک جاتے ہیں، یہ بہت بڑی کامیابی اور سرفرازی ہے۔ ہماری دعائیں ہیں کہ پروردگارِ عالم اس تحریک کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور ترقی میں جو بھی رکاوٹیں ہوں اس کو دور فرمائے۔ اس لیے کہ کوئی بھی تحریک جب آگے بڑھتی ہے تو مختلف رکاوٹیں اور پریشانیاں آتی ہیں لیکن حضرت عطار صاحب کے اخلاص، جدوجہد اور للّٰہیت سے ان کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے مشن کو آگے بڑھانے میں پوری پوری کوشش کررہے ہیں۔ میں پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں ان حضرات کو جو اس تحریک سے وابستہ ہیں اور دین وسنیت کا پیغام گھر گھر تک پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں چاہے وہ مکتبہ کی شکل ہو یا اجتماعی شکل ہو، شکل جو بھی ہے، ہر شکل کو اختیار کرتے ہوئے اللہ کا فضل ہے کہ یہ حضرات اپنے مسلک کی اشاعت میں لگے ہوئے ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ اسی طریقے سے آگے بڑھتے اور منزلیں سر کرتے رہیں گے ہماری دعائیں ان کے ساتھ پہلے بھی رہی ہیں، آج بھی ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی رہیں گی، الجامعۃ الاشرفیہ بنیادی طور پر دین کی اشاعت اور اس کی تبلیغ کے لیے قائم ہے۔ دین کی اشاعت اور تبلیغ یہ سب ہی کا کام ہے۔ دعوت وتبلیغ کے لیے اگر کوئی شعبہ یا کوئی تحریک مقرر کردی گئی ہے تو اس کے ساتھ تعاون کرنا ہم سب کے لیے ضروری ہے۔ میں یہ امید رکھتا ہوں ہر مصباحی اس کی طرف قدم بڑھائے گا ان شاء اللہ اور کوشش کرے گا کہ اس تحریک کو آگے بڑھنے میں جو تعاون بھی ممکن ہو کرے۔ مدنی چینل کو شاید دو سال ہوئے ہیں آپ حضرات کا کام بہت پہلے سے ہے جو آپ نے گلی کوچوں میں چل پھر کے کام کیا ہے وہ بھی مدنی چینل ہی تھا بھلے مشینوں کے ذریعے نہیں تھا لیکن آپ کی جدوجہد، کوشش اور چلت پھرت نے ثابت کردیا تھا کہ یہ سلسلہ مدینہ منورہ ہی سے ہے اور اسی کی برکتیں ہیں جو آپ حضرات کو ملیں۔ ضرورت تو تھی کہ ہم اپنے پیغام کو الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سے گھر گھر پہنچائیں اسی لیے کہ بہت سے غیروں کے چینلز چل رہے تھے جس کی وجہ سے اسلام کی مسخ شدہ تصویر غیروں نے پیش کرنے کی کوشش کی لیکن مدنی چینل نے مدنی فکر ونظر کو ساری دنیا کے سامنے صحیح طور پر پیش کرکے حبِ رسول، حبِ اولیاء کو ان

کے دلوں میں پیدا کیا۔ اللہ تعالیٰ اس کی جزائے خیر دعوتِ اسلامی کے تمام احباب کو عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1152} نبیرۂ خلیفہ حجۃ الاسلام شیخ القران حضرت علامہ مولانا عبدالغفور ہزاروی وزیرآباد

حضرت علامہ مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف ہزاروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

دعوتِ اسلامی عالم اسلام کی عالمگیر ایسی تنظیم ہے جو مسلمانوں کے قلوب کے اندر عشق مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شمع فروزاں کیے ہوئے ہے۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ رب العزت اس عالمی اسلامی تنظیم کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ امیر اہلسنّت مخدوم اہلسنّت حضرت علامہ مولانا الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ آپ کو علماء ومشائخ اہلسنّت میں ایک مرکزی مقام حاصل ہے۔ 1992 میں حج بیت اللّٰــــہ کے موقع پر مدینہ منورہ میں امیر اہلسنّت کے ساتھ چند ایام گزارنے کا موقع ملا اور ان ایام میں میرا ان کے ساتھ بڑا قریبی تعلق رہا، ان کے شب وروز دیکھنے کا موقع ملا۔ ایک سچے عاشقِ رسول ہیں اور ان کے سچے عاشق رسول ہونے کا ثبوت اس بات سے ظاہر ہے کہ پوری دنیا کے اندر ان کے ماننے والے اور ان کے تربیت یافتہ لوگ موجود ہیں، دنیا بھر کے مختلف ممالک میں یہ تحریک دن بہ دن بڑھ رہی ہے جو ان کے سچے جذبے کی غمازی کرتی ہے۔

ان کی وضع انوکھی اور سارے زمانے سے نرالی ہے۔ یا رب! یہ عاشق کون سی بستی کے رہنے والے ہیں۔ یہ ایسے لوگ ہیں جن کے قلوب کے اندر حضرت امیر اہلسنّت نے عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شمع فروزاں کی جو کہ سچے عاشقِ رسول ہیں۔ ان کے بارے میں اگر یہ کہا جائے کہ وہ اللہ رب العزت کی بہت بڑی نعمت اور احسان ہیں تو بے جا نہیں کہ اس گئے گزرے دور میں جب لوگ مادیت کی طرف دوڑ رہے ہیں وہ لوگوں کے قلوب کو عشقِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف موڑ رہے ہیں۔ اللہ رب العزت ان کا سایہ علمائے اہلسنّت اور مشائخ اہلسنّت کے سروں پر قائم ودائم رکھے اور عوام اہلسنّت ان سے فیوض برکات حاصل کرتے رہیں۔

مدنی چینل اولین چینل ہے جس نے لوگوں کے دلوں کی دنیا کو تبدیل کیا ہے۔ وہ لوگ جو وقتی طور پر دعوتِ اسلامی کے اجتماعات میں نہیں جاتے تھے مگر مدنی چینل نے ہر گھر میں جا کر امیر اہلسنّت کا پیغام پہنچایا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جو مساجد یا اجتماعات کے اندر نہیں جاتے تھے مگر از خود ان کے گھروں کے اندر امیر اہلسنت کا پیغام پہنچا اور مدنی چینل نے انقلاب برپا کیا، یہ ہر گھر کے اندر دیکھا جاتا ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ مختلف تعلیمی اداروں میں اس چینل کی وجہ سے طلبہ میں بھی انقلاب برپا ہوا ہے اور ان کے تاثرات ہمیں محسوس ہوتے اور نظر آتے ہیں۔ وہ کام جو ایک مبلغ نہیں کرسکتا تھا مدنی چینل نے آ کر کئی مبلغوں کی بھاری ذمہ داری پوری کر دی ہے۔ اللہ رب العزت اس چینل کو مزید ترقی عطا فرمائے۔

اللہ عزّوجلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1153} حضرت مولانا مفتی محمد نعیم اختر نقشبندی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ آستانہ عالیہ بریلی شریف، تلمیذ شارح بخاری، مہتمم جامعہ حبیبہ رضویہ کامونکی گجرانوالہ)

دعوتِ اسلامی نے مذہبی حلقوں میں جو ایک کمی محسوس کی جاتی تھی اس کا احساس کرتے ہوئے مدنی چینل کا آغاز کیا۔ اس چینل کے ذریعے مسلمانوں کو اسلامی، دینی، مذہبی اور روحانی آگاہی حاصل ہوتی ہے بالخصوص دینِ حق کے بارے میں بہت اچھی معلومات دی جاتی ہیں اور ان کے مختلف سلسلے: فیضانِ سنت، فیضانِ غوث اعظم، فیضانِ اعلیٰ حضرت، فیضانِ حدائق بخشش اور مختلف مہینوں میں مختلف بزرگوں کے حوالے سے بہت معلومات افزا پروگرام نشر ہوتے ہیں جن سے مسلمانوں کی اخلاقی اسلامی روحانی تربیت بھی ہوتی ہے اور ان کی رہنمائی بھی ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ دعوت اسلامی کے بانی اور امیر حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتھم العالیہ اور ان کے جملہ معاونین اور اراکین کو اس کی بہتر جزا عطا فرمائے کہ انہوں نے یہ اچھا کام شروع کر کے بہت بڑی کمی کو پورا کیا ہے اور مسلمانوں کے دل کی آواز بن کر مدنی چینل دنیا میں ظاہر ہوا۔ دنیا کے مختلف ممالک میں اس کے پروگرام

دیکھے جاتے ہیں اور خاص طور پر یہ بات بہت خوش آئند ہے کہ ان پروگراموں میں اردو، عربی، انگریزی زبانوں میں بھی تقریریں ہوتی ہیں جس سے دنیا بھر کے مسلمانوں کو رہنمائی حاصل ہوتی ہے بالخصوص امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی علمی تحقیقات سے دنیا بھر کو آگاہ کیا جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سلسلے کو جاری وساری رکھے اور اس میں مزید اضافہ فرمائے۔

دعوتِ اسلامی نے مختلف شعبہ جات میں جو پیش رفت کی ہے وہ بھی بہت عمدہ ہیں بالخصوص شعبہ مطبوعات میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں کو شائع کرنا اور حضرت صدرالشریعہ مولانا امجد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بہارشریعت کو تخریج کے ساتھ شائع کرنا یہ بہت بڑے کام ہیں جو دعوتِ اسلامی نے کیے ہیں اور انہوں نے جو ایک سی ڈی پر فتاوی رضویہ شریف منتقل کیا اس سے بہت سے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا وہ لوگ جو کمپیوٹر کے ذریعے یا نیٹ کے ذریعے اسلام کی تعلیمات حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے فتاویٰ رضویہ کی تحقیق کا بہترین عطر موجود ہے کہ وہ اسے دیکھیں اور اس سے رہنمائی حاصل کریں۔اسی طرح ماشاء اللہ مدارس دینیہ بھی ہیں۔ایک مرتبہ میں فیضانِ مدینہ میں حاضر ہوا، وہ ماشاء اللہ بہت وسیع وعریض اور بہت عمدہ ادارہ ہے۔اس طرف نوجوانوں کا رجحان ہونا بہت خوش آئند بات ہے اور روشن مستقبل کی علامت ہے کہ ان شاء اللہ العزیز یہ مسلمان اللہ اور اس کے رسول کو سچا ماننے والے اور سچے رستے پر چلنے والے ان شاء اللہ دنیا بھر میں غالب آئیں گے اور اسلام کا پیغامِ حق جو ان کے ذریعے پہنچے گا تو اس سے بہت سارے شکوک وشبہات کے بادل چھٹ جائیں گے اور مسلمانوں پر حق واضح ہوجائے گا۔

اس سلسلے میں ان کی کاوشیں یقیناً قابلِ تقلید ہیں خصوصاً مدارس دینیہ کا قیام۔اس کے علاوہ اور بہت سے دیگر امور ہیں جیسا کہ جیل خانہ جات میں قیدیوں کو تعلیمِ دین دینا اور گونگے بہرے مسلمانوں کو جو بول اور سن نہیں سکتے ان کو اشاروں کے ساتھ مسائل دین سمجھانا، حج کے موقع پر مسلمانوں کی رہنمائی کرنا وغیرہ۔اس مدنی چینل کے ذریعے مسلمانوں کو حج اور قربانی کا طریقہ، اس کے احکام اور مسائل بھی بتائے جارہے ہیں اس سے مسلمانوں کو بہت فائدہ پہنچے گا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت شیر خدا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو فرمایا تھا: ''تیرے سبب ایک آدمی کا ہدایت پاجانا یہ سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ بہتر ہے۔'' (بخاری، کتاب الجھاد، رقم ۲۹۴۲، ج ۲، ص ۲۹٤) تو اللہ تعالیٰ دعوت اسلامی کے جملہ اراکین کو بالخصوص بانی دعوتِ اسلامی کو بہترین اجر و ثواب عطا فرمائے کہ جنہوں نے یہ اچھا سلسلہ شروع کیا اور میڈیا کے ذریعے اسلام اور حق بات کی تشہیر کی جارہی ہے یہ بہت قابلِ ستائش کام ہے اور میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کے ان تمام جملہ شعبہ جات کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور اسلام اور دین کا کام اس طرح جاری رہے جس طرح بانی دعوتِ اسلامی کا یہ پیغام مدنی چینل پر بالخصوص نشر ہوتا ہے کہ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس اصلاح میں برکت عطا فرمائے۔

اللہ عَزّوَجَلّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1154} سجادہ نشین خانقاہ قدوسیہ عروسہ مجاہد ملت

حضرت مولانا سید آل رسول حبیبی ہاشمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ہند)

دعوتِ اسلامی کے تعلق سے جواب تک پڑھا، جو کچھ دیکھا اور جو کچھ سنا ہے اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ دعوتِ اسلامی لوگوں کے دلوں میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی محبت ڈالتے ہوئے ان کو مصطفیٰ جانِ رحمت کی سنتوں کا پابند بنارہی ہے اور اسلامی طور طریقے سے اس طرح آراستہ اور پیراستہ کردیتی ہے کہ جو لوگ فسق و فجور میں ڈوبے ہوئے رہے یا غیر اسلامی لباس، ماکولات و مشغولات میں اپنے آپ کو ملوث کرتے رہے لیکن جب وہ اس کے سائے تلے آتے ہیں الحمد للہ ہم نے دیکھا ان کے اندر اسلامی ذوق و شوق پیدا ہوتا ہے، چہرہ بھی اسلامی ہوجاتا ہے، لباس و پوشاک بھی اسلامی بن جاتے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کے

پابند بن جاتے ہیں، یہ دعوت اسلامی کا وہ لائقِ تحسین کارنامہ ہے جسے ملت کبھی فراموش نہیں کرسکتی بلکہ ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اگر پورے زوروشور کے ساتھ پوری دنیا میں یہ تحریک چھائی رہی تو وہ دن دور نہیں جب پورے عالم میں ہرطرف اسی کا رنگ ونور نظر آئے گا۔

ہمارے ملک میں ٹی وی والا معاملہ بہت دنوں سے چل رہا ہے لیکن ہمارا اپنا نظریہ ہے کہ میڈیا کی ضرورت اور اہمیت سے کوئی بھی دانشور انکار نہیں کرسکتا۔اس دور میں میڈیا کے ذریعے اسلام کے افکار ونظریات پر اس طرح حملے ہورہے ہیں اور اسلام کے احکامات کو اور نظریات کو جس طرح توڑ موڑ کر پیش کیا جارہا ہے کہ ضرورت اس بات کی تھی اور ہے کہ مسلمانوں میں کوئی ایسا ٹی وی چینل ہوتا جس کے ذریعے سے حق کو بھی واضح کیا جاتا، دشمنانِ دین اور سنیت کی دندان شکنی بھی ہوتی اور ان کی باطل تحریک کے ذریعے جو گمراہیت پھیل رہی ہے اس کا سدِ باب بھی ہوجاتا۔یہ بہت دنوں سے دل میں خیالات پیدا ہورہے تھے مگر مدنی چینل آنے کے بعد ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس ضرورت کی تکمیل ہورہی ہے اور لوگوں میں دینی شعور بھی جاگ رہا ہے اور اس کے علاوہ عقیدہ وعمل بھی درست ہورہا ہے۔ دشمنوں کو اپنی گمراہیت پھیلانے کا جو پہلے موقع مل رہا تھا اب کافی حد تک اس کا سدِ باب ہورہا ہے لہٰذا مدنی چینل اب ہماری جماعت کی ایک ضرورت کا نام ہے۔اللہ اس کو بدنظری سے محفوظ رکھے،امین۔

جو کام المدینۃ العلمیہ نے دعوتِ اسلامی کے پلیٹ فارم سے بالخصوص فتاویٰ رضویہ اور بہار شریعت وغیرہ کی جو اشاعت کی ہے یہ کام ہی ایسا ہے کہ دوست تو دوست دشمن بھی اس کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔اہلسنّت وجماعت کے علماء ومشائخ انتہائی تحسین کی نظر سے مدنی کاموں کے انجام دینے کو دیکھ رہے ہیں اور امید ہے کہ آنے والے زمانے میں سوفٹ ویئر کے حوالے سے اور زیادہ کام ہوگا۔

مدنی چینل کی خصوصیت ہے کہ اس نے غیر شرعی اشتہارات آج تک اس میں استعمال نہیں کیے۔ظاہر ہے اس چینل کو استعمال کرنے کے لیے اور پوری دنیا میں پھیلانے کے لیے کثیر رقم کی ضرورت ہے۔اگر مالیات کی فراہمی نہ ہو تو پھر یہ چینل آگے بڑھ نہیں سکتا اس لیے تمام اہل ثروت اور مخیّر حضرات اس اہم کام کی طرف توجہ دیں اور مالی سرپرستی قبول کریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ مزید دین کی خدمت ہوگی اور یہ ان کے لیے بھی باعث اجر وثواب بنے گا۔

میں اپنی خانقاہ کی جانب سے تمام احبابِ اہلسنت بالخصوص خانقاہ قدوسیہ کے وابستگان کو اس طرف متوجہ کرتا ہوں کہ وہ زیادہ سے زیادہ مدنی چینل کے لیے اپنا تعاون پیش کر کے اجر عظیم کے مستحق ہوں۔

امیر اہلسنّت مولانا الیاس قادری سے تو میں بہت پہلے سے متاثر ہوں جب میں نے دوسرا حج کیا تھا تو اس موقع پر مکہ شریف اور مدینہ شریف میں ہماری ان سے ملاقات ہوئی تھی اور انہوں نے دو تقریبات میں مجھے مدعو بھی کیا اور میں نے شرکت بھی کی۔ اس موقع پر ان کی ساری خوبیوں کے علاوہ میں نے جو ایک عظیم خوبی دیکھی وہ عشقِ رسول ہے۔ وہ عشقِ رسول کے ایسے متوالے تھے کہ مجھ گنہگار کا صرف نسبتِ رسول کی بنیاد پر انہوں نے اس طرح احترام کیا کہ میں نے یہ محسوس کیا کہ ان کے دل میں سچا عشقِ رسول جاگ رہا ہے۔ کام تو سب لوگ ہی کرتے ہیں مگر عاشق جو کام کرتا ہے اس میں برکت ہوتی ہے۔ اسی لیے مختصر سے وقت میں دعوتِ اسلامی کو اس انداز میں انہوں نے پوری دنیا میں پھیلایا جس طرح سے سینکڑوں صوبے کام کر کے دین وسنیت کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ یہ درحقیقت ان کے عشق رسول کی برکت ہے، ہماری دعا ہے اللہ ان کی عمر میں اور ان کے درجات میں ترقیاں عطا فرمائے اور مزید دین وسنیت کا کام لیتا رہے۔

ہم صرف اتنا کہنا چاہتے ہیں کہ دینی خدمات اور سنیت کے لیے ان کی قربانیاں درحقیقت ان کے لیے آخرت کا بہترین توشہ بن رہی ہیں۔ مولانا الیاس قادری جس انداز سے اس تحریک کو چلا رہے ہیں وہ ہمارے لیے ایک مشعل راہ ہے، اللہ کرے کہ ہندوستان میں بھی دعوتِ اسلامی پھلے پھولے اختلاف وانتشار کے بغیر اس کا کام آگے بڑھتا رہے۔ آمین بجاہ النبی الامین

غیبت کے حوالے سے مولانا الیاس قادری صاحب کی کتاب میں نے لے لی ہے۔ غیبت تو ہمارے معاشرے کے لیے بہت بڑا ناسور ہے، اس سے ہر اعتبار سے پرہیز کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ غیبت زنا سے بھی زیادہ سخت ہے۔ اس کے خلاف دعوتِ اسلامی کی تحریک بہترین تحریک ہے اور یہ جنگ جاری رہنی چاہیے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1155} معروف اسلامک اسکالر شہزادہ خطیب اعظم پاکستان

حضرت مولانا کوکب نورانی اکاڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

دعوتِ اسلامی کا لفظ جب ہم بولتے ہیں تو سب سے پہلی بات جو ذہن میں آتی ہے کہ یہ دین اسلام کی خدمت اور احیائے سنت کی عالمگیر تحریک ہے۔ اس کا کوئی سیاسی یا کوئی اور مقصد نہیں ہے۔ اس نے بہت کم عرصے میں بہترین ماحول جس کو آپ اپنے انداز میں مدنی ماحول کہتے ہیں پیدا کیا ہے۔ کتنی خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے کتنے لوگ نمازی ہوگئے، کتنے لوگ چہرے داڑھیوں سے سجا کر باشرع ہوگئے اور اب سب سے زیادہ خوشی ہے کہ المدینۃ العلمیہ میں تحقیقی کام ہورہا ہے۔ پہلے تو مبلغین صرف فیضانِ سنت پڑھتے تھے اب ماشاء اللہ عالم تیار ہوتے ہیں، علمی مذاکرے ہوتے ہیں۔ میری معلومات کے مطابق ۷ ملکوں میں کام ہورہا ہے۔ اب مدنی چینل کا اضافہ کرکے رابطے مزید بڑھالیے ہیں۔ ساؤتھ افریقہ میں بھی کافی عرصے سے کام دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ جہاں بھی جاتا ہوں لگتا ہے اپنوں میں آگیا ہوں، یہاں پر بھی اللہ کا شکر ہے کہ کام ہورہا ہے اور دوسرا ملک جہاں کئی زبانوں اور مزاجوں کے لوگ رہتے ہیں، ان کے ہاں ذات پات اور نسل کا بھی سلسلہ ہے لیکن اسلام یہی بتاتا ہے کہ رنگ کیسا ہی ہو، زبان کوئی بولتا ہو اگر وہ کلمہ طیبہ پڑھتا ہے تو وہاں رنگ و ذات سب چیزیں ختم ہوجاتی ہیں، ایک رشتہ قائم ہوجاتا ہے جسے ہم ایمانی اخوت اور اسلامی بھائی چارہ کہتے ہیں، اللہ کرے یہ سلسلہ چلتا رہے۔ ہمارا ایمانی تقاضا ہے کہ ہمیں دنیا میں ہمیشہ نہیں رہنا آخر یہاں سے جانا ہے، جہاں جانا ہوتا ہے وہاں کے لیے تیاری بھی کرنی چاہیے۔ دعوتِ اسلامی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے پیار، ادب اور محبت سکھاتی ہے۔ تنظیمی طور پر دنیا کی کونسی ایسی تنظیم ہوگی جس میں کوئی کمزوری نہ ہو لیکن ایمانی اور اعتقادی لحاظ سے بہت اچھا کام ہورہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو کامیاب کرے، صدق اور خلوص کے ساتھ ہم اگر اسی طرح رہیں گے ان شاء اللہ دنیا بھی اچھی ہوگی، آخرت بھی اچھی ہوگی۔

میڈیا اس دور میں ایک بہت اہم شعبہ ہے اور اس کے اثرات سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا۔ ہمارے یہاں

جلسے مساجد، خانقاہوں اور درسگاہوں میں ہوتے ہیں لیکن یہ میڈیا جس کو ٹیلی ویژن کہتے ہیں گھر گھر پہنچتا ہے۔ پردہ نشین خواتین اور بہت سے بچے ہر جگہ نہیں جاسکتے، میڈیا کے ذریعے ہم گھر بیٹھے بہت سی باتیں سیکھ لیتے ہیں۔ لازمی بات ہے جو بھی ایجاد سامنے آتی ہیں اس کے فوائد اور نقصان دونوں ہوتے ہیں۔ میڈیا کا صحیح استعمال فائدہ دیتا ہے۔ اس کے ذریعے گھر بیٹھے پیغام جو لوگوں کو پہنچ رہا ہے، کیا معلوم کسی کے ایک ہی جملے سے دنیا بدل جائے، زندگی میں انقلاب آجائے، لہٰذا مدنی چینل بہت اچھا ذریعہ ہے اور آپ کا مقصد بھی لوگوں کی رہنمائی کرنا اور ان کو دین کی طرف لانا ہے۔ اس کے لئے میڈیا بہت ضروری ہے، خوشی ہے کہ یہ مسلک حق اہلسنّت و جماعت کا صحیح پیغام پہنچاتا ہے۔ کتنے ہی ایسے سوال ہوں گے جو لوگوں نے نہیں پوچھے ہوں گے مگر مدنی چینل کے ذریعے ان تک پہنچ گئے ہوں گے، کسی کے ذہن میں غلط فہمی ہوگی وہ دور ہوگئی ہوگی لہٰذا مدنی چینل وقت کی ضرورت ہے جس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اس کو زیادہ سے زیادہ علمی اور تربیت کے لیے مفید سمجھتا ہوں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

{1156} حضرت علامہ مولانا ڈاکٹر فضل حنان سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ مرکز الاولیاء لاہور)

مجھے انتہائی خوشی اور مسرت ہورہی ہے کہ میں دعوتِ اسلامی کے دارالافتاء (مرکز الاولیاء لاہور) میں حاضر ہوا اور انتہائی خوشی ہوئی کہ دعوتِ اسلامی کے دارالافتاء ہی سے لوگوں کے مسائل کو سنا جاتا ہے اور اس کے بروقت جوابات دیئے جاتے ہیں۔ دعوت و تبلیغ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے حوالے سے مدنی چینل پر میں نے بعض پروگرام دیکھے ماشاء اللہ یہ ایک منفرد چینل ہے جس میں لوگوں کے مسائل ان کی ضروریات کے مطابق دورِ جدید کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے بیان کئے جاتے ہیں اور ان کا حل پیش کیا جاتا ہے۔ اسی طرح دعوتِ اسلامی کے نوجوان علما و فضلا ہر جگہ الحمدللہ بڑے متحرک ہیں اور بڑے احسن انداز سے تبلیغ و اشاعت کا کام انجام دے رہے

ہیں اور یہ سب کچھ حضرتِ علامہ مولانا الیاس صاحب قادری دامت برکاتہم العالیہ کے زیر نگرانی ہو رہا ہے۔ مجھے اس جگہ دارالافتاء اور مکتبہ دیکھ کر انتہائی خوشی ہوئی کہ دین کا کام الحمدللہ اس پلیٹ فارم سے بہت احسن انداز سے سر انجام دیا جا رہا ہے۔ اللہ رب العزت تمام اہلسنّت کے علماء اور دینی تحریکوں کو اسی طرح امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

{1157} حضرت مولانا صاحبزادہ محبّ اللہ نوری قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جانشین خلیفہ صدرالافاضل و مہتمم دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف، اوکاڑہ)

اہلسنّت و جماعت کے لیے اور اہل علم کے لیے یقیناً خوشی کا باعث ہے کہ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے اہلسنّت پر احسان فرمایا۔ دعوتِ اسلامی کے وجود میں آنے کے بعد الحمدللہ ہمارے نوجوان نسل کے سروں پر عمامے آ گئے اور سنت نبوی کے مطابق ان کی تربیت شروع ہوگئی اور ان میں تبلیغ کا ایک جذبہ پیدا ہوا۔ الحمدللہ بہت سے شعبہ جات میں دعوتِ اسلامی کی خدمات قابلِ ذکر ہیں۔ خاص طور پر شعبہ تصنیف و تالیف اور تحقیق کا قابلِ قدر کام سامنے آیا ہے۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلی کی تصانیف اور درسی کتب ان کے حواشی کے ساتھ جدید انداز میں شائع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہت بڑی خدمت ہے، اللہ تعالیٰ ان کے کام کو قبول فرمائے اور مزید ان خدمات کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جہاں تک مدنی چینل کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں ہر دور کے تقاضے ہوتے ہیں اس دور میں تو جدید ذرائع ابلاغ سے کام لینا وقت کی ضرورت ہے اور تقاضا بھی ہے۔ دعوتِ اسلامی کے قیام سے پہلے مجھے یاد پڑتا ہے کہ حضرت قطبِ مدینہ مولانا ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ یا مولانا فضل الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ کی کسی محفل میں ملاقات ایک آدھ مرتبہ آپ سے ہوئی تھی اس کے بعد کبھی ملاقات کا اتفاق نہیں ہوا۔ دعوت و تبلیغ کا کام کرنے والے صحیح العقیدہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب ! صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على مُحمَّد

{1158} شارح سلامِ رضا حضرت مولانا مفتی محمد خان قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ اسلامیہ، مین بلیوارڈ، ایچی سن ہاؤسنگ سوسائٹی ٹھوکر نیاز بیگ، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کا اِجراء ملک وقوم کے لئے ایک بہترین عطیہ ہے، عوام کو اس سے خوب اِستفادہ کرنا چاہیے کیونکہ اس میں اِسلام کے بَہُت سارے بنیادی معاملات مثلاً وُضُو، نماز اور دیگر عبادات کو خوب اُجاگر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ عُریانی وفحاشی کے دور میں اس چینل کا قیام اللہ تعالیٰ کا خُصُوصی عطیہ ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1159} حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی ازہری شہید علیہ رحمۃ اللہ القوی

(مرکزی ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس پاکستان و مہتمم جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاھو، مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کے قیام پر انتہائی خوشی ہوئی، یہ ایک بَہُت بڑا میدان ہے جو تبلیغی اِعتبار سے خالی چلا آرہا تھا اُس کو پُر کرنے کی عملی کوشش کی گئی ہے۔ میرے خیال میں اگر ہم حالاتِ حاضرہ کے تقاضوں کے مطابق صحیح پیغام پہُنچانے کی کوشش کریں تو ہم کہیں بہترین نتائج حاصل کرسکتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1160} ادیبِ شہیر حضرت مولانا محمد صدیق ہزاروی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ ہجویریہ، دربارِ عالیہ حضرت داتا گنج بخش، مرکز الاولیاء لاہور)

آج کے اس پُرفِتَن اور لادِینیت کا پرچار کرنے والے نام نہاد اسکالرز کی یلغار کے دور میں دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کا وُجُود روشنی کا مینار ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کے ذریعے لادِینیت کا قلع قمع کرنے اور اُمّتِ مُسلِمہ کو گمراہی کی دلدل میں پھنسنے سے بچانے میں بَہُت مدد ملے گی۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ چینل

مسلکِ اہلسنّت کی اِشاعت وفروغ کا اَہم ذریعہ ثابت ہوگا۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1161} حضرت مولانا مفتی سید محمد عظمت علی شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ریسرچ ورجسٹریشن آفیسر اوقاف سندھ، کراچی، مفتی دارالعلوم احسن البرکات، حیدرآباد باب الاسلام، سندھ، پاکستان)

دِینِ اِسلام کی نشرواِشاعت اوراس کی ترویج کے لئے **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** ایک اَہم کردارادا کررہا ہے نیز عوامِ اہلسنّت کے عقائد اوراَعمال کی دُرُستی کے لئے بھی بہترین ذریعہ قرار دیا جاسکتا ہے۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہواور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1162} حضرت مولانا مفتی محمد ہدایت اللّٰہ پسروری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن، ممتاز آباد، مَدِینَۃُ الاَولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

ہمارا دور میڈیا کا دور ہے اور اَفکارونظریات پھیلانے کا بہترین ومؤثر ذریعہ ہے۔ بہُت سے لوگوں نے اپنے مخصوص نظریات ومعتقدات پھیلانے کے لئے مختلف ناموں سے چینلز شروع کررکھے ہیں اوروہ اپنے گمراہ کُن اور باطِل نظریات کو شب وروز پھیلا رہے ہیں اور اُمتِ مُسلِمہ کو گمراہ کرنے کیلئے شیطانی سازشیں کررہے ہیں۔ ایسے حالات میں اِنْ شَاءَ اللّٰہُ الْعَزِیز **مَدَنی چینل** اُن کا جواب دینے کا مؤثر ذریعہ بنے گا، شمعِ رِسالت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نُورانی کرنوں سے قُلُوب واَذہان کی دُنیا کومنوّر ومُستَنِیر کرنے کا فریضہ اَنجام دے گا اور باطِل کی پھیلائی ہوئی تاریکی کو **فیضانِ مدینہ** کے **نُور** سے روشن کرے گا۔ہم اُمید کرتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** بلااِمتیاز اپنے پروگراموں میں حُضُورِ پُرنُور سیّدِ عالَم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مبارک نظام ومقام

کے لئے کام کرتا رہے گا اور اس جدید دور کی ضروریات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھے گا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

{1163} اُستاذ العلماء حضرت مولانا سید صادِق رسُول شاہ سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ونگران شعبہ تفسیر وحدیث جامعہ فریدیہ، کوٹ مٹھن، ضلع راجن پور، پنجاب، پاکستان)

یقیناً قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے بانی، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور آپ کی بنائی ہوئی **مرکزی مجلس شوریٰ** کا **مَدَنی چینل** کے نام سے خالِصتاً مذہبی ودِینی اَحکام ومعاملات کو گھر گھر پہُنچانے کے لئے ٹی وی چینل کا آغاز کرنا اُن کی بالغ نظری و وقت فہمی کی دلیل ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی علمائے اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

اُن بُزرگ علمائے دین کے اسمائے گرامی جن سے امیرِ اہلسنّت کو تاحال خلافتیں حاصِل ہوئیں

﴿۱﴾ خلیفۂ قطب مدینہ حضرت مولانا عبدالسّلام فتح پوری قادری (ہند)

﴿۲﴾ وقارُ المِلّت والدین حضرت مفتی محمد وقارُ الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (پاکستان)

﴿۳﴾ فقیہِ اعظم ہند شارِحِ بخاری حضرت علامہ مفتی محمد شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (ہند)

﴿۴﴾ شہزادۂ قطب مدینہ مولانا فضل الرحمٰن مدنی قادری رحمۃ اللہ تعالی علیہ (مدینہ شریف عرب)

﴿۵﴾ استاد الفقہا حضرت علامہ مفتی قاضی عبدُ الرحیم بستوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (بریلی شریف ہند)

﴿٦﴾ مفسرِ اعظم پاکستان فیض ملت حضرت علامہ مفتی فیض احمد اُویسی رضوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (پاکستان)

﴿۷﴾ خلیفۂ غزالی زماں حضرت علامہ مفتی ابوالحسن محمد منظور احمد فیضی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (پاکستان)

﴿۸﴾ خلیفہ آستانہ عالیہ بریلی شریف نیّر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابوالرضا اللہ بخش نیّر مجددی رضوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (پاکستان)

﴿۹﴾ بحر العلوم حضرت علامہ مفتی عبد المنان اعظمی دامت برکاتہم العالیہ (ہند)

﴿۱۰﴾ خلیفۂ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا الحاج مفتی عبد الحلیم رضوی دامت برکاتہم العالیہ (تاجپور شریف ہند)

﴿۱۱﴾ استاد العلماء والمشائخ خواجۂ علم وفن حضرت علامہ خواجہ مظفر حسین صاحب دامت برکاتہم العالیہ (ہند)

﴿۱۲﴾ خلیفۂ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا قاری محمد امانت رسول نوری دامت برکاتہم العالیہ (پیلی بھیت ہند)

﴿۱۳﴾ حضرت علامہ مفتی محمد اعظم خان رضوی دامت برکاتہم العالیہ (ہند)

اُن بُزرگانِ دین کے اسمائے گرامی جن سے عملیات وتعویذات کی اجازات حاصل ہوئیں

﴿۱﴾ خلیفۂ مفتی اعظم ہند غزالئ زماں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی شاہ رحمۃ اللہ تعالی علیہ (پاکستان)

﴿۲﴾ خلیفۂ قطب مدینہ حضرت مولانا قاری محمد مصلح الدین صدّیقی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (پاکستان)

نیک بننے کا نسخہ:

امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ "**مَدَنی انعامات**" کے مطابق معمول بنانے کیلئے روزانہ فکرِ

مدینہ کے ذریعے مدَنی انعامات کے رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کر کے ہر مدَنی ماہ کے 10 دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذمہ دار کو جمع کروانے اور دعوتِ اسلامی کے سنّتوں کی تربیت کے مدَنی قافلوں میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پابندِ سنّت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لئے کڑھنے کا ذہن بنے گا۔(مدَنی انعامات کا پاکٹ سائز رسالہ مکتبۃُ المدینہ سے طلب کیا جاسکتا ہے،اس میں دیئے ہوئے سوالات کے جوابات لکھنے کی عادت بنانا اصلاحِ اعمال کا بہترین ذریعہ ہے۔)

اللہ عزوجل کی امیر اہلسنت پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد